بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# امیرالمومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ بحیثیت ماہر نفسیات

## جلد اول

ڈاکٹر زہرا بتول

ایسوسی ایٹ ٹیچر جامعہ کراچی
ایسوی ایٹ پروفیسر آئی بی ٹی علما یونیورسٹی
اسسٹنٹ پروفیسر انڈس یونیورسٹی کراچی
اسسٹنٹ پروفیسر عثمان انسٹیٹوٹ آف ٹیکنالوجی
لیکچرار آغا خان ایجوکیشنل سروسز پاکستان

جملہ حقوق بہ حق مصنفہ محفوظ ہیں:


کتاب: امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

مصنفہ: ڈاکٹر زہرا بتول

اشاعت: 2024ء

پیشکش: فضلی بک، اردو بازار کراچی۔

جلد اول کل صفحات: 788

ملنے کا پتہ: فضلی بک، اردو بازار، کراچی۔

فون نمبر: 021-32633887

03362633887

**جلد اول:**

انتساب۔

پیش لفظ۔

فہرست مضامین۔

**باب(۱)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔42-24۔**

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات۔نفسیاتی امراض اوران کی وجوہات۔
ارشادات خداوندی۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات۔انسانی نفسیات (سائیکلوجی)۔عصبانیت۔
اختلال ذہنی۔امیر المومنین بحیثیت حاذق طبیب۔ بداخلاقی۔حوالہ کتب۔

**باب(۲)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔103-43۔**

نفس کا تعارف۔نفس کی تعریف۔نفس انسانی کا قرآنی تصور۔نفس انسانی سے متعلق چند آیات اوران میں موجود فلسفہ حیات۔۱۔اللہ ہر انسان کے اندر بستا ہے۔۲۔کائنات میں ہر شے کا جوڑا ہے۔
۳۔خلقکم من نفس واحدۃ۔نفس واحدہ کی روحانی تفسیر۔ ۴۔تیسری آنکھ۔۵۔آخرت میں تمام نفوس کے جوڑے باہم ملادئے جائیں گے۔۶۔عذر عذاب۔۷۔کافروں پر موت کی سختی۔۸۔نفوس کی حفاظت۔نفس کی تعریف احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں۔نفس کی تعریف دیگر اہل باطن کی نظر میں۔نفس (خودی) اقبال کی نظر میں۔خودی (نفس انسانی) کا استحکام۔(عشق۔فقر استغناء۔
جراءت۔حریت)۔تربیت خودی یا تربیت نفس انسانی۔(اطاعت۔ضبط نفس۔نیابت الہی)۔
نفس کی اقسام۔۱۔نفس امارہ۔(ضروریات۔خواہشات۔شہوات۔جذبات)۔۲۔نفس لوامہ یا (نفس ناطقہ)۔تزکیہ نفس۔(روحانی پاکیزگی۔جسمانی پاکیزگی۔غذائی پاکیزگی۔اخلاقی پاکیزگی)۔
۳۔نفس مطمئنہ۔(ذہنی اطمینان۔قلبی اطمینان)۔جبلت انسانی یا سرشت انسانی۔
(طبیعت۔خصلت اور عادت میں فرق۔حوالہ کتب۔

**باب(۳)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔111-104۔**

**فضائل اخلاق**۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔788-104۔
۱۔یقین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔120-112۔
۲۔اسلام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔131-121۔
۳۔محبت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔147-132۔
۴۔خوف خدا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔150-148۔
۵۔معرفت الٰہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔160-151۔
۶۔ذکر الٰہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔174-161۔
۷۔صدق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔182-175۔
۸۔حکمت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔190-183۔
۹۔احسان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔196-192۔
۱۰۔اخلاص۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔202-197۔
۱۱۔شکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔213-203۔
۱۲۔صبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔225-214۔
۱۳۔استغفار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔-243-226۔
۱۴۔حق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔253-244۔
۱۵۔الخیر/بھلائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔261-254۔
۱۶۔دعا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔276-262۔
۱۷۔تقویٰ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔295-277۔
۱۸۔البر/نیکی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔305-296۔
۱۹۔حلم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔315-306۔
۲۰۔الکرم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔325-316۔
۲۱۔اخوت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔336-326۔
۲۲۔صلہ رحمی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔344-337۔
۲۳۔سعادت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔365-345۔
۲۴۔جودوسخا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔370-366۔

۲۵۔صدقہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔371-381۔

۲۶۔حیاء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔382-387۔

۲۷۔تواضع۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔388-392۔

۲۸۔فقہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔393-399۔

۲۹۔خاموشی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔400-402۔

۳۰۔قلب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔403-430۔

۳۱۔عقل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔431-439۔

۳۲۔حکمت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔440-446۔

۳۳۔توفیق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔447-450۔

۳۴۔ جہاد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔451-462۔

۳۵۔عفو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔463-475۔

۳۶۔عہدو پیمان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔476-479۔

۳۷۔عاقبت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔480-483۔

۳۸۔آخرت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔484-499۔

۳۹۔کلام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔500-511۔

۴۰۔عذر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔512-515۔

۴۱۔امامت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔516-527۔

۴۲۔عدل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔528-533۔

۴۳۔انصاف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔534-540۔

۴۴۔عبادت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔541-561۔

۴۵۔توحید۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔562-580۔

۴۶۔ایمان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔581-587۔

۴۷۔مومن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔588-598۔

۴۸۔علم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔599-648۔

۴۹۔الصلوۃ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔649-668۔

۵۰۔صوم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔669-685۔

۵۱۔زکوۃ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔686-695۔

۵۲۔حج۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔696-704۔

۵۳۔تقدیر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔705-713۔

۵۴۔قرآن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔714-725۔

۵۵۔قسم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔726-734۔

۵۶۔جنت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔735-744۔

۵۷۔پڑوس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔745-750۔

۵۸۔شفاء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔751-755۔

۵۹۔عمر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔756-760۔

۶۰۔رزق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔761-780۔

۶۱۔امر بالمعروف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔781-788۔

**جلد دوم:**

۶۲۔امانت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔730-737۔

۶۳۔سنت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔738-743۔

۶۴۔عزت وشرف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔744-749۔

۶۵۔شفاعت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔750-757۔

۶۶۔نرمی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔758-762۔

۶۷۔اہل بیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔763-770۔

۶۸۔دین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔771-778۔

۶۹۔انکساری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔779-783۔

۷۰۔ولایت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔784-791۔

۷۱۔خوش بختی/خوشی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔792-810۔

۷۲۔ادب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔811-813۔

۷۳۔ثواب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔814-818۔

۷۴۔عمل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔819-824۔
۷۵۔اطاعت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔825-830۔
۷۶۔طبیب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔831-839۔
۷۷۔عزم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔840-846۔
۷۸۔عفت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔847-855۔
۷۹۔وعظ ونصیحت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔856-863۔
۸۰نجات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔864-869۔
۸۱۔ندامت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔870-873۔
۸۲۔نعمت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔874-879۔
۸۳۔نوافل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔880-883۔
۸۴۔نیند۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔884-890۔
۸۵۔وسط۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔891-895۔
۸۶۔وطن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔896-898۔
۸۷۔وفا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔899-901۔
۸۸۔ولادت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔902-907۔
۸۹۔ہدایت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔908-914۔
۹۰۔تحفہ/ہدیہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔915-919۔
۹۱۔اجل/موت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔920-927۔
۹۲۔صدقہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔928-936۔
۹۳۔استقامت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔937-940۔
۹۴۔تجربہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔941-943۔
۹۵۔تدبیر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔944-948۔
۹۶۔میانہ روی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔949-953۔
۹۷۔بھروسہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔954-957۔
۹۸۔تعریف/ثناء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔958-961۔
۹۹۔حاجت/ضرورت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔962-965۔

۱۰۰۔حریت/آزادی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔966-969۔
۱۰۱۔حساب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔970-975۔
۱۰۲۔قناعت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔976-979۔
۱۰۳۔امید/رجاء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔980-983۔
۱۰۴۔سلطنت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔984-990۔
۱۰۵۔دولت مندی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔991-996۔
۱۰۶۔مال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔997-1006۔
۱۰۷۔غیرت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1007-1009۔
۱۰۸۔فرصت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1010-1013۔
۱۰۹۔لسان/زبان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1014-1020۔
۱۱۰۔مروت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1021-1027۔
۱۱۱۔مشورہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1028-1033۔
۱۱۲۔ضیافت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔034-1037۔
۱۱۳۔باطن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1038-1044۔
۱۱۴۔دوست/صدیق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1045-1050۔
۱۱۵۔صحت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1051-1056۔
۱۱۶۔السر/راز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1057-1059۔
۱۱۷۔صلح۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1060-1065۔
۱۱۸۔شجاعت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1066-1068۔
۱۱۹۔خاموشی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1069-1073۔
۱۲۰۔آزادی رائے اور عقیدہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1074-1079۔
باب(۴)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1080-1581۔
**رزائل اخلاق**۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1080-1581۔
۱۔شک/ریب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔080-1093۔
۲۔حسد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1094-1100۔

۳۔حرام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1101-1114۔
۴۔حرص وہوس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔115-1121۔
۵۔حزن وملال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1122-1125۔
۶۔خوف وڈر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1126-1134۔
۷۔النار/جہنم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1135-1148۔
۸۔منافقین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1149-1152۔
۹۔غیظ وغضب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1153-1163۔
۱۰۔سستی/ کاہلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1164-1167۔
۱۱۔عداوت/دشمنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1168-1173۔
۱۲۔فتنہ وفساد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1174-1184۔
۱۳۔جہالت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1185-1192۔
۱۴۔ظلم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1193-1197۔
۱۵۔شراب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1198-1207۔
۱۶۔آرزو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1208-1212۔
۱۷۔قہقہہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1213-1217۔
۱۸۔انتقام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1218-1221۔
۱۹۔ باطل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1222-1225۔
۲۰۔مایوسی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1226-1229۔
۲۱۔عبرت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1230-1234۔
۲۲۔بدعت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1235-1242۔
۲۳۔فضول خرچی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1243-1246۔
۲۴۔ پرخوری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1247-1251۔
۲۵۔بخل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1252-1256۔
۲۶۔تہمت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1257-1260۔
۲۷۔غیبت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1261-1264۔

۲۸۔کذب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1265-1270۔
۲۹۔خیانت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1271-1276۔
۳۰۔تکبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1277-1282۔
۳۱۔قیامت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1283-1292۔
۳۲۔شرک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1293-1298۔
۳۳۔گناہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1299-1305۔
۳۴۔قتل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1306-1314۔
۳۵۔زنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1315-1328۔
۳۶۔دنیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1329-1338۔
۳۷۔کفر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1339-1344۔
۳۸۔قرض۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1345-1347۔
۳۹۔ذلت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1348-1382۔
۴۰۔زمانہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1383-1389۔
۴۱۔کینہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1390-1394۔
۴۲۔فجور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1395-1398۔
۴۳۔سخت گیری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1399-1401۔
۴۴۔اختلاف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1402-1406۔
۴۵۔عذاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1407-1435۔
۴۶۔ریاء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1436-1440۔
۴۷۔دھوکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1441-1444۔
۴۸۔فقروفاقہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1445-1452۔
۴۹۔شہوت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1453-1459۔
۵۰۔سوال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1460-1467۔
۵۱۔بے تابی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1468-1471۔
۵۲۔جماعت/گروہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1472-1476۔

۵۳۔احتراز/ڈر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1477-1479۔
۵۴۔محرومی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1480-1483۔
۵۵۔حماقت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1484-1486۔
۵۶۔خطاء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1487-1490۔
۵۷۔مذمت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1491-1493۔
۵۸۔رائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1494-1496۔
۵۹۔عیب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1497-1499۔
۶۰۔غبن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1500-1501۔
۶۱۔گمراہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1502-1504۔
۶۲۔فحش/ گالی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1505-1507۔
۶۳۔فکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1508-1510۔
۶۴۔ناپسندیدگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1511-1514۔
۶۵۔ہٹ دھرمی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1515-1517۔
۶۶۔کٹ حجتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1518-1520۔
۶۷۔مرض۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1521-1526۔
۶۸۔مزاح۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1527-1529۔
۶۹۔مصیبت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1530-1532۔
۷۰۔سرکشی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1533-1535۔
۷۱۔اکتاہٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1536-1537۔
۷۲۔بے وقوفی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1538-1540۔
۷۳۔شر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1541-1544۔
۷۴۔شکوہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1545-1547۔
۷۵۔لالچ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1548-1551۔
۷۶۔عتاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1552-1555۔
۷۷۔خودسری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1556-1558۔

۷۸۔گمان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1559-1562۔
کتابیات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1563-1582۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# انتساب

اس کتاب کا انتساب حضرت امام جعفر صادقؑ کے نام ہے، جن کی شخصیت بے پناہ اوصاف وکمالات کی مجموعہ ہے، آپؑ قرآن کریم پر گہرا تفکر فرماتے جس کی بنیاد پر آپ اشیائے کائنات کے اسرار ورموز کی عقدہ کشائی فرماتے۔ آپ کئی علوم جن میں علم القرآن، علم احادیث، علم رویاء، علم ارض وسماء، علم مدار شمس وقمر ولیل والنھار، علم کونیات، علم جفر، علم طب، علم النجوم، علم منطق الطیر اور علم اجسام پر خاص دسترس رکھتے، دوسری جانب آپ فقہ جعفریہ کے امام بھی ہیں۔ اللہ تعالی آپ کی ذات بابرکات سے ہم سب کو روحانی فیض عطا فرمائے۔ آمین

آپ فرماتے ہیں! انسان کی موت کئی مرتبہ اس کے پاس آتی ہے، لیکن رشتے داروں کے ساتھ صلہ رحمی کے سبب وہ ٹل جاتی ہے۔ (بحار الانوار)۔

# پیش لفظ

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُم مَّن ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ إِلَى اللَّهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۔ (سورۃ المائدہ: آیت ۱۰۵)

ترجمہ: ''اے ایمان والو، تم پر فرض ہے کے خودی کی محافظت کرو، اگر تم ہدایت پر ہو تو وہ شخص جو گمراہ ہے تمھیں کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتا ہے، تم سب ہی کو اللہ ہی کے پاس واپس جانا ہے اور وہ تمھیں تمھارے اعمال پر مطلع کر دے گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میرے بعد میری امت کے سب سے بڑے عالم علیؑ ابن ابی طالب ہیں۔ (میزان الحکمت)

مولا کائنات جناب حضرت علیؑ کرم اللہ وجہ الکریم فرماتے ہیں! تمھارا وجود وہ کتاب ہے جس سے اللہ کی شان خلاقیت کے اسرار و رموز ظاہر ہوتے ہیں۔ (نہج البلاغہ)

وجود انسانی ایک مکمل اور عظیم کائنات ہے جس میں بیک وقت کئی نظامات پوری تندہی اور مستعدی سے جاری و ساری ہیں اور اپنے تفویض کردہ امور کو سرانجام دینے میں معمولی سی کوتاہی سے بھی گریزاں ہیں 'نفس انسانی' یعنی (خودی) اور ذات انسانی کا شمار بھی سر عظیم میں ہوتا ہے جو جسم، ذہن، شعور، لاشعور، تحت شعور، روح، اور نفس سے مرکب ہے۔

بقول اقبال!

خودی وہ بحر ہے جس کا کوئی کنارہ نہیں تو آب جو اسے سمجھا اگر تو چارہ نہیں۔

(بال جبرائیل)

علماء باطن کے مطابق! روح انسانی کے 70,000 سے بھی زائد پرت ہیں دوسری جانب روح انسانی میں لاتعداد علم وحکمت کے خزینے پوشیدہ و مستور ہیں روح کی ہر حرکت میں

مقداریں کام کرتی ہیں جبکہ انھی معین مقداروں کو استعمال کر کے روح مختلف حیثیتوں اور مختلف رنگ وروپ میں اپنا تعارف پیش کرتی ہے، نفس انسانی کی عمیق گہرائیوں کی دریافت کسی انسان کے بس کی بات نہیں اس کے برعکس دنیا بھر کے مشکل ترین علوم وفنون کی تحصیل نسبتاً آسان ہے کیونکہ بذات خود انسان اپنے نفس میں موجود سعادتوں اور خباثتوں سے برسہا برس تک

لاعلم رہتا ہے، نفس انسانی ایک بھید ہے جس کی تلاش اور پہچان ہر بشر پر لازم ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

يَآاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ۔(النساء۔۱)

ترجمہ۔اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمھیں نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ سے خلق کیا۔

اس آیت کی تفسیر اہل باطن کے مشاہدے کی روشنی میں اس طرح ہے کے نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ کو تصوف کی اصطلاح میں 'نسبت وحدت' کہا جاتا ہے جس کو ایک نقطے سے تشبیہ دی جاتی ہے لہٰذا اس نقطے میں تمام کائنات بند ہے یعنی اس نقطے میں پوری کائنات کے ذرے ذرے کی بنیاد اور اس کا احوال ریکارڈ ہے اور ہر شے اس کے دائرے اور احاطے میں ہے۔

قرآن کریم میں نفس انسانی کا ذکر(298)مرتبہ کیا گیا تاہم 298 کا عدد(1) ہے، دلچسپ امر یہ ہے کے ہر انسان کے اندر یہ نقطہ پایا جاتا ہے اگر بصیرت انسانی اپنے اندر پوشیدہ اس نقطے کے اسرار سے واقف ہوجائے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشاد کے مطابق! جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا گویا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا یعنی جو شخص اپنی روحانی صلاحیتوں سے واقفیت حاصل کرلیتا ہے اس پر غیبی علوم منکشف ہوجاتے ہیں جو مبنی برحقیقت ہیں۔

اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد پاک ہے! مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ خدا کے نور سے دیکھتا ہے لیکن مشکل یہ ہے کے جیسے ہی معرفت خداوندی کا دقیق وعمیق اور کٹھن موضوع زیر بحث آتا ہے علمائے ظاہران آیات کو متشابہہ کہہ کر آگے نکل جاتے ہیں جبکہ قرآن

کریم واشگاف الفاظ میں یہ اعلان کر چکا کے اس کتاب میں قطعاً شک وشبہ کی گنجائش نہیں اس میں ہدایت ہے، ان کے لئے جو یقین کی منازل طے کر چکے اہل تصوف کا یہ ماننا ہے کے ہر انسان کے اندر لطائف ستہ یعنی (چھ لطائف) کام کرتے ہیں انھی لطائف میں چھٹا لطیفہ 'اخفیٰ' ہے جو ہر انسان کے اندر نفس واحدہ کی شکل میں موجود ہے، درحقیقت یہی وہ نقطہ یا روشنی کا دائرہ ہے جس میں کائنات کا کل علم (ازل سے ابد تک) ریکارڈ کی صورت میں موجود ہے۔

ایک مفکر کے بقول! کائنات ایک ایسا علم ہے جس کی بنیاد اور حقیقت سے اللہ نے بنی نوع انسان کو واقف کر دیا، لیکن یہ ایک تلخ حقیقت ہے کے ہر گزرتے دن کے ساتھ ساتھ نفس انسانی یعنی (نفسیاتی اور ذہنی) امراض میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے دوسری جانب اس عہد کا ہر انسان اپنے اندر کوئی نا کوئی رستا ناسور لئے بیٹھا ہے اگر چہ ہمارے اطراف میں ہر شخص مضمحل، افسردہ، مایوس، پریشان حال، خوف زدہ، ذہنی انتشار وخلفشار کا شکار، ناخوش و ناآسودہ، غیر مطمین اور غم کے محیط سائے میں زندگی گزارنے پر مجبور ہے، فی زمانہ دنیا ترقی کے بام عروج پر پہنچ چکی اور ہر سو پھیلی سائنسی ایجادات واختراعات نے بنی نوع انسانیت کو بے شمار آسائشات وتعیّشات سے آشنا کر دیا لیکن اس کے باوجود انسان افسردہ ومضطرب و مفلوک حال ہے دوسری جانب استغناء، سکون اور سچی خوشی ناپید وعنقا ہے۔

ماہرین کے مطابق! ایک انسانی دماغ میں اندازاً دو کھرب (2,000,000,000,00) سے زائد خلیات پائے جاتے ہیں اب اگر یہ مان بھی لیا جائے کے اس وقت ایک اندازے کے مطابق پوری دنیا کی آبادی تقریباً سات ارب انسانوں سے زائد ہے تو پھر بہ حیثیت مجموعی پوری نا سہی لیکن 90% اقوام عالم کے دماغ میں پائے جانے والے ان خلیات میں اگر تخریب، نافرمانی شک وشبہات اور بے یقینی ہے تو یقیناً من حیث القوم اس نوع انسانیت کی تباہی میں کوئی دقیقہ باقی نہیں رہے گا اور مختلف اقسام کے عذاب الٰہی کے علاوہ جسمانی، ذہنی، دماغی اور نفسیاتی بیماریوں سے ان کا واسطہ یقینی ہوگا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۔(عنکبوت۔۴۰)

ترجمہ۔ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ یہ اپنی تباہی کے خود ذمہ دار ہیں۔

فی زمانہ دنیا کا ہر انسان کسی نہ کسی سماجی ، معاشی ، معاشرتی ، مالی ،تعلیمی ،جسمانی ، دماغی ، ذہنی یا نفسیاتی مسائل یا الجھن کا شکار ہے جس کی بے شمار وجوہات میں شامل عدم انصاف ، عدم مساوات ، عدم توجہ ، عدم تحفظ ، عدم استحکام ،قرض کا بوجھ ، گھریلو جھگڑے ، شدید بیماریاں ، شدید صدمات ، احساس کمتری ، احساس محرومی ، مایوسی ،تنہائی ، المناکی ، دھچکے ، دہشت ، پراسراریت ،نفرت ،نجات ،شرم ، مدد کی پکار ، ناکامی کا خوف ، والدین کی طلاق یا علیحدگی ، خاندانی دشمنی یا مسائل ،جنسی مسائل ،عشق میں ناکامی ،اپنی بے وقعتی کا احساس ،خودغرضی ، پاگل پن ، جنون ، سزا ، انتقام ، احتجاج ،ہتھیار ، سیاسی بیانات ، وراثت ، پریشانی ،غلطی ،غصہ ، ناقابل معافی جرم ،تکلیف ، مالی مشکلات ، بے گھر ہوجانا ، بے روزگاری ، ہم جنس پرستی ، ایڈز ، منشیات ،شراب نوشی ، شیزوفرنیا ، ناکام شادیاں اور زمین جائیداد کے تنازعات وغیرہ ہیں پھر اس کے ساتھ ہی شک وشبہات ، وسوسے ،جلن ، حسد ،غرور وتکبر ،انانیت ،خودغرضی احساس برتری ،مزاج کی تیزی اور جلد بازی وغیرہ تاہم یہی وہ عوامل ہیں جن کی وجہ سے انسان کا نفس بیمار ہوجاتا ہے اور اس کی روح اور روحانی صلاحیتیں کمزور وناتواں ہوجاتی ہیں دوسری جانب وہ مسلسل ذہنی خلفشار کا شکار رہتا ہے جس کی وجہ سے روحانی ،نفسیاتی اور ذہنی امراض وعلامات بسا اوقات جسم انسانی میں سرائیت ہوکر موذی جسمانی امراض کی شکل اختیار کرلیتے ہیں۔

ماہرین نفسیات ان تمام عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے مریضوں کو یہ ہدایت دیتے ہیں کے وہ ناموافق حالات اور واقعات کے ساتھ Adjust کرنا سیکھیں یا ان کے ساتھ Compromise کریں Tension اور Depression سے دور رہتے ہوئے زیادہ سے زیادہ دوست بنائیں جن سے جی بھر کر باتیں کریں اور خوش رہیں جبکہ دین اسلام اپنے

پیروکاروں کو یہ پیغام دیتا ہے کے انسان کو ہر حال میں راضی بہ رضا رہنا چاہئے اس کے ساتھ ہی اس کو صبر وشکر اور قناعت کی عادات کو بھی اپنانا چاہئے کیونکہ

**وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا** ۔(المومنون ۔ ۶۲)

ترجمہ۔ اللہ کسی ذی نفس کو اس کی استطاعت سے بڑھ کر تکلیف نہیں دیتا۔

یہی وجہ ہے کے جو افراد و اقوام اپنے خالق حقیقی سے اپنے تعلقات کو استوار اور مضبوط رکھتی ہیں انھیں قرآن کریم میں یہ بشارت دے دی گئی کے اللہ تعالی ان قدسی نفوس بندوں کو ہر قسم کے خوف وغم سے محفوظ و مامون رکھیں گے کیونکہ یہی وہ استغناء کے حامل بندے ہیں جن کا متمع نگاہ ذات باری تعالی کے سوا کچھ اور نہیں وہ ہر لمحہ اللہ کے قرب و وصال کے متمنی ہیں جبکہ وہ اپنی ہر توقع کو اللہ سے وابستہ رکھتے ہیں ۔ بقول شاعر!

ڈھونڈنے والا ستاروں کی گزرگاہوں کا　　　اپنے افکار کی دنیا میں سفر کر نہ سکا
جس نے سورج کی شعاعوں کو گرفتار کیا　　　زندگی کی شب تاریک سحر کر نہ سکا

لوح محفوظ سے ایک نور آتا ہے جو ساری کائنات میں پھیل جاتا ہے اس نور میں ہر قسم کی اطلاعات موجود ہوتی ہیں جو ساری کائنات کے ذرے ذرے کو موصول ہوتی ہیں ان اطلاعات میں سونگھنا، چکھنا، سننا، دیکھنا، محسوس کرنا، خیال کرنا، وہم وگمان کرنا وغیرہ شامل ہے لہٰذا زندگی کا ہر شعبہ اور اس سے متعلق تمام حرکات وسکنات وکیفیات کی کامل طرزیں اس نور میں موجود ہیں۔ (کشکول، شمس الدین عظیمی) لہٰذا تمام انسانوں کے لئے اس نور کو صحیح حالت میں وصول کرنے کا صرف اور صرف ایک ہی طریقہ ہے کے انسان میں کامل استغناء ہو، بصورت دیگر دنیاوی مصلحت اور مقاصد یا دیگر غرض وغایت کے سبب اس کا حصول کفر کے دائرے میں آجاتا ہے۔

حضرت قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں! ساری کائنات میں صرف ایک ہی لاشعور کارفرما ہے اسی کے ذریعے غیب وشہود کی ہر لہر دوسری لہر کے معنی سمجھتی ہے چاہے یہ دونوں لہریں کائنات کے

انتہائی کناروں پر ہی کیوں نہ واقع ہوں غیب و شہود کی فراست اور معنویت کائنات کی رگ جان ہے ہم اس رگ جان میں جو خود ہماری رگ جان بھی ہے تفکر اور توجہ کر کے اپنے سیارے اور دوسرے سیارے کے آثار و احوال کا انکشاف کر سکتے ہیں یہی نہیں بلکہ انسان و جنات و فرشتے و نباتات و جمادات کی حرکات و سکنات اور ان کی اندرونی تحریکات کا احوال بھی معلوم کر سکتے ہیں اور مسلسل توجہ دینے سے انسانی ذہن کائناتی لاشعور میں تحلیل ہو جاتا ہے اور ہمارے سراپے کی معین پرت ان کی گرفت سے آزاد ہو کر ضرورت کے مطابق ہر چیز کو دیکھ اور سمجھ سکتی ہے۔ (کشکول۔شمس الدین عظیمی)

زیر نظر کتاب 'حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ الکریم بحیثیت ماہر نفسیات' کی تحریر کے درج ذیل دو مقاصد ہیں۔

**ا۔ پہلا مقصد:**

اس بات کی وضاحت کی جائے کے حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ الکریم کے تمام اقوال و فرمودات نفس انسانی کی سعادتوں اور خباثتوں سے متعلق ہیں تاہم یہ کتاب انسان کی فطرت، مزاج، عادات اور اخلاقیات کے اعتبار سے دو حصوں یعنی فضائل اخلاق اور رزائل اخلاق میں منقسم ہے۔فضائل اخلاق کی وجہ سے کسی بھی فرد واحد کی طاقت اور توانائی میں کتنا اضافہ ہو جاتا ہے اور ایک تنہا فرد کسی بھی معاشرے کے لئے اپنے عمدہ اخلاق کی بنا پر کتنا سودمند ثابت ہو سکتا ہے دوسری جانب رزائل اخلاق کا حامل فرد یا افراد کسی معاشرے کو اپنی ذاتی حیثیت میں کتنا نقصان پہنچا سکتے ہیں چنانچہ اسی نکتے کو پیش نظر رکھتے ہوئے مولائے کائنات امیر المومنین حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ الکریم کے فرمودات اور اقوال کو بھی دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔
قرآن کریم میں نفس انسانی کو (298) مرتبہ مخاطب کرتے ہوئے انسان کی بشری اور نفسانی کمزوریوں کی نشاندہی فرمائی اور اسے مضبوط اور طاقتور بنانے کی ہدایت دی تاکہ انسان اپنی مضبوط اور مثبت قوت ارادی اور شخصیت کے ساتھ اللہ کی دوستی اور قرب کو حاصل کر سکے، کیونکہ

مضبوط قوت ارادی کے حامل افراد ہی دنیا بدلنے کے ہنر سے واقف ہوتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

یٰۤاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَىٕنَّةُ ارْجِعِیْۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً فَادْخُلِیْ فِیْ عِبٰدِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ ۔(فجر۔۲۷۔۳۰)

ترجمہ۔اے روح مطمئنہ! تو اپنے رب کی جانب چل، تو اس سے خوش اور وہ تجھ سے خوش اور ہمارے (نیک) بندوں سے مل اور جنت میں داخل ہوجا۔

## ۲۔دوسرا مقصد:

خود شناسی سے خدا شناسی کا سفر طے کرنا یعنی اس بات کی وضاحت کی جائے کے بنی نوع انسانیت کے مسائل کے ناختم ہونے والے انبار اور اس کے نتیجے میں بیمار پڑ جانے والی روح نفس وجسم پر تحقیق کرتے ہوئے ان مسائل ومشکلات کا سد باب کیا جائے اس کے ساتھ ہی قرآن وحدیث، علمائے اہل باطن کے مشاہدات اور ماہرین نفسیات کے نظریات کی روشنی میں استدلال کیا جائے تاکہ انسان اپنی ذات کے عرفان کے ساتھ معرفت خداوندی تک بھی پہنچ سکے کیونکہ وہی اصل اور حاصل زیست ہے۔

زیر نظر کتاب 'حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم بحیثیت ماہر نفسیات' کی ابتداء مورخہ 05-02-2023 کو ولادت حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم کے موقع پر یعنی (۱۳ رجب المرجب بمطابق ۱۴۴۴ھ بروز اتوار) ہوئی، جبکہ اس کتاب کی تکمیل ۲۱ رمضان المبارک یوم شہادت امیر المومنین حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم مورخہ 31-03-2024-بروز اتوار ہوئی، زیر نظر کتاب 'حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم ایک ماہر نفسیات' لکھنے کا خیال بھی اللہ کی خاص دین اور عنایت ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۔(تکویر۔۲۹)

ترجمہ۔ تمہارے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا جب تک اللہ ربّ العالمین نہ چاہے۔
امیر المومنین حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ الکریم سے شدید اور بے حد روحانی انسیت، محبت اور عقیدت تو اپنی جگہ لیکن بہت کم عمری سے جب کبھی آپؓ کے اقوال زیر مطالعہ رہے اور جہاں کہیں آپؓ کے اقوال بطور حوالہ پیش کرنے کی سعادت ہوئی تو بجا طور پر ایک گہری روحانی آسودگی، طمانیت اور سکون بھی روح میں سرائیت کرتا رہا، میں ہمیشہ آپؓ کے اقوال کو پڑھنے کے بعد یہ سوچا کرتی کے آپؓ کی گہری علمی بصیرت اور مختصر و جامع افکار و خیالات میں کس قدر عمیق و دقیق فلسفہ حیات پوشیدہ ہے بجا طور پر آپؓ سمندر کو، کوزے میں بند کرنے کا مکمل فن، اختیار اور کمال رکھتے ہیں، میں اکثر یہ بھی سوچا کرتی کے آپؓ کی زبان مبارک سے ادا ہوئے ہر قول میں انتہا درجہ کی بصیرت اور گہرائی موجود ہے جس پر ہزاروں صفحات کی کتب تصنیف کی جا سکتی ہیں اس کتاب کو لکھنے کی تحریک امیر المومنین حضرت علیؓ کے اس قول سے ہوئی، **بہت زیادہ عذر خواہی سے بچتے رہو کیونکہ جھوٹ بہت زیادہ معذرتوں میں ہی چھپا ہوتا ہے**، اس قول کو پڑھنے کے بعد ذہن میں روشنی کا ایک تیز جھماکا ہوا اور یہ محسوس ہوا کے مولا علیؓ نے کتنی گہری بات محض ایک سادہ سے فقرے میں ادا فرما دی دوسری جانب جب آپ کے اس قول پر تھوڑا سا تفکر کیا تو نفس انسانی کے کئی مستور زاویوں کی عقدہ کشائی شروع ہو گئی چنانچہ اللہ کی مدد سے اس کتاب پر کام شروع کر دیا۔
روح کی پرت در پرت صلاحیتوں کے ادراک و آگہی کے لئے ضروری ہے کے کسی ایسے استاد کے سامنے زانوئے تلمذ طے کئے جائیں جو سالک کو اللہ سے کئے گئے وعدے کو نا صرف یاد دلا دئے بلکہ اسے شعوری بھول بھلیوں سے آزاد کراتے ہوئے اس میں ایسی طرز فکر بھی منتقل اور بیدار کر دے جو اسے لاشعور سے قریب کرتے ہوئے اپنے ازلی وعدے کو ایفائے کرنے کے قابل بنا دے کیونکہ معرفت کو اللہ نے تمام انسانوں پر سب سے پہلے فرض کیا تھا، چنانچہ، رب علیم و حکیم کی مہربانی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر کرم اور مولائے کائنات کی خاص

عطا سے جب اپنے روحانی اساتذہ کے سامنے ادب سے زانوئے تلمذ طے کئے، تو مجھ جیسے نا کارہ کی موٹی عقل میں جتنا سما سکا اس کو آدھے ادھورے انداز سے لکھنے کی پر خلوص کوشش کی ہے، اللہ تعالیٰ اس کوشش کو قبول و منظور فرمائے۔ آمین۔ اگرچہ علوم کی دو ہی اقسام ہیں۔

**۱۔علم حصولی** ( یہ علم وسائل کا پابند ہے جبکہ اسے وسائل کی موجودگی میں ہی سیکھا جا سکتا ہے یعنی اگر قلم ہوگا تو تحریر کاغذ پر منتقل ہوگی باالفاظ دیگر زمان و مکان کی قید میں رہتے ہوئے استاد شاگرد کو اس کے اندر موجود صلاحیتوں کے استعمال سے واقف کرواتا ہے )۔

**۲۔علم حضوری** ( یہ علم مادی وسائل کا محتاج نہیں اور نا ہی اس کے حصول کے لئے کاغذ و قلم کی ضرورت ہے بالفاظ دیگر یہ علم زمان و مکان کی قید سے بھی آزاد ہے اس میں استاد ( مراد ) شاگرد ( مرید ) میں اپنی طرز فکر منتقل کر دیتا ہے بشرطیکہ شاگرد اپنی ذات کی نفی کرتے ہوئے اپنے آپ کو مکمل طور پر استاد کے سپرد کر دے اور یہ تصور بھی کرے کے اس کے اندر بجز مراد کے کوئی اور شے نہیں تو پھر جیسے جیسے یہ طرز فکر شاگرد میں مستحکم ہوتی جاتی ہے مراد کی طرز فکر مرید میں اسی مناسبت سے منتقل ہوتی رہتی ہے اس علم کی منتہاء یہ ہے کے مراد اور مرید یک جان دو قالب ہو جائیں یہاں تک کے ان کی طرز فکر اور گفتگو بھی مماثل ہو جائے۔

بے شک امیر المومنین حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم کی شخصیت کے کئی زاویے اور رخ ہیں اگرچہ آپؓ کے مناقب کا تحمل بشر انسانی کی سکت سے باہر ہے، علما تصوف اس حقیقت کا برملا اعتراف کرتے ہیں کے انھیں جتنا بھی روحانی فیض، عقل و فہم اور کائناتی بصیرتوں کا ادراک و آگہی حاصل ہوئی وہ در مولا کائنات امیر المومنین حضرت علیؓ ابن ابی طالب سے ہی حاصل ہوئی۔ بے شک آپؓ علم کا دروازہ ہیں۔

تھامس کارل آپؓ کے بارے میں لکھتا ہے! کاش دنیا علیؓ کو میدان جنگ میں مصروف نا رکھتی تو علیؓ علم کی اتنی دنیائیں تخلیق کر دیتے کے قیامت تک تحقیق کی ضرورت ہی نا پڑتی۔

ماہرین نفسیات کا یہ خیال ہے کے ہر جسمانی بیماری کا تعلق روحانی سکون میں خلل پڑنے سے

ہے۔ماہرین نفسیات کہتے ہیں کے ناپ تول کر الفاظ ادا کیجئے اور یہ کبھی نا کہئے کے میں کامیاب نہیں ہوں گا،میری زندگی فضول ہے یا میں کچھ نہیں کرسکتا وغیرہ۔

یاد رکھئے آپ کا دماغ مذاق پسند نہیں کرتا جو کچھ آپ کہتے یا سوچتے ہیں آپ کا دماغ اسی بیان پر اپنی کاروائی شروع کر دیتا ہے۔

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں !علاج انسان کی ایسی ضرورت ہے جو موت وحیات کے مابین گردش کرتی رہتی ہے۔(بڑے بچوں کے لئے۔ص۔۱۵۱)

ڈاکٹر زہرا بتول

## باب۔(۱):

# امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم ایک حاذق ماہر نفسیات ہیں اس میں قطعاً کوئی دورائے نہیں آپؓ کے اقوال ،فرمودات اور خطبات کے مطالعے سے یہ بات سورج کی طرح روشن ہے کے آپؓ نے کس مہارت ،فراست اور چابکدستی سے نا صرف نفس انسانی کی وضاحت فرمائی بلکہ نفسیاتی بیماریوں اوران کی وجوہات کی جانب بھی واضح اشارے فرمائے آپؓ نے نفس انسانی کی سرکشی اور خباثتوں کو قابو کرنے کے طریقے کی بھی وضاحت فرمائی چنانچہ کتاب کے ابتدائی ابواب میں فضائل اخلاق کو بیان کیا گیا کیونکہ ان اعلیٰ اقدار جس کی جانب آپؓ نے توجہ دلائی وہ فضائل وخصائل کسی بھی آدمی کو انسانیت کے درجے پر فائز کر کے اس فرد کو معاشرے میں معزز اور معتبر کرتے ہیں دوسری جانب رزائل اخلاق جب کسی انسان یا اقوام میں سرائیت کر جائے تو اس کے کس قدر بھیانک اثرات اور نقصانات کا سامنا بنی نوع انسانیت کو کرنا پڑتا ہے نیز ان رزائل سے آلودہ افراد اور معاشرے کو کتنی بھاری قیمت چکانی پڑتی ہے اس پر ایک اجمالی جائزہ پیش کیا جا رہا ہے۔

### نفسیاتی امراض اوران کی وجوہات:

زمانہ قدیم سے ہی انسان اپنی جسمانی ، دماغی ، ذہنی اور نفسیاتی صحت کے لئے فکر مند رہتے ہوئے مختلف طریقہ علاج سے رجوع کرتا رہا چنانچہ دور قبل مسیح ہو یا قبل ظہور اسلام۔

لوگ اپنی صحت سے متعلق متفکر رہتے جس کا سلسلہ آج تک جاری ہے۔

تاریخ کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کے عرب کے مشہور اطباء جن میں حارث بن کلاہ ،ابن خدیم ،نفر بن حارث شامل تھے وہ رومی ، ایرانی اور یونانی طریقہ علاج سے استفادہ کیا کرتے لیکن اس دور میں کاہنوں اور نجومیوں کا طوطی بولتا تھا جن کے اختیار میں جنات ،شیطانی قوتیں

اور بدروحیں ہوتیں چنانچہ وہ بدعملیات اور جادوٹونے کے عمل سے مختلف امراض کا علاج کیا کرتے اگرچہ اس بات کو کئی صدیاں گزرچکیں لیکن آج بھی سماجی سطح پر اس کے اثرات دیکھے جاسکتے ہیں تاہم کئی توہم پرست اور کمزور عقیدہ افراد جعلی عاملوں اور پیروں فقیروں کو ہی اپنا حقیقی مسیحا جانتے ہیں جس کے نتیجے میں بیماری یا مسئلہ تو اپنی جگہ موجود رہتا ہے لیکن توہم پرستی کی وجہ سے کئی نئے مسائل جنم لیتے ہیں۔

اسی طرف اشارہ کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد پاک ہے!

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! میری امت کے ستر ہزار افراد بغیر کسی حساب کے داخل جنت کر دئے جائیں گے کیونکہ وہ منتر یعنی (جادوٹونا، بدعملیات، بدشگونی یا جھاڑ پھونک) نہیں کرواتے تھے اور نہ ہی شگون بد لیا کرتے تھے وہ صرف اپنے پروردگار پر بھروسہ کیا کرتے تھے۔ا؎

علماء باطن کا یہ ماننا ہے کے غذا میں اگر نمک کی زیادہ مقدار لی جائے تو اس بے اعتدالی کے نتیجے میں دماغ کے کچھ خلیات کھل جاتے ہیں جس کی وجہ سے انسان کا زمینی شعور کمزور اور ناتواں ہوجاتا ہے اور ایسے افراد کو ماورائی دنیا، مخلوقات اور آوازیں سنائی دیتی ہیں جس کو وہ اپنے کم علمی کی وجہ سے جادو، آسیب یا جنات سے تعبیر کرتے ہوئے عاملین کی جانب متوجہ ہوتا ہے اگرچہ ان مافوق الفطرت دنیا، مخلوقات یا آوازوں کا تعلق عملی زندگی سے نہیں ہوتا تاہم ایسے افراد کی غذا میں اگر میٹھاس کا اضافہ کردیا جائے تو آہستہ آہستہ ان کیفیات پر قابو میں پایا جاسکتا ہے غذا میں قدرتی مٹھاس (شہد، پھل، اناج اور گڑ وغیرہ) کا استعمال انسان کو اس کے زمینی شعور سے متصل اور منسلک رکھتا ہے یعنی جس انسان کی غذا میں جتنی زیادہ مٹھاس ہوگی وہ شخص اتنا ہی زیادہ زمینی شعور یعنی کشش ثقل سے قریب ہوتے ہوئے اپنی دنیاوی زندگی، ذمہ داریاں اور روزمرہ کے کام کاج کو زیادہ احسن طریقے سے انجام دینے کے قابل ہوگا۔

ماہرین تغذیہ کے مطابق انسان جو غذا بھی لیتا ہے جب یہ غذا جسم میں سادہ اور قابل انجذاب

شکل میں خون میں شامل ہوکر جسم کے مختلف حصوں سے گزرتی ہے تو دماغ کی باریک باریک رگیں اس خون سے صرف اور صرف گلوکوز کو اپنے اندر جذب کر کے توانائی حاصل کرتی ہیں۔
شکر یا کاربوہائیڈریٹ کی سادہ شکل کو سائنسی اصطلاح میں گلوکوز کہا جاتا ہے اس کے برعکس غذا میں نمک اور مرچ مصالحوں کی زیادتی دماغی خلیات کی کارکردگی کو بری طرح سے متاثر کرتے ہوئے انسان کو شک وشبہ اور انجانے خوف میں مبتلا کر دیتی ہے جو بڑھتے بڑھتے نفسیاتی عارضے کی شکل اختیار کر لیتی ہے ایسا مریض خود اپنے اور اپنے گھر والوں کے لئے کسی عذاب سے کم نہیں ہوتا ہے لہٰذا یہ بات طے شدہ ہے کے دماغی، ذہنی، نفسیاتی امراض، ٹینشن، ڈپریشن، ذہنی اور دماغی دباؤ، مرگی، ہائی بلڈ پریشر، جلدی امراض، بے خوابی اور شیزوفرنیا جیسے خطرناک امراض میں میٹھی اشیاء کا استعمال مجرب ہے بشرطیکہ مریض ذیابطیس میں مبتلا نہ ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو میٹھی غذائیں مرغوب تھیں اور آپ کھانے کے بعد میٹھا کھانا پسند فرماتے بالخصوص آپ کو شہد اور کھجوریں بہت پسند تھیں۔
اسلام نے تاریکی اور جہالت کے تمام بت پاش پاش کرتے ہوئے جادوٹونے، بدعملیات اوہام پرستی اور غلط عقائد کو یکسر مسترد کر دیا۔
اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی نے جس قدر امراض پیدا کئے ہیں اس کے ساتھ ہی ان امراض کی شفاء بھی پیدا فرمائی ہے۔

**ارشادات خداوندی:**

**وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ ۲؎**

ترجمہ۔ ہم نے اتارا قرآن اور اس کے ماننے والوں کے لئے اس میں شفاء اور رحمت ہے۔

**يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ؕ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ۔ ۳؎**

ترجمہ۔ وہ جسے چاہتا ہے حکمت دیتا ہے اور جسے حکمت دی گئی اسے بڑی خیر دی گئی اور نصیحت

تو عقلمند ہی پکڑتے ہیں۔

**وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يُّرِيْدُ۔ ۴؎**

ترجمہ۔ بے شک اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔

**اِنَّ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ ۵؎**

ترجمہ۔ بے شک آسمانوں اور زمین میں ایمان والوں کے لئے قدرت کی نشانیاں ہیں۔

**وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۚ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا۔ ۶؎**

ترجمہ۔ ہم نے آپ پر اپنی کتاب اتاری اور آپ کو حکمت اور ہر وہ علم سکھایا جو پہلے آپ کو نہیں آتا تھا یہ اللہ کا آپ پر بہت بڑا فضل اور مہربانی ہے۔

**وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔ ۷؎**

ترجمہ۔ جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھ کو شفاء دیتا ہے۔

**يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔**

ترجمہ۔ اے ایمان والو! یقیناً یہ تمھارے پروردگار کی طرف سے ایک ہدایت ہے جو تمھارے پاس آ گئی ہے اور انسانوں کی دل کی بیماریوں کی اس میں شفاء، رحمت اور رہنمائی ہے۔

### رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آب زم زم کو کھڑے ہو کر پیا اور اس کو پیتے ہوئے یہ دعا مانگی، اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ایک ایسے علم کا جو نفع بخش ہو، ایسے رزق کا جو مجھے کھلے دل سے عطا کیا گیا ہو اور تو مجھے تمام بیماریوں سے شفا عطا فرما۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہمارے اور منافقوں کے درمیان فرق یہ ہے کے ہم آب زم زم کو خوب سیر ہو کر پیتے ہیں۔

امام محمد بن ابوبکر ابن قیم لکھتے ہیں !

علم طب ایک قیافہ ہے معالج گمان کرتا ہے کے مریض کو فلاں بیماری ہے اور اس کے لئے فلاں دوا مناسب ہوگی وہ ان چیزوں کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتا ہے جبکہ اس کے مقابلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات قطعی اور یقینی ہیں جو وحی الٰہی پر مبنی ہیں اور جس میں شفاء لازمی ہے۔۸۔

حضرت ابی رمثہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تمھارا کام مریض کو اطمینان دلانا ہے جبکہ اصل طبیب اللہ خود ہے۔۹۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب دوا کے اثرات امراض کی ماہیت سے مطابق ہوجاتے ہیں تو اس وقت اللہ کے حکم سے شفاء ہوجاتی ہے۔۱۰۔

## انسانی نفسیات (سائیکولوجی)

اللہ تعالی نے قرآن کریم میں بار بار نفس انسانی کی کمزوریوں پر بات کرتے ہوئے ارشاد فرمایا

**وَكَانَ الْإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا۔۱۱۔**

ترجمہ۔انسان تمام مخلوقات میں سب سے زیادہ جھگڑالو ہے۔

**وَكَانَ الْإِنْسَانُ قَتُورًا۔۱۲۔**

ترجمہ۔انسان بڑا ہی تنگ دل ہے۔

**وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ۔۱۳۔**

ترجمہ۔بے شک انسان مال کی محبت میں بہت سخت ہے۔

**وَلَئِنْ أَذَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنَاهَا مِنْهُ إِنَّهُ لَيَئُوسٌ كَفُورٌ۔۱۴۔**

ترجمہ۔اگر ہم انسان کو اپنی رحمت کا مزہ چکھا کر پھر اس سے چھین لیتے ہیں تو وہ ناامید ناشکرا ہوجاتا ہے۔

جس طرح سے ایک صحت مند معاشرے میں ہر انسان کی جسمانی صحت اور تندرستی اہم

ہے بالکل اسی طرح سے اس کی ذہنی اور نفسیاتی صحت بھی بے حد اہمیت کی حامل ہے جس کی بحالی کے لئے فرد، خاندان اور معاشرے کو بھر پور اقدامات کرنے چاہیئے تا کہ افراد کی درست سمت میں رہنمائی ہو سکے یہی نہیں بلکہ تمام افراد کی دینی ودنیاوی تعلیم کا انتظام بروقت روزگار کی فراہمی، حقوق وفرائض کی ادائے گی نیز مضبوط سماجی روابط جس میں خصوصیت کے ساتھ فرد کی اخلاقی تربیت کا انتظام بے حد اہم ہے۔

عالمی ادارہ صحت (WHO) کے اعداد وشمار کے مطابق ہر گزرتے دن کے ساتھ ساتھ دنیا کے انسانوں میں نفسیاتی امراض اور اس کی شدت میں اضافہ نوٹ کیا جا رہا ہے ویسے تو اس کی بے شمار وجوہات جن میں سماجی عدم تحفظ، معاشی ناہمواری، بیروزگاری، احساس گناہ، ناانصافی بے راہ روی، ڈپریشن، ٹینشن شامل ہیں تاہم یہی اعصابی دباؤ آگے چل کر مختلف نفسیاتی، دماغی اور جسمانی عوارض کی اصل وجہ بنتے ہیں۔ایک محتاط اندازے کے مطابق ماہرین کی یہ رائے ہے کہ مستقبل میں ڈپریشن کی وجہ سے زیادہ تر افراد ذہنی ونفسیاتی امراض کا شکار ہوں گے جبکہ ذہنی امراض کینسر سے بھی بڑا خطرہ بن کر سامنے آئیں گے۔

World Bank اور WHO کی حالیہ رپورٹس کے مطابق! مستقبل قریب میں انسانوں کی ذہنی اور جسمانی معذوری کی ایک بڑی وجہ نفسیاتی امراض ہوں گے ویسے تو دنیا بھر میں ٹی بی، ملیریا، ٹائیفائیڈ، ڈینگی اور پولیو کو ختم کرنے کی ہنگامی بنیادوں پر کوششیں جاری ہیں لیکن نفسیاتی امراض پر قابو پانے کے لئے باقاعدہ منصوبہ بندی کا شدید فقدان ہے۔

نفسیاتی امراض میں اضافہ پسماندہ اور غیر پسماندہ دونوں ہی ممالک اور اقوام میں تقریباً یکساں ہے دوسری جانب لاعلمی کے باعث ایسے مریضوں کے ساتھ ایک معاشرتی المیہ یہ بھی ہے کہ یہ لوگ بظاہر نارمل لگتے ہیں اس لئے یہ اپنے آپ کو اور دوسرے ان کو مریض تصور نہیں کرتے جس کی وجہ سے ان کے مرض کی شدت میں اضافہ ہوتا ہے شاید یہی وجہ تھی جس کے سبب نفسیاتی امراض کی طرف ۱۷۰۰ء کے بعد توجہ دی گئی یہی نہیں بلکہ شیزوفرینیا جو ایک خطرناک

نفسیاتی مرض ہے اس کا علاج اور ادویات تو بہت بعد میں دریافت کی گیں جبکہ ۱۹۰۰ء میں مشہور نفسیات دان سگمنڈ فرائیڈ نے Psycho Therapy یعنی بذریعہ گفتگو علاج کی اہمیت پر زور دیا۔

تحقیقات کے مطابق اگر دنیا میں دماغی امراض کے ۱۰۰ مریض ہوں تو ۲۰ فیصد یہودی، ۳۵ فیصد عیسائی، ۲۵ فیصد ہندو اور سیکھ، ۱۷ فیصد دیگر اقوام اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد جبکہ صرف ۳ فیصد مسلمان ہیں۔

مسلمانوں میں نفسیاتی امراض کی شرح اس لئے کم ہے کیونکہ مسلمان نماز پنجگانہ کی ادائے گی کا پابند ہوتا ہے اور وہ اپنی تمام حاجات اور پریشانیوں کو اللہ کے حضور بیان کرتا ہے جبکہ سجدے کی حالت میں انسان کا دوران خون سر اور آنکھوں سے گزرتا ہے جس کے باعث مسلمان کئی نفسیاتی اور دماغی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے اگرچہ یہ ایک اچھی ورزش بھی ہے۔

ذہنی اور نفسیااتی امراض کی تشخیص کوئی آسان کام نہیں کیونکہ اچھی نفسیاتی صحت اور ان کے مابین بیماری میں لطیف فرق ہے جس کی تشخیص نہایت مشکل ہے۔

لیکن World Health Organizatio(WHO) اور American Psychiatric Association کے ماہرین نے ذہنی اور نفسیاتی بیماریوں کو دو گروپس میں تقسیم کیا ہے۔

۱۔عصبانیت ۔ (Psychoneuroses) ۔

۲۔اختلال ذہنی ۔(Psychosis)

## ۱۔عصبانیت (Psychoneuroses)

اس کا تعلق ذہنی اور نفسیاتی امراض کے پہلے گروپ سے ہے جس میں مریض معمولی قسم کے ذہنی بگاڑ کا شکار ہوتا ہے جس کے سبب ان کا تعلق دوسروں سے منقطع تو نہیں لیکن تعلقات میں فرق ضرور آتا ہے فرد کے روزمرہ کے معمولات متاثر ہوتے ہیں جبکہ انھیں روزگار کو جاری

رکھنے، اپنے اہل خانہ کی دیکھ بھال، ان کی ذمہ داریوں کی ادائے گی اور معاشرے میں اپنے درست کردار کو نبھانے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اسی وجہ سے وہ چڑچڑے، بدمزاج، بد زبان، وہمی، حساس اور متفکر رہتے ہیں۔

## ۲۔ اختلال ذہنی (Psychosis)

یہ ذہنی مریضوں کا دوسرا گروپ ہے جس سے تعلق رکھنے والے مریض عام طور پر شدید قسم کے ذہنی اور نفسیاتی عوارض میں مبتلا ہوتے ہیں جو اکثر اچانک بھی رونما ہو سکتے ہیں ایسے مریضوں کو اپنے افعال پر کنٹرول نہیں رہتا جبکہ یہ اپنے ماحول سے بھی اکثر بے خبر ہوتے ہیں جس کی وجہ سے یہ عموماً اپنے آپ کو نقصان بھی پہنچاتے ہیں ان کے مختلف حواس بھی ذہنی بیماری کی وجہ سے بری طرح سے متاثر ہوتے ہیں ایسے مریضوں کا حقائق سے رشتہ ٹوٹ جاتا ہے اور سماجی تعلقات کی استواری بھی متاثر ہوتی ہے یہ لوگ شدید ہیجان، اضطراب، بے چینی کمزوری، افسردگی، نفسیاتی اور ذہنی دباؤ کا شکار ہوتے ہیں عام طور پر ایسے مریضوں کی شرح اموات کا تناسب زیادہ ہوتا ہے ایسے مریض اپنے کردار کو سمجھنے سے معذور ہوتے ہیں۔

ماہرین کا یہ ماننا ہے کے جسمانی علاج کی اہمیت اپنی جگہ لیکن تمام تر جسمانی امراض کا تعلق کسی نہ کسی حیثیت میں انسانی دماغ سے ضرور ہوتا ہے تاہم جب تک دماغ، ذہن اور نفس کا علاج نہ کیا جائے تو اس وقت تک جسمانی اور دماغی صحت ممکن نہیں یہی وجہ ہے کے بڑے بڑے معالجین جسم کا علاج تو کر دیتے ہیں لیکن اس کے اصل سبب یعنی دماغی عوارض کی طرف ان کی نظر نہیں جاتی جس کی وجہ سے مریض کو وقتی طور پر آرام تو آ جاتا ہے لیکن کچھ ہی دنوں کے بعد بیماری دوبارہ حملہ آور ہوتی ہے جس کے باعث عمر ڈاکٹر اور اسپتالوں کے چکر لگاتے رہتے ہیں تاہم کچھ مستند اور قابل ڈاکٹر ز ایسے بھی ہیں جو کے مرض کی اصل وجہ یعنی نفسیاتی وجوہات تک پہنچتے ہوئے مریض کا مکمل علاج کر دیتے ہیں۔

نفسیاتی اور ذہنی امراض کی اصل وجوہات کا جائزہ لیتے ہوئے اگر قرآن کریم کا مطالعہ اور

علمائے باطن کی تحقیق اور تفسیر سے استفادہ کیا جائے تو اس بات کا قوی امکان ہے کے انسان نے کم از کم درست سمت کی جانب اپنا قدم تو اٹھایا۔

افراد یا اقوام میں جب بے یقینی، سرکشی، نافرمانی اور شکوک وشبہات جنم لیتے ہیں اور وہ اپنے غرور وتکبر کے باعث فطری قوانین کو پامال وتاراج کرتے ہیں تو قانون قدرت ایسے افراد اور اقوام کو نشان عبرت بناتے ہوئے مختلف امراض وبلاء ووباء میں مبتلا کر کے انھیں صفحہ ہستی سے مٹا دیتا ہے۔ ہر انسان کے دماغ میں دو کھرب (2,00000000000) خلیات پائے جاتے ہیں بہ حیثیت مجموعی اگر کسی قوم میں پائے جانے والے ان خلیات میں تخریب ونافرمانی شک وشبہات اور بے یقینی واقع ہو جائے تو من حیث القوم اس قوم کی تباہی میں کوئی دقیقہ باقی نہیں رہتا اس کے برعکس جو افراد اور اقوام اپنے خالق حقیقی سے اپنے رشتے اور تعلق کو استوار اور قائم رکھتی ہیں تو اللہ تعالی انھیں دنیا وآخرت کے خوف وغم سے آزاد فرما دیتے ہیں ایسے افراد کی جسمانی، ذہنی اور نفسیاتی صحت قابل رشک ہوتی ہے قرآن کریم ایک ایسی عظیم الشان کتاب ہے جس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش موجود نہیں یہ کتاب متقین کو ہدایت دیتی ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ متقین غیب پر یقین رکھتے ہیں۔

یقین کی انتہاء یہ ہے کے انسان کی باطنی نگاہ کھل جائے او غیب اس کے لئے مشاہدہ بن جائے تاہم جب تک مشاہدہ عمل میں نہ آئے اس وقت تک یقین کی تعریف مکمل نہیں ہوتی یقین کی انھی کیفیات اور مشاہدے کے لئے اللہ تعالی نے بنی نوع انسانیت کی رہنمائی کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر مبعوث فرمائے تا کہ وہ مایوس اور سسکتی ہوئی انسانیت کو اللہ سے قریب کر سکیں۔

**ارشادات خداوندی:**

ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ۔۱۶؎

ترجمہ۔ یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں ہدایت ہے ان پرہیز گاروں کے لئے جو غیب پر ایمان لائے۔

هٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ۔۱۷؎

ترجمہ۔ یہ لوگوں کے لئے سوجھ کی باتیں ہیں جو لوگ یقین رکھتے ہیں ان کے لئے ہدایت اور رحمت ہے۔

فَإِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ۔۱۸؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ متقین سے محبت کرتا ہے۔

وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ۔۱۹؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ متقین کا دوست ہے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یقین کامل ایمان ہے۔۲۰؎

حضرت ابو بکرؓ سے روایت ہے کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ سے دنیا وآخرت میں عفت، عافیت اور یقین کی دعا مانگو بے شک یقین کے بعد کسی شخص کو عافیت سے بہتر کوئی شے نہیں مل سکتی۔۲۱؎

**امیر المومنین حضرت علیؓ کا قول:**

دنیا میں سب سے زیادہ طاقتور انسان وہ ہے جو خدا پر یقین رکھتا ہے یقین عقلمند انسان کا لباس اور دین کا کل سرمایہ بھی جبکہ آخرت پر یقین ہی دراصل عنوان ایمان ہے اور جس کا یقین اچھا

ہوگا اس کی عبادت بھی اچھی ہوگی۔ ۲۲۔

**مغیرہ بن عامر کا قول:**

شکر نصف ایمان ہے اور صبر نصف ایمان ہے جبکہ یقین مکمل ایمان ہے۔ ۲۳۔

یقین اگر ٹوٹ جائے تو اس کی حرکات دو طرح سے وقوع پذیر ہوتی ہیں اگر اس کا رخ اوپر کی جانب ہو تو پھر اس قوم پر آسمانی آفات و بلیات کا نزول ہوتا ہے اور اگر اس کا نزول زمین کی طرف ہو تو زلزلہ، قحط، سیلاب، اور وبائی امراض پھوٹ پڑتے ہیں جس کی وجہ سے پوری قوم کے اعصاب بری طرح سے متاثر اور شل ہو جاتے ہیں اور وہ طرح طرح کے جسمانی، ذہنی اور نفسیاتی امراض کا شکار ہو کر اس دنیا سے مٹا دئے جاتے ہیں۔

بقول اقبال!

یقین پیدا کر اے ناداں یقیں سے ہاتھ آتی ہے
وہ درویشی، کے جس کے سامنے جھکتی ہے فغفوری۔ ۲۴۔

رومی بیان کرتے ہیں کے جوہر دین توحید ہے اور اسی کا نام اسلام ہے جس کی تبلیغ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر رسول اللہ ﷺ نے کی آپ مزید فرماتے ہیں! عالم روحانی میں تمام ارواح ہم وجود تھیں اگر روح انسانی اپنی اصلیت کی طرف عود کرے تو پھر وہ عالم تعدد سے عالم وحدت میں آ جائے گا نیز یہ کے شرک بتوں سے پیدا نہیں ہوتا بلکہ اس کا اصل منبع و ماخذ نفس انسانی خود ہے کیونکہ ہر طرح کے اصنام تو خود نفس انسانی میں پنہاں و مستور ہیں آپ بطور مثال یہ کہتے ہیں کے جس طرح سے ہر پتھر کے اندر آگ ہوتی ہے اگر اس پتھر پر مسلسل پانی بھی بہایا جائے لیکن پھر بھی اس کے اندر کی آگ ختم نہیں کی جاسکتی بالکل اسی طرح سے ہر نفس انسانی میں شرک کا ایک خوفناک اژدھا ضرور موجود ہوتا ہے، اگر چہ توحید اور شرک دو ذہنی کیفیات کا نام ہیں جب تک نفس انسانی میں توحید سما نہ جائے اس وقت تک انسان شرک سے محفوظ نہیں رہ سکتا ہے۔

رومی کے خیال میں اس کائنات میں بے شمار جہان آباد ہیں ہر ایک جہان رحم مادر کی مانند ہے۔ تاہم ہر انسان ایک جہان سے نکل کر دوسرے جہان میں پیدا ہوتا ہے اس اعتبار سے انسان کو وسیع تر عالم میں جانے سے خوفزدہ نہیں ہونا چاہئے اگر چہ جیتے جی بھی انسان خواہشات نفس کی موت سے ایک دوسری زندگی حاصل کرسکتا ہے جیسا کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کے مرجاؤ مرنے سے پہلے یعنی (موتو قبل ان تموتو) اس کے بعد ہی تم اللہ کی بادشاہت میں داخل ہوسکو گے۔ ۲۵

یہ بات اچھی طرح سے سمجھ لینی چاہئے کے تمام نفسیاتی، ذہنی اور اس کے نتیجے میں ظاہر ہونے والی جسمانی بیماریوں کی اصل وجہ اور جڑ بے یقینی، نافرمانی، ناامیدی، مایوسی، شرک، شک وشبہات، غیبت، گالی گلوج، خونریزی، جھوٹی قسم، غرور وتکبر، بےعصمتی، بے حیائی، شر پسندی، چوری اور حسد ہیں جو کسی دلدل سے کم نہیں جس میں انسان دھنستے دھنستے بلاآخر موت کے منہ میں چلا جاتا ہے مایوس اور ناامید انسان روحانی، اعصابی اور جسمانی طور پر کمزور اور مضمحل ہوتا ہے لہٰذا اس پر ہر قسم کی بیماریاں بہت جلد حملہ آور ہوتی ہیں۔

ماہرین نفسیات کی نظر میں یہ نکتہ بھی قابل ذکر ہے کے انسان کی شخصیت چاہے وہ اچھی ہو یا بری دونوں میں اس کا بچپن بہت اہمیت کا حامل ہوتا ہے تاہم بچپن کے ابتدائی چھ سال انسان کی کردار سازی میں خاصے معاون اور نمایاں نظر آتے ہیں باالفاظ دیگر انسان ساری زندگی جو کچھ کرتا ہے وہ اسے اپنی زندگی کے ابتدائی چھ سالوں میں سیکھ چکا تھا۔

سگمنڈ فرائیڈ انسان کے بچپن کو سب سے زیادہ اہمیت دیتا ہے اس کے خیال میں ہر نفسیاتی بیماری کا تانا بانا یقیناً بچپن کے کسی واقعے یا حادثے سے جڑا ہوتا ہے۔

ماہرین نفسیات کی کی گئی ایک معروف اسٹڈی کے مطابق جو والدین اپنے بچوں کو ان کے بچپن میں قصے کہانیاں یا نظمیں سناتے ہیں ان کے بچے دوسرے بچوں کے مقابلے میں زیادہ ذہین، بااعتماد، پڑھنے میں بہت اچھے جبکہ یہ بڑے ہوکر اعلیٰ تعلیمی مراتب اور اچھے مناصب پر بھی

فائز ہوتے ہیں دوسری جانب دوران تعلیم عام طور پر ایسے بچوں کو دوسروں کی مدد (ٹیوشن) کی ضرورت بھی نہیں پڑتی۔

ماہرین نفسیات کی ایک اسٹڈی کے مطابق جو والدین اپنے بچوں کو پیار کرتے اور اپنے لمس کا احساس دلاتے ہیں وہ بچے بڑے ہو کر معاشرے کا ایک کارآمد رکن بنتے ہیں اس کے برعکس جن بچوں کو ان کے والدین کا پیار یا لمس حاصل نہیں ہوتا یا جن گھروں میں لڑائی جھگڑے، طلاق یا علیحدگی کی صورت حال تھی تو ایسے کئی بچے بڑے ہو کر مجرم، چور ڈاکو یا قاتل بنے تاہم اگر وہ مجرم نہ بھی بن سکے لیکن وہ ایک ناکام، دکھوں اور مایوس زندگی گزارتے ہیں۔

اسلام مایوسی کو کفر کہتا ہے انسان کو اللہ کی ذات سے کبھی بھی مایوس نہیں ہونا چاہئے یہی طرز فکر جب مضبوط ہوتی ہے تو انسان دنیا کے بڑے سے بڑے مسائل، دکھ، درد اور بیماریوں سے مردآنہ وار مقابلہ کر کے انھیں باآسانی پچھاڑ سکتا ہے۔

قابل غور اور نکتہ اور مشاہدہ یہ ہے کے جسمانی عوارض جن میں نزلہ، زکام، بخار، ٹائیفائیڈ، ملیریا، تپ دق، نمونیہ یا جسم کے اندرونی نقائص جس کی سرجری کی جائے وہ امراض تو ٹھیک ہو ہی جاتے ہیں لیکن نفسیاتی عوارض میں مبتلا افراد مکمل شفاء یاب نہیں ہوتے جس کی وجہ سے انھیں زندگی بھر ادویات کا سہارا لینا پڑتا ہے کیونکہ نفس کی بیماریوں کا علاج سیرپ یا ٹیبلیٹس میں نہیں بلکہ فرد کے رویے کی تبدیلی میں ہے تاہم اب تک کوئی ایسی دوا ایجاد نہیں ہوسکی جس کو کھا کر انسان جھوٹ، دھوکہ، رشوت، زنا قتل وغارت گری، صبر، شکر، مایوسی، احساس کمتری، احساس برتری، بھتہ، ملاوٹ، کم تولنا، نفرت کرنا، کینہ، جلن وحسد، طنز کے تیر برسانا، اللہ کو اپنا کفیل نا ماننا اور اہل دنیا سے لمبی لمبی امیدیں باندھ لینا چھوڑ دے۔

مندرجہ بالا تمام اسباب ومحرکات ہی نفس انسانی کی تمام بیماریوں کی اصل وجہ ہیں جنھیں ترک کئے بغیر مکمل نفسیاتی صحت محض ایک خواب سے زیادہ کچھ نہیں۔

WHO اور World Bank کی موجودہ رپورٹس کے مطابق مستقبل قریب میں انسانوں

میں نفسیاتی امراض کے بڑھ جانے کی وجہ سے انسانی معذوری میں اضافہ کی پیشن گوئی کی گئی ہے۔ایک امریکی جریدے ٹائم کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں ذہنی امراض میں مبتلا افراد کی تعداد ۴۵ کروڑ ہے جس میں سے ۲۰ کروڑ ذہنی مریضوں کا تعلق براعظم ایشیاء کے مختلف ممالک سے ہے یہ بھی دیکھنے میں آتا ہے کے فکر وتشویش ،غم وغصہ اور بے جا خوف میں مبتلا انسان جذباتی ،ذہنی اور نفسیاتی اعتبار سے نارمل نہیں رہتا ایک سروے کے مطابق!

زیادہ فکر وتشویش انسان کو معدے کے السر میں مبتلا کردیتی ہے کیونکہ انسانی دماغ کا براہ راست تعلق انسان کے معدے سے ہے لہٰذا جلد باز،فکر مند یا مرچ مصالحوں کا بہت زیادہ استعمال کرنے والے افراد بہت جلد السر میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔

خوف اور صدمہ انسان کو کمزور اور نحیف کردیتا ہے جب ہی اکثر لوگ صدمے کی حالت میں بے ہوش یا غشی میں چلے جاتے ہیں۔

ذہنی تناؤ اور دباؤ کی صورت میں انسان دردسر میں مبتلا ہوجاتا ہے تاہم جب وہ اس کیفیت سے نکلتا ہے تو اس کا درد ازخود ٹھیک ہوجاتا ہے۔

ذہنی الجھنیں ،صدمات اور غم انسان کو جنسی صلاحیتوں سے محروم کردیتی ہیں۔

زیادہ غصہ کرنے والے افراد ہائی بلڈ پریشر کا باآسانی شکار ہوجاتے ہیں جس کا نتیجہ ہارٹ اٹیک ،گردے فیل ہوجانا یا فالج پر منتج ہوتا ہے۔

ہر وقت کی فکر وتشویش انسان کو جلد بوڑھا کردیتی ہے اس کی جلد پر جھریاں ،نظام ہضم کی بے اعتدالی جبکہ اس کے بال وقت سے پہلے سفید ہوجاتے ہیں۔

ناامیدی انسان کو کمزور کرکے بیماریوں کے ایک نا ختم ہونے والے دلدل میں دھکیل دیتی ہے لہٰذا انسان کو مثبت سوچ کا مالک اور پر امید ہونا چاہئے۔

۴۶۰ قبل مسیح میں مشہور یونانی طبیب ومفکر بقراط نے یہ کہا تھا کے ذہنی امراض کا علاج پیار ومحبت ،ہمدردی اور مناسب دواوغذا سے کرنا چاہئے اور جادوٹونے اور دیگر عملیات سے گریز

کرنا چاہئے۔

۱۹۹۶ء سے ہر سال ایک ہفتہ برائے دماغی صحت و آگہی یعنی

(Brain Awareness Week) منایا جاتا ہے۔

## کروموسوم کے اجزائے ترکیبی

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! کروموسوم کے اجزائے ترکیبی میں جزو اعظم نمک ہے، اس کے بعد دوسرا اہم جز مٹھاس ہے، تاہم باقی دیگر اجزاء کو ثانوی حیثیت حاصل ہے۔ جزو اعظم نمک کی معین مقدار خلیات کو صحت مند رکھتا ہے اگر نمک کا توازن جسم انسانی میں بگڑ جائے تو انسان کی جسمانی، دماغی، نفسیاتی اور ذہنی صحت میں بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے، تاہم اس سلسلے میں لو بلڈ پریشر اور ہائی بلڈ پریشر کی مثال پیش کی جاسکتی ہے۔

نمک میں موجود دو اجزاء نہایت قابل ذکر ہیں۔۱۔ سوڈیم کلورائیڈ۔ ۲۔ پوٹاشیم کلورائیڈ۔ سوڈیم کلورائیڈ، نمک کا جز اعظم ہے، یہ انسانی خلیات پر سب سے زیادہ اثر انداز ہوتا ہے تاہم جسمانی اور روحانی معالجین جب دیکھتے ہیں کے مریض دماغی خلیات سوڈیم کلورائیڈ سے بھر چکے ہیں تو مریضوں کو نمک ترک کرنے کی ہدایت دیتے ہیں۔ نمک میں سوڈیم کلورائیڈ کے چار حصے جبکہ پوٹاشیئم کلورائیڈ کا ایک حصہ ہوتا ہے، یہ ایک حصہ انسانی صحت کے لئے اتنا نقصان دہ نہیں جتنے چار حصے نقصان دہ ہو سکتے ہیں۔۲۶؎

## امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت حاذق طبیب

امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب نے انسان کی بد اخلاقی کی وجہ سے ہونے والی کئی نفسانی، نفسیاتی، ذہنی، جسمانی اور دماغی بیماریوں کی جانب نہایت وضاحت سے کلام فرمایا اور ان اخلاقی رزائل سے بچنے کی بالخصوص تلقین اور تاکید بھی فرمائی۔

اگر انسان کا اخلاق بگڑ جائے تو اس کے کتنے شدید مضمرات کا سامنا خود اس شخص اور اس کے خاندان اور معاشرے کو جھیلنے پڑتے ہیں ان نقصانات کا اندازہ لگانا بھی محال ہے۔

حضرت علیؑ نے فرمایا! جو شخص اپنے نفس کا تدارک اس کی اصلاح کے ذریعے نہیں کرتا اس شخص کا علاج مشکل، شفا ناممکن اور ایسے امراض کے طبیب ناپید ہوجاتے ہیں۔ ۲۷۔

حضور قلندر بابا اولیا فرماتے ہیں! دنیا میں جتنی بھی برائیاں اور جرائم ہیں اگر ان کی اصل وجوہات کی کھوج اور تحقیق کی جائے تو ان کی صرف اور تین ہی وجوہات سامنے آتی ہیں۔

۱۔ مادیت پسندی (دنیا کی ناختم ہونے والی خواہشات کی تکمیل اور روپے اور پیسے کی ہوس اور لالچ)۔ ۲۔ مزدور کو بروقت اجرت نا ادا کرنا۔ ۳۔ خواتین کا استحصال، بے عزتی اور ان پر تشدد

ذیل میں حضرت علیؑ بن ابی طالب کے بداخلاقی سے متعلق فرمودات تحریر کئے جارہے ہیں۔

## بداخلاقی

تمھاری بداخلاقی دوسروں میں سرائیت کرجاتی ہے اور وہ اس طرح کے تمھارے ساتھی کو تمھارے مقابلے میں اسی طرح کے عمل کے لئے اکساتی ہے۔

اخلاق کی خرابی احمقوں کی معاشرت (طرز زندگی) میں ہے۔

جس کا اخلاق خراب ہوجاتا ہے تو اس سے اس کے گھر والے بھی تنگ آجاتے ہیں۔

جو شخص اپنی غلطیوں سے راضی ہوجاتا ہے وہ شخص دوسروں کی غلطیوں سے بھی راضی ہوجاتا ہے۔ دھوکے بازی سے کام نالو کیونکہ یہ ایک نہایت مذموم عادت ہے۔

بداخلاق شخص ہر وقت طیش میں رہتا ہے اور اس کے پاس راحت کا وجود تک نہیں ہوتا ہے۔

بداخلاقی دو عذابوں میں سے ایک عذاب ہے۔ بداخلاق خود کو اذیت میں مبتلا کرتا ہے۔

بداخلاق انسان کا رزق تنگ ہوجاتا ہے۔

جس شخص نے اپنے اخلاق کی اصلاح نا کی اس کی نصیحت بھی لوگوں کو فائدہ نہیں پہنچاسکتی۔

عوام وہ آئینہ ہیں جس میں انسان اپنے اخلاق کو دیکھتا ہے کیونکہ وہ اپنی خوبیوں کو اپنے دوستوں کے ذریعہ اور اپنی برائیوں کو اپنے دشمنوں کے ذریعہ دیکھتا ہے

کافر بداخلاق اور بداطوار ہوتا ہے۔ برا اخلاق جہالت کا نمونہ ہوتا ہے۔

برا اخلاق جہالت کا نتیجہ ہوتا ہے۔ بداخلاق شخص ہر وقت طیش (غم وغصے) میں رہتا ہے اور اس کے پاس راحت اور خوشی کا کوئی وجود تک نہیں ہوتا ہے۔

بداخلاقی نازیبا ہے اور محسن کے ساتھ برائی نہایت مذموم ہے۔

بداخلاقی نفس انسانی کو متوحش اور انسانوں کے درمیان انس کو ختم کر دیتی ہے۔

بداخلاق انسان کے پاس کسی قسم کی کوئی خوشی اور مسرت آفرینی نہیں ہوتی۔

بداخلاق انسان اپنے آپ کو بداخلاقی کے سبب اذیت میں مبتلا کرتا ہے۔

جس شخص کا اخلاق خراب ہوجاتا ہے اس کا شخص کا رزق بھی اللہ تنگ کر دیتے ہیں۔۲۸؎

## کوسمک ریز کی تقسیم

دنیا میں بے شمار طریقہ علاج اور بے شمار طریقہ تشخیص ہیں لیکن روحانیت کا طریقہ تشخیص منفرد ہے، اس میں فرد کے اندر کام کرنے والی کوسمک ریز کی تقسیم کو جانچا جاتا ہے، یعنی فرد میں تعمیری یا تخریبی سوچ کا عمل دخل کتنا ہے، اگر فرد ہر وقت دوسروں سے متنفر رہتا ہے، جلن، حسد، خودغرضی، دوسروں کو اپنا دشمن سمجھنا، لوگوں کے خلاف سازشیں کرنا، جھوٹ، وعدہ خلافی، غیبت، چغلی اور وہ ہر وقت منفی سوچ میں گرفتار رہتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کے کوسمک ریز کا بڑا حصہ منفی سوچ پر خرچ ہوگیا اور جسم کے دوسرے اعصابی نظام کے لئے کوسمک ریز کی مقدار کم پڑ گئی، غور طلب امر یہ ہے کے جب جسمانی اعصابی نظام کو کوسمک ریز کی درست مقدار حاصل نا ہوگی تو وہ کس طرح سے اپنا کام کر پائیں گے؟ یقیناً اس نظام میں کمزوری اور اضمحلال پیدا ہوجائے گا جو کئی بیماریوں کی اصل وجہ ہے، مریض جب خود اپنا دشمن آپ ہی بن جائے گا تو معالجین کے لاکھ چاہنے کے باوجود ہزاروں قیمتی نسخے بے کار ہیں۔

دوسری جانب مثبت سوچ کے حامل افراد کی جسمانی، دماغی، نفسیاتی اور ذہنی صحت قابل رشک ہوتی ہے، ایسے افراد طویل العمر ہوتے ہیں۔۲۹؎

**حوالہ کتب:**

۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔کتاب النکاح۔
مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔دار ارقم بیروت۔نیز مسلم
۲۔سورہ بنی اسرائیل۔۸۲۔
۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۶۹۔
۴۔سورہ الحج۔آیت۔۱۶۔
۵۔سورہ جاثیہ۔آیت۔۳۔
۶۔سورہ النساء۔آیت۔۱۱۳۔
۷۔سورہ الشعراء۔آیت۔۸۰۔
۸۔زاد المعاد۔شیخ ابوعبداللہ محمد بن ابی بکر ابن القیم الجوزیۃ (متوفی ۷۵۱ھ) مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۹ھ۔
۹۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔دار الکتب العلمیہ۔
۱۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۱۔سورہ کہف۔آیت۔۵۴۔
۱۲۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۱۰۰۔
۱۳۔سورہ العدیات۔آیت۔۸۔
۱۴۔سورہ ہود۔آیت۔۹۔
۱۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۳۔
۱۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۔۳۔
۱۷۔سورہ الجاثیہ۔آیت۔۲۰۔
۱۸۔سورہ آل عمران۔آیت۔۷۶۔
۱۹۔سورہ الجاثیہ۔آیت۔۱۹۔
۲۰۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ) مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی ۴۰۵ھ)۔
مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ۔مطبوعہ دار امعرفہ بیروت ۱۴۱۸ھ۔
۲۲۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔ص۔۵۱۳۔طبع۔انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی

ایران۔ ۲۰۰۳ء۔
۲۳۔موسوعہ الرسائل ابن ابی الدنیا۔ج۔ ۳۔ص۔ ۳۰۔موسۃ الثقافیہ البیروت۔ ۱۴۱۴ھ۔
۲۴۔کلیات اقبال (اردو ترجمہ۔بال جبرائیل)۔ڈاکٹر محمد اقبال۔ص۔۵۹۔خزینہ علم وادب لاہور۔
۲۰۰۶ء۔
۲۵۔تشبیہات رومی۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم۔ص۔۵۱۔ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور پاکستان۔۱۹۵۹ء۔
۲۶۔فقیر کی ڈاک۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔۱۶۸۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔
۲۷۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔طبع۔انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی ایران۔
۲۰۰۳ء۔
۲۸۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔طبع۔انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی ایران۔
۲۰۰۳ء۔
۲۹۔فقیر کی ڈاک۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔ ۱۳۵۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

## باب(۲):

# نفس کا تعارف

علم نفس اتنا ہی قدیم علم ہے جتنی کے خود بنی نوع انسانیت زمین پر اس علم کی ابتداء تو اسی دن ہوگئی جس دن حضرت آدم اور حوا نے زمین پر اپنا پہلا قدم رکھا قرآن کریم کے انکشاف کے مطابق اس علم کی ابتداء تو عالم ارواح میں ہی ہوگئی تھی ، اللہ تعالی نے خود کائنات کے نقطہ آغاز کی وضاحت فرماتے ہوئے اپنے ارادے کی تشکیل کو حکم 'کن' کہہ کر ظاہر کیا جس کے نتیجے میں کائنات کے تمام اجزاء تخلیق ہو گئے اس وقت موجودات کی حیثیت ساکن تھی، ہر مخلوق کے ذہن میں صرف اتنا تھا کے میں ہوں لیکن میں کیا ہوں؟ کون ہوں؟ کس طرح ہوں؟ میرے علاوہ اور کون کون ہے؟

اس کا اسے علم نہ تھا موجودات کی تخلیق کے بعد اللہ تعالی نے خود کو تمام مخلوقات کے سامنے ظاہر فرماتے ہوئے یہ پوچھا اَلَسۡتُ بِرَبِّكُمۡ -۱ـ

کیا میں تمھارا رب ہوں؟ اللہ تعالی نے جیسے ہی موجودات کے سامنے خود کو ظاہر کیا اور اپنے بارے میں سوال کیا تو کل بنی نوع انسانیت کو حواس حاصل ہو گئے اور تمام ارواح نے اپنے رب کریم کو سنا، جانا، سمجھا اور پھر اس سے ہم کلامی کے شرف سے مشرف ہوئے یعنی تمام ارواح نے بیک وقت اللہ تعالی کے کئے ہوئے سوال کے جواب میں کہا قَالُوۡا بَلٰی ـ

۲ـ بے شک آپ کی ہمارے رب ہیں ـ

اس کے بعد کائنات کی حرکت شروع ہوگئی اور موجودات کی زندگیوں کا آغاز ہوگیا، یہ تو ہوا کائنات کے نقطہ آغاز کا بیان، جہاں تک علم نفس کا تعلق ہے تو یہ انسان کی روح، سانس اور اس کے شعور کا علم ہے،انسان دو عناصر یعنی مٹی اور روح کا مجموعہ ہے ـ

قرآن اس حوالے سے کہتا ہے!

اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ۔ ۳؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے (انسان) کو لیس دار مٹی سے پیدا کیا۔

وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ۔ ۴؎

ترجمہ۔ پھر اس میں اپنی روح پھونکی۔

انسانی جسم مٹی اور روح کا مجموعہ ہے جب تک اس کے جسم میں روح کام کرتی ہے وہ زندہ رہتا ہے لیکن جب اس کے جسم سے روح نکل جاتی ہے تو وہ مردہ کہلاتا ہے یعنی جسم انسانی کی مٹی زمین میں اور روح آسمانوں میں لوٹ جاتی ہے اب اس روح کو اتنا مضبوط، توانا اور مطمئن ہونا چاہئے کے وہ اپنے رب کے روبرو انتہائی اطمینان اور خوشی سے کھڑی رہ سکے جب ہی قرآن کریم میں فرمایا گیا!

يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً۔

ترجمہ۔ اے روح مطمئن تو اپنے پروردگار کی طرف چل تو اس سے خوش اور وہ تجھ سے خوش ۔۵؎

قرآن کریم میں لفظ نفس (298) بار استعمال ہوا ہے تصوف میں روح کے علم کو روحانی علم بھی کہا جاتا ہے انگریزی زبان میں اس علم کو Psychology کہا جاتا ہے، یہ یونانی زبان کا لفظ ہے، یونانی زبان میں Psyche کے معنی روح اور Logy کے معنی علم ہیں لہٰذا Psychology کے معنی روح کا علم ہے، ابتداء میں اسے صرف روح کا علم سمجھا جاتا تھا لیکن میں بعد میں ماہرین نفسیات نے اسے انسانی ذہن، شعور یا رویے کا علم بھی قرار دیا موجودہ دور میں نفسیات اس علم کو کہا جاتا ہے جو سائنسی انداز سے انسانوں اور جانداروں کے ذہنی اعمال و کردار کا مطالعہ کرے اس لفظ کو سب سے پہلے ایک مشہور انگریز سائنس دان ولیم ہاروے (William Harvey,1578.1657) نے ایجاد کیا اسی نے سب سے

پہلے گردش خون کو دریافت کیا تھالہٰذا انگریزی زبان میں باقاعدہ یہ لفظ 1693ء میں استعمال ہوا یونانی ارسطویات میں Psyche ایک انتہائی حسین وجمیل محبت کی دیوی ہے، جس کی پرستش یونان میں کی جاتی پانچویں صدی قبل مسیح یونان میں Psyche کو انسانی روح کی علامت سمجھا جانے لگا کیونکہ محبت بھی انسان کی روح کی گہرائی میں پائی جاتی ہے جس کی عمیق گہرائی کو آج تک کوئی نا پاسکا جس طرح سے انسانی روح کو بقائے دوام حاصل ہے بالکل اسی طرح سے اس محبت کی دیوی کو بھی بقائے دوام حاصل ہے چنانچہ ماہرین اور اہل علم حضرات نے اسے روح کے علم کے ساتھ جوڑ دیا لیکن اب یہ قصہ پارینہ ہے۔

قرآن کریم اور احادیث ﷺ کے کل مجموعے کا عنوان اور موضوع 'انسان' اور 'نفس انسانی' ہے جس کی سورہ الشّمس میں اللہ نے قسم کھاتے ہوئے فرمایا نفس انسانی کی اور اس ذات کی قسم جس نے اسے ہموار کیا پھر اس کی بدی اور اس کی پرہیز گاری اس پر الہام کردی گئی یقیناً فلاح پا گیا وہ جس نے نفس کا تزکیہ کرلیا اور نامراد ہوا وہ جس نے اس کو دبادیا۔

قرآن کریم کی تمام آیات میں بنی نوع انسانیت کے لئے قاعدہ قانون، حلال وحرام، جزاوسزا اور زندگی گزارنے کے تمام اصول وضع کردئے گئے جبکہ کسی ایک آیت میں بھی اللہ تعالی فرشتوں، جنات یا دیگر اشیاء کائنات سے مخاطب نہیں بالکل اسی طرح سے رسول اللہ ﷺ کے کل احادیث کے مجموعے کا عنوان یا موضوع بھی 'انسان' ہے رسول اللہ ﷺ کے مخاطب بھی بنی نوع انسان ہیں جس سے نفس انسانی کی اہمیت کا بخوبی اندازا لگایا جاسکتا ہے۔

## نفس کی تعریف:

کئی مفسرین، محدثین، علماء اور فضلاء نے نفس انسانی کی تعریف کرنے کی کوشش کی ہے جو درج ذیل ہے۔صاحب تاج العروس نے لکھا ہے نفس کے بہت سے معنی ہیں۔

نفس۔انسانی شخصیت کی ظاہری اور باطنی پہلوؤں کے مجموعہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

نفس۔سے مراد وہ شخصی توانائی ہے جو اچھے اور برے میں تمیز پیدا کرتی ہے جیسے عام طور پر

شعور اور احساس بھی کہا جاتا ہے

**نفس** ۔ سے مراد عقل، علم اور قلب بھی ہے ۔

**نفس** ۔ عین الشیئ ء کے معنوں میں بھی ہے جیسے کے جاء نی الملیک بنفسہ یعنی بادشاہ میرے پاس بنفس نفیس آیا ۔

**نفس** ۔ عظمت، بڑائی، ہمت، غیرت ارادہ کے معنوں میں بھی سمجھا جاتا ہے ۔

**نفس** ۔ سے ایک لفظ النفس بھی نکلا ہے جس کے معنی انسان کا خود اپنا آپ یا بھائی بند کے بھی ہیں انگریزی زبان میں اس کے لئے مناسب الفاظ Myself, Yourself or Himself ہیں ۔

**نفس** ۔ کے معنی خون کے بھی ہیں چنانچہ نفاس اس خون کو کہتے ہیں جو کے بچے کی ولادت کے بعد خواتین کو آتا ہے اور یہ خود ولادت کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

**نفس** ۔ سے مراد سانس لینے کا عمل بھی ہے یعنی تنفس اور نفس کی جمع انفاس بھی ہے ۔

**نفس** ۔ کے معنی وسعت اور کشادگی کے بھی ہیں ۔

**نفس** ۔ کے ایک معنی ہلکی اور نرم ہوا کے بھی ہیں ۔

**نفس** ۔ کے معنی ایک کش اور ایک گھونٹ کے بھی ہیں ۔

**نفس** ۔ طویل چیز کے معنی میں بھی مستعمل ہے ۔

**نفس** ۔ سے ایک لفظ نفیس یعنی مال کثیر بھی نکلا ہے اور شئی نفیس سے مراد وہ عمدہ چیز جس کی طرف انسان لپک کر جائے ۔

**نفس** ۔ سے ایک لفظ 'تنفس الصبح' بھی نکلا ہے جس کے معنی ہیں صبح کا واضح اور روشن ہوجانا

**نفس** ۔ سے ایک لفظ نافس اور تنافس بھی نکلا ہے جس کے معنی کسی اچھے کام میں ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش ۔

**نفس** ۔ کے معنی عندی (میرے پاس) کے بھی ہے ۔ تاج العروس نے اس کی مثال کے لئے

سورہ المائدہ کی آیت تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ کا حوالہ بھی پیش کیا ہے جس کے معنی ہیں اے میرے رب جو کچھ میرے دل میں ہے تو اسے جانتا ہے لیکن جو کچھ تیرے پاس ہے میں اسے نہیں جانتا ہوں ۔۶۔

**نفس**۔۔۔۔اس سے مراد عقوبت یا سزا اعمال کے بھی ہیں جیسے وَیُحَذِّرُکُمُ اللّٰہُ نَفْسَهٗ اس آیت کے یہ معنی نہیں ہیں کے اللہ تمھیں اپنے آپ یا اپنی ذات سے ڈراتا ہے بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کے اللہ تمھیں اپنے قانون مکافات کی رو سے مرتب ہونے والے تباہ کن نتائج سے محتاط رہنے کی تاکید کرتا ہے۔

**نفس**۔۔۔۔قرآن کریم میں لفظ 'نفس' کو انسانی ذات یا Human Personality کے لئے بھی استعمال کیا گیا جسے اقبال خودی (Self) کہتے ہیں اس نفس کو کچھ لوگ انا یا I am ness یا Ego بھی کہتے ہیں ۔۷۔

المنجد میں نفس کی تعریف اس طرح سے بیان کی گئی ہے نفس سے مراد انسان کی عقل، علم اور قلب ہے۔۸۔

## انائے کبیر (نفس باری تعالیٰ) یا ذات باری تعالیٰ کا قرآنی تصور

اللہ تعالیٰ اپنی ذات کے لئے بھی قرآن کریم میں درج ذیل چار مقامات پر لفظ نفس کا ذکر فرمارہے ہیں جبکہ یہ بات قابل ذکر اور قرآن کریم کا اصول ہے کے انتہائی اہم باتوں کا ذکر قرآن کریم میں کم از کم دو مقامات پر ضرور کیا جاتا ہے۔

-وَیُحَذِّرُکُمُ اللّٰہُ نَفْسَهٗ-وَاِلَی اللّٰہِ الْمَصِیْرُ ۔۹۔

ترجمہ۔اللہ تمھیں اپنے آپ سے ڈراتا ہے اور تمھیں اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْرِیْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ۔۱۰۔

ترجمہ۔اور بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ کی رضا جوئی کے لیے اپنی جان بھی بیچ دیتے ہیں۔

قُلْ لِّلّٰهِ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۔۱۱۔

ترجمہ۔ کہو کے سب کچھ اللہ کا ہی ہے اور اس نے رحم وکرم کو اپنے اوپر لازم کرلیا ہے۔

كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔ تمھارے رب نے رحم وکرم کو اپنے اوپر لازم کرلیا ہے۔

درج بالا نفس باری تعالیٰ کو اقبال کے یہاں نفس کبیر یا Infiniat Ego بھی کہا گیا ہے۔

## نفس انسانی کا قرآنی تصور

کل آسمانی کتب وصحائف بالخصوص پورا قرآن کریم ہی نفس انسانی اور اصلاح انسانی کے حوالے سے بنی نوع انسانیت کی رہنمائی کے لئے موجود ہے جس کا خطاب انسانوں سے کیا گیا کامیاب اور فلاح پانے والے انسانوں کے حوالے سے خود قرآن یہ کہتا ہے!

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ بے شک جس نے نفس کو پاک کرلیا وہ کامیاب ہوگیا۔

تزکیہ نفس، دراصل روحانی نشونما میں حائل رجحانات اور میلانات پر قابو پانے کا نام ہے جب زمین میں کوئی درخت لگایا جاتا ہے تو اس کے اطراف کی گھاس پھونس یا جھاڑیوں کو کاٹ دیا جاتا ہے تا کہ زمین کی تخلیقی قوت میں اضافہ ہو سکے اور درخت کی نشونما اچھے طریقے سے ہو سکے تاہم صفائی کا یہ عمل انسانی زندگیوں میں بھی ہوتا ہے جیسے تزکیہ نفس کہا جاتا ہے اسی لئے نفس کی تطہیر مختلف عبادات کے ذریعے سے کی جاتی ہے تا کہ انسان اپنی ذاتی زندگی میں اس انقلاب کے ذریعے اللہ کا مقرب بن سکے۔

بقول شاعر!

مجھ میں میرا ہی ایک مخالف ہے ۔۔۔ نیک اور بد کی ایک قالب ہے

ارشادات خداوندی ہیں!

يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔اے روح مطمئنہ! تو اپنے رب کی جانب چل، تو اس سے خوش اور وہ تجھ سے خوش اور ہمارے (نیک) بندوں سے مل اور جنت میں داخل ہوجاؤ۔

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۔۱۵؎

اللہ نے ایمان دار مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں کا وعدہ دیا ہے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے اور عمدہ مکانوں اور ہمیشگی کے باغوں میں، اور اللہ کی رضا ان سب سے بڑی ہے، یہی وہ بڑی کامیابی ہے۔

رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۔۱۶؎

ترجمہ۔اللہ ان سے راضی ہوگیا اور وہ اللہ سے راضی ہوگئے۔

وَفِيْ اَنْفُسِكُمْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۔۱۷؎

ترجمہ۔ہم تو تمھارے (نفس کے) اندر ہیں کیا تم نہیں دیکھتے؟۔

وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ۔۱۸؎

ترجمہ۔جو شخص نفسانی خواہشات کے خلاف عمل کرتا ہے اس کی جگہ جنت میں ہے۔

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ۔۱۹؎

ترجمہ۔ہم تو تمھاری رگ جان سے بھی قریب تر ہیں۔

اللہ تعالیٰ نہ کبھی بندے سے دور ہوئے اور نہ ہی اللہ اور بندے کے درمیان کوئی فاصلہ ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رشاد پاک ہے!

جہاں تم ایک ہوتے ہو وہاں دوسرا اللہ ہے اور جہاں تم دو ہوتے ہو وہاں تیسرا اللہ ہے۔

قرآن کریم اور حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ بات بالکل واضح ہوگئی کے اللہ اور بندے کے

درمیان کسی قسم کا کوئی فاصلہ نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے سورہ اخلاص میں اپنی صفات کا تعارف ان الفاظ میں کروایا!

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔۲۰

ترجمہ۔کہو کے اللہ ایک ہے، وہ بے نیاز ہے، نہ وہ کسی کا باپ ہے اور نہ اس کا کوئی بیٹا ہ اور اس کا کوئی ہم سر نہیں۔

اس سورہ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے درج ذیل پانچ چیزوں کا ذکر فرمایا ہے۔

۱۔اللہ واحد ہے وہ مخلوق کی طرح کثرت میں نہیں۔

۲۔وہ ضروریات، احتیاجات اور توقعات سے پاک اور مبرا ہے جبکہ مخلوقات کو ہر قدم پر احتیاجات اور ضروریات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

۳۔نا وہ کسی کا باپ ہے جبکہ انسان اپنے والدین کی وجہ سے دنیا میں آتا ہے۔

۴۔اور نہ اس کا کوئی بیٹا ہے جبکہ انسان کا خاندان، عزیز واقارب اور رشتے داریاں ہوتی ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کو خاندان اور اولاد کی قطعاً کوئی حاجت نہیں ہے۔

۵۔اور اس کا کوئی ہم سر نہیں یعنی اس جیسا پوری کائنات میں کوئی نہیں جبکہ مخلوقات میں باہمی کئی چیزیں مشترک ہوتی ہیں۔

جب کوئی بندہ اللہ سے قرب کا متمنی ہوتا ہے تو اس کے لئے لازمی ہے کے وہ اپنی تمام تر احتیاجات کا رخ اللہ کی جانب موڑ دے اور صرف اور صرف اللہ کا بن کر رہے اس عمل کو تصوف میں استغناء کہتے ہیں استغناء اللہ کے قرب اور اس کی معرفت کے حصول کا سب سے آسان ترین نسخہ اور طریقہ ہے، انبیاء علیہ السلام کی طرز فکر بھی یہی ہے کے وہ جب کسی چیز کا ارادہ کرتے تو درمیان میں اللہ کی ذات کو بطور واسطہ رکھتے۔انبیاء علیہ السلام کبھی بھی 'میں' کا استعمال نہ کرتے بلکہ ان کی ہر بات میں 'صرف تم' (اللہ) شامل ہوتا۔

اہل باطن نے 'بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ' کی روحانی تفسیر اسی طرح فرمائی ہے کے ہر

کام سے پہلے جب بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ لی جاتی ہے تو اس کا مطلب یہی ہوتا ہے کے پڑھنے والے نے اپنے ذہن اور اپنے امور کو اللہ کی جانب موڑ دیا اور اب وہ معاملات کو اللہ کے واسطے سے دیکھ اور سمجھ رہا ہے استغناء کی صفت کا حامل بندہ اپنی تمام زندگی Routine میں گزارتا ہے یعنی وہ اپنی زندگی کے تمام اعمال و تقاضوں کو ضرورت کے تحت گزارتا ہے، وہ ان ضروریات اور احتیاجات کو مقصد زندگی نہیں بناتا بلکہ اس کا اصل متمع نظر ذات باری تعالی ہے، وہ اللہ کے قرب اور وصال کا متمنی ہوتا ہے استغناء کا ہرگز یہ مطلب نہیں کے انسان ایک جگہ بے حس و حرکت ہو کر بیٹھ جائے بلکہ اس کا اصل مقصد یہ ہے کے انسان اپنی ہر توقع اللہ سے وابستہ کرتے ہوئے اپنی کوششوں کے نتائج کو اللہ پر چھوڑ دے، اس کے ساتھ ساتھ اپنی ہر حرکت اور اپنے ہر عمل کو اللہ کی ذات کی طرف موڑتے ہوئے اپنے ہر معاملے کو منجانب اللہ سمجھے کیونکہ رحمانی طرز فکر کے حامل بندوں کا طرز عمل یہی ہوتا ہے وہ ہر شے کو اللہ کی طرف سے دیکھتے اور سمجھتے ہیں اور اپنے تمام معاملات کو اللہ کے سپرد کر دیتے ہیں۔ ۲۱؎

## نفس انسانی سے متعلق کچھ آیات اور ان میں درپیش فلسفہ حیات

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِىۡ عَنِّىۡ فَاِنِّىۡ قَرِيۡبٌ‌ؕ اُجِيۡبُ دَعۡوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ‌ۙ فَلۡيَسۡتَجِيۡبُوۡا لِىۡ وَلۡيُؤۡمِنُوۡا بِىۡ لَعَلَّهُمۡ يَرۡشُدُوۡنَ۔ ۲۲؎

ترجمہ۔ جب میرے بندے میرے بارے میں آپ سے پوچھیں تو آپ فرما دیجئے کے میں ان سے بہت قریب ہوں جب وہ مجھ کو پکارتے ہیں تو میں ان کی پکار کا جواب دیتا ہوں انھیں بھی چاہئے کے وہ میرا جواب سن کر مجھے جواب دیں اور یقین رکھیں کے یہی ان کی رشد ہدایت کا باعث ہے۔

## اللہ ہر انسان کے اندر بستا ہے

اس آیت کی وضاحت میں رومی کہتے ہیں تمام تصوف عالیہ کا لب لباب یہ ہے کے خدا انسان

کے اندر موجود ہے لیکن انسان کی بے بصری نے اسے محجوب کر رکھا ہے خدا کو خارج میں ڈھونڈنے کی ضرورت نہیں اگر انسان اپنی خودی کے لامتناہی ممکنات اور اس کی لامحدود قوتوں سے آگاہ ہو جائے تو اس جہان میں بھی اسے کوئی محتاجی محسوس نہ ہو آپ مزید یہ کہتے ہیں کے اصل میں دل کا دروازہ خدا کے گھر کا دروازہ ہے خدا یہ کہتا ہے جب تم مجھے پکارتے ہو تو میں اس کا جواب دیتا ہوں، زندگی میں ہر مقصود ایک قیمت رکھتا ہے جبکہ معرفت میں یہ قیمت ہمت ووفا اور صبر ورضا ہے۔ ۲۳؎

سُبْحَانَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ۔ ۲۴؎

ترجمہ۔ پاک ہے وہ ذات جس نے ہر قسم کے جوڑے پیدا کئے ہیں، اس میں سے بھی جس کو زمین اگاتی ہے اور خود ان کے نفوس میں بھی اور ان چیزوں میں سے بھی جن کو وہ نہیں جانتے۔

## کائنات میں ہر شے کا جوڑا ہے

قانون قدرت یہ کے اللہ تعالی نے کائنات کی ہر شے کو جوڑے کی شکل میں پیدا کیا ہے، حضرت امام حسنؓ سے کسی شخص نے سوال کیا انسان کے سر میں بالوں کی تعداد کتنی ہے؟ تو آپؑ نے فرمایا تعداد تو مختلف ہو سکتی ہے لیکن ایک بات طے ہے کے تعداد چاہے جو بھی ہو لیکن وہ مرکب ہو گی مفرد نہیں کیونکہ اللہ تعالی نے ہر شے کو جوڑے کی شکل میں پیدا کیا۔ یعنی کائنات کی ہر شے جوڑے کی شکل میں ہے جس میں انسان، جانور، پرندے، درخت، پھل، پھول سمندر، پہاڑ، جنگل، بیاباں، ریت، کنکر، پتھر حتیٰ کے قرآن کریم میں موجود سورتوں کے بھی جوڑے ہیں جیسے کے سورہ البقرہ اور سورہ آل عمران کا جوڑا ہے یعنی ایک سورت میں جو مضامین بیان کئے گئے اس سورت کے جوڑے میں اس فکر و فلسفے کو مکمل کر دیا گیا الغرض کائنات کی ہر شے کا جوڑا ہے اور اس کے ادراک اور آگہی کے لئے ضروری ہے کے کائنات میں غور فکر کی جائے۔

فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ-جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا-يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ-لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ-وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ-۲۵

ترجمہ۔ وہ آسمانوں اور زمین کو عدم سے وجود میں لانے والا ہے، اس نے تمھارے نفس میں سے جوڑے بنائے اور چوپائیوں کے جوڑے بنائے، وہ تمھیں اس دنیا میں پھیلاتا ہے اس کی مثل کوئی شے نہیں اور وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا-۲۶

ترجمہ۔ اے لوگو تم اپنے رب سے ڈرو، جس نے تم کو ایک جان سے پیدا کیا اور اسی جان سے اس کا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے بہت سے مرد وعورت دنیا میں پھیلا دئے اس خدا سے ڈرو جس کا واسطہ دے کر تم ایک دوسرے سے اپنے حق مانگتے ہو اور رشتہ وقرابت کے تعلقات کو بگاڑنے سے پرہیز کرو یقین جانو کے اللہ تم پر نگرانی کر رہا ہے۔

## خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

نوع انسانی کی تخلیق کی ابتداء ایک فرد واحد (حضرت آدم) سے ہوئی پھر اسی جان سے اللہ نے ان کا جوڑا پیدا کیا یعنی حضرت حوا بائبل (تالمود) میں یہ بیان کیا گیا کے حوا کو آدم کی دائیں جانب کی تیرہویں پسلی سے پیدا کیا گیا لیکن قرآن اس بارے میں خاموش ہے وہ یہ تو کہتا ہے کے حوا آدم کے وجود کا ہی ایک حصہ ہیں لیکن ان کی پیدائش کی تفصیل کو قرآن نے مجمل رکھا لیکن علماء باطن نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے قرآن کریم صرف حوا کی تخلیق کا ذکر نہیں کر رہا ہے بلکہ وہ عورت کی تخلیق کے متعلق اس حقیقت کا اظہار بھی کر رہا ہے کے وہ بھی مرد کے ہی وجود کا ایک حصہ ہے یعنی حوا کا وجود آدم کے اندر موجود تھا جسے اللہ نے جب چاہا آدم کے وجود سے ظاہر کر دیا۔

علماء باطن کی نظر میں کل اشیاء کائنات دو رخوں سے مرکب ہے، ایک اس کا ظاہری رخ اور دوسرا اس کا باطنی رخ ،جس طرح سے مرد کے وجود کے اندر عورت کا وجود مخفی اور پنہاں ہے بالکل اسی طرح سے عورت کا وجود میں بھی ایک مرد پوشیدہ اور مخفی ہے جب ہی حضرت مریم کے وجود سے بغیر باپ کے حضرت عیسیٰ ابن مریم پیدا ہو گئے۔۲۷؎

## نفسٍ وّاحِدَۃٍ کی روحانی تشریح

اہل روحانیت اس آیت کی تفسیر کچھ اس انداز سے کرتے ہیں کے کائنات کی ہر شے لہروں کے تانے بانے پر قائم ہے اور یہ لہریں نور کے اوپر قائم ہیں اللہ تعالی کے فرمان کے مطابق !

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ۔۲۸؎

ترجمہ۔اللہ زمین اور آسمان کا نور ہے۔

تخلیق کی ایک حیثیت نورانی ہے اور دوسری حیثیت روشنی ہے ان لہروں اور تخلیق کے نورانی وصف کو تلاش کرنے کے لئے اہل اللہ نے انسانی شعور کی مناسبت سے قاعدے اور ضابطے بنائے ہیں اور ایک نقطے کو تقسیم کر کے چھ کر دیا ہے تا کہ ایک مبتدی سالک انھیں آسانی سے سمجھ سکے،اس ایک نقطے کے چھ حصوں میں تقسیم کا نام تصوف میں لطائف ستہ یا چھ لطائف رکھا گیا ہے پانچ لطائف کو چھوڑ کر آخری چھٹا لطیفہ جس کو اخفی کا نام دیا گیا ہے ہر انسان کے اندر نفس واحدہ کی شکل میں موجود ہے یہی وہ نقطہ ہے جو اللہ کا گھر ہے،جس میں اللہ بستا ہے اور جس پر براہ راست اللہ کی تجلیات کا نزول ہوتا ہے اور یہی وہ نقطہ ہے کے جس میں داخل ہونے کے بعد کائنات صحیح معنوں میں تسخیر ہو جاتی ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰہَ سَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی السَّمَاوَاتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَیْکُمْ نِعَمَہٗ ظَاہِرَۃً وَّبَاطِنَۃً۔۲۹؎

ترجمہ۔کیا تم نے اس پر نظر نہیں کی کے اللہ نے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں

ہے، سب کو تمھارے لئے مسخر کر دیا اور تم پر اپنی نعمتیں ظاہر میں اور باطن میں کمال کو پہنچا دیں۔

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِّنْهُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ۔

ترجمہ۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے ان سب کو اپنی طرف سے تمھارا مسخر بنا دیا بے شک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو سوچتے ہیں۔ ۳۰؎

يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَهُوَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ۔ ۳۱؎

ترجمہ۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور وہ جانتا ہے جو کچھ سینوں میں چھپا ہے۔

## تیسری آنکھ

معروف ماہر مابعد النفسیات رئیس امروہوی 'نفس واحدہ' کو اپنی علمی بصیرت میں تیسری آنکھ سے تشبیہ دیتے ہوئے یہ کہتے ہیں انسانی دماغ میں ایک غدود پایا جاتا ہے جس کو 'غدہ صنوبری' یا پی نل گلینڈ کہتے ہیں، کتب فزیالوجی اور اناٹامی کے مطالعے سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کے پی نیل گلینڈ کا ہمارے جسم میں یہ کام ہے کے وہ خون میں رطوبتوں یعنی ہارمونز کو شامل کرے اس کے ساتھ ساتھ اس گلینڈ کی یہ خصوصیت بھی ہے کے وہ جنسی غدود کی نشونما کرے لیکن سائنسدان اس کے اصل مقصد سے ناواقف ہیں جبکہ بائیولوجسٹ یہ کہتے ہیں کے پی نیل گلینڈ عضویاتی اور جسمانی ارتقاء کی طویل منازل طے کرتے ہوئے اپنی حیاتیاتی افادیت کو پورا کرتے ہوئے سکڑ گیا تاہم اہل روحانیت اور ماہرین مابعد النفسیات کے مطابق پی نیل گلینڈ ہی دراصل کسی بھی انسان کی تیسری آنکھ ہے جبکہ مسلسل ارتکاز توجہ کی مشقوں کے ذریعے اس گلینڈ کی خصوصیات اور صفات کو Active کیا جا سکتا ہے یہی نہیں بلکہ اس تیسری آنکھ کو بیدار کر کے

انسان چاند پر موجود غاروں اور مریخ پر موجود پہاڑوں کا مشاہدہ بغیر کسی ریڈیائی ٹیلی اسکوپ کے کرسکتا ہے بقول شاعر!

عجب تضاد بشر ہے،خوشا تضاد بشر — کے اک بدیعہ تخلیق کائنات مگر
یہ کیا کہ پردہ درغیب جس کا ذوق شہود — پہنچ سکے پس دیوار بھی نہ اس کی نظر
یہ کیا کے منزل الہام جس کا قلب سلیم — وہ اپنے نقش کف پا کی پا سکے نا خبر
یہ کیا کے عالم ارواح جس کی جولا نگاہ — خود اپنے کشتہ تن میں نہ کر سکے وہ گزر
یہ کیا کے لشکر اجسام کا جو میر سپاہ — خود اپنے جسم کے زنداں میں ڈال دے وہ سپر
یہ کیا تضاد بشر !!! یہ کیا تضاد بشر!!! ۳۲؎

اِذَا الشَّمۡسُ كُوِّرَتۡ وَاِذَا النُّجُوۡمُ انۡكَدَرَتۡ وَاِذَا الۡجِبَالُ سُيِّرَتۡ وَاِذَا الۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ وَاِذَا الۡوُحُوۡشُ حُشِرَتۡ وَاِذَا الۡبِحَارُ سُجِّرَتۡ وَاِذَا النُّفُوۡسُ زُوِّجَتۡ ۔

ترجمہ۔ جب سورج لپیٹ دیا جائے گا اور تارے بے نور ہو جائیں گے اور جب پہاڑ ہلائے جائیں گے اور جب دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں چھوڑ دی جائیں گی اور جب وحشی جانور اکھٹے کردئے جائیں گے اور جب نفوس کے جوڑے ملا دئے جائیں گے۔ ۳۳؎

## نفوس کے جوڑے ملا دیئے جائیں گے

وَاِذَا النُّفُوۡسُ زُوِّجَتۡ۔ سے مراد جوڑے ہیں اور جوڑے کے لئے عربی زبان میں لفظ زوج استعمال کیا جاتا ہے۔

حضرت نعمان بن بشیرؓ بیان کرتے ہیں، حضرت عمرؓ نے بیان کیا جنت میں نیک آدمی، نیک آدمی کے ساتھ ملا دیا جائے گا اور دوزخ میں بدکار کو بدکار کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔

حسن بصری اور قتادہ کہتے ہیں ہر شخص کو اس کی جماعت کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔ ۳۴؎

دو چیزیں ایسی ہیں جو جنت میں بھی انسان کے ساتھ ہی جائیں گی، ان میں سے پہلا انسان کا نسب اور دوسرا نکاح ہے۔

اس حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ۔۳۵؎

ترجمہ۔آخرت کا گھر انھی لوگوں کے لئے ہے یعنی ایسے باغات جوان کی ابدی قیام گاہ ہوں گے وہ خود بھی ان میں داخل ہوں گے اور ان کے آباؤاجداد یعنی (ان کے باپ، دادا) اور ان کی بیویاں اور ان کی اولادیں جو صالح تھیں وہ بھی انھی کے ساتھ (جنت) میں ہوں گے ملائکہ ہر طرف سے ان کا استقبال کر رہے ہوں گے اور ان پر سلامتی بھیجتے ہوں گے اور کہیں گے کے تم نے جس طرح سے دنیا میں صبر کیا ہے اسی کی بدولت آج تم اس کے مستحق ٹھہرے ہو۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں، جب اہل جنت جنت میں داخل ہو جائیں گے تو ان میں سے ایک شخص اپنے والدین اور بیوی بچوں کے بارے میں سوال کرے گا تو اس سے یہ کہا جائے گا کے انھوں نے وہ درجہ نہیں پایا جو تمھیں ملا ہے یہ سن کر وہ کہے گا کے اے میرے رب یہ اعمال میں نے اپنے لئے اور ان کے لئے بھی کئے تھے جس پر یہ حکم دیا جائے گا کے ان کے آباؤاجداد اور بیوی بچوں کو بھی اس سے ملا دو۔۳۶؎

حضرت خدیجہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنے فوت شدہ والدین کے بارے میں سوال کیا جن کا انتقال زمانہ جاہلیت میں حالت کفر میں ہوا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وہ جہنم میں ہیں، یہ سن کر حضرت خدیجہؓ کو ملال ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی یہ کیفیت دیکھ کر ارشاد فرمایا! اگر تم ان کی جگہ دیکھ لو، تو تم بھی ان سے بغض رکھو گی، اس کے بعد حضرت خدیجہؓ نے

سوال کیا لیکن میری وہ اولاد جو آپ ﷺ سے ہے؟ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ جنت میں ہیں، اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا! بے شک مومنین اور ان کی اولادیں جنت میں ہیں اور مشرکین اور ان کی اولادیں جہنم میں اس کے بعد آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ۔ ۳۷

ترجمہ۔ ایمان والوں کو اور ان کی اولادوں کو جس نے ایمان لانے میں ان کی پیروی کی، ہم ان کی اولاد کو بھی (جنت) میں ان کے ساتھ ملا دیں گے اور ہم ایمان والوں کے عمل میں کوئی کمی نہیں کریں گے۔

يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ۔ ۳۸

ترجمہ۔ جس دن ہر نفس اپنے نفس سے جھگڑتا ہوا آئے گا اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور کسی پر ظلم نہیں ہوگا۔

فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ۔ ۳۹

ترجمہ۔ جب ان پر ہمارا عذاب آیا تو اس وقت ان کی یہی چیخ و پکار تھی کے بے شک ہم ہی ظالم تھے۔

## عذر عذاب

امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۰ھ) اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! کوئی قوم اس وقت تک عذاب سے ہلاک نہیں ہوئی، جب تک کے انھوں نے خود اس عذاب کا عذر بیان نہ کیا ہو۔

راوی کہتے ہیں میں نے پوچھا یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ تو انھوں نے یہ آیت تلاوت فرمائی جب ان پر ہمارا عذاب آیا تو اس وقت ان کی یہی چیخ وپکار تھی بے شک ہم ہی ظالم تھے۔۴۰؎

یہاں کُلُّ نَفۡسٍ تُجَادِلُ عَنۡ نَّفۡسِهَا سے مراد بھی یہی ہے کے ہر نفس اپنے نفس سے جدل کرتا ہوا آئے گا۔

فَمَا كَانَ دَعۡوٰٮهُمۡ اِذۡ جَآءَهُمۡ بَاۡسُنَاۤ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوۡۤا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيۡنَ۔۴۱؎

ترجمہ۔ ہم نے کتنی ہی بستیوں کو ہلاک کردیا، پس ان پر ہمارا عذاب اچانک رات کے وقت آیا یا پھر دوپہر کے وقت جبکہ وہ سو رہے تھے، جب ان پر ہمارا عذاب آیا تو اس وقت ان کی یہی چیخ وپکار تھی کے ہم ظالم تھے یہاں 'باس' کے معنی خوف، شدید اور جنگ میں شدت کے ہیں۔

علامہ راغب اصفہانی نے لکھا ہے 'باس' کے معنی عذاب کے ہیں۔

فَقَاتِلۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفۡسَكَ وَحَرِّضِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ‌ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنۡ يَّكُفَّ بَاۡسَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا‌ ؕ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاۡسًا وَّاَشَدُّ تَـنۡكِيۡلًا ۔۴۲؎

ترجمہ۔ وتو اللہ کی راہ میں لڑ سوائے اپنی جان کے تو کسی کا ذمہ دار نہیں، اور مسلمانوں کو تاکید کر، قریب ہے کہ اللہ کافروں کی لڑائی روک کردے، اور اللہ لڑائی میں بہت ہی سخت ہے اور سزا دینے میں بھی بہت سخت ہے۔

وَلَوۡ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوۡنَ فِىۡ غَمَرٰتِ الۡمَوۡتِ وَالۡمَلٰٓـئِكَةُ بَاسِطُوۡۤا اَيۡدِيۡهِمۡ‌ ۚ اَخۡرِجُوۡۤا اَنۡفُسَكُمُ ۔۴۳؎

ترجمہ۔ کاش تم ان ظالم لوگوں کو اس وقت دیکھو، جب وہ موت کی سختیوں میں ہوں اور ملائکہ یہ کہتے ہوئے ہاتھ بڑھا رہے ہوں کے نکالو اپنے نفوس.

## کافروں پر موت کی سختی

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے بیان فرمایا ملک الموت کافروں کی روح کو ہر بال، ناخن اور

قدموں کی جڑوں کے نیچے سے کھینچتا ہے اور اس کو اس کے جسم میں بار بار لوٹا کر نکالتا ہے۔
جبکہ مقاتل نے کہا ملک الموت اور اس کے مددگار فرشتے کفار کی روحوں کو اس طرح سختی سے کھینچتے ہیں جیسے لوہے کی سیخ میں بہت سے کانٹے ہوں اور ان میں گیلا اون پھنسا ہوا اور اس کو سختی سے کھینچ کر نکالا جائے پھر اس کی جان ایسے نکلتی ہے جیسے پانی میں ڈوبا ہوا شخص نکلتا ہے ۔۴۴۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، یہ کافروں کی روحیں ہیں جن کو کھینچ کر نکالا جاتا ہے پھر انھیں آگ میں غرق کر دیا جاتا ہے۔۴۵۔

بے شک جب کافر کی موت کا وقت آتا ہے تو فرشتے ایک ٹاٹ میں انگارے بھر کر لاتے ہیں پھر اس کی روح کو نہایت سختی کے ساتھ کھینچ کر نکالا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے اے خبیث روح اس حال میں کہ تو ناراض ہو اور تجھ پر اللہ ناراض ہو اللہ کی دی ہوئی اس ذلت اور عذاب کی طرف نکل اور جب وہ روح نکل آتی ہے تو اس کو انگاروں پر رکھ دیا جاتا ہے اور اس ٹاٹ کو اس کے اوپر لپیٹ دیا جاتا ہے اور اس کو سجین کی طرف لے جایا جاتا ہے۔۴۶۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ۚ وَ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ۔

ترجمہ۔کافروں کے لئے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے اور وہ جنت میں داخل نہیں کئے جائیں گے، حتیٰ کے اونٹ سوئی کے سوراخ میں داخل ہو جائے، اور ہم گناہگاروں کو اسی طرح سزا دیتے ہیں۔۴۷۔

اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۔۴۸۔

ترجمہ۔اگر تم نیکی کرو گے تو اپنے نفوس کے لئے کرو گے اور اگر بدی کرو گے تو اس کا وبال بھی تمھارے نفوس پر ہوگا۔

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۔۴۹؎

ترجمہ۔یعنی اے اہل ایمان اپنے نفوس کی حفاظت کرو۔

قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَاَخِىْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ

ترجمہ۔موسیٰ نے کہا اے میرے رب میں اپنے نفس کے سوا اور اپنے بھائی کے ساتھ کسی پر ہرگز تصرف نہیں رکھتا ہوں اس لئے تو ہمارے اور فاسقین کے درمیان امتیاز کردے۔۵۰؎

## نفوس کی حفاظت

نفوس کی حفاظت کا پہلا نکتہ تو یہ ہے کے انسان کو یہ معلوم ہو کے تمام اشیاء کائنات انسان کی خدمت کے لئے جبکہ انسان کو اللہ نے اپنی عبادت کے لئے پیدا فرمایا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ۔۵۱؎

ترجمہ۔ہم نے انسانوں اور جنات کو صرف اسی لئے پیدا کیا تا کہ وہ میری عبادت کریں۔

معرفت الٰہی سے مراد اللہ کا قرب اور اس سے دوستی کے ہیں اور یہ پہچان خلوص نیت، بندگی اور عبادت کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اے ابن آدم میری عبادت کرنے کے لئے فارغ ہو، میں تیرا سینہ غنا سے بھر دوں گا اور تیرے فقر کو دور کردوں گا اور اگر تو ایسا نہیں کرے گا تو میں تیرے ہاتھوں کو مشغول رکھوں گا اور تیرے فقر کو دور نہیں کروں گا ۔۵۲؎ سورہ عصر کی تشریح داتا صاحب الہجویری کشف المحجوب میں اس طرح سے فرماتے ہیں

وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِىْ خُسْرٍ ۔

ترجمہ۔یعنی قسم ہے زمانے کی بے شک انسان خسارے میں ہے۔

(مشاہدہ حق انسان سے محجوب ہے اور مشاہدہ حق اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کے نفس کا تزکیہ نا کرلیا جائے)۔

اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ۔
ترجمہ۔سوائے ان لوگوں کے جو صحیح اور درست عقائد اور اعمال رکھتے ہیں ۔
وَتَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ وَتَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ۔
ترجمہ۔حق پر قائم رہنے کی اور صبر کرنے کی آپس میں وصیت کرتے رہے۔
یعنی جب ایمان اور اعمال صالح کی بدولت قرب حق میں پہنچ جاؤ تو پھر یہ کام کرو کے وَتَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ اور ذات حق کے ساتھ قرب کے مقام پر مضبوطی سے جے رہو۔۵۳؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے! جس نے دنیا میں بہت رغبت رکھی یعنی (اپنے نفس کی حفاظت نہ کی) تو اللہ تعالی اس کے دل کو اندھا کر دیتا ہے اور جو شخص دنیا سے کنارا کش رہا اور اس نے دنیا سے اپنی امیدیں محدود کرلیں یعنی (اپنے نفس کی حفاظت کرلی) تو اللہ تعالیٰ ایسے انسان کو بغیر پڑھے بھی علم عطا فرماتا ہے اور بغیر کسی رہنمائی کے بھی ہدایت فرماتا ہے۔۵۴؎

حفاظت نفوس سے متعلق رومی کہتے ہیں اللہ کے لئے کامل مومن پیدا کرنا کچھ مشکل نہ تھا اور یہ بھی منشاء الہی نہیں کے بالجبر مومنین پیدا کئے جائیں بلکہ اللہ کو ایسے مومنین چاہیئے جو خیر وشر میں تمیز کرسکیں کیونکہ حق و باطل کی تمیز اور ان کے درمیان فرق کو جاننا ہی روح انسانی کا امتحان ہے چنانچہ جو ارواح اس امتحان میں کامیاب ہوجاتی ہیں وہی درجہ کمال کو پہنچ جاتی ہیں اسی بناء پر آدم مسجود ملائک بنے اور انسان کے سوا تمام مخلوقات مجبور محض ہیں۔۵۵؎

آپ مزید فرماتے ہیں اگر قلب انسانی میں اللہ کی محبت پیدا ہوجائے تو یہ سمجھ لو کے اللہ کے دل میں بھی تمھاری محبت پیدا ہوگئی کیونکہ تالی کبھی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی چنانچہ اللہ اور اس کے بندے کا رابطہ بھی یک طرفہ نہیں۔۵۶؎

بقول اقبال!

خرد کے پاس خبر کے سوا کچھ اور نہیں  تیرا علاج نظر کے سوا کچھ اور نہ

ہر ایک مقام سے آگے مقام ہے تیرا حیات ذوق سفر کے سوا کچھ اور نہیں ۔۵۷۔

## نفس کی تعریف احادیث صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحمت العالمین ہیں اور ان کی رحمت کے دائرے میں انسان سمیت کل اشیاء کائنات بھی ہیں آپ معلم انسانیت ہونے کے ناطے کل کائناتی علوم پر مکمل گرفت اور دسترس رکھتے ہیں دوسری جانب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک باکمال ماہر نفسیات بھی ہیں اگر چہ کل احادیث صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مجموعے کا مقصد بھی انسانیت کی فلاح اور رہنمائی ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خطاب بنی نوع انسانیت سے ہے نہ کے دیگر اشیائے کائنات سے لہٰذا بجا طور پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محسن انسانیت کہ بلند ترین درجے پر فائز ہیں کم وبیش تمام احادیث میں ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نفس انسانی کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے اس کی خباثتوں سے بچنے کی تلقین فرمائی ہے ذیل میں اس کی چند مثالیں پیش کی جارہی ہیں۔

مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهُ۔۵۸۔

ترجمہ۔جس نے اپنے نفس کو پہچانا گویا اس نے اپنے رب کو پہچانا۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تیرا سب سے بڑا دشمن وہ ہے جو تیرے پہلو میں ہے۔۵۹۔

شداد بن اوسؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سمجھ دار انسان وہ ہے جو اپنے نفس کا محاسبہ کرتے ہوئے موت کے بعد کی زندگی کے لئے عمل کرے۔۶۰۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور بہترین ہے وہ شخص جو اللہ کے کنبے کے لئے نفع بخش ہو۔۶۱۔

اسی حدیث صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وضاحت میں رومی کہتے ہیں! صوفیاء کے نزدیک اصل دین ہی محبت ہے، اس کے بغیر تمام شعائر اور شرائع بے معانی اور بے وقعت ہیں، بعض اکابر صوفیاء اپنے مریدین کو کوئی وظیفہ تلقین نہیں کرتے سوائے اس کے وہ اللہ کی مخلوق سے محبت کریں کیونکہ یہی

وہ معرفت الٰہی کی کنجی ہے جس سے سالک کے احوال میں ترقی اور اسے سعادت دارین حاصل ہوتی ہے، جس گھر میں محبت ہوتی ہے وہ گھر روشن رہتا ہے اور جس انسان نے اپنے دل میں خلق خدا کی محبت کو ترقی دی گویا اس نے سب کچھ پالیا، حتیٰ کے محبت شیر کو اس کی درندگی بھی بھلا دیتی ہے چنانچہ یہ طے پایا کے محبت ہر مرض کی دوا ہے اب چاہے وہ مرض اخلاقی، ذہنی، روحانی، نفسیاتی یا جسمانی ہو۔

بقول اقبال!

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے　　آتے ہیں جو کام دوسروں کے۔ ۶۲؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے پوچھا اللہ کے نزدیک کون سے بندے اور کون سے اعمال پسندیدہ ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کو وہ بندے محبوب ہیں جن سے لوگوں کو فائدہ پہنچے اور اللہ کے یہاں وہ اعمال نہایت پسندیدہ ہیں جس سے کسی مسلمان کو سچی خوشی پہنچے یا کوئی کسی کے دکھ کو دور کرے یا کسی کا قرضہ ادا کرے یا کسی کی بھوک کو ختم کرے۔ ۶۳؎

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کا محبوب بندہ وہ ہے جو متقی و پرہیز گار ہو اس کا دل غنی ہو اور وہ پوشیدہ طور پر اللہ کی عبادت کرتا ہو۔ ۶۴؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم نگاہ رکھو، اللہ کو اپنے روبرو پاؤ گے۔

مقام انسانیت کی وضاحت میں رومی کہتے ہیں تمام تصوف عالیہ کا یہ حاصل کلام ہے کے خدا انسان کے اندر موجود ہے لیکن انسان کی بے بصری نے اس کو محجوب کر دیا ہے خدا کو خارج میں ڈھونڈنے کی ضرورت نہیں اگر انسان اپنی خودی کی لامتناہی ممکنات اور اس کی لامحدود قوتوں سے واقف ہو جائے تو اس کو اس جہان میں بھی کوئی محتاجی نہ ہو، اصل میں انسان کا دل خدا کا گھر ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ۔

ترجمہ۔اور جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق سوال کریں تو میں نزدیک ہوں، دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔۶۵۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دنیا بڑی میٹھی اور سرسبز و شاداب ہے، جس (شخص) نے اس کے حقوق کی رعایت کرتے ہوئے اسے لیا تو اس کے لئے اس میں برکت رکھ دی جائے گی اور (کچھ لوگ جو اپنے نفس) کی چاہت کی وجہ سے اس میں پڑ جاتے ہیں ان کے لئے یہ دنیا روز قیامت صرف آگ ہوگی۔۶۶۔

رومی اسی دنیاوی محبت کے فلسفے پر روشنی ڈالتے ہوئے یہ کہتے ہیں زندگی کو گزارنے کے لئے مال کی ضرورت ہوتی ہے بالکل ویسے ہی جیسے کشتی کے چلنے کے لئے پانی ضروری ہوتا ہے اگر پانی کشتی میں داخل ہوجائے تو کشتی ڈوب جاتی ہے، اسی طرح سے اگر دنیا اور مال کی محبت انسان کے دل میں جگہ بنالے تو وہ انسان کو لے ڈوبتی ہے لیکن مال اہل دل کے لئے ذریعہ خیر ہے کیونکہ اہل خیر اس مال یا دنیا کو اپنی زندگی کا مقصد نہیں بناتے۔۶۷۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ کی نظر میں نفس کی تعریف

نفس کے بارے میں حضرت علیؓ فرماتے ہیں نفس کی خواہشات بہت دیر سے دل سے باہر نکلتی ہیں جبکہ نفس ہمیشہ انسان کو گناہ کی طرف مائل کرتا رہتا ہے مومن کی پہچان یہ ہے کے وہ صبح اور شام اپنے نفس سے بدگمان رہتا ہے۔

انسان کا نفس ہمیشہ اسے برائی کی جانب لے جاتا ہے، سوائے اس کے جس پر اللہ کی رحمت ہو۔مومن سینے کی وسعت کے اعتبار سے بڑا ہوتا ہے جبکہ اپنے نفس کے اعتبار سے سب سے چھوٹا۔اپنی ذات میں شیطان کے لئے کوئی حصہ نہ چھوڑ و اور نا ہی اپنے نفس کی جانب اس کے لئے کوئی راستہ کھلا چھوڑو۔

خواہشات نفسانی کی مخالفت اور اپنے دین کا دفاع کرتے رہو چاہے تمھاری عمر کی صرف ایک ہی ساعت ہی کیوں نہ باقی ہو۔

بہترین اعمال وہ ہیں کے جن کی انجام دہی پر تم نے اپنے نفس کو آمادہ اور مجبور کر دیا۔

مومن جب کوئی بات کہنا چاہتا ہے تو پہلے اپنی ذات میں اس کے بارے میں غور وفکر کر لیتا ہے پس اگر وہ مفید ہوئی تو اسے ظاہر کرتا ہے اور اگر وہ بری ہوئی تو وہ اسے چھپا لیتا ہے جو شخص اپنے نفس کے عیبوں کو دیکھے گا وہ دوسروں کے عیبوں کو بھول جائے گا۔

کتنا اچھا حال ہے اس شخص کا جس کے پاس اپنی ذات ہی ایسی مصروفیت ہو جو اسے دوسروں سے دور رکھے۔ ۶۸۔

## نفس کی تعریف دیگر اہل باطن کی نظر میں

نفس کے بارے میں امام غزالی فرماتے ہیں نفس وہ شے جو کے انسان کے اندر غضب اور شہوت کی قوتوں کی جامع ہے، اسی لئے نفس کے خلاف مجاہدہ اور اس کی شہوتوں کا قلع قمع کرنا ضروری ہے۔ آپ فرماتے ہیں کے نفس دراصل لطیفہ ربانی ہے، جس کی رو سے درحقیقت نفس انسان اور ذات انسان یہی ہے۔ ۶۹۔

نفس کے حوالے سے مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی اپنے ایک مکتوب میں فرماتے ہیں پاک اور منزہ ہے وہ ذات جس نے نور کو ظلمت کے ساتھ جمع کیا اور لا مکانی کو جو جہت سے بری ہے مکانی کے ساتھ جو جہت میں ہے ہم قرین کیا اور ظلمت کو نور کی نظر میں محبوب کر دیا پس وہ نور اس پر فریفتہ ہو گیا اور کمال محبت سے اس کے ساتھ مل گیا تاکہ اس تعلق سے اس کی روشنی زیادہ ہو جائے اور ظلمت کی ہم سائیگی سے اس کی صفائی کامل ہو جائے۔ ۷۰۔

نفس کے حوالے سے حضرت ذولنون مصری فرماتے ہیں جو شخص اپنے نفس کو اللہ تعالی کی خاطر ذلیل کرتا ہے، اللہ تعالی اس کو اس عمل کے بدلے میں عزت عطا فرماتے ہیں پوشیدہ اور سخت پردہ نفس کا دیکھنا اور اس کے لئے تدبیر کرنا ہے۔

اللہ تعالی کی ذات کے بارے میں سوچنا جہالت ہے اس کی طرف اشارہ کرنا شرک ہے اور معرفت کی حقیقت حیرت ہے۔ ۷۱۔

ابوسلیمان درانی فرماتے ہیں اللہ اور بندے کے درمیان جو سب سے زیادہ پہنچا دینے والی چیز ہے وہ نفس کا حساب لینا ہے۔ ۷۲۔

ابوالحسن بن علی فرماتے ہیں اے نفس تنہائی کو لازم کر۔ ۷۳۔

سمنون بن حمزہ المحب فرماتے ہیں بندے کا اللہ سے پہلا وصال اپنے نفس کو چھوڑنے میں ہے جبکہ بندے کا اللہ سے پہلا فراق اپنے نفس سے ملنے میں ہے۔ ۷۴۔

محفوظ بن محمود فرماتے ہیں جو شخص اپنی ہدایت کے راستے کو دیکھنا چاہتا ہے، اسے چاہئے کے وہ اپنی پسندیدہ چیزوں کو ترک کرے اور اپنے نفس کی مخالفت کرے۔ ۷۵۔

ابوبکر طمستانی فرماتے ہیں سب سے بڑی نعمت اور سعادت یہ ہے کے انسان خواہشات نفس سے نکل جائے کیونکہ اللہ اور بندے کے درمیان نفس ہی سب سے بڑا پردہ ہے۔ ۷۶۔

جب تو خدا کو دیکھے کہ وہ تجھے لوگوں کی طرف سے وحشت میں ڈالتا ہے تو، تو یہ جان لے کے وہ یہ چاہتا کے وہ تجھے اپنا دوست بنالے۔ ۷۷۔

جعفر بن محمد خلدی الخواص فرماتے ہیں جواں مردی یہ ہے کے نفس کو حقیر سمجھنا اور مسلمانوں کی عزت کرنا، وہ ہرگز عارف نہیں جس کا نفس اس سے الگ نہ ہو۔ ۷۸۔

سلطان باہو کہتے ہیں ذکر کو لازم کرلو کیونکہ خالق سے غفلت میں بتایا گیا ایک سانس بھی کفر ہے۔

ابوعمر بن نجید فرماتے ہیں جو شخص اپنے نفس کو عزیز رکھتا ہے، دین اس کو ذلیل معلوم ہوتا ہے اور غیر اللہ کے ساتھ محبت لگانا وحشت ہے۔ ۷۹۔

عبداللہ بن محمد بن عبدالرحمن الرازی الشعرانی فرماتے ہیں معرفت خداوندی اس حجاب کو ختم کردیتی ہے جو کے خدا اور بندے کے درمیان ہوتا ہے نیز یہ کے شکایت اور تنگ دلی معرفت

کی کمی کی وجہ سے ہوتی ہے۔

جلال الدین رومی فرماتے ہیں جس طرح سے ہوا اور پانی میں عنصری مناسبت پائی جاتی ہے بالکل اسی طرح سے ہماری روح کو بھی دوسرے عالم سے مناسبت ہے اور وہ اس کی جانب مسلسل پرواز کرتی ہے یعنی جس قسم کی روح ہوتی ہے اسی قسم کے عالم کی جانب اس کا میلان ہوتا ہے 'کل شی یرجع الی اصلہٖ' یعنی جس قوم کا جو مزاج ہوگا اس کی آنکھیں اسی قسم کے نصب العین کی جانب لگی ہوں گی بالفاظ دیگر ہر جنس کو اپنی جنس سے ذوق ہوتا ہے جبکہ ہر جز اپنے کل کی جانب مائل ہے۔۸۰؎

خواجہ حافظ کہتے ہیں تو کب تک مکہ کے ارد گرد چکر لگاتا رہے گا؟ کیونکہ یہ سب خواب وخیال کی باتیں ہیں جنھیں تو اپنے دل سے نکال دے اگر تو صرف اپنی ذات کی پہچان حاصل کر لے تو حقیقت خود تیرا حرم بن جائے گی۔۸۱؎

ایک ہی گھر میں رہتے ہوئے روح اور خدا کو ایک دوسرے سے دور رکھنے والی شے خودی یا نفس ہے۔

## نفس (خودی) اقبال کی نظر میں

اقبال کے تمام فکر و فلسفے کا منبع و ماخذ صرف اور صرف ایک تصور ہے جیسے اقبال 'خودی' یا (Concept of Free Ego) کہہ کر متعارف کرواتے ہیں اور یہی ان کی فکر کا مرکزی نکتہ ہے جس کے گرد ان کے افکار و خیالات محو گردش ہیں اسی لئے انھیں پیامبر خودی بھی کہا جاتا ہے ان کے یہاں خودی سے مراد غرور و تکبر نہیں بلکہ انا یا میں ہے جو ان کی نظر میں ایک عجیب اور پراسرار شے ہے جو انسانی فطرت کی بکھری ہوئی اور منتشر کیفیات کو منظم کرتی ہے اس کے ساتھ ہی مشاہدات کو پروان چڑھانے میں بھی معاون و مددگار ہوتی ہے خودی کسی بھی انسان کے شعور کا ایک روشن نقطہ اور مرکز ہے جو بظاہر پوشیدہ ہے لیکن اپنے اعمال کی رو سے ظاہر بھی ہے اس کی وسعتوں کا اندازہ لگانا ناممکن ہے لیکن پھر بھی یہ ہر انسان کی فطرت کا

ایک لازمی جز ہے دراصل خودی انفرادیت کے اس جوہر کا نام ہے جو ہر انسان میں اس کے منفرد اوصاف کے حوالے سے اس میں پایا جاتا ہے اور کسی بھی انسان کی شخصیت کا یہی وہ مرکزی نکتہ ہے کے جس کی بناء پر وہ دوسروں سے منفرد ہے اقبال اس نکتے کی وضاحت میں کہتے ہیں کے میرے احساسات وخیالات محسوسات وخواہشات وادراکات ورقابت ومحبت و ذہانت وفطانت وامانت ودیانت وانفرادیت وشمائل وخصائل وفضائل اور میرے تمام کئے گئے فیصلے وہ سب کے سب خالصتاً میرے اور صرف میرے ہیں زندگی کی بے شمار راہوں میں سے کسی ایک کے تعین کا اختیار اور ان فیصلوں کی انفرادیت بھی صرف اور صرف میرے لئے مخصوص ہے کیونکہ جس طرح سے کسی بھی انسان کو پہچاننے کے لئے اس کے ماضی کو پہنچانا بہت ضروری ہے بالکل اسی طرح سے میری پہچان کے لئے بھی میرے ماضی کے تجربات اور مشاہدات بہت اہمیت کے حامل ہیں اور جس کے بغیر میری پہچان ناممکن ہے لہٰذا ان تمام منفرد تجربات کا آپس میں ایک گہرا رشتہ ہے جو فرد کو اس کی انفرادیت کے آئینے میں اس کی حالت کو متعین کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور جس کے لئے فرد 'میں' کے الفاظ ادا کرتا ہے لہٰذا ہر میں اپنی ذات میں ایک ہی ہے۔

اقبال خودی کی وضاحت ان اشعار سے کرتے ہیں!

| | |
|---|---|
| نقطہ نوری کہ نام او خودی است | زیر خاک ما شرار زندگی است |
| از محبت می شود پاینده تر | زنده تر، سوزنده، تابنده تر |
| از محبت اشتعال جوہرش | ارتقائے ممکنات مضمرش |
| فطرت وآتش اندوز زعشق | عالم افروزی بیا موز زعشق |
| عشق را از تیغ وخنجر باک نیست | اصل عشق از آب و باد و خاک نیست |
| در جہاں ہم صلح وہم پیکار عشق | آب حیواں تیغ جوہر دار عشق |
| از نگاه عشق خارا شق بود | عشق حق آخر سراپا حق بود ۸۲ |

یعنی نور وہ نقطہ ہے جس کا نام خودی ہے، ہماری خاک بدن کے اندر زندگی کی ایک چنگاری ہے گو یا ہماری زندگی خودی پر منحصر ہے یہ ایک ایسا نقطہ نور ہے جس کی بدولت انسان کی زندگی منور ہوتی چلی جاتی ہے جب انسان اپنی خودی سے یعنی اپنی ذات کی حقیقت سے آگاہ ہوجاتا ہے تو اس میں ایسی قوت پیدا ہوجاتی ہے جس کی بناء پر بڑے بڑے کارنامے سرانجام دیتا ہے وہ محبت سے زیادہ دیر تک رہنے والی (جاوید) اور زیادہ زندہ زیادہ جلانے والی اور زیادہ چمکنے والی بن جاتی ہے محبت سے ہی اس کے جوہر میں نکھار پیدا ہوتا ہے اور اس میں پوشیدہ امکانات یعنی قوتوں کی نشونما ہوتی ہے خودی کی فطرت عشق سے ہی حرارت حاصل کرتی ہے اور عشق سے ہی دنیا کو روشن اور منور کرنے کا سلیقہ سیکھتی ہے عشق کو تلوار اور خنجر سے کوئی خوف نہیں ہے اور نہ ہی عشق کی اصل بنیاد پانی، آگ، ہوا اور خاک ہے دنیا میں عشق صلح بھی ہے اور جنگ بھی ہے یہ آب حیات بھی ہے اور تیز کاٹ دار تلوار بھی ہے عشق کی نگاہ سخت پتھر کو بھی توڑ دیتی ہے حق کا عشق آخر کار خود حق کی مکمل صورت بن جاتا ہے یعنی (حق کے ساتھ عشق آخر خود حق بن جاتا ہے) جبکہ خودی کی آسان تعریف 'عرفان نفس' ہے، اقبال کے خیال میں عرفان نفس کے بھی تین پہلو ہیں۔

۱۔ دنیا شناسی۔ ۲۔ خدا شناسی۔ ۳۔ خود شناسی۔

لیکن اقبال جس خودی کی بات کرتے ہیں وہ دراصل ان تینوں کا ہی مجموعہ ہے اور یہی معیار اور فلسفہ ہمیں اقبال کے تمام تر نظام اور فکر میں نظر آتا ہے اقبال کے خیال میں خودی کسی بھی انسان کی سب سے بڑی دولت ہے جس کے مسلسل اظہار پر اس کے وجود کا انحصار ہے خودی دراصل احساس ذات، شعور نفس اپنی پہچان، وحدت وجدانی، خوداری اور خود اعتمادی کا دوسرا نام ہے چنانچہ انسان کو تلاش ذات کی جستجو کرتے رہنا چاہئے اسی میں اس کی ترقی کا راز پوشیدہ ہے خودی کی حیات و بقاء کے لئے ضروری ہے کے انسان میں ذوق طلب اور سوز آرزو موجود ہو اس کے ساتھ ہی انسان اعلیٰ مقاصد اور نصب العین کی طلب اور جستجو کا آرزومند ہو۔

# خودی (نفس انسانی) کا استحکام

اقبال کے خیال میں خودی کے استحکام کے لئے درج ذیل چار بنیادی اقدار کا ہونا از حد ضروری ہے۔ ا۔عشق۔ ۲۔فقر و استغناء۔ ۳۔ جراءت مندی۔ ۴۔حریت۔

**ا۔عشق:**

اقبال کے خیال میں خودی (نفس انسانی) کی نشونما اور مضبوطی کے لئے عشق کا ہونا بے حد ضروری ہے وہ عشق کو آگہی اور خود آگہی کا اصل محرک سمجھتے ہیں اس حوالے سے ان کی سوچ بڑی واضح اور دوٹوک ہے اب چاہے وہ عشق حقیقی ہو یا عشق مجازی دونوں صورتوں میں وہ خودی کی بیداری کا سبب بنتا ہے یہ جاننا بھی ضروری ہے کے اقبال کے یہاں عشق کی اصطلاح روایتی معنوں سے ہٹ کر ہے وہ عاشق کے معشوق کی ذات میں فنا ہوکر وصال کے قائل نہیں بلکہ وہ وصال کے بجائے فراق کے قائل ہیں ان کے خیال میں عشق، عاشق اور معشوق دونوں کی انفرادیت کو قائم رکھتا ہے لہٰذا فراق میں انسان کی خودی کی انفرادیت برقرار رہتی ہے بہ نسبت وصال کے کیونکہ وصال ایک سکونی کیفیت کا نام ہے جس میں لذت ہے اگرچہ فراق میں وصال کے مقابلے میں زیادہ لذت ہے کیونکہ اس میں بے چینی اور بے قراری غالب ہے جو مسلسل حرکت کی جانب اشارہ کرتی ہے چنانچہ اگر عشق میں بے چینی اور بے قراری نہ ہوتو ایسا عشق اقبال کی نظر میں عشق نہیں بلکہ موت ہے۔

بقول جسٹس جاوید اقبال!

'انھیں تو سزا کے لئے بھی ایسی آگ قبول نہیں، جس کے شعلے سرکش اور بے باک نہ ہو' ۸۳۔

**۲۔فقر و استغناء:**

اقبال کے خیال میں خودی (نفس انسانی) کے استحکام کے لئے فقر و استغناء کا ہونا بہت ضروری ہے کیونکہ فقر و استغناء مادی دنیا سے لاتعلقی اور راضی بہ رضا رہنے سے نشونما پاتی ہے اقبال جس فقیر کی بات کرتے ہیں وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلاتا ہے بلکہ اپنے حال اور فقر و فاقہ

پر خوش اور مطمئن نظر آتا ہے وہ شکوہ کے بجائے سجدہ شکر بجا لاتا ہے فقر و استغناء کے حوالے سے وہ شاہین کی مثال بیان کرتے ہیں اور کہتے ہیں کے شاہین کی تشبیہ محض شاعرانہ تشبیہ نہیں ہے بلکہ اس جانور میں اسلامی فقر کی تمام خصوصیات پائی جاتی ہیں

۱۔ خود دار اور غیرت مند ہے کے اور کے ہاتھ کا مارا ہوا شکار نہیں کھاتا ہے۔

۲۔ بے تعلق ہے آشیانہ نہیں بناتا ہے۔

۳۔ بلند پرواز ہے۔

۴۔ خلوت پسند ہے۔

۵۔ تیز نگاہ ہے۔ ۸۴۔

**۳۔ جراءت:**

اقبال کے خیال میں خودی (نفس انسانی) کو مستحکم کرنے میں جراءت اہم کردار ادا کرتی ہے کیونکہ جراءت مند شخص ہی دنیا کی مشکلات کیا دلیری سے مقابلہ کرتے ہوئے کامیابی کی جانب گامزن ہوتا ہے جراءت سے مراد محض بہادری سے جنگیں لڑنا نہیں ہے بلکہ اس سے مراد فکر و عمل بھی ہے۔

اقبال فرماتے ہیں ' کمزور اپنے آپ کو خدا میں گم کرتے ہیں جبکہ جراءت منداسے اپنے اندر ڈھونڈ نکالتے ہیں۔ ۸۵۔

لہٰذا یہ طے شدہ امر ہے کے جراءت کے بغیر مراحل خودی کی تکمیل ناممکنات میں سے ہے۔

**۴۔ حریت:**

اقبال کے یہاں حریت سے مراد تقلید سے آزادی ہے ان کا سارا فکر و فلسفہ جمود کے خلاف ہے وہ چاہتے ہیں کے انسان کی خودی کی اس طرح سے نشونما ہو کے اس میں بے تابی اور بے قراری ہمہ وقت متحرک رہے، خودی کی یہ بے قراری انسان کو تخلیقی عمل کی طرف متوجہ کرتی ہے اور اقبال ایسے ہی مسلم معاشرے کا خواب دیکھتے ہیں کے جہاں افراد مسلسل حرکت و انقلاب،

تغیر وتبدل اور جدو جہد کا عملی نمونہ پیش کرتے ہوئے ایجادات واختراعات کے ذریعے نسل انسانی کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں اس کے برعکس کسی بھی معاشرے میں جمود کی وجہ سے نفرت، خوف، بزدلی، لالچ، بے ضمیری، خوشامد اور موقع پرستی کے جذبات ابھرتے ہیں جو کسی بھی معاشرے کے لئے ناسور کی حیثیت رکھتے ہیں جس سے قوم زوال کا شکار ہو جاتی ہے اقبال کے خیال میں حضرت امام حسین اگر کمزور مسلمانوں کی طرح یزید کی بیعت کر لیتے تو معاملہ وہیں رفع دفع ہو جاتا لیکن وہ حریت کی حفاظت کی خاطر باطل قوتوں سے ٹکرا گئے اور جام شہادت نوش فرما کر دنیا کو یہ پیغام دے گئے کے انسان کو ہر حال میں حق کی سربلندی کے لئے کوشاں رہنا چاہئے اور اس کے لئے جان کی قربانی ہی کیوں نہ دینی پڑے دیکھا جائے تو حریت اور عشق ایک ہی حقیقت کے دو نام ہیں، امام حسینؑ نے انتہائی اقدام سے بھی گریز نہ کیا اور زندگی کی اعلی اقدار کو امر کر دیا۔

صدق خلیل بھی ہے عشق، صبر حسین بھی ہے عشق　　معرکہ وجود میں بدر وحنین بھی ہے عشق۔۸۶؎

## تربیت خودی یا تربیت نفس انسانی:

اقبال کے خیال میں خودی کی تربیت کے تین مراحل ہیں کے جن سے گزر کر انسان، انسان کامل بنتا ہے۔۱۔اطاعت۔
۲۔ضبط نفس۔ ۳۔ نیابت الہی۔

**۱۔اطاعت:**

اقبال کے یہاں اطاعت سے مراد شریعت الہیہ پر عمل اور فرائض کی بروقت ادائے گی ہے کیونکہ آئین الہی کی پابندی انسان میں احساس ذمہ داری پیدا کرتی ہے، ان کے خیال میں اختیار جبر کہ ہی بطن سے پیدا ہوتا ہے۔۸۷؎

یعنی جبر کے پر پیچ راستوں سے گزر کر ہی انسان کو کچھ اختیارات حاصل ہوتے ہیں لہٰذا اسے

چاہئے کے وہ جہد مسلسل سے اپنی خودی کو مضبوط کرے اور ادب و احترام سے اطاعت الٰہی کی پابندی کرے۔

اس حوالے سے وہ اپنی مثنوی اسرار خودی میں فرماتے ہیں !

باطن ہر شے ز آئینے قوی　　　تو چرا غافل زایں ساماں روی

باز اے آزاد دستور قدیم　　　زینت پا کن ہماں زنجیر سیم

شکوہ سنج سختی آئیں مشو　　　از حدود مصطفی بیروں مرد ۸۸؂

اقبال اس بند میں فرماتے ہیں ہر چیز کا باطن کسی نہ کسی آئین کی وجہ سے مضبوط و مستحکم بنتا ہے تو پھر تو نے کس لئے اس پابندی اور فرمانبرداری کو پس پشت ڈال رکھا ہے؟ اور کیوں غفلت برت رہا ہے ائے پرانے آئین و دستور سے بے تعلق مسلمان تو پھر سے وہی چاندی کی زنجیر پاؤں میں ڈال لے اور آئین کی سختی کا گلہ شکوہ نہ کر، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقرر کردہ آئین و دستور کے دائرہ سے باہر نہ نکلے۔

**۲۔ ضبط نفس:**

اس سے مراد انسان کا اپنی نفسانی خواہشات پر قابو پانا اور اپنے نفس کو دنیاوی اغراض و مقاصد سے پاک کرنا ہے بقول اقبال، ضبط نفس افراد میں ہو تو خاندانوں کی تعمیر ہوتی ہے اور اگر قوموں میں ہو تو سلطنتیں قائم ہوتی ہیں۔۸۹؂

اقبال کے خیال میں خودی کی تربیت کا یہ مرحلہ بہت اہم ہے کیونکہ جب انسان تعمیل حکم کے ساتھ ساتھ اس کی حکمتوں سے آگاہ ہوتا ہے جس سے اس کا باطن روشن ہوتا ہے پھر وہ خود شناسی سے خدا شناسی کے مرحلے میں داخل ہوتا ہے۔ اس حوالے سے وہ فرماتے ہیں !

نفس تو مثل شتر خود پرور است　　　خود پرست و خود سوار و خود سرا ست

مرد شو آور زمام او بکف　　　تاشوی گوہر اگر باشی خزف

ہر کے برخود نیست فرمائش رواں　　　می شود فرماں پذیر از دیگراں۔۹۰؂

اس بند میں اقبال کہہ رہے ہیں تیرا نفس اونٹ کی طرح اپنے آپ کو پالنے والا ہے اس کے ساتھ ہی وہ خود پسند اپنا سوار آپ، ضدی اور سرکش بھی ہے لہٰذا تو مرد بن اور اپنے اندر مردانگی پیدا کر اور اپنے نفس کی لگام کو اپنے ہاتھ میں تھام لے اور اس پر قابو پالے کیونکہ اگر تو پتھر ہے تو گوہر بن جا اور پستی سے اٹھ کر بلندی اختیار کر جس کا اپنے نفس پر حکم نہیں چلتا تو وہ دوسروں کا ہی فرمانبردار بن جاتا ہے۔

**۳۔ نیابت الٰہی:**

اقبال کی نظر میں نیابت الٰہی خودی کی تکمیل کا آخری مرحلہ ہے جہاں پہنچ کر انسان، انسان کامل بن جاتا ہے یہ مرد کامل اپنی اعلیٰ صلاحیتوں، حکمت، علم اور بصیرت کے سبب خلیفہ فی الارض اور نائب خدا کی اہم ترین ذمہ داریوں کا امین بن جاتا ہے اقبال اس خیال کو اسرار خودی میں اس طرح سے پیش کر رہے ہیں!

نائب حق ہمچو جان عالم است — ہستی او ظل اسم اعظم است
از رموز جزو و کل آگہ بود — در جہاں قائم بامر اللہ بود
نوع انساں را بشیر وہم نذیر — ہم سپاہی ہم سپہگر ہم امیر۔۹۱۔

اس بند میں اقبال یہ کہہ رہے ہیں خدا کا نائب دنیا میں روح کی مانند ہے اس کا وجود اسم اعظم کا سایہ ہوتا ہے وہ اشیاء کائنات کے تمام اسرار و رموز سے واقف ہوتا ہے اور ان کے تصرف پر مامور ہوتا ہے اس کی اہم ترین ذمہ داری یہ ہے کے وہ دنیا میں اللہ کے حکم کو جاری کرے وہ بنی نوع انسان کے لئے خوشخبری دینے والا اور اسے برائی سے ڈرانے والا ہوتا ہے اگر ایک طرف وہ سپاہی ہے تو دوسری طرف وہ سپہ سالار اور سردار بھی ہے اقبال قرآن کریم کی اس آیت کو استحکام خودی پر حجت سمجھتے ہیں!

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۚ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔۹۲۔

ترجمہ۔ اے ایمان والو! تم پر فرض ہے کے تم خودی کی محافظت کرو اگر تم ہدایت پر ہو تو وہ شخص جو گمراہ ہے تمھیں کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتا ہے تم سبھی کو اللہ کی طرف واپس جانا ہے اور وہ تمھیں تمھارے اعمال پر مطلع کر دے گا۔ ۹۳۔

## نفس کی اقسام

قرآن کریم نے نفس انسانی کی تین اقسام بیان کر مائی ہیں تاہم اہل علم اور صوفیاء کرام نے بھی نفس انسانی کی ان اقسام پر سیر حاصل بحث کی ہے۔

قرآن کریم کے مطابق درج ذیل تین اقسام کے نفوس انسان کے اندر پائے جاتے ہیں۔

۱۔نفس امارہ (حیوانی وجود)۔

۲۔نفس لوامہ (روح ملکوتی)۔

۳۔نفس مطمئنہ (راضی بہ رضا رہنے والا)۔

## ۱۔نفس امارہ

نفس امارہ کو (حیوانی وجود) بھی کہا جاتا ہے، یہ انسان کو پستی کی جانب دھکیلتا ہے یعنی انسان کو دنیا کی گہما گہمی، مال و اولاد کی طلب، اس کی محبت اور اس کے حصول کی جانب متوجہ کرتا ہے جب کوئی انسان صرف دنیا کا ہی ہو کر رہ جائے تو وہ اپنے اس حقیقی منصب یا مقام سے دور ہو جاتا ہے جس کے لئے اسے تخلیق کیا گیا تھا تاہم درج ذیل چار محرکات جس میں شامل۔

۱۔ضروریات۔ ۲۔خواہشات۔ ۳۔شہوات۔ ۴۔اور جذبات انسان کو پستی کی جانب دھکیلتی ہیں اسی وجہ سے قرآن کریم نے اَحۡسَنِ تَقۡوِيۡمٍ اور اَسۡفَلَ سَافِلِيۡنَ کی تعبیر اختیار کی یعنی انسان کو اللہ نے بہترین ساخت پر پیدا کیا لیکن پھر اس کو امتحان کے لئے اَسۡفَلَ سَافِلِيۡنَ میں پھینک دیا گیا جہاں اس کا واسطہ تا عمر ضروریات، خواہشات، شہوات اور جذبات سے رہتا ہے اور ان کے حصول کے لئے ساری زندگی کوشش اور جد و جہد کرتا رہتا ہے اگر چہ نفس امارہ ایک سرکش نفس ہے جس میں حد درجہ سرکشی پائی جاتی ہے اور جس کے

سدھرنے کے امکانات نا ہونے کے برابر ہیں اگر یہ نفس انسان پر غالب آ جائے تو پھر ظلمت اور اندھیرے کے سوا اور کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

فرائیڈ نفس امارہ کو Id یا Libido کہتا ہے یہ ایک حیوانی وجود ہے لہٰذا اس کا مکمل میلان بطن اور فرج سے متعلق ہے۔

درج بالا محرکات کا ایک اجمالی جائزہ ذیل میں پیش کیا جارہا ہے۔

ا۔ انسانی ضروریات میں سے کچھ کا تعلق بالکل بنیادی ضروریات میں ہے مثلاً۔

ا۔ روٹی۔ ۲۔ کپڑا۔ ۳۔ مکان۔

## ا۔ضروریات:

انسان اپنی ساری زندگی انھی ضروریات زندگی کے حصول کے لئے وقف کر دیتا ہے اس کے جسم وجان کے رشتے کی بقاء کے لئے لازم ہے کے وہ غذا کھائے اپنے جسم کو ڈھانپنے اور موسم کی سختیوں سے بچنے کے لئے اس کو لباس کی بھی ضرورت ہوتی ہے جبکہ اپنے اور اپنے اہل خانہ کے سر کو چھپانے کے لئے اس کو گھر کی بھی حاجت ہوتی ہے جبکہ دشمنوں سے اپنی جان کی حفاظت بھی اس کی جبلت میں شامل ہے اگر چہ یہ تینوں بنیادی ضروریات انسان، جانور، پرندوں اور کیڑے مکوڑوں میں بھی پائی جاتی ہیں۔

## ۲۔خواہشات:

،ضروریات سے اگلی منزل خواہشات کی ہیں تاہم صوفیاء کرام نے زندگی کے اس محرک کو زہر قاتل کہا ہے کیونکہ اب انسان کا دل دنیا اور مال ودولت سے لگنا شروع ہوگیا اور وہ اپنے اصل مقصد حیات اور اہداف جس کے لئے اسے دنیا میں بھیجا گیا تھا اس نے اس سے سرف نظر کرنا شروع کر دیا لیکن انسان کی سرشت میں آرام طلبی، آرائش وزیبائش، حسن وجمال، خوشی کا حصول آسائشات کی طلب موجود ہے چنانچہ وہ اپنے اسی فطری رجحان ومیلان کی جانب نہایت تیزی اور سرعت سے متوجہ ہوتا ہے۔

ایک امریکی ایکولوجسٹ ڈاکٹر ایلس سلورے کی ایک تحقیق کے مطابق انسان اس دنیا میں ایک ایلین ہے جو اس سے پہلے کسی دوسری دنیا میں آباد تھا جہاں وہ نہایت پر آسائش اور آرام دہ زندگی گزارتا تھا اور اس کو وہاں ہر قسم کا آرام اور نعمتیں حاصل تھیں یعنی وہ ایک انتہائی نازک مزاج اور لاڈلی مخلوق تھا جو انتہائی VVIP ماحول کا عادی تھا اور اس کا زندگی گزارنے کا طریقہ بھی نہایت Luxurious تھا تاہم وہ اس دنیا میں بھیج دیا گیا دوسری جانب دنیا کی دیگر مخلوقات تو آج ہزاروں برس بعد بھی اسی حال میں ہیں جیسے پہلے تھیں مثلاً جانور آج بھی کھونٹے سے بندھے ہوئے ہیں اور درخت آج بھی اسی جگہ موجود ہیں لیکن اگر کسی نے بے مثال ترقی کے مراحل طے کیے ہیں تو وہ صرف بنی نوع انسان ہے۔

اس کی نازک مزاجی کا عالم تو یہ ہے کے وہ موسم کی سختی نہیں جھیل سکتا چنانچہ اس کو سردی اور گرمی سے بچنے کے لئے آرام دہ گھر اور لباس کی ضرورت ہے دیگر جانور اور درخت سخت دھوپ میں بھی گھنٹوں کھڑے رہتے ہیں لیکن انسان کا معاملہ اس کے برعکس ہے زیادہ دیر دھوپ میں کھڑے رہنے سے وہ یا تو بیمار ہو جاتا ہے یا پھر اس کی موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔ وہ غذا کو نرم کر کے کھاتا ہے جبکہ دنیا کی دیگر مخلوقات ایسا نہیں کرتیں۔ موسم کے بدلنے سے وہ بیمار ہو جاتا ہے دیگر جانور اپنے چار پیروں سے چلتے ہیں لیکن انسان اپنے دو پیر سے چلتا ہے، اسی وجہ سے اس کو کمر اور ریڑھ کی ہڈی کا عارضہ بھی رہتا ہے جو دوسرے جانوروں کو نہیں ہے وہ ساری زندگی اپنے آرام اور آسائش کے لئے تگ و دو کرتا رہتا ہے لیکن دیگر مخلوقات نہایت سکون سے اپنی جگہ قائم ودائم ہیں اور ہزاروں برسوں سے اسی طرح سے اپنی زندگی کے ایام گزار رہی ہیں۔

جہاں سے وہ آیا ہے وہاں کی کشش ثقل اور زمین کی کشش ثقل میں بہت زیادہ فرق ہے یعنی جہاں وہ پہلے بستا تھا وہاں کی Gravity بہت کم تھی لیکن زمین پر انسان کو کام کاج کے بعد تھکن کا احساس ہوتا ہے اور اس کو آرام کی ضرورت ہوتی ہے، انسان کی جینز اور اس کا

DNA یہاں کی دیگر مخلوقات سے مختلف ہے، انسان کو نرم بستر اور سر کے نیچے تکیہ چاہئے لیکن دیگر مخلوقات کو اس کی کوئی ضرورت نہیں، بعض اوقات انسان اچانک بغیر کسی وجہ کے اداس اور افسردہ ہو جاتا ہے اور اس کو اپنا پرانا دیس بہت یاد آتا ہے، انسان اپنی اسی فطری تن آسانی کے لئے تمام عمر اپنی خواہشات کی غلامی کرتا ہے اسے عمدہ لباس، خوش ذائقہ غذائیں اور آرام دہ طرز رہائش پسند ہے، وہ حسن و جمال کا دلدادہ ہونے کے ساتھ ساتھ دیگر علوم وفنون میں بھی دلچسپی رکھتا ہے تاہم دنیا کی ترقی کے پیچھے یہی محرک کارفرما ہے اور دنیا کی ساری چہل پہل اور حسن و مستی اسی خواہش کے دم قدم سے ہے انسان عزت، دولت اور شہرت کی آرزو رکھتا ہے جبکہ اس کے اندرون میں بقائے دوام کی بھی دبی دبی خواہش مچلتی ہے، دنیا بھر کی تہذیب و تمدن، تحقیق و جستجو، ہمیشہ زندہ رہنے کی خواہش، عزت، دولت، شہرت اور طاقت وتفوق کی آرزو کے در پردہ دراصل یہی خواہشات ہیں جو صورت بدل بدل کر انسان کو کسی نا کسی طور متحرک رکھتی ہیں یہ خواہشات ہی تو تھیں کے جب خدائی کے دعویداروں نے اہرام مصر بنوا کر اپنے خاکی جسم کو رہتی دنیا تک دوام بخشا اور یہ بھی ایک معصوم اور بے ضرر سی خواہش ہی تو تھی جب ممتاز محل کے مرنے کے بعد شاہجہان نے اپنی بے پناہ محبت کے اظہار کو تاج محل کی شکل میں زندہ رکھا۔

یہ چمن زار یہ جمنا کا کنارہ یہ محل یہ منقش در و دیوار یہ محراب یہ طاق
اک شہنشاہ نے دولت کا سہارا لے کر ہم غریبوں کی محبت کا اڑایا ہے مذاق
میری محبوب کہیں اور ملا کر مجھ سے۔ ۹۴؎

قرآن کریم کا مطالعہ کریں تو وہاں بھی حضرت آدمؑ کی ہمشیگی زندگی اور دوام کی ایک خواہش نظر آتی ہے۔

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطَانُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وُورِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْآتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهَاكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هَٰذِهِ الشَّجَرَةِ إِلَّا أَنْ تَكُونَا مَلَكَيْنِ أَوْ تَكُونَا مِنَ

الْخَالِدِيْنَ وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النَّاصِحِيْنَ ۔۹۵؎

ترجمہ۔ پھر انہیں شیطان نے بہکایا تا کہ ان کی شرم گاہیں جو ایک دوسرے سے چھپائی گئی تھیں ان کے سامنے کھول دے، اور کہا تمہیں تمہارے رب نے اس درخت سے نہیں روکا مگر اس لیے کہ کہیں تم فرشتے ہو جاؤ یا ہمیشہ رہنے والے ہو جاؤ، اور ان کے روبرو قسم کھائی کہ البتہ میں تمہارا خیرا خواہ ہوں۔

فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطَانُ قَالَ يَآ اٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ۔۹۶؎

ترجمہ۔ پھر شیطان نے ان کے دل میں وسوسہ ڈالا کے اے آدم میں تجھے ہیشگی کا درخت اور غیر فانی ملک کا بتاتا ہوں۔

زیرنظر آیت میں حضرت آدم وحوا کی ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے کی خواہش اور پھر اس کے نتیجے میں شیطان کے دھوکے میں آجانے کا واقعہ موجود ہے، قرآن کریم کے مطالعے سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کے جلیل القدر پیغمبر بھی خواہشات کی زد میں رہے۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصَّالِحِيْنَ ۔۹۷؎

ترجمہ۔ (ابراہیم نے کہا) اے میرے پروردگار مجھے نیک بیٹا عطا فرما۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا ۔۹۸؎

ترجمہ۔ جب ابراہیم نے کہا اے میرے پروردگار اس مکے کو امن کا شہر بنا۔

وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرَاتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۔۹۹؎

ترجمہ۔ اس شہر کے باشندے جو اللہ اور قیامت پر ایمان لے آئے ہیں انھیں پھلوں سے روزی دے۔

قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ۔۱۱۰؎

ترجمہ۔ یوسف نے کہا مجھے ملک کے خزانوں پر مقرر کر دیجئے میں نگہبان اور جاننے والا ہوں۔

مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ۔۱۰۱؎

ترجمہ۔یعقوب کے دل میں ایک خواہش تھی جیسے اس نے پورا کیا۔

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ هٰرُوْنَ اَخِي۔۱۰۲؎

ترجمہ۔(موسیٰ نے کہا) اے میرے پروردگار میرے لئے میرا سینہ کھول دے اور میرے لئے میرے کام میں آسانی پیدا فرمااور میری زبان کی گرہ بھی کھول دے تا کہ وہ میری بات کو سمجھ سکیں اور میرے بھائی ہارون کو میرا وزیر مقرر کردے۔

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔۱۰۳؎

ترجمہ۔مچھلی والے (یونس) کو یاد کرو جب وہ غصے میں لڑ کر چلا گیا پھر یہ سمجھا کے ہم اسے پکڑ نہ سکیں گے۔

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ۔۱۰۴؎

ترجمہ۔زکریا نے کہا اے میرے رب مجھے اپنی طرف سے پاک اولاد عطا فرما۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ۔۱۰۵؎

ترجمہ۔اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم تمھارا بار بار آسمان کی طرف منہ پھیر پھیر کر دیکھنا دیکھ رہے ہیں،سو ہم تم کواسی قبلے کی طرف جس کو تم پسند کرتے ہو منہ کرنے کا حکم دیتے ہیں۔

### ۳۔شہوات:

ایک انتہائی غیر معمولی محرک ہے،ماہرین نفسیات خصوصاً سگمنڈ فرائیڈ نے شہوت کے حوالے سے چونکا دینے والے انکشافات کئے ہیں فرائیڈ کے یہاں جنسی جبلت کو غیر معمولی اہمیت

حاصل ہے فرائیڈ کہتا ہے کے یہ جبلت باقی تمام جبلتوں پر حاوی ہے جبکہ انسان کے تمام اعمال وافعال کی سب سے بڑی وجہ بھی یہی ہے وہ مزید کہتا ہے انسان کی تمام تر سوچ ،فکر، خواہش اورسوچ اسی کے گرد گھومتی ہے اب شعور میں چاہے کچھ بھی ہو لیکن تمام عمر انسانی لا شعور میں شہوات کا ہی مکمل اثر ورسوخ اور تسلط قائم رہتا ہے فرائیڈ کے یہاں جنسی محرکات دراصل جامع الصفات جذبات کا دوسرا نام ہے جس کے دائرے میں ایسے اعمال وافعال بھی آجاتے ہیں جن کا بظاہر تناسلی اعضاء سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے باالفاظ دیگر ہر وہ عمل جس سے یک گونہ قلبی یا ذہنی آسودگی حاصل ہو وہ بہرحال شہوت کے ہی دائرے میں آئے گا وہ اس کو علیحدہ سے بطور محرک کے بیان کرتا ہے یہی نہیں بلکہ اس کا یہ بھی ماننا ہے کے اس کا آغاز انسان کے اس دنیا میں آنے کے بعد یعنی عہد طفولیت سے ہی شروع ہو جاتا ہے اس کی مثال میں وہ بچے کی پیدائش کے پہلے سال کا حوالہ پیش کرتے ہوئے یہ کہتا ہے ابتدائی عمر میں شیر خوار بچے کی حصول لذت کا سب سے بڑا ذریعہ اس کا منہ ہوتا ہے لہٰذا وہ ہر چیز کو منہ میں لے کر محسوس کرتا ہے منہ اس کی غذائی ضروریات ہی کا نہیں بلکہ اس کی جذباتی تسکین کا بھی ایک ذریعہ ہے فرائیڈ کے خیال میں چھوٹے بچوں کا ہمہ وقت لذت کام و دہن میں مشغول رہنا دراصل جنسیت کا مظہر اولین ہے پھر اس کے بعد کے ادوار میں بھی فرد کسی نا کسی اعتبار سے شہوت کی زد میں ہی رہتا ہے جو عمر کے مختلف مراحل میں مختلف اشکال میں سامنے آتی رہتی ہے جبکہ انسانی زندگی میں عمل کے حوالے سے شہوت کو یک اہم محرک تصور کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے صنعت وحرفت ،ادب اور آرٹ تخلیق ہوئے۔

اسلام نے اس سرکش محرک سے نبٹنے کے لئے نکاح کو آسان کیا لیکن بدقسمتی سے ہمارے سماج میں نکاح مشکل اور مہنگا ترین اور زنا آسان اور سستا ترین ہو چکا شہوت کی اسی سرکشی اور بے راہ روی کی روک تھام کے لئے اسلام نے مردوں کو چار بیویاں بھی رکھنے کی اجازت دی جبکہ طلاق اور خلع جیسے ناپسندیدہ افعال کی بھی مشروط اجازت دی گئی تا کہ انسان کے نسب اور نسل

کی حفاظت ہو سکے تاہم زمانہ قدیم سے آج تک اسی شہوت پرستی کا دنیا بھر میں راج اور سکہ چل رہا ہے اب چاہے وہ فلم انڈسٹری ،، میڈیا ہاوسز ،فلم وڈرامہ، ماڈلنگ، فحاشی کے لائسنس یافتہ یا غیر لائسنس یافتہ اڈے ہوں، بچوں کی جنسی پامالی ،عریاں آرٹ یا فن مجسمہ سازی کی آڑ میں جسم انسانی کی تشہیر وتعریف ہو، الغرض کے اسی شہوات نے دنیا بھر کے لوگوں کو اپنے جال میں بری طرح سے جکڑ لیا ،صرف یورپ اور امریکہ میں اس بزنس کے ذریعے سالانہ اربوں کھربوں ڈالرز کماتے ہیں یعنی شہوات ایک انڈسٹری بن چکی جس سے کئی باعزت لوگوں کا روزگار وابستہ ہے۔

۴۔دنیا کی تعمیر اور تخریب کے پیچھے انسانی جذبات کارفرما ہیں تاہم دنیا میں جتنا امن اور سکون ہے وہ بھی اسی وجہ سے ہے جبکہ جتنا جنگ وجدل ،قتل وغارت گری اور بے سکونی ہے اس کا محرک بھی یہی ہے کامیاب انسان وہ ہے جو اپنے جذبات کو قابو کرنا سیکھ جائے۔

نفس انسانی میں جذبات کی جڑیں نہایت گہری اور مضبوط ہیں جبکہ بسا اوقات اس کا ظہور نہایت قوت کے ساتھ ہوتا ہے پھر یہ کے انسان کو کسی بھی عمل پر ابھارنے کا سب سے زیادہ قوی ترین محرک بھی یہی جذبہ ہی ہوتا ہے اگر چہ انسانی جذبات کی بے شمار اقسام ہیں جن میں پیار محبت ، ہمدردی ،ایثار، وفا،نفرت ، رقابت ،جلن ، رشک وحسد ،بغض وعداوت اور غم وغصہ شامل ہیں اگر انسان میں رشک وحسد نا ہوتا تو شاید دنیا میں بہت کچھ نا ہوتا اسی طرح سے غم وغصہ میں بھرا شخص اپنی انتہائی غصے کی حالت میں وقتی طور پر ضروریات ،خواہشات اور جذبات جیسے محرکات سے بے گانہ نظر آتا ہے کیونکہ اس کے سر پر صرف اور صرف غصہ سوار ہوتا ہے یہی نہیں بلکہ غیرت وحمیت کے جذبات اسے اپنے خونی رشتہ داروں سے دور میدان جنگ میں دشمنوں کی صفوں میں بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے پر مجبور کرتے ہیں تاہم انسان کے بے شمار اچھے اور برے اعمال اسی جذبات کی ایک کارستانی ہے اس کی مثال بھاپ سے بھی دی جاتی ہے اگر اسے قابو میں رکھا جائے تو بے شمار تعمیری کام

انجام دئے جاسکتے ہیں جبکہ بصورت دیگر تخریب وتباہی کا سبب بنتی ہے یہ بھی دیکھنے میں آتا ہے کے انسان اگر اپنے جذبات پر قابو پانا سیکھ لے تو یہ اس کے لئے نہایت سودمند ثابت ہوسکتے ہیں وگرنہ بے قابو جذبات اپنے ساتھ کئی جب ہی اسلام صبر واستقامت کی بار بار تاکید وتلقین کرتا ہے یہی نہیں بلکہ خاموشی کو عبادت قرار دے دیا گیا یعنی کم سخنی یا کم گوئی کئی مسائل کو اٹھنے ہی نہیں دیتے چنانچہ بزرگ نصیحت کرتے ہیں کہ ایک چپ سوسکھ یعنی جذبات کا اظہار کرنے سے بہتر ہے کہ خاموشی اختیار کرلی جائے۔

## ۔نفس لوامہ

ا۔نفس لوامہ کو( روح ملکوتی ) روحانی وجوداورنفس ناطقہ کہا گیا جبکہ قرآن کریم میں
وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ۔۱۰۶۔سے مراد میں نے انسان میں اللہ نے اپنی پھونک دی انگریزی میں اس کو Devine Spark کہتے ہیں ،قرآن کریم میں اللہ نے نفس لوامہ کی قسم کھاتے ہوئے فرمایا ہے!

وَلَآ أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ۔

ترجمہ۔میں قسم کھاتا ہوں نفس لوامہ (ملامت کرنے والے نفس ) کی ۔۱۰۷۔

نفس لوامہ انسان کو بلندیوں کی جانب لے جاتا ہےاوراسے اللہ کا فرمانبردار،اطاعت گزاراور مقرب بناتا ہے،اسی اعلیٰ روحانی صلاحیت کی وجہ سے انسان میں حق وباطل کوسمجھنے کی صلاحیت بیدار ہوتی ہے، یہ روحانی یا ملکوتی نور سے معمور ہوتی ہے جوانسان کوزمین سے نہیں آسمان سے ملتی ہے چنانچہ اس کی لپک ہمیشہ اللہ کی جانب ہوتی ہے یعنی ہرانسان کے اندرایک بڑاداعیہ ہروقت موجود ہوتا ہے جواس کو بلندی کی جانب لے جانا چاہتا ہے،انسان کوحیوانیت سے ممتاز کرنے والی یہی روح ملکوتی ہے جو دنیا کے ہرانسان کے وجود میں کام کرتی ہے، یہ روح ملکوتی انسان کوعقل وشعور سے آراستہ کرتی ہے اوراسی کی وجہ سے انسان وحی والہام اور پیغام خداوندی کوموصول کرنے کے قابل ہوتا ہم یہی وصف انسان کواعلیٰ امور کی جانب متوجہ کرتا

ہوئے برے کاموں سے روکتا ہے اگرچہ صوفیاء کرام نے ان دونوں وجود کے مابین ایک اور حقیقت یعنی 'قلب' کو بھی موضوع بحث بنایا ہے۔

مشہور ماہر نفسیات فرائیڈ نے انسانی شخصیت کے تین طبقات یا Levels کا تعین کیا ہے اگرچہ اس کے نظریات گمراہ کن ہیں لیکن قابل تحسین ان معنوں میں ہیں کے فرائیڈ نے انسانی شخصیت کے ان تین پہلوؤں کا نا صرف تجزیہ یا مشاہدہ پیش کیا ہے بلکہ اس پر سیر حاصل بحث بھی کی ہے، نفس لوامہ کو عرف عام میں ضمیر بھی کہا جاتا ہے تاہم تزکیہ نفس کی مختلف مشقوں، عبادات اور غور فکر اور اپنے اعمال کی درستگی کے بعد یہ نفس سدھر جاتا ہے اور اس میں سے سرکشی کم یا ختم ہو جاتی ہے کیونکہ ضمیر اسے گناہوں پر مسلسل ملامت کرتا ہے جس کے سبب وہ درست راستے کا تعین کر لیتا ہے۔

يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا۔

ترجمہ۔(انسان) کہتا ہے میں نے ڈھیروں مال اڑا دیا۔۱۰۸۔

مفسرین اس آیت کی تفسیر میں بیان کرتے ہیں کے ایسا انسان جو جائز ناجائز ذرائع سے مال کماتا ہے یعنی بدی اور حرام خوری بھی کی لیکن اس کے ساتھ ہی مساجد کو چندے یا غرباء و یتمیٰ اور دار العلوم کی سرپرستی بھی جاری رکھی نفس لوامہ پر کبھی شہوت کا غلبہ ہوتا ہے تو کبھی وہ اس سے باز بھی آجاتا ہے یعنی اچھائی اور برائی کی دونوں کیفیات ساتھ ساتھ چلتی ہیں۔

## تزکیہ نفس

تزکیہ نفس کو Purification of the Self بھی کہتے ہیں، تزکیہ نفس سے مراد یہ ہرگز نہیں کہ زندگی سے متعلق چاروں محرکات یعنی ضروریات، خواہشات، شہوات اور جذبات کو چھوڑ دیا جائے بلکہ ان تمام محرکات کو کنٹرول کیا جائے اللہ نے پیغمبروں اور انبیاء کرام کی صورت میں دنیا میں انسانوں کی ہدایت اور رہنمائی کے رول ماڈلز بھیجے۔ان تمام قدسی نفوس حضرات نے جسم و جان کے رشتے کو برقرار رکھنے کے لئے تجارت، کھیتی باڑی اور روزگار بھی کمایا، اپنے

والدین، بیوی بچوں اور دیگر رشتے داروں سے محبت بھی کی، نکاح کے ذریعے ازدواجی تعلقات بھی قائم کئے اور اپنے خاندان اور دیگر عزیز و اقارب سے میل ملاقات بھی کی یعنی دنیا سے صرف اتنا لیا جس کی ضرورت تھی بالفاظ دیگر ان تمام پیغمبروں نے ان تمام ضروریات و حاجات کو حدود میں رکھتے ہوئے ایک متوازن نظام متعارف کروایا قرآن کریم بار بار تقویٰ کو اختیار کرنے کی بات کرتا ہے یعنی انسان اپنی حدود کو پہچانتے ہوئے پاکیزگی اختیار کرے قرآن کریم کی تمام آیات کو اگر چار حصوں میں تقسیم کر دیا جائے تو درج ذیل چار اقسام کی پاکیزگی کی ہدایت نظر آتی ہے۔

## ا۔روحانی پاکیزگی

روحانی پاکیزگی کے حصول کے لئے عبادات کا پروگرام دیا گیا تا کہ سرکش نفس کو عبادات کے ذریعے قابو کیا جا سکے جب ہی رات میں قیام، تہجد گزاری، شب بیداری، روزے، زکوٰۃ اور حج کے احکامات دئے گئے اور کہا گیا!

إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْئًا وَأَقْوَمُ قِيلًا ۔۱۰۹؎

ترجمہ۔بے شک رات کا قیام (تہجد یا شب بیداری) نفس کے پامال کرنے کے لئے زیادہ سخت ہے اور قول کو سیدھا کرنے والا ہے۔

خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۖ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۔۱۱۰؎

ترجمہ۔(آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) ان کے مال سے خیرات لیجئے اور انھیں پاک وصاف کیجئے اور ان کے لئے دعا کیجئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دعا ان کی تسلی کا سبب ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۔۱۱۱؎

ترجمہ۔اے ایمان والو تم پر روزہ اسی طرح سے فرض کیا گیا ہے جس طرح سے تم سے پہلے

لوگوں پر فرض کیا گیا تھا تا کہ تم پرہیز گار بن جاؤ۔

## ۲۔جسمانی پاکیزگی

اسلام میں جسمانی پاکیزگی کا بھی تاکیدی حکم اور اہتمام موجود ہے،فطری طور پر انسان پاکی اور طہارت کے بعد سکون،خوشی اور اطمینان کی کیفیات سے ہم آہنگ ہوتا ہے جسم،لباس،گھر، اپنے اطراف کی پاکی وطہارت اور خوشبو کے استعمال سے انسان کے اندر مثبت روشنیوں کا بہاؤ تیز ترین ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے عبادت میں دلجمعی قائم رہتی ہے دوسری جانب روحانیت کے سفر میں بھی ان محرکات سے سرف نظر آسان نہیں پاکی اختیار کرنے والا انسان شیطانی اور سفلی حملوں سے محفوظ و مامون رہتا ہے تاہم جسمانی پاکیزگی بندے سے اللہ کے تعلق میں نہایت اہم کردار ادا کرتی ہے اور انسان کا رابطہ بہت جلد اللہ سے قائم ہوجاتا ہے ،اسی لئے اسلام انسان کو غسل، وضو اور تیمم کے احکامات دیتا ہے تیمم کا حکم پانی کی عدم دستیابی یا نقصان پہنچانے کی صورت میں موجود ہے تاکہ بندے روحانی،جسمانی،ذہنی اور نفسیاتی طور پر پرسکون رہ سکیں کیونکہ اکثر پانی کے نہ ہونے کی صورت میں لوگوں میں اضطراب، بے چینی، مایوسی،غم وغصہ اور چڑچڑاپن بڑھ جاتا ہے اگرچہ یہ ایک فطری تقاضا ہے اور ہر انسان کی فطرت میں پاکی اور طہارت کی خواہش موجود ہوتی ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَه عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۔ ۱۱۲؎

ترجمہ۔اے ایمان والو جب تم نماز کے لئے اٹھو تو تمھیں چاہئے کے تم اپنے منہ اور ہاتھ کو کہنیوں تک دھولو اور سر پر ہاتھ پھیرلو اور دونوں پیر ٹخنوں تک دھولیا کرا گر جنابت کی حالت میں ہو تو نہا کر پاک ہوجاؤ اگر بیمار ہو یا سفر کی حالت میں ہو یا تم میں سے کوئی شخص رفع حاجت کر کے آئے یا تم نے عورتوں سے مقاربت کی ہو اور تمھیں پانی نہ ملے تو تم پاک مٹی سے کام لو بس اس پر ہاتھ مار کر اپنے منہ اور ہاتھوں پر پھیر لیا کرو اللہ تم پر تنگی نہیں کرنا چاہتا ہے مگر وہ چاہتا ہے کے وہ تمھیں پاک کرے اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کرے شاید کہ تم شکر گزار بنو۔

## ۳۔غذائی پاکیزگی

یہاں دو قسم کی غذائی پاکیزگی مراد ہے۔

۱۔رزق کو حلال ذریعے سے کمانا۔

۲۔پاکیزہ اور حلال طیب غذاؤں کو کھانا۔

کسی بھی صالح معاشرے میں یہ دونوں ہی اجزاء اہم ترین ہیں کیونکہ انسانی صحت کا دارومدار اور سماجی سطح پر رزق حلال کا حصول یہ دونوں ہی محرکات کسی بھی سماج کو سدھارنے میں نہایت اہم کردار ادا کرتے ہیں اسلام کا پیغام مختصر اور جامع ہے لیکن اس پیغام میں نہایت گہری حکمتیں پوشیدہ اور مستور ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

یَآاَیُّهَا النَّاسُ کُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ اِنَّه لَکُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْن۔ ۱۱۳؎

ترجمہ۔اے لوگو جو زمین میں ہے اس میں سے حلال طیب کھاؤ اور شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو بے شک وہ تمھارا کھلا دشمن ہے۔

وَجَعَلْنَا لَکُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَه بِرٰزِقِیْنَ۔ ۱۱۴؎

ترجمہ۔ہم نے تمھارے لئے زمین میں روزی کے ذرائع (پیدا) کئے ہیں۔

فَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۔۱۱۵؀

ترجمہ۔اس میں سے کھاؤ جو اللہ نے حلال اور پاکیزہ دیا ہے اور اللہ کی نعمت کا شکر ادا کرو اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو۔

## ۴۔اخلاقی پاکیزگی

اخلاقی پاکیزگی دین اسلام کی عمارت کا ایک اہم ستون ہے قرآن کریم اس کی بار بار تاکید کرتا ہے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کی بعثت کا بھی اصل مقصد یہی تھا کے وہ بنی نوع انسانیت کو یہ بتائیں کے ہر انسان کے اندر خیر اور شر کی دو قوتیں پائی جاتی ہیں تاہم ان دونوں قوتوں کو ختم کرنا انسان کے بس میں نہیں لہٰذا ہر انسان کو اپنے نفس کے خیر کو دنیا میں عام کرتے ہوئے شر کی قوتوں کو کنٹرول کرنا چاہئے۔اچھے اخلاق میں شامل ایک اللہ کی عبادت، اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت، اللہ کے احکامات کی بجا آوری، حصول علم اہل بیت رسول ﷺ سے محبت، صبر وشکر، استقامت، توکل، اخلاص، زہد وتقویٰ، صدق ایفائے عہد، شیرین زبانی، عدل واحسان، قناعت، نیکی، ایثار، قربانی، والدین سے حسن سلوک، صلہ رحمی، پڑوسیوں کے حقوق کی ادائے گی، سلام میں پہل، مریض کی عیادت، جنازے میں شرکت، مجبور اور کمزوروں کی مدد، دوستی، محبت، حب الوطنی، شرافت، وقت کی پابندی، غیرت، مہمان نوازی، حفاظت، تجارت، رزق حلال، صدقہ وخیرات، پاکی طہارت، سیاحت وعبرت، کائنات میں غور وفکر اور ذکر الٰہی وغیرہ۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ

وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا۔

ترجمہ۔تم سب اللہ کی بندگی کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کر۔قرابت داروں، یتیموں اور مساکین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ، پڑوسی رشتے دار سے، اجنبی پڑوسیوں سے اور پہلو کے ساتھی، مسافر، کنیزوں اور غلاموں سے جو تمھارے زیر دست ہیں سے احسان کا معاملہ کرو۔ ۱۱۶؎

خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ۔ ۱۱۷؎

ترجمہ۔درگزر اختیار کرو، نیکی کا حکم دو اور جاہلوں سے کنارا کش رہو۔

ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ۔ ۱۱۸؎

ترجمہ۔ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کرتے رہو اور ایک دوسرے کو رحم کرنے کی ہدایت کرتے رہو۔

## ۳۔نفس مطمئنہ

نفس مطمئنہ نفس انسانی کی بلند ترین شکل ہے اس کے ایک معنی کسی چیز پر چٹان کی مانند جم جانا یعنی جب کسی انسان کو کمال درجے کا تزکیہ اور تصفیہ نفس حاصل ہو جاتا ہے تو اس نفس کو نفس مطمئنہ کہا جاتا ہے یہ نفس مکمل طور پر تابع فرمان اور راضی بہ رضا ہوتا ہے باالفاظ دیگر انسان میں نفس تو موجود ہے لیکن وہ نفس انسان کو برائی یا گمراہی کی جانب لے جانے سے قاصر ہو جاتا ہے۔

اہل علم حضرات کے نزدیک نفس مطمئینہ کی اعلیٰ ترین مثال رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کیونکہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میرے ساتھ بھی شیطان ہے لیکن وہ مسلمان ہو چکا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پورا وجود نور مجسم تھا جیسا سورہ النور میں کہا نور علی نور یعنی انوار ہی انوار۔

کئی اہل معرفت کی بھی کڑے مجاہدے اور عبادات و ریاضات کے بعد نفس مطمئینہ کے حصول

تک رسائی ہو جاتی ہے لیکن اس کی شدت یا Intensity ہر گز وہ نہیں جس پر رسالت مآب ﷺ فائز ہیں لیکن کسی بھی درجے یا شدت میں عام افراد کی ارواح پر نور کا غلبہ ایک معقول اور قابل فہم بات ہے ۔اطمینان کی بھی درج ذیل دو اقسام ہیں ۔

ا۔ ذہنی اطمینان ۔

۲۔قلبی اطمینان ۔

**ا۔ ذہنی اطمینان:**

ذہنی اطمینان کو ہم ذہنی سکون اور امن بھی کہہ سکتے ہیں باالفاظ دیگر فرد کا کائناتی اور دنیاوی معاملات پر مکمل یقین کی کیفیت کا قائم ہو جانا یعنی میرا رب صرف اور صرف اللہ تبارک تعالیٰ ہے اور مجھے مرنے کے بعد اسی کے سامنے پیش ہونا ہے یعنی ہر قسم کے شک و شبہے کا مکمل خاتمہ اور اللہ کی ذات پر کامل یقین ۔

حضرت ابو بکر صدیقؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ سے دنیا و آخرت میں عف، عافیت اور یقین کی دعا مانگو بے شک یقین کے بعد کسی شخص کو عافیت سے بہتر کوئی شے نہیں ملی ۔۱۱۹۔

حضرت علیؓ نے فرمایا! میں اسلام کی ایسی تعریف کروں جو اس سے پہلے کسی نے نا کی ہوگی اسلام تسلیم کا نام ہے اور تسلیم یقین ہے اور یقین تصدیق ہے اور تصدیق ہی اقرار ہے اور اقرار ادائے گی ہے اور ادائے گی عمل ہے ۔۱۲۰۔

**۲۔قلبی اطمینان:**

اس سے مراد انسان کا ہر قسم کے خوف و غم اور حزن و ملال سے آزاد ہونا یعنی راضی بہ رضا رہنا اس کو معرفت اور ایمان کی ایک اصطلاح یا مرتبہ احسان بھی کہا جاتا ہے یعنی ہر وقت انسان پر حضوری کی کیفیت کا طاری ہونا ۔

بقول اقبال !

حد ادراک سے باہر ہیں باتیں عشق و مستی کی

سمجھ میں اس قدر آیا کہ دل کی موت ہے دوری۔۱۲۱؎

اس نظریے کی وضاحت یوں بھی کی جاسکتی ہے کے طبعی اور نفسیاتی اثرات میں نمایاں فرق ہوتا ہے مثلاً اگر کسی شخص کو گہری چوٹ لگ جائے تو وہ جسمانی طور پر اس کی تکلیف اور درد کو محسوس کرے گا لیکن نفسیاتی اعتبار سے وہ کسی گہرے صدمے سے دوچار نہیں ہوگا کیونکہ اس کا مکمل یقین اللہ تبارک تعالیٰ کی ذات پر قائم ہے وہ ہر حال میں راضی بہ رضا رہنے کے فن سے آشنا ہے لہٰذا یہ پریشانیاں اس کے لئے وقتی ہیں۔

ارشاد خداوندی!

يَآ اَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ اِرْجِعِیٓ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً فَادْخُلِیْ فِیْ عِبَادِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ۔۱۲۲؎

ترجمہ۔اے نفس مطمئنہ چل اپنے رب کی جانب اس حال میں کے تو اپنے انجام نیک سے خوش اور اپنے رب کے نزدیک پسندیدہ ہے شامل ہوجا میرے نیک بندوں میں اور داخل ہوجا میری جنت میں۔

مکمل اطمینان کی اس نعمت اور کیفیت کو سورہ الانعام میں شرح صدر سے تشبیہ دیا گیا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَه يَشْرَحْ صَدْرَه لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّه يَجْعَلْ صَدْرَه ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِی السَّمَآءِ ؕ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ۔۱۲۳؎

ترجمہ۔یہ حقیقت ہے کے جیسے اللہ ہدایت بخشنے کا ارادہ کرتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیتا ہے اور جیسے گمراہی میں ڈالنے کا ارادہ کرتا ہے اس کے سینے کو تنگ کردیتا ہے اور اسے ایسا بھینچتا ہے کے اسلام کا تصور کرتے ہی اسے یوں معلوم ہوتا ہے گویا اس کی روح

آسمان کی طرف پرواز کر رہی ہے۔

مندرجہ بالا آیت میں سینے کو کھولنا یعنی 'شرح صدر' سے مراد کسی انسان کے لئے اسلام کی صداقت پر مکمل یقین کا قائم ہونا اور ہر قسم کے شکوک وشبہات اور تذبذب وتردد سے نجات ہے، اہل علم حضرات نے اس نکتے کی وضاحت میں پنڈولیم کی مثال دی ہے یعنی پنڈولیم کی حرکت میں جس قدر تیزی ہوگی وہ شخص اسی قدر معرفت سے محروم ہوگا۔

اہل معرفت کے یہاں خوشی اور غم ایک جیسے ہو جاتے ہیں تاہم نفس مطمئنہ پر ایک وقت ایسا بھی آتا ہے جب انسان کسی چٹان کی مانند اپنے ارادوں پر جم جاتا یعنی زمانے کے حوادث اور سرد وگرم اس کے لئے بے معنی ہو کر رہ جاتے ہیں۔

## جبلت یا سرشت انسانی

**الجبلۃ**۔عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی انسان کا پیدائشی اور فطری وصف۔

**جبلہ اللہ علی کذا**۔ کے معنی ہیں کہ اللہ نے انسان کی جبلت یا سرشت میں ایک ایسا وصف رکھا ہے جس وہ چاہتے ہوئے بھی ترک نہیں کر سکتا مثلاً کوئی شخص فطرتاً حیادار، سخی یا کریم النفس ہوتا ہے تو ایسے شخص کے لئے یہ کہا جاتا ہے کہ جبلہ اللہ علی الکرم یعنی اللہ نے اس شخص کی فطرت میں کرم اور شرافت رکھ دی ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَاتَّقُوا الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْأَوَّلِينَ۔ ۱۲۴

ترجمہ۔اس ذات سے ڈرو جس نے تمھیں پیدا کیا اور تم سے پہلے لوگوں کی جبلت کو بھی پیدا کیا
۔

قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلَىٰ شَاكِلَتِهِ فَرَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ أَهْدَىٰ سَبِيلًا۔

ترجمہ۔ ہر شخص اپنی فطرت اور سرشت کے مطابق عمل کرتا ہے۔ ۱۲۵

# طبیعت، خصلت اور عادت میں فرق

علامہ حسین محمد راغب اصفہانی لکھتے ہیں انسان کی طبیعت، خصلت اور عادت میں فرق ہوتا ہے۔

**الطبع**۔عربی زبان کا لفظ ہے جس سے مراد انسان کی طبیعت اور مزاج کے ہیں۔

**الطبع**۔کی اصل 'طبع السیف' یعنی تلوار کو ڈھالا گیا ہے یعنی لوہے کو تلوار کے روپ میں ڈھال کر اس کو مستقل ایک شکل دے دی گئی اسی طرح سے دینار اور درھم کو بھی لوہے سے ڈھال کر ایک مخصوص شکل دینا اس کو بھی عربی زبان میں الطبع کہتے ہیں، ہر انسان اپنی ایک مخصوص طبیعت اور مزاج رکھتا ہے اسی بناء پر ہر انسان دوسرے سے مختلف ہے، طبیعت کے لئے عربی زبان میں ایک لفظ 'غریزہ' بھی استعمال کیا جاتا ہے غرز کے معنی گاڑنا یا ٹھوکنے کے ہیں یعنی انسان کے اندر کسی مخصوص عادت یا مزاج کا اس کے باطن کی گہرائی میں اتر جانے کے ہیں چنانچہ طبیعت اور غریزہ انسان کی اس قوت کو کہتے ہیں جس میں کسی تغیر اور تبدل کی قطعاً گنجائش موجود نہ ہو اس نکتے کو سمجھنے کے لئے یہ مثال بھی پیش کی جاسکتی ہے کہ شیمہ عربی زبان کا لفظ ہے جو الشامہ سے ماخوذ ہے جس کے معنی تل کے ہیں جس طرح سے کوئی تل انسانی جلد میں پیوست ہوتا ہے بالکل اسی طرح سے انسانی مزاج میں خوش مزاجی، سخاوت، نفاست، عدالت، شجاعت، امامت شرافت، نجابت، انصاف، سچائی، عہد وفا، بھلائی، صلہ رحمی اور عجز وانکساری جیسی کئی صفات انسان کی فطرت کے اندر پیوست ہوتی ہیں اسی طرح سے کچھ لوگ جھوٹے، مکار، چالباز، وعدہ خلاف، والدین کے نافرمان، بدتمیز، بے غیرت، ڈرپوک، غضب ناک اور بدمزاج ہوتے ہیں لہٰذا ایسے افراد کی جبلت بھی ان کے اندر پیوست ہوتی ہے جسے بدلنا ناممکنات میں سے ہے۔

اسی حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے!

حضرت ابوالدرداءؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تم یہ سنو کے فلاں پہاڑ

اپنی جگہ سے ہٹ گیا ہے تو تم اس کی تصدیق کر لینا یعنی (مان جانا) لیکن اگر تم یہ سنو کے فلاں شخص کا خلق یعنی (سرشت یا جبلت) بدل گئی تو اس کی تصدیق نہ کرنا یعنی
(اس بات کو نہ ماننا) وہ شخص اپنی اسی سرشت (جبلت) پر لوٹ جائے گا جس پر اسے پیدا کیا گیا ہے۔ ۱۲۶۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ جبلت کی وضاحت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں جس طرح سے کسی شخص کے سر کو قلم کرنے کے بعد اس کو جوڑ کر دوبارہ زندہ نہیں کیا جاسکتا ہے بالکل اسی طرح سے انسانی فطرت اور جبلت کو بھی بدلنا ناممکنات میں سے ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مومنین میں سب سے امل ایمان والا وہ ہے جس کا خلق سب سے اچھا ہے اور تم میں سب سے بہتر لوگ وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے ساتھ خلق میں سب سے زیادہ بہتر ہوں۔ ۱۲۷۔

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مومن اپنے حسن اخلاق کی وجہ سے روزہ دار اور شب بیدار کا اجر وثواب بھی پالیتا ہے ۱۲۸۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مجھے عمدہ اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا کیا گیا ہے۔ ۱۲۹۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ سے جب پوچھا گیا کس چیز کی وجہ سے لوگ کثرت سے جنت میں داخل کئے جائیں گے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! خوف خدا اور حسن اخلاق کی وجہ سے پھر آپ ﷺ سے پوچھا گیا کس چیز کی وجہ سے کثرت سے لوگ جہنم میں داخل ئے جائیں گے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! منہ اور شرم گاہ کی وجہ سے۔
۱۳۰۔ حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے مجھے رخصت کرتے ہوئے آخری نصیحت فرمائی! اے معاذؓ لوگوں کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آنا۔ ۱۳۱۔

حضرت ابوالدرداءؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! قیامت کے دن مومن کے

میزان میں حسن اخلاق سے زیادہ کوئی شے وزنی نہ ہوگی اور اللہ تعالی بے حیائی اور بری باتوں کو ناپسند کرتا ہے۔ ۱۳۲؎

امام غزالیؒ فرماتے ہیں انسانی خلق کی دو اشکال ہیں۔ ۱۔ ظاہری خلق۔ ۲۔ باطنی خلق۔ ظاہری خلق میں انسان کی ظاہری وضع قطع، قد، شکل صورت، ناک نقشہ وغیرہ شامل ہے جس طرح سے کوئی لمبے قد کا انسان اپنا قد چھوٹا نہیں کرسکتا ہے اسی طرح سے چھوٹے قد کا انسان لمبا نہیں ہوسکتا ہے۔

باطنی خلق میں بھی تغیر وتبدل کی گنجائش نہیں کیونکہ حسن اخلاق کے حصول کے لئے ضروری ہے کے انسان اپنے غضب اور شہوت پر قابو پاسکے تاہم یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کے انسان طویل مجاہدے اور ریاضت کے باوجود بھی اپنے غضب اور شہوت پر قابو نہیں پاسکا لہٰذا اخلاق کو تبدیل کرنے کی کوشش محض کوشش ہی رہی اور اس میں کامیابی عبث اور وقت کا زیاں

ہے انسان کی طرح کل اشیاء کائنات کی بھی مخصوص جبلت اور سرشت ہے مثلاً کھجور کے درخت سے کھجور ہی پیدا ہوگا، بکری کے وجود سے بکری ہی جنم لے گی، سورج کی کرنیں فصلوں کو پکاتی ہیں اور چاند کی کرنیں پھلوں، سبزیوں اور اناج میں مٹھاس اور ذائقہ پیدا کرتی ہیں، سانپ یا بچھو کو صرف ڈسنا آتا ہے چاہے وہ کسی سے محبت کا اظہار کریں یا نفرت کا ان کی سرشت میں صرف ڈسنا ہی لکھا ہے، شیطانی قوتیں شر پھیلاتی ہیں، انبیاء کرام نے دنیا میں خیر کو عام کیا

## عادت

عادت کا لفظ عاد، یعود سے بنا ہے انسان جب کسی عمل کو بار بار دہراتا ہے تو وہ عمل اس کی عادت بن جاتا ہے مثلاً اگر کوئی شخص صبح سویرے سو کر اٹھنے کا عادی ہے اور کافی عرصہ سے وہ جلد صبح بیدار ہوجاتا ہے تو یہ جلدی اٹھنا اس کی عادت کہلائے گا، اسی طرح سے کسی شخص کو اگر اس کے والدین نے وقت کی پابندی کی عادت سکھائی ہے تو وہ اس عادت کا پابند ہوجاتا ہے، کوئی انسان جلدی سونے کا عادی ہوتا ہے، کسی کو وقت پر کھانا کھانے کی عادت ہوتی ہے، کوئی

شخص اپنے ذاتی استعمال کی اشیاء کو سلیقے، قرینے اور ترتیب سے رکھنے کا عادی ہوتا ہے وغیرہ یعنی انسانی عادات مسلسل کسی عمل کو کرتے رہنے کے نتیجے میں انسان میں راسخ ہوجاتی ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۷۲

۲۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۲۷

۳۔سورہ الصفٰت۔آیت۔۱۱۔

۴۔سورہ السجدہ۔آیت۔۹۔

۵۔سورہ الفجر۔آیت۔۲۷۔

۶۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (متوفی۔۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ۔المطبعہ الیریہ مصر۔

۷۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی۔۱۴۰۵ھ)۔ص۔۱۶۴۴۔مطبوعہ۔ادارہ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۸۔المنجد۔لوئیس معلوف الیسوئی (متوفی۔۱۸۶۷ء)۔ص۔مطبوعہ۔المطبعہ الغاثولیکہ بیروت۔۱۹۲۷ء۔

۹۔سورہ آل عمران۔آیت۔۲۸۔

۱۰۔سورہ آل عمران۔آیت۔۳۰۔

۱۱۔سورہ انعام۔آیت۔۱۲۔

۱۲۔سورہ انعام۔آیت۔۵۴۔

۱۳۔سورہ الشمس۔آیت۔۹۔

۱۴۔سورہ الفجر۔آیت۔۲۷۔۳۰۔

۱۵۔سورہ التوبہ۔آیت۔۷۲۔

۱۶۔سورہ المائدہ۔آیت۔۱۱۹۔

۱۷۔سورہ الذاریات۔آیت۔۲۱۔

۱۸۔سورہ النزعٰت۔آیت۔۴۰۔۴۱۔

۱۹۔سورہ ق۔آیت۔۱۶۔

۲۰۔سورہ اخلاص۔آیت۔۱۔۵۔

۲۱۔روح کی پکار۔شمس الدین عظیمی۔ص۔۳۲۔۳۳۔مکتبہ عظیمیہ اردو بازار لاہور۔۲۰۰۵ء۔

۲۲۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۶۔

۲۳۔تشبیہات رومی۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم۔مرتب۔عبدالحلیم مہندس۔ص۔۵۰۲۔ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور پاکستان۔۱۹۵۹ء۔

۲۴۔سورہ یسٰین۔آیت۔۳۶۔

۲۵۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔۱۱۔

۲۶۔سورہ النساء۔آیت۔۱۔

۲۷۔محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ج۔سوم۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔۵۷۔مکتبہ عظیمیہ کراچی۔

۲۸۔سورہ النور۔آیت۔۳۰۔

۲۹۔سورہ لقمان۔آیت۔۲۰۔

۳۰۔سورہ الجاثیہ۔آیت۔۱۳۔

۳۱۔سورہ الحدید۔آیت۔۶۔

۳۲۔نفسیات ومابعد النفسیات۔رئیس امروہوی۔ص۔۸۷۔ویلکم بک پورٹ کراچی۔۲۰۱۳ء۔

۳۳۔سورہ التکویر۔آیت۔۱۔۷۔

۳۴۔معالم التنزیل۔امام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (متوفی۔۵۱۶ھ)۔ج۔۵۔ص۔۲۱۶۔دار حیاء التراث العربی بیروت۔۱۴۲۰ھ۔

۳۵۔سورہ رعد۔آیت۔۲۲۔۲۴۔

۳۶۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔رقم الحدیث۔۱۲۲۴۵۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت۔

۳۷۔سورہ الطور۔آیت۔۲۱۔

۳۸۔سورہ النحل۔آیت۔۱۱۱۔

۳۹۔سورہ اعراف۔آیت۔۵۔

۴۰۔سورہ اعراف۔آیت۔۵۔

۴۱۔سورہ اعراف۔آیت۔۴۔۵۔

۴۲۔سورہ النساء۔آیت۔۸۴۔
۴۳۔سورہ انعام۔آیت۔۹۳۔
۴۴۔الکشف والخفاء ومزیلا لالباس۔علامہ اسماعیل بن محمد العجلونی (متوفی۔۱۱۶۷۴)۔ج۔۱۰۔ص۔۱۲۲۔داراحیاء التراث العربی بیروت۔۱۴۲۲ھ۔
۴۵۔تفسیر القرآن العزیز۔امام عبدالرحمن بن محمد بن ادریس بن ابی حاتم رازی (متوفی۔۳۲۷ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔۱۴۱۷ھ۔
۴۶۔شرح الصدر۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی۔۹۱۱ھ)۔ص۔۶۴۔دار الکتب العلمیہ بیروت۔۱۴۰۴ھ۔
۴۷۔سورہ اعراف۔آیت۔۴۰۔
۴۸۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۷۔
۴۹۔سورہ المائدہ۔۱۰۵۔
۵۰۔سورہ المائدہ۔آیت۔۲۵۔
۵۱۔سورہ۔الذاریات۔آیت۔۵۶۔
۵۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی۔۲۷۹ھ)۔رقم الحدیث۔۲۴۶۶۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۵۳۔کشف المحجوب۔حضرت سید علی بن عثمان الہجویری۔ترجمہ۔الحاج کپتان واحد بخش سیالوی ص۔۱۴۵۔الفیصل ناشران لاہور۔۲۰۰۶ء۔
۵۴۔کنز العمال۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی۔۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسستہ الرسالہ بیروت۔
۵۵۔تشبیہات رومی۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم۔ص۔۲۳۷۔ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور پاکستان۔۱۹۵۹ء۔
۵۶۔تشبیہات رومی۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم۔ص۔۴۲۶۔ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور پاکستان۔۱۹۵۹ء۔
۵۷۔کلیات اقبال (بال جبرائیل)۔ڈاکٹر علامہ محمد اقبال۔خزینہ علم وادب لاہور۔۲۰۰۶ء۔
۵۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی۔۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۵۹۔سنن الکبریٰ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی۔۴۵۸ھ)۔مطبوعہ نشر السنہ ملتان۔
۶۰۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی۔۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۶۱۔سنن الکبریٰ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی۔۴۵۸ھ)۔مطبوعہ نشر السنہ ملتان۔
۶۲۔کلیات اقبال (بانگ درا)۔ڈاکٹر محمد اقبال۔خزینہ علم وادب لاہور۔۲۰۰۶ء۔
۶۳۔کنز العمال۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی۔۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ بیروت۔
۶۴۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری (متوفی۔۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۶۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۶۔
۶۷۔تشبیہات رومی۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم۔ص۔۱۶۔ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور پاکستان۔۱۹۵۹ء۔
۶۸۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۴۸۱۔مطبع۔دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۲۰۰۳ء۔
۶۹۔احیائے العلوم۔امام محمد بن محمد غزالی (متوفی۔۵۰۵ھ)۔ج۔۳۔ص۔۱۷۔مطبوعہ دارالخیر بیروت۔۱۴۱۳ھ۔
۷۰۔مکتوبات امام ربانی۔مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی۔ج۔۱۔مکتوب۔۲۲۔ص۔۱۵۸۔اسلامی کتب خانہ اردو بازار لاہور۔سن ندارد۔
۷۱۔نفحات الانس۔مولانا نورالدین محمد عبدالرحمن جامی۔ص۔۵۵۔دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔۲۰۰۳ء۔
۷۲۔نفحات الانس۔مولانا نورالدین محمد عبدالرحمن جامی۔ص۔۶۱۔دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔۲۰۰۳ء۔
۷۳۔نفحات الانس۔مولانا نورالدین محمد عبدالرحمن جامی۔ص۔۱۰۷۔دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔۲۰۰۳ء۔
۷۴۔نفحات الانس۔مولانا نورالدین محمد عبدالرحمن جامی۔ص۔۱۱۳۔دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔۲۰۰۳ء۔
۷۵۔نفحات الانس۔مولانا نورالدین محمد عبدالرحمن جامی۔ص۔۱۴۴۔دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔۲۰۰۳ء۔
۷۶۔نفحات الانس۔مولانا نورالدین محمد عبدالرحمن جامی۔ص۔۱۹۰۔دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔۲۰۰۳ء۔

۷۷۔نفحات الانس۔مولانا نورالدین محمد عبدالرحمن جامی۔ص۔۲۰۴۔دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ ۲۰۰۳ء۔
۷۸۔نفحات الانس۔مولانا نورالدین محمد عبدالرحمن جامی۔ص۔۲۱۸۔دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ ۲۰۰۳ء۔
۷۹۔نفحات الانس۔مولانا نورالدین محمد عبدالرحمن جامی۔ص۔۲۲۰۔دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ ۲۰۰۳ء۔
۸۰۔تشبیہات رومی۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم۔مرتب۔عبدالحلیم مہندس۔ص۔۵۱۔ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور پاکستان۔۱۹۵۹ء۔
۸۱۔سائیں بلھے شاہ۔جے۔آر۔پوری اور جے۔آر۔شنگاری۔ص۔۱۸۷۔فکشن ہاوس لاہور۔
۸۲۔کلیات اقبال (فارسی۔اسرار خودی)۔ڈاکٹر محمد علامہ اقبال۔ترتیب وترجمہ۔پروفیسر حمید اللہ شاہ ہاشمی۔ص۔۴۰۔مکتبہ دانیال لاہور۔سن ندارد۔
۸۳۔افکار اقبال (تشریحات جاوید)۔ڈاکٹر جسٹس جاوید اقبال۔ص۔۲۰۔سنگ میل پبلی کیشنز لاہور۔
۸۴۔انوار اقبال۔مرتب۔بشیر احمد ڈار۔ص۔۲۱۹۔۲۲۰۔اقبال اکیڈمی کراچی۔۱۹۶۷ء۔
۸۵۔افکار اقبال (تشریحات جاوید)۔ڈاکٹر جسٹس جاوید اقبال۔ص۔۲۱۔سنگ میل پبلی کیشنز لاہور۔
۸۶۔کلیات اقبال (اردو۔بال جبریل۔نظم ذوق وشوق)۔ڈاکٹر محمد اقبال۔ص۔۴۵۵۔خزینہ علم وادب اردو بازار لاہور۔۲۰۰۶ء۔
۸۷۔افکار اقبال (تشریحات جاوید)۔ڈاکٹر جسٹس جاوید اقبال۔ص۔۲۲۔سنگ میل پبلی کیشنز لاہور۔
۸۸۔کلیات اقبال۔(فارسی۔اسرار خودی)۔ڈاکٹر محمد اقبال۔ترتیب وترجمہ۔پروفیسر حمید اللہ شاہ ہاشمی۔۔ص۔۷۶۔مکتبہ دانیال لاہور۔سن ندار
۸۹۔شذرات اقبال۔مرتب ڈاکٹر جاوید اقبال۔مترجم۔افتخار احمد صدیقی۔ص۔۱۳۶۔مجلس ترقی ادب لاہور
۹۰۔کلیات اقبال۔(فارسی۔اسرار خودی)۔ڈاکٹر محمد اقبال۔ترتیب وترجمہ۔پروفیسر حمید اللہ شاہ ہاشمی۔ص۔۷۶۔۷۷۔مکتبہ دانیال لاہور۔سن ندار
۹۱۔کلیات اقبال۔(فارسی۔اسرار خودی)۔ڈاکٹر محمد اقبال۔ترتیب وترجمہ۔پروفیسر حمید اللہ شاہ ہاشمی۔ص۔۸۰۔۸۱۔مکتبہ دانیال لاہور۔سن ندارد۔
۹۲۔سورہ المائدہ۔آیت۔۱۰۵۔

۹۳۔روزگار فقیر۔سید فقیر وحید الدین ۔ج۔ا۔ص۔ ۱۸۳۔لائین آرٹ پریس فیریئر روڈ کراچی۔ ۱۹۶۳ء۔

۹۴۔کلیات ساحر۔ساحر لدھیانوی ۔ص۔ ۵۷۔مرتب ۔خزینہ علم وادب لاہور۔۲۰۰۱ء

۹۵۔سورہ اعراف۔آیت۔۲۰۔۲۱۔

۹۶۔سورہ طحہٰ۔آیت۔۱۲۰۔

۹۷۔سورہ الصفٰت ۔آیت۔۱۰۰۔

۹۸۔سوہ البقرہ۔آیت۔۱۲۶۔

۹۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۲۶۔

۱۰۰۔سورہ یوسف۔آیت۔۵۵۔

۱۰۱۔سورہ یوسف۔آیت۔۶۸۔

۱۰۲۔سورہ طحہٰ۔آیت۔۲۵۔۳۰۔

۱۰۳۔سورہ الانبیاء۔آیت۔۸۷۔

۱۰۴۔سورہ آل عمران ۔آیت۔۳۸۔

۱۰۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۴۴۔

۱۰۶۔سورہ السجدہ۔آیت ۔۹۔

۱۰۷۔سورہ قیامۃ ۔آیت۔ ۲۔

۱۰۸۔سورہ البلد۔آیت۔۶۔

۱۰۹۔سورہ المزمل ۔آیت۔۶۔

۱۱۰۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۱۰۳۔

۱۱۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۸۳۔

۱۱۲۔سورہ المائدہ۔آیت۔۶۔

۱۱۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۶۸۔

۱۱۴۔سورہ الحجر۔آیت۔ ۲۰۔

۱۱۵۔سورہ النحل ۔آیت۔ ۱۱۴۔

۱۱۶۔سورہ النساء۔آیت۔۳۶۔

۱۱۷۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۹۹۔

۱۱۸۔سورہ البلد۔آیت۔۱۷۔

۱۱۹۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی۔۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دارالباز مکہ مکرمہ ۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔۱۴۱۸ھ۔

۱۲۰۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ ص۔۵۱۲۔ مطبع۔دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۲۰۰۳ء۔

۱۲۱۔کلیات اقبال (اردو۔بال جبریل)۔ڈاکٹر محمد اقبال۔ص۔۶۰۔خزینہ علم وادب اردو بازار لاہور۔

۱۲۲۔سورہ الفجر۔آیت۔۲۷۔۳۰۔

۱۲۳۔سورہ انعام۔آیت۔۱۲۵۔

۱۲۴۔سورہ الشعراء۔آیت۔۱۸۴

۱۲۵۔سورہ الاسراء۔آیت۔۸۴۔

۱۲۶۔مسند احمد۔مجمع الزوائد، ج۔۷۔ص۔۱۹۶۔

۱۲۷۔۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی۔۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۲۸۔۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی۔۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دارالباز مکہ مکرمہ ۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔۱۴۱۸ھ۔

۱۲۹۔۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی۔۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دارالباز مکہ مکرمہ ۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔۱۴۱۸ھ۔

۱۳۰۔۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی۔۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دارالباز مکہ مکرمہ ۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔۱۴۱۸ھ۔

۱۳۱۔موطا امام مالک

۱۳۲۔۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی۔۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

## باب (۳):

# فضائل اخلاق

### اخلاق کی وسعتوں میں رزق کے خزانے ہیں (حضرت علیؑ)

اخلاق۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (۔ل۔ق) سے مشتق ہے۔
خلق کے معانی ٹھیک اندازہ قائم کر کے اس کے مطابق عزم و استقامت کے ہیں۔
خلق کے ایک معانی تربیت کے بھی ہیں۔
اخلاق۔کے معانی کسی بھی چیز کو بنانے یا کاٹنے کے لئے ناپنا۔
اخلاق۔سے مراد تناسب اور توازن کا ہونا۔
اخلاق۔سے مراد کسی چیز کو کسی دوسری چیز کے مطابق اور بنانا۔
اخلاق۔سے مراد کسی چیز کو نرم اور ہموار کرنا۔ا؎
خلق۔کے معانی اعتدال، توازن اور تناسب۔
خلقۃ کے معانی کسی بھی شے کی طبعی ترکیب یعنی
(Natural Constitution)۔۲؎
خلاق کے معانی وہ فضیلت، عزت، عظمت، تکریم، عروج اور اکرام ہے جو حسن اخلاق کی بنا پر حاصل ہو۔۳؎
عمدہ اخلاق شرف انسانیت کی دلیل ہے قرآن کریم میں جتنی بھی عمدہ صفات اور اقدار کو بیان کیا گیا ہے وہ تمام کے تمام ہی دراصل صحیح اور درست اخلاق ہیں۔

# خلق عظیم

**ارشادات خداوندی:**

**وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیۡمٍ ۔** ۴

ترجمہ ۔ بلاشبہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بڑے ہی صاحب اخلاق ہیں **کان فضل الله علیك عظیما ۔**

ترجمہ ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اللہ کا بہت بڑا فضل ہے ۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے لئے فرمایا! **بعثت لاتمم مکارم الاخلاق۔**

یعنی ۔ مجھے مکارم اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہے ۔ ۵

**لا کل محاسن الافعال** ۔ میں اچھے کاموں کو مکمل کرنے کے لئے بھیجا گیا ہوں ۔ ۶

حضرت عائشہؓ سے کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اخلاق کریمہ کے بارے میں پوچھا تو آپؓ نے فرمایا! **کان خلقه القراٰن** ۔ یعنی ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اخلاق قرآن ہے ۔ ۷

امام مالک بن انس اصحی (متوفی ۱۷۹ھ) روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میں اس لئے مبعوث کیا گیا ہوں تا کہ حسن اخلاق کی تکمیل کردوں ۔ ۸

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مجھے اس لئے مبعوث کیا گیا ہے تا کہ میں صالح اخلاق کی تکمیل کروں ۔ ۹

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے! مجھے صرف مکارم اخلاق کو پورا کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے ۔ ۱۰

حضرت ابوسعید خدریؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ایک دن حضرت جبرائیل علیہ السلام میرے پاس تشریف لائے اور فرمانے لگے! ہمارے رب نے یہ پوچھا ہے کے میں نے کس طرح سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر بلند کیا؟ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

فرمایا! اللہ بہتر جانتا ہے۔حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ارشاد فرمایا! اللہ تعالیٰ یہ فرماتے ہیں! جب میرا ذکر کیا جائے گا تو اس کے ساتھ ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر بھی کیا جائے گا۔۱۱؎

اخلاق کی مکمل اور مفصل انسانی مثال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس ہے جن کے لئے اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ۔۱۲؎

ترجمہ۔(اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اخلاق کے بلند ترین مقام پر فائز ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کائنات کی وہ واحد عظیم ہستی ہیں کے جن کی شخصیت میں شرف اخلاق اپنی تمام تر اور بلند ترین سطح پر موجود ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ ہر دور ملوکیت میں بنی نوع انسانیت کے لئے مشعل راہ ہونے کے ساتھ ساتھ تمدنی زندگی کا روشن آئینہ بھی ہیں۔

فضائل اخلاق , اخلاقی اقدار ، اسلامی اقدار ، اخلاق حسنہ کو Good deeds, Good Moral or Moral Value بھی کہا جاتا ہے باالفاظ دیگر دنیا کا ہر نیک عمل اچھے اخلاق میں شامل ہے یہ فطرت انسانی ہے کے وہ کسی نہ کسی کو اپنا آئیڈیل بناتا ہے لیکن اسلام بنی نوع انسانیت کو یہ بتاتا ہے کے اگر کسی کو آئیڈیل بنانا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کو نمونہ حیات بناؤ اور انھی کے نقش قدم پر چلو۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ۔۱۳؎

ترجمہ۔بلاشبہ تمھارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات میں بہترین نمونہ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اخلاق کے بلند ترین درجے پر فائز ہیں اگرچہ بنی نوع انسانیت کی ہدایت کے لئے اللہ تعالیٰ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے انھوں نے انسانوں کو یہ بتایا کے ہر انسان کے اندر خیر اور شر کی قوت موجود ہے چنانچہ ہم سب کو اپنے خیر کو معاشرے میں پھیلانا چاہئے جبکہ اپنے شر کی قوت کو کنٹرول میں رکھنا چاہئے تاہم ہر نیکی کا کام فضائل اخلاق یا اخلاقی

اقدار ہے جس میں سلام میں پہل والدین اور بزرگوں کی عزت وتکریم ، چھوٹوں کے ساتھ شفقت ، بھوکوں کو کھانا کھلانا ، بیمار کی عیادت کرنا ، جنازے میں شرکت لوگوں کے ساتھ ہمدردی واخلاق سے پیش آنا ، راستے سے کسی تکلیف دہ چیز کو ہٹانا ، مسکراتے ہوئے ملنا ، صبر واستقلال رواداری ، عفو درگزر ، عدل وانصاف ، ایفائے عہد ، احترام انسانیت ، کسب حلال ، اخوت ، ایثار شکرگزاری ، ذکر گزاری ، عبادت گزاری ، حیا ، داری ، اخوت و بھائی چارہ شامل ہے ۔

اسلام ہمیں مکمل ضابطہ حیات یعنی ( زندگی گزارنے کا مکمل طریقہ ) بتاتا ہے ۔

مندرجہ بالا فضائل اخلاق کے بارے میں قرآن کریم ، احادیث نبوی ﷺ اور مولائے کائنات کے اقوال وفرمودات کیا ہیں اور ان اخلاقی اقدار کے قیام سے کسی بھی فرد اور صالح معاشرے کا قیام کس طرح سے عمل میں آ سکتا ہے ۔

ذیل میں اس کا ایک اجمالی جائزہ پیش کیا جا رہا ہے ۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ ابن طالب نفس انسانی پر گہری نظر رکھتے ہیں آپ ؓ کے خیال میں بہترین انسانی اخلاق سے مزین افراد معاشرے میں نہایت سود مند کردار ادا کرتے ہیں جس کے سبب ایک صالح معاشرے کا قیام عمل میں آتا ہے ۔

اسی ضمن میں آپ ؓ کے اقوال عالیہ درج ذیل ہیں ۔

اپنے اخلاقی عیوب کو اپنے علم کے ذریعے چھپاؤ ۔

تقویٰ اخلاق کا بادشاہ ہے ۔

خوش اخلاقی بہترین حسب ہے ۔

حسن اخلاق سے بڑھ کر کوئی بہترین ساتھی نہیں ۔

لوگوں سے ان کے آداب واخلاق میں قربت ان کی عداوتوں سے امن وامان کا ذریعہ ہیں ۔

بہترین اخلاق ، حق کے معاملے میں صبر کرنا ہے ۔

اخلاق کی وسعتوں میں رزق کے خزآنے ہیں ۔
جس شخص کا ظاہر اچھا ہوجا تا ہے ہم اس کے باطن کی خوبیوں کے لئے زیادہ امیدوار ہوجاتے ہیں ۔اپنے لئے بہترین صفات چن لو کیونکہ نیکی بھی ایک عادت ہے ۔
حسن اخلاق بہترین ہم نشین ہے ۔حسن اخلاق سے بڑھ کر کوئی قرابت نہیں ۔
اگر کسی شخص میں کوئی اچھی صفت موجود ہوتو پھر اس میں مزید اچھی صفات کے منتظر رہو۔
اچھے اخلاق کا مالک روزہ دار اور نمازی کے درجے میں ہوتا ہے ۔
بہت سے باعزت افراد ایسے بھی ہیں کے جن کی بداخلاقیوں نے انھیں رسوا کردیا جبکہ بہت سے ایسے رسوا بھی ہیں کے جن کو ان کی خوش اخلاقی نے باعزت بنا دیا ۔
لوگوں سے جیسا چاہو برتاؤ کرو کیونکہ وہ بھی تمھارے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کریں گے ۔
سفر اخلاق کی میزان ہے ۔
مومن خوش اخلاق اور سبک رفتار ہوتا ہے ۔
خوش اخلاقی کے ذریعے رزق میں اضافہ ہوتا ہے ۔
اچھا اخلاق کریم النسب ہونے کی دلیل ہے ۔اچھا اخلاق دین کا بہترین حصہ ہے ۔
اچھا اخلاق عقل کا ثمرہ ہے ۔
یقیناً تمھاری خوش خلقی ،کرامت اور سخاوت تمام لوگوں کا احاطہ نہیں کرسکتی لہٰذا اسے اچھے اخلاق والوں کے لئے مخصوص کردو ۔
جب اخلاق اچھا ہوجاتا ہے تو باتیں بھی لطیف ہوجاتی ہیں ۔
حسن اخلاق روزی میں کشادگی کرتا ہے اور دوستوں کے باہمی میل ملاپ میں انس پیدا کرتا ہے ۔حسن اخلاق اور زیور صدق سے آرائش ایمان کا سرمایہ ہے ۔
خوش خلقی سے بڑھ کر پر مسرت زندگی اور کوئی بھی نہیں ۔
عمدہ اخلاق کی اصلاح دانشوروں کی معاشرت (طرز زندگی) ہے ۔

جس کا اخلاق اچھا ہوجاتا ہے اس کی بات چیت کا انداز اور لوگوں سے میل جول اچھا ہوجاتا ہے۔ اللہ تعالی اپنے بندوں کے درمیان اخلاقی خوبیوں کو وسیلہ بنا دیتا ہے لہٰذا تمھارے لئے کسی ایسی خوبی سے آراستہ ہوجانا کسی کافی ہے جو اللہ کی طرف سے ملی ہو۔

جس کا اخلاق اچھا ہوگا اس کی راہیں (منازل) آسان ہوجائیں گی۔

دس (۱۰) خصائل ایسے ہیں جن کا شمار عمدہ اور اعلیٰ اخلاق میں کیا جاتا ہے۔

۱۔سخاوت۔

۲۔حیا۔

۳۔صدق۔

۴۔امانت۔

۵۔تواضع۔

۶۔غیرت۔

۷۔شجاعت۔

۸۔بردباری۔۹۔صبر۔۱۰۔شکر۔

مومن کا بہترین اخلاق یہ ہے کے وہ دوسروں کی خامیوں سے تغافل کرے۔

خوش خلقی سے زیادہ کوئی پرمست چیز اور زندگی نہیں۔

جس شخص کا اخلاق عمدہ ہوجاتا ہے اس شخص کی بات چیت کا انداز بھی دلکش اور لوگوں کے ساتھ اس کا میل جول بھی اچھا ہوجاتا ہے۔

بہترین خصلت اور صفت خوش خلقی ہے۔

بہترین اخلاق سے مزین افراد بہترین اور کامل ایمان کا حامل ہوجاتے ہیں۔ ۱۴؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب نے فرمایا آگاہ ہوجاؤ قلب کا تقوی جسم کی صحت میں ہے۔ جس کا تقوی کم ہوجاتا ہے اس کا قلب مردہ ہوجاتا ہے اور جس کا قلب مردہ ہوجاتا ہے

وہ جہنم میں داخل ہوگا۔

آپؑ نے حضرت امام حسنؑ سے فرمایا! نوجوان کا قلب خالی زمین کی طرح ہوتا ہے، جیسے ہی اس میں کوئی چیز ڈالی جاتی ہے وہ اس کو قبول کر لیتی ہے لہٰذا اس سے قبل کے کوئی چیز تمھارے قلب کو سخت کر دیتی میں نے ادب سیکھانے میں جلدی کی۔

چار چیزیں قلوب کو مردہ کر دیتی ہیں۔۱۔گناہ پر گناہ۔۲۔احمق سے تنازعہ۔۳۔عورتوں کے ساتھ زیادہ اٹھنا بیٹھنا۔۴۔مردے (دنیا کی نعمتوں میں مگن رہنے والے لوگ)۔

آنسو صرف قساوت قلب کی ہی وجہ سے خشک ہوجاتے ہیں اور قساوت قلب کثرت گناہ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

تم لڑائی جھگڑوں سے بچے رہو کیونکہ یہ دونوں قلوب کو بیمار کر دیتے ہیں جس کے نتیجے میں نفاق پیدا ہوجاتا ہے۔قلب کی اصلاح کی اصل ذکر الٰہی ہے۔

سب سے زیادہ بافضیلت قلب وہ ہے جو فہم وفراست سے پر ہو۔

## نفسیاتی پہلو

فضائل اخلاق سے مراد نیکی کا ہر کام جس کا حکم اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے دیا، نیکی کے ہر کام کو عبادت اور اطاعت خداوندی بھی کہا جاسکتا ہے، یہ محض اللہ کی توفیق ہے کے اللہ انسان کو نیکیوں کی توفیق دیتے ہیں اور انسان کو گناہوں سے بچاتے ہیں، جو انسان جس قدر نیکیاں کرتا چلا جائے گا وہ اسی قدر اللہ کا مقرب اور محبوب ہوگا تاہم قدسی نفوس انسانوں کو اللہ نیکیوں کی ترغیب اور توفیق کے ساتھ ساتھ گناہوں سے بچنے کی تاکید بھی فرماتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ اللہ کے نیک بندوں کے قلوب میں اللہ اپنے بندوں کی محبت اور خدمت کا جذبہ بھی پیدا کر دیتے ہیں، اس طرح سے اس انسان کی پوری زندگی اطاعت الٰہی اور عبادت خداوندی میں گزر جاتی ہے اور وہ اللہ کے بے شمار انعامات واکرامات کا مستحق ٹھہرتا ہے۔

## حوالہ کتب:


۱۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔

۲۔لغات القرآن۔شیخ غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادراہ طلوع اسلام لاہور۔

۳۔لغات القرآن۔شیخ غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادراہ طلوع اسلام لاہور۔

۴۔سورہ قلم۔آیت۔۴۔

۵۔سنن کبریٰ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔مطبوعہ نشر السنہ ملتان۔

۶۔دلائل النبوۃ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۳ھ۔

۷۔دلائل النبوۃ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۳ھ۔

۸۔موطا امام مالک۔امام مالک بن انس اصبحی (متوفی ۱۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۰۹ھ۔

۹۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۳ھ۔

۱۰۔المعجم اوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔ریاض ۱۴۰۵ھ۔دار الفکر بیروت۔۱۴۲۰ھ۔

۱۱۔(ابن جریر۔ابن ابی حاتم، مسند ابویعلیٰ، ابن المنذر، ابن حبان، ابن مردویہ، ابونعیم)

۱۲۔سورہ قلم۔آیت۔۴۔

۱۳۔سورہ احزاب۔آیت۔۲۱۔

۱۴۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع۔دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۲۰۰۳ء۔

# ۔یقین

## میں اپنے رب کی طرف سے یقین کے مرحلے پر فائز ہوں (حضرت علیؓ)

**یقین** ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ی۔ق۔ن) سے مشتق ہے۔
یقن ۔سے مراد کسی بات کی وضاحت، کسی بات کا واضح ہوجانا یا حقیقت کا ادراک حاصل کرنا۔
یقین ۔کی ضد شکوک وشبہات ہیں جب شک زائل ہوجاتا ہے تو یقین حاصل ہوجاتا ہے
یقین ۔سے مراد تحقیق کے ساتھ کسی امر کا پایہ ثبوت تک پہنچ جانا یقین کہلاتا ہے۔۱؎
موت کو بھی یقین کہا جاتا ہے کیونکہ اس ہر ذی روح پر آنا یقینی ہے۔
یقین کرنے والوں کو متقین کہا جاتا ہے۔
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
**اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ۔** ۲؎
ترجمہ۔متقین ہیں جو غیب پر ایمان لاتے ہیں۔

## متقین کی صفات

علمائے کرام نے متقین کی درج ذیل تین صفات بیان کی ہیں۔
۱۔ایمان بالغیب۔ ۲۔اقامت صلوۃ۔ ۳۔انفاق فی سبیل اللہ۔
۱۔متقین کی پہلی صفت ایمان بالغیب ہے۔
ایمان۔امن سے ماخوذ ہے اور امن کا معنی ہے۔ ۳؎
ایمان کا مطلب ہے نفس کا مطمئن ہونا اور خوف کا زائل ہونا۔
امانت اور امان اصل میں مصادر ہیں۔
امان۔سے مراد انسان کی حالت امن۔

انسان کے پاس جو چیز حفاظت کے لیے رکھی جائے اس کو امانت کہتے ہیں۔
ایمان کے حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ وَرُسُلِہٖۤ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الصِّدِّیْقُوْنَ ۖ وَالشُّھَدَآءُ۔ ۴؎
ترجمہ۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر (مکمل) ایمان لائے، وہی اپنے رب کی بارگاہ میں صدیق اور شہید ہیں۔
۱۔ تصدیق بالقلب۔
۲۔ اقرار باللسان۔
۳۔ عمل بالارکان میں سے ہر ایک پر ایمان کا اطلاق ہوتا ہے۔
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الْاِیْمَانَ۔ ۵؎
ترجمہ۔ وہ لوگ جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان ثبت فرمادیا۔
قرآن کریم ایک ایسی عظیم الشان کتاب ہے کے جس میں شک وشبہ کی گنجائش موجود نہیں ہے اور پھر یہ کے یہ کتاب ان لوگوں کو ہدایت دیتی ہے جو متقی ہیں جبکہ متقین کے بارے میں اللہ تعالی فرماتے ہیں وہ غیب پر یقین رکھتے ہیں جبکہ اس یقین کی انتہاء یہ ہے کے انسان کی باطنی نگاہ کھل جائے اور غیب اس کے لئے مشاہدہ بن جائے پھر جب تک مشاہدہ عمل میں نہ آئے یقین کی تعریف مکمل نہیں ہوتی ہے یقین کی انھی کیفیات اور اس کے مشاہدے کے لئے اللہ تعالی نے بنی نوع انسانیت کی رہنمائی کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر مبعوث فرمائے تا کہ وہ سسکتی ہوئی انسانیت کو غیب پر یقین کی جو کے زندگی کی معراج ہے اس سے متعارف کرواسکی اگرچہ قرآن کریم کی متعدد آیات میں اللہ تعالی نے بنی نوع انسانیت کو غیب پر یقین کرنے کی ہدایت دی تا کہ وہ اسی یقین کی بدولت دنیا اور آخرت میں سرخرو اور کامیاب ہوسکیں اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ ۛ فِيهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ-٦

ترجمہ۔ یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے ہدایت ہے ان پرہیز گاروں کے لئے جوغیب پر ایمان لائے۔

اس آیت میں ایک لفظ لَا رَيْبَ آیا ہے جس کے معنی ہیں بے شک یا جس میں قطعاً شک کی گنجائش موجود نہ ہو جبکہ یقین شک کی ضد ہے لہٰذا اللہ تعالی فرماتے !اس کتاب میں قطعاً شک وشبہ کی گنجائش موجود نہیں ہے اور یہ کتاب ہدایت دیتی ہے ان پرہیز گاروں کو جوغیب پر ایمان لاتے ہیں اگر لغات القرآن میں غیب کے معنی تلاش کئے جائیں تو یہ معلوم ہوتا ہے کے غیب کے معنی عقل سے ماوراء کے ہیں جس کو عقل انسانی سمجھنے سے قاصر ہو یا انسان کا علم اس مقام پر نہ ہو کے وہ اس کی درست کیفیت اور ہیئت سے واقف ہو سکے یا پھر ہر وہ چیز جو انسانی نگاہوں سے اوجھل ہو جبکہ غیب کے لئے یہ بھی ضروری ہے کے وہ کہیں نہ کہیں موجود ضرور ہوتی ہے کیونکہ اگر وہ ظاہر یا آشکار ہوجائے گی تو پھر وہ غیب نہیں بلکہ مشہود ہوجائے گی ۔ ۷

اگر تفکر کیا جائے تو معلوم ہوگا کے دین پورے کا پورا ہی غیب ہے توحید، رسالت، آخرت، فرشتے، تقدیر الغرض عقائد کے اعتبار سے اگر تجزیہ کیا جائے تو تمام معاملات ہیں جو عقل انسانی میں آنے سے قاصر ہیں لہٰذا مندرجہ بالا آیت میں اللہ تعالی بنی نوع انسان سے مخاطب ہو کر یہ فرمارہے ہیں کے اللہ کے نیک بندے وہی ہیں جو کے غیب پر ایمان لے آتے ہیں اور پھر اس میں کسی قسم کا کوئی شک نہیں کرتے ہیں لہٰذا اسلامی تعلیمات اور پیغمبرآنہ رہنمائی کا حاصل کلام یقین کی انمول دولت میں مضمر ہے جو اس دولت سے سرفراز وجاتے ہیں وہ متقین کہلاتے ہیں یعنی وہ پرہیز گار ہوئے یا پھر باالفاظ دیگر وہ متقی ہوئے۔

یقین کے حوالے سے مغیرہ بن عامر کا قول ہے! شکر نصف ایمان ہے اور صبر بھی نصف ایمان ہے لیکن یقین مکمل ایمان ہے۔

**ارشادات خداوندی:**

**وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ - ۸؎**

ترجمہ۔اللہ متقین کا دوست ہے۔

**فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ - ۹؎**

ترجمہ۔ بے شک اللہ متقین سے محبت رکھتا ہے۔

**اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَاكُمْ - ۱۰؎**

ترجمہ۔ بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم سب سے زیادہ متقی ہے۔

**اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ - ۱۱؎**

ترجمہ۔ بے شک متقین کا نیک انجام ہوگا۔

**اُدْخُلُوْهَا بِسَلَامٍ اٰمِنِيْنَ - ۱۲؎**

ترجمہ۔ بے شک متقین امن اور سلامتی کے ساتھ جنت کے باغات میں داخل کئے جائیں گے

**وَ كَذٰلِكَ نُرِيْ اِبْرَاهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ - ۱۳؎**

ترجمہ۔اسی طرح ہم ابراہیم کو زمین اور آسمان کی بادشاہت دکھلانے لگے اور اسی لئے دکھانے لگے تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں ہو جائے۔

**اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ - ۱۴؎**

ترجمہ۔(متقین) ہیں جو غیب پر ایمان لاتے ہیں۔

**وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ - ۱۵؎**

ترجمہ۔اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہیے کے آپ کے پاس پیغام اجل آجائے۔

**حَتّٰى اَتٰنَا الْيَقِيْنُ - ۱۶؎** ترجمہ۔حتیٰ کہ ہم پر یقینی چیز آگئی۔

كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۔ ١٧ ؎

ترجمہ۔ ہرگز نہیں کاش تم علم یقین کے ساتھ اپنا انجام جان لیتے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص اللہ اور آخرت پر ایمان (یقین) رکھتا ہے تو اس کو چاہیئے کے وہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔ ١٨ ؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے یقین کو شرف انسانی کی دولت قرار دیتے ہوئے اسے اللہ کا اپنے بندوں پر فضل خاص بتایا ہے۔

اللہ تعالی یقین کے شرف سے صرف اپنے بندگان خاص کو ہی مزین فرماتے ہیں یقین سے متعلق آپؓ کے چند اقوال درج ذیل ہیں۔

دنیا میں سب سے زیادہ طاقتور انسان وہ ہے جو خدا پر یقین رکھتا ہو۔

یقین عقلمند انسان کا لباس ہے۔

دین کا کل سرمایہ یقین کامل پر استوار ہے۔

آخرت پر یقین ہی دراصل عنوان ایمان ہے۔

زہد وتقوی کی اصل اساس یقین ہے جس کا ثمرہ خوش بختی ہے۔

دین میں مضبوطی اور پائیداری یقین کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور جس کا یقین اچھا ہوگا اس کی عبادات بھی اچھی ہوں گی۔

یقین سب سے افضل ترین عبادت ہے۔

غور وفکر اور (یقین) با فضیلت عبادت ہے۔

یقین ایمان کے ستون میں سے ایک ستون ہے تاہم اس کی چار شاخیں ہیں۔

١۔ ذہانت اور حاضر دماغی۔ ٢۔ حقیقت کا ادراک۔ ٣۔ عبرت حاصل کرنا۔

۴۔اولین کی روش اختیار کرنا یعنی ( کامیاب افراد کے راستے کو اپنانا ) چنانچہ جس کا ذہن صاحب بصیرت ہوجاتا ہے اس پر حکمت واضح ہوجاتی ہے اور جس پر حکمت واضح ہوگئی وہ عبرت کی حقیقت سے واقف ہوگیا اور جو بھی عبرت سے واقف ہوگیا وہ ایسے ہی ہوگیا جیسے کسی شخص نے اولین کے ساتھ اپنی زندگی گزاری ہو۔

یقین کے ساتھ سونا شک کے عالم میں نماز پڑھنے سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔

اپنے علم ودانش کو جہالت میں تبدیل نا کرو۔

اپنے یقین کو شک اور تردد سے بچاؤ تاہم جب علم وآگہی حاصل ہوجائے تو عمل کرو اور جب یقین حاصل ہوجائے تو قدم اٹھاؤ۔

اپنے قلب کو نصیحت کے ذریعے زندہ کرو۔

اپنے دل کو زہد وتقویٰ کے ذریعے اسے مارڈالو، اپنے قلب کو یقین کے ذریعے قوت دو اور حمت کے ذریعے اسے منور کرو۔

ایک مسلمان کے لئے اس وقت تک مظلوم رہنے میں کوئی ذلت ورسوائی نہیں جب تک وہ اپنے دین میں شک اور اپنے یقین میں شبہ نا کرے۔اپنے قلب پر وارد ہونے والے غم واندوہ کو عزیمت، صبر اور حسن یقین کے ذریعے دور کرو۔

یقین کے ذریعہ بلندترین مقاصد اور دیرینہ خواہشات کا حصول ممکن ہے۔

میں اسلام کی ایسی تعریف بیان کروں جس کی مجھ سے قبل کسی نے نا کی ہوگیا سلام تسلیم کا نام ہے اور تسلیم یقین ہے اور یقین تصدیق ہے اور تصدیق ہی اقرار ہے اور اقرار ادائے گی ہے اور ادائے گی عمل ہے۔یقین دین کا سرمایہ ہے۔

یقین کے ذریعے غم واندوہ کو دور کرو۔ جو اپنے یقین کو کھودیتا ہے وہ اپنی مروت کو برباد کردیتا ہے۔

اگر پردے اٹھا بھی دئے جائیں تب بھی میرے یقین میں قطعاً کوئی اضافہ نہ ہوگا۔

نعرہ لگانے کی قوت یقین کی کمی کی وجہ سے ہوتی ہے۔
یقین کے بعد اگر کسی کو شک لاحق ہوجائے تو اسے یقین کے مطابق عمل کرنا چاہئے کیونکہ یقین شک کے ذریعہ ختم نہیں ہوتا۔ معاد پر یقین عنوان ایمان ہے۔
یقین زیرک اور اہل علم کا لبادہ ہے۔
جس کو یقین کامل حاصل ہوتا ہے وہ اپنے نفس کے معاملے سب سے زیادہ غمگین رہتا ہے۔
ایمان کی بلند ترین کیفیت یقین کی حسن وخوبی ہے اور بلند ترین شرف لوگوں کو اپنی نیکیوں سے بہرہ مند کرنا ہے۔ زہد کی اصل اساس یقین کامل ہے اور اس کا ثمر خوش بختی ہے۔
دین کا ثبات یقین کی قوت سے ممکن ہے۔ بہترین کام وہ ہے جو یقین کو آشکار کرے۔
صاحب یقین کا اسلحہ بلاؤں پر صبر اور آسائش میں شکر ہے۔
تم پر تقویٰ اور یقین لازم ہے بے شک تقویٰ اور یقین انسان کو جنت الماویٰ تک پہنچادیتے ہیں۔ خدا پر یقین کامل رکھو تاکہ تم طاقتور ہوجاؤ۔
جہاں یقین نہ ہو وہاں شک وشبہات کا راج ہوتا ہے۔
جسے اپنی بازگشت کا یقین ہو وہ غداری نہیں کرسکتا۔
کسی شخص کے یقین پر اس کی آرزوؤں کی کمی، عمل کے خلوص اور دنیا سے لاتعلقی کے ذریعے اسدلال کیا جاسکتا ہے۔
جو روز جزا پر یقین نہیں رکھتا اس کا شک اس کے یقین کو تباہ کردے گا۔
جس کا یقین مستحکم ہوجاتا ہے اس کی عبادات بھی مستحکم اور عمدہ ہوجاتی ہیں۔
مومن کے یقین میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔
جو یقین کی حد تک پہنچ جاتا ہے وہ اپنی جد جہد سے عمل کرتا ہے۔
طویل عبادات سے کہیں زیادہ افضل یہ ہے کے انسان کچھ لمحات کائنات میں تفکر کرلے۔
عبادت کی انتہا اطاعت ہے۔

جو با اخلاص عبادات کرتا ہے وہ کامیابی سے ہم کنار ہوتا ہے۔۱۹؎

## نفسیاتی پہلو

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں !انسان یقین کی بنیاد پر زندہ رہتا ہے تاہم جیسے ہی یقین متاثر ہوتا ہے تو اس کے ساتھ زندگی بھی متاثر ہوتی ہے یقین کی دنیا روشن ہونے سے انسان Illusion اور بیماریوں سے دور رہتے ہوئے اللہ سے قریب ہوجاتا ہے جس کے نتیجے میں وہ کئی بیماریوں سے محفوظ و مامون ہوجاتا ہے۔۲۰؎

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں ! قرآن کریم میں ارشاد خداوندی ہے !

لا ریب ہے یہ کتاب اور اس کو ہدایت دیتی ہے جس کا یقین غیب پر ہے، جس شک کو اللہ تعالی نے ممنوع قرار دیا ہے یہ وہی شک ہے جس سے آدم کو باز رہنے کا حکم دیا گیا تھا بلا آخر شیطان نے بہکا کر یہ شک آدم کے دماغ میں ڈال دیا جس کے لئے آدم جن ت سے نکالے گئے۔

تاہم اسی مقام سے آدم میں دوسمتوں کا تعین ہوا یعنی شک اور یقین ، بیان کردہ حقیقت کی روشنی میں انسان کے دماغ کا محور یقین اور شک پر ہے یہی شک اور یقین ہے جو دماغی خلیوں میں ہمہ وقت عمل کرتا رہتا ہے تاہم جس قدر شک کی زیادتی ہوگی اسی قدر خلیوں کی ٹوٹ پھوٹ واقع ہوگی ، یہ بتانا بہت ضروری ہے کے وہ دماغی خلیات ہیں جن کے زیر اثر تمام اعصاب کام کرتے ہیں اور اعصاب کی تحریکات ہی انسانی زندگی ہے۔۲۱؎

**حوالہ کتب:**


۱۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔

۲۔سورہ بقرہ۔آیت۔۳۔

۳۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز مکہ مکرمہ

۴۔سورہ حدید۔آیت۔۱۹۔

۵۔سورہ المجادلہ۔آیت۔۲۲۔

۶۔سورہ بقرہ۔آیت۔۱۔۳۔

۷۔لغات القرآن۔شیخ غلام احمد پرویز۔(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ص۔۱۲۵۰۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۸۔سورہ الجاثیہ۔آیت۔۱۹۔

۹۔سورہ آل عمران۔آیت۔۷۶۔

۱۰۔سورہ حجرات۔آیت۔۱۳۔

۱۱۔سورہ ہود۔آیت۔۴۹۔

۱۲۔سورہ الحجر۔آیت۔۴۶۔

۱۳۔سورہ انعام۔آیت۔۷۵۔

۱۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۳۔

۱۵۔سورہ الحجر۔آیت۔۹۹۔

۱۶۔سورہ المدثر۔آیت۔۴۷۔

۱۷۔سورہ التکاثر۔آیت۔۵۔

۱۸۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۵ھ۔

۱۹۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔ص۔۵۱۳۔مطبع۔انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی ایران۔طبع۔سوم۔۲۰۰۳ء۔

۲۰۔ماہنامہ قلندر شعور۔نومبر۔۲۰۲۰ء۔

۲۱۔صدائے جرس۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔۱۱۷۔عظیمیہ پبلیکیشنز کراچی ناظم آباد۔

# ۲۔اسلام

**اسلام تسلیم کا نام ہے اور تسلیم یقین ہے اور یقین تصدیق ہے اور تصدیق اقرار ہے اور اقرار ادائے گی ہے اور ادائے گی عمل ہے۔(حضرت علیؑ)**

**السلام**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو( س۔ل۔م ) سے مشتق ہے۔

قرآن کریم میں اللہ کا یہ صفاتی نام السلام(۱) مرتبہ آیا ہے۔

السلام۔کے مادے سے اسلام ،السلام ،سلیم ،السلم ،استسلم ،مسلم اور للسلم جیسے الفاظ نکلے ہیں۔

السلام ۔اللہ کا ایک صفاتی نام ہے جس کے معنی بے عیب اور سلامتی کے ہیں یعنی کائنات میں سلامتی کی جتنی بھی اشکال ہیں وہ تمام کی تمام اپنی نہایت مرئی اور غیر مرئی صورت میں ذات باری تعالیٰ سے ہی صادر ہیں،اللہ تعالی اپنی مخلوق کو ہر قسم کی مشکلات اور مصیبتوں سے بچاتے اور ان کی حفاظت کرتے ہیں۔اللہ کی ذات سراسر سلامتی ہے۔

تاج العروس نے السلام کے اس معنی عیوب اور نقائص سے پاک ہونے پر اعتراض کرتے ہوئے کہا ہے کے السلام کے اصل معنی یہ ہیں جس سے دوسری چیزیں اور اشیاء کائنات سلامتی حاصل کریں اس اعتبار سے اللہ کی صفت السلام اس معانی میں کے وہ نظام کائنات نہایت بہترین انداز اور سلامتی کے ساتھ چلا رہا ہے جس میں ذرا برابر بھی نقص ،ابتری اور کجی وکمی نہیں

سلام ۔کے ایک معنی آفتوں اور مصیبتوں سے حفاظت کے ہیں۔

عربی زبان میں" السلم "سیڑھی کو بھی کہتے ہیں یعنی کسی بلند مقام پر پہنچنے کا آسان ،محفوظ اور قابل اعتماد ذریعہ کو السلم کہا جاتا ہے باالفاظ دیگر اس کے ایک معنی سلامتی اور خیر وعافیت کے ساتھ اللہ تک رسائی یا اس کی معرفت کے بھی ہیں۔

**السلم والسلام** ۔کے معنی اطاعت، سپردگی اور احکامات الٰہی کی پیروی کے بھی ہیں نواب صدیق حسن خان نے (س۔ل۔م) میں نرمی اور انکسار کے پہلو کی وضاحت فرمائی ہے **استسلم لکم طریق** ۔کے معنی کسی انسان کا میانہ روی اختیار کرنا اور راستے چلتے ہوئے لغویات اور بیہودیات سے اجتناب کرنا ہے۔

**استسلم الزرع** ۔کے معنی کھیتی کی بالیاں نکل جانا یعنی کوششوں کا نتیجہ نکلنا۔

اسی مادہ سے ایک عربی لفظ السلمۃ۔بھی نکلا ہے جو عام طور پر خواتین کے بے حد حسن و جمال اور نرمی و نازکی کی جانب اشارہ کرتا ہے چنانچہ اس کے ایک معنی حسن و زیبائی اور خوشنمائی کے بھی ہیں۔

## اسم السلام کا کائناتی نظام میں کردار

اسم '**السلام**' اللہ کا ایک صفاتی نام ہے جس کے معنی نرمی، خوبصورتی، خوشنمائی، سلامتی، حفاظت، توجہ، اعتماد، سپردگی، درست سمت اور آسانی کے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

**السَّلَامُ** ۔ا ۔ترجمہ۔(اللہ) سراسر سلامتی ہے۔

**قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ** ۔۲

ترجمہ۔آپ ﷺ کہیے! اے میرے بندو! جو اپنی جانوں پر زیادتیاں کر چکے ہیں اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں بے شک وہ ہی بہت بخشنے والا ہے اور رحم کرنے والا ہے۔

نظام کائنات اور خود انسان کی اپنی ذات میں اس اسم مبارک کی نفوذ پذیری موجود ہے اگر خیر اور سلامتی دنیائے کائنات سے اٹھ جائے تو پھر اگلا منظر تو خونریز جنگوں اور قیامت کا ہی ہوگا اسی لئے سلام اور سلامتی کی دعا کو اسلام میں بہت زیادہ اہمیت دی گئی اور مسلمانوں کا ایک دوسرے سے ملتے وقت سلام میں پہل کی تلقین کی گئی یعنی مسلمان اپنے دوسرے مسلمان بھائی

کے لئے سوائے خیر اور عافیت کے کچھ نہیں ۔

**السلام**۔ اللہ کا صفاتی نام ہے تاہم اس صفت کو دنیا میں عام کرنے کی ذمہ داری ہر مسلمان پر عائد ہوتی ہے ۔

اسم السلام کی مفسرین کرام نے دو تعریفیں بیان کی ہیں ۔

امام ابن کثیر فرماتے ہیں ! السلام وہ ذات ہے جو تمام عیوب اور نقائص سے پاک ہے اور اپنی ذات وصفات اور افعال میں کامل و یکتا ہے ۔ ۳ ۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں السلام سے مراد وہ ذات جس سے حفاظت اور عافیت کی امید رکھی جائے ۴ ۔ سفیان بن عنیہ لکھتے ہیں ! انسان تین مواقع پر وحشت زدہ ہوگا ۔

۱ ۔ جب وہ اس دنیامیں پیدا ہوا یعنی نو ماہ تک وہ ایک الگ نوعیت کے محل و مستقر میں مقید تھا پھر جس روز اس کی پیدائش عمل میں آئی تو وہ اس عالم ناسوت میں وارد ہوا یہ دنیا اس دنیا سے قطعی الگ نوعیت کی تھی ۔

۲ ۔ جس دن انسان اس دار فانی سے کوچ کرے گا اور ایک دوسرے عالم میں وہ وارد ہوگا تاہم اس اس دوسرے عالم کی مخلوقات یعنی فرشتوں سے اس کی ملاقات بھی ہوگی ۔

۳ ۔ جب صور پھونکا جائے گا اور تمام انسان دوبارہ زندہ ہوکر اللہ کے روبرو کھڑے ہوں گے اور اپنے اعمال کا حساب دیں گے یعنی میدان محشر قائم ہوگا اور میزان عدل پر اعمال تولے جارہے ہوں گے تاہم ان تینوں ایام میں انسان وحشت زدہ ہوگا لیکن اللہ تعالی نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو ان ایام کی وحشت سے بچایا ۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے !

**وَسَلَامٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا** ۔ ۵ ۔

ترجمہ ۔ اس ( یحییٰ ) پر سلام ہے جس دن وہ پیدا ہوا جس دن وہ مرے گا اور جس دن وہ دوبارہ اٹھایا جائے گا ۔

لیکن اللہ تعالی جس پر چاہیں اپنا فضل خاص فرماتے ہوئے جس انسان کو چاہیں اسے ان ایام کی وحشتوں سے بچا سکتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں !

اَلَّذِیْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَیِّبِیْنَ ۙ یَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَیْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔۶؎

ترجمہ۔وہ جن کی جانیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کے وہ پاک صاف ہوں کہتے ہیں کے تمھارے لئے سلامتی ہی سلامتی ہو جاؤ جنت میں اپنے ان اعمال کے بدلے جو تم کرتے تھے۔

اِنَّ اللّٰهَ یُدْخِلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ یُحَلَّوْنَ فِیْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّ لُؤْلُؤًا-وَلِبَاسُهُمْ فِیْهَا حَرِیْرٌ وَ هُدُوْۤا اِلَى الطَّیِّبِ مِنَ الْقَوْلِ-وَ هُدُوْۤا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِیْدِ۔۷؎

ترجمہ۔بیشک اللہ ایمان والوں کو اور نیک اعمال کرنے والوں کو ان باغوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔انہیں ان باغوں میں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور جنتوں میں ان کا لباس ریشم ہوگا۔اور انہیں پاکیزہ بات کی ہدایت دی گئی اور انہیں تمام تعریفوں کے لائق (اللہ) کا راستہ دکھایا گیا۔

حضرت خدیجہ الکبریٰؓ کے بارے میں سب یہ جانتے ہیں وہ رسول اللہ ﷺ کی نہایت غم گسار زوجہ تھیں اور انھوں نے رسول اللہ ﷺ، اسلام اور مسلمانوں کی خدمت میں اپنے مال کو دل کھول کر خرچ کیا تاہم ان کی انھی خدمات کو سراہتے ہوئے اللہ تعالی نے انھیں حضرت جبرائیل علیہ السلام ے ذریعے سلام بھیجا۔حضرت خدیجہ الکبریٰؓ نے جب رب کا سلام سنا تو آپ نے جواب میں کہا رب تو خود السلام ہے اور حضرت جبرائیل علیہ السلام پر سلامتی ہو اور اے اللہ کے رسول ﷺ آپ پر بھی سلامتی ہو اور اللہ کی طرف سے رحمتیں اور

برکتیں ہوں۔۸۔

حضرت خدیجہ الکبریٰؓ نے اللہ کے سلام کے جواب میں وعلیکم السلام نہیں کہا بلکہ انھوں نے اپنی عقل سلیم سے کہا اللہ تو خود السلام ہے یعنی مخلوقات کو تو سلام کا جواب دیا جاتا ہے لیکن اللہ کی ذات تو خود سراسر سلامتی یعنی **السلام** ہے۔

کائنات میں جابجا ہمہ وقت اسم السلام ی نفوذ پذیری نظر آتی ہے مثلاً حادثات سے معجزانہ طور پر بچ جانا، کسی مہلک بیماری سے شفایاب ہوجانا، کسی خطرناک آپریشن کا کامیاب ہوجانا، کسی کٹھن امتحان یا حالات سے بخیر وعافیت نبرد آزما ہونا، قاتلانہ حملے میں بال بال بچ جانا، کسی ظالم اور شقیق القلب انسان کے زیر سایہ کسی معصوم یا مظلوم کی پرورش کا ہونا جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش فرعون کے زیر سایہ ہوئی جبکہ فرعون نے قوم بنی اسرائیل میں پیدا ہونے والے ہر لڑکے کی موت کے پروانے پر دستخط کر رکھا تھا، جان، اولاد، عزت وآبرو کی حفاظت، مال کی سلامتی یعنی کسی خوفناک آتش زدگی، حادثے یا چوری ڈکیتی کی واردات میں مال کا بحفاظت رہنا۔اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے!

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! زکوۃ سے اپنے اموال کی حفاظت کرو اور صدقات سے اپنے بیماروں کی دوا کرو اور مصائب کے لئے دعا کو تیار رکھو۔۹۔ یعنی جس مال میں سے زکوۃ نکال دی جاتی ہے وہ مال اللہ کی حفاظت میں رہتا ہے۔

حضرت علیؑ نے فرمایا! اللہ نے زکوۃ کو رزق کے لئے سبب کے طور پر واجب کیا ہے اور اپنی دولت کی حفاظت زکوۃ کے ذریعے سے کرو۔

**ارشادخداوندی:**

**وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ**۔۱۰۔

ترجمہ۔ اللہ تمھیں سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے، اور جسے چاہے سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

## جنت کے سات نام:

۱۔ دارالسلام ۔ ۲۔ دارالجلال ۔ ۳۔ جنت عدن ۔ ۴۔ جنت الماوی ۵۔ جنت الخلد۔
۶۔ جنت النعیم ۔ ۷۔ جنت الفردوس۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! السلام اللہ تعالی کے اسماء میں سے ایک اسم ہے جس کو اللہ نے زمین پر اتارا ہے لہٰذا اس کو آپس میں خوب پھیلاؤ کیونکہ مسلمان جب کسی قوم پر سے گزرتا ہے تو اسے سلام کرتا ہے اور وہ قوم اس کو جواباً سلام کرتی ہے تاہم سلام میں پہل کرنا یا سلام کو یاد دلانے والے کو ایک درجہ زیادہ فضیلت حاصل ہے اور اگر (وہ قوم یا فرد) جواب نہ دے تو فرشتے اس سلام کا جواب دیتے ہیں۔ ۱۱۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! اے لوگو! سلام کو پھیلاؤ، لوگوں کو کھانا کھلاؤ اور راتوں کو جب سب لوگ سو رہے ہوں تو نماز پڑھو تم جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ گے۔ ۱۲۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر فرض نمازوں کے بعد یہ دعا مانگا کرتے۔

اللھم انت السلام ومنك السلام تبارکت یاذوالجلال والاکرام۔ ۱۳۔

ترجمہ۔ اے اللہ! تو ہی سلامتی والا ہے اور تیری ہی جانب سے سلامتی ہے تو برکت والا ہے۔ اے بزرگی والے عزت والے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک شخص نے پوچھا کے اسلام میں سب سے بہترین عمل کون سا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کے تم کھانا کھلاؤ اور جاننے اور نا جاننے والوں کو سلام کرو۔ ۱۴۔

حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! سلام کو خوب پھیلاؤ تا کہ تم بلند ہو جاؤ۔ ۱۵۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ سے قریب ترین شخص وہ ہے جو سلام میں پہل کرے۔ ۱۶۔

سلام کا جواب دینا دوسرے مسلمان کا حق ہے۔ ۱۷۔

ایک دوسری روایت ہے کے سلام میں پہل کرنے والے کو ۳۰ نیکیاں جبکہ جواب دینے والے کو دس نیکیاں ملتی ہیں۔

حضرت ابن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! علامات قیامت میں سے ایک علامت یہ بھی ہے کے ایک شخص دوسرے شخص کو صرف پہچان کی بنیاد پر سلام کرے (نہ کے مسلمان ہونے کی بنیاد پر)۔۱۸؎

حضرت امامہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا! لوگوں میں اللہ کے قرب کا سب سے زیادہ مستحق وہ ہے جو سلام کرنے میں پہل کرے۔۱۹؎

حضرت عبداللہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! سلام میں پہل کرنے والا شخص تکبر سے بری ہوتا ہے۔۲۰؎

حضرت انسؓ بن مالک روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تم اپنے گھر میں داخل ہوتو اس گھر والوں کو سلام کرو یہ تمھارے اور تمھارے گھر والوں کے لئے باعث برکت ہے۔۲۱؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! میں تمھارے سامنے اسلام کی ایسی تفسیر کروں کے اس سے پہلے ایسی تفسیر کسی نے نہ کی ہوگی اسلام تسلیم کا نام ہے اور تسلیم یقین ہے اور یقین تصدیق ہے اور تصدیق اقرار ہے اور اقرار ادائے گی ہے اور ادائے گی عمل ہے۔

یعنی کسی بھی صالح معاشرے کے قیام کے لئے وہاں موجود افراد کا دین اسلام سے وابستگی ان کی اعلی شعوری نشونما میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے یعنی جب افراد اور معاشرہ ایک دوسرے کے لئے بے ضرر ہوں اور افراد ہر قسم کے دنیاوی خوف سے آزاد ہوں تو ایک ایسا نظام حکومت اور ریاست جہاں ہر جانب سلامتی اور خیر کی صدائیں بلند ہوں تو افراد کی تخلیقی صلاحیتوں کو جلا ملتی ہے یہی نہیں بلکہ فرد اللہ کی حاکمیت کو تسلیم کرے گا اور اس کو یہ یقین حاصل ہوگا کے کل

اختیارات اللہ رب العزت کے ہاتھ میں ہیں تو ایسے افراد ہر قسم کے خوف اور وسوسوں سے نکل کر اللہ کی ذات پر یقین کی مکمل کیفیت میں داخل ہو جائیں گے اسی یقین کی کیفیت کا اگلا مرحلہ قلب و زبان سے اللہ کی وحدانیت کی تصدیق کرتے ہوئے اقرار کرنا اور اس کے بعد انسانیت کی معراج پر براجمان ہونے کے لئے اللہ کے احکامات پر عمل کرنا ہے، یقین اور اعمال صالحہ انسان کو ہر قسم کی نفسیاتی الجھنوں اور بیماریوں سے بچاتی ہیں جبکہ یقین کامل تو اللہ کا تحفہ خاص ہے جس سے اللہ اپنے خاص پسندیدہ بندوں کو متصف فرماتے ہیں لوگوں کے لئے وہی پسند کرو جو تم اپنے لئے پسند کرتے ہو تو سچے مسلمان بن جاؤ گے، بہترین مسلمان وہ ہے جس کی لگن اور تیاری آخرت کے لئے ہو اور جس کی امید و خوف مساوی ہوں۔

اسلام کا ہدف و مقصد اللہ کے سامنے سر تسلیم خم کرنا ہے۔

اسلام کا ظاہر درخشاں اور باطن دلکش و دلنواز ہے۔

مومن کی پہچان یہ ہے کے وہ سلام میں جلدی اور پہل کرتا ہے جبکہ منافق کی پہچان یہ ہے کے وہ انتظار کرتا ہے کے لوگ اس کو سلام کریں۔ اسلام سے زیادہ گناہوں سے روکنے والی کوئی دوسری شئے نہیں ہے۔

لوگوں پر ایک ایسا وقت بھی آنے والا ہے جب قرآن فقط رسم الخط کے باقی رہ جائے گا جبکہ اسلام فقط نام کے رہ جائے گا۔

بے شک اسلام اللہ کا دین ہے، جسے اللہ نے خود اپنے لئے چنا اور اپنے سامنے اسے تشکیل دیا۔ اسلام بلند ترین شرف ہے۔

اسلام سے مراد یہ ہے کے تمھارا دل سالم ہو جائے اور تمھاری زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

لوگوں کے لئے وہی پسند کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو تو تم سچے مسلمان بن جاؤ گے۔

سب سے زیادہ ذمہ دار سب سے زیادہ بہتر اسلام والا ہوتا ہے۔

بہترین مسلمان وہ ہے جس کی لگن اور تیاری آخرت کے لئے ہو اور جس کی امید اور خوف دونوں مساوی رہیں۔

اللہ نے تمھارے لئے دین اسلام بنایا اور اس کے احکامات تمھارے لئے آسان کئے اور اس کے اراکین کے ذریعے دین کو اسلام کے خلاف لڑنے والوں پر مستحکم کیا۔

اسلام کا اصل ہدف اور مقصد اللہ کے سامنے سر تسلیم خم کرنا ہے۔

اسلام کا ظاہر درخشاں اور باطن دل کش اور دلنواز ہے۔

اسلام سے زیادہ تمھیں گناہوں سے روکنے والی کوئی دوسری شے نہیں۔

جو اپنے دین کے لئے کام کرتا ہے اللہ اس کی دنیا کے معاملے میں اس کی کفایت کرتا ہے۔

دین کی ابتداء اللہ کی معرفت ہے۔ دین سراسر پیروی ہے۔

دین میں متلون مزاجی سے ڈرو۔ دین میں یقین کا درست ہونا سرفہرست ہے۔

دین کا بہترین معاون صبر ہے۔ اس کا کوئی دین نہیں جس کی کوئی نیت نہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے اور بسا اوقات صرف نیت ہی کر لینے سے اجر وثواب ملنا شروع ہو جاتا ہے۔ دین کو آسان سمجھنا دین کے لئے آفت ہے آپ سے پوچھا گیا کون سی مصیبت سب سے زیادہ سخت ہے؟ تو آپ نے فرمایا! دین میں مصیبت۔

دینداروں کی کچھ علامات ہیں کے جن کے ذریعے سے وہ لوگ پہچانے جاتے ہیں۔

۱۔ سچی بات۔ ۲۔ ایفائے عہد۔ ۳۔ صلہ رحمی۔ ۴۔ امانت کی ادائے گی۔ ۵۔ کمزوروں پر رحم۔ ۶۔ نیکی کو انجام دینا۔ ۷۔ خوش اخلاقی۔ ۸۔ علم کا حصول۔

دین کا مطلب ہر اس چیز کی پیروی کرنا جس سے اللہ کی قربت حاصل ہو سکے۔

دین ایک ایسا پودا ہے جس کی جز تسلیم ورضا ہے۔

جان لو کے دین کا اول تسلیم اور آخر اخلاص ہے۔

دین کی اصلاح عقل کے سوا کوئی اور شے نہیں کرسکتی ہے۔
اللہ اپنے خاص اور چنے ہوئے بندوں کو دین عطا فرماتا ہے۔
اللہ تعالی دنیا اس کو بھی دیتا ہے جس کو وہ دوست رکھتا ہے اور اس کو بھی دیتا ہے جسے وہ دوست نہیں رکھتا ہے لیکن وہ دین صرف اور صرف اسی کو دیتا ہے جسے وہ دوست رکھتا ہے
دین کا بلند ترین مقام صبر و یقین اور خواہشات سے مقابلہ کرنا ہے۔ ۲۲؎

## نفسیاتی پہلو

حضرت شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! ایمان (اسلام) یہ ہے کے اعمال اور اشغال کے نتیجے میں ایسا یقین حاصل ہوجائے جس میں شک کا شائبہ تک نا رہے۔ ایمان، یقین ہے اور یقین مشاہدے سے مشروط ہے، کوئی عدالت عینی شہادت کے بغیر گواہی قبول نہیں کرتی۔ ۲۳؎
آپ مزید فرماتے ہیں! انسان یقین کی بنیاد پر زندہ رہتا ہے، یقین متاثر ہوتا ہے تو زندگی بھی متاثر ہوتی ہے، یقین کی دنیا روشن ہونے سے انسان Illusion اور بیماریوں سے دور رہتے ہوئے، اللہ کے قریب ہوجاتا ہے اور اس کی بیماریاں ختم ہوجاتی ہیں۔ ۲۴؎

**حوالہ کتب:**


۱۔سورہ الحشر۔آیت۔ ۲۳۔
۲۔سورہ الزمر۔آیت۔ ۵۳۔
۳۔تفسیر ابن کثیر۔علامہ امام ابو الفدا عماد الدین حافظ ابن کثیر (متوفی ۸۸۴ھ) ۔ج۔۳۔ ص۔۲۸۹۔سورہ الحشر۔آیت۔ ۲۳۔داالفکر بیروت۔۱۴۱۹ھ۔
۴۔روح المعانی۔علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (متوفی ۱۲۷۰ھ)۔ج۔۱۴۔ص۔۶۳۔سورہ الحشر۔ آیت۔ ۲۳۔مطبوعہ دار احیا التراث العربی بیروت۔۱۴۱۷ھ۔
۵۔سورہ مریم۔آیت۔ ۱۵۔
۶۔سوہ النحل۔آیت۔ ۳۲۔

۷۔سورہ حج۔آیت۔ ۲۴۔
۸۔الاستعاب فی المعرفہ الاصحاب۔حافظ ابوعمرو یوسف بن عبداللہ بن محمد عبدالبر (متوفی ۴۶۳ھ)۔ج۔۴۔ ص ۳۸۱۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۹۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔ج۔۱۰۔رقم الحدیث۔ ۱۰۱۹۶۔مطبوعہ دار احیا التراث العربی۔بیروت۔
۱۰۔سورہ یونس۔آیت۔ ۲۵۔
۱۱۔الترغیب والترھیب۔امام زکی الدین عبدالعظیم بن عبدالقوی المنذری۔(متوفی۔۶۵۶ھ)۔ج۔۳۔ ص۔۲۸۷۔دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۱۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔رقم الحدیث۔۳۱۱۷۔مطبوعہ دار الفکر۔
۱۳۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔رقم الحدیث۔۳۱۱۷۔مطبوعہ دار الفکر۔
۱۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۸۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۱۹۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۲۰۔کتاب اسماوالصفات۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔مطبوعہ دار احیا التراث العربی۔
۲۱۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔رقم الحدیث۔۳۱۱۷۔مطبوعہ دار الفکر۔
۲۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۴۰۰۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۲۳۔احسان وتصوف۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔
۲۴۔قلندر شعور۔نومبر۔۲۰۲۰۔

# ۳۔محبت

## بہت سی محبتیں ایک لمحے میں پروان چڑھ جاتی ہیں (حضرت علیؑ)

حب۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ح۔ب۔ب) سے مشتق ہے۔ا۔

حب ۔عربی زبان میں محبت اور عشق کے لئے لفظ 'حب' کا استعمال کیا جاتا ہے۔

الحب اور المحبۃ ۔ کے معنی کسی کو لازم پکڑنے کے ہیں اس مادہ کے بنیادی معنی لزوم اور ثبات کے ہیں یعنی کسی شے کو لازمی پکڑ لینا اور مستحکم طور پر رہنا۔۲۔

راغب اصفہانی کہتے ہیں! محبت کے معنی اس چیز کو چاہنا جیسے اچھا اور مفید پایا جائے اس کے تین پہلو ہیں۔ ۳۔

ا۔لذت کے لئے (جیسے مرد وعورت کی محبت)۔

۲۔مفید اور نفع بخش مادی اشیاء اور چیزوں کو چاہنا۔

۳۔فضل وشرف یعنی معنوی امور سے محبت رکھنا۔

وہ کہتے ہیں کے کبھی محبت کے معنی ارادہ کے بھی کئے جاتے ہیں لیکن محبت میں ارادہ سے زیادہ زور قوت پایا جاتا ہے۔

قرآن کریم میں 'حب' کا لفظ 'کرہ' کے مقابلے میں آیا ہے جہاں اس کے معنی پسندیدگی کے ہیں۔

الحب اور المحبۃ ۔سے متعلق صاحب المحیط نے لکھا ہے اس لفظ کے درج ذیل پانچ معانی ہیں۔

ا۔حب السنان ۔سے مراد سفیدی اور صفائی یعنی دانتوں کی چمک۔

۲۔حباب المأ۔سے مراد بلند، ظاھر ونمودار ہونا۔

۳۔حب البعیر واحب۔سے مراد کسی چیز کا اپنی جگہ پر ٹھہرے یا جمے رہنا جیسے اونٹ جم کر بیٹھ

جائے اور پھر نا اٹھے۔

۴۔ حبۃ القلب۔ سے مراد کسی شے کا خالص ہونا یا کسی شے کا حقیقی جوھر۔

۵۔ حب الماٗ۔ سے مراد کسی شے کی حفاظت کرنا یہ بامعنی مٹا یا مشک کے بھی ہے۔ ۴

عشق ذات باری تعالی کی ایک ایسی صفت ہے جو روح کو ذات کی جانب متواتر اور مسلسل کھینچتی ہے، عشق کی معرفت لامحدود ہے جبکہ لامحدودیت صفت باری تعالی بھی ہے، روح کے اندر ذات کی اسی کشش کے ادراک اور احساس کا نام عشق ہے جو اس کائنات کی سب سے بڑی اور اٹل حقیقت ہے جیسے بجا طور پر روح کائنات بھی کہا جاسکتا ہے کیونکہ یہ کائنات کی رگ وپے میں مسلسل جاری وساری ہے یہاں کی کل کاری گری وحرکات وسکنات وعوامل اسی کے مرہون منت ہیں یہ ایک عطیہ خداوندی اور نعمت ازلی ہے کیونکہ یہی اصل زندگی ہے اس قوی جذبے سے انسان کا تعلق روز الست سے قائم اور استوار ہے کے جب خالق کائنات نے بنی نوع انسان کو پکارا اور کہا کے الست بربکم جواب میں تمام انسانوں نے بیک وقت کہا قالو بلی تو دراصل تعارف، عرفان ذات، آگہی، پہچان یا معرفت کی ابتداء تو اسی دن سے ہی ہوگئی کیونکہ بقول ابو محمد رویم کے معرفت کو اللہ تعالی نے سب سے پہلے تمام انسانوں پر فرض کیا پھر حدیث قدسی ہے کے میں چھپا ہوا خزآنہ تھا تو میں نے یہ چاہا کے میں پہچانا جاؤں تو میں نے انسان کو پیدا کیا یہ پہچان اور معرفت دراصل جذبہ عشق ہی ہے جو خالق اپنی مخلوق سے کرتے ہیں عشق اللہ کی صفت ہے زبان وقلم دونوں ہی اس کی تعریف سے عاجز وقاصر ہیں جبکہ عقل سے بھی اس کی تشریح ممکن نہیں کیونکہ عشق کی تعریف صرف اور صرف عشق ہی بیان کرسکتا ہے جیسے چاند کی دلیل خود چاند ہے اہل علم حضرات تو یہاں تک کہتے ہیں کے عشق جان میں ہوتا ہے جبکہ نسب جسم میں لہٰذا اس اعتبار سے عشق کا رشتہ نسب کے مقابلے میں زیادہ محکم اور مستحکم تر ہے، اصول یہ ہے کے جب تک کسی ہستی کا ادراک اور آگہی حاصل نہ ہو اس وقت تک اس سے محبت بھی نہیں ہوسکتی ہے یعنی معرفت کے لئے پہچان کا ہونا لازمی ہے یعنی عرفان ذات ادارک اور

آ گہی کے بغیر ناممکن ہے ذات باری تعالی کی معرفت جب کسی کو حاصل ہوتی ہے یا وہ راہ سلوک کی منازل طے کرتا ہے تو اس سفر کی کٹھنائیوں میں ای عجیب لذت اور سرور پایا جاتا ہے تاہم انسان اپنے طبعی رجحان، افتاد طبع اور عمر، علم، عقل، مشاہدات اور تجربات ی روشنی میں بتدریج معرفت کے مدارج طے کرتا چلا جاتا ہے اگر چہ ہستی ذات کی پہچان، ادراک اور آ گہی صاحب ادراک کی طبیعت کے موافق ہوتی ہے جب ہی اس سے متعلق آ گہی اور پہچان میں اس شخص کو سرور، لذت و کیف حاصل ہوتا ہے۔

علماء کرام نے تو یہاں تک لکھا کے ہر لذت دینے والی چیز لذت پانے والے کے نزدیک محبوب ہوتی ہے اور اس شے کا محبوب ہونا دراصل اس شخص کے طبعی میلان کی جانب ایک اشارہ بھی ہے۔

علماء کرام نے بھی لکھا کے محبت اس کا نام ہے جس سے لذت ملتی ہے جب طبیعت کا یہ رجحان اور میلان پختہ اور قوی ہو جائے تو اس کیفیت کو عشق کہتے ہیں۔

انسان اپنے حواس کی مدد سے ان لذات کو محسوس کرتا ہے۔

اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! تمھاری دنیا کی تین چیزیں مجھے محبوب ہیں۔ ا۔خوشبو۔ ۲۔عورتیں۔ ۳۔اور نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔۵۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حضرت جبرائیل امین تشریف لائے اور انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہاتھ تھام کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جنت کا وہ دروازہ دیکھایا جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت جنت میں داخل کی جائے گی یہ سن کر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حسرت سے فرمایا! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر میں اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہوتا تو مجھے بھی وہ دروازہ دیکھنا نصیب ہو جاتا اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے ابوبکرؓ جان لو کے میری امت میں جو لوگ بھی داخل جنت کئے جائیں گے ان میں سب سے پہلے شخص تم ہی ہو گے۔٦۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس نے دنیا میں نماز پڑھی وہ روز قیامت نماز کے دروازے سے داخل جنت ہوجائے گا جس نے دنیا میں روزے رکھے وہ روز قیامت ریان نامی دروازے سے جنت میں داخل کردیا جائے گا اس پر

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا! رسول اللہ ﷺ کیا آپ کا کوئی امتی ایسا بھی ہے جس کے لئے جنت کے تمام دروازے کھلے ہوں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! ہاں ابوبکرؓ تمھارے لئے جنت کے تمام دروازے کھلے ہیں۔ ۷؎

## اللہ کی محبت

**ارشادات خداوندی:**

**فَسَوْفَ يَأْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ۔ ۸؎**

ترجمہ۔ وہ اللہ کے محبوب اور اللہ ان کا محبوب ہے۔

**وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔ ۹؎**

ترجمہ۔ اہل ایمان اللہ کی محبت میں شدید تر ہیں۔

**وَاَحْسِنُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ۔ ۱۰؎**

ترجمہ۔ نیکی کرو اللہ نیکی کرنے والے سے محبت کرتا ہے۔

**اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ۔ ۱۱؎**

ترجمہ۔ بے شک اللہ توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اور پاکیزگی حاصل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

**فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ۔ ۱۲؎**

ترجمہ۔ بے شک اللہ، اللہ سے ڈرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

**وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ۔ ۱۳؎**

ترجمہ۔ اللہ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَوَکِّلِیْنَ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ اللہ توکل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ اللہ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِہٖ صَفًّا کَاَنَّھُمْ بُنْیَانٌ مَّرْصُوْص۔ ۱۶؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ ان لوگوں سے محبت کرتا ہے جو اس کی راہ میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح صف بستہ کھڑے ہوکر لڑتے ہیں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ۔ ۱۷؎

ترجمہ۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اللہ کے سوا دوسروں کو اس کا ہم سر اور مدمقابل بناتے ہیں وہ لوگ ان کی محبت میں ایسے مبتلا ہیں جیسی محبت انھیں اللہ سے ہونی چاہئے حالانکہ ایمان والے سب سے بڑھ کر اللہ کو محبوب رکھتے ہیں۔

قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْکٰفِرِیْنَ۔ ۱۸؎

ترجمہ۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم لوگوں سے یہ کہہ دیجئے! اگر تم حقیقت میں اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی اختیار کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمھاری خطاؤں سے درگزر فرمائے گا وہ بڑا معاف کرنے والا اور رحیم ہے ان سے کہو کے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اطاعت کریں پھر اگر وہ تمھاری دعوت قبول نہ کریں تو پھر یہ یقیناً ناممکن ہے کے اللہ ایسے لوگوں سے محبت کرے جو اس کی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اطاعت سے انکار کرتے ہیں۔

’حب‘ کے معنی کسی چیز پر ثابت قدمی سے جمے رہنا ہے لہٰذا خدا کے ساتھ انسان کی محبت کے معنی انتہائی ثابت قدمی، استقامت اور خلوص نیت سے احکامات خداوندی کی اطاعت کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث پاک کا مفہوم کچھ اس طرح سے ہے کے بے شک پرہیزگار اللہ سے تعلق جوڑتا ہے جس کے نتیجے میں خدا، اسے اپنا بنا لیتا ہے جو شخص اللہ کی جانب ایک بالشت آگے بڑھتا ہے تو خدا اس کی جانب ایک بازو (نیزہ) آگے بڑھتا ہے اللہ کی رحمتیں اور مہربانیاں ہمہ وقت اس کی مخلوق پر آسمان سے برس رہی ہیں لیکن ان مہربانیوں سے وہی لوگ محروم ہیں جن کے دل گناہ گار ہیں اگر انسانی قلوب پر شیاطین کا بسیرا نہ ہوتا تو انسان آسمانی بادشاہت کی نشانیاں ضرور بہ ضرور دیکھ لیتا چنانچہ انسان کی فضیلت رحمانی صفات وکمالات میں پوشیدہ ہیں جبکہ یہی اس کی تکمیل بھی ہے جس کے سبب وہ خدا کے یہاں مستحق اکرام ٹھہرتا ہے کیونکہ ارشاد خداوندی ہے!

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۔

ترجمہ۔اے ایمان والو! جو کوئی تم میں سے اپنے دین سے پھر جائے گا تو عنقریب اللہ ایسی قوم کو لائے گا کہ جن کو اللہ چاہتا ہے اور وہ اس کو چاہتے ہیں، مسلمانوں پر نرم دل ہوں گے اور کافروں پر زبردست، اللہ کی راہ میں لڑیں گے اور کسی کی ملامت سے نہیں ڈریں گے، یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دیتا ہے، اور اللہ کشائش والا جاننے والا ہے۔۱۹؎

جب انسان قوانین الٰہی کا خلوص دل سے پابند ہو جاتا ہے تو قرآن کریم کی رو سے رب کائنات اور انسان کے باہمی تعلقات میں محبت، رفاقت، استواری اور استحکام پیدا ہو جاتا ہے اور اللہ اپنے ایسے بندوں کا خود ولی وکارساز بن جاتا ہے جبکہ دوسری جانب جب انسان حکم الٰہی کے مطابق اپنی زندگی بسر کرتا ہے اور بغیر کسی حجت کے تمام احکامات کو بروئے کار

لاتا ہے تو وہ خود بھی اللہ کا ولی یعنی دوست بن جاتا ہے قرآن کریم میں ان کیفیات کا جابجا متعدد آیات میں اظہار کیا گیا ہے۔ارشادات خداوندی ہیں!

اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔۲۰؎

ترجمہ۔اللہ مومنین کا حامی و مددگار ہے۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ لَا تَبْدِیْلَ لِکَلِمٰتِ اللّٰہِ ذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ۔۲۱؎

ترجمہ۔جو اللہ کے دوست ہیں اور جو ایمان لائے اور جنھوں نے تقویٰ کا رویہ اختیار کیا ان کے لئے کسی خوف اور رنج کا موقع نہیں دنیا اور آخرت دونوں ہی زندگیوں میں ان کے لئے بشارت ہی بشارت ہے اللہ کی باتیں بدل نہیں سکتیں یہی بڑی کامیابی ہے۔

مندرجہ بالا آیات میں اللہ تعالیٰ نے واضح الفاظ میں فرمادیا کے ایمان لانے والے اور تقوی اختیار کرنے والے اللہ کے دوست یعنی ولی ہیں لہٰذا یہ حجت تو یہیں تمام ہوئی جو ہمارے یہاں عام طور پر اولیاء اللہ کے حوالے سے بیان کی جاتی ہے کے وہ کوئی مخصوص گروہ سے تعلق رکھنے والے افراد ہوتے ہیں جبکہ قرآن کریم نے یہ واضح کردیا کے ہر مومن ولی اللہ یعنی اللہ کا دوست ہوتا ہے جیسے دنیا اور آخرت کی بے شمار کرم نوازیوں، کامیابیوں، کامرانیوں اور نعمتوں سے نوازا جائے گا ایسے افراد کے لئے اللہ تعالیٰ نے 'حزب اللہ' کی اصطلاح استعمال کی ہے جس کے حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَلَوْ کَانُوْٓا اٰبَآءَھُمْ اَوْ اَبْنَآءَھُمْ اَوْ اِخْوَانَھُمْ اَوْ عَشِیْرَتَھُمْ اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الْاِیْمَانَ وَاَیَّدَھُمْ بِرُوْحٍ مِّنْہُ وَیُدْخِلُھُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ اُولٰٓئِکَ حِزْبُ اللّٰہِ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰہِ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔۲۲؎

ترجمہ۔تم کبھی یہ نہیں پاؤ گے کے جو لوگ اللہ اور آخرت پر ایمان رکھنے والے ہیں وہ ان لوگوں سے محبت کرتے ہوں جنھوں نے اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مخالفت کی ہے،خواہ وہ ان کے باپ بیٹے ، بھائی یا اہل خانہ ہوں یہ وہ لوگ ہیں کے جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان کو ثبت کر دیا ہے اور اپنی طرف سے انھیں ایک روح عطا کر کے انھیں قوت بخشی ہے (اللہ) انھیں ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے کیونکہ یہ **حزب اللہ** (اللہ کے گروہ کے لوگ ) ہیں اور خبر دار رہو کے حزب اللہ ہی فلاح پانے والے ہیں ۔

ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔ ۲۳؎

ترجمہ۔ اللہ مومنین کا حامی و ناصر یعنی ( دوست ، ولی ، کارساز صرف اور صرف ) ) اللہ ہی ہے ۔

اللہ تعالی نے قرآن کریم میں مومنین کو آداب دعا سکھائے ۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں !

۔رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ، وَاغْفِرْ لَنَا ، وَارْحَمْنَا ۚ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۔ ۲۴؎

ترجمہ۔مومنوں تم یوں دعا کیا کرو اے ہمارے رب ! ہم سے بھول چوک میں جو قصور ہو جائیں ان پر گرفت نہ کر مالک ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو تونے ہم سے پہلوں پر ڈالا جس بار کو اٹھانے کی طاقت ہم میں نہیں وہ بار ہم پر نہ رکھ ہمارے ساتھ نرمی کر ہم سے درگزر فرما تو ہمارا مولیٰ ہے کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

وَاللّٰهُ مَوْلٰكُمْ ۔ ۲۵؎ ۔ترجمہ۔ اللہ تمھارا مولیٰ ہے۔

ایک دوسری آیت میں شیطانی گروہ سے تعلق رکھنے والوں کے لئے اللہ تعالی فرماتے ہیں !

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ۚ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ۚ اَلَآ

اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطَانِ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ ۔۲۶؎

ترجمہ۔خبردار! حزب الشیاطین (شیطان کے گروہ کے لوگ) ہی خسارے میں رہنے والے ہیں۔

حضرت بایزید بسطامیؒ فرماتے ہیں، میں یہ سمجھتا تھا کے میں اللہ سے محبت کرتا ہوں لیکن جب مجھ پر سے پردہ اٹھا تو مجھے یہ معلوم ہوا کے پہلے مجھے اللہ نے چاہا اس کے بعد مجھے اللہ سے محبت کی توفیق ہوئی۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! یا اللہ! میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حمد وثناء کے بیان سے قاصر ہوں،تو ایسا ہی ہے جیسا تو نے اپنی تعریف بیان فرمائی ہے۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں! العجز عن درك الادراك ادراك۔ یعنی۔ ادراک کا عجز ہی تو دراصل ادراک ہے۔۲۷؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ ۔۲۸؎

ترجمہ۔جس کا سینہ اسلام کے کے لئے کھول دیا تو گویا وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے.

حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ فرماتا ہے کے جو لوگ میری ذات سے محبت کرنے والے ہیں ان کے لئے نور کے منبر ہوں گے جس کی تحسین انبیاء اور اولیاء بھی کریں گے۔

ابورزین عقیلیؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا ایمان کیا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت ہر شے سے بڑھ جائے اس کیفیت کو ایمان کہتے ہیں۔۲۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! وہ شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک اللہ اور میری

محبت اس کے دل میں سب سے زیادہ بڑھ کر نہ ہوجائے۔۳۰؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! وہ مومن نہیں جب تک میں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے نزدیک اس کے گھر والوں، مال اور سب لوگوں سے محبوب نا ہوجاؤں۔۳۱؎

ایک جگہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ مومن نہیں جس کو میں اس کی جان سے بھی زیادہ محبوب نہ ہوجاؤں۔۳۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! اللہ سے اس لئے محبت رکھو کیونکہ وہ تمھیں ہر صبح اپنی نعمتوں سے سرفراز کرتا ہے اور مجھ سے اس لئے محبت رکھو کیونکہ اللہ مجھ سے محبت رکھتا ہے۔۳۳؎

ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا! میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت رکھتا ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! تو پھر تو مفلسی کے لئے تیار ہوجائے اس شخص نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آپ سے محبت رکھتا ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کے تو پھر بلا کے لئے تیار ہوجا۔۳۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس طرح سے دعا فرماتے! یا اللہ تو مجھے روزی عطا فرما، اپنی محبت عطا فرما اور جو کوئی بھی تجھ سے محبت رکھے اس کی محبت اور جو عمل مجھے تیرے قریب کردے اس کی محبت اور اپنی محبت کو میرے نزدیک ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ محبوب بنادے۔۳۵؎

ایک اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا! قیامت کب قائم ہوگی؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے پوچھا! تو نے قیامت کے لئے کیا سامان تیار کیا ہے؟ اس شخص نے کہا!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے بہت زیادہ نمازیں اور روزے تو جمع نہیں کئے لیکن مجھے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! 'المراء مع من احب'۔ یعنی۔ انسان اپنے محبوب کے ساتھ رہتا ہے۔

حضرت انسؓ بن مالک فرماتے ہیں، میں نے اسلام کے بعد مسلمانوں کو کسی چیز سے اتنا خوش ہوتے ہوئے نہیں دیکھا جتنا مسلمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس بات سے خوش ہوئے۔۳۶؎

حضرت ابوذر غفاریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میں ایک ایسی آیت جانتا

ہوں کے اگر تمام لوگ اس پر عمل کریں تو وہ آیت انھیں کافی ہوگی صحابہ کرام نے پوچھا کے یارسول اللہ ﷺ وہ کون سی آیت ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لئے نجات کی راہ پیدا کردیتا ہے۔۳۷۔

حضرت عمران بن حصینؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص سب سے منقطع ہو کر اللہ کی جانب متوجہ ہوگا اللہ اس کی ہر مہم میں اس کے لئے کافی ہے اور اس کو وہاں سے رزق دے گا جہاں اس کا گمان بھی نہیں ہوگا اور جو شخص سب سے منقطع ہو کر دنیا کی طرف متوجہ ہوگا تو پھر اللہ اس کو دنیا کے سپرد کردے گا۔۳۸۔

رسول اللہ ﷺ کے کچھ ارشادات عشق مجازی سے متعلق:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! کسی چیز کی محبت تمھیں (اس کا عیب دیکھنے سے) اندھا کردیتی ہے اور (اس کا عیب سننے سے) بہرہ کردیتی ہے۔۳۹۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! دنیا کی چیزوں میں سے عورتوں اور خوشبو کی محبت میرے دل میں ڈال دی گئی ہے جبکہ نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ ۔۴۰۔

## حب سے متعلق حضرت ابوبکر صدیقؓ کے اقوال

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا کے جو شخص عشق الٰہی کا مزہ چکھ لیتا ہے اس شخص کے قلب سے طلب دنیا نکال دی جاتی ہے اور اس کو لوگوں سے وحشت دلا دی جاتی ہے۔۴۱۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کے جو اللہ کا تقویٰ اختیار کرتا ہے لوگ اس سے محبت کرنے لگتے ہیں۔

بلاشبہ محبت کا پتہ زبان دیتی ہے جبکہ محبت کا اظہار مشاہدے سے ہوتا ہے۔

تین چیزیں محبت کا باعث ہوتی ہیں۔۱۔دین۔۲۔تواضع۔۳۔سخاوت۔

تین چیزیں محبت کا سبب ہوتی ہیں ۔ ا۔حسن اخلاق ۔ ۲۔حسن رفاقت ۔ ۳۔تواضع ۔

جس کی گفتگو میں نرمی ہوتی ہے اس سے محبت ضرور ہوجاتی ہے ۔

اگر میں مومن کے دونوں آنکھوں کے درمیان تلوار رکھ کر اس پر ضربیں لگاؤں تو وہ پھر بھی مجھ سے محبت ہی کرے گا جبکہ اگر میں منافق کو دنیا کی تمام دولت سے بھی نواز دوں تو وہ پھر بھی مجھ سے نفرت ہی کرے گا کیونکہ رب کائنات نے ازل میں ہی یہ فیصلہ کردیا تھا جس کی توثیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک نے کی کے اے علی! تم سے مومن کبھی بغض نہیں رکھے گا اور منافق تم سے کبھی محبت نہیں کرے گا ۔ میرے متعلق دو لوگ ہلاک ہوں گے ۔

ا ۔ میرے مقام کو حد سے زیادہ بیان کرنے والے یعنی خدائی کے درجے پر پہنچادینے والے

۲ ۔ میرے مقام کو حد سے زیادہ گھٹانے والے یعنی برا بھلا اور تبرا کہنے والے ۔

جو شخص جس کی محبت میں مبتلا ہوتا ہے وہ اس کی تعریف میں رطب اللسان رہتا ہے ۔

محبت نفع ترین خزانوں میں سے ایک ہے ۔ کٹ حجتی کے ساتھ کوئی محبت نہیں ۔

جو شخص تم سے محبت کرتا ہے وہ تمھیں برائی سے روک دے گا اور جو شخص تم سے بغض رکھتا ہو وہ تمھیں دھوکا دے گا ۔

ریاست اور دنیا کی محبت انسان کو اللہ کی محبت سے غافل اور دور کردیتی ہے ۔

آپؓ سے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کی کیفیات کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپؓ نے فرمایا کے خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے لئے ہمارے مال واسباب، اولاد، والدین اور پیاس میں ٹھنڈے پانی سے بڑھ کر محبوب تھے ۔

جو شخص مجھ سے محبت کرتا ہے وہ اپنی موت کے وقت جس طرح مجھ سے محبت کرتا ہے اسی طرح سے پائے گا ۔

اس شخص کو دوست رکھو جو تم سے اصلاح دین اور تمھارے یقین میں اضافہ کے لئے لڑتا ہو ۔

تمھاری محبت کا سب سے زیادہ مستحق وہ شخص ہے جس کا فائدہ تمھارے لئے اور نقصان

دوسروں کے لئے ہو۔

جو ہم سے محبت کرتا ہے اسے بلاؤں سے مقابلے کے لئے ایک مضبوط اور بڑا پیراہن تیار کر لینا چاہئے یعنی (مصیبتوں کے لئے تیار ہو جانا چاہئے)۔

اگر کسی انسان سے محبت کے بارے میں شک ہو تو اس کے بارے میں اپنے دل سے سوال کرو۔ بہت سی جنگیں ایک لفظ کی وجہ سے بھڑک جاتی ہیں اور بہت سی محبتیں ایک لمحے میں پروان چڑھ جاتی ہیں۔

محبت دو قرابتوں میں سے ایک قرابت ہے لوگوں سے محبت عقل میں سر فہرست ہے۔

اللہ تعالی سے محبت و دوستی کرنا رشتہ داری کے اتحاد سے زیادہ مضبوط تر ہے۔

محبت لوگوں کی روح کے درمیان الفت برقرار کرنے کے لئے دلوں کو ایک دوسرے سے نزدیک کرتی ہے۔

محبت کے بارے میں زبان بتا دیتی ہے اور اس کا پتا مشاہدہ کے ذریعے ہو جاتا ہے۔

جو دوستی اور محبت کی ابتداء کرتا ہے وہ احسان کرتا ہے۔

جب محبت مستحکم ہو جاتی ہے تو ایک دوسرے کی پشت پناہی کرنا واجب ہو جاتی ہے۔

تنگ دستی اور اور مصیبت کے وقت محبت کا حسن ظاہر ہوتا ہے۔

آخرت سے دل وابستہ کرنے والوں کی محبت کبھی زائل نہیں ہوتی کیونکہ اس کے اسباب ہمیشہ کے لئے ہوتے ہیں۔ نفع بخش خزانہ میں دلوں کی محبت ہے۔

جسے تمھارے قلوب پسند کرتے ہیں اپنی دولت اس کے لئے تیار رکھو۔

جو اللہ کا تقوی اختیار کرتا ہے لوگ اس سے محبت کرنے لگتے ہیں۔

بے شک محبت کا پتا زبان دیتی ہے۔ محبت کا اظہار مشاہدے سے ہوتا ہے۔

جب محبت کرو تو زیادہ روی سے کام نہ لو، شفقت کے ذریعے محبت مضبوط ہوتی ہے۔

چاہنے والی آنکھ محبوب کے عیوب سے اندھی ہوتی ہے اور اس کے کان اپنے محبوب کی برائی

سے بھرے ہوتے ہیں۔
جو کسی شے کو محبوب رکھتا ہے وہ اس کی تعریف میں رطب اللسان رہتا ہے۔ ۴۲
جو ہم سے یعنی (اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے) محبت کرتے ہیں انھیں چاہئے کے وہ مصیبتوں اور بلاؤں کے لئے تیار رہیں۔ ۴۳
حضرت مطرب بن ابی بکر ارشاد فرماتے ہیں، محبوب کبھی بھی اپنے محبوب کے ذکر سے رنجیدہ نہیں ہوتا۔ ۴۴

## نفسیاتی پہلو

حضرت شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! محبت پر سکون زندگی اور اطمینان قلب کا ذریعہ ہے اس لئے کوءی انسان جس کے اندر محبت کی لطیف لہر ہوتی ہیں، مصائب ومشکلات اور پیچیدہ بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ ۴۵
حس محبت تمام انسانوں، جانوروں، پودوں اور پرندوں میں پائی جاتی ہے یہ ایک نہایت طاقتور حس ہے جبکہ کائنات کے کل نظام میں یہ جذبہ نہایت گہرائی میں موجود اور مستور ہے، خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! زندگی میں خوشی اور غم دونوں متوازی ہوتے ہیں خوشی کے بغیر غم نہیں ہوتا اور غم کے بغیر خوشی نہیں۔ ۴۶

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ص۔ ۴۶۴ ۔مکتبہ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی)۔ص۔ ۴۶۴ ۔مکتبہ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ) مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۔القاموس المحیط۔علامہ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیا التراث۔
۵۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ) مطبوعہ دار احیاء التراث العربی۔
۶۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۸۔سورہ المائدہ۔آیت۔۵۴۔
۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۶۵۔
۱۰۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۹۵۔
۱۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۲۲۔
۱۲۔سورہ آل عمران۔آیت۔۷۶۔
۱۳۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۴۶۔
۱۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۵۹۔
۱۵۔سورہ المائدہ۔آیت۔۴۲۔
۱۶۔سورہ الصّف۔آیت۔۴۔
۱۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۶۵۔
۱۸۔سورہ آل عمران۔آیت۔۳۱۔۳۲۔
۱۹۔سورہ المائدہ۔آیت۔۵۳۔۵۴۔
۲۰۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۵۷۔
۲۱۔سورہ یونس۔آیت۔۶۳۔۶۴۔
۲۲۔سورہ المجادلہ۔آیت۔۲۲۔
۲۳۔سورہ محمد۔آیت۔۱۱۔
۲۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۸۶۔
۲۵۔سورہ تحریم۔آیت۔۲۔
۲۶۔سورہ المجادلہ۔آیت۔۱۹۔
۲۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۲۱ھ۔
۲۸۔سورہ زمر۔آیت۔۲۲۔
۲۹۔سنن کبریٰ۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۳۰۔المعجم الصغیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ) مطبوعہ سلفیہ مدینہ منورہ۔
۳۱۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔

۳۲۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی۔
۳۳۔سنن کبریٰ۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۳۴۔سنن کبریٰ۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۳۵۔المعجم الصغیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ) مطبوعہ سلفیہ مدینہ منورہ۔
۳۶۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی۔
۳۷۔سورہ الطلاق۔آیت۔۲۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ۔(متوفی ۲۷۳ھ)
مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۵ھ۔رقم الحدیث۔۴۲۲۰۔
۳۸۔تفسیر القرآن العزیز۔امام عبدالرحمن بن محمد بن ادریس بن ابی حاتم رازی۔(متوفی۔۳۳۳ھ)۔
مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ ۱۴۱۷ھ۔رقم الحدیث۔۱۸۹۱۳۔
۳۹۔سنن ابی داود۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۴۰۔سنن نسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی۔۳۰۳ھ) مطبوعہ دار المعرفہ بیروت۔
۴۱۔احیاء العلوم۔امام محمد غزالی (متوفی ۵۰۵ھ)۔مترجم۔محمد فیض احمد اویسی۔ج۔۴۔ص۔۵۳۸۔مکتبہ۔
شبیر برادرز۔اردو بازار لاہور۔
۴۲۔تجلیات حکمت۔مولف آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر
تبلیغات اسلامی ایران۔۱۴۲۴ھ۔
۴۳۔تجلیات حکمت۔مولف آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۲۴۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی ایران۔۱۴۲۴ھ۔
۴۴۔احیاء العلوم۔امام محمد غزالی (متوفی ۵۰۵ھ)۔مترجم۔محمد فیض احمد اویسی۔ج۔۴۔ص۔۲۰۵۔
مکتبہ۔شبیر برادرز۔اردو بازار لاہور۔
۴۵۔بڑے بچوں کے لئے۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔
۴۶۔آ گہی۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

# ۴۔خوف خدا (خشیت الٰہی)

## بہترین عبادت خوف خدا ہے (حضرت علیؑ)

**خشیت**۔عربی زبان کا لفظ ہے جو (خ۔ش۔ی) سے مشتق ہے۔
الخشي ۔عربی زبان میں خشک پودے کو کہتے ہیں۔
الخشا۔ سے مراد خشک اور پتھریلی زمین کے ہیں جہاں کچھ پیدا نہیں ہوتا۔
الخشي ۔عربوں کے نزدیک پانی کی عدم دستیابی کے سبب سبزہ کا خشک ہوجانا کسی سخت خطرے کی علامت ہے۔
خشیۃ ۔ سے مراد کسی نقصان کے احتمال سے خوف زدہ ہوجانا۔
صاحب محیط کہتے ہیں! خشیۃ ،خوف سے زیادہ شدید تر ہے کیونکہ خوف کا لفظ صرف نقصان کے لئے بولا جاتا ہے جبکہ اہل عرب میں شجرۃ خشیۃ سے مراد ایسا درخت جو مکمل خشک ہوگیا جس میں زندگی کی کوئی رمق باقی نا ہو۔
خشیت الٰہی ۔ سے مراد اگر قوانین خداوندی کے خلاف زندگی بسر کی جائے تو انسان کی کوشش اور محنت رائیگاں اور اس کی کھیتی مکمل جھلس جائے گی۔ ا؎
خشیت اللہ۔(اللہ کا ڈر) یعنی قوانین خداوندی سے سرکشی کے نتائج وعواقب کا احساس ہونا۔

**ارشادات خداوندی:**

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَآءُ ۔ ۲؎
ترجمہ۔اللہ سے تو صرف اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو اس کی عظمت کا علم رکھتے ہیں۔
اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۔ ۳؎

ترجمہ۔خبردار! تم ایسے لوگوں سے کیوں نہ لڑو جنہوں نے اپنی قسموں کو توڑ ڈالا اور پیغمبر کو جلا وطن کرنے کا ارادہ کیا اور انہوں نے پہلے تم سے عہد شکنی کی، کیا تم ان سے ڈرتے ہو، اللہ زیادہ حق دار ہے کہ تم اس سے ڈرو اگر تم ایمان دار ہو۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو چیز سب سے زیادہ جنت میں داخل کرے گی وہ اللہ تعالی کا ڈر یعنی (خشیت الہی) اور اچھا اخلاق ہے۔ ۴؎

## امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب نے فرمایا کے خوف خدا مومنوں کا شعار ہے۔

بہترین عبادت خوف خدا ہے۔

جب تم اللہ سے خوف زدہ رہو گے تو تم اسی کی طرف دوڑو گے۔

جو اللہ سے خوف زدہ رہتا ہے، اللہ اسے ہر چیز سے امن وامان میں رکھے گا۔

خوف خدا آگہی سے جڑی ہوئی ہے۔خوف خدا عرفا کی خلعت ہے۔

خوف خدا مومنوں کا شعار ہے۔خوف خدا متقین کی روش ہے۔

خوف خدا گناہوں کے لئے نفس کا قید خانہ ہے۔

دنیا میں خوف خدا، آخرت کی وحشت اور خوف سے انسان کو بچا لیتا ہے۔

لوگوں میں اللہ کے متعلق سب سے زیادہ جاننے والا وہ ہے جو سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہے۔خوف خدا کا ثمر امن ہے۔

بہترین عمل خوف اور امید کے درمیان اعتدال ہے۔

بدترین ہے وہ شخص جو اپنے پروردگار کے معاملات میں لوگوں سے ڈرے لیکن لوگوں کے معاملات میں اللہ سے نا ڈرے۔جس کا اللہ سے خوف بڑھ جاتا ہے اس کی آفتیں کم ہوجاتی ہیں۔جو شخص عذاب الہی کے وعدوں سے ڈرتا ہوگا وہ قیامت کو اپنے آپ سے قریب کرلے

گا۔۵؎

## نفسیاتی پہلو

خوف خدا، اللہ سے محبت کی ایک انتہائی قسم ہے یعنی بندے کو اللہ کی ناراضی کا خوف ہوتا ہے جس کے باعث وہ گناہ، معصیت اور سرکشی سے بچتا ہے اور اللہ کی عبادت اور اطاعت میں اپنی زندگی بسر کرتا ہے، دنیاوی اعتبار سے بھی اس کیفیت کا مشاہدہ اکثر نظر آتا ہے مثلاً عشق مجازی میں عاشق اپنے محبوب کی پسند ناپسند کی خاطر بہت کچھ اپنا تا اور ترک کرتا ہے جبکہ یہ محبت دو انسانوں کے درمیان ہے تاہم جب انسان اللہ کی محبت میں اپنے آپ کو بدلتا ہے تو اس کے در پردہ کیفیت خشیت الٰہی یا خوف خدا کہلاتی ہے، ایسے تمام انسان سعید اور قدسی نفوس ہیں جو اللہ کی خاطر صراط مستقیم پر چلتے ہوئے بالآخر اللہ کا عرفان حاصل کر لیتے ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مکتبہ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ فاطر۔آیت۔۲۸۔

۳۔سورہ توبہ۔آیت۔۱۳۔

۴۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۲۱ھ۔

۵۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۷۱۔
مطبع۔دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۲۰۰۳ء۔

# ۵۔معرفت الٰہی

## معرفت الٰہی قلب کا نور ہے(حضرت علیؑ)

**معرفت**۔عربی زبان کا لفظ ہے جو(ع۔ر۔ف) سے مشتق ہے۔

العرف۔کے معنی مہک یا خوشبو۔

عرفتہ۔سے مراد میں نے اس کی بو پالی یا اس کو پہچان لیا۔

عرفتہ۔سے مراد کسی چیز کی علامات وآثار پر غور وفکر کر کے اس شے کا ادراک حاصل کر لینا معرفت یا عرفان کہلاتا ہے۔ا؎

ابن فارس نے العرف کے دو معانی بیان کئے ہیں۔

ا۔کسی چیز کا یکے بعد دیگرے یا پے در پے ہونا۔ ۲۔سکون اور اطمینان کا ہونا۔

عرف۔سے مراد کسی بھی جانی پہچانی شے کو کہتے ہیں کیونکہ جانی پہچانی چیز سے انسان کو وحشت نہیں ہوتی بلکہ سکون اور اطمینان کا احساس ہوتا ہے۔

العرف۔نہایت عمدہ خوشبو کو بھی کہتے ہیں۔

عرف، یعرف، معرفتہ، وعرفاناً۔سے مراد کسی چیز کو جان اور پہچان لینا۔۲؎

۹ ذی الحجہ کو میدان عرفات میں تمام مسلمان خطبہ حج سنتے ہیں اس رکن کو حج کا رکن اعظم بھی کہا جاتا ہے۔

عرفھا۔جنت سے متعلق سورہ محمد میں ارشاد خداوندی ہے!

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۔۳؎

ترجمہ۔اور ان کو جنت میں داخل کر دے گا،جس کی ان کو پہنچان کرادی ہے۔

ابن فارس نے کہا اس کے معانی ہیں کے اللہ نے جنت کو خوشبو میں بسا دیا ہے لیکن اس کے معنی متعارف ہونے کے زیادہ موزوں معلوم ہوتے ہیں۔۴؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اگر تم اللہ کی معرفت حاصل کرلو تو تمھاری دعائیں پہاڑوں کو بھی اپنی جگہ سے ہٹادیں گی۔۵؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بعض علوم پوشیدہ خزانوں کی طرح مخفی ہیں جنھیں معرفت الٰہی رکھنے والے ہی جانتے ہیں۔۶؎

اعراف۔سے مراد عالم اعراف بھی ہے۔

## اعراف کے معنی:

اعراف جنت اور دوزخ کی درمیانی سرحد کا نام ہے۔

**وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْأَعْرَافِ رِجَالٌ يَعْرِفُونَ كُلًّا بِسِيمَاهُمْ ۚ وَنَادَوْا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَنْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ ۚ لَمْ يَدْخُلُوهَا وَهُمْ يَطْمَعُونَ**۔۷؎

ترجمہ۔ان دونوں (جنتیوں اور دوزخیوں) کے درمیان ایک حجاب ہے اور اعراف پر کچھ مرد ہوں گے جو ہر ایک (جنتی یا دوزخی) کو اس کی علامت سے پہنچانیں گے اور وہ اہل جنت سے پکار کر ہیں گے تم پر سلام ہو وہ ابھی جنت میں داخل نہ ہوئے ہوں گے اور وہ اس کی امید رکھیں گے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا! اعراف بلند چیز ہے اور لغت میں اعراف کا معنی ہے بلند جگہ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ) نے لکھا ہے!

اعراف جنت اور دوزخ کے درمیان ایک دیوار ہے۔۸؎

## حیات کا قدم:

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! فرشتے، انسان، جنات اجرام فلکی کہکشانی نظام اور تمام انواع کی ابتدا اور انتہا شعور کے ردوبدل پر قائم ہے ہم ابتدا کو پیدائش کا مرحلہ کہتے ہیں تو انتہا کو موت کا مرحلہ کہیں گے لیکن جب موت کے مرحلے پر تفکر کرتے ہیں تو موت کا مرحلہ بھی حیات کا ایک قدم ہے ایسی حیات کا قدم جس قدم کے بعد دوسرا قدم بھی حیات ہے

کائنات جن حواس اور جن شعور میں حیات کے مراحل طے کر رہی ہے وہ مختلف کیفیات ہیں یعنی مختلف کیفیات کے ردو بدل کا نام کائنات ہے۔۹؎

تصوف میں جان کنی کے عالم کی وضاحت اور مرنے والے کے قریب سورہ یٰسین پڑھنے کی وجہ کو اس طرح سے بیان کیا گیا ہے، اصل میں جان کنی کا عالم، دنیاوی شعور کا اعراف کے شعور میں تبدیل ہونے کا عمل ہے اس وقفے کے دوران فرد کو اعراف کی روشنیوں کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ اعراف کا شعور جلد از جلد دنیاوی شعور پر غالب آجائے اور موت کی کشمکش سے نجات ملے۔

**سورہ یٰسین**، اعراف کے نور کا خزآنہ ہے، جیسے جیسے ان انوار کی لہریں مرنے والے کے اندر جذب ہوتی جاتی ہیں اسے موت کی تکلیف پر قابو پانے کے لئے قوت و ہمت مل جاتی ہے ۔۱۰؎

علماء کرام نے اصحاب اعراف سے متعلق دس اقوال ذکر کئے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت حذیفہ بن یمانؓ اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے کہا وہ لوگ جن کی نیکیاں اور گناہ برابر ہوں۔

مجاہد نے کہا یہ صالح فقہاء اور علماء ہیں۔

مہدوی نے کہا یہ شہداء ہیں۔

قشیری نے کہا یہ وہ فاضل مومن اور شہداء ہیں جو اپنے کاموں سے فارغ ہو کر لوگوں کے احوال کا مطالعہ کرنے کے لئے فارغ ہو گئے یہ لوگ جب اہل دوزخ کو دیکھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ سے پناہ طلب کرتے ہیں کے ان کو دوزخ کی طرف لوٹایا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور جب یہ ان اہل جنت کو دیکھتے ہیں جو ابھی جنت میں داخل نہیں ہوئے تو ان کے دخول کی امید رکھتے ہیں۔

ثعلبی نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کیا ہے کے الاعراف پل صراط پر ایک بلند جگہ

ہے جس پر حضرت عباسؓ ، حضرت حمزہؓ ، حضرت علیؓ ، حضرت جعفرؓ بن ابی طالب ہیں وہ اپنے محبین کو سفید چہرے سے پہچانتے ہیں ۔

زاہروی نے کہا یہ وہ نیک لوگ ہیں جو قیامت کے دن لوگوں کے اعمال کی گواہی دیں گے اور یہ ہر امت میں ہیں ۔

زجاج نے کہا یہ انبیاء ہیں ۔

ایک قول یہ بھی ہے کے یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے کے کبیرہ گناہ کئے اوران کے صغیرہ گناہ بھی تھے جو مصائب اور آلام کی وجہ سے معاف نہیں ہو سکے یعنی یہ گناہ گار لوگ ہیں ۔

قشیری نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کی ہے کے یہ زنا سے پیدا شدہ لوگ ہیں ۔

ابو مجلز نے ذکر کیا ہے کے یہ ملائکہ ہیں ۔۱۱؎

عالم برزخ ایک ٹرانزٹ کیمپ (Transit Camp) ہے جو لوگ انتقال کر چکے ان کی ارواح ایک مقام جس کو عالم برزخ کہتے ہیں وہاں قیام پذیر رہتی ہے یہ ارواح متحرک اور فعال یعنی (active) ہوتی ہیں ۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مومن کی جان ایک پرندے کی صورت جنت کے درختوں سے پھل کھاتی ہے حتیٰ کے قیامت کے دن وہ دوباہ اپنے جسم میں چلی جائی گی ۔۱۲؎

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! صاحب کشف القبور اس بات سے بخوبی واقف ہیں کے دنیا سے جانے والا ہر شخص اعراف میں رہتا ہے اور وہاں اس دنیا کی طرح کی زندگی گزارتا ہے وہاں کے لوگ اپنے رشتے داروں سے ملنے آتے ہیں اوران کے لئے اللہ سے دعائیں بھی کرتے ہیں ۔۱۳؎

## غیب کی دنیا:

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! انسان جب اس دنیا میں مرجاتا ہے تو دراصل وہ عالم اعراف میں اسی دن پیدا ہوتا ہے عالم اعراف ایک ایسا مقام ہے جہاں انسان کے اوپر

سے زمان ومکان کی گرفت ٹوٹ جاتی ہے تاہم زمان ومکان کی گرفت کو ٹوٹنا اور ختم ہونا دو الگ باتیں ہیں انسان عالم اعراف میں اپنے رشتے داروں سے ملاقات کرتا ہے، کھاتا پیتا، سوتا جاگتا ہے گھومتا پھرتا ہے تاہم دنیا کے جو رنج والم اور خوشیاں تھیں اسے وہ احساسات بھی وہاں حاصل رہتے ہیں فرق صرف اتنا ہے کے انسان اس گوشت پوست کے جسم سے آزاد ہوتا ہے لیکن اس کے وہ تمام دنیاوی تقاضے وہاں بھی اس کے ساتھ ہی رہتے ہیں اس کو بھوک اور پیاس بھی لگتی ہے جس کے تدارک ے لئے وہ کھاتا پیتا ہے اس پر غم اور خوشی کی یفیات بھی طاری ہوتی ہیں بادی النظر میں اس دنیا اور عالم اعراف میں بظاہر کوئی فرق نہیں اگر فرق ہے تو صرف اتنا کے انسانی شعوری رفتار بڑھ جاتی ہے اور یہ رفتار اس قدر تیز ہوتی ہے جیسے دنیا کا مہینوں کا سفر اور وہی سفر عالم اعراف میں منٹوں میں طے ہوجاتا ہے۔ ۱۴؎

حضرت شمس الدین عظیمی مزید فرماتے ہیں! عالم اعراف کی دنیا اس قدر خوبصورت ہے کے اگر آدم زاد اس دنیا کو دیکھ لے تو اس تنگ وتاریک مادی دنیا کی حیثیت اس کے سامنے کچھ نہیں رہتی جب کوئی بندہ عالم مشاہدہ میں داخل ہونے کے بعد عالم اعراف کا نظارہ کرلیتا ہے تو اس کے اوپر سے کشش ثقل ٹوٹ جاتی ہے، کشش ثقل کے ٹوٹ جانے سے مراد یہ نہیں ہے کے بندہ لطیف ہوکر ہوا میں اڑ جائے بلکہ کشش ثقل کے ٹوٹنے سے مراد انسان کے اندر دولت کی حرص وحوص اور مال وزر کی محبت اس کے دل سے نکل جاتی ہے دوسری جانب مال وزر کی فراوانی سے جو کبر ونخوت اور شیطانیت انسان کے اندر پیدا ہوتی ہے انسان عالم اعراف کی دنیا سے واقفیت کے بعد اس دنیاوی حرص وحوس کی کیفیت سے آزاد ہوجاتا ہے اور یہ حقیقت اس بندے کا یقین بن جاتی ہے کے بہر حال مجھے اس فانی دنیا سے اس باقی دنیا میں منتقل ہونا ہے ۔ ۱۵؎

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! موت تمھاری راہ میں حائل ہے اس کے آتے ہی تمھارے لئے جنت یا دوزخ ہے۔ ۱۶؎

پروفیسر رفیق احمد کہتے ہیں! قبر حیات برزخی ہے لوگ مرتے نہیں ہیں بلکہ وہ اگلی دنیاؤں میں منتقل ہوتے ہیں چنانچہ اس گوشت پوست کے جسم کے ساتھ اگلی ایڈوانس دنیا میں سفر ناممکن ہے چنانچہ جسم جو روح کا لباس ہے اس کو اسی دنیا میں چھوڑنا پڑتا ہے جسم جس کو روح کا لباس بھی کہتے ہیں وہ عمر گزرنے کے ساتھ ساتھ بوسیدہ، کمزور اور پھٹا پرانا ہو جاتا ہے چنانچہ اس پھٹے پرانے لباس کے ساتھ اگلی دنیا میں سفر ناممکن ہے وہ موت کے بارے میں کہتے ہیں کے It is a gate way to galaxies یعنی جیسے انسان کی موت واقع ہوتی ہے اس انسان کا Time and Space تبدیل ہو جاتا ہے۔

حضور قلندر بابا اولیاؒ فرماتے ہیں! اس رنگ و بو کی طرح ایک اور دنیا بھی ہے جو مرنے کے بعد ہمارے اوپر منکشف ہوتی ہے انسان کتنا بدنصیب ہے کے اس نے کبھی اس نادیدہ دنیا کی طرف سفر ہی نہیں کیا اگر انسان اس دنیا سے روشناسی حاصل کر لے تو اس بات کی توقع کی جا سکتی ہے کے ناشاد و نامراد زندگی کو مسرت و شادمانی میسر آجائے۔۱۷؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب فرماتے ہیں! میں نے اللہ کو ارادوں کے ٹوٹنے، عہد و پیمان کے ختم ہو جانے اور ہمتیں ہار جانے سے پہچانا۔

تمام کاموں میں سرفہرست اللہ کی معرفت ہے جبکہ اس کا ستون اطاعت الٰہی ہے۔

عارف کا چہرہ ہشاش بشاش اور مسکراتا ہوا ہوتا ہے جبکہ اس کے دل میں غم ہوتا ہے۔

عارف وہ ہے جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اللہ انھیں خواہشات کی غلامی سے آزاد اور ہر اس شے سے دور کر دیتے ہیں جو اسے اللہ سے دور یا اس کی تباہی کا باعث ہو۔ معرفت الٰہی قلب کا نور ہے۔ سب سے پہلے دین کی معرفت ہے جبکہ کمال معرفت دین کی تصدیق اور یقین ہے جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا گویا اس نے اللہ کو پہچان لیا۔

عارف وہ ہے جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اور اپنے نفس کو خواہشات کی غلامی سے آزاد کر لیا

اور اپنے نفس کو ہر اس چیز سے الگ اور دور کرلیا جو شے اسے اللہ سے دور کرتے ہوئے اس کی تباہی کا سبب بن سکتی ہے۔علم کا ثمرہ اللہ کی معرفت ہے۔

بہت سی معرفتیں انسان کو گمراہی کی جانب لے جاتی ہیں۔

معرفت کی انتہا یہ ہے کے انسان اپنے آپ کو پہچان لے۔

ہر عارف خداشناس اور غم زدہ ہوتا ہے۔

اہل معرفت سے ملاقات قلوب کی تعمیر اور حکمت سے استفادہ ہے۔

جو شخص برائی میں سے اچھائی کو نا پہچان سکے وہ جانور کی مانند ہے۔

جس کو اللہ کی معرفت حاصل ہوجاتی ہے وہ شخص دنیاوی لذات سے اپنے آپ کو دور کرلیتا ہے۔تھوڑی سی بھی معرفت الٰہی دنیا میں زہد کا سبب بن جاتی ہے۔

کسی بھی شے میں اس وقت تک دلچسپی نالو جب تک کے تم اس کو پہچان نالو۔

بہترین معرفت یہ ہے کے انسان اپنے آپ کو پہچانتے ہوئے اپنی قدرومنزلت سے واقف اور آگاہ ہوجائے۔۱۸؎

ہر انسان کے مقدر میں جو کچھ کم یا زیادہ ہوتا ہے وہ ہر روز انسان پر بارش کے قطروں کی طرح آسمان سے امر الٰہی کی شکل میں نازل ہوتا ہے۔مومن صبح وشام اپنے نفس سے بدگمان رہتا ہے۔مومن سینے کی وسعت کے اعتبار سے بڑا ہوتا ہے جبکہ نفس کے لحاظ سے سب سے چھوٹا ہوتا ہے۔مومن جب کوئی بات کہتا ہے تو سب سے پہلے اپنی ذات میں اس کے بارے میں غور وفکر کرلیتا ہے پس اگر وہ بات فائدہ مند ہو تو اسے ظاہر کرتا ہے اگر وہ شر انگیز ہو تو اس کی پردہ پوشی کرتا ہے۔تمھارے نفس کی بیش بہا قیمت ہے لہٰذا اسے جنت کے سوا کسی اور کے عوض نہ بیچو۔نماز واجب (فرض) کے وقت کبھی مستحب (نفل) نماز نہ بجالاؤ کیونکہ پہلے فرض ہے اس کے بعد جو چاہو وہ پڑھو۔

فرائض اور نوافل کے ذریعے اللہ کے قرب کو چاہنے والوں کے لئے دوگنا ثواب ہے۔

یقین ومعرفت کے ساتھ سونے، حالت شک میں نماز پڑھنے سے زیادہ بہتر ہے۔۱۹؎

# نفسیاتی پہلو

## خودشناسی:

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فریا! خود شناسی مفید ترین معرفت ہے۔۲۰؎
شمس تبریز کہتے ہیں ہم یہ سمجھتے ہیں کے خدا ہمیں اوپر سے دیکھتا ہے درحقیقت اللہ ہمیں اندر سے دیکھتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم یہ چاہو کے تم سے لوگ محبت کریں توتم دنیا سے بے رغبت ہوجاؤ۔۲۱؎

ابدال حق حضور قلندر بابا اولیا فرماتے ہیں! جس وقت حضرت اویس قرنیؓ اور حضرت عمرؓ کی ملاقات ہوئی تو حضرت عمرؓ نے حضرت اویس قرنیؓ سے درخواست کی آپ مجھے کچھ نصیحت کیجئے حضرت اویس قرنیؓ نے حضرت عمرؓ سے دو سوالات پوچھے۔

۱۔عمرؓ کیا آپ اللہ کو جانتے ہیں؟

جواب۔حضرت عمرؓ نے کہاہاں میں اللہ کو جانتا ہوں۔

۲۔عمرؓ کیا اللہ بھی آپ کو جانتا ہے؟

جواب۔حضرت عمرؓ نے جواب دیا!ہاں اللہ بھی مجھے جانتا ہے۔

ان دونوں سوالات سے یہ بات سامنے آئی کے صرف یہ کافی نہیں کہ انسان اللہ کے راستے میں قدم اٹھائے اور اس کا کام ہوجائے بلکہ اہم بات یہ ہے ب اس کام میں کوئی مصلحت درپیش نہ ہو، بلکہ وہ کام خالص اللہ کی خوشنودی کے لئے کیا گیا ہو کیونکہ انسان کئی نیکیاں بھی مصلحت کے تحت کرتا ہے جبکہ بسا اوقات انسان کا اصل مقصد اللہ نہیں بلکہ جنت کا حصول ہوتا ہے چنانچہ روحانیت میں یہ بات بے حد اہم ہے کے اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا مقصد اور کوئی دوسری غائیت وشریک کرنا کفر کے درجے میں شمار ہوتا ہے۔۲۲؎

حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں ہر چیز کی ایک روح ہوتی ہے اور معرفت کی روح نسیان ہے وہ نسیان جو اللہ پاک کے سوا ہر چیز کو دل سے نکال پھینکتا ہے۔ ۲۳؎

ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاءفرماتے ہیں! انسان کو اس وقت تک نفس کا عرفان حاصل نہیں ہوتا جب تک وہ اپنی انا اور اپنی ذات کی نفی نہ کرلے تاہم جب بندہ اپنے شعوری علم کی نفی کرلیتا ہے تو اس پر لاشعوری علوم کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ .

واصف علی واصف کہتے ہیں اللہ کے سپرد کرنے کے بعد جو منزل آتی ہے اسے موت سے پہلے مرنے کی منزل کہتے ہیں۔

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! اس کائنات میں کوئی راز، راز نہیں ہے لیکن اس کائنات سے انسان اسی وقت فائدہ اٹھا سکتا ہے جب وہ ان اصولوں کو صدق دل سے اپنالے جو اس کائنات کے خالق نے بنائے ہیں۔ ۲۴؎

حضرت ابن عربی فرماتے ہیں! جب آپ رب سے محبت کرتے ہیں تو وہ آپ کے دلوں میں ان ہی لوگوں کو بسنے دیتا ہے جو آپ کی محبت کے اہل ہوں۔

رومی کہتے ہیں جب تم زندگی میں تنہا ہو جاؤ تو جان جاؤ کے تمھارا رب تمھارے ساتھ وقت گزارنا چاہتا ہے اور اسی لئے اس نے سب کو تم سے دور کردیا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ) مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مکتبہ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ محمد۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ) مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ۔

۴۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مکتبہ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۵۔میزان حکمت۔ج۔ ۲۔ص۔ ۴۳۔

۶۔مسند الفردوس بماثور الخطاب۔امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی۔(متوفی ۵۰۹ھ)

۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۶ھ۔

۷۔سورہ اعراف۔آیت۔۴۶۔

۸۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ) مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۹۔لوح وقلم۔ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاء۔ص۔۲۸۰۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

۱۰۔قندیل۔محترمہ سیدہ سعیدہ خاتون۔ص۔۳۰۷۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

۱۱۔الجامع القرآن۔ج۔۸۔ص۱۹۱۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۱۲۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۵ھ۔

۱۳۔تذکرہ خواجہ شمس الدین عظیمی۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

۱۴۔پیراسائیکلوجی۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔۴۳۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

۱۵۔پیراسائیکلوجی۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔۴۳۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

۱۶۔نہج البلاغہ (خطبات حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم)۔خطبہ۔۴۲۔مطبوعہ ایران ومطبوعہ کراچی۔

۱۷۔صدائے جرس۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

۱۸۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع۔دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۲۰۰۳ء۔

۱۹۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع۔دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۲۰۰۳ء۔

۲۰۔غرر الحکم۔ص۔۴۶۴۰۔

۲۱۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۵ھ۔

۲۲۔فقیر کی ڈاک۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔۸۰۷۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

۲۳۔ظفر اللہ خان کے احوال۔ص۔۸۸۔

۲۴۔بڑے بچوں کے لئے۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

# ۶۔ذکر الٰہی

## ذکر محبوب کے ساتھ بیٹھنے کی طرح ہے (حضرت علیؑ)

ذکر۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ذ۔ک۔ر) سے مشتق ہے۔
ذکر۔کے معانی کسی کو یاد کرنے یا محفوظ کرنے کے ہیں۔
ذکر۔سے مراد کسی بات کو دل میں یاد کرنا یا حاضر کر لینا۔
ذکر۔کا متضاد نسی یعنی (بھول) ہے۔
ذکر۔کے معنی کسی چیز کو یاد کرنا۔
ذکر۔سے مراد شہرت، شرف اور عزت بھی ہے۔
ذکر۔سے مراد عبرت و موعظت بھی ہے۔
الذکر۔سے مراد قوی اور شجاع مرد۔
الذکر۔تلوار کی تیز دھار، تلوار کی تیزی اور سختی کو بھی کہا جاتا ہے۔[۱]
ذکر۔قرآن کریم کا ایک نام۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ۔[۲]
ترجمہ۔ہم نے اس ذکر (قرآن) کو اتارا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔
ذکر الٰہی کا مطلب اللہ کو یاد کرنا اور اس کی جانب متوجہ ہونا۔

شریعت کی اصطلاح میں ذکر الٰہی سے مراد اللہ کو خلوص دل سے یاد کرنا، اس کے اسمائے الحسنیٰ کا ورد کرنا، اس سے اپنی حاجت طلب کرنا اور ہر وقت دل میں اس کے خیال کو رکھنا ہے اللہ تعالی نے انسان کو تمام مخلوقات میں سب سے زیادہ اشرف تخلیق کیا اور اس کے پیدا کرنے کا مقصد یہ ہے کے وہ اللہ کی بندگی کرے، اس کی بزرگی اور کبریائی بیان کرے، اس کی عبادت کرے اور اسی سے اپنی حاجات طلب کرے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ۔ ۳؂

ترجمہ۔ہم نے انسان اور جنات کو صرف اس لئے پیدا کیا ہے تا کہ وہ میری عبادت اور بندگی کریں۔

**ارشادات خداوندی:**

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغَافِلِيْنَ۔ ۴؂

ترجمہ۔اپنے رب کو اپنے دل میں خوف اور عاجزی کے ساتھ یاد کرو اور زبان سے آواز بلند کئے بغیر صبح اور شام اللہ کو یاد کرو اور غفلت کرنے والوں میں سے نہ ہو جاؤ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ۔

ترجمہ۔بے شک جو آپ کے رب کی بارگاہ کے مقربین ہیں وہ اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے اور اس کی تسبیح کرتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔ ۵؂

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَا اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ

ترجمہ۔اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو دوزخ سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں (اور) اس پر فرشتے سخت دل قوی ہیکل مقرر ہیں وہ اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے جو وہ انہیں حکم دے اور وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم دیا جاتا ہے۔ ۶؂

وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ وَاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ۔ ۷؂

ترجمہ۔ہم (فرشتوں) میں سے ہر ایک کے لئے ان کے قیام کی جگہ مقرر ہے بے شک ہم ہی صف باندھنے والے ہیں اور بے شک ہم ہی تسبیح کرنے والے ہیں۔

وَتَرَى الْمَلَآئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ

بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيلَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ -۸؎

ترجمہ۔ آپ ﷺ فرشتوں کو حلقہ باندھے ہوئے عرش کے گرد دیکھیں گے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح پڑھ رہے ہیں، اور ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کیا جائے گا اور سب کہیں گے سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو سارے عالمین کا رب ہے۔

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ -۹؎

ترجمہ۔ تم میرا ذکر کرو میں تمھارا ذکر کروں گا۔

الَّذِينَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُمْ بِذِكْرِ اللَّهِ أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ۔

ترجمہ۔ وہ لوگ جو ایمان لائے اور ان کے دلوں کو اللہ کی یاد سے تسکین ہوتی ہے، خبردار! اللہ کی یاد ہی سے دل تسکین پاتے ہیں۔۱۰؎

فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا فَإِذَا أَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ -۱۱؎

ترجمہ۔ پھر اگر تمہیں خوف ہو تو پیادہ یا سوار ہی (پڑھ لیا کرو)، پھر جب امن پاؤ تو اللہ کو یاد کیا کرو جیسا اس نے تمہیں سکھایا ہے جو تم نہ جانتے تھے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ -۱۲؎

ترجمہ۔ جب تمھیں جمعہ کے دن نماز کے لئے پکارا جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف جدو جہد کرو اور کاروبار کو چھوڑ دو۔

وَمَنْ يَعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ -۱۳؎

ترجمہ۔ جو رحمان کے ذکر سے تغافل برتتا ہے ہم اس پر ایک شیطان مسلط کر دیتے ہیں اور وہ شیطان اس کا دوست بن جاتا ہے۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بازی لے گئے مفردون، صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ مفردون کون ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کا ذکر کرنے والے مرد اور عورتیں۔ ۱۴؎

جب کوئی شخص صبح یا شام میں (۱۰۰) بار "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ" کہے گا تو قیامت کے دن کوئی شخص اس شخص سے بہتر عمل لے کر نہیں آئے گا سوائے ان کلمات کے۔ ۱۵؎

حضرت ابوسعید خدریؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ کا ذکر اتنی کثرت سے کرو کے لوگ تمھیں دیوانہ کہیں۔ ۱۶؎

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے فرمایا! کیا تم میں سے کوئی شخص ہر روز ایک ہزار نیکیاں کمانے سے عاجز ہے؟ لوگوں نے کہا!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا ہم میں سے کوئی شخص ایک ہزار نیکیاں کما سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اس کو چاہئے کے وہ (۱۰۰) بار "سُبْحَانَ اللّٰہ" کہے اس کے نامہ اعمال میں ایک ہزار نیکیاں لکھ دی جائیں گی اور اس کے ایک ہزار گناہ مٹا دئے جائیں گے۔ ۱۷؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص صبح اور شام کے وقت (۷) مرتبہ یہ کلمات کہے گا تو اللہ اس شخص کی پریشانیوں سے اسے کافی ہوگا چاہے ان کے کہنے میں وہ سچا ہو یا جھوٹا

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ ۱۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص دن میں (۱۰۰) بار لَا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیكَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْكُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ "پڑھے گا تو اس شخص کے لئے (۱۰۰) نیکیاں لکھی جائیں گی اس کے (۱۰۰) گناہ مٹا دیئے جائیں گے اور یہ کلمات شام تک پورا دن شیاطین سے اس شخص کی حفاظت فرمائیں گے اور کوئی شخص اس سے زیادہ افضل عمل نہیں کرسکتا سوائے اس شخص کے جو اس سے بھی زیادہ مرتبہ یہی عمل دہرائے۔ ۱۹؎

## موذی چیزوں اور بیماریوں سے بچانے والا ذکر

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھے رات میں ایک بچھو نے کاٹ لیا جس کے کاٹنے سے مجھے شدید تکلیف پہنچی اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر تم شام کے وقت یہ کلمات کہہ دیتے تو وہ بچھو تمھیں نقصان نہ پہنچاتا۔

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ ۲۰؎

### جنت کے پودے:

حضرت ابو ایوب انصاریؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شب معراج جب حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ملاقات فرمائی تو انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کو حکم دیجئے کے وہ جنت میں زیادہ سے زیادہ پودے لگائیں کیونکہ جنت کی مٹی پاکیزہ اور زمین وسیع ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا! جنت کے پودے کیا ہیں؟ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ۔ ۲۱؎

حضرت جابرؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ کہا اس کے لئے جنت میں کھجور کا ایک درخت لگا دیا گیا۔ ۲۲؎

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

سبحانَ اللهِ والحمدُ للهِ ولا إلهَ إلا اللهُ واللهُ أكبرُ ولا حولَ ولا قوةَ إلا باللهِ العليِّ

یہ ذکر مجھے ان تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہے جن پر سورج طلوع ہوتا ہے۔ ۲۳؎

حضرت انسؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گزر ایک درخت کے پاس سے ہوا جس کے پتے خشک تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس پر اپنی چھڑی ماری تو سوکھے پتے جھڑنے لگے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! الحمدُ للهِ سبحانَ اللهِ ولا إلهَ إلا اللهُ واللهُ أكبرُ کہنا بندے کے گناہ کو گرا دیتا ہے جیسے اس درخت کے پتے گر رہے ہیں۔ ۲۴؎

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب کوئی بندہ کبیرہ گناہوں سے بچتے ہوئے نہایت اخلاص کے ساتھ لا إلہَ إلا اللہُ کہتا ہے تو اس کے لئے آسمان کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں حتیٰ کے یہ کلمہ عرش تک پہنچ جاتا ہے۔۲۵؎

حضرت جابرؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! سب سے افضل ذکر لا إلہَ إلا اللہُ ہے اور سب سے افضل دعا الحمدُ للہِ ہے۔۲۶؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! ذکر الٰہی کے سوا زیادہ باتیں نہ کیا کرو کیونکہ ذکر الٰہی کے سوا زیادہ باتیں کرنا دل کو سخت بنا دیتا ہے اور لوگوں میں اللہ سے سب سے زیادہ دور سخت دل والا ہوتا ہے۔۲۷؎

رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا! تم جب بھی عبادت کرو تو تصور احسان کے ساتھ عبادت کرو صحابہ کرام نے پوچھا کے رسول اللہ ﷺ یہ تصور احسان کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! تصور احسان کا مطلب ہے تم یہ تصور کرو کے تم اللہ کو دیکھ رہے ہو اور اگر یہ تصور قائم نہیں ہوتا ہے تو پھر یہ تصور کرو کے اللہ تو تمھیں دیکھ ہی رہا ہے یعنی ہر عبادت میں اللہ کی طرف مکمل توجہ اور اس کے احساس کا ہونا ضروری ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا! جب کوئی بندہ اللہ کو یاد کرتا ہے تو اللہ بھی اس کو یاد کرتا ہے، ذکر کے حلقے جنت کے باغ ہیں۔۲۸؎

جو لوگ اللہ کا ذکر کرتے ہیں انھیں فرشتے اپنے پروں میں ڈھانپ لیتے ہیں اور رحمت انھیں گھیر لیتی ہے اور اطمینان قلب انھیں میسر آتا ہے اور اللہ تعالی فرشتوں میں ان کا ذکر فرماتے ہیں۔۲۹؎

شیطان انسان کے قلب سے چمٹا رہتا ہے اور وہ صرف اللہ کے ذکر سے بھاگتا ہے۔۳۰؎

جو شخص اللہ کو تنہائی میں یاد کرتا ہے تو اللہ بھی اس کو تنہائی میں یاد کرتا ہے اور جو شخص اللہ کو کسی محفل یا مجلس میں یاد کرتا ہے تو اللہ اسے اس سے بہتر محفل یا مجلس میں یاد فرماتا ہے۔۳۱؎

حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، میں عرض کیا کے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے وصیت کیجئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم سے جس قدر ہو سکے تم اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر پتھر اور درخت کے پاس اللہ کا ذکر کرو اور تم جو برا کام کرو اس کے بعد توبہ کرو پوشیدہ گناہ کی توبہ پوشیدہ کرو اور کھلم کھلا گناہ کی توبہ کھلم کھلا کرو۔ ۳۲؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہی ہے جیسے کے اس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔ ۳۳؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے "سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ دن میں (۱۰۰) مرتبہ پڑھا اس کے گناہ معاف کردئے جائیں گے چاہے وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔ ۳۴؎

حضرت خولہ بنت حکیمؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے! جو شخص کسی منزل پر اترا اور اس نے یہ کلمات کہے أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ تو اسے اس منزل سے چلے جانے تک کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی۔ ۳۵؎

حضرت ابوسعید خدریؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا! قیامت کے دن اللہ کے نزدیک درجے کے اعتبار سے کون سے بندے افضل، اونچے مرتبے والے اور اللہ سے زیادہ نزدیک ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والے مرد اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والی عورتیں پھر میں نے دوبارہ سوال کیا کے کیا ان ذاکرین کے درجات شہداء سے بھی بڑھ کر ہوں گے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہاں اگرچہ کسی شخص نے اپنی تلوار سے کفار اور مشرکین کو ہی کیوں نہ مارا ہو اور اتنی شدید جنگ لڑی ہو کے اس کی تلوار بھی ٹوٹ گئی ہو اور وہ خود خون میں ہی کیوں نہ رنگ گیا ہو تب بھی اللہ کا ذکر کرنے والے کے درجات شہید سے بلند ہوں گے۔ ۳۶؎

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بہترین ذکر وہ ہے

جو آہستہ سے کیا جائے بہترین رزق وہ ہے جو بہ قدر کفایت ہو۔ ۳۷

حضرت ابو ذرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! صبح کو تم میں سے ہر ایک شخص کے ہر جوڑ پر ایک صدقہ ہوتا ہے پس ہر ایک تسبیح (سبحانَ اللہِ) کہنا بھی صدقہ ہے ہر ایک تحمید (الحمدُ للہِ) کہنا بھی صدقہ ہے ہر ایک تہلیل (لا إلٰہَ إلا اللہُ) کہنا بھی صدقہ ہے اور تکبیر (واللہُ أکبرُ) کہنا بھی صدقہ ہے۔ ۳۸

حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص باوضو ہو کر اللہ کا ذکر کرے اور ذکر کرتے کرتے سو جائے پھر رات کے کسی پہر اس کی آنکھ کھلے اور وہ اس وقت اللہ سے دنیا و آخرت کی کوئی خیر طلب کرے تو اللہ اسے وہ خیر ضرور عنایت فرمائے گا۔ ۳۹

## اللہ کا ذکر چھوڑنے کا نقصان:

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص کسی جگہ یا مجلس میں بیٹھا ہو اور اس میں اس نے اللہ کا ذکر نہ کیا ہو تو یہ اس کے لئے اللہ کی طرف سے بہت نقصان کا باعث ہوگی اور جو کوئی کسی جگہ لیٹا ہو اور اس میں اس نے اللہ کا ذکر نہ کیا ہو تو یہ اس کے لئے اللہ کی طرف سے بہت نقصان کا باعث ہوگی۔ ۴۰

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اگر انسان اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت اور کھانا کھاتے وقت اللہ کا نام نہیں لیتا تو شیطان یہ کہتا ہے کے اسے رہنے کا ٹھکانہ اور اور کھانے کو کھانا مل گیا۔ ۴۱

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، جو لوگ مجلس سے اٹھیں اور اس مجلس میں وہ اللہ کا ذکر نہ کریں تو وہ گویا کسی مردار گدھے پر سے اٹھے اور آخرت میں ان پر یہ مجلس باعث حسرت ہوگی (اور وہ تمنا کریں گے کے کاش اس مجلس میں ہم نے اللہ کا ذکر کر لیا ہوتا)۔ ۴۲

## ذکر کی اقسام:

ذکر کی درج ذیل تین اقسام ہیں۔

### ا۔ ذکر قلبی:

اللہ کو دل میں یاد کرنا یہ ذکر کی سب سے اعلیٰ قسم ہے کے انسان دنیاوی کاموں میں مصروف رہے لیکن اس کا دل اللہ کی یاد میں محو ہو۔

### ۲۔ ذکر قولی:

اللہ کا ذکر زبان سے کرنا یعنی اللہ کے اسماء الحسنیٰ کا ورد کرنا، استغفار کرنا، درود شریف پڑھنا، اللہ کی حمد وثناء کرنا اور اللہ کی بنائی ہوئی کائنات پر غور فکر کرنا۔

### ۳۔ ذکر عملی:

اللہ کے بتائے ہوئے احکامات پر عمل کرنا بھی ذکر الٰہی کی عملی قسم ہے یعنی اللہ کے حکم پر نماز، روزہ، حج، زکوۃ، نیکی کے کام، سلام میں پہل، جنازے میں شرکت، مریض کی عیادت، رزق حلال کمانا، والدین کی عزت اور احترام کرنا، بچوں سے شفقت کرنا، سچ بولنا، وعدہ پورا کرنا، نیکی کا حکم دینا، برائی سے روکنا، راستے سے کسی تکلیف دہ چیز کو ہٹانا، مصافحہ کرنا،
ایک دوسرے کو تحائف بھیجنا، مسکرا کر ملنا، الغرض ہر وہ عمل جس کا اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے حکم دیا ہے اس کو کرنا دراصل ذکر الٰہی کی عملی قسم ہے اور اللہ کو عمل ہی چاہیئے جو انسان کو جنت میں لے کر جائے گا ورنہ زبانی کلامی باتیں تو سب ہی کر لیتے ہیں۔

### ذکر الٰہی کے فوائد:

ذکر الٰہی کے بے شمار فوائد ہیں جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

ا۔ ذکر الٰہی سے دلوں کو اطمینان اور چین ملتا ہے۔

۲۔ انسان اللہ کا قرب حاصل کرتا ہے۔

۳۔ اس کی زندگی خیر وبرکت اور سکون آتا ہے۔

۴۔ انسان کی سوچ اللہ کی جانب رہتی ہے جس کی وجہ سے وہ ہر مشکل، پریشانی اور مسائل کا بہتر طریقے سے مقابلہ کرتا ہے۔

۵۔ اس میں عبادت کا ذوق پیدا ہوتا ہے۔

۶۔ اللہ کی مخلوق سے محبت اور ہمدردی پیدا ہوتی ہے۔

۷۔ گناہ مٹتے ہیں اور نامہ اعمال میں ثواب لکھا جاتا ہے۔

۸۔ انسان کا شمار اللہ کے مقرب بندوں میں ہوتا ہے۔

۹۔ وہ کئی قسم کی نفسیاتی، دماغی، ذہنی اور جسمانی بیماریوں سے بچتا ہے۔

۱۰۔ ذکر الٰہی کی برکتوں سے کئی ناگہانی حادثات، بلاؤں اور وباؤں سے بھی اللہ اس کی حفاظت فرماتے ہیں۔

۱۱۔ اللہ دشمنوں سے اس کی حفاظت فرماتے ہیں اور اس کو دین اور دنیا میں بلند درجات سے نوازتے ہیں۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ذکر الٰہی کو دلوں کی جلا قرار دیا ہے۔ ذکر اللہ کا نور ہے۔

عافیت کے ۱۰ جز ہیں، جن میں سے ذکر الٰہی کے علاوہ ۹ جز خاموشی میں ہیں اور ایک جز بے وقوفوں کی صحبت سے پرہیز میں ہے۔ ہر وہ بات جو ذکر الٰہی سے خالی ہو لغو ہے۔

جو شخص آخرت کو یاد رکھے گا وہ اس کی تیاری بھی کرے گا۔

تین کام بڑے مشکل ہیں۔ ۱۔ ہر حالت میں اللہ کو یاد رکھنا۔ ۲۔ اپنے مال کے ذریعے اپنے بھائیوں کی مدد کرنا۔ ۳۔ لوگوں کے درمیان خود سے انصاف کرنا۔

اعضاء کا بہترین عمل یہ ہے کہ تمھاری زبان ہر وقت ذکر الٰہی میں مشغول رہے۔

ذکر دو طرح کے ہیں۔ ۱۔ اللہ کا ذکر زبان سے کرنا۔ ۲۔ حرام اشیاء میں مبتلا ہونے کے وقت ذکر الٰہی کرنا یہاں دوسرا ذکر پہلے کے مقابلے میں فضیلت میں افضل تر ہے۔

سب سے بہترین عمل یہ ہے کہ تم مرتے دم تک ذکر الٰہی میں رطب اللسان رہو۔

اللہ کو غافلوں کے درمیان یاد کرنے والا اس سرسبز پودے کی طرح ہے جو خشک گھاس کے درمیان ہو یا اس تعمیر شدہ گھر کی طرح ہے جو خرابات کے درمیان ہو۔

ذکر الٰہی عقل کی وحشتوں کو دور کرتا ہے اور قلب کو روشن کرتا ہے اور رحمتوں کے نزول کا بھی سبب ہے۔ ذکر الٰہی عقل کی روشنی نفس کی حیات اور سینے کی جلا ہے۔

مومن ہمیشہ بہت زیادہ ذکر الٰہی کرنے والا، اپنی آخرت کو بہت یاد کرنے والا، اپنی پریشانیوں پر صبر اور نعمتوں پر شکر کرنے والا ہوتا ہے۔ عقلمند وہ ہے جو اپنی زبان کو ذکر الٰہی کے سوا ہر چیز سے روکے رکھے۔ ذکر محبوب کے ساتھ بیٹھنے کی طرح ہے۔

ذکر جمیل دو زندگیوں میں سے ایک زندگی ہے۔ ذکر انسیت اور محبت کی کنجی ہے۔

ذکر سے سینے میں کشادگی پیدا ہوتی ہے۔ ذکر الٰہی نہایت بافضیلت عبادت ہے۔

خلوت کو ذکر الٰہی سے آراستہ کرو۔

اگر تم دیکھو کے اللہ تمھیں اپنے ذکر سے مانوس کر رہا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کے وہ تمھیں دوست رکھنے لگا ہے۔

بہترین عبادت ذکر الٰہی کے لئے جاگتی آنکھوں میں رات گزار دینا ہے۔

ذکر الٰہی کے ذریعے نعمتوں کا نزول چاہا جاتا ہے۔

ذکر الٰہی ایمان کا ستون اور شیطان سے بچاؤ کا راستہ ہے۔

ذکر الٰہی ہر نیک انسان کی خوبی اور ہر مومن کی روش ہے۔

ذکر الٰہی نفسانی (نفسیاتی امراض) بیماریوں کا علاج ہے۔

اللہ کو یاد رکھنے والا اس کا ہم نشین ہوتا ہے جو اس سے انس رکھتا ہے۔

جو اللہ کو یاد کرتا ہے اللہ اس کو یاد کرتا ہے۔

ذکر الٰہی آنکھوں کو روشن اور ضمیر کو مانوس کر دیتا ہے۔ ذکر الٰہی متقیوں کا شیوہ ہے۔

اللہ کو یاد رکھنے والا انسان کامیاب انسانوں میں سے ہوتا ہے۔

تمھارے لئے ذکر الٰہی لازم ہے کیونکہ یہ دلوں کا نور ہے۔ ذکر الٰہی میں قلب کی حیات ہے۔ ذکر الٰہی پورے ہوش وحواس، ظاہر، باطنی قلبی اور لسانی کیفیات کے ساتھ مکمل جانتے بوجھتے اور سوچ سمجھ کر کیا کرو کیونکہ درحقیقت تم اس وقت تک ذکر الٰہی کر ہی نہیں سکتے جب تک اپنے آپ اور اپنے نفس کو فراموش نا کردو۔ ۴۳ے

## نفسیاتی پہلو

ذکر الٰہی کے بے شمار نفسیاتی فوائد ہیں جو نفس انسانی پر نہایت مثبت اثرات مرتب کرتے ہیں جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

ذکر الٰہی کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کے انسان دنیا کے غم بھلا کر اللہ کی یاد میں اللہ کے ساتھ قائم ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے اس کو دماغی اور ذہنی سکون حاصل ہوتا ہے دوسری جانب اس ذکر کی تاثیر سے اس پر انوار اور تجلیات کی ایسی نورانی بارش ہوتی ہے جس میں وہ پرسکون اور ہشاش بشاش ہوجاتا ہے۔

۱۔ ذکر الٰہی سے دلوں کو اطمینان اور چین ملتا ہے۔

۲۔ انسان اللہ کا قرب حاصل کرتا ہے۔

۳۔ اس کی زندگی خیر و برکت اور سکون آتا ہے۔

۴۔ انسان کی سوچ اللہ کی جانب رہتی ہے جس کی وجہ سے وہ ہر مشکل، پریشانی اور مسائل کا بہتر طریقے سے مقابلہ کرتا ہے۔

۵۔ اس میں عبادت کا ذوق پیدا ہوتا ہے۔

۶۔ اللہ کی مخلوق سے محبت اور ہمدردی پیدا ہوتی ہے۔

۷۔ گناہ مٹتے ہیں اور نامہ اعمال میں ثواب لکھا جاتا ہے۔

۸۔ انسان کا شمار اللہ کے مقرب بندوں میں ہوتا ہے۔

۹۔ وہ کئی قسم کی نفسیاتی، دماغی، ذہنی اور جسمانی بیماریوں سے بچتا ہے۔

۱۰۔ ذکر الٰہی کی برکتوں سے کئی ناگہانی حادثات، بلاؤں اور وباؤں سے بھی اللہ اس کی حفاظت فرماتے ہیں۔

۱۱۔ اللہ دشمنوں سے اس کی حفاظت فرماتے ہیں اور اس کو دین اور دنیا میں بلند درجات سے نوازتے ہیں۔

**حوالہ کتب:**

۱۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ مکتبہ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔ سورہ الحجر۔ آیت۔ ۹۔
۳۔ سورہ الذاریات۔ آیت۔ ۵۶۔
۴۔ سورہ اعراف۔ آیت۔ ۲۰۵۔
۵۔ سورہ اعراف۔ آیت۔ ۲۰۵۔
۶۔ سورہ تحریم۔ آیت۔ ۶۔
۷۔ سورہ الصفات۔ آیت۔ ۱۶۴۔ ۱۶۶۔
۸۔ القرآن۔
۹۔ سورہ البقرہ۔ آیت۔ ۱۵۲۔
۱۰۔ سورہ رعد۔ آیت۔ ۲۸۔
۱۱۔ سورہ البقرہ۔ آیت۔ ۲۳۹۔
۱۲۔ سورہ الجمعہ۔ آیت۔ ۹۔
۱۳۔ سورہ الزخرف۔ آیت۔ ۳۶۔
۱۴۔ صحیح مسلم۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۵۔ صحیح مسلم۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۶۔ المسند۔ امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔ مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۱۷۔ صحیح مسلم۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۸۔ سنن ابوداؤد۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ

۱۹۔ بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔ مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۰۔ صحیح مسلم۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۱۔ المسند۔ امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔ مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۲۲۔ سنن ترمذی۔ امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۲۳۔ صحیح مسلم۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۴۔ سنن ترمذی۔ امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۲۵۔ سنن ترمذی۔ امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۲۶۔ سنن ابن ماجہ۔ امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۵ھ۔
۲۷۔ سنن ترمذی۔ امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۲۸۔ سنن ترمذی۔ امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۲۹۔ صحیح مسلم۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۰۔ بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔ مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۱۔ بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔ مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۲۔ المعجم الکبیر۔ امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۳۳۔ سنن ابن ماجہ۔ امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت۔
۳۴۔ بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔ مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۵۔ صحیح مسلم۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۶۔ سنن ترمذی۔ امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۳۷۔ المسند۔ امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔ مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۳۸۔ صحیح مسلم۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۹۔ سنن ابوداؤد۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۴۰۔ سنن ابوداؤد۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۴۱۔ صحیح مسلم۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۲۔ سنن ابوداؤد۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۴۳۔ تجلیات حکمت۔ مولف۔ آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔ مترجم۔ سید قمر عباس۔ مطبع۔ دفتر تبلیغات اسلامی

# ۷۔صدق

**حق کا تھوڑا حصہ بھی باطل کے زیادہ بڑے حصے کو دفعہ کر دیتا ہے (حضرت علیؑ)**

**صدق**۔عربی زبان کا لفظ ہے،صدق کے بنیادی معنی قوت کے ہیں۔ا؎
کیونکہ سچ میں فی نفسہ قوت ہوتی ہے۔۲؎
صدق ۔ٹھوس اور مضبوط چیز کو کہتے ہیں ۔
صدق ۔کا متضاد کذب ہے۔
صدق ۔کے ایک معانی دل وزبان کی ہم آہنگی۔
شیئٍ صدق۔سے مراد ٹھوس اور سخت چیز کے ہیں ۔
رمح صدق۔مضبوط نیزے کو کہتے ہیں ۔
الصدیق۔دوست کو کہتے ہیں۔
الصدیق ۔سے مراد بہت سچ بولنے والا ایسا شخص جس نے کبھی جھوٹ نہ بولا ہو۔
الصدیق۔سے مراد ایسا انسان جو کے اپنے قول واعتقاد میں سچا ہو جبکہ اس کی سچائی اس کے عمل سے بھی ظاہر ہو۔
الصدقہ۔سے مراد راہ خدا میں دیا جانے والا وہ سچا اور کھرا مال واسباب جو کے خالصتاً اللہ کی خوشنودی کے لئے دیا گیا ہو۔۳؎
صادق۔کے معنی سچ اور حق بات کہنے والا ۔

**ارشادات خداوندی:**

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ۔۴؎
ترجمہ۔اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہو۔

قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ـ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ـ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ـ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ـ ۵؎

ترجمہ۔اللہ نے فرمایا کہ یہ ہے وہ دن جس میں سچوں کو ان کا سچ کام آئے گا ان کے لیے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہمیشہ ہمیشہ ان میں رہیں گے اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی یہ ہے بڑی کامیابی۔

اللّٰهُ الصَّادِقِيْنَ بِصِدْقِهِم ـ ۶؎

ترجمہ۔اللہ سچوں کو ان کے سچ کا بدلہ دے۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ـ ۷؎

ترجمہ۔اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کا فرمانبردار ہو تو ایسے لوگ ان کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام کیا جو نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں اور صالحوں میں سے ہیں، اور یہ رفیق کیسے اچھے ہیں۔

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا ـ ۸؎

ترجمہ۔آپ کہیے اے میرے رب! تو مجھے جہاں بھی داخل کر مجھے صدق (سچائی کے راستے) میں میں داخل کرنا اور تو مجھے جہاں سے بھی باہر لائے صدق (سچائی کے راستے) سے باہر لانا اور میرے لئے اپنے پاس سے وہ غلبہ عطا فرما جو میرا مددگار ہو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ـ ۹؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ۔۱۰؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! وہ بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں۔اللہ کے نزدیک یہ بڑی سخت ناپسندیدہ بات ہے کہ تم وہ کہو جو نہ کرو۔

لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ۔۱۱؎

ترجمہ۔(روز قیامت) سچوں سے ان کا سچ دریافت کیا جائے گا۔

وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا۔۱۲؎

ترجمہ۔اپنے عہد کو پورا کرو۔بے شک عہد سے متعلق پوچھ ہوگی۔

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ۔۱۳؎

ترجمہ۔ایمان والوں کو خوشخبری سنادو کے ان کے پروردگار کی بارگاہ میں ان کی جائے گاہ صدق ہے۔

فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ۔۱۴؎

ترجمہ۔پرہیز گار لوگ باغوں اور نہروں میں سچی عزت کی جگہ بادشاہ قادر کے مقرب ہوں گے۔

وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ۔۔۔۔مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا۔۱۵؎

ترجمہ۔سچ بولنے والے مرد اور سچ بولنے والی عورتوں۔۔۔۔ان سب کے لئے اللہ نے معافی تیار کر رکھی ہے اور بڑا اجر۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سچائی انسان کو ہر آفت سے محفوظ رکھتی ہے جبکہ جھوٹ اس کو ہلاکت میں ڈالتا ہے۔۱۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم سچائی کو لازم پکڑو،اور ہمیشہ سچ بولو کیونکہ سچ بولنا نیکی کے

راستے پر ڈالتا ہے اور نیکی جنت تک پہنچاتی ہے۔ ۱۷۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
**والصدق شفیعی** ۔یعنی ۔صدق میرا دوست ہے۔ ۱۸۔
فتح مکہ کے دن آپ ﷺ نے کفار مکہ سے پوچھا تمھیں معلوم ہے کے آج میں تمھارے ساتھ کیا کرنے والا ہوں؟ اہل قریش نے دبی ہوئی زبان کے ساتھ کہا اے صادق ! اے امین تم ہمارے شریف بھائی ہو اور ہم نے تمھیں ہمیشہ رحم دل پایا ہے۔
آپ ﷺ نے فرمایا! میں تم سے وہی کہتا ہوں جو یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے کہا تھا تم پر کوئی الزام نہیں جاؤ آج تم سب آزاد ہو۔ ۱۹۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! جس نے حق کی نصرت کی وہ کامیاب ہوا اور جس نے حق کے ذریعے عزت چاہی حق اسے عزت دے گا۔
حق اور باطل کبھی اکھٹا نہیں ہو سکتے۔
حق کا تھوڑا حصہ بھی باطل کے زیادہ بڑے حصے کو دفعہ کر دیتا ہے۔حق کا ضائع کرنا نافرمانی ہے
دو چیزیں دین کی کسوٹی ہیں۔ ۱۔سچائی۔ ۲۔تقویٰ۔
جس کی باتیں سچی ہوتی ہیں اس کی قدر و منزلت بڑھ جاتی ہے۔
صدق کے ذریعے استدلال کرنے والا کبھی مغلوب نہیں ہوسکتا ہے۔
اللہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اس کو نیک نیتی اور پاک دامنی و باطنی کی وجہ سے داخل جنت کرے گا۔
ایمان یہ ہے کے اپنے لئے نقصان دہ سچ کو اپنے لئے فائدہ مند جھوٹ پر ترجیح دو۔
آپؓ نے فرمایا! اہل تقویٰ اور صدیقین کے ساتھ منسلک ہوجاؤ۔
جس انسان کا ظاہر و باطن اور قول وفعل میں تضاد نا ہوتو گویا اس نے امانت داری کا لحاظ کیا ایسے شخص کی عبادات میں اخلاص پیدا ہوجاتا ہے۔صدق بہترین کلام ہے۔

سچائی میں سلامتی ہے۔

صادق کا صدق بلند ترین مقام ہے اگر چہ وہ شجاع بھی ہو اور اس کے ہاتھ میں ایک تیز دھار تلوار ہی کیوں نا ہو۔

نیک لوگوں کے بہترین اعمال اور اوصاف میں شامل تنگ دستی میں سخاوت، حالت غصہ میں سچ بولنا اور دسترس اور توانائی کے باوجود معاف کر دینا ہے۔

بدترین سچ یہ ہے کے انسان خود اپنی تعریف کرے۔

صدق انسان کا جمال ہے اور ایمان کا ستون ہے۔

کلام الٰہی کو سچائی کے ذریعے انسان اپنی سرشت کے مطابق کرتا ہے۔

صدق زبان کی امانت اور ایمان کا زیور ہے۔

صدق تم کو نجات دے گا بھلے تم صدق سے خوف زدہ ہی کیوں نا رہو۔

سچائی میں ہر شے کی بھلائی ہے۔صدق دین کا لباس ہے۔صدق فضیلت ہے۔صدق کے ساتھ ہی نجات ہے۔

تین چیزیں مومن کی زینت ہیں۔۱۔اللہ کا تقویٰ۔۲۔سچی بات۔۳۔اور ادائے امانت۔

بہترین عادات میں شامل سچائی اور اعمال وافعال کو وقار کے ساتھ انجام دینا ہے۔

دین کی کسوٹی دو چیزوں پر قائم ہے۔۱۔سچائی۔۲۔یقین۔

تمھارے لئے صدق لازم ہے کیونکہ جو شخص سچائی سے کام لیتا ہے اس کی قدر و منزلت کو اللہ بڑھا دیتا ہے۔

صدق ایک ایسی نیکی ہے جس کے ذریعے عاقبت کی نجات اور سلامتی کو ممکن بنایا جا سکتا ہے۔

ہر شے کا ایک زیور ہے اور گفتگو کا زیور سچائی اور صداقت ہے۔

جس کا لہجہ سچا ہو جاتا ہے اس دلائل مستحکم ہو جاتے ہیں۔

جب اللہ کسی بندے سے محبت کرنے لگتا ہے تو اسے صدق کا الہام کر دیتا ہے۔

تقوی کا سبب دین کی قوت ہے۔۲۰؎

# نفسیاتی پہلو

صدق یا سچائی ایک نا قابل تسخیر حقیقت اور قوت ہے،جس انسان میں یہ صفت موجود ہوتی ہے اس کا رعب و دبدبہ اس کے اطراف میں موجود ہر شے پر قائم ہوجا تا ہے۔سچائی انسان کو کئی ذہنی اور دماغی امراض سے بچالیتی ہےاور سچائی کی وجہ سے انسان کی صحت قابل رشک ہوتی۔ امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! انسان کی قدر و قیمت اس کی لگن اور ہمت کے مطابق ہوتی ہے جبکہ انسان کی سچائی اس کی مروت جتنی ہوتی ہے۔

## مقام صدیقین:

صدیق ایک مقام ہے یعنی اگر ایک دائرہ کھینچا جائے اور اس دائرے کا نام مقام نبوت رکھ دیا جائے تو اس کی باوئنڈری لائن پر صدیق ہوگا یعنی اگر صدیق اپنا گلا قدم اٹھائے تو وہ مقام نبوت پر پہنچ جائے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ے بعد کوئی نبی اور رسول نہیں۔

صدیق اپنے مرتبے کے اعتبار سے صرف نبی سے کم ہوتا ہے وگرنہ منصب صدیقیت میں سوائے نبوت کے سب موجود ہوتا ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور مجدد الف ثانی کا یہ ماننا ہے! صدیق اور نبی کے علم کا ماخذ ایک ہی ہوتا ہے لیکن جب وہ علم الٰہی نبی کے ظرف نبوت میں داخل ہوتا ہے تو وہ وحی الٰہی کہلاتا ہے جو کے قطعیت کے ساتھ ہوتا ہے لیکن جب وہی علم صدیق کے اوپر منکشف ہوکر صدیقیت کے ظرف میں داخل ہوتا ہے تو الہام کہلاتا ہے۔

یہی وجہ تھی ہ کل صحابہ کرام میں جو مقام حضرت صدیقؓ اکبرا تھا وہ کسی اور کا نہ تھا آپؓ کے کلام کی شان، استقامت اور قطعیت دیگر صحابہ کرام سے الگ اور ممتاز تھی آپ کا کلام نہایت ٹھوس، پختہ اور مبنی برحق تھا صدیق کا کلام نبی کے واسطے کا محتاج ہوتا ہے۔

ولایت کے تمام درجات میں درجہ صدیقیت سب سے اونچا اور معتبر ہوتا ہے تاہم ولایت

ہمیشہ نبوت کی تابع ہوتی ہے۔

حضرت داتا گنج بخشؒ فرماتے ہیں! صدیقین کا مرتبہ کمال انبیا کرام کے ابتدائی مراتب کے برابر ہوتے ہیں۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ۔۲۱

ترجمہ۔اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے وہی لوگ اپنے رب کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں، ان کے لیے ان کا اجر اور ان کی روشنی ملے گی۔

صدیق کا مقام مقام مشاہدہ کہلاتا ہے یعنی حضرت ابوبکر صدیقؓ مقام مشاہدہ پر فائز تھے جبکہ حضرت عمر فاروقؓ مقام مجاہدہ پر فائز تھے

حضرت ابوبکر صدیقؓ ذکر خفی جبکہ حضرت عمر فاروقؓ ذکر جہری کیا کرتے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۲۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۳۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۴۔سورہ توبہ۔آیت۔۱۱۹۔

۵۔سورہ مائدہ۔آیت۔۱۱۹۔

۶۔سورہ احزاب۔آیت۔۲۴۔

۷۔سورہ النساء۔آیت۔۶۹۔

۸۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۸۰۔

۹۔سورہ التوبہ۔آیت۔۱۱۹۔

۱۰۔سورہ الصّف۔آیت۔۲۔۳۔

۱۱۔سورہ احزاب۔آیت۔۸۔

۱۲۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔ ۳۴۔
۱۳۔سورہ یونس۔آیت۔ ۲۔
۱۴۔سورہ قمر۔آیت۔ ۵۵۔
۱۵۔سورہ احزاب۔آیت۔ ۳۵۔
۱۶۔بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۸۔بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۹۔کتاب الشفاء۔ابن ہشام۔
۲۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔ ۲۷۸۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۲۱۔سورہ الحدید۔آیت۔ ۱۹۔

# ۸۔الحکمۃ۔حکمت

## حکمت کی حد دنیا سے دوری اور آخرت کا اشتیاق ہے (حضرت علیؑ)

**الحکمۃ**۔کے معنی فیصلے میں عدل وانصاف کو ملحوظ رکھنا یعنی فریقین اور معاملے کی حدود وقیود کا تعین کرتے ہوئے عدل وانصاف پر مبنی فیصلہ کرنا۔ا؎

حکیم۔اس شخص کو بھی کہتے ہیں جو حکمت اور دانش کے ساتھ ہر چیز کو بالکل درست انداز سے اس کے اصل مقام پر تناسب اور توازن کے ساتھ رکھ دے یا قائم کر دے یعنی نہایت بہترین انداز سے معاملات کو سرانجام دینا۔

حکمت کو حکمت۔اس لئے کہا جاتا ہے تاکہ وہ جہالت اور نادانی کی باتوں کو روکے۔۲؎

حکم۔کے ایک معنی کسی چیز کا کسی مقام پر جم جانا، رک جانا اور مستحکم ہوجانا ہے، اسی وجہ سے قرآن کریم کو قرآن حکیم بھی کہا جاتا ہے کیونکہ وہ ہر شے کا ایک مقام متعین کر کے اس کو اس کی قائم کردہ حدود میں روکے رکھتی ہے اور اس کو آگے بڑھنے نہیں دیتی۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۔۳؎

ترجمہ۔(آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بڑے حکمت والے علم والے کی طرف سے قرآن دیا جارہا ہے۔

تمام اختلافی امور میں درست فیصلے کو بھی حکیم کہا جاتا ہے اسی اعتبار سے اللہ ایک اسم 'الحکیم' ہے کیونکہ وہ کائنات کو درست اور ٹھیک راستے پر چلاتا ہے۔قرآن کریم کو قرآن حکیم بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس کی آیات حکمت اور معرفت سے لبریز ہیں۔

ایک قول ہے کے ح سے حکمت اور م سے منت کی جانب اشارہ یعنی اللہ تعالی کا اپنے بندوں پر اس حکمت سے معمور کلام یعنی (قرآن کریم) کے نزول کا احسان ہے۔

امام ابواسحاق الثعلبی (متوفی ۴۲۷ھ)، حافظ ابن کثیر (متوفی ۷۷۴ھ)،
حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ) اور علامہ اسماعیل حقی (متوفی ۱۱۳۷ھ)
اور علامہ سید محمود آلوسی (متوفی ۱۲۷۰ھ) نے بھی حضرت حذیفہ بن یمانؓ کی اس روایت کا ذکر کیا ہے۔ ۴؎

ح۔ سے مراد اللہ کی قائم کردہ حدود کی پابندی اور اللہ کی زمین پر اس کا نفاذ۔ ۵؎

حا۔ سے مراد حب ازلی۔

حا۔ زندہ دلوں کی حیات کیونکہ علوم اور معارف دلوں اور ارواح کی حیات کا سبب ہیں تاہم اس سے اللہ کی ان سات صفات کی جانب بھی اشارہ ہے جن پر اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا وہ سات صفات یہ ہیں (۱۔ حیات۔ ۲۔ علم۔ ۳۔ قدرت۔ ۴۔ ارادہ۔ ۵۔ سمع۔ ۶۔ بصر۔ ۷۔ کلام)۔

ک۔ بھی حروف مقطعات میں سے ہے اور یہ لفظ کل کی جانب اشارہ کرتا ہے یعنی کل کائنات کے لئے کامل نبی ﷺ یعنی رحمت اللعالمین۔

ک۔ کے معنی کافی۔

ی۔ حرف یوم حساب کی جانب اشارہ کرتا ہے۔

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! شفاعت کے سبب دوزخ سے لوگوں کو اس حال میں نکالا جائے گا وہ جلی ہوئی لکڑی کی طرح ہو چکے ہوں گے۔ ۶؎

م۔ سے مراد محمد ﷺ۔

م۔ سے مراد معرفت کے بھی ہیں۔

**ارشادات خداوندی:**

**وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ** ۔ ۷؎ ترجمہ۔ حکمت والے قرآن کی قسم۔

**الر تِلْكَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْحَکِیْمِ** ۔ ۸؎ ترجمہ۔ یہ حکمت والے قرآن کی آیات ہیں۔

تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۔۹؎۔ ترجمہ۔ یہ حکمت والی کتاب کی آیات ہیں۔
كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۔۱۰؎

ترجمہ۔ جیسا کہ ہم نے تم میں ایک رسول تم ہی میں سے بھیجا جو تم پر ہماری آیتیں پڑھتا ہے اور تمہیں پاک کرتا ہے اور تمہیں کتاب اور دانائی سکھاتا ہے اور تمہیں سکھاتا ہے جو تم نہیں جانتے تھے۔

وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۔۱۱؎

ترجمہ۔ اے نبی ﷺ) کچھ شک نہیں کے آپ ﷺ پر قرآن کا لقاء حکمت والے اور جاننے والے کے پاس سے کیا جاتا ہے۔

اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۔۱۲؎ ترجمہ۔ بے شک وہی جاننے والا اور حکمت والا ہے۔
اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۔۱۳؎ ترجمہ۔ بے شک تو ہی جاننے والا اور حکمت والا ہے
وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۔۱۴؎ ترجمہ۔ اور وہی جاننے والا اور حکمت والا ہے۔
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۔۱۵؎ ترجمہ۔ اللہ جاننے والا اور حمت والا ہے۔
اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۔۱۶؎ ترجمہ۔ بے شک اللہ جاننے والا اور حکمت والا ہے۔
اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۔۱۷؎

ترجمہ۔ (اے نبی ﷺ) بے شک آپ ﷺ کا رب جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۔۱۸؎ ترجمہ۔ بے شک تیرا رب جاننے والا اور حکمت والا ہے
اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۔۱۹؎ ترجمہ۔ بے شک وہی حکمت والا اور جاننے والا ہے۔
وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۔۲۰؎ ترجمہ۔ وہی حکمت والا اور جاننے والا ہے۔
يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۔۲۱؎

ترجمہ۔جن کو (مرد وعورت ) چاہتا ہے حکمت دیتا ہے اور جس کو (مرد وعورت ) حکمت ملی اس کو بڑی نعمت ملی اور نصیحت بھی وہی مانتے ہیں جو عقل والے ہیں۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حکمت مومن کی گمشدہ میراث ہے تاہم مومن کو علم وحکمت جہاں سے بھی ملے وہ اسے حاصل کرلے کیونکہ وہ اس کا سب سے زیادہ حق دار ہے۔۲۲۔

## امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب فرماتے ہیں کے حکمت جہاں سے بھی ملے اسے لے لو کیونکہ اگر یہ کسی منافق کے سینے میں ہوتی ہے تو یہ وہاں متحرک رہتی ہے جب تک یہ وہاں سے نکل کر اپنے اصل مالک یعنی مومن کے سینے میں منتقل نہ ہوجائے۔

حکمت مومن کی گمشدہ میراث ہے لہٰذا حکمت لے لو چاہے یہ حکمت کسی منافق کے پاس ہی کیوں نا ہو۔

یقیناً حکما کا کلام اگر درست ہوتو وہ دوا کی طرح مفید ہے لیکن اگر وہ غلط ہوتو پھر بیماری ہے۔

یقین جو ایمان کے ستونوں میں سے ہے جس کے چار حصے ہیں۔

۱۔نظر و ذہن کی چابکدستی۔ ۲۔ادراک وحکمت۔ ۳۔عبرت کا حصول ۴۔اولین کی روش۔

لہٰذا جو ذہانت کے معاملے میں دوراندیشی سے کام لیتا ہے اس کے لئے حکمت واضح ہوجاتی ہے اور جس کے سامنے حکمت واضح ہوگئی وہ عبرت ناک چیزوں سے سبق حاصل کرلے گا اور جس نے عبرت ناک چیزوں کو پہچان لیا تو گویا وہ اولین کے گروہ میں شامل ہوگیا۔

جو علم وحکمت میں معروف ہوتا ہے اس کی طرف پروقار نگاہیں اٹھا کرتی ہیں۔

جس نے کسی حکمت کو پھیلایا وہ اسی کے ذریعے یاد رکھا جائے گا۔

جتنی زیادہ حکمت ہوگی اتنا زیادہ خوف خدا بھی ہوگا اور جتنا زیادہ خوف خدا ہوگا اللہ کی رحمتیں بھی اتنی زیادہ ہوں گی۔

جسموں کی خوراک غذا ہے جبکہ عقلوں کی خوراک حکمت ہے جب بھی ان دونوں میں سے کسی ایک کو اس کی خوراک نہیں ملتی ہے تو وہ مضمحل ہو جاتی ہے۔

حکمت ایک ایسا درخت ہے جو کہ دل میں اگتا ہے اور زبان پر پھلتا پھولتا ہے۔

حکمت عقلمندوں کا گلشن اور اشراف کی تفریح ہے۔حکمت عصمت ہے۔

حکمت ہدایت ہے۔علم حکمت کا ثمر ہے۔

قلب انسانی حکمت کا سرچشمہ ہے جبکہ انسانی کان حکمت کے سوتے ہیں۔

حکمت کی پہلی منزل ترک لذات دنیا ہے جبکہ اس کی آخری منزل فانی چیزوں سے نفرت ہے

حکمت کی حد دنیا سے دوری اور آخرت کا اشتیاق ہے۔

بلند انسان کی جہالت، پست انسان کی حکمت کو پست کر دیتی ہے۔

حکمت کی تعریف دنیا سے دوری اور آخرت کا شوق ہے۔

حکمت کا ثمر دنیاوی کاموں سے روگردانی اور جنت کا شوق ہے۔

حکمت کے ذریعے علوم کے حجاب کھلتے ہیں۔

حکمت تمھارے لئے لازم ہے کیونکہ یہ قابل افتخار زیور ہے۔

عقل مند کی دولت اور ثروت اس کی حکمت ہے اور عقل مندی عزت اس کی قناعت میں پوشیدہ ہے۔وہ صاحب حکمت نہیں جو اپنی ضرورت کے لئے کریم کے بجائے کہیں اور کا قصد کرے

دلوں کے برے احساسات کو حکمت کے ذریعے دور کیا جا سکتا ہے۔

دانش وروں کی صحبت عقل کی جلا اور نفوس کی شفا ہے۔

دانش وروں کی صحبت فضلا کی کاشت کاری ہے۔

غور کرنے سے بڑھ کر کوئی علم نہیں جو غور کرتا ہے وہ سمجھ لیتا ہے اور جو سمجھ لیتا ہے وہ جان لیتا ہے۔بہت سے ایسے عالم ہلاک ہو گئے جبکہ ان کا علم ان کے ساتھ تھا مگر انھیں وہ کچھ فائدہ نہ پہنچا سکا۔دو بھوکے کبھی سیر نہیں ہوتے۔۱۔طالب دنیا۔۲۔طالب علم۔

علم مال سے بہتر ہے علم تمھاری حفاظت کرتا ہے جبکہ مال کی حفاظت تم کرتے ہو مال خرچ کرنے سے گھٹتا ہے جبکہ علم بانٹنے سے بڑھتا ہے۔ معرفت علم ایک ایسا راستہ ہے جس پر چلا جاتا ہے اسی کے توسط سے انسان اپنی زندگی میں اطاعت اور مودت کے بعد ذکر خیر کی صفت حاصل کر لیتا ہے۔

مال جمع کرنے والے زندہ ہوتے ہوئے بھی ہلاک ہونے والے ہیں جبکہ علماء جب تک زمانہ باقی ہے، باقی رہنے والے ہیں ان کا جسم تو غائب رہتا ہے لیکن ان کی صورتیں دلوں میں موجود رہتی ہیں۔ علم کے ذریعے موت سے ڈرا جاسکتا ہے۔

جو علماء کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا ہے وہ باوقار ہو جاتا ہے جبکہ انکساری اور فروتنی علم کی زینت ہے تاہم بچپن کا علم پتھر پر نقش کی طرح ہوتا ہے

شریف وہ ہے جس کے علم نے اسے شریف کیا ہو۔ جو علم چھپاتا ہے وہ جاہل کی طرح ہوتا ہے

علم ایک ایسی سلطنت ہے کے جو اس کو پا جاتا ہے وہ اسی کے ذریعے یلغار کرتا ہے اور جو اس سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے وہ اسی کے ذریعے یلغار کا نشانہ بن جاتا ہے۔

سب سے اشرف شے علم ہے اور اللہ کیونکہ خود عالم ہے لہٰذا وہ علماء کو پسند کرتا ہے۔

علم مجلسوں کی زینت، سفر میں تحفہ اور غربت میں انس ہوتا ہے۔

جب تم کسی عالم کے پاس بیٹھو تو بولنے سے زیادہ سننے کے مشتاق رہو۔

جو لوگوں میں بغیر علم کے فتوی دیتا ہے اس پر زمین و آسمان لعنت کرتے ہیں۔

عالم کے لئے ضروری ہے کے جو وہ جانتا ہے اسے دوسروں کو سیکھائے اور جو وہ نہیں جانتا ہے اسے سیکھے۔ عمل اس وقت تک پاکیزہ نہیں ہوسکتا ہے جب تک کے وہ علم سے جڑا ہوا نہ ہو۔

علم صرف صاحبان علم سے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ علم تو حاکم ہے، جبکہ مال محکوم ہے۔

جسمانی راحت کے ساتھ علم حاصل نہیں کیا جاسکتا ہے جو علم کی سختیوں کو برداشت نہیں کرسکتا ہے وہ جہالت کی ذلت میں باقی رہتا ہے۔

اپنے علم کی مخالفت کرنے والے کا جرم و گناہ عظیم ہوتا ہے۔

جب انسان کا علم بڑھ جاتا ہے تو اس کا اپنے رب سے ادب و لحاظ اور خوف بھی بڑھ جاتا ہے۔ ۲۳۔

## نفسیاتی پہلو

حکمت اللہ کی بڑی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے، قرآن کریم میں ارشاد خداوندی ہے! جب اللہ کسی کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو دین کا علم اور حکمت عطا فرماتا ہے۔

عالم کے لئے ضروری ہے کے وہ معاملے کے ہر پہلو کا بغور جائزہ لیتے ہوئے نہایت تحمل اور حکمت کے ساتھ فیصلہ کرے، کیونکہ علم و حکمت کو سیکھنے کے لئے دنیاوی تکالیف اٹھانی پڑتی ہیں دوسری جانب اگر کوئی شخص بغیر سوچے سمجھے اور بغیر علم کے اگر کوئی فتویٰ دے گا تو اس پر زمین و آسمان کی لعنت مقدر ہو جاتی ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز۔ادارہ طلوع اسلام لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز۔ادارہ طلوع اسلام لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ النمل۔آیت۔۶۔

۴۔روح المعانی۔علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (متوفی ۱۲۷۰ھ) مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت نیز۔الکشف والبیان۔ج۔۸۔ص۔۳۸۱۔

۵۔فقیر رنگ۔سید سرفراز اے شاہ۔ص۔۵۴۔جہانگیر بکس لاہور۔

۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔ صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۷۔سورہ یٰسین۔آیت۔۲۔

۸۔سورہ یونس۔آیت۔۱۔

۹۔سورہ لقمان۔آیت۔۲۔

۱۰۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۵۱۔
۱۱۔سورہ النمل۔آیت۔۶۔
۱۲۔سورہ یوسف۔آیت۔۸۳۔
۱۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۳۲۔
۱۴۔سورہ تحریم۔آیت۔۲۔
۱۵۔سورہ النسا۔آیت۔۲۶۔
۱۶۔سورہ التوبہ۔آیت۔۲۸۔
۱۷۔سورہ یوسف۔آیت۔۶۔
۱۸۔سورہ انعام۔آیت۔۸۳۔
۱۹۔سورہ انعام۔آیت۔۱۳۹۔
۲۰۔سورہ الزخرف۔آیت۔۸۴۔
۲۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۶۹۔
۲۲۔مفہوم حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۲۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۵۱۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۹۔الاحسان۔احسان

## احسان محبت ہے (حضرت علیؓ)

**احسان**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ح۔س۔ن) سے **مشتق** ہے۔

حسن۔کا مطلب اعضا کا درست تناسب اور توازن۔

عرف عام میں ان اشیا کو حسین کہا جاتا ہے جو متوازن اور متناسب ہوں اور دیکھنے میں بھلی معلوم ہوں۔

حسن۔کا متضاد فساد ہے۔اؔ

**ارشادات خداوندی:**

وَاَحۡسِنۡ كَمَاۤ اَحۡسَنَ اللّٰهُ اِلَيۡكَ‌ وَلَا تَبۡغِ الۡفَسَادَ فِى الۡاَرۡضِ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الۡمُفۡسِدِيۡنَ۔۲ؔ

ترجمہ۔لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کرو جس طرح اللہ نے تمہارے ساتھ احسان کیا ہے' اور ملک میں سرکشی نہ کرو، بے شک اللہ مفسدین کو دوست نہیں رکھتا۔

الاحسان۔کے معنی کسی بگڑے ہوئے توازن کو ٹھیک کر دینا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

هَلۡ جَزَآءُ الۡاِحۡسَانِ اِلَّا الۡاِحۡسَانُ۔۳ؔ

ترجمہ۔نیکی (احسان) کا بدلہ صرف نیکی (احسان) ہے۔

راغب اصفہانی نے احسان کی دو اقسام کا ذکر کیا ہے۔

ا۔کسی دوسرے پر انعام کرتے ہوئے اس کے بگڑے ہوئے کام کو سنوار دینا یعنی توازن قائم کر دینا۔

۲۔ اپنی سیرت و کردار میں توازن اور حسن کو پیدا کرنا۔ ۴؎

صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۖ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ۔ ۵؎

ترجمہ: (تم ان سے کہو) ہم نے خود کو اللہ کے رنگ میں رنگ لیا اور اللہ کے رنگ سے اور کس کا رنگ بہتر ہوگا؟ اور ہم اسی کی عبادت کرتے ہیں۔

**محسنین**۔ سے مراد اعتدال کے ساتھ زندگی بسر کرنے والے یعنی جس پر اللہ کا احسان ہو جائے۔ اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ۚ وَ كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۔ ۶؎

ترجمہ۔ جب موسیٰ اپنی پوری قوت (جوانی) کو پہنچ گئے اور توانا ہو گئے' تو ہم نے ان کو حکم اور علم عطا فرمایا اور ہم اسی طرح (محسنین) نیکی کرنے والوں کو جزا دیتے ہیں۔

اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۔ ۷؎

ترجمہ۔ (قیدیوں نے حضرت یوسف سے کہا) ہمارا گمان ہے کے آپ (محسنین) یعنی نیک لوگوں میں سے ہیں۔

وَ اَحْسِنُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۔ ۸؎

ترجمہ (احسان کرو) نیکی کرو بے شک اللہ (محسنین سے) نیکی کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

یہاں احسنوا سے مراد حسن کا پیدا کرنا ہے یعنی انسان کو نیک اعمال کے ذریعے اپنے معاشرے میں حسن کو پیدا کرتے رہنا چاہئے۔

باالفاظ دیگر انسان کو بغیر کسی معاوضے اور ستائش کے خود اپنی ذات میں، دوسرے انسانوں کے لئے اور اس خارجی کائنات میں اپنے عمدہ اخلاق کے ذریعے حسن کو متواتر پیدا کرتے رہنا چاہئے یعنی Make it more beautiful۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَصِفُوْنَ۔۹؎

ترجمہ۔ برائی کو اس طریقہ سے دور کیجیے جو بہت اچھا ہو۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام کے درمیان تشریف فرما تھے اور آپ نے صحابہ کو مخاطب کرے فرمایا! تم لوگ جب بھی عبادت کیا کرو تصور احسان کے ساتھ عبادت کیا کرو، صحابہ کرام نے فرمایا! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تصور احسان کیا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تصور احسان کا مطلب ہے کے عبادت کے دوران اللہ کا تصور قائم کرنا یعنی یہ سوچنا کے تم اللہ کو دیکھ رہے ہو اور اگر یہ تصور قائم نہیں ہوتا ہے تو پھر یہ سوچو ے اللہ تو مجھے دیکھ ہی رہا ہے۔۱۰؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! احسان بدزبانوں کی زبان بند کر دیتا ہے۔

تم جس کے ساتھ احسان کرو گے تم اس کے امیر بن جاؤ گے۔

احسان فضیلت ہے۔ احسان لوگوں کو بے دام کا غلام بنالیتا ہے

مسلمان جب تک خاموش رہتا ہے اس کا شمار نیک لوگوں میں ہوتا رہتا ہے لیکن جب وہ بولتا ہے تو اپنے کلام کے اعتبار سے اس کا شمار نیک یا برے لوگوں میں ہوتا ہے۔ احسان محبت ہے ۔احسان خزآنہ ہے۔ احسان مال غنیمت ہے۔

احسان کرنے والا صاحب نصرت ہے جو اپنے مرنے کے بعد بھی زندہ رہتا ہے۔

نیکی کرو تم نرم طبیعت ہو جاؤ گے اور بلاشبہ مومنین احسان کرنے والے ہوتے ہیں۔

احسان سے بڑھ کر کوئی گراں قدر فضیلت نہیں ہے۔

جس کے احسانات زیادہ ہوتے ہیں اس کے مددگار اور خدمت گار زیادہ ہوتے ہیں۔

احسان کرو ایسے جیسے تم چاہتے ہو کے تم پر احسان کیا جائے۔

کتنے ہی ایسے لوگ ہیں جو اللہ کے کئے ہوئے احسانات کے سبب پستی میں گر جاتے ہیں اور ان کی برائیوں پر پڑا پردہ انھیں دھوکے میں مبتلا کر دیتا ہے جب ان کی تعریف انھیں فریب میں مبتلا کر دیتا ہے اور اللہ مہلت سے زیادہ کوئی سخت امتحان نہیں لیتا۔

جس نے تمھارے ساتھ برائی کی ہو اس کے ساتھ احسان کر کے اس کا بدلہ لو۔

احسان بدزبانوں کی زبان کو بند کر دیتا ہے۔

ایک دن مولا علیؓ نے فرمایا میں نے کسی کے ساتھ احسان نہیں کیا یہ سن کر لوگوں نے تعجب سے پوچھا حضرت علیؓ کی جانب دیکھا تو آپؓ نے یہ آیت تلاوت فرمائی اگر تم نے احسان کیا ہے تو خود اپنے لئے کیا ہے اور اگر تم نے کوئی برائی انجام دی ہے تو وہ بھی اپنے لئے ہی انجام دی ہے، تمھیں کسی کے ساتھ بھی احسان کرنے کا اختیار حاصل ہے مگر اس کے بعد تم احسان میں دوام کے پابند ہو کیونکہ اگر تم نے احسان کا سلسلہ ختم کیا تو گویا تم نے اپنے احسان کو ضائع کر دیا اور اگر اسے ضائع ہی کرنا تھا تو پھر اس کو انجام ہی کیوں دیا؟ کسی بھی اچھے انسان کی برائی یہ ہے کے وہ تم کو اپنے آپ سے دور کر دے جبکہ کسی بھی برے انسان کا احسان تم پر یہ ہے کے وہ تم کو اذیت نا پہنچائے۔

احسان لوگوں کو بے دام کا غلام بنا دیتا ہے۔

کسی برے انسان کے ساتھ نیکی کرنا بہترین فضیلت ہے۔

احسان خزآنہ ہے اور کریم شخص وہ ہے جس نے اس خزآنے کو پالیا۔

احسان کرنے والا انسان صاحب نصرت ہے۔

احسان کرنے والا انسان زندہ رہتا ہے بھلے اس کو قبرستان میں ہی کیوں نا دفن کر دیا جائے۔

محسن وہی شخص ہے جو تمام لوگوں پر احسان کرے۔ فضیلت احسان کے ساتھ ہے۔

سخی وہی انسان ہے جو دولت احسان کو لٹائے۔ پے در پے احسان کرنا جود کی انتہا ہے۔

جب تم برے لوگوں کے ساتھ احسان کرو گے تو تم ان کے مالک بن جاؤ گے۔

احسان کرو تم پر بھی احسان کیا جائے گا۔ نیکی کرو نرم طبیعت بن جاؤ گے۔

ایمان کا بہترین جز احسان ہے۔ احسان کی نیکیوں کو غنیمت جانو اور اپنے بھائیوں کے حقوق کی رعایت کرو۔

اگر تم نے احسان کیا تو خود اپنے آپ کو عزت دار بنایا اور خود اپنے آپ پر ہی احسان کیا۔

بلاشبہ مومنین احسان کرنے والے ہوتے ہیں۔ احسان سے دلوں پر حکمرانی کی جاتی ہے۔

قدرت اور سطوت کی آفت احسان کی مخالفت ہے۔ احسان کا انکار محرومیت کا باعث ہے۔

اپنے بھائیوں کے ساتھ احسانات کرو اور استغفار کے ذریعے اپنے گناہوں کو چھپا دو۔

احسانات کی اچھائیاں انسان کے فضائل کا حصہ ہیں۔

برے سلوک کی مخالفت اچھے برتاؤ سے کرو۔

نااہل کے ساتھ احسان کرنے والا دراصل احسان پر ظلم کرتا ہے۔

تم پر احسان لازم ہے کیونکہ یہ بہترین سرمایہ ہے۔

جو شخص احسان کو روک لیتا ہے اس سے امکانات احسانات کو سلب کر دیا جاتا ہے۔

جو شخص اپنے موجودہ احسانات کے سلسلے کو روک دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس کے آئندہ امکانات کو روک دیتا ہے۔ جس نے تمھارے احسانات پر بھروسہ کیا اس نے تم پر اللہ کو شفیق بنا دیا۔

جس کے احسانات زیادہ ہوجاتے ہیں اس سے اس کے بھائی محبت کرنے لگ جاتے ہیں۔

جس کے احسانات کا سلسلہ دراز ہوجاتا ہے اس شخص کے مددگار اور خدمت گزاروں میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ احسان سے زیادہ گرانقدر کوئی دوسری فضیلت نہیں۔ ۱۱

## نفسیاتی پہلو

احسان ایک مثبت نفسیاتی دباؤ کی کیفیت کا نام ہے، یعنی انسان جب کسی برے انسان کے ساتھ احسان کا سلوک کرتا ہے تو در پردہ وہ اس برے انسان کو اسی کی نظر میں ذلیل و رسوا کر دیتا ہے، اسلام احسان کو بہت پسند کرتا ہے اور اللہ احسان کرنے والوں سے محبت فرماتے

ہیں یعنی اسلام کی تربیت نے انسان کی شخصیت کو اتنا مضبوط اور توانا کر دیا جس کی وجہ سے وہ دوسرے انسانوں کے برے رویے کو نہایت تحمل سے نا صرف برداشت کرتا ہے بلکہ ان کے ساتھ نیک سلوک کے ذریعے انھیں زیر بار بھی کرتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز۔ادارہ طلوع اسلام لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ القصص۔آیت۔۷۷۔

۳۔سورہ الرحمن۔آیت۔۶۰۔

۴۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ) مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۳۸۔

۶۔سورہ القصص۔آیت۔۱۴۔

۷۔سورہ یوسف۔آیت۔۳۶۔

۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۹۵۔

۹۔سورہ المومنون۔آیت۔۹۶۔

۱۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

# ۱۰۔الاخلاص۔اخلاص

## اخلاص ایمان کا بلند ترین مقام ہے (حضرت علیؑ)

**اخلاص**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (خ۔ل۔ص) سے مشتق ہے۔
خلص۔کے معنی ہیں میل اور کھوٹ سے پاک۔
اخلاص۔سے مراد صاف اور خالص۔
خلص من القوم۔سے مراد وہ قوم سے کنارہ کش ہو گیا۔۱؎
اخلص شیئً۔سے مراد کسی چیز کو خالص کر کے چن لینا۔۲؎
المخلص۔سے مراد ایسا شخص جو دوسروں سے الگ کر لیا گیا ہو اور اس کو خالص کر کے کسی خاص کام کے لئے مختص کر لیا گیا ہو۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی!
**وَنَحْنُ لَهُ مُخْلِصُونَ**۔ترجمہ۔ہم (اللہ) کے ساتھ مخلص ہیں۔۳؎
**استخصله**۔سے مراد اسے اپنے لئے خاص کر لینا۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
**أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي**۔ترجمہ۔بادشاہ نے کہا اس کو میرے پاس لے کر آؤ میں اس کو اپنے لیے مخصوص رکھوں گا پھر جب بادشاہ نے اس سے گفتگو کی تو کہا (اے یوسف!) آپ آج سے ہمارے نزدیک مقتدر اور امانت دار ہیں۔۴؎
**المخلصین**۔سے مراد مخلص بندہ۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
**إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِينَ**۔
ترجمہ۔بے شک وہ ہمارے مخلص بندوں میں سے ہیں۔۵؎
خالص۔سے مراد ایسی شے جو ملاوٹ اور ہر قسم کی آمیزش سے پاک اور صاف ہو اس اعتبار سے اللہ کی عبادت میں بھی اخلاص ضروری ہے یعنی صرف اور صرف اسی کی خوشی اور رضا جوئی

کی خاطر اس کی عبادت کی جائے۔

خالص۔ کے معنی ہیں صاف شفاف جس چیز میں ملاوٹ نا ہو۔

قرآن مجید میں مسلمانوں کو مخلص فرمایا ہے کیونکہ وہ یہود کی تشبیہ اور نصاری کی تقلید سے بری ہیں اور اخلاص کی حقیقت یہ ہے اللہ کے سوا ہر چیز سے بری ہونا۔۶

یعنی جس عبادت میں ریاکاری کی قطعاً آمیزش نہ ہو اس کو اخلاص کہتے ہیں۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں اخلاص سے مراد عمل کو مخلوق کے لئے صاف کر لینا۔

جنید بغدادی نے کہا اخلاص، انسان اور اللہ کے درمیان ایک راز ہے، نہ اس کو فرشتے جانتے ہیں کہ لکھ سکیں نہ اس کو شیطان جانتا ہے کے اس کو فاسد کر سکے اور نہ اس کو خواہش جانتی ہے کے اس کو کسی طرف مائل کر سکے۔

ابوالقاسم قشیری نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا ہے، آپ ﷺ نے جبرائیل علیہ السلام السلام سے پوچھا کے اخلاص کیا ہے؟ انہوں نے کہا میں نے رب العزت سے اخلاص کے متعلق پوچھا! تو آپ نے فرمایا! وہ میرا ایک راز ہے جس کو میں نے اپنے محبوب بندوں کے دلوں میں رکھا ہے۔۷

علامہ ابوالحیان اندلسی لکھتے ہیں سعید بن جبیرؓ نے کہا اخلاص یہ ہے کے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کیا جائے اور اپنا عمل کسی کو نہ دکھایا جائے۔

فضیل بن عیاض نے کہا لوگوں کی وجہ سے عمل کو ترک کرنا ریا ہے اور لوگوں کی وجہ سے عمل کرنا شرک ہے اور اخلاص یہ ہے کے اللہ تعالیٰ تمہیں ان دونوں سے محفوظ رکھے۔

ابن معاذ نے کہا اخلاص یہ ہے کے جس طرح دودھ کو گوبر اور خون کے درمیان سے نکالا جاتا ہے اس طرح عمل صالح کو گناہوں سے ممیز کیا جائے۔

ابوشیخ نے کہا اخلاص یہ ہے کے کہ اس عمل کو نہ فرشتے لکھ پائیں اور نا ہی شیاطین اس کو فاسد کر سکیں اور نا اس پر کوئی انسان مطلع ہو یعنی اللہ کے سوا اس پر کوئی مطلع نہ ہو۔

حذیفہ المرعشی نے کہا بندے کے افعال کا ظاہر اور باطن میں برابر ہونا اخلاص ہے۔
ابو یعقوب المکفوف نے کہا اخلاص یہ ہے کے بندہ اپنی نیکیوں کو اس طرح چھپائے جس طرح اپنے گناہوں کو چھپاتا ہے۔
سہل نے کہا اپنے اعمال کو حقیر جاننا اخلاص ہے۔
ابو سلیمان الدارانی نے کہا ریا کار کی تین علامتیں ہیں۔ا۔ جب وہ اکیلا ہو تو عبادت سے تھک جاتا ہے اور جب لوگوں کے درمیان ہو تو تروتازہ ہوتا ہے۔۲۔ جب اس کی تعریف کی جائے تو نیک عمل زیادہ کرتا ہے۔۳۔ اخلاص ریا کے بالمقابل ہے۔۸؎

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:**

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جس مسلمان میں یہ تین اوصاف ہوں اس کے دل میں کبھی کھوٹ (کینہ اور فساد) نہیں ہوگا۔
ا۔اس کے عمل میں اللہ کے لئے اخلاص ہو۔ ۲۔وہ مسلمانوں کا خیر خواہ ہو۔
۳۔اور مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ لازم ہو۔۹؎
حضرت مصعب بن سعدؓ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! اللہ اس امت کے ضعیف لوگوں کی دعاؤں، ان کی نمازوں اور ان کے اخلاص کی وجہ سے ان کی مدد فرماتا ہے۔۱۰؎
حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! اپنے دین میں اخلاص رکھو تمھارا قلیل عمل بھی کافی ہوگا۔۱۱؎
حضرت ضحاک بن قیس بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! اپنے تمام اعمال اخلاص کے ساتھ کرو کیونکہ اللہ تعالی اخلاص کے بغیر کسی عمل کو قبول نہیں کرتا۔۱۲؎
حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں، جب قیامت کے دن انسانوں کا نامہ اعمال پیش کیا جائے گا تو اللہ تعالی فرمائے گا کے اس صحیفہ کو قبول کرو اور اس عمل کو چھوڑ دو تو فرشتے کہیں

گے اللہ تعالیٰ آپ کی عزت کی قسم ہم نے تو وہی لکھا ہے جو اس نے عمل کیا ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا کے تم نے سچ کہا ہے لیکن اس کا یہ عمل میری ذات کے لئے نہ تھا آج میں اس کے اسی عمل کو قبول کروں گا جو صرف میری ذات کے لئے تھا۔ ۱۳؎

حضرت ابو درداءؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کسی نیک عمل کو باقی رکھنا نیک عمل کو کرنے سے زیادہ دشوار ہے کیونکہ کوئی شخص اگر کوئی عمل تنہائی میں کرتا ہے تو اس کا ستر گنا اجر لکھ دیا جاتا ہے پھر اس کو شیطان بہکاتا ہے اور وہ شخص اپنا وہ نیک عمل لوگوں سے بیان کرتا ہے لہٰذا اس کے اس عمل کی ظاہری نیکیوں کو کاٹ دیا جاتا ہے اور اس کے نامہ اعمال میں ریا کاری لکھ دی جاتی ہے کیونکہ وہ اپنے نیک اعمال کو لوگوں کے دکھاوے کے لئے کرتا ہے۔ ۱۴؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب فرماتے ہیں! تمام اعمال اڑتی ہوئی خاک کی مانند ہیں سوائے ان اعمال کے جن میں اخلاص ہو۔ ۱۵؎

آپؓ نے فرمایا ابتدائے دین اللہ کی معرفت ہے اور کمال معرفت اللہ کی تصدیق ہے اور کمال تصدیق اللہ کی وحدانیت کا یقین ہے اور کمال توحید اللہ کے لئے اخلاص ہے اور مخلص ہے وہ شخص جو اپنی عبادات میں با اخلاص ہو۔

اخلاص سے مراد تمام گناہوں سے اجتناب برتنا ہے۔

آپؓ نے حضرت امام حسنؓ سے فرمایا! اپنے تمام مسائل میں تم اللہ کے حضور مخلص ہو جاؤ۔

جس کا ظاہر و باطن، قول و فعل الگ نہ ہو تو گویا اس نے امانت ادا کر دی اور وہ عبادت میں با اخلاص ہو گیا۔ اخلاص ایمان کا بلند ترین مقام ہے۔ اخلاص یقین کا پھل ہے۔

اخلاص بہترین عمل ہے۔ اخلاص سے مراد تمام گناہوں سے اجتناب ہے۔

آپؓ نے فرمایا! کیا میں تمھیں جنت کے میوے کا پتا نا بتاؤں؟ وہ کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

کہے لیکن شرط یہ ہے کے اس کلمہ کو اخلاص کے ساتھ ادا کیا جائے۔
زمین سے بلند ہونے والی سب سے جلیل القدر شے اخلاص ہے۔
اخلاص کے ذریعے ہی گلو خلاصی ممکن ہے۔اخلاص ایمان کا بلند ترین درجہ ہے۔
اخلاص عبادات کی کسوٹی ہے۔
اخلاص یقین کا پھل ہے۔اخلاص مقصود دین ہے۔اخلاص مقربین خدا کی عبادت ہے۔
اخلاص بندگی کا پھل ہے۔اخلاص بہترین عمل ہے۔اخلاص اعمال کی کامیابی کی نشانی ہے۔
اعمال میں اخلاص یقین کی قوت اور نیت کی درستگی سے پیدا ہوتا ہے۔
ایمان کے بہترین اجزا اخلاص اور احسان ہیں اور بہترین خوبی سرکشی سے احتراز ہے۔
اخلاص اختیار کرنے والا کامیاب ہو جاتا ہے۔
عمل کی سب سے بڑی مصیبت ترک اخلاص ہے۔
بندے سے اللہ کا تقرب اخلاص نیت کے سبب ہے۔
علم کا ثمر اعمال میں اخلاص سے ہے۔دلوں کی زینت ایمان میں اخلاص ہے۔
اہل جنت کے سردار مخلصین ہوں گے،جس نے خلوص نیت سے عبادات کی وہ کامیاب ہوگیا۔
جو شخص اللہ کے پاس موجود نعمتوں میں رغبت رکھتا ہے اس کو چاہئے کے وہ اپنے اعمال میں اخلاص کو برتے۔جس کی نیت مخلص ہوگئی وہ آلودگی سے منزہ ہوگیا۔
اخلاص اعمال کی کامیابیوں کی نشانی ہے۔۱۶؎

## نفسیاتی پہلو

اخلاص مومنین کی صفات میں سے ایک قابل قدر صفت ہے، یہ اللہ کے مقربین کی عبادت خاص ہے، اخلاص ایک ایسا بہترین عمل ہے جس کی جزا جنت ہے اور قیامت کے دن انسانوں کا حساب ان کی نیتوں پر ہوگا چنانچہ جن لوگوں کی نیت خالص اللہ کے لئے ہوگی وہ کامیاب ہوجائیں گے جبکہ دکھاوا کرنے اور لوگوں میں اپنی تعریف وتوصیف کی خاطر دکھاوے کے عمدہ

عمل کو اللہ مسترد کر دیں گے کیونکہ وہ اللہ کی خوشنودی کے بجائے لوگوں سے تعریف کو وصول کرنے کے لئے یہ اعمال کرتا ہے، لہٰذا اخلاص اللہ کا خاص انعام اور دولت ہے جس کی بدولت انسان اللہ کی خوشنودی اور جنت کا مستحق قرار پاتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔
۲۔القاموس المحیط۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث۔
۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۳۹۔
۴۔سورہ یوسف۔آیت۔۵۴۔
۵۔سورہ یوسف۔آیت۔۲۴۔
۶۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ) مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۷۔الجامع الاحکام القرآن۔ج۔۲۔ص۔۱۴۶،مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران۔۱۳۸۷ھ۔
۸۔البحر المحیط۔علامہ ابوالحیان محمد بن یوسف اندلسی (متوفی ۷۵۴ھ) مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۲ھ۔
۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۱۰۔سنن النسائی۔امام عبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ۔بیروت۔
۱۱۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی ۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دارالباز مکہ مکرمہ۔
۱۲۔سنن دارقطنی۔امام علی بن عمر دارقطنی (متوفی ۲۸۵ھ) مطبوعہ نشرالسنہ ملتان۔دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۱۳۔المعجم اوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔ریاض
۱۴۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۵۔غرر الحکم۔
۱۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۱۱۔ الشکر۔ شکر

**کچھ لوگ اللہ کی عبادت بطور شکر ادا کرتے ہیں یہی آزاد لوگوں کی عبادت ہے (حضرت علیؓ)**

**الشکور**۔ عربی زبان کا لفظ ہے،۔ (ش۔ک۔ر) سے مشتق ہے۔۱؎
الشکور۔ کے معنی بہت قدر دان، قدر شناس، جوہر شناس اور بزرگ و مربی کے ہیں۔
قرآن کریم میں اسم الشکور (۵) مرتبہ آیا ہے۔
الشکر۔ کے معانی بھر جانا اور اظہار کرنا۔۲؎
الشکر۔ کے ایک معانی بھرا ہونا، مقدار میں کثیر ہونا۔۳؎
شکرت الناقہ۔ کے معانی اونٹی کے تھن کا دودھ سے بھر جانا۔۴؎
شکرت الشجر ۃ۔ سے مراد درخت کے تنے پر ٹہنیوں کا نکل جانا۔
شکر فلان۔ سے مراد کسی شخص نے دل کھول کر سخاوت کا مظاہرہ کرنا۔
شکر۔ کے ایک معانی اطاعت، ادائے فرائض، احسان مندی اور پورا بدلہ دینے کے ہیں۔
شکر۔ کے ایک معانی زیادتی اور ظہور پذیر ہونے کے ہیں۔
اللہ کی طرف سے شکر۔ کے معانی پورا پورا بدلہ دینا یا تھوڑے عمل کا بڑھا کر اجر دینا۔
فرس الشکور۔ سے مراد ایک ایسا تندرست اور توانا گھوڑا جس کی اچھی جسمانی صحت کی وجہ سے تھوڑا چارا بھی اس کو کافی ہو جاتا ہے۔۵؎
مفسرین اور علماء کرام نے اسم الشکور کی درج ذیل تعریفات بیان کی ہیں۔
۱۔ ذات الشکور وہ عظیم ذات ہے جو اپنے بندوں کے تھوڑے سے عمل پر بھی انھیں زیادہ اجر دیتا ہے۔
۲۔ ذات الشکور اپنے بندوں کی چھوٹی چھوٹی نیکیوں کا بھی بھر پور معاوضہ ادا کرتا ہے۔۶؎

۳۔ الشکور ایک ایسا قدر دان ہے جو بندوں کی نافرمانیوں پر فوراً ان کی پکڑ نہیں کرتا بلکہ انھیں مواقع دیتا ہے اس کے علاوہ ان کے چھوٹے بڑے اعمال صالح کو ان کے استحقاق سے بڑھ کر انھیں عطا کرتا ہے۔ ۷؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِلَّا مَنۡ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمۡ حَسَنٰتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ۔۸؎

ترجمہ۔ مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک کام کیے سو انہیں اللہ برائیوں کی جگہ بھلائیاں بدل دے گا، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

انسان کی کمزوریوں، کوتاہیوں، بیماریوں، ضعف اور اس کے مزج کی سہل پسندی کے پیش نظر عبادات میں بھی نرمی رکھی گئی مثلاً نماز اگر کوئی شخص کھڑے ہو کر نہیں پڑھ سکتا تو وہ بیٹھ کر پڑھ لے یا پھر لیٹ کر پڑھ لے، روزے، حج، زکوۃ اور دیگر امور میں بھی اس کے لئے آسانی پیدا کی گئی۔

## تیمم:

اگر وضو یا غسل کا پانی دستیاب نہیں ہے یا کسی بیماری کی وجہ سے پانی نقصان دہ ہے تو تیمم کے احکامات موجود ہیں اور انسان تیمم کے ذریعے پاکی اور طہارت حاصل کر سکتا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡٓا اِذَا قُمۡتُمۡ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغۡسِلُوۡا وُجُوۡهَكُمۡ وَاَيۡدِيَكُمۡ اِلَى الۡمَرَافِقِ وَامۡسَحُوۡا بِرُءُوۡسِكُمۡ وَاَرۡجُلَكُمۡ اِلَى الۡـكَعۡبَيۡنِ‌ؕ وَاِنۡ كُنۡتُمۡ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوۡا‌ؕ وَاِنۡ كُنۡتُمۡ مَّرۡضٰۤى اَوۡ عَلٰى سَفَرٍ اَوۡ جَآءَ اَحَدٌ مِّنۡكُمۡ مِّنَ الۡغَآئِطِ اَوۡ لٰمَسۡتُمُ النِّسَآءَ فَلَمۡ تَجِدُوۡا مَآءً فَتَيَمَّمُوۡا صَعِيۡدًا طَيِّبًا فَامۡسَحُوۡا بِوُجُوۡهِكُمۡ وَاَيۡدِيۡكُمۡ مِّنۡهُ‌ؕ مَا يُرِيۡدُ اللّٰهُ لِيَجۡعَلَ عَلَيۡكُمۡ مِّنۡ حَرَجٍ وَّلٰـكِنۡ يُّرِيۡدُ لِيُطَهِّرَكُمۡ

وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ۔٩؎

ترجمہ۔ اگر تم ناپاک ہو تو خوب پاک ہو جاؤ اور اگر تم بیمار ہو یا مسافر ہو یا تم میں سے کوئی قضائے حاجت سے آیا ہو یا تم نے عورتوں سے مقاربت کی ہو اور پھر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو بس اس سے اپنے منہ اور اپنے ہاتھوں پر مسح کرو اللہ تم پر تنگی کرنا نہیں چاہتا لیکن وہ یہ چاہتا ہے کے وہ تم پر اپنی نعمتوں کو پورا کرے تا کہ تم شکر گزار بنو۔

## نماز قصر:

وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلَاةِ۔١٠؎

ترجمہ۔ جب تم ملک میں سفر کرو تو تم پر کچھ گناہ نہیں کے تم نماز میں سے کچھ کم کر دو یعنی (چار رکعت کے بجائے دو رکعت)۔

حضرت یعلی بن امیہؓ بیان کرتے ہیں، میں نے حضرت عمرؓ سے پوچھا! اللہ تعالی نے فرمایا ہے!

إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنَّ الْكَافِرِينَ كَانُوا لَكُمْ عَدُوًّا مُبِينًا۔

ترجمہ۔ اگر تم کو یہ خدشہ ہو کے کافر تم پر حملہ کریں گے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے کے تم سفر میں قصر کر لو۔١١؎

لیکن اب سفر میں لوگ کفار کے حملوں سے مامون ہیں، تو حضرت عمرؓ نے کہا جس چیز سے تم کو تعجب ہوا مجھے بھی اس چیز سے تعجب ہوا تھا اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس سے متعلق سوال کیا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا (قصر) صدقہ ہے یعنی یہ اللہ نے تم پر صدقہ کیا ہے لہذا تم اس صدقہ کو قبول کر لو۔ ١٢؎

اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کے سفر میں قصر کرنا واجب ہے اور دانستہ پوری نماز پڑھنے والا گناہ گار ہوگا موجودہ دور میں ٦١ میل ٠ ٦٤ گز یعنی (٩٨ کلومیٹر سے زائد پر) نماز قصر کی جائے گی یعنی اللہ کی دی ہوئی رخصت پر عمل کرنا واجب ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ نے تمھارے لئے

جو رخصت دی ہے اس رخصت پر عمل کرنا تمھارے لئے واجب ہے۔ ۱۳؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے اللہ کی دی ہوئی رخصت کو قبول نہیں کیا اس کو میدان عرفات کے پہاڑوں کے برابر گناہ ہوگا۔ ۱۴؎

یعنی اللہ تعالی نے اپنے کمزور بندوں کے لئے بے حد آسانیاں پیدا فرمائیں ہیں تا کہ انھیں عبادت میں آسانی ہو سکے اور وہ دلجمعی اور خشوع وخضوع کے ساتھ عبادات کو بجالاتے ہوئے اللہ کی شکر گزاری کریں۔

**ارشادات خداوندی:**

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ پس تم مجھے یاد کرو میں تمھیں یاد کروں گا اور میرا شکر کرو میری ناشکری نا کرو۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا لِلَّهِ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ۔ ۱۶؎

ترجمہ۔ اے ایمان والو پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں عطا کی اور اللہ کا شکر کرو اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو۔

فَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا وَاشْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ۔ ۱۷؎

ترجمہ۔ اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرو اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو۔

وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ أَنِ اشْكُرْ لِلَّهِ ۚ وَمَن يَشْكُرْ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ ۖ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ۔ ۱۸؎

ترجمہ۔ ہم نے لقمان کو دانائی عطا فرمائی کہ اللہ کا شکر کرتے رہو، اور جو شخص شکر کرے گا وہ اپنے ذاتی نفع کے لیے شکر کرتا ہے، اور جو ناشکری کرے گا تو اللہ بے نیاز خوبیوں والا ہے۔

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ وَهْنًا عَلَىٰ وَهْنٍ وَفِصَالُهُ فِي عَامَيْنِ أَنِ

اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۔۱۹۔

ترجمہ۔اور ہم نے انسان کواس کے ماں باپ کے متعلق تاکید کی ہے،اس کی ماں نے ضعف پر ضعف اٹھا کر اسے پیٹ میں رکھا اور دو برس میں اس کا دودھ چھڑانا ہے تو (انسان) میری اور اپنے ماں باپ کی شکر گزاری کرے، میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔

لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ۔۲۰۔

ترجمہ۔بے شک قوم سبا کے لیے ان کی بستی میں ایک نشان تھا، دائیں اور بائیں دو باغ، اپنے رب کی روزی کھاؤ اور اس کا شکر کرو، عمدہ شہر رہنے کو اور بخشنے والا رب۔

وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ۔۲۱۔

ترجمہ۔اللہ شکر ادا کرنے والوں کو اس کی جزا دے گا۔

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۔

ترجمہ۔اگرتم میرا شکر ادا کرو گے تو میں تم کو ضرور زیادہ دوں گا۔۲۲۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۔۲۳۔

ترجمہ۔جو شکر ادا کرے گا وہ اپنے لئے ہی شکر ادا کرے گا۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت حکم بن عمیرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم نے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کہا تو تم نے اللہ کی نعمت کا شکر ادا کر دیا اور اللہ تعالیٰ تمھاری نعمت میں زیادتی کرے گا۔۲۴۔

حضرت اسود بن سریعؓ بیان کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ کو اپنی ثناء اور تعریف میں اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سے زیادہ کوئی کلمہ پسند نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے خود اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سے اپنی ثناء کی ہے۔۲۵۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! نعمت خواہ کتنی ہی پرانی ہوجائے جب بھی بندہ اس نعمت پر اللہ کی حمد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو نیا ثواب عطا فرماتا ہے اور مصیبت خواہ کتنی ہی پرانی ہوجائے جب بھی بندہ اس پر إِنَّا لِلّٰہِ وَإِنَّا إِلَیْہِ رَاجِعُونَ پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو نیا ثواب اور اجر عطا فرماتا ہے نعمت پر شکر کرنے سے نعمت کی مسئولیت کم ہوجاتی ہے جبکہ مصیبت پر صبر کرنے سے اس کے ثمرات کی حفاظت ہوتی ہے۔ ۲۶۔

حضرت انس بن مالکؓ روایت کرتے ہیں، اللہ کا کوئی بندہ یا بندی اگر اسلام میں بوڑھے ہوجائیں تو اللہ ان کو عذاب دینے سے حیاء فرماتا ہے۔ ۲۷۔

حضرت انس بن مالکؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو بوڑھا شخص صحیح عمل کرتا ہو اور پابندی سے سنت پر عمل پیرا ہو تو اللہ تعالیٰ کو اس سے حیاء آتی ہے کے وہ کوئی سوال کرے اور اللہ اس کو نہ دے۔ ۲۸۔

حضرت صہیبؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مومن کے حال پر تعجب ہوتا ہے کے اس کے ہر حال میں خیر ہے اور یہ صفت مومن کے سواء اور کسی میں نہیں اگر اس کو راحت پہنچتی ہے تو وہ اللہ کا شکر ادا کرتا ہے جو اس کے لئے خیر کا سبب ہے جبکہ اگر اس کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اس پر صبر کرتا ہے جس پر بھی اس کو خیر ملتی ہے۔ ۲۹۔

مغیرہ بن عامرؓ نے کہا شکر نصف ایمان ہے اور صبر نصف ایمان ہے جبکہ یقین مکمل ایمان ہے۔ ۳۰۔

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس کلام کی ابتداء اَلْحَمْدُ لِلّٰہ سے نہ کی جائے وہ نامکمل رہے گا۔ ۳۱۔

حضرت ابو سعیدؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ جب کھاتے یا پیتے تو دعا کرتے تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہے جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور مسلمان بنایا۔ ۳۲۔

حضرت معاذ بن انسؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے کھانا کھا

کر کہا کے تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے کھانا کھلایا اور مجھ کو بغیر کوشش اور طاقت کے یہ رزق عطا فرمایا تو اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دئے جائیں گے۔ ۳۳۔

حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم میں سے کوئی اپنا پسندیدہ خواب دیکھے تو وہ اللہ کی طرف سے ہے اور اس پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہے۔ ۳۴۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو وہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ' کہے۔ ۳۵۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی بلندی یا ٹیلے پر چڑھتے تو فرماتے! اے اللہ! ہر بلندی سے زیادہ بلندی تیرے لئے ہے اور ہر حمد سے بالا حمد تیرے لئے ہے ۔۳۶۔ حضرت ابو مالک اشعریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! پاکیزگی نصف ایمان ہے 'الحمد اللہ' میزان کو بھر دیتا ہے، سُبْحَانَ اللہ اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ر آسمان اور زمین کے درمیان کو بھر دیتے ہیں۔ ۳۷۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ کہتے ہو تو تم اللہ کا شکر ادا کرتے ہو اور وہ تم کو زیادہ نعمت دے گا۔ ۳۸۔

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، آمین رب العالمین کی اپنے بندوں پر مہر ہے کیونکہ اللہ تعالی بندوں کی آفات و بلیات کو آمین سے دور فرماتا ہے جیسے کسی لفافے پر مہر لگا دی جائے تو اس مہر کی وجہ سے اس میں فاسد اور ناپسندیدہ چیزیں داخل نہیں ہو سکتی۔ ۳۹۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب فرماتے ہیں! کچھ لوگ اللہ کی عبادت بطور شکر ادا کرتے ہیں یہی آزاد لوگوں کی عبادت ہے۔

اللہ جب کسی بندے پر نعمتیں نازل کرتا ہے، اور وہ بندہ اس نعمت کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہے تو اللہ تعالی اس بندے کا شکریہ زبان سے جاری ہونے سے پہلے ہی اس میں اضافہ کر دیتا ہے

اگر تمھارے ہاتھ شکر کے لئے چھوٹے ہوں تو اپنی زبان کو شکر کے لئے طویل کرو۔شکر نعمتوں کو بڑھاتا ہے۔جس کا شکر زیادہ ہوجاتا ہے اس کی نیکیاں بھی بڑھ جاتی ہیں۔

جب تم پر کوئی نعمت نازل ہوتو اس نعمت کی خاطر مدارات شکر کے ذریعے کرو۔

جس نے تمھیں نعمتوں سے نوازا اس کا شکر ادا کرو اور جو تمھارا شکر ادا کرے اس کو تم عطا کرو۔شکر قدر و منزلت میں نیکی سے زیادہ ہے۔شکر آسائشات کی زینت اور نعمتوں کا قلعہ ہے شکر نیت کا ترجمان اور ضمیر کی زبان ہے۔شکر کی ادائے گی سے نعمتوں میں اضافہ کیا جاتا ہے شکر کو غنیمت جانو کیونکہ اس کا ادنیٰ سا فائدہ بھی نعمتوں میں اضافے کا سبب ہے۔

نعمتوں میں کھو جانے کے بجائے تم ان نعمتوں کے شکر میں اپنے آپ کو مصروف رکھو۔

بہترین شہرت مشہور شکر ہے۔

نعمتوں کے حصول کے لئے سب سے بہترین چیز شکر ہے۔شکر کے ذریعے نعمتوں میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔کثرت شکر اور صلہ رحمی نعمتوں کے بڑھنے اور موت کو دور کرنے کا سبب ہیں۔

شکر سزاؤں کے نزول سے امان کا سبب ہے۔

شکر نعمتوں میں اضافے اور مزید ان نعمتوں کی تائید کا ضامن ہے۔شکر نعمتوں کو دگنا اور انھیں بڑھاتا ہے۔جس کا شکر زیادہ ہوجاتا ہے اس کی نعمتیں بھی بڑھ جاتی ہیں۔

جو اللہ کا زیادہ شکر گزار ہوتا ہے وہ زبان سے شکر ادا کرنے سے قبل ہی زیادہ نعمتوں کا مستحق قرار پاتا ہے۔شکر کے ذریعے اپنی نعمتوں کی حفاظت کرو۔جو بھی لوگوں سے بے نیازی کا اظہار کرتا ہے اللہ اسے دولت مندوں سے بے نیاز کردیتا ہے۔۴۰؎

## نفسیاتی پہلو

شکر ایک ایسی کیفیت کا نام ہے جو اللہ کو بہت پسند ہے یعنی جب بندہ اللہ کی دی ہوئی نعمتوں سے لطف اندوز ہوتا ہے، اس کے بگڑے ہوئے کام سنورتے ہیں، اللہ اس پر اپنی رحمتوں کی بارش برساتا ہے تو ان نعمتوں کے حصول کے بعد بندہ اللہ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوتا ہے یعنی

شکر کے پورے سسٹم میں انسان کے ذہن میں یہ خیال راسخ کر دیا جاتا ہے کے انسان نہایت بے بس اور کمزور ہے اور دنیا کی تمام نعمتیں اور آسانیاں محض اللہ کی خاص عنایات اور مہربانی سے ممکن ہے چنانچہ جب کسی بھی بندے کے ذہن میں شکر گزاری کی کیفیات کی گردش عمل میں آتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کے اللہ خوش ہو کر بطور انعام اس بندے کی آسانیوں میں مزید اضافہ کرنا چاہتے ہیں تاہم شکر گزاری کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے انسان ذہنی طور پر اللہ کی دی ہوئی نعمتوں سے آسودگی اور مکمل سکون کو حاصل کرتا ہے اور اس کی ذہنی سوچ اللہ کے اس کائناتی نظام کے ساتھ قائم ہو جاتی ہے یعنی اس کائنات میں جو کچھ بھی ہے وہ سب اللہ کا ہے اور کل خزآنوں کا مالک و مختار بھی وہ ہی ہے چنانچہ ان ہی خزآنوں کا منہ اللہ نے مجھ حقیر کے لئے بھی کھول رکھا ہے یعنی اللہ میرے تمام معاملات سے نا صرف واقف اور آگاہ ہے بلکہ وہ مکمل طور سے میری دل جوئی بھی فرماتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔القاموس المحیط۔علامہ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔داراحیا التراث العربی۔

۳۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۴۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ۔مصر۔۱۳۰۶ھ۔

۵۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۶۔مجموعہ رسائل۔حجۃ الاسلام امام ابو حامد بن محمد بن محمد الغزالی (متوفی ۵۰۵ھ)۔ج۔۱۔ص۔۳۱۷۔مطبوعہ دارالاشاعت۔کراچی۔

۷۔القرآن العظیم (تفسیر ماجدی)۔مولانا عبدالماجد دریا آبادی (متوفی ۱۳۹۷ھ)۔ج۔۲۔ص۔

۸۷۸۔صدق فاونڈیشن لکھنو انڈیا۔

۸۔سورہ المومنون۔آیت۔۷۰۔

۹۔سورہ المائدہ۔آیت۔۶۔

۱۰۔سورہ النسا۔آیت۔۱۰۱۔
۱۱۔سورہ النسا۔آیت۔۱۰۱۔
۱۲۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۳۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۴۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۱۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۵۲۔
۱۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۷۲۔
۱۷۔سورہ النحل۔آیت۔۱۱۴۔
۱۸۔سورہ لقمان۔آیت۔۱۲۔
۱۹۔سورہ لقمان۔آیت۔۱۴۔
۲۰۔سورہ سبا۔آیت۔۱۵۔
۲۱۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۴۴۔
۲۲۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۷۔
۲۳۔سورہ لقمان۔آیت۔۱۲۔
۲۴۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔ج۔۱۔ص۔۹۰۔مطبوعہ دارالمعرفہ۔
۲۵۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۲۶۔نوادر الانوار الاصول۔ج۔۲۔ص۔۲۰۳۔مطبوعہ دار الجبل۔بیروت۔۱۴۱۲ھ۔
۲۷۔کنز العمال۔علامہ علی تقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسستہ الرسالہ۔
۲۸۔الجامع الاحادیث الکبیر۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ) مطبوعہ دارالکفر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۲۹۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۰۔موسوعہ الرسائل ابن ابی الدنیا۔ج۔۳۔ص۔۳۰۔موسۃ الثقافیہ البیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۳۱۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۳۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۳۳۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۳۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۳۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۶۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۳۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۸۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔ج۔۱۔ص۔۴۶۔مطبوعہ دار المعرفہ۔
۳۹۔حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
۴۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۶۰۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۱۲۔ الصبر۔ صبر

## صبر خدا کا نور ہے (حضرت علیؑ)

**الصبور**۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ص۔ب۔ر) سے مشتق ہے۔ ا۔

صبر۔ عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی کسی شخص کا کسی مطلوبہ شے کے حصول کے لئے برابر مصروف کار رہنا۔ ۲۔

صبر۔ کے معنی استقامت، ثابت قدمی اور مسلسل کوشش ہے۔

الصبیر اس بادل کو کہتے ہیں جو ایک ہی جگہ کافی دیر تک مقیم رہے۔

عربی میں پہاڑ کو بھی الصبیر کہتے ہیں۔

الاصبیرۃ۔ سے مراد وہ اونٹ اور بکریاں جو صبح وشام اپنے اپنے مالکان تک واپس پہنچ جائیں اور ان سے دور نہ رہیں۔

الصبارۃ۔ سے مراد لوہے یا پتھر کے وہ ٹکڑے جو مستقل کسی جگہ پڑے رہیں۔

الصابورۃ۔ سے مراد ایسا مٹی کا ڈھیر جو کشتی میں اس لئے رکھا جائے تا کہ کشتی اس مٹی کے ڈھیر کے وزن سے ہچکولے نہ کھائے اور اس کا توازن برقرار رہے۔

الصبرۃ۔ سے مراد اناج کا ڈھیر جس کی ناپ تول نہ کی گئی ہو یعنی یہ تمام عربی کے الفاظ کس قدر محنت اور استقامت کے ہم معنی ہیں۔

صبر۔ کے ایک معنی قید کرنے کے بھی ہیں کیونکہ یہ بھی ایک مقام پر جم کے قائم رہنے کے مترادف ہے۔

یمین الصبر ۔ سے مراد وہ قسم جو کسی کو مجبور کر کے زبردستی کھلائی جائے۔ ۳۔

اصبرھم علی النار۔ سے مراد عذاب جہنم کو سہنے کا حوصلہ۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ - ۴؎

ترجمہ۔ یہ لوگ کیسے ہیں جنھوں نے ہدایت کے بدلے ضلالت خریدی اور مغفرت کے بدلے عذاب مول لیا کیسا عجیب ہے ان کا حوصلہ کہ جہنم کا عذاب برداشت کرنے کے لئے تیار ہیں۔

وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ - ۵؎۔ ترجمہ۔ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ - ۶؎

ترجمہ۔ جب وہ (داؤد) جالوت اور اس کے لشکر کے مقابلے کے لئے نکلے تو انھوں نے (داؤد) دعا کی کہ اے ہمارے رب ہم پر صبر کا فیضان کر اور ہمارے قدم جمادے اور اس کافر گروہ پر ہمیں فتح نصیب کر۔

مندرجہ بالا آیت کے مطالعے سے صبر کی اصل کیفیت سامنے آ گئی یعنی استقامت اور مستقل مزاجی سے باطل قوتوں کے خلاف برسر پیکار رہنا۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ - ۷؎

ترجمہ۔ اس سے پہلے کتنے ہی نبی ایسے گزر چکے ہیں جن کے ساتھ مل کر بہت سے خدا پرستوں نے جنگ کی اللہ کی راہ میں جو مصیبتیں ان پر پڑیں ان سے وہ دل شکستہ نہ ہوئے اور نہ ہی انھوں نے کمزوری دکھائی وہ باطل کے آگے سرنگوں نہیں ہوئے ایسے ہی صابروں کو اللہ پسند کرتا ہے ان کی دعا تو بس یہ تھی کہ اے ہمارے رب! ہماری غلطیوں اور کوتاہیوں سے درگزر فرما۔

ہمارے کام میں تیرے حدود سے جو کچھ تجاوز ہو گیا ہے اس کو معاف فرما اور ہمارے قدم کافروں کے مقابلے میں جمادے اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما آخر کار اللہ نے انھیں دنیا کا ثواب بھی دیا اور اس سے بہتر ثواب آخرت بھی انھیں عطا کیا اللہ کو ایسے ہی نیک عمل لوگ پسند ہیں۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ۔۸؎

ترجمہ۔صبر اور صلوۃ سے مدد لو۔

کچھ اسلامی مما لک میں نماز کے وقت ڈنڈے کے زور پر کاروبار بند کروادیا جاتا ہے یا نمازیوں کو ڈنڈے کے زور پر مساجد میں نماز پڑھنے پر مجبور کیا جاتا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کے سرکاری سطح پر صلوۃ کا نفاذ تو کیا جارہا ہے لیکن انسانی طبیعت میں صلوۃ ابھی تک نفوذ پذیر نہ ہوسکی یعنی صلوۃ کا قائم کرنا بھی صبر کا متقاضی ہے جب تک انسانی طبیعت میں مستقل مزاجی، تحمل اور ثابت قدمی نہ ہوگی انسان رسم صلوۃ تو شاید ادا کرلے لیکن قیام صلوۃ سے وہ نا آشنا ہی رہے گا اگر چہ تمام عبادات ہی مستقل مزاجی اور تحمل کی متقاضی ہیں لیکن صلوۃ چونکہ ایک غیر معمولی عبادت ہے لہٰذا وقت کی پابندی کے ساتھ اس کی ادائے گی کو لازمی قرار دیا گیا ہے یعنی دن میں پانچ مرتبہ اللہ سے ہر حال میں ملاقات کی جائے چاہے کچھ بھی ہوجائے دوسری جانب اللہ کی طرف سے یہ مقرر کی گئی ملاقات کسی صورت ٹل نہیں سکتی۔

اللہ تعالی نے انسان کو اشرف المخلوق تخلیق کیا چنانچہ اشرف مخلوق کو یہ ہرگز زیب نہیں دیتا کے وہ اپنی مشکلات، پریشانیاں، مصائب و آلام کو اپنے ہی جیسے کمزور اور بے بس انسانوں سے بیان کرے بلکہ اس کے شایان شان تو یہ ہے کہ اگر اللہ نے اسے کسی ابتلا میں مبتلا کیا ہے تو وہ اس پر صبر وسکون کا مظاہرہ کرتے ہوئے اللہ سے اس مسئلے اور پریشانی کو دور کرنے کی دعا کرے کیونکہ کائنات میں انسان کو جو منصب حاصل ہے اس عظیم منصب کا یہ تقاضا ہے کے وہ کسی بھی عجلت، بے صبرے پن اور ناشکری کا غلطی سے بھی اظہار اقرار اور اس کا مظاہرہ نہ کرے اور

مخلوق سے اللہ کی ہر گز شکایت نہ کرے کیونکہ دنیا کی تخلیق سے دو ہزار برس قبل ہی اللہ نے انسانوں کی تقدیر کا فیصلہ کر دیا تھا اور انسان کو پہنچنے والی تمام مشکلات اور آسانیاں لوح محفوظ پر تحریر کر دی گئیں تھیں تاہم ہر مشکل اللہ کے حکم سے آتی ہے اور اپنی مدت پوری کر کے اللہ کے ہی حکم سے چلی جاتی ہے اب انسان چاہے کتنا ہی شور وواویلا اور چاہے کتنا ہی زور لگا دے وہ مشکل اپنے وقت مقررہ پر ہی ختم ہو گی۔

اسی حوالے سے حضرت علیؑ کے اقوال ہیں:

صبر یہ ہے کے انسان پریشانیوں کو برداشت کرے اور غصہ دلانے والی اشیاء کے مقابلے میں بردبار رہے۔ جو چھوٹی چھوٹی مصیبتوں کو بڑھا چڑھا کر بیان کرتا ہے اللہ اسے بڑی بڑی مصیبتوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔ جسے صبر نجات نہ دے سکے اسے بے تابی ہلاک کر دیتی ہے۔۹۔

صبر کے لغوی معنی نفسانی خواہشات سے رکنا اور نفس پر قابو پانا ہے یعنی گناہ پر قدرت ہونے کے باوجود اس سے رکنا جبکہ اس کے دوسرے معنی عزم وحوصلے سے تکالیف کو برداشت کرنا اور حرف شکایت کو زبان پر نہ لانا ہے حضرت امام غزالی صبر جمیل کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کے صبر جمیل کا مطلب ہے کے جب کسی شخص پر کوئی مشکل آئے تو وہ اس کو صبر وتحمل سے برداشت کرے اور اس کی کسی سے کوئی شکایت نہ کرے یہاں تک کے برابر میں بیٹھے ہوئے شخص کو بھی معلوم نہ ہو سکے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيلًا ۔۱۰۔ ترجمہ۔ صبر کیجئے۔ یعنی صبر جمیل۔

قرآن اور سنت کی اصطلاح میں صبر کے تین درجات ہیں۔

۱۔ اپنے نفس کو حرام اور ناجائز چیزوں سے روکنا۔

۲۔ اپنے نفس کو اطاعت اور عبادت کا پابند کرنا۔

۳۔ مصائب اور مشکلات کا عزم و استقلال سے مقابلہ کرنا مایوسی اور بے قراری پر صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا تاہم اللہ کی رحمت سے کبھی مایوس نہ ہونا کیونکہ مایوسی کفر ہے۔

امت محمدیہ ﷺ کا یہ خاص امتیاز ہے کے اللہ تعالی نے انھیں مشکل وقت میں صبر کی خاص دعا عطا فرمائی۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ ۱۱؎

ترجمہ۔ ہر شے اللہ کی طرف سے ہے اور وہ اللہ کی طرف لوٹ رہی ہے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھنے کی فضیلت کو بیان کرتے ہوئے امام طبرانی روایت کرتے ہوئے یہ حدیث نقل کرتے ہیں!

حضرت عبد اللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میری امت کو ایک ایسی چیز دی گئی ہے جو پچھلی امتوں میں سے کسی کو بھی نہیں دی گئی یعنی مصیبت کے وقت اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھنا۔ ۱۲؎

**ارشادات خداوندی:**

یَآ اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ۔

ترجمہ۔ اے ایمان والو صبر اور نماز سے مدد لیا کرو، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ ۱۳؎

وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ صبر کیجئے، اللہ نیک لوگوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتا۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ صبر کیجئے، آپ کا صبر بھی اللہ کی مدد سے ہے۔

وَلِرَبِّكَ فَاصْبِر۔ ۱۶؎۔ ترجمہ۔ اپنے رب کے لئے صبر کیجئے۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ۔ ۱۷؎ ترجمہ۔ صبر وصلوۃ سے مدد لیجئے۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ۔ ۱۸؎

ترجمہ۔ اور ہم تمہیں کچھ خوف اور بھوک اور مالوں اور جانوں اور پھلوں کے نقصان سے ضرور آزمائیں گے، اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دو۔

وَاللّٰهُ مَعَ الصَّابِرِيْنَ۔ ۱۹؎ ترجمہ۔ اللہ صابرین کے ساتھ ہے۔

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصَّابِرِيْنَ۔ ۲۰؎ ترجمہ۔ اللہ صابرین سے محبت کرتا ہے۔

وَاِسْمَاعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ كُلٌّ مِّنَ الصَّابِرِيْنَ۔ ۲۱؎

ترجمہ۔ اسماعیل، ادریس اور ذوالکفل یہ سب صابرین میں سے تھے۔

مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصَّابِرِيْنَ۔ ۲۲؎

ترجمہ۔ (اسماعیل نے کہا) ان شاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں پائیں گے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ عزوجل نے فرمایا! اے جبرائیل! اس شخص کی کیا جزاء ہے جس کی بینائی کو میں سلب کرلوں اور وہ اس پر صبر کرے؟ اس کی جزا میرے گھر میں ہمیشہ رہنا اور میرا دیدار کرنا ہے۔ ۲۳؎

امام مالک نے 'موطا' میں حضرت ابوسعید دریؓ سے روایت کیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ عزوجل فرماتا ہے کے جب میں اپنے بندہ کو کسی مصیبت میں مبتلا کروں اور وہ اس پر صبر کرے اور اپنی عیادت کرنے والوں سے میری شکایت نہ کرے تو میں اس کے گوشت کو بہتر گوشت اور اس کے خون کو بہتر خون سے بدل دیتا ہوں یعنی جب میں اس کو صحت مند کرتا ہوں تو اس کا کوئی گناہ نہیں رہتا اور اگر میں اس کو وفات دوں تو وہ میری رحمت کی طرف ہے۔ ۲۴؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں ،سول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالی فرماتا ہے کے جب میں اپنے بندوں میں سے کسی بندے کے جسم ،مال یا اولاد میں سے کسی پر کوئی مصیبت بھیجتا ہوں اور وہ بندہ اس مصیبت پر صبر جمیل کرتا ہے تو میں قیامت کے دن اس کے لئے میزان قائم کرنے یا اس کا نامہ اعمال کھولنے سے حیاء کرتا ہوں۔۲۵۔

ابوعبداللہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مصیبت کے وقت مسلمان کا اپنے ہاتھ کو اپنے زانو پر مارنا اس کے اجر کو ضائع کر دیتا ہے۔۲۶۔

حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مومن مرد وعورت کی جان مال اور اولاد پر ہمیشہ مصیبت آتی رہتی ہے حتیٰ کے وہ اللہ سے اس حال میں ملاقات کرتا ہے کے اس کے ذمہ کوئی گناہ باقی نہیں رہتا۔۲۷۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مسلمانوں میں سے جو بھی شخص اپنے جسم کے کسی مرض میں مبتلا ہوتا ہے تو اللہ تعالی اس کے اعمال کے محافظ فرشتوں کو یہ حکم دیتا ہے کے میرا یہ بندہ اپنی صحت کی حالت میں جو نیک اعمال کیا کرتا تھا اس کے اس عمل کو اس وقت تک لکھتے رہو جب تک کے وہ میری زنجیر میں بندھا ہوا ہے۔۲۸۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! صبر خدا کا نور ہے۔

حضرت علیؓ نے فرمایا! صبر بہ قدر مصیبت نازل کیا جاتا ہے جس شخص نے مصیبت کے وقت اپنا ہاتھ اپنے زانو پر مارا اس کا عمل ضائع کر دیا جاتا ہے۔۲۹۔

صبر دو طرح کے ہوتے ہیں۔۱۔ ناپسندیدہ چیزوں پر صبر۔۲۔ اور پسندیدہ چیزوں کے لئے صبر۔صابر کبھی بھی کامیابیوں سے ہاتھ نہیں دھوتا بھلے ہی اسے مدتوں ہی انتظار کیوں نہ کرنا پڑے۔صبر ایمان کے ستونوں میں سے ایک ستون ہے اگر صبر کسی انسان کی شکل میں ہوتا تو وہ یقیناً ایک صالح انسان کی شکل میں ہوتا۔

صبر ایسی سواری ہے جو کبھی نہیں گراتی ہے اور قناعت ایسی تلوار ہے جس کی دھار کبھی نہیں الٹتی ۔
جو ایک ساعت صبر کر لیتا ہے وہ کئی ساعتوں تک لائق تحسین رہتا ہے ۔
صبر تین طرح کا ہوتا ہے ۔ ۱۔ مصیبتوں پر صبر ۔ ۲۔ اطاعت خدا پر صبر ۔ ۳۔ گناہوں سے صبر ۔
بلاؤں پر صبر کرنا خوشی کی حالت میں عافیت سے افضل ہے ۔
اگر تم نے صبر اختیار کیا تو اسی صبر کے ذریعے تمھیں نیک لوگوں میں شامل کیا جائے گا اور اگر تم نے بے تابی کا مظاہرہ کیا تو تمھاری بے تابی تمھیں جہنم میں دھکیل دے گی ۔ بہترین صبر پسندیدہ چیز سے صبر کرنا ہے ۔
جس پر زمانے کی سختیاں تواتر سے نازل ہونے لگیں تو اسے صبر عطا کر دیا جاتا ہے ۔
جو صبر کرتا ہے اس کی مصیبتیں ہلکی ہو جاتی ہیں اور صبر کرنے والا مرادوں تک پہنچ جاتا ہے ۔
جو دنیا میں زہد اختیار کرتا ہے اس کے لئے تمام مصیبتیں ہلکی ہو جاتی ہیں تین دن بعد تعزیت دینا تجدید مصیبت ہے ۔ جب مصیبت دور ہوتی ہے تو عیش و عشرت قریب آ جاتا ہے ۔
مصیبت جتنا ہی ثواب ملتا ہے ۔
امیر المومنین نے اشعث بن قیس کے بیٹے کی تعزیت کے موقع پر فرمایا ! اگر تم صبر کرو گے تو بھی اللہ کی قضا و قدر جاری ہو گی لیکن تم کو اس کا اجر و ثواب ملے گا لیکن اگر تم بے صبری اور بے تابی کا مظاہرہ کرو گے تو اللہ کی قضا و قدر تو پھر بھی جاری ہو کر رہے گی لیکن تم اس بے صبری پر گناہ ملے گا ۔ صبر کرنے والے پر لازم ہے کے وہ آزاد لوگوں کی طرح صبر کرے وگرنہ ناتجربہ کار جاہل کی طرح عیش کرے ۔ جسے صبر نجات نا دے سکے اسے بے تابی ہلاک کر دیتی ہے ۔
صبر حادثات کو روکتا اور انھیں کمزور کرتا ہے جبکہ بے تابی اور بے صبری حوادث کے لئے معاون و مددگار ہیں ۔ صابر کبھی کامیابی سے ہاتھ نہیں دھوتا چاہے اس کے لئے اس کو مدتوں انتظار ہی کیوں نا کرنا پڑے ۔ صبر شجاعت ہے ۔ حیا اور صبر جیسا کوئی ایمان نہیں ۔
صبر ایمان کے ستون میں سے ایک ستون ہے ۔ جس کی چار شاخیں ہیں ۔

ا۔شوق۔ ۲۔خوف۔ ۳۔ زہد۔ ۴۔انتظار۔

تم پر لازم ہے کے تم صبر کرو کیونکہ صبر کو ایمان کے ساتھ وہی نسبت ہے جو سر کو جسم کے ساتھ ہے۔زمانے میں صرف دو ہی دن ہیں۔ا۔ایک دن تمھارا موافق ہے تو اس دن تم اللہ کا شکر ادا کرو ۲۔ایک دن تمھارا مخالف تو اس دن تم صبر کرو۔اپنے آپ کو ناپسندیدہ چیزوں پر صبر کا عادی بناؤ کیونکہ راہ حق میں صبر بہترین اخلاق ہے۔

غموں کی یلغار کا مقابلہ عزم وحوصلے اور صبر اور بہترین یقین کے ساتھ کرو۔

صبر کو اپنا شعار بناؤ کیونکہ یہ کامیابی کا بہترین ذریعہ ہے۔

مصیبت کے وقت بہترین عمل صبر ہے کیونکہ عاقبت متقین کے لئے ہے۔

دین کا بہترین مددگار صبر ہے۔

مصیبتوں کو چھپانا اور ان پر صبر کرنا نیکی کے خزآنوں میں سے ایک خزآنہ ہے۔

صبر ایک ایسی سواری ہے جو کبھی گراتی جبکہ قناعت ایسی تلوار ہے جس کی دھار کبھی نہیں الٹتی۔

جو ایک ساعت صبر کر لیتا ہے وہ کئی ساعتوں تک لائق تحسین رہتا ہے۔

صبر امتحان اور بلا کی زینت ہے۔صبر کامیابی کے اسباب میں سے ایک قوی سبب ہے۔

انسانوں کی جانب سے دی گئی مصیبتوں اور غموں پر صبر کرنا تمھیں عظیم کامیابی کے شرف تک پہنچادے گی۔صبر کامیابی کی سواری ہے۔

یقیناً صبر کامیابی اور عجلت خطرہ ہے۔بلاؤں پر صبر کرنا حالت اطمینان اور خوشی میں عافیت سے زیادہ افضل ہے۔صبر دنیا کے مقابلے کے لئے بہترین مددگار ہے۔صبر مصیبت کے موقع پر تمھارا بہترین دفاع ہے۔

صبر کامیابی کا عنوان ہے۔صبر ایمان کا ثمر ہے۔شہوت پر صبر عفت ہے۔غصے میں صبر کامیابی ہے۔مصیبت پر صبر تقویٰ ہے۔صبر یہ ہے کے انسان پریشانیوں کو تحمل سے برداشت کرے اور غصے کے مقابلے میں بردبار رہے۔

صبر بہترین خصلت اور علم شریف ترین زیور اور عطیہ ہے، تم اپنی پسندیدہ ترین اشیا اس وقت تک اللہ سے حاصل نہیں کر سکتے جب تک تم ان چیزوں سے صبر نہ کرلو جن کو تم چاہتے ہو۔

یقیناً مقاصد اور ان مقاصد کی انتہا بھی ہوتی ہے لہٰذا صبر سکون کے ساتھ اپنے مقاصد کی جانب بڑھو چاہے مشکلات کی انتہا ہی کیوں نا ہو جائے۔ صبر کے ذریعے ہی تمھیں نیکوکاروں کی منزل ملے گی برعکس اس کے کے تم بے تابی کے ذریعے ہلاک کر دیئے جاؤ۔

بہترین صبر، صبر کا مظاہرہ ہے۔ مصیبت اور پریشانی میں صبر کا ثواب صبر کی مقدار جتنا عطا کیا جائے گا۔

طویل صبر نیک لوگوں کا شیوہ ہے۔ تمھارے لئے صبر لازم ہے کیونکہ یہ ایک مضبوط قلعہ اور صاحبان یقین کی عبادت ہے۔

جس پر تم نے صبر کیا وہ ان چیزوں سے کہیں زیادہ بہتر ہوتی ہے جن سے تم لطف اندوز ہو چکے

بہترین عادت بلاؤں پر صبر ہے۔

جس انسان پر زمانے کی سختیاں تواتر سے نازل ہوں اس انسان کو صبر عطا کیا جاتا ہے۔

صابر بہت جلد مرادوں تک پہنچ جاتا ہے۔ صابر کی مصیبتیں ہلکی ہوجاتی ہیں۔

نیکوکاروں کی سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کے انھیں بدکرداروں کی مدارت کی ضرورت پڑ جائے۔ ۳۰؎

## نفسیاتی پہلو

صبر اللہ کا نور ہے جو مادی حواس میں نورانیت داخل کر کے انسان کو اللہ سے قریب کر دیتا ہے، صبر کا مفہوم یہ ہے کے انسان اپنی تدابیر اور کوشش کا نتیجہ اللہ پر چھوڑ دے، اپنے ارادے کی نفی کرتے ہوئے اللہ تعالی کو قادر مطلق جان لے اور اپنے تمام امور میں تاخیر اور ناکامی پر اللہ کے ارادے اور فیصلے کا انتظار کرے، پھر قدرت کی جانب سے جو کچھ حاصل ہوا وہ اس پر راضی ہو جائے، صبر کا پورا سسٹم فرمانبرداری کو ذہن میں راسخ کرنے کا پروگرام ہے، صبر کرنے

سے انسان خود کو قدرت کے ہاتھوں میں مجبور اور بے بس ہونے کا تجربہ حاصل کرتا ہے۔ صبر کرنے سے انسان کے اندر نور داخل ہو جاتا ہے تاہم جب بندہ صبر کرنے کا خوگر ہو جاتا ہے تو اس کی مشکلات آسان ہو جاتی ہیں، بندے کا رابطہ مستقل طور پر اللہ کے ساتھ قائم ہو جاتا ہے اور ایسے ہی لوگوں کو اللہ تعالی نے اولوالعزم کہا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔۔تاج العروس ۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ۔مصر۔

۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۷۵۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۴۹۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۵۰۔

۷۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۱۴۸۔

۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۴۵۔

۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۰۔سورہ المعارج۔آیت۔ ۵۔

۱۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۵۶۔

۱۲۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔ج۔ ۱۲۔ص۔ ۳۲۔مطبوعہ داراحیا التراث العربی۔بیروت۔

۱۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۵۳۔

۱۴۔سورہ ھود۔آیت۔ ۱۱۵۔

۱۵۔سورہ النحل۔آیت۔ ۱۲۷۔

۱۶۔سورہ المدثر۔آیت۔ ۷۔

۱۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔۴۵۔

۱۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۵۵۔

۱۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۴۹۔

۲۰۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۴۶۔

۲۱۔سورہ الانبیا۔آیت۔۸۵۔

۲۲۔سورہ الصّف۔آیت۔۱۰۲۔

۲۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۴۔احیاء العلوم۔ابوحامد محمد الغزالی (۵۰۵ھ)۔ج۔۴۔ص۔۲۲۴۔مطبوعہ دارالخیر۔بیروت۔۱۴۱۳ھ۔

۲۵۔کامل ابن عدی۔

۲۶۔الفروع من الافی۔ج۔۳۔ص ۲۲۳۔مطبوعہ دارالکتب لاسلامیہ تہران۔۱۳۹۱ھ۔

۲۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۲۸۔مصنف۔امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ (متوفی ۲۳۵ھ)۔رقم الحدیث۔۱۰۸۰۴۔مطبوعہ دارالوطن بیروت۔۱۴۱۸ھ۔

۲۹۔نہج البلاغہ۔خطبات حضرت علیؑ۔مترجم۔حجۃ الاسلام مولانا مفتی جعفر حسین۔مکتبہ امامیہ کتب خانہ لاہور

۳۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۶۹۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۳۱۔باران رحمت ﷺ۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔۵۰۵۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

## ۱۳۔الاستغفار۔استغفار

**اگر لوگ گناہ کے وقت توبہ استغفار کرلیں تو نہ کبھی ہلاک ہوں اور نہ ہی عذاب میں مبتلا ہوں (حضرت علیؓ)**

**الغفار**۔عربی زبان کا لفظ ہے۔

صاحب محیط نے غفر کے معانی بیان کرتے ہوئے کہا کہ کسی کو ایسی چیز پہنا دینا کے جس سے وہ غلاظت اور گندگی سے محفوظ رہ سکے یعنی اس اسم میں چھپانے اور محفوظ رکھنے کا مفہوم شامل ہے۔

صاحب تاج نے غفر کے معانی بیان کرتے ہوئے کہا! غفر سے مراد کسی شے کو چھپالینا اور اس پر پردہ ڈال دینا ہے مثلاً اگر یہ کہا جائے! غفر المتاع فی الورعاع یعنی سامان کو کسی برتن میں ڈال کر چھپالینا اور اس طرح سے اس سامان کی حفاظت کرنا۔

المغفر والغفار۔سے مراد ایسی آہنی حلقوں سے بنی ہوئی جالی جو خود کے نیچے پہنی جاتی ہے جس کے پہننے سے گردن اور مونڈھے محفوظ ہوجائیں اور تلوار کی کاری ضرب اور حملہ آور کے حملے سے پہننے والا محفوظ و مامون ہوجائے۔

ابن فارس نے الغفر اور والغفر ان کے ایک ہی معانی بیان کئے ہیں۔

غفر، مغفرۃ، غفران، غافر، غفور اور غفار۔عام طور پر تھوڑے فرق سے ہم معانی ہیں۔

غافر اسم فاعل جبکہ غفور اور غفار۔اسم مبالغہ ہیں۔

استغفار۔کا مطلب اللہ سے حفاظت طلب کرنا ہے۔[۱]

مندرجہ بالا معانی اور مفاہیم سے کسی حد تک مغفرۃ کے معانی بھی واضح ہوگئے یعنی حفاظت اور غلاظت و گندگی سے محفوظ رکھنا۔

فقہائے کرام نے اسم الغفار کی دو تعریفات بیان کی ہیں۔

۱۔ امام خطابی فرماتے ہیں! الغفار وہ ذات ہے جو اپنے بندوں کے گناہوں کو چھپانے والی ہے اور ان پر مہربانی اور شفقت کا پردہ ڈالنے والی ہے۔ ۲۔

۲۔ ملا علی قادری فرماتے ہیں! الغفار وہ ذات ہے جو اپنے بندوں کی کمزوریوں اور گناہوں پر دنیا میں تو پردہ رکھتی ہے لیکن آخرت میں بھی انھیں سزا دینے سے درگزر فرماتی ہے۔ ۳۔

اللہ کی صفت غفاریت دنیا میں ہر جگہ موجود ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث کا مفہوم ہے کے انسانوں کے گناہ اس قدر ہیں کے اگر اللہ انھیں ان کے گناہوں پر سزا دے تو پھر دنیا میں ایک ہرا گھاس کا تنکا بھی نظر نہ آئے لیکن اللہ اپنے بندوں کے گناہوں کو معاف فرماتا ہے اور انھیں مٹا دیتا ہے۔

یہ اللہ کا احسان ہے کے وہ اپنے بندوں کے گناہوں کو چاہے وہ آسمان پر موجود ستاروں، سمندر میں موجود لہروں یا صحرا میں موجود ریت کے ذرات کے برابر ہوں اگر اللہ کے بندے سچے دل سے اللہ سے توبہ اور استغفار طلب کرتے ہیں تو اللہ ان کے سارے گناہوں ومٹا دیتا ہے بے شک اللہ ہر شے پر قادر ہے تاہم بندوں کو چاہئے کے وہ اللہ کے بے شمار احسانات کا شکر بجا لائے اور اللہ کی عبادت کرے۔

دنیا میں عقیدے کے اعتبار سے دو ہی قسم کے انسان پائے جاتے ہیں۔

۱۔ اللہ پر ایمان لانے والے یعنی مسلمان۔

۲۔ اللہ کا انکار یا اس کے ساتھ کسی کو شریک کرنے والے یعنی غیر مسلم۔

تاہم غیر مسلم بحث کا موضوع نہیں مسلمان جو ایمان لائے لیکن بے شمار مسلمان ایسے ہیں جو کئی گناہوں میں ملوث ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہر انسان خطا کار ہے لیکن بہترین خطا کار وہ ہے جو گناہ کے فوراً بعد استغفار طلب کرے، کوئی نیک عمل کرے یا صدقہ دے۔ ۴۔

کوئی شخص یا قوم کسی غلط روش پر گامزن تھی پھر انھیں احساس ندامت ہوا اور وہ قانون خداوندی

کے مطابق اپنی گزشتہ روش کو ترک کرتے ہوئے توبہ کی جانب متوجہ ہوئے تو اس موقع پر قانون قدرت نہ صرف ان سے گناہوں کی گندگی کو صاف کرتی ہے بلکہ ان کے لئے اصلاح کے مواقع بھی پیدا فرماتی ہے

**ارشادات خداوندی:**

وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔۵؎

ترجمہ۔جنھوں نے برے کام کئے پھر اس کے بعد توبہ کی اور ایمان لائے تو بے شک تیرا پروردگار اس کے بعد بخشنے والا مہربان ہے۔

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْم ۔۶؎

ترجمہ۔جنھوں نے توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گئے تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُم ۔۷؎

ترجمہ۔اگر تم اب بھی توبہ کرلو تو یہ تمھارے حق میں بہتر ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضَاعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ۔۸؎

ترجمہ۔بے شک اللہ ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا اور اگر کوئی نیکی ہو تو اس کو دگنا کر دیتا ہے اور اپنے پاس سے اجر عظیم عطا فرماتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۔۹؎

ترجمہ۔بے شک اللہ توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّه كَانَ غَفَّارًا ۔۱۰؎

ترجمہ۔اپنے رب سے بخشش مانگو بے شک وہ بڑا بخشنے والا ہے۔

يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۔۱۱؎

ترجمہ۔ وہ آسمان سے تم پر (موسلا دھار) مینہ برسائے گا۔

وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ۔ ۱۲

اور مال اور اولاد سے تمہاری مدد کرے گا ا۔ ۱۲

وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ۔ ۱۳

ترجمہ۔ مال اور اولاد سے تمہاری مدد کرے گا۔

وَيَجْعَلْ لَكُمْ جَنَّاتٍ۔ ۱۴

ترجمہ۔ (اللہ) تمہارے لیے باغ بنا دے گا۔

وَيَجْعَلْ لَكُمْ أَنْهَارًا ۔ ۱۵

ترجمہ۔ (اللہ) تمہارے لیے نہریں بنا دے گا۔

يُمَتِّعْكُمْ مَتَاعًا حَسَنًا ۔ ۱۶

ترجمہ۔ خوش حالی والی زندگی نصیب ہوگی۔

وَيَزِدْكُمْ قُوَّةً إِلَىٰ قُوَّتِكُمْ ۔ ۱۷

ترجمہ۔ (اللہ) تمہاری قوت کو اور بڑھائے گا۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک بندہ گناہ کرتا ہے پھر جب وہ اپنے گناہ کو یاد کرتا ہے اور اپنے کئے پر غمگین ہوتا ہے تو اللہ اس کو معاف فرما دیتے ہیں۔ ۱۸

اس کی مثال یوں بھی پیش کی جا سکتی ہے جیسے مرض سے بچنے کے لئے احتیاطی تدابیر کا کرنا مثلاً پولیو اور عمر بھر کی معذوری سے بچنے کے لئے پولیو کے دو ڈراپس کا پینا دنیا بھر میں اس احتیاطی تدبیر نے ایک قانونی حیثیت اختیار کر لی ہے اس احتیاطی اور حفاظتی تدبیر کو (preventives) کہا جاتا ہے جس کا مقصد لوگوں کو تاعمر کی معذوری اور محرومی سے بچاتے ہوئے انھیں صحت مند شہری بنانا اس فکر کو قرآن کریم نے اس طرح سے بیان کیا ہے

کے گناہ کے قریب بھی نہ جاؤ، یا شراب نوشی، بے حیائی، جھوٹ، دھوکہ اور زنا کے قریب بھی نہ پھٹکو کیونکہ شریعت جانتی ہے کے ان گناہوں کی آلودگی سے متاثرہ شخص جسمانی، دماغی، ذہنی اور نفسیاتی اعتبار سے کس قدر زوال کا شکار ہوجائے گا لہٰذا پہلے ہی سختی سے خبردار کر دیا اس خبرداری کو اصلاحی تدبیر یعنی (Curatives) کہتے ہیں۔

تائب ہونے والے افراد یا اقوام کے اندر توبہ کی مثبت توانائیاں دور کرتی ہے جس کی وجہ سے ایسے افراد یا اقوام شیاطین کی تخریبی کاروائیوں سے اللہ کی حفاظت میں آجاتے ہیں یہاں اللہ کی صفت غفاریت ان کا احاطہ کرتے ہوئے ان کی حفاظت کا پورا انتظام اور اہتمام کرتی ہے استغفار کا مطلب اللہ سے حفاظت طلب کرنا ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۔۱۹؎

ترجمہ۔اللہ نے وعدہ کیا ہے کے جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک اعمال کئے ان کے لئے مغفرت اور اجر عظیم ہے۔ا

وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ۔۲۰؎

ترجمہ۔بے شک میں اس شخص کو بخشنے والا ہوں جس نے توبہ کی، ایمان لایا، نیک اعمال کئے اور پھر ہدایت پر قائم رہا۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۚ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۔ ۲۱؎۔ترجمہ۔(سچے مومنین) کے لئے اللہ کے یہاں بلند درجات، بخشش اور عزت کی روزی ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ۭ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ ۔۲۲؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! اللہ کے سامنے تَوْبَةً نَّصُوْحًا کرو، کچھ بعید نہیں کہ تمہارا رب تم سے

تمہارے گناہ دور کر دے۔

اَلَمْ یَعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ هُوَ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَیَاْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَاَنَّ اللّٰہَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ۔ ۲۳؎

ترجمہ۔ کیا انھیں یہ معلوم نہیں کے اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرنے والا اور ان کی خیرات منظور کرنے والا ہے۔ اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

وَهُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَیَعْفُوْا عَنِ السَّیِّئَاتِ وَیَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ

ترجمہ۔ وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا اور ان کی خطائیں معاف کرتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو وہ ان کا جاننے والا ہے۔ ۲۴؎

وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ یَتُوْبُ اِلَی اللّٰهِ مَتَابًا۔ ۲۵؎

ترجمہ۔ جس نے توبہ کی اور نیک اعمال ئے تو بے شک اللہ اس کی جانب متوجہ ہوتا ہے۔

## دنیا اَسْفَلَ سَافِلِیْنَ ہے:

دنیا اسفل سافلین یعنی بری جگہ ہے جہاں کائنات کی بہترین تخلیق احسن تقویم یعنی انسان کو بھیج دیا گیا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ثُمَّ رَدَدْنَاهُ اَسْفَلَ سَافِلِیْنَ۔ ۲۶؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے انسان کو بہترین ساخت پر پیدا کیا پھر اس کو اَسْفَلَ سَافِلِیْنَ (حقیر اور پست) جگہ پھینک دیا۔

اَسْفَلَ سَافِلِیْنَ سے مراد انتہائی پست مقام پر انسان کو بھیج دیا گیا اللہ نے انسان کو بہترین ساخت پر پیدا فرمایا اس کے خاکی جسم میں اللہ نے اپنی روح پھونک دی چونکہ روح اللہ کا اذن ہے چنانچہ جو لوگ اونچے روحانی مدارج اور اللہ کی نیابت اور خلافت کا حق ادا کر دیتے ہیں وہ دوبارہ اللہ کے یہاں جنت میں رہنے کے قابل ہو جاتے ہیں اس اعتبار سے دنیا ایک

کثیف، حقیر اور نہایت پست مقام ہے جہاں انسان کا ازلی دشمن شیطان اور اس کی فتنہ انگیزیاں اور وسوسے بھی ہمہ وقت انسان کے ساتھ ہیں تاہم انسان جب تک دنیا میں رہتا ہے وہ ایک نہ ختم ہونے والی مسلسل اذیت اور مشکل کا شکار رہتا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی!

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي كَبَدٍ۔ ۲۷؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے انسان کو مصیبت میں پیدا کیا ہے۔

یعنی معلوم ہوا کے انسان کو دنیا میں ہر وقت مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ قصداً اور عمداً گناہ بھی کرتا ہے تاہم اللہ کی رحمت اس کے غضب پر حاوی ہے دوسری جانب اللہ نے اپنے اوپر رحمت لازم کرلی چنانچہ اسی بے حد محبت کی وجہ سے بنی نوع انسان جو کے خطاء کا پتلا ہے اس سے جب کوئی گناہ سرزد ہوتا ہے اور اس کو اس گناہ کا احساس ہوتا ہے اور وہ اللہ کی جانب رجوع کرتا ہے تو اس وقت رحمت خداوندی جوش میں آتی ہے اور اس سے بڑھ کر اللہ کی رحمت کی اور کیا مثال دی جائے کے خود اللہ فرماتے ہیں!

إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا۔ ۲۸؎

ترجمہ۔ جس نے توبہ کی، ایمان لایا اور نیک اعمال کئے تو یہی وہ لوگ ہیں جن کے گناہوں کو اللہ نیکیوں میں بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

یہ آیت کریمہ اللہ کی رحمت، محبت اور شفقت کا ایک ٹھاٹھیں مارتا سمندر ہے جس میں اللہ تعالی اپنے گناہ گار بندوں کی ندامت، استغفار، اعمال صالحہ اور ایمان سے خوش ہوکر ان پر اس قدر مہربان ہوگئے کے ان کے گناہوں کو نیکیوں میں بدل ڈالا بے شک اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک میں ضرور اس شخص کو جانتا ہوں جو سب سے آخر میں

جنت میں داخل ہوگا اور سب سے آخر میں دوزخ سے نکلے گا اس شخص کو قیامت کے دن لایا جائے گا اور کہا جائے گا کے اس پر اس کے چھوٹے چھوٹے گناہ پیش کرو اور اس کے بڑے بڑے گناہ اس سے دور رکھو پھر اس سے کہا جائے گا کے تو نے فلاں فلاں دن یہ کام کیے تھے؟ وہ کہے گا ہاں اور اس کا انکار نہیں کر سکے گا اور اس بات سے ڈر رہا ہوگا کے کہیں اس کے بڑے بڑے گناہ نہ پیش کر دئے جائیں پھر اس سے کہا جائے گا کے تمھارے ہر گناہ کے بدلے میں ایک نیکی ہے تب وہ شخص یہ کہے گا کے اے میرے رب میں نے تو اور بھی بہت سارے کام کئے تھے جن کو میں یہاں نہیں دیکھ رہا پھر میں نے دیکھا کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہنسے حتی کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک داڑھیں ظاہر ہوگئیں۔۲۹۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

**قال رسول الله ﷺ والذی نفسی بیدہ لولم تذنبو الذھب الله بکم ولجائیقوم یذنبون فیستغفرون فیغفر لھم۔**

ترجمہ۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر تم بالکل گناہ نہ کرو تو اللہ تمھارا وجود ختم کر دے گا اور ایسے لوگ پیدا فرمادے گا جو گناہ کریں اور پھر استغفار ریں اور پھر اللہ تعالی ان کی مغفرت فرمائیں۔۳۰۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم میں سے کسی شخص کو گمشدہ سواری کے مل جانے سے جتنی خوشی ہوتی ہے اللہ کو تمھاری توبہ سے اس سے زیادہ خوشی ہوتی ہے۔۳۱۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہی ہے جیسے کے اس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔۳۲۔

امام احمد، امام مسلم، امام ابوداؤد، امام نسائی، امام ابن حبان، حضرت اغر مزنی سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک میرے دل پر حجاب چھا جاتا ہے اور میں

ہر روز سو مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔ ۳۳؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم میں سے ہر شخص کے ساتھ ایک شیطان کو مقرر کیا گیا ہے صحابہ نے پوچھا کے یا رسول اللہ ﷺ آپ کے ساتھ بھی؟ فرمایا کے ہاں میرے ساتھ بھی لیکن اللہ نے اس کو مسلمان کر دیا ہے اور وہ مجھے نیک کام کا مشورہ دیتا ہے۔ ۳۴؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص کی مثل ہے جس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔ ۳۵؎

حضرت بلال بن یسارؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے کہا أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيَّ الْقَيُّومَ وَأَتُوبُ اس کی مغفرت کر دی جائے گی خواہ وہ میدان جہاد سے پیٹھ موڑ کر ہی کیوں نہ بھاگا ہو۔ ۳۶؎

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے! اے اللہ! مجھے ان لوگوں میں سے بنا دے جو نیک کام کرتے ہیں، تو خوش ہوتے ہیں اور وہ جب کوئی برا کام کرتے ہیں تو اللہ تعالی سے مغفرت طلب کرتے ہیں۔ ۳۷؎

حضرت ابو موسیؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالی رات کو اپنا ہاتھ بڑھاتا ہے تا کہ دن میں گناہ کرنے والے توبہ کریں اور دن میں اپنا ہاتھ بڑھاتا ہے تا کہ رات میں گناہ کرنے والے توبہ کریں (وہ یونہی کرتا رہے گا) حتی کے سورج مغرب سے طلوع ہو جائے گا۔ ۳۸؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور اس نے کہا کے میں مدینہ کے آخری حصے میں ایک عورت کے ساتھ بغل گیر ہوا اور میں نے زنا کے سوا باقی سب کچھ کر لیا اور اب میں آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوں آپ ﷺ میرے بارے میں جو چاہیں وہ فیصلہ کریں، حضرت عمرؓ نے فرمایا کے اللہ سبحانہ نے تیرے جرم پر

پردہ رکھا تھا، تم بھی اپنے جرم کا پردہ رکھتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کو کوئی جواب نہ دیا اور وہ شخص واپس چلا گیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے پیچھے گئے اور اس شخص کو بلایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے سامنے یہ آیت تلاوت فرمائی!

وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَیِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ۚ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ۔ ۳۹؎

ترجمہ۔ دن کے دو طرفوں میں (فجر اور عصر میں) نماز پڑھئے اور رات کے قریب (مغرب اور عشاء میں) بے شک نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں۔

مسلمانوں میں سے کسی ایک شخص نے کہا (یہ صغائر کی نیکیوں سے مغفرت) خاص ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کے نہیں بلکہ تم سب کے واسطے ہے۔ ۴۰؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کو مبارک دی جس کے نامہ اعمال میں استغفار بکثرت ہو۔ ۴۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! جو شخص پابندی سے استغفار کرتا ہے اللہ اسے غم اور ہر تکلیف سے نجات دے گا اور ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ پیدا فرمائے گا اور اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا جہاں اس کا گمان بھی نہ ہوگا۔ ۴۲؎

حضرت علیؑ نے اہل عراق سے فرمایا! تم یہ کہتے ہو کے اللہ کی کتاب میں سب سے زیادہ امید افزاء آیت کون سی ہے؟ پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی!

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔ ۴۳؎

ترجمہ۔ آپ کہیے کے اے میرے بندوں جنھوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے، تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو بے شک اللہ تمام گناہوں کو بخش دے گا بے شک وہی بے حد مغفرت کرنے والا ہے اور بہت رحم کرنے والا ہے۔

جب یہ آیت (وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى) نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر میرا ایک امتی بھی دوزخ میں ہوا تو میں راضی نہیں ہوں گا۔ ۴۴؎

اللہ تعالیٰ نے فرمایا! اے محمدؐ! ہم عنقریب آپ کو راضی کریں گے اور آپ کو رنجیدہ نہیں ہونے دیں گے۔ ۴۵؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم میں سے کسی شخص کو گمشدہ سواری کے مل جانے سے جتنی خوشی ہوتی ہے اللہ کو تمھاری توبہ سے اس سے زیادہ خوشی ہوتی ہے۔ ۴۶؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم کسی شخص میں دنیا سے بے رغبتی اور قلت کلام دیکھو تو اس کا قرب حاصل کرو کیونکہ اس کو حکمت عطا کی گئی ہے۔ ۴۷؎

حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، میں عرض کیا! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے وصیت کیجئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم سے جس قدر ہو سکے تم اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر پتھر اور درخت کے پاس اللہ کا ذکر کرو اور تم جو برا کام کرو اس کے بعد توبہ کرو، پوشیدہ گناہ کی توبہ پوشیدہ کرو اور کھلم کھلا گناہ کی توبہ کھلم کھلا کرو۔ ۴۸؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہی ہے جیسے کے اس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔ ۴۹؎

امام احمد، امام مسلم، امام ابوداؤد، امام نسائی، امام ابن حبان، حضرت اغر مزنی سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک میرے دل پر حجاب چھا جاتا ہے اور میں ہر روز سو مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔ ۵۰؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص کی مثل ہے جس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔ ۵۱؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بے شک بندہ گناہ کرتا ہے پھر جب وہ اپنے گناہ کو یاد کرتا ہے اور اپنے کئے پر غمگین ہوتا ہے تو اللہ اس کو معاف فرما دیتے ہیں۔ ۵۲؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ نے ۱۰۰ رحمتیں پیدا کیں ایک رحمت کو تمام مخلوق میں رکھ دی اور ۹۹ رحمتیں اپنے پاس رکھ لیں۔ ۵۳؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تمھارا رب اپنے بندے کی اس بات سے خوش ہوتا ہے جب بندہ یہ کہتا ہے کے اے اللہ! تو میرے گناہ بخش دے کیونکہ تیرے سوا کوئی اور ذات نہیں جو گناہوں کو معاف کر سکے۔ ۵۴؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو کوئی گناہ کرے پھر اچھی طرح سے وضو کر کے دو رکتیں ادا کرے پھر استغفار کرے تو اللہ اس کے گناہ کو معاف کر دیتا ہے۔ ۵۵؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میری پوری امت معاف کر دی جائے گی لیکن کھلم کھلا گناہ کرنے والوں کو معاف نہیں کیا جائے گا۔ ۵۶؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر تم لوگ گناہ نہیں کرو گے تو اللہ تعالی دوسری مخلوق پیدا فرما دے گا جو گناہ کریں گے اور اللہ تعالی سے مغفرت طلب کریں گے تو اللہ تعالی ان ے گناہوں کو معاف فرما دے گا۔ ۵۷؎

ڈاکٹر اسرار احمد فرماتے ہیں حرام اشیا کو چھوڑ دینا بھی ہجرت ہے اور اپنے نفس کو اس بات کے لئے تیار کرنا اور مجبور کرنا کہ وہ حرام کو چھوڑ دے، یہ جہاد ہے۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کے بدترین گناہ وہ ہے جسے اس کا کرنے والا ہلکا سمجھے۔ ترک گناہ، طلب توبہ سے زیادہ آسان ہے۔

جس کو توفیق استغفار مل گئی وہ مغفرت سے محروم نہیں رہے گا۔

اپنے آپ کو استغفار سے معطر کرلو تمھیں گناہوں کی آلودگی اور بدبو رسوانہیں کرے گی ۔

استغفار گناہوں کا علاج ہے ۔

امیر المومنین نے ایک شخص سے فرمایا! کیا تجھے معلوم ہے کے استغفار کیا ہے؟

پھر آپ نے فرمایا! استغفار اعلیٰ مرتبت لوگوں کا مقام ہے جس کے چھ معانی ہیں ۔

۱۔گزشتہ پر ندامت ۔ ۲۔ دوبارہ نا کرنے کا عزم ۔ ۳۔خلق خدا کے حقوق کی ادائے گی ۔ ۴۔ روز قیامت بغیر کسی بوجھ کے اللہ کے سامنے حاضری ۔ ۵۔ اپنے اوپر عائد تمام فرائض کی انجام دہی ۔ ۶۔حرام سے اجتناب ۔

عقلمند ہے وہ شخص جو گناہ کے فوراً بعد استغفار کر لیتا ہے اور برائی کے بعد شرمندہ ہوجاتا ہے ۔

اگر لوگ گناہوں کے فوراً بعد استغفار کرلیں تو وہ کبھی بھی ہلاک نا ہوں ۔

مجھے ایسے گناہ کی پرواہ نہیں ہے جس کے کرنے کے بعد مجھے اتنی مہلت مل جائے کے میں دو رکعت نماز پڑھ لوں اور اللہ سے عافیت مانگ لوں ۔

حرص وحسد اور تکبر گناہوں میں ڈوب جانے کے باعث ہوتے ہیں ۔

گناہوں سے مایوس نہ ہو جبکہ توبہ کا در کھلا ہوا ہو۔

اپنے پروردگار کے علاوہ کسی اور سے پر امید نہ رہو اور اپنے گناہوں کے علاوہ کسی اور سے خوف زدہ نہ رہو۔ اعتراف کے ساتھ کوئی گناہ نہیں رہتا۔

لوگوں کی گناہوں کے ذریعے ہونے والی اموات زیادہ ہوتی ہیں بہ نسبت قضاء وقدر کے باعث ہونے والی اموات کے ۔

گناہ ایک ایسا مرض ہے کے جس کی دوا استغفار ہے اور اس گناہ کو نہ دہرانا اس کی شفا ہے ۔

مجھے مایوس ہونے والے لوگوں پر تعجب ہوتا ہے کیونکہ اس کے پاس استغفار کی قوت موجود ہے جیسے توفیق استغفار نصیب ہوگئی تو وہ مغفرت سے محروم نہ ہوگا ۔

آپ نے فرمایا کے مجھے تعجب اس شخص پر ہوتا ہے جو نجات کے ہوتے ہوئے بھی ہلاک ہوگیا

آپ سے پوچھا گیا کے نجات کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا! توبہ استغفار۔
تین چیزیں بندے کو خدا سے ملا دیتی ہیں۔ ا۔ کثرت استغفار۔ ۲۔ پہلو تہی یعنی تواضع۔ ۳۔ اور بکثرت صدقہ۔

اہل زمین کے لئے دو چیزیں عذاب الٰہی سے امان ہیں ان میں سے ایک امان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اٹھالیا گیا ہے لیکن دوسری امان استغفار باقی ہے۔

آپ نے فرمایا کے استغفار اعلیٰ مرتبت لوگوں کا مقام ہے جس کے چھ معنی ہیں۔

ا۔ گذشتہ پر ندامت۔

۲۔ اس کو دوبارہ نہ کرنے کا عزم۔

۳۔ خلق خدا کے حقوق کی ادائے گی

۴۔ فرائض کی انجام دہی۔

۵۔ حرام سے اجتناب۔

۶۔ جسم کو اطاعت کی تکلیف سے شناسا کرنا پھر اس کے بعد استغفار۔

استغفار گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

عقل مند ہے وہ جس نے گناہ کے بعد استغفار کیا اور برائی کے بعد شرمندہ ہوا۔

اگر لوگ گناہ کے وقت توبہ استغفار کر لیں تو نہ کبھی ہلاک ہوں اور نہ ہی عذاب میں مبتلا ہوں۔

دنیا میں دو ہی طرح کی بھلائی ہے۔ ا۔ جو گناہ کرے وہ توبہ کے ذریعے اس کا تدارک کرے ۲۔ جو نیک کاموں میں سبقت لے جائے

ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا ہے کے اللہ کسی کے لئے باب شکر تو وا کرے مگر اس کی نعمتوں کی زیادتی کا دروازہ بند کردے یا پھر یہ کہ کسی کے لئے باب توبہ تو کھول دے مگر مغفرت کا دروازہ بند کردے جب تک باب توبہ کھلا ہوا ہے ہرگز گناہ کے بعد مایوس نہیں ہونا چاہئے۔

تم میں سب سے بہتر وہ ہے جس کا اللہ نے گناہ کے ذریعے امتحان لیا اور اس گناہ کے بعد اس

نے توبہ کرلی اور پھر گناہ کر کے بہت زیادہ توبہ کرلی۔

آپ سے پوچھا گیا توبہ النصوح کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا! دل سے ندامت محسوس کرنا زبان سے استغفار کرنا اور دل میں اس کو نہ کرنے کا عزم کرنا۔

توبہ طلب کرنے سے زیادہ آسان گناہ کو ترک کرنا ہے۔

توبہ و استغفار کا تھوڑا سا حصہ بھی گناہوں اور ان پر اصرار کو دھو دیتا ہے توبہ کے ذریعے گناہوں کو پوشیدہ کیا جاتا ہے توبہ نزول رحمت کا باعث ہے۔۵۸؎

## امام حسنؑ مجتبیٰ کا واقعہ:

حضرت امام حسن مجتبیٰؑ سے ایک شخص نے بارش کے نہ ہونے اور خشک سالی کی شکایت کی تو آپ نے اسے استغفار کی کثرت کی تلقین فرمائی تاہم بارش ہوگئی۔

امیر معاویہؓ نے اس شخص سے کہا تم جا کر امام حسنؑ مجتبیٰ سے پوچھو کے اس عمل کی سند کیا ہے؟ جب حضرت امام حسن مجتبیٰؑ سے سند دریافت کی گئی تو آپؑ نے قرآن کریم کی یہ آیت تلاوت فرمائی!

وَيَا قَوْمِ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا وَيَزِدْكُمْ قُوَّةً إِلَىٰ قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِينَ۔۵۹؎

ترجمہ۔اور اے قوم! اپنے رب سے معافی مانگو پھر اس کی طرف رجوع کرو وہ تم پر خوب بارشیں برسائے گا اور تمہاری قوت کو اور بڑھائے گا اور تم نافرمان ہو کر نہ پھر جاؤ۔

امام حسن بصری کے پاس مختلف سائلین آتے اور اپنا مسئلہ بتاتے آپ انھیں استغفار کی کثرت کی تلقین کرتے مثلاً ایک شخص نے بیماری، ایک نے بے اولادی، ایک نے تنگی رزق اور بے روزگاری، ایک نے گھریلو الجھنوں اور پریشانی کی شکایت کی اور آپ نے سب کو استغفار کی تلقین کی پاس بیٹھے ہوئے کچھ لوگوں نے پوچھا کے حضرت لوگوں کے مسائل اور مشکلات تو الگ الگ ہیں لیکن آپ ان سب کو ایک ہی وظیفہ عنایت کر رہے ہیں تو انھوں نے بھی اسی

آیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے جواب عطا کیا۔

## نفسیاتی پہلو

احساس گناہ ایک بوجھ ہے اور جتنے زیادہ گناہ ہوں گے انسان پر اسی قدر گناہوں کا بوجھ ہوگا تاہم انسان اپنے گناہوں پر ندامت اور توبہ کے ذریعے اس بوجھ سے نجات حاصل کرسکتا ہے۔ مومن کی یہ پہچان ہے کے جب اس سے کوئی گناہ سرزد ہوجاتا ہے تو وہ دلی طور پر اداس اور پریشان ہوجاتا ہے دوسری جانب اگر وہ کوئی نیکی کرتا ہے تو اس سے اس کے دل کو خوشی اور سرور حاصل ہوتا ہے چنانچہ گناہوں کے بوجھ سے آزادی استغفار کے ذریعے ممکن ہے لہٰذا جب انسان استغفار کے ذریعے اپنے گناہوں کے بوجھ سے نجات حاصل کرلیتا ہے تو وہ بہت ہلکا پھلکا اور پرسکون ہوجاتا ہے اور ذہنی سکون کسی بڑی دولت سے کم نہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز۔طلاع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔شان الدعاء۔لابی سلیمان حمد بن محمد خطابی الحافظ۔ص۔۲۵۔دارالمامون التراث۔

۳۔النھج الاسمیٰ فی شرح اسماء الحسنیٰ۔الشیخ محمد الحمود النجدی۔ج۔۱۔ص۔۱۷۵۔مکتبہ الامام الذہبی الکویت۔

۴۔حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۵۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۵۳۔

۶۔سورہ آل عمران۔آیت۔۸۹۔

۷۔سورہ التوبہ۔آیت۔۳۔

۸۔سورہ النساء۔آیت۔۴۰۔

۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۲۲۔

۱۰۔سورہ نوح۔آیت۔۱۰۔

۱۱۔سورہ نوح۔آیت۔۱۱۔

۱۲۔سورہ نوح۔آیت۔۱۲۔

۱۳۔سورہ نوح۔آیت۔۱۲۔
۱۴۔سورہ نوح۔آیت۔۱۲۔
۱۵۔سورہ نوح۔آیت۔۱۲۔
۱۶۔سورہ ہود۔آیت۔۳۔
۱۷۔سورہ ہود۔آیت۔۵۲۔
۱۸۔مجمع الزوائد۔حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت۔
۱۹۔سورہ المائدہ۔آیت۔۹۔
۲۰۔سورہ طٰہٰ۔آیت۔۸۲۔
۲۱۔سورہ انفال۔آیت۔۴۔
۲۲۔سورہ تحریم۔آیت۔۸۔
۲۳۔سورہ توبہ۔آیت۔۱۰۴۔
۲۴۔سورہ شوریٰ۔آیت۔۲۵۔
۲۵۔سورہ فرقان۔آیت۔۷۱۔
۲۶۔سورہ التین۔آیت۔۴۔۵۔
۲۷۔سورہ بلد۔آیت۔۱۔۴۔
۲۸۔سورہ فرقان۔آیت۔۷۰۔
۲۹۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۱۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔رقم الحدیث۔۳۵۳۸۔مطبوعہ دارالفکر۔
۳۱۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔
۳۲۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔رقم الحدیث۔۲۷۰۲۔مطبوعہ مکتبہ نزار
۳۳۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۴۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔
۳۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۳۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۸۔

مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۳۷۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۳۸۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۹۔سورہ ہود۔آیت۔۱۱۴۔
۴۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۴۱۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۴۲۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۴۳۔سورہ الزمر۔آیت۔۵۳۔
۴۴۔الجامع الاحکام القرآن۔جز۔۲۰۔ص۔۸۵۔
۴۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۴۷۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۰ھ۔
۴۸۔ ۵۴۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث۔
۴۹۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۵۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۵۱۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۵۲۔مجمع الزوائد۔حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ) مطبوعہ دار لکتاب العربی بیروت۔
۵۳۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۵۴۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۵۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۵۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۵۸۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۵۹۔سورہ ہود۔آیت۔۵۲

# ۱۴۔ الحق۔ حق

**حق کا تھوڑا حصہ بھی باطل کے بہت بڑے حصے کو فنا کر دیتا ہے (حضرت علیؓ)**

**الحق**۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ح۔ق۔ق) سے مشتق ہے۔ ا۔

الحق۔ کے معنی کسی چیز کا اس طرح سے موجود، واقع یا ثابت ہونا کے اس کے وقوع سے انکار ناممکن ہو۔

الحق۔ کے معانی کسی شے کا ٹھوس شکل یعنی (Concrete Form) میں سامنے آنا۔

الحق۔ کے ایک معنی ثابت یا (Estqblish) ہونا ہے۔

عربی لغات کے ماہرین کی یہ رائے ہے کے جن الفاظ میں حاء اور قاف اکھٹے آ جائیں ان میں اثبات کا مفہوم مضمر ہوتا ہے۔

الحق۔ کے معنی استحکام اور ثبات کے ہیں۔ ۲۔

عندحق لقاحھا۔ سے مراد اونٹی کا حمل ثابت ہو چکا۔

رجل حاق الرجل۔ سے مراد اس شخص کی مردانگی نا قابل انکار ہے۔

محقق۔ اس کپڑے کو کہا جاتا ہے جو نہایت مضبوطی سے بنا گیا ہو۔ ۳۔

الحق۔ عربی زبان میں اس اونٹ کو کہتے ہیں جو تین سال پورے کر کے چوتھے سال میں لگ گیا ہو۔

حق۔ کے ایک معانی ٹھوس اور تعمیری واقعہ جو اپنی جگہ محکم اور ثابت ہو۔

حق۔ کی ضد بح ہے۔ اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

**وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهٖ**۔ ۴۔

ترجمہ۔ (اللہ) باطل کو مٹا دیتا ہے اور حق کو اپنے فرمانوں سے حق کر دکھاتا ہے۔

رمی،فاحق الرمیہ ۔ سے مراد اس نے تیر چلایا اور جانور مر گیا یعنی یہ بات پایہ ثبوت تک پہنچ گئی کے تیر نشانے پر لگا۔

الحق من الفرس۔ عربی زبان میں اس گھوڑے کو کہتے ہیں جو اپنا پچھلا پیر ٹھیک اس جگہ پر رکھے جہاں اس کا اگلا پیر تھا۔۵۔

الحق ۔ کے معانی کسی ٹھوس واقعے ، یا بات کا حقیقت کا روپ دھارنا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ۔۶۔

ترجمہ۔جس دن کافرین اور (مجرمین) کو آگ کے سامنے لایا جائے گا اس وقت ان سے یہ پوچھا جائے گا کے کیا یہ حق نہیں؟

بَشَّرْنَاكَ بِالْحَقِّ ۔۷۔

ترجمہ۔(فرشتوں نے ابراہیم سے کہا) ہم تمھیں برحق بشارت دے رہے ہیں۔

قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۔۸۔

ترجمہ۔(یوسف نے اپنے خواب کے حوالے سے اپنے والد سے کہا) میرے رب نے اسے حقیقت بنادیا۔

حق سے مراد وہ قوت ، طاقت اور قانون قدرت ہے جو ہر دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو یعنی اپنی اصل کے ساتھ اپنی جگہ پر بھی ہو اور بدلتے ہوئے حالات سے مطابقت اور موافقت کی بھی مکمل صلاحیت سے مزین ہو ایک ایسا منظم قانون جو کے ہر اعتبار سے قابل قبول اور قابل عمل ہو۔

امام راغب اصفہانی نے اس حوالے سے پرانے زمانے کے دروازے کی ایک مثال پیش کی ہے، پہلے زمانے میں دروازے میں قبضے کی جگہ ایک گلی کی طرح کی ایک لکڑی ہوتی تھی جو دروازے کے ساکٹ میں اس طرح فٹ ہوتی کے ایک جانب وہ اپنی جگہ موجود اور قائم بھی

رہتی اور دوسری جانب وہ دروازے کے ساتھ گھومتی بھی رہتی چنانچہ امام راغب اصفہانی نے حق کی کیفیت کو اسی دروازے کی اس گلی سے سمجھا۔

اللہ تعالی کی ایک صفت الحق ہے یعنی ذات الحق حکمت کے تقاضوں کوملحوظ رکھتے ہوئے اشیاء کو حق کے ساتھ تخلیق کرتی ہے۔

یعنی اللہ تعالی نے حق اور باطل کے فرق کو واضح کر دیا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ۔۹؎

ترجمہ۔ایک گروہ کو تو (اللہ) نے سیدھا راستہ دکھایا لیکن دوسرے گروہ پر گمراہی چسپاں ہو کر رہ گئی۔

یعنی حق اور باطل کی قوتیں تو حضرت آدم کے دنیا میں آنے سے پہلے ہی سرگرم ہو چکی تھیں اور جن کا زور قیامت تک جاری رہے گا اسی حق اور باطل کی پہچان کے لئے اللہ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کو مبعوث فرمایا تا کہ وہ لوگوں کو یہ بتاسکیں کے انسان کے خاکی وجود میں اللہ نے خیر اور شر دونوں قوتوں کو رکھ دیا تاہم شر کی قوتوں کو کنٹرول اور خیر کی قوتوں کو عام کرنا ہی منصب انسانیت ہے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:**

تم میں جو کوئی برائی ہوتی دیکھے تو اس کو چاہئے کے وہ اس کو اپنے ہاتھ سے روکے اگر ہاتھ سے نہ روک سکے تو اس کو اپنی زبان سے روکے اور اگر زبان سے بھی نہ روک سکے تو اس کو اپنے دل میں برا جانے (یہ کمزور ترین ایمان کی علامت ہے)۔۱۰؎

اللہ تعالی نے تمام اشیائے کائنات کو حق کے ساتھ تخلیق فرمایا اور یہ سب اللہ کی نشانیاں ہیں جن سے انکار ممکن نہیں تاہم قیامت کے قائم ہوتے ہی تمام اشیائے کائنات بھی اللہ کے حکم سے فنا ہو جائیں گی۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

إِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ۔ ۱۱ ؎

ترجمہ۔ جب آسمان پھٹ جائے گا اور وہ اپنے رب کے فرمان کی تعمیل کرے گا اور اس کے لئے حق یہی ہے کہ وہ اپنے رب کا حکم مانے۔

معلوم ہوا کے کل کائنات میں اللہ کا یہ اسم الٰہیہ ہمہ وقت جاری اور ساری ہے اور ہر شے اس اسم پاک الحق کے زیر اثر ہے۔

**ارشادات خداوندی:**

فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ۔ ۱۲ ؎

ترجمہ۔ایک گروہ کوتو (اللہ) نے سیدھا راستہ دکھایا لیکن دوسرے گروہ پر گمراہی چسپاں ہوکر رہ گئی۔

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ۔ ۱۳ ؎

ترجمہ۔ جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو اس کے خوشحال لوگوں کو حکم دیتے ہیں اور وہ اس میں نافرمانیاں کرنے لگتے ہیں جب عذاب کا فیصلہ اس بستی پر چسپاں ہوجاتا ہے اور ہم اس کو برباد کر کے رکھ دیتے ہیں۔

وَاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ۔ ۱۴ ؎

ترجمہ۔ تبع کی قوم کے لوگ بھی جھٹلا چکے ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا اور آخر کار میری وعید ان پر چسپاں ہوگئی۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ۔ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ۔

ترجمہ۔ان سے پہلے نوح کی قوم، عاد اور میخوں والے فرعون اور ثمود اور قوم لوط اور ایکہ والے جھٹلا چکے تھے، جتھے تو وہ تھے ان میں سے ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا اور میری عقوبت کا فیصلہ ان پر چسپاں ہو کر رہا۔۱۵؎

ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔۱۶؎

ترجمہ۔جب ایسا وقت آتا ہے تو ہم اپنے رسولوں کو اور ان لوگوں کو بچا لیا کرتے ہیں جو ایمان لائے ہوں ہمارا یہی طریقہ ہے۔

حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ ۔۱۷؎

ترجمہ۔ہم پر یہ حق ہے کے مومنین کو بچالیں موسیٰ نے فرعون سے کہا کے میں کائنات کے مال کی طرف سے بھیجا گیا ہوں اور میرا منصب یہی ہے کے میں اللہ کا نام لے کر کوئی بات حق کے سوا نہ کہوں۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۔۱۸؎

ترجمہ۔جب آسمان پھٹ جائے گا اور وہ اپنے رب کے فرمان کی تعمیل کرے گا اور اس کے لئے حق یہی ہے کے وہ اپنے رب کا حکم مانے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

طارق بن شہاب بیان کرتے ہیں،ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کے کون سا جہاد سب سے افضل ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ظالم بادشاہ کے سامنے کلمہ حق کہنا۔۱۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم میں سے کوئی شخص لوگوں کے دباؤ کی وجہ سے حق ظاہر ہونے کے بعد اس کو بیان کرنے سے اور کسی بڑی بات کا ذکر کرنے سے باز نہ رہے کیونکہ نہ لوگوں کا دباؤ موت کو قریب کرتا ہے اور نہ ہی رزق کو دور کرتا ہے۔۲۰؎

حضرت علیؓ نے فرمایا،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک جنازے میں شریک تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک

تنکے سے زمین کو کرید رہے تھے پھر آپ ﷺ نے فرمایا! تم میں سے ہر شخص کا جنت یا دوزخ میں ٹھکانہ لکھ دیا گیا ہے صحابہ نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! کیا ہم اس لکھے ہوئے پر اعتماد نہ کرلیں؟ اور عمل کو چھوڑ دیں تو آپ ﷺ نے فرمایا! عمل کرتے رہو ہر شخص کے لئے اسی عمل کو آسان کر دیا گیا ہے جس کے لئے اس کو پیدا کیا گیا ہے سو جو اہل سعادت میں سے ہیں ان کے لئے اہل سعادت کے اعمال کو آسان کر دیا گیا ہے اور جو بھی اہل شقاوت ہیں ان کے لئے اہل شقاوت کے اعمال کو آسان کر دیا گیا ہے پھر آپ ﷺ نے ان آیات کی تلاوت کی!

فَاَمَّا مَنۡ اَعۡطٰی وَ اتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالۡحُسۡنٰی فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلۡیُسۡرٰی وَاَمَّا مَنۡ م بَخِلَ وَاسۡتَغۡنٰی وَ کَذَّبَ بِالۡحُسۡنٰی فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلۡعُسۡرٰی۔۲۱؎

ترجمہ۔پس جس نے اللہ کی راہ میں دیا اور اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتا رہا اور نیک باتوں کی تصدیق کرتا رہا پس ہم اس کو عنقریب آسانی (جنت) مہیا کریں گے اور جس نے بخل کیا اور اللہ سے بے پرواہ رہا اور نیک باتوں کی تکذیب کرتا رہا پس ہم اس کو عنقریب دشواری (جہنم) مہیا کریں گے۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کے جس نے حق سے مقابلہ کیا یا اس سے عناد رکھا، حق اسے پچھاڑ دے گا۔

جس نے حق کی نصرت کی وہ کامیاب ہوا جس نے حق کے ذریعے عزت چاہی حق اسے عزت دے گا۔یقیناً حق مشکل اور قابل ستائش ہے، جو بھی کاہل ہے اس نے گویا دوسروں کے حقوق ضائع کر دئے۔

ہر نعمت میں اللہ کا حق ہے لہٰذا جو شخص اللہ کے حق کو ادا کر دیتا ہے اللہ تعالی اس کی نعمتوں کو بڑھا دیتا ہے جبکہ کوتاہی کرنے والے کی نعمتوں کو ک اللہ زائل کر دیتا ہے دوسروں کی ذات اور ان

کے امور میں غور وفکر کرنے والا کبھی حق کو نہیں پا سکتا ایسا شخص اپنی جہالت کے سبب لوگوں کے ساتھ ہمہ وقت تنازعات میں الجھا رہتا ہے تاہم حق سے متعلق اس کا اندھا پن ہمیشہ قائم رہتا ہے۔انسان اپنے حق کی تاخیر کے لئے مطعون نہیں ہوتا بلکہ ان چیزوں کے لئے مطعون ہوتا ہے جو اس کے لئے نا ہوں۔

مومنین کی گمان سے ڈرو کیونکہ اللہ نے حق کو ان کی زبان پر جاری کردیا ہے، جسے حق نے اپنا لیا وہ جنتی اور جو باطل کا لقمہ بنا وہ جہنمی ہے بہترین اخلاق، حق کے معاملے میں صبر ہے۔

اللہ کی نعمتیں کسی پر بھی بہت زیادہ نہیں ہوتیں بجز نعمتوں کی زیادتی سے اللہ کا حق بھی زیادہ ہوجاتا ہے۔حق قابل تقلید اور باطل قابل مذمت اور وبال جان ہے حق کی طرف جانے کے لئے سختیاں اٹھاؤ۔ جو حق سے تجاوز کرتا ہے اس کا راستہ تنگ ہوجاتا ہے۔

حق سے روشناس کروانے والے کا حق پہچانو چاہے وہ کوئی امیر ہو یا غریب۔اپنے بھائی کا حق ضائع نا کرو۔حق نجات دیتا ہے جبکہ باطل انسان کو تباہ و برباد دیتا ہے۔حق کے لئے عمل کرتے رہو کیونکہ یوم حق اسی بنیاد پر تم کامیاب ہوگے۔

شریف انسان ناحق قتل ہوجاتا ہے لیکن روز قیامت اسے اپنے حق سے بڑھ کر اجروثواب ملے گا۔صاحب تفرقہ باطل ہوتے ہیں چاہے وہ تعداد میں کتنے ہی زیادہ کیوں نا ہوں جبکہ اہل حق ہم آہنگ ہوتے ہیں چاہے ان کی تعداد کتنی ہی کم کیوں نا ہو۔

جب تم حق کو جان جاؤ گے تو اہل حق کو بھی پہچان جاؤ گے۔حق پر اعلانیہ عمل کرنے والا مجاہد ہے۔جو حق سے زیادہ کا سوال کرتا ہے وہ محرومیت کا مستحق ٹھہرتا ہے۔حق نور اور روشنی ہے جو ناانصافی اور کٹ حجتی سے منزہ اور پاک ہے۔

حق اہل باطل کے لئے تلوار ہے۔حق ہر انسان کے لئے ذریعہ نجات ہے۔حق بہترین راستہ ہے۔حق مضبوط ترین پناہ گاہ ہے۔قیام حق کے لئے تعاون امانت اور دیانت ہے۔

جو شخص حق سے مغلوب ہوتا ہے وہ لوگوں پر غالب ہوتا ہے۔حق سے لڑنے والا ہلاک ہوجاتا

ہے۔آگاہ ہوجاؤ جسے حق فائدہ نا پہنچائے اسے باطل نقصان پہنچاتا ہے اور جسے ہدایت حاصل نا ہوسکی وہ گمراہی کے ذریعے تباہ ہوجاتا ہے۔

حق کو اختیار کرو چاہے وہ تمھاری خواہشات کے خلاف ہی کیوں نا ہو اور اپنی دنیا کے بدلے آخرت کو نا بیچو۔

تم حق کے پابند رہو نجات تمھاری پابند ہوجائے گی۔حق کی تلخیوں پر صبر کرو اور باطل کی مٹھاس کے دھوکے میں نا آؤ۔

اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ مقرب وہ بندہ ہے جو سب سے زیادہ حق کے لئے بولنے والا اور اس پر عمل کرنے والا ہو۔

انبیا کرام سے ممکنہ مشابہت حق بولنے اور اس پر عمل کرنے والے کی ہے۔

سچا قول وہ ہے جو حق کے مطابق ہو۔

امیر المومنین نے فرمایا! بے شک میں حق کے راستے پر ہوں جبکہ میرے دشمن باطل کی گمراہیوں پر ہیں۔

جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کی عزت افزائی فرماتے ہیں تو اس کی قیام حق کے ذریعے مدد فرماتے ہیں۔حق سے انحراف سراسر گمراہی ہے۔

تین چیزیں باعث نجات ہیں۔ا۔حق کی پابندی ۲۔باطل سے اجتناب۔۳۔جد وجہد میں دوام۔نقصان دہ حق، مسرت آفرین باطل سے ہزار درجے بہتر ہے۔

راہ حق میں درپیش مشکلات بھلے تمھارے لئے قابل عتاب ہوں لیکن وہ مشکلات باطل کے لئے وقتی آرام اور خوشی سے بہتر ہیں۔

حق کی پابندی میں کامیابی ہے۔جو حق سے مقابلہ کرتا ہے حق اس کو پچھاڑ دیتا ہے۔جس نے حق کی نصرت کی وہ کامیاب ہوگیا۔

جس نے حق کے ذریعے عزت چاہی، حق اس کو عزت بخش دے گا۔جس نے حق کی مدد نا کی

،باطل اس پر غالب آجائے گا۔
تمھاری بازگشت حق کے لئے ہونا چاہئے کیونکہ جس نے حق کو چھوڑ دیا وہ ہلاک ہوگیا۔
جس نے حق کو اپنا مطلوب ومقصود بنالیا اس کے لئے شدید مشکلات اور پریشانیاں بھی آسان ہوجائیں گی اور جو چیزیں دور ہیں وہ حق کی برکت سے قریب کردی جائیں گی۔ جو شخص حق کا پابند ہوتا ہے کل مخلوقات اس کی جانب مائل ہوجاتی ہیں۔
حق پر چلنے والے کو لوگ اپنا امام بنالیتے ہیں۔جس نے حق کے سوا کہیں اور سے عزت چاہی ایسے شخص کو اللہ حق کے ذریعے ذلیل ورسوا کر کے چھوڑتا ہے۔
کتنے ہی ایسے لوگ ہیں جو حق کا اعتراف تو کرتے ہیں لیکن حق کو ادا نہیں کرتے۔
جو حق کے ذریعے استدلال کرتا ہے وہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا۔حق اور باطل کبھی اکھٹا نہیں ہوسکتے حق کا تھوڑا حصہ بھی باطل کے بہت بڑے حصے کو فنا اور دفع کرنے کے لئے کافی ہے۔
حق کا ضائع کرنا نافرمانی ہے۔۲۲؎

## نفسیاتی پہلو

حق اور سچ ایک غیر معمولی طاقت کا نام ہے جو انسان کے کردار کو مضبوط کرتی ہے، سچ بولنے والے انسان کے اندر مثبت توانائیوں کا بڑا ذخیرہ موجود ہوتا ہے جس کے ذریعے وہ اپنے اردگرد کے کئی چیلنجز کا نہایت کامیابی سے مقابلہ کرلیتا ہے، حق گوئی ایک دلیرانہ صفت ہے جس کا بزدل تصور بھی نہیں کرسکتا، سچائی میں اتنی طاقت ہے کے وہ انسان کے الجھے ہوئے معاملات کی ناصرف اصلاح کرتی ہے بلکہ سچائی کی وجہ سے اللہ انسان کے بے شمار گناہوں کو بھی معاف فرمادیتا ہے پھر یہی نہیں سچائی کی طاقت انسان کو اگلے جہان میں اللہ کا قرب، دوستی، دیدار اور رضا تک بھی پہنچا دیتی ہے چنانچہ سچائی کے ذریعے تمام نفسیاتی مسائل کو حل کیا جاسکتا ہے، انسان جتنا زیادہ کائناتی حقائق کا مطالعہ کرتا جاتا اسی قدر اس کے اندر مضبوطی اور دلیری پیدا ہوتی چلی جاتی ہے۔

## حوالہ کتب:


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۳۔القاموس المحیط۔علامہ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیا التراث۔

۴۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔۲۴۔

۵۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ۔مصر۔۱۳۰۶ھ۔

۶۔سورہ احقاف۔آیت۔۳۴۔

۷۔سورہ الحجر۔آیت۔۵۵۔

۸۔سورہ یوسف۔آیت۔۱۰۰۔

۹۔سورہ اعراف۔آیت۔۳۰۔

۱۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۱۔سورہ انشقاق۔آیت۔۱۔۲۔

۱۲۔سورہ اعراف۔آیت۔۳۰۔

۱۳۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۱۶۔

۱۴۔سورہ ق۔آیت۔۱۴۔

۱۵۔سورہ ص۔آیت۔۱۴۔۱۲۔

۱۶۔سورہ یونس۔آیت۔۱۰۳۔

۱۷۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۰۵۔

۱۸۔سورہ انشقاق۔آیت۔۱۔۲۔

۱۹۔سنن النسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب النسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دار المعرفہ۔بیروت۔

۲۰۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۲۱۔سورہ اللیل۔آیت۔۵۔۱۰۔(صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری۔
(متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔۱۴۱۲ھ۔دار ارقم بیروت۔

۲۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

# ۱۵۔الخیر۔بھلائی

**خیر وبھلائی کا تھوڑا حصہ بھی بہت بڑا ہوتا ہے(حضرت علیؓ)**

خیر۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(خ۔ی۔ر) سے مشتق ہے۔
خیر۔کے معنی بھلائی اور فائدہ مند۔
خیر کا متضاد شر ہے۔
عرب گھوڑوں کو ان کی افادیت کے اعتبار سے خیر کہا کرتے تھے۔
خیر۔سے مراد برتری، شرف اور فضیلت کے بھی ہیں۔
خیر۔مال ودولت کو بھی کہتے ہیں۔
خیار۔کے معنی اختیار کے ہیں۔
عربی زبان میں خیرات خوبصورت اور خوش اخلاق عورتوں کو کہا جاتا ہے۔
خیرات۔سے مراد ایسی خواتین جو مجموعہ خیر وصفات ہوں۔ا؎
خیرات۔سے مراد بے انتہا خوبصورت خواتین جن کے حسن کو الفاظ میں بیان کرنا محال ہو۔
خیرات حسان۔سے مراد متناسب اعضا اور معتدل سیرت وکردار کی خواتین۔

**ارشادات خداوندی:**

فَقَالَ اِنِّیٓ اَحۡبَبۡتُ حُبَّ الۡخَیۡرِ عَنۡ ذِکۡرِ رَبِّیۡ حَتّٰی تَوَارَتۡ بِالۡحِجَابِ۔۲؎
ترجمہ۔بے شک میں نے نیک مال کی محبت اپنے رب کے ذکر کی وجہ سے اختیار کی ہے۔
هُوَ اَدۡنٰی بِالَّذِیۡ هُوَ خَیۡرٌ۔۳؎
ترجمہ۔کیا تم اچھی چیز کے بدلہ میں ادنی چیز مانگتے ہو؟
کُتِبَ عَلَیۡکُمۡ اِذَا حَضَرَ اَحَدَکُمُ الۡمَوۡتُ اِنۡ تَرَکَ خَیۡرَاۨ الۡوَصِیَّةُ لِلۡوَالِدَیۡنِ

وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ۔ ۴؎

ترجمہ۔تم پر فرض کیا گیا ہے کہ جب تم میں سے کسی کو موت آ پہنچے اگر وہ مال چھوڑے تو ماں باپ اور رشتہ داروں کے لیے مناسب طور پر وصیت کرے، یہ پرہیز گاروں پر حق ہے۔

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۔۵؎

ترجمہ۔تم جو اچھی چیز بھی (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہو بیشک اللہ اس کو خوب جاننے والا ہے۔

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔۶؎

ترجمہ۔جو آیت ہم منسوخ کر دیتے ہیں یا جس آیت کو ہم ذہنوں سے محو کر دیتے ہیں تو ہم اس سے بہتر یا اس کی مثل آیت لے آتے ہیں، کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر ۔۷؎

ترجمہ۔اور اگر اللہ تجھے کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا اور کوئی دور کرنے والا نہیں، اور اگر تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ اِطْمَاَنَّ بِهٖ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ اِنْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۔۸؎

ترجمہ۔بعض وہ لوگ ہیں کہ اللہ کی بندگی کنارے پر ہو کر کرتے ہیں، پھر اگر اسے کچھ فائدہ پہنچ گیا تو اس عبادت پر قائم ہو گیا، اور اگر تکلیف پہنچ گئی تو منہ کے بل پھر گیا، دنیا اور آخرت گنوائی، یہی وہ صریح خسارا ہے۔

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ
وَعَسَىٰ أَنْ تُحِبُّوا شَيْئًا وَهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۔۹؎

ترجمہ۔تم پر جہاد فرض کیا گیا ہے اور وہ تمہیں ناگوار ہے، اور ممکن ہے تم کسی چیز کو ناگوار سمجھو اور وہ تمہارے لیے بہتر ہو، اور ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو پسند کرو اور وہ تمہارے لیے مضر ہو، اور اللہ ہی جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا أَنْ يَّكُونَ لَهُمُ
الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ ۗ وَمَنْ يَّعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا مُّبِينًا ۔۱۰؎

ترجمہ۔ ورنہ کسی مومن مرد اور نہ کسی مومن عورت کے لیے یہ جائز ہے کے جب اللہ اور اس کا رسول کسی کام کا فیصلہ فرما دیں تو ان کے لیے اپنے اس کام میں کوئی اختیار ہو اور جس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی تو بیشک وہ کھلی ہوئی گم راہی میں مبتلا ہو گیا۔

وَقِيلَ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا مَاذَا أَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۚ قَالُوا خَيْرًا ۗ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ
الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۚ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ ۚ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِينَ ۔۱۱؎

ترجمہ۔ متقین سے کہا گیا تمہارے رب نے کیا نازل کیا ہے، انہوں نے کہا اچھا (کلام) جن لوگوں نے اس دنیا میں نیک کام کیے ان کے لیے اچھا اجر ہے اور آخرت کا گھر سب سے اچھا ہے اور بیشک متقین کا گھر کیا ہی اچھا ہے۔

فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَىٰ ۔۱۲؎

ترجمہ۔ بہترین سفر خرچ تقویٰ (سوال سے رکنا) ہے۔

وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا أَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلَىٰ مَوْلَاهُ
أَيْنَمَا يُوَجِّهْهُ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ ۖ هَلْ يَسْتَوِي هُوَ وَمَنْ يَّأْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلَىٰ صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيمٍ ۔۱۳؎

ترجمہ۔ اللہ (ایک اور) مثال بیان فرماتا ہے دو مرد ہیں ان میں سے ایک گونگا ہے جو کوئی کام

نہیں کرسکتا اور وہ اپنے مالک پر بار ہے اس کا مالک اسے جہاں بھی بھیجے کوئی خیر کی خبر نہیں لاتا، کیا یہ شخص اس کے برابر ہو جائے گا جو نیکی کا حکم دیتا ہے اور وہ راہ راست پر ہے۔

مَّا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۔

ترجمہ۔ کافروں میں سے اہل کتاب اور مشرکین یہ نہیں پسند کرتے کہ تمہارے رب کی طرف سے تم پر کوئی خبر (وحی) نازل کی جائے اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ۱۴؎

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ نے فرمایا! میرا مومن بندہ ہر خیر کے مرتبہ میں ہے وہ اس وقت بھی حمد کرتا ہے جب میں اس کی پیشانی سے روح نکال رہا ہوتا ہوں۔ ۱۵؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! گھوڑوں کی پیشانیوں میں قیامت تک خیر ہے۔ ۱۶؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! گھوڑوں کی پیشانیوں میں خیر رکھی دی گئی ہے۔ ۱۷؎

ابو عثمان النہدیؒ بیان کرتے ہیں، میں نے حضرت ابو ہریرہؓ سے دریافت کیا کے آپ یہ کہتے ہیں کے ایک نیکی کو بڑھا کر کروڑ درجے تک پہنچا دیا جائے گا؟ تو حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا! بہ خدا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے سنا ہے کے اللہ تعالیٰ ایک نیکی کو ہزار ضرب ہزار (ایک کروڑ) درجے تک پہنچا دے گا۔ ۱۸؎

حضرت انس بن مالکؓ روایت کرتے ہیں، سول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اس نے بتایا کے کسی نے میری رہنمائی کی اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! نیکی کی

طرف رہنمائی کرنے والا بھی نیکی کرنے والے کی مثل ہے۔۱۹؎
حضرت ابوالدرداءؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اچھے اخلاق سے بڑھ کر میزان میں کوئی چیز بھاری نہیں ہے۔۲۰؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب فرماتے ہیں! جو موت کا انتظار کرتا ہے وہ اچھے کاموں میں جلدی کرتا ہے۔ بھلائی کرنے والا بھلائی سے بہتر اور برائی کرنے والا برائی سے بدتر ہوتا ہے۔ جو اپنی موت کو یاد رکھتا ہے وہ خیر اور بھلائی کے کام جلدی کرتا ہے۔
نیکی اور بھلائی کے کام انجام دو کیونکہ خیر کا تھوڑا حصہ بھی زیادہ ہوتا ہے اور سی بھی نیکی یا بھلائی کو حقیر نا جانو اور تم میں سے ہرگز کوئی یہ نا کہے کے مجھ سے بہتر بھلائی کے فلاں زیادہ مناسب ہے۔ خدا کی قسم ایسا ہی ہوجائے گا یقیناً لوگ خیر وشر کے اہل ہوتے ہیں لہٰذا تم ان دونوں میں سے جسے جتنا ترک کروگے اس کے اہل اس کو پورا کردیں گے۔
ہیبت کو ناکامی اور حیا کو حرمان کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے جبکہ فرصت بادلوں کی مانند گزر رہی ہے لہٰذا نیکی کرنے کے لئے فرصت کو غنیمت جانو۔ نیکی یہ نہیں ہے کے تمھارا مال اور اولاد بڑھ جائے بلکہ نیکی یہ ہے کے تمھارا علم، بردباری اور عبادات بڑھ جائیں اور جب بھی تم کوئی نیکی انجام دو تو تم اللہ کی حمد وثنا بجالاؤ اور جب بھی تم سے کوئی گناہ سرزد ہوجائے تو تم اللہ کے حضور استغفار طلب کرو۔
دنیا میں دو ہی طرح کے انسان قابل رشک ہیں۔
۱۔ جس نے گناہ کیا اور جلدی سے استغفار اور اس کا تدارک کرلے۔
۲۔ ایسا انسان جو نیکیوں میں جلدی کرتا ہو۔
تقویٰ انسان کو نیکیوں اور بھلائی کی طرف لے جاتا ہے۔ یقیناً خیر عادت ہے۔
نیکی اور بھلائی انجام دو۔ خیر اور بھلائی کو کبھی حقیر نہ جانو۔ بھلائی کا تھوڑا حصہ بھی بہت بڑا ہوتا

ہے۔اہل خیر کے ساتھ لگے رہو تم بھی انھی میں سے ہو جاؤ گے اور اہل شر سے دور رہو یقیناً تم ان سے دور ہو جاؤ گے۔وہ کبھی نہیں مرتا جس نے اچھے کام کئے ہوں۔

اہل خیر سے ملاقات سے دل آباد ہوتا ہے۔جب اللہ کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اس کے اور اس کی شہوت کے درمیان حائل ہو جاتا ہے اور اس کے دل کے درمیان حجاب ڈال دیتا ہے بہترین زندگی وہ ہے جو تمھیں سرکشی اور بے ہودگی کی طرف نا بلائے۔دنیا اور آخرت کی بھلائی دو چیزوں میں ہے۔ا۔مالداری۔۲۔تقویٰ۔

لوگوں کی رضامندی کا حصول ایک لا حاصل مقصد ہے لہٰذا تم اپنی کوشش بھر نیکیاں کرتے رہو اور اس شخص کے غصے کی ہرگز پرواہ نا کرو جسے باطل ہی رضامند کرتا ہو۔عقلمند وہ نہیں جو جو برائیوں کے درمیان نیکی کو پہچان لے بلکہ عقلمند وہ ہے جو دو برائیوں میں سے کسی ایک کی اچھائی کو پہچان لے۔

امیر المومنین نے فرمایا!اللہ کے نزدیک سب سے بہترین شخص وہ ہے جو متقی ہو اور تقویٰ کا سب سے زیادہ علم رکھنے والا اور زاہد ہو۔

تمام بھلائیوں کو تین خصائل میں جمع کر دیا گیا ہے۔ا۔غور وفکر۔۲۔سکوت۔۳۔کلام۔

چنانچہ ہر اس نگاہ جس میں عبرت انگیزی نہیں وہ بھول ہے۔ہر وہ کلام جس میں ذکر الٰہی نہیں وہ لغو ہے۔اور ہر وہ سکوت جس میں تفکر وتدبر اور غور وفکر نا ہو وہ غفلت ہے چنانچہ خوش نصیب ہے وہ شخص جس کی نگاہ عبرت کے لئے اٹھیں،اس کی خاموشی میں تفکر ہو اور اس کا کلام ذکر الٰہی سے مزین ہو جو اپنی غلطیوں پر روتا ہو اور لوگ اس کے شر سے محفوظ و مامون ہوں۔

بھلائی کی باتیں کرو تاکہ تم اس میں معروف ہو جاؤ اور یہ تمھاری پہچان بن جائے اور اچھی باتوں پر عمل کرو تاکہ تم اس کے اہل بن جاؤ۔

جو اچھی چیز(نیکی،بھلائی)نظر آئے اس کو حاصل کرلو۔برائیوں میں کوئی تمھاری پیروی کرے اس سے ہزار درجہ بہتر ہے کے تم اچھائیوں میں کسی کی پیروی کرو۔

جولباس خیر پہن لیتا ہے وہ برائی کے لبادے کو اتار پھینکتا ہے۔
شر کا دفاع خیر سے کرو تم غالب ہوجاؤ گے۔
بہترین امور وہ ہیں کے جن کا آغاز آسان، انجام اچھا اور نتائج قابل ستائش ہوں۔
نیکیوں کو ریاکاری کے لئے نہ انجام دو اور نہ ہی شرم کی وجہ سے ترک کرو۔
بھلائی کی باتیں کرو تاکہ اس میں تم معروف ہوجاؤ اور اسی کے ذریعے پہچانے جاؤ اور اچھی باتوں پر عمل کرو تاکہ اس کے اہل ہوجاؤ۔
نیک کام کا عزم کرنے کے بعد اس کو کر ڈالو۔
ان اچھے کاموں پر جنھیں تم انجام دے چکے ہو اپنی خوشی میں اضافہ کرو اور نیکیوں کے جو لمحات تمھارے ہاتھوں سے جا چکے ہیں ان پر اپنی رنجیدگی زیادہ کرو۔
اس شے کو ہرگز برا نہ جانو جس کے ذریعے تم کسی نیکی تک پہنچ گئے۔
جیسے اپنے گھر کی بھلائی اچھی لگتی ہے اس کو کھانے کے وقت وضو کرلینا چاہئے۔۲۱؎

## نفسیاتی پہلو

خیر اور بھلائی مومن کی پہچان ہے۔
ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں! لوگوں کو روزگار، صحت اور تعلیم کی سہولیات کے مواقع فراہم کرنا، ان کی اخلاقی تربیت کرنا، بھوکوں کو کھانا کھلانا، یتیموں اور بیواؤں کی دیکھ بھال کرنا یہ سب خدمت خلق (خیر و بھلائی) کے زمرے میں آتے ہیں۔۲۲؎

**حوالہ کتب:**


۱۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔
۲۔سورہ ص۔آیت۔۳۲۔
۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۶۱۔
۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۰۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۷۳۔
۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۰۶۔
۷۔سورہ انعام۔آیت۔۱۷۔
۸۔سورہ الحج۔آیت۔۱۱۔
۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۱۶۔
۱۰۔سورہ احزاب۔آیت۔۳۶۔
۱۱۔سورہ النحل۔آیت۔۳۰۔
۱۲۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۹۷۔
۱۳۔سورہ النحل۔آیت۔۷۶۔
۱۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۰۵۔
۱۵۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔
۱۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۲۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۲۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۲۲۔ماہنامہ روحانی ڈائجسٹ۔فروری۔۲۰۲۰۔ص۔۴۷۔

## ١٦۔الدعا۔دعا

**قبولیت دعا میں تاخیر ہرگز تمھیں مایوس نہ کرے کیونکہ عطیات سوال کی مقدار میں ہوتے ہیں یعنی جتنا زیادہ سوال ہوگا اتنا ہی عطیہ، عطا ہوگا (حضرت علیؓ)**

**دعا**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (د۔ع۔و) سے مشتق ہے۔

دعا۔کے معنی کسی کو پکارنے اور بلانے کے ہیں۔

الدعائۃ۔اس انگلی کے اشارے کو کہا جاتا ہے کے جس سے کسی کو بلایا جائے۔

الداعیہ۔سے مراد جنگ میں گھوڑوں کی چیخ و پکار۔

داع۔بلانے والے کو کہا جاتا ہے۔

دعا۔کا متضاد لفظ صمت (چپ رہنا) ہے۔

قرآن کریم میں دعا کا لفظ دو معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

ا۔دعا بہ معنی عبادت ۔٢۔دعا۔بہ معنی سوال۔ا؎

**ارشادات خداوندی:**

**وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ۔٢؎**

ترجمہ۔(اے رسول ﷺ!) جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق سوال کریں (تو آپ فرما دیں) بے شک میں ان کے قریب ہوں دعا کرنے والا جب دعا کرتا ہے تو اس کی دعا قبول کرتا ہوں تو اس کو بھی چاہیے کے وہ (بھی) میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان برقرار رکھیں تاکہ وہ کامیابی حاصل کریں۔

**وَیَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَیَزِیْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ۔٣؎**

ترجمہ۔(اللہ ) ایمان والوں کی اور نیک کام کرنے والوں کی دعا قبول فرماتا ہے اور اپنے فضل سے ان کی نعمتوں میں اضافہ فرماتا ہے۔

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۔۴؂

ترجمہ۔تم اپنے رب کو گڑ گڑا کر اور چپکے چپکے پکارو بے شک وہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ۖ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ۚ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۔۵؂

ترجمہ۔(بطور حقیقی حاجت روا کے ) اسی کے پکارنا حق ہے اور جو لوگ کسی اور کو (حقیقی حاجت روا سمجھ کر ) پکارتے ہیں وہ ان کی پکار کا کوئی جواب نہیں دے سکتے ان کا پکارنا اس شخص کی طرح ہے جو (دور سے ) پانی کی طرف اپنے دونوں ہاتھ بڑھائے تا کہ پانی اس کے منہ تک پہنچ جائے حالانکہ وہ پانی اس تک پہنچنے والا نہیں ہے اور کافروں کی پکار صرف گمراہی میں ہے۔

نَصْرُ اللّٰهِ ۗ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۔۶؂

ترجمہ۔سنو بے شک اللہ کی مدد عنقریب آئے گی۔

اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۔۷؂

ترجمہ۔ جب کوئی شخص دعا کرتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں۔

بہ ظاہر اس آیت سے یہ معلوم ہوتا ہے کے یہ حکم مطلق ہے اور اللہ تعالیٰ ہر دعا کرنے والے کی دعا کو ہر حال میں قبول فرماتا ہے لیکن ایک اور آیت میں اللہ تعالیٰ نے دعا کے قبول کرنے کو اپنی مشیت کے ساتھ مقید کر دیا ہے۔

بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ۔

ترجمہ۔ بلکہ تم اسی سے دعا کرو تو وہ اگر چاہے تو اس مصیبت کو دور کر دے گا جس کے لیے تم

اس سے دعا کرتے ہو۔ ۸ ؎

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہمارا رب ہر رات کے آخری حصہ میں آسمان کی طرف نزول فرماتا ہے اور فرماتا ہے کے کون مجھ سے دعا کرتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرلوں کون مجھ سے سوال کرتا ہے تو میں اس کو عطا کروں اور کون مجھ سے مغفرت طلب کرتا ہے تو میں اس کی مغفرت کردوں۔ ۹ ؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دعا عبادت کا مغز ہے۔ ۱۰ ؎

حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم اپنی ہر حاجت کا سوال صرف اللہ سے کرو حتیٰ کے اگر جوتی کا تسمہ بھی ٹوٹ جائے۔ ۱۱ ؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص اللہ سے سوال نہیں کرتا اللہ اس پر غضب ناک ہوتا ہے۔ ۱۲ ؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص کو اس سے خوشی ہو کے اللہ سختیوں اور مصیبتوں میں اس کی دعا قبول کرے اس کو چاہئے کے وہ عیش وآرام میں بھی اللہ سے بہ کثرت دعا کرے۔ ۱۳ ؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، میں ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اے بیٹے میں تم کو چند کلمات کی تعلیم دیتا ہوں تم اللہ کے حقوق کی حفاظت کرو، اللہ تمہاری حفاظت کرے گا تم اللہ کے حقوق کی حفاظت کرو تم اللہ کی تقدیر کو اپنے سامنے پاؤ گے، جب تم سوال کرو تو اللہ سے سوال کرو اور جب تم مدد چاہو تو اللہ سے مدد چاہو۔ ۱۴ ؎

حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا

ہے کے جو شخص قرآن میں مشغول ہونے کی وجہ سے میرا ذکر اور مجھ سے دعا نہ کرسکا میں اس کو اس سے افضل چیز عطا فرماؤں گا جو میں نے دعا کرنے والوں کو عطا فرمائی ہے۔۱۵؎

حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت کرتے ہیں، جب حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کو نمرود کی جلائی ہوئی آگ میں ڈالا جانے لگا تو حضرت جبرئیل نے آکر عرض کیا کے کیا آپ کو کوئی حاجت ہے؟ آپ نے فرمایا کے تمہاری طرف کوئی حاجت نہیں ہے، انہوں نے کہا کے پھر اپنے رب سے سوال کیجیے انہوں نے فرمایا کے اس کو میرے حال کا جو علم ہے وہ میرے سوال کے لیے کافی ہے۔۱۶؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بندہ کی دعا کے بعد تین چیزوں میں سے کوئی ایک چیز ضرور حاصل ہوتی ہے یا تو اس کا کوئی گناہ معاف کردیا جاتا ہے یا اس کے لیے کسی خیر کو ذخیرہ کرلیا جاتا ہے یا اس کو کسی نیک عمل کی توفیق دی جاتی ہے۔۱۷؎

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص بھی دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا سوال پورا کردیتا ہے یا اس سے اس دعا کی مثل کوئی مصیبت دور کردیتا ہے بشرطیکہ وہ کسی گناہ یا قطع رحم کی دعا نہ کرے۔۱۸؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، جب اللہ عزوجل کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو اس کے اوپر مصائب ڈال دیتا ہے اور جب بندہ اللہ سے دعا کرتا ہے تو حضرت جبریل علیہ السلام عرض کرتے ہیں، اے رب اس کی حاجت پوری کردے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کے رہنے دو مجھے اس کی آواز اچھی لگتی ہے پھر جب وہ (دوبارہ) دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کے اے میرے بندے، لبیک مجھے میری عزت کی قسم تو مجھ سے جس چیز کا بھی سوال کرے گا میں تجھ کو وہ عطا کروں گا اور تو مجھ سے جس چیز کی بھی دعا کرے گا میں تیری دعا قبول کروں گا یا تو تجھ کو جلدی وہ چیز دے دوں گا یا تیرے لیے آخرت میں اس چیز کا ذخیرہ کرلوں گا۔۱۹؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ کے فضل سے

سوال کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کو پسند فرماتا ہے کے اس سے سوال کیا جائے اور افضل عبادت کشادگی کا انتظار کرنا ہے۔ ۲۰؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص اللہ سے سوال نہیں کرتا اللہ اس پر غضب ناک ہوتا ہے۔ ۲۱؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم میں سے جس شخص کے لیے دعا کا دروازہ کھول دیا گیا اس کے لیے رحمت کے دروازے کھول دیئے گئے اور اللہ تعالیٰ سے سب سے اچھا سوال یہ ہے کے اس سے عافیت کا سوال کیا جائے۔ ۲۲؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میں نے اپنی دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لئے روز قیامت کے لئے چھپا رکھا ہے۔ ۲۳؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص تمام مومنین اور مومنات کے لئے دعا مغفرت کرتا ہے اللہ اس کے لئے ہر مومن اور مومنہ کے عوض ایک نیکی لکھ دیتا ہے۔ ۲۴؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! آہستگی کے ساتھ دعا کرنا ستر با آواز بلند دعاؤں کے برابر ہے۔ ۲۵؎

حضرت سلیمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالیٰ حیادار کریم ہے جب کوئی شخص اس کی طرف اپنے دونوں ہاتھ بلند کرتا ہے تو وہ ان کو نامراد لوٹانے سے حیا فرماتا ہے۔ ۲۶؎

حضرت عمرؓ بن الخطاب بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ جب دعا میں اپنے دونوں ہاتھ بلند فرماتے تو جب تک ان ہاتھوں کو اپنے چہرے پر نہ پھیر لیتے انھیں نیچے نہیں کرتے تھے۔ ۲۷؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! دعا مومن کا ہتھیار ہے اور زمین اور آسمان کا نور ہے۔ ۲۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم میں سے ہر ایک کی دعا

قبول کی جاتی ہے جب تک کے وہ جلد بازی سے کام نہ لے اور یہ نہ کہے کے میں نے تو دعا مانگی تھی لیکن میری دعا قبول ہی نہیں ہوئی۔ ۲۹۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم اپنی ذات کے لئے صرف خیر اور بھلائی ہی مانگا کرو کیونکہ تم جو بھی دعا مانگتے ہو فرشتے اس پر آمین کہتے ہیں۔ ۳۰۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! جب تم میں سے کوئی (دعا میں کچھ) مانگے تو کثرت سے مانگے کیونکہ وہ اپنے (عظیم) رب سے سوال کر رہا ہے۔ ۳۱۔

حضرت جابرؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب نماز ے لئے اقامت کہی جاتی ہے تو آسمان کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں اور دعائیں قبول کی جاتی ہیں۔ ۳۲۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تبارک تعالی ہر رات کو آسمان دنیا پر آتا ہے اس وقت جب رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے پھر وہ کہتا ہے کے مجھے کون بلاتا ہے کے میں اس کا جواب دوں مجھ سے کون مانگتا ہے کے میں اس کو عطا کروں مجھ سے کون مغفرت طلب کرتا ہے کے میں اس کی مغفرت کروں؟۔ ۳۳۔

سائب بن یزید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب دعا فرماتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو بلند کرتے اور انھیں اپنے چہرے پر پھیر لیتے۔ ۳۴۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے! میں اپنے بندوں کے گمان کے موافق ہوں اور میں ہر وقت اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر اپنے دل میں کرتا ہے تو میں بھی اس کو اپنے دل میں یاد کرتا ہوں اور اگر وہ کسی جماعت میں میرا ذکر کرتا ہے تو میں اس کا ذکر اس سے بہتر جماعت میں کرتا ہوں اگر وہ ایک بالشت میرے قریب آتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس کے قریب آتا ہوں اور اگر وہ ایک ہاتھ میرے قریب آتا ہے تو میں اپنے دونوں ہاتھوں کو پھیلا کر اس کے قریب آتا ہوں اگر وہ میرے پاس چل کر آتا ہے تو میں اس کے پاس دوڑ کر آتا ہوں۔ ۳۵۔

حضرت موسیٰ اشعری بیان کرتے ہیں، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے اور مسلمان با آواز بلند اللہ اکبر، اللہ اکبر کی صدائیں لگا رہے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ سن کر فرمایا! اے لوگو! اپنے نفسوں کے ساتھ نرمی کرو تم کسی بہرے یا غائب کو نہیں پکار رہے ہو تم سننے والے اور قریب کو پکار رہے ہو، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! **لاحول ولا قوۃ الا باللہ** یعنی گناہوں سے بچنا اور نیکی کی طاقت اللہ کی مدد کے بغیر ممکن نہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اے عبداللہ بن قیس! کیا میں تمھیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کی طرف تمھاری رہنمائی نہ کروں، میں نے عرض کی کے کیوں نہیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کہو! لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔۳۶؎

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ذوالنون (حضرت یونس علیہ السلام) نے مچھلی کے پیٹ میں جو دعا کی تھی
لَّآ إِلَٰهَ إِلَّآ أَنتَ سُبْحَٰنَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ یہ ایسی دعا ہے کے جب بھی کوئی مسلمان شخص اسے پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالی اس کی دعا کو قبول فرمادے گا۔۳۷؎

حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی فرمائے گا کے اس شخص کو دوزخ سے نکال دو جس نے ایک دن بھی میرا ذکر کیا ہو یا کسی ایک مقام پر مجھ سے ڈرا ہو۔۳۸؎

حضرت ابودرداءؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا! میں تمھیں اس چیز کی خبر نہ دوں جو تمھارا سب سے بہتر عمل ہو اور تمھارے مالک کے نزدیک سب سے پاکیزہ اور تمھارے سب سے بلند درجہ کا باعث ہو اور تمھارے لئے سونے اور چاندی کی خیرات سے افضل ہو اور جب کل تمھارا دشمن سے مقابلہ ہو تو تم ان کی گردنیں مادو یا وہ تمھاری گردنیں ماردیں وہ اس سے بھی بڑھ کر ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کیا کیوں نہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ اللہ کا ذکر ہے، حضرت معاذ نے کہا! اللہ کے ذکر سے زیادہ کوئی چیز اللہ کے عذاب سے نجات دینے والی

نہیں ہے۔۳۹؎

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ سے کسی نے سوال کیا! قیامت کے دن سب سے زیادہ بلند درجہ کس کا ہوگا ؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! جومرد یا عورت بہ کثرت اللہ کا ذکر کرتے ہوں میں نے عرض کیا! یا رسول اللہ ﷺ! غازی فی سبیل اللہ سے بھی زیادہ ،آپ ﷺ نے فرمایا! اگر کوئی شخص اپنی تلوار سے کفار اور مشرکین کے خلاف جہاد کرے اور زخمی ہوکر خون سے رنگین ہوجائے پھر بھی اللہ کا ذکر کرنے والوں کا درجہ اس سے زیادہ ہے۔۴۰؎

امام احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ) اپنی کتاب (الاسماء والصفات) میں روایت کرتے ہیں، حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ کی مخلوق میں غور وفکر کرو اللہ میں غور وفکر نہ کرو ورنہ تم ہلاک ہوجاؤ گے۔۴۱؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ ایک قوم کے پاس سے گزرے جو اللہ میں غور وفکر کر رہی تھی آپ ﷺ نے فرمایا کہ مخلوق میں غور وفکر کرو، خالق میں غور وفکر نہ کرو کیونکہ تم اس کی قدر کا اندازہ نہیں کرسکتے۔۴۲؎

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا، جو شخص اپنی دعاؤں میں پانچ مرتبہ ربنا کہے اللہ تعالی اس کی دعا کو قبول فرماتا ہے۔

حضرت سہل بن سعدؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اگر دنیا اللہ کے نزدیک ایک مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو کافر کو ایک گھونٹ بھی نہ عطا فرماتا۔۴۳؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! قبر میں مرحوم کی حالت ڈوبتے ہوئے فریادی کی سی ہوتی ہے اور اسے دعاؤں کا انتظار ہوتا ہے خواہ وہ دعا والدین کی جانب سے ہو یا بھائی یا دوست کی طرف سے جب یہ دعا مرحوم کو پہنچتی ہے تو وہ اسے دنیا ومافیھا سے زیادہ عزیز ہوتی ہے۔

بے شک رب کریم دنیا والوں کی دعائیں مرحومین کے پہاڑوں کی طرح کرکے انھیں پہنچاتا

ہے زندوں کا اپنے مرحومین کی طرف تحفہ ان کے لئے مغفرت کی طلب ہوتی ہے۔

حضرت انسؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عرض کی! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم اپنے مردوں کے لئے دعا کرتے ہیں اور ان کی طرف سے صدقہ اور حج کرتے ہیں کیا انھیں اس کا ثواب پہنچتا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! انھیں اس کا ثواب بھی پہنچتا ہے اور وہ اس سے ایسے ہی خوش ہوتے ہیں جیسے تم میں سے کوئی شخص تحفے سے خوش ہوتا ہے۔

قتادہ نے کہا بہترین رزق وہ ہے جو تمہارے اندر سرکشی پیدا نہ کرے اور نہ تمہیں اللہ کی عبادت سے غافل کرے۔ ۴۴ ؎

## دعا میں مبالغہ:

سیدنا عبداللہ بن مغفلؓ بیان کرتے ہیں، میں نے اپنے بیٹے کو دعا کرتے سنا (جو یوں کہہ رہا تھا کے اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کے جب میں جنت میں داخل ہوں تو مجھے اس کی دائیں جانب کا سفید محل عنایت ہو، اس پر حضرت عبداللہ بن مغفلؓ نے فرمایا! بیٹا اللہ تعالی سے جنت کا سوال کرو اور دوزخ سے پناہ طلب کرو بے شک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے میری امت میں کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو طہارت میں اور دعا میں حد سے زیادہ مبالغہ کریں گے۔ ۴۵ ؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب فرماتے ہیں! اللہ سے عفو، عافیت اور نیک توفیق کا سوال کرو۔ اللہ ایسا نہیں ہے کے کسی کے لئے ابواب شکر تو کھول دے مگر زیادتی و اضافہ کے دروازوں کو بند کر دے اور نہ ایسا ہے کے ابواب دعا تو وا کر دے مگر باب اجابت بند کر دے، بلاؤں کی موجوں کو دعا کے ذریعے ہٹاؤ۔

روئے زمین پر اللہ کے نزدیک محبوب ترین عمل دعا ہے۔ ۴۶ ؎

اگر تمھاری اللہ کے پاس کوئی حاجت ہے تو اپنا سوال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوۃ پڑھ کر شروع

کرو اور پھر اپنی حاجت بیان کرو۔

بلاشبہ اللہ اس چیز سے بزرگ و برتر ہے کے اس سے دو سوال کئے جائیں ایک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوۃ اور دوسری اپنی حاجت اور وہ ان میں سے ایک کو قبول کر لے اور دوسرے کو رد کر دے۔ ضرورت سے زیادہ کا سوال نہ کرو اور مل جانے سے زیادہ طلب نہ کرو۔ اللہ سے سوال کرنے میں اصرار کرو تو تم پر ابواب رحمت کھول دئے جائیں گے۔

صبح کے وقت مومن کے آنسوؤں سے ڈرو کیونکہ یہ اپنے رلانے ولوں کو برباد کر دیتے ہیں اور ان آنسو کے ذریعے جس کے لئے دعا کرتے ہیں اس پر اللہ غضب کی آتشیں دریا کو خاموش کر دیتے ہیں۔

قبولیت دعا میں تاخیر ہرگز تمھیں مایوس نہ کرے کیونکہ عطیات سوال کی مقدار میں ہوتے ہیں یعنی جتنا زیادہ سوال ہوگا اتنا ہی عطیہ، عطا ہوگا اور کبھی اس لئے بھی اجابت دعا میں تاخیر ہوجاتی ہے تاکہ سوال میں طوالت اور عطیات میں اضافہ ہوجائے۔

بلاؤں کی شدت میں مبتلا شخص، بلاؤں کے خوف کے ساتھ آرام میں زندگی بسر کرنے والے سے زیادہ دعا کا محتاج نہیں ہے۔

مجھے ایسے کسی گناہ کی پرواہ نہیں جس کے بعد مجھے اتنی مہلت مل جائے کے میں دو رکعت نماز پڑھ لوں اور اللہ سے عافیت طلب کروں۔

اللہ یقیناً پریشان حال لوگوں کی دعا کو سنتا ہے۔ دعا رحمت کی کنجی ہے۔

کبھی اس لئے بھی دعا کی قبولیت میں تاخیر ہوجاتی ہے تاکہ سوال میں طوالت اور عطیات میں اضافہ ہوجائے۔

امیر المومنین سے کسی نے پوچھا! زمین اور آسمان کے درمیان فاصلہ کتنا ہے؟ تو آپؑ نے فرمایا کے قبول شدہ دعا جتنا۔

غیر اللہ سے سوال نا کرو کیونکہ اگر وہ تمھیں عطا کرے گا تو تمھیں اطاعت خداوندی سے بے

نیاز بھی کر دے گا۔

مخلصین کی دعا کے بعد تین میں سے کوئی ایک دعا ضرور پوری ہوتی ہے۔

۱۔کوئی گناہ بخش دیا جاتا ہے۔ ۲۔کوئی نیکی جلدی دے دی جاتی ہے۔ ۳۔کوئی مصیبت ہٹا دی جاتی ہے۔

دعائیں یقیناً مدح اور ثنا کے بعد ہوتی ہیں لہٰذا تم جب دعا کرو تو سب سے پہلے اللہ کی تعریف وتوصیف بیان کرو، کسی پوچھا کے تعریف وتوصیف کیسے بیان کی جائے؟ تو آپؑ نے فرمایا! تم کہو اے اللہ جو میری شہ رگ سے زیادہ قریب تر ہے، اے اللہ تو میری دل کے درمیان حائل ہے۔اے وہ پاک ذات جس کی کوئی مثل نہیں۔ دعائیں کامیابیوں کی کنجی اور فلاح کی چابیاں ہیں۔ بہترین دعا وہ ہے جو پاکیزہ دل اور متقی قلب سے نکلے۔

مناجات (دعاؤں) میں سبب نجات ہے۔

دعا مومنین کی ڈھال ہے۔ جب دعائیں بہت زیادہ ہوجاتی ہیں تو یہ اللہ کے رحمت کے دروازے کو کھٹکھٹاتی ہیں پھر رحمت کا یہ دروازہ تمھارے لئے کھول دیا جاتا ہے۔دعا کے ذریعے بلاؤں اور مصیبتوں کو ٹالا جاسکتا ہے۔

عاجز ترین شخص وہ ہے جو دعاؤں سے عاجز ہو۔ دعا اولیاء کا اسلحہ ہے۔دعا مومنین کا ہتھیار ہے۔ اللہ سے عفو، عافیت اور نیک توفیق کا سوال کرو۔

دعا اخلاص کے ساتھ مانگو کیونکہ دعا کی قبولت کے لئے اخلاص نہایت ضروری ہے۔

جو بھی دعا کے ذریعے اللہ کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے اس کے لئے وہ دروازہ کھول دیا جاتا ہے۔

اللہ کے بارے میں سب سے زیادہ علم رکھنے والا وہ ہے جو اللہ سے سب سے زیادہ دعا مانگنے والا ہو۔کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کے تم نے کسی چیز کا سوال کیا اور وہ تمھیں نہ ملے بلکہ اس سے زیادہ بہتر چیز تم کو مل جائے۔ ۷۴؎

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا! اپنے باپ کی بد دعا سے بچو کیونکہ وہ تلوار سے زیادہ تیز دھار

ہوتی ہے۔

## نفسیاتی پہلو

خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! دعا ایک ایسی عبادت ہے جس کا بدل دوسری عبادت نہیں ہے، دعا ایک ایسا عمل ہے جس میں انسان فی الواقع اپنی نفی کر دیتا ہے اور اپنے پروردگار کے سامنے وہ کچھ بیان کر دیتا ہے جو کسی قریب ترین عزیز سے بھی نہیں کہہ سکتا۔ بے شک حاجت روائی اور کارسازی کے سارے اختیارات اللہ تعالی نے اپنے پاس رکھے ہیں، کائنات میں جاری وساری نظام پر غور کیا جائے تو اللہ کے سوا کسی کے پاس کوئی اختیار نہیں اور جب اختیار کی بات کی جاتی ہے تو اس میں بھی اللہ کا اختیار کام کرتا ہے کے اس کے بندے کو اختیار استعمال کرنے کی توفیق دی ہوئی ہے سب اپنے خالق کے محتاج ہیں، کوئی نہیں جو بندوں کی پکار سنے اوران کی دعاؤں کو قبول کرے ۴۸۔

پروفیسر احمد رفیق اختر کہتے ہیں! انسان کی نیت، اس کا اخلاص اوراس کی کارکردگی جب ایک فریکوئنسی پر آجائیں تو وہی لمحہ قبولیت کا ہوتا ہے، یہ عمل خارجی نہیں بلکہ داخلی ہے تاہم کچھ مقامات مقدسہ اور اوقات بھی ایسے ہیں جن کے فضائل دعا کی قبولیت کی سند ہیں دوسری جانب کسی دعا کے فوری قبول نا ہونے کی ایک مصلحت یہ بھی ہے کے اللہ تعالی کو انسان کی مزید تربیت درکار ہے۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ۔ ۴۹

ترجمہ۔بھلا کون ہے جو بے قرار کی دعا قبول کرتا ہے۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ۔ ۵۰

ترجمہ۔اور جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق سوال کریں تو میں نزدیک ہوں، دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے، پھر چاہیے کہ میرا حکم مانیں اور مجھ

پر ایمان لائیں تا کہ وہ ہدایت پائیں۔

آپ مزید لکھتے ہیں! بندے اور اللہ کے درمیان دعا ایک انتہائی Personal Relation ہے۔

حضرت علی فرماتے ہیں کے جس زبان سے جھوٹ نکلنا بند ہو جائے اس زبان کی نکلی ہوئی ہر دعا قبول ہو جاتی ہے۔

دعا مانگنے کے در پردہ جو اصل نفسیاتی پہلو ہے وہ یہ ہے کے انسان کو اس بات کا کامل یقین ہوتا ہے کے اس کی یہ حاجت اللہ کے سوا کوئی پوری نہیں کرسکتا اور اس انسان کا اللہ پر یہ یقین اور بھروسہ ہوتا ہے کے صرف اللہ ہی اس کو اس مصیبت اور پریشانی سے نکال سکتا ہے چنانچہ اللہ کو اپنے اس بندے کا یہی یقین پسند ہوتا ہے دوسری جانب انسان کو بھی یہ احساس ہوتا ہے کے اس کل کائنات کے خالق اور مالک سے وہ مانگ جس کے قبضے میں کل اختیارات ہیں وہ مانگ کر کبھی نامراد نہیں ہوگا چنانچہ نفسیاتی طور پر وہ اپنے دل کی ہر بات کہہ کر مطمین اور پرسکون ہو جاتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔شیخ غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادراہ طلوع اسلام لاہور۔

۲۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۶۔

۳۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔۲۶۔

۴۔سورہ اعراف۔آیت۔۵۵۔

۵۔سورہ رعد۔آیت۔۱۴۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۱۴۔

۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۶۔

۸۔سورہ انعام۔آیت۔۴۱۔

۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۱۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۳۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۴۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۶۔معالم التنزیل۔امام ابومحمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی(متوفی ۵۱۶ھ)۔ج۔۳۔ص۔۲۱۱۔
مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۴ھ۔

۱۷۔الفردوس بماثور الخطاب۔امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی۔(متوفی ۵۰۹ھ)۔
مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۶ھ۔

۱۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۹۔الفردوس بماثور الخطاب۔امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی۔(متوفی ۵۰۹ھ)۔
مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۶ھ۔

۲۰۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۲۱۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۲۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۲۳۔مشکوۃ۔امام ولی الدین تبریزی(متوفی ۷۴۲ھ)۔مطبوعہ اصح المطابع دہلی دار ارقم بیروت۔

۲۴۔الجامع الصحیح۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت۔

۲۵۔الفردوس بماثور الخطاب۔امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی۔(متوفی ۵۰۹ھ)۔
مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۶ھ۔

۲۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۲۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۲۸۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی(متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۲۹۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی(متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۳۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری(متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۱۔الصحیح ابن حبان
۳۲۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔ ۱۳۹۸ھ۔
۳۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۴۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۳۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۶۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۳۸۔الجامع الصحیح۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت۔۔
۳۹۔الجامع الصحیح۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت۔
۴۰۔الجامع الصحیح۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت۔
۴۱۔کتاب العظمۃ۔امام عبداللہ بن محمد بن جعفر المعروف بابی الشیخ (متوفی ۳۹۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ
۴۲۔کتاب العظمۃ۔امام عبداللہ بن محمد بن جعفر المعروف بابی الشیخ (متوفی ۳۹۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتب۔
۴۳۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۴۴۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔
۴۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۴۶۔میزان حکمت۔
۴۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۴۸۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۴۹۔سورہ النمل۔آیت۔۶۲۔
۵۰۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۶۔

# ۱۷۔التقویٰ۔تقویٰ

## تقویٰ خوبیوں کا سردار ہے(حضرت علیؓ)

**تقویٰ**۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(و۔ق۔ی) سے مشتق ہے۔

**وقیٰ۔یقیہ۔وقیاو وقایة**۔کے معنی کسی چیز کی حفاظت،نگہبانی اور نگہداشت کرتے ہوئے اسے مضر اور تکلیف دہ چیز سے بچانا ہے

وقایہ۔سے مراد احتیاط،محفوظ رکھنے کا ذریعہ یعنی (Preservative)۔

واق۔سے مراد محفوظ رکھنے والا یا بچانے والا۔

تقویٰ۔کا متضاد عدوان (سرکشی) ہے۔

متقین۔کا متضاد غاوین ہے۔۱؎

## تقویٰ کی تعریف

### تقوی کا صیغہ اور اس کا لغوی معنیٰ:

علامہ زبیدی حنفیؒ لکھتے ہیں،ابن سیدہ نے کہا!تقویٰ اصل میں وقوی تھا یہ فعل کے وزن پر اسم (حاصل بالمصدر) ہے اور وقیت سے بنا ہے واؤ کو تا سے بدل دیا یہ تقوی ہو گیا اسی طرح تقاۃ اصل میں وقاۃ ہے اور تجاہ اور تراث اصل میں وجاہ اور وراث ہیں وقاہ،یقیہ کا معنی ہے کسی چیز کو اذیت سے محفوظ رکھنا اور اس کی حمایت اور حفاظت کرنا۔۲؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ۔۳؎

ترجمہ۔انہیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہیں ہے۔

علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں ،تقویٰ کے معنی کسی ڈرانے والی چیز سے نفس کو بچانا اور اس کی حفاظت کرنا ۔خوف کو بھی تقوی کہتے ہیں ،تقویٰ کا شرعی معنی گناہ سے نفس کی حفاظت کرنا۔

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے! حلال اور حرام ظاہر ہیں اور ان کے درمیان کچھ مشتبہات ہیں جن کو بہت سے لوگ نہیں جانتے ،سو جو شخص مشتبہات سے بچ گیا اس نے اپنے دین اور اپنی عزت کو محفوظ کر لیا۔ ۴؎

تقوی کے درج ذیل کئی مراتب ہیں۔

فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ ۵؎

ترجمہ۔ پس جو لوگ گناہوں سے باز رہے اور انہوں نے نیکیاں کیں تو ان پر کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ۔ ۶؎

ترجمہ۔ اللہ سے ڈرو جیسا کے اس سے ڈرنے کا حق ہے۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ۔ ۷؎

ترجمہ۔ جولوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے جنت کی طرف گروہ گروہ لے جائے جائیں گے، یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچ جائیں گے اور اس کے دروازے کھلے ہوئے ہوں گے اور ان سے اس کے داروغہ کہیں گے تم پر سلام ہو تم اچھے لوگ ہو اس میں ہمیشہ کے لیے داخل ہو جاؤ۔

## تقویٰ کے اصطلاحی معنی:

علامہ میر سید شریف نے تقوی کی حسب ذیل تعریفات لکھی ہیں ،اللہ تعالیٰ کی اطاعت کر کے نفس کو عدم اطاعت کے عذاب سے بچانا تقویٰ ہے اللہ تعالیٰ کی معصیت کے عذاب سے نفس کو بچانا تقوی ہے اللہ تعالیٰ کے ماوسوا سے خود کو محفوظ کرنا تقوی ہے آداب شریعت کی حفاظت

کرنا تقویٰ ہے، ہر وہ کام جو تم کو اللہ سے دور کر دے اس سے خود کو باز رکھنا تقویٰ ہے۔۸؎
علامہ قرطبی لکھتے ہیں تقویٰ کے معنی کسی ناپسندیدہ چیز سے خود کو بچانے کے لیے اپنے اور اس چیز کے درمیان کوئی آڑ بنا لینا اور متقی وہ شخص ہے جو اپنے نیک اعمال اور پرخلوص دعاؤں سے اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے عذاب بچا لے۔
زر بن جیش کہتے ہیں، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے ایک دن فرمایا لوگ بہت ہیں لیکن ان میں بہتر وہ ہیں جو تائب ہوں یا متقی ہوں پھر ایک دن کہا کے لوگ بہت ہیں لیکن ان میں بہتر وہ ہیں جو عالم ہوں یا متعلم ہوں۔
ابو یزید بسطامی نے کہا متقی وہ ہے جس کا ہر قول اور ہر عمل اللہ کے لیے ہو۔
ابو سلیمان دارانی نے کہا متقی وہ ہے جس کے دل سے شہوات کی محبت نکال لی گئی ہو۔
ایک قول یہ ہے متقی وہ ہے جو شرک سے بچے اور نفاق سے بری ہو۔
حضرت عمر بن الخطابؓ نے حضرت ابی بن کعبؓ سے تقویٰ کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے کہا، کیا آپ نے کانٹوں کا راستہ دیکھا ہے؟ حضرت عمرؓ نے کہا ہاں پوچھا پھر آپ نے کیا، کیا؟ حضرت عمرؓ نے کہا میں نے پائچے اوپر اٹھائے اور ان سے بچ کر نکل گیا۔
حضرت ابی بن کعبؓ نے کہا یہی تقویٰ ہے۔
حضرت ابودرداءؓ نے کہا، تقویٰ ہر قسم کی خیر کا جامع ہے اور یہ وہ چیز ہے جس کی اللہ تعالیٰ نے اولین اور آخرین کو وصیت کی ہے۔۹؎
امام رازی لکھتے ہیں، متقی وہ ہے جو عبادات کو انجام دے اور ممنوعات سے بچے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کوئی بندہ اس وقت تک متقین کے درجہ کو نہیں پا سکتا جب تک ان چیزوں کو ترک نہ کر دے جن میں حرج نہ ہو اس خوف سے کے شاید ان میں حرج ہو۔
حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا، متقی وہ لوگ ہیں جو عذاب سے بچنے کے لیے خواہش نفس پر عمل نہیں کرتے اور اللہ تعالیٰ سے رحمت کی امید رکھتے ہیں۔

امام رازی فرماتے ہیں، یہاں تقویٰ سے مراد خوف خدا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے سورہ النسا اور سورہ الحج میں فرمایا!

یَآاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ ۔۱۰؎۔ ترجمہ۔ اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو۔

حسب ذیل آیات میں بھی تقوی سے مراد خوف خدا ہے۔

اِذْ قَالَ لَھُمْ اَخُوْھُمْ صَالِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۔۱۱؎

ترجمہ۔ جب ان کے ہم قوم صالح (علیہ السلام) نے ان سے کہا! کیا تم خدا سے نہیں ڈرتے ؟

اِذْ قَالَ لَھُمْ اَخُوْھُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۔۱۲؎

ترجمہ۔ جب ان کے ہم قوم لوط (علیہ السلام) نے ان سے کہا! کیا تم خدا سے نہیں ڈرتے ؟

اِذْ قَالَ لَھُمْ شُعَیْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۔۱۳؎

ترجمہ۔ جب شعیب (علیہ السلام) نے ان سے کہا کیا تم خدا سے نہیں ڈرتے ؟

وَاِبْرَاھِیْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰہَ وَاتَّقُوْہُ ۔۱۴؎

ترجمہ۔ اور ابرہیم نے جب اپنی قوم سے کہا اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو۔

یَآاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقَاتِہٖ ۔۱۵؎

ترجمہ۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو جیسا اس سے ڈرنا چاہیے۔

وَلَوْ اَنَّ اَھْلَ الْقُرٰٓی اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَیْھِمْ بَرَکَاتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۔۱۶؎

ترجمہ۔ اور اگر بستیوں والے ایمان لے آتے اور ڈرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین سے نعمتوں کے دروازے کھول دیتے۔

اَنْ اَنْذِرُوْا اَنَّهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۔۱۷؎

ترجمہ۔ لوگوں کو ڈراؤ کہ میرے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں سو میری اطاعت کرو۔

وَلٰکِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰی وَاْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ اَبْوَابِھَا وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

ترجمہ۔ نیکی یہ ہے کہ جو کوئی اللہ سے ڈرے، اور تم گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ ۱۸؎

ذٰلِكَ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ۔ ۱۹؎

ترجمہ۔ بات یہ ہے کے جو شخص اللہ کی نامزد چیزوں کی تعظیم کرتا ہے تو یہ دل کا تقوی ہے۔

تقوی کا مقام بہت عظیم اور بلند ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا!

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ۔ ۲۰؎

ترجمہ۔ بیشک اللہ متقین کے ساتھ ہے۔

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ۔ ۲۱؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سے سب سے مکرم وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص یہ چاہتا ہو کے وہ لوگوں میں سب سے زیادہ مکرم ہو وہ اللہ سے ڈرئے۔ ۲۲؎

حضرت علیؑ بن ابی طالبؑ نے فرمایا! معصیت پر اصرار نہ کرنا اور عبادت پر مغرور نہ ہونا تقوی ہے۔

ابراہیم بن ادھم نے کہا تقویٰ یہ ہے کے تمہاری زبان پر مخلوق کا عیب نہ ہو فرشتے تمہارے افعال میں عیب نہ پائیں اور اللہ تعالیٰ تمہارے دل میں کوئی عیب نہ دیکھے۔

علامہ واقدی نے کہا تقویٰ یہ ہے کے جس طرح تم اپنے ظاہر کو مخلوق کیلیے مزین کرتے ہو اس طرح اپنے باطن کو اللہ کے لیے مزین کرو۔

ایک قول یہ ہے کے اللہ تعالیٰ تم کو وہاں نہ دیکھے جہاں اس نے منع کیا ہے۔

ایک اور قول یہ ہے کے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کو اپنائے اور دنیا کو پس پشت ڈال دے، اپنے نفس کو اخلاص اور وفا کا پابند کرے اور حرام اور جفا سے اجتناب کرے وہی متقی

ہے۔حقیقت میں انسان وہی ہے جو متقی ہو۔ ۲۳؎

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

امام ترمذی روایت کرتے ہیں،حضرت عطیہ سعدیؓ بیان کرتے ہیں،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کوئی بندہ اس وقت تک متقین میں سے شمار نہیں ہوگا جب تک کے وہ بے ضرر چیز کو اس خوف سے نہ چھوڑ دے کے شاید اس میں ضرر ہو۔ ۲۴؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ایک دوسرے سے حسد نہ کرو تناجش (کسی کو پھنسانے کے لیے زیادہ قیمت لگانا) نہ کرو، ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو، ایک دوسرے سے روگردانی نہ کرو، کسی کی بیع پر بیع نہ کرو، اللہ کے بندے بھائی بھائی بن جاؤ، مسلمان،مسلمان کا بھائی ہے، اس پر ظلم نہ کرے، اس کو رسوا نہ کرے، اس کو حقیر نہ جانے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے سینے کی طرف اشارہ کر کے تین بار فرمایا! تقویٰ یہاں ہے کسی شخص کے برے ہونے کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو برا جانے، ایک مسلمان دوسرے مسلمان پر مکمل حرام ہے اس کا خون اس کا مال اور اس کی عزت۔ ۲۵؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تمہارا رب یہ فرماتا ہے کے میں ہی اس بات کا مستحق ہوں کے مجھے سے ڈرا جائے سو جو شخص مجھ سے ڈرے گا تو میری شان یہ ہے کے میں اس کو بخش دوں۔ ۲۶؎

حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مجھے ایک ایسی آیت کا علم ہے کے اگر لوگ صرف اسی آیت پر عمل کرلیں تو وہ ان کے لیے کافی ہوگی، جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے مشکلات سے نکلنے کا راستہ بنا دیتا ہے۔ ۲۷؎

امام احمد روایت کرتے ہیں، ابونضرہ بیان کرتے ہیں، جس شخص نے ایام تشریق کے وسط میں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطبہ سنا اس نے یہ حدیث بیان کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اے لوگو! سنو تمہارا رب ایک ہے، تمہارا باپ ایک ہے، سنو! کسی عربی کو عجمی پر فضیلت نہیں ہے نا عجمی کو

عربی پر فضیلت ہے، نا گورے کو کالے پر فضیلت ہے، نا کالے کو گورے پر فضیلت ہے، مگر فضیلت صرف تقویٰ سے ہے۔ ۲۸؎

حضرت معاذؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! شاید اس سال کے بعد تم مجھ سے ملاقات نہیں کرو گے حضرت معاذؓ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فراق کے صدمہ میں رونے لگے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا! میرے سب سے زیادہ قریب متقی ہوں گے خواہ وہ کوئی ہوں اور کہیں ہوں۔ ۲۹؎

## تقوی کے مراتب

اگر یہ اعتراض کیا جائے کے قرآن مجید کا متقین کے لیے ہدایت ہونا تحصیل حاصل ہے کیونکہ متقین تو خود ہدایت یافتہ ہیں اگرچہ اس کے کئی جوابات ہیں۔

ا۔ پہلا جواب یہ ہے کے متقین سے مراد یہ ہے کے جو لوگ تقوی حاصل کرنے کا ارادہ کریں سو یہ کتاب ان کے لیے ہدایت ہے۔

۲۔ دوسرا جواب یہ ہے کے ہدایت سے مراد ہدایت پر استقامت اور ثبات ہے یعنی اس کتاب کے مطالعہ اور اس پر عمل کرنے سے متقین کو ہدایت پر دوام اور ثبات حاصل ہوگا۔

۳۔ تیسرا جواب یہ ہے کے تقویٰ کے کئی مراتب ہیں۔

نفس کی کفر اور شرک سے حفاظت کرنا۔

نفس کی گناہ کبیرہ سے حفاظت کرنا۔

نفس کی گناہ صغیرہ سے حفاظت کرنا۔

نفس کی خلاف سنت سے حفاظت کرنا۔

نفس کی خلاف اولیٰ سے حفاظت کرنا۔

نفس کی ماسوا اللہ سے حفاظت کرنا۔

جو شخص تقویٰ کے کسی ایک مرتبہ پر فائز ہو یہ کتاب اس کے لیے تقوی کے اگلے مرتبہ کے لیے

ہدایت ہے۔

تقویٰ قرآن کریم کا خاص موضوع اور خاص اصطلاح ہے اگرچہ تقویٰ کا ایک ترجمہ پرہیز گاری کیا جاتا ہے لیکن یہ ترجمہ غلط ہے کیونکہ تقویٰ دنیا کی تباہ کاریوں سے بچتے ہوئے قوانین الٰہی کے مطابق زندگی کو بسر کرنے کا نام ہے۔

ماہرین لغات کا یہ ماننا ہے کے تقویٰ اتنا مکمل لفظ ہے کے اس کا ترجمہ کسی ایک لفظ میں ادا کرنا ناممکن ہے تاہم کسی بھی انسان کے کردار کی بلندی تقویٰ میں آجاتی ہے۔قرآن کریم نے اس مشکل کی خود ہی عقدہ کشائی کرتے ہوئے یہ بتایا ہے کے انسان کی زندگی کی دو سطحیں ہیں۔

ا۔حیوانی سطح۔اس میں زندگی کے وہ تمام تقاضے شامل ہیں جو حیوانات میں بھی موجود ہوتے ہیں مثلاً کھانا، پینا، سونا، جاگنا، افزائش نسل، اپنی اور اپنے خاندان ی حفاظت وغیرہ۔

قرآن کریم حیوانی زندگی (Physical Life) بسر کرنے والوں کو جو ایمان کی دولت سے محروم ہیں انھیں کافر کہتا ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ۔۳۰

ترجمہ۔انہوں نے کہا کے ہماری توصرف یہی دنیا کی زندگی ہے، ہم (اسی دینا) میں مرتے اور جیتے ہیں اور ہمیں صرف دہر (زمانہ) ہلاک کرتا ہے (اور واقعہ یہ ہے کے) انہیں اس کا کچھ علم نہیں وہ محض گمان کررہے ہیں۔

وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ۔۳۱

ترجمہ۔(ان سے) کہا جائے گا آج ہم تمہیں اسی طرح فراموش کردیں گے جس طرح تم نے اس دن کی ملاقات کو بھلا دیا تھا اور تمہارا ٹھکانہ دوزخ ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں ہے۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ۔ ۳۲؎

ترجمہ۔کتنی ہی بستیاں آپ کی اس بستی سے زیادہ قوت والی تھیں جس کے باشندوں نے آپ کو وہاں سے نکالا تو جب ہم نے ان کو ہلاک کر دیا تو ان کا کوئی مددگار نہ تھا۔

۲۔انسانی سطح۔اس زندگی میں اعلیٰ مقاصد کا تعین، انسانی ذات کی بہترین نشونما جس میں اعلیٰ اقدار بھی پیش نظر رہتی ہیں تاہم ان اعلیٰ اقدار کو انسان قرآنی تعلیمات کے ذریعے سے حاصل کرتا ہے۔انسانی سطح کی طرز فکر رکھنے والے افراد اللہ کے یہاں مومنین کے نام سے جانے جاتے ہیں کیونکہ مومنین کے یہاں انسانی ذات کا تحفظ، حیوانی زندگی کے تحفظ سے زیادہ قیمتی ہوتا ہے چنانچہ مومنین صحیح اور غلط کے درمیان فرق کو نا صرف سمجھتے ہیں بلکہ معمولی دنیاوی فوائد کو اللہ کی خوشنودی اور ابدی انعامات پر بے دریغ قربان بھی کر دیتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ۔ ۳۳؎

ترجمہ۔بے شک آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش اور رات اور دن کے اختلاف میں عقل والوں کے لیے ضرور نشانیاں ہیں جو لوگ کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے اور کروٹ کے بل لیٹے ہوئے اللہ کا ذکر کرتے رہتے ہیں اور آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش میں غور وفکر کرتے رہتے ہیں (اور کہتے ہیں) اے ہمارے رب! تو نے یہ سب کچھ بے کار پیدا نہیں کیا، تو پاک ہے سو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا۔ ۳۴؎

ترجمہ۔ان کے لیے اللہ نے عذاب شدید تیار کر رکھا ہے، سوائے عقل مند ایمان والو! اللہ

سے ڈرتے رہو، بیشک اللہ نے تمہاری طرف (سراپا) نصیحت نازل کی ہے۔

اللہ تعالیٰ مومنین کو بصارت کے ساتھ بصیرت بھی عطا فرماتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣعَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭوَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۔۳۵؎

ترجمہ۔آپ ﷺ کہیے یہ میرا راستہ ہے، میں پوری بصیرت کے ساتھ (لوگوں کو) اس کی طرف بلاتا ہوں اور میرے پیروکار بھی (اس کی طرف بلاتے ہیں) اور اللہ پاک ہے اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں۔

وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ۔۳۶؎

ترجمہ۔جب ان لوگوں کو اللہ کی آیتوں کے ساتھ نصیحت کی جائے تو وہ ان آیتوں پر بہرے اور اندھے ہو کر نہیں گرتے۔

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَاۗءُوْنَ ۭ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔۳۷؎

ترجمہ۔اور پرہیزگاروں سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا نازل کیا ہے، تو کہتے ہیں اچھی چیز، جنہوں نے نیکی کی ہے (ان کے لیے) اس دنیا میں بھی بہتری ہے، اور البتہ آخرت کا گھر تو بہت ہی بہتر ہے، اور پرہیزگاروں کا کیا ہی اچھا گھر ہے، ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، جو چاہیں گے انہیں وہاں ملے گا، اللہ پرہیزگاروں کو ایسا ہی بدلہ دے گا، جن کی جان فرشتے قبض کرتے ہیں ایسے حال میں کہ وہ

پاک ہیں، فرشتے کہیں گے تم پر سلامتی ہو بہشت میں داخل ہو جاؤ بسبب ان کاموں کے جو تم کرتے تھے۔

امام رازی لکھتے ہیں تقویٰ کا معنی ہے کسی چیز کو ترک کرنا اور اس سے بچنا۔

امام رازی کی تحقیق یہ ہے متقی کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کے وہ تمام حرام کاموں سے اجتناب کرے اور تمام نیک کام کرے اگر چہ کامل متقی وہی ہوتا ہے متقی سے مراد وہ شخص ہے جو شرک سے اجتناب کرتا ہو اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه پر ایمان اور یقین رکھتا ہو۔

امام رازی بطور دلیل یہ کہتے ہیں جب ہم کسی شخص کو قاتل یا ضارب کہتے ہیں تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہوتا کے وہ دنیا کے تمام انسانوں کا قاتل ہے بلکہ جس شخص نے کسی ایک کو بھی قتل کیا وہ قاتل کہلائے گا اور جس نے کسی ایک شخص کو بھی مارا وہ ضارب کہلائے گا۔

بالکل اسی طرح متقی کی مثال دی جاسکتی ہے لیکن علما کا اجماع اس پر ہے کے تقوی کے لیے کفر اور شرک سے اجتناب ضروری ہے۔ ۳۸؎

**ارشادات خداوندی:**

وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۔ ۳۹؎

ترجمہ اگر وہ ایمان لے آتے اور تقوی اختیار کرتے تو اللہ کی طرف سے ثواب بہت بہتر ہے، کاش وہ جانتے۔

اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۔ ۴۰؎

ترجمہ۔ مومنین میں جو نیک کام اور تقوی اختیار کرتے ہیں ان کے لیے اجر عظیم ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۔ ۴۱؎

ترجمہ۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے عنقریب رحمن (اپنے بندوں کے دلوں میں) ان کے لیے محبت پیدا کر دے گا۔

**حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا:**

**وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۔ ۴۲؎**

ترجمہ۔ میرے لیے میرے بعد والوں میں میرا اچھا ذکر جاری رکھ۔

**وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتَاهُمْ تَقْوَاهُمْ ۔ ۴۳؎**

ترجمہ۔ اور جن لوگوں نے ہدایت قبول کی اللہ نے ان کی ہدایت کو اور زیادہ کر دیا اور انہیں ان کا تقوی عطا فرمایا۔

**وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۔ ۴۴؎**

ترجمہ۔ وہ لوگ جو ہماری راہ میں جدوجہد کرتے ہیں ہم ان کو ضرور اپنی راہیں دکھاتے ہیں۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

## زہد وتقویٰ

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا کیا کرتے اے اللہ! مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھ اور مسکینی کی ہی حالت میں دنیا سے اٹھا اور مساکین کے ساتھ ہی میرا حشر فرما۔ ۴۵؎

خشیت الٰہی رکھنے والے شخص کے لئے مالداری میں کوئی مضائقہ نہیں تاہم صحت مندی صاحب تقویٰ کے لئے دولت مندی سے بہتر ہے اور خوش دلی اللہ تعالی کی نعمتوں میں سے ہے جس پر شکر واجب ہے۔ ۴۶؎

عکرمہ کہتے ہیں میں نے عبد اللہ بن عباسؓ کو یہ کہتے سنا کے اللہ تعالی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام آسمانوں والوں اور تمام نبیوں پر فضیلت دی ہے، لوگوں نے کہا اے عبد اللہ بن عباسؓ آسمان والوں پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فضیلت کی کیا دلیل ہے؟ تو حضرت عبد اللہ بن عباسؓ نے کہا اس لئے کے اللہ تعالی نے آسمان والوں کے لئے فرمایا اور فرشتوں میں سے جس نے کہا کے میں اللہ کے سوا معبود ہوں تو ہم اس کو جہنم میں سزا دیں گے اور ہم اسی طرح سے ظالموں کو سزا

دیتے ہیں اور اللہ تعالی نے رسول اللہ ﷺ کے لئے فرمایا کے بے شک ہم نے آپ ﷺ کو روشن فتح عطا فرمائی تا کہ اللہ تعالی آپ ﷺ کے اگلے اور پچھلے تمام ذنب یعنی (بہ ظاہر خلاف اولی) سب کام معاف کر دئے لوگوں نے کہا اے عبداللہ بن عباسؓ رسول اللہ ﷺ کی انبیاء پر کیا فضیلت ہے؟ تو عبداللہ بن عباسؓ نے کہا کے اللہ تعالی نے انبیاء کے بارے میں فرمایا ہے کے ہم نے ہر نبی کو اس کی قوم کی زبان میں مبعوث کیا ہے جبکہ اللہ تعالی نے رسول اللہ ﷺ کے متعلق فرمایا کے ہم نے آپ ﷺ قیامت تک کے تمام لوگوں کے لئے مبعوث کیا ہے سو آپ ﷺ کو اللہ تعالی نے تمام انسانوں اور جنات کی طرف مبعوث فرمایا ہے۔ ۴۷

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب اللہ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو جبریل علیہ السلام کو بلا کر فرماتا ہے کے میں فلاں بندہ سے محبت کرتا ہوں تم بھی اس سے محبت کرو، پھر اس بندہ سے جبریل محبت کرتا ہے تو جبریل ندا کرتا ہے کے اللہ فلاں بندہ سے محبت کرتا ہے تم بھی اس سے محبت کرو پھر اس بندہ سے آسمان والے محبت کرتے ہیں پھر اس کے لیے زمین میں مقبولیت رکھ دی جاتی ہے۔ ۴۸

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ نے فرمایا! اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے! جس شخص نے میرے ولی سے عداوت رکھی میں اس کے ساتھ اعلان جنگ کر دیتا ہوں اور میں نے اپنے بندہ پر جو چیزیں فرض کیں ہیں اس سے زیادہ کسی چیز کے ساتھ تقرب حاصل کرنا مجھے محبوب نہیں ہے اور میرا بندہ ہمیشہ نوافل کے ساتھ میرا تقرب حاصل کرتا رہتا ہے حتی کے میں اس کو اپنا محبوب بنا لیتا ہوں اور جب میں اس کو اپنا محبوب بنا لیتا ہوں تو میں اس کے کان ہو جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھیں ہو جاتا ہوں جن سے وہ دیکھتا ہے اور اس کے ہاتھ ہو جاتا ہوں جن سے وہ چیزوں کو پکڑتا ہے اور اس کے پیر ہو جاتا ہوں جن سے وہ چلتا ہے اگر وہ مجھ سے کسی چیز کا سوال کرے تو میں اس کو وہ ضرور عطا کروں گا اور اگر وہ کسی چیز

سے میری پناہ طلب کرے تو میں اس کو ضرور پناہ دوں گا اور میں کسی کام کے کرنے میں اتنی تاخیر نہیں کرتا جتنی تاخیر مومن کی روح قبض کرنے میں کرتا ہوں وہ موت کو ناپسند کرتا ہے اور میں اس کو رنجیدہ کرنا ناپسند کرتا ہوں۔ ۴۹؎

## موت کے وقت متقین کی کیفیت:

اللہ تعالیٰ نے متقین کی یہ صفت بیان کی جب ان متقین کی ارواح کو فرشتے قبض کرنے آتے ہیں تو اس وقت وہ متقین حالت پاکیزگی میں ہوتے ہیں۔

امام رازی لکھتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے جو فرمایا متقین اس وقت طیبین (پاکیزہ) ہوتے ہیں یہ ایک جامع کلمہ ہے جو معنی کے اعتبار سے وسعت رکھتا ہے یعنی متقین اللہ کے احکامات کی پیروی کرتے ہوئے احکامات الہیہ کو بجالاتے ہیں اللہ نے متقین کو پاکیزہ اخلاق سے مزین فرمایا، متقین نفسانی اور جسمانی لذتوں سے خالی اور روحانی لذتوں سے معمور ہیں تاہم طیبین کے معنی ہیں کے جس وقت ان کی روح قبض کی جائے گی اس وقت ان کو جنت کی بشارت بھی دی جائے گی، اکثر مفسرین کی یہ رائے ہے کے فرشتے متقین کی روحیں جس وقت قبض کرتے ہیں اس وقت وہ طیب و طاہر ہوتے ہیں اور اس وقت فرشتے ان سے کہتے ہیں کے تم پر سلام تم جنت میں داخل ہو جاؤ ان کاموں کی وجہ سے جو تم کرتے تھے۔ ۵۰؎

# امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کے تقوی خوبیوں کا سردار ہے۔

تقویٰ جیسی کوئی کرامت نہیں۔ تقویٰ کے ہوتے ہوئے کوئی عمل کم نہیں ہوگا بھلا وہ چیز کیسے کم ہوسکتی ہے جو قبول بارگاہ ایزدی ہو جائے؟

تقویٰ سے بڑھ کر کوئی عزت نہیں۔ دل میں موجود تقوی جسم کی صحت ہے۔

امیر المومنین کوفے کے باہر قبرستان تشریف لے گئے اور فرمایا کے اے وحشت زدہ اور اندھیری قبروں میں رہنے والو! عنقریب ہم بھی تم سے ملنے والے ہیں۔

اس کے بعد آپؑ نے اپنے اصحاب سے فرمایا کے یقیناً اگر یہ کلام پر قادر ہوتے تو یہ بتاتے کے آخرت کے لئے بہترین زادراہ تقویٰ ہے۔

اللہ سے تھوڑا ہی تقویٰ اختیار کرو بھلے وہ کم ہی کیوں نہ وہ اللہ سے صبح وشام ڈرتے رہو۔

متقین تو دنیا کی فوراً ملنے والی چیزیں بھی اپنے ساتھ لے گئے اور آخرت میں بعد کی چیزیں بھی انھیں حاصل ہوگئیں لیکن تم اہل دنیا، ان کے ساتھ دنیاوی معاملات اور فوائد میں تو شامل رہے لیکن متقین کی آخرت اور انعامات میں تم ان کے شریک نہیں اگرچہ ترک دنیا کے باوجود وہ دنیا کے بہترین مقامات پر سکونت اختیار کئے رہے، اچھی غذاؤں سے لطف اندوز بھی ہوئے، خوشحال اور مالدار لوگوں کی طرح انھیں بھی دنیا میں حصہ ملا دوسری جانب انھوں نے دنیا سے وہ سب کچھ حاصل کرلیا جو ایک جابر اور متکبر ظلم وستم کے ذریعے سے حاصل کرتا ہے تاہم یہ متقین اپنے ساتھ دنیا سے بہترین اور کارآمد زادراہ اور فائدہ مند تجارت آخرت کی جانب لے گئے اگرچہ ترک دنیا کی لذت وہ دنیا میں ہی چکھ چکے تھے لیکن انھیں اس بات کا یقین تھا کے وہ آخرت میں اللہ کے ساتھ ہوں گے، ان کی دعائیں مستجاب اور قبول ہوں گی اور ان کی آخروی لذات اور آسائشات میں کبھی کمی نا ہوگی۔

متقین دنیا سے عبرت حاصل کرتے اور ان کا تقوی انھیں شہادت اور بے یقینی کے مابین فرق سے انھیں آگاہ کرتے ہوئے انھیں ظلمت کے گڑھے میں گرنے سے بچاتا ہے۔

اےٗ اللہ کے بندو! تقویٰ ایک محکم اور مضبوط گھر ہے جبکہ فسق وفجور ذلتوں کا ٹھکانہ ہے یقیناً تقوی کے ذریعے گناہوں کے زہر سے بچا جاسکتا ہے۔

متقی افراد اعمال کی کم مقدار پر راضی نہیں ہوتے اور زیادہ کو زیادہ نہیں سمجھتے اور اپنے نفوس پر گناہ کی تہمت لگاتے رہتے ہیں اور اپنے اعمال سے ڈرتے رہتے ہیں۔ دنیا میں متقی افراد اس طرح سے رہتے ہیں کے وہ فضیلتوں والے ہوتے ہیں، ان کا لباس میانہ روی کا، ان کی باتیں نپی تلی، اور ان کی روش فروتنی والی ہوتی ہے، اللہ سے اس ے بندوں اور اس کے شہر کے

معاملے میں ڈرو کیونکہ تم سب اللہ کے سامنے جواب دہ ہو یہاں تک کے اللہ جگہوں اور جانوروں کے بارے میں بھی پوچھے گا۔ تقوی سے زیادہ عزت دار کوئی اور کرامت نہیں۔ تقوی تمام امور کو خیر کی طرف لے جاتا ہے۔ جسے بغیر مال کے دولت مندی مسرور کرے تو اسے اللہ سے ڈرنا چاہئے۔ جو تقوی کا درخت لگائے گا وہ ہدایت کے پھل کو توڑے گا۔

دنیا اور آخرت کی بھلائی دو چیزوں میں مضمر ہے۔ ۱۔ مالداری۔ ۲۔ تقویٰ۔

دنیا میں لوگوں کے سردار سخی جبکہ آرت میں متقین ہوں گے۔

جو اللہ کا تقوی اختیار کرتا ہے وہ لوگوں کے درمیان محبوب ہو جاتا ہے۔

تقوی پناہ گزینوں کے لئے ایک مضبوط و محفوظ قلعہ ہے۔

متقین کے دل مغموم ہوتے ہیں اور ان کے شر سے لوگ محفوظ رہتے ہیں۔

متقینکے نفوس قانع، خواہشات مردہ، چہرے ہشاش بشاش اور قلوب غمزدہ ہوتے ہیں۔

اگر تم نے اللہ کا تقوی اختیار کیا تو وہ تمھیں عذاب سے بچا لے گا۔

تقوی زندگی میں پاکیزگی اور آخرت میں اللہ کی قربت کا سبب ہے۔ تقویٰ سے بہترین کوئی لباس نہیں۔

شر سے بچنے والا نیکی انجام دینے والے کی مانند ہے۔ ایمان تقوی کے بغیر فائدہ مند نہیں۔

متقی کی تین علامات ہیں۔ ۱۔ عمل میں اخلاص۔ ۲۔ امیدوں میں کمی۔ ۳۔ اور مہلتوں کو غنیمت جاننا۔ جنت کے بادشاہ مخلص اور متقی افراد ہوں گے۔ سب سے بڑا زہد اپنے زہد کو چھپانا ہے

جو دنیا میں زہد کو اختیار کرتا ہے اس پر مصیبتیں سبک ہو جاتی ہیں۔

حرام چیزوں میں زہد اختیار کرنے جیسا کوئی زہد نہیں۔

دنیا میں زہد اختیار کرو اللہ تمھیں اس کے عیوب دکھا دے گا۔

بغیر علم و زہد کے عبادت جسم کو تھکا دینے کے مترادف ہے۔

زہد امیدوں کو کم کرنا اور عمل میں اخلاص برتنے کا نام ہے۔ ۱۵؎

# نفسیاتی پہلو

رومی لکھتے ہیں! جو اللہ سے ڈرتا ہے اور تقویٰ اختیار کرتا ہے اس سے کائنات کی ہر شے جس میں انسان اور جنات سب شامل ہیں سب ڈرتے ہیں، اور جو بھی شے اس کی جانب دیکھتی ہے اس پر اس مرد حق کی ہیبت غالب آجاتی ہے۔

بنیادی طور پر تقویٰ سے مراد گناہوں سے بچنا ہے یعنی ایک انسان کانٹوں بھری جھاڑیوں کے درمیان سے کچھ اس انداز سے گزرے کے اس کا جسم اور لباس کانٹوں سے محفوظ رہے۔

جب انسان اتنی احتیاط کے ساتھ اپنی زندگی بسر کرتا ہے اور اللہ کے احکامات کی پیروی کرتا ہے تو اس کا ضمیر پرسکون اور مطمئین رہتا ہے اور یہی آسودگی اس کو کوئی نفسیاتی اور ذہنی امراض سے بچاتی ہے تاہم اللہ کا اپنے بندوں پر یہ کرم خاص ہے کے وہ اپنے ایسے بندوں کو سکون اور حقیقی خوشیوں سے آراستہ فرماتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر

۳۔سورہ رعد۔آیت۔۳۴۔

۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۵۔سورہ اعراف۔آیت۔۳۵۔

۶۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۰۲۔

۷۔سورہ الزمر۔آیت۔۷۳۔

۸۔کتاب التعریفات۔ص۔۳۹۔مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ' مصر۔۱۳۰۶ھ۔

۹۔الجامع الاحکام القرآن۔علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی ۶۶۸ھ) مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو

۱۰۔سورہ الحج۔آیت۔۱۔

۱۱۔سورہ الشعراء۔آیت۔۱۴۲۔

۱۲۔سورہ الشعراء۔آیت۔۱۶۱۔
۱۳۔سورہ الشعراء۔آیت۔۱۷۷۔
۱۴۔سورہ العنکبوت۔آیت۔۱۶۔
۱۵۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۰۲۔
۱۶۔سورہ اعراف۔آیت۔۹۶۔
۱۷۔سورہ النحل۔آیت۔۲۔
۱۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۹۔
۱۹۔سورہ الحج۔آیت۔۳۲۔
۲۰۔سورہ النحل۔آیت۔۱۲۸۔
۲۱۔سورہ الحجرات۔آیت۔۱۳۔
۲۲۔دلائل النبوۃ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۲۳۔تفسیر کبیر۔علامہ تقی الدین ابن تیمیہ (متوفی ۷۲۸ھ)۔ج۔ا۔ص۔۱۶۱۔۱۶۲۔مطبوعہ دارالفکر۔
۲۴۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۲۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۶۔سنن درامی۔امام عبداللہ بن عبدالرحمن درامی (متوفی ۲۵۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العربی ۱۴۰۷ھ۔
۲۷۔سنن درامی۔امام عبداللہ بن عبدالرحمن درامی (متوفی ۲۵۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العربی ۱۴۰۷ھ۔
۲۸۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۲۹۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۳۰۔سورہ الجاثیہ۔آیت۔۲۴۔
۳۱۔سورہ الجاثیہ۔آیت۔۳۴۔
۳۲۔سورہ محمد۔آیت۔۱۳۔
۳۳۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۹۰۔
۳۴۔سورہ طلاق۔آیت۔۱۰۔
۳۵۔سورہ یوسف۔آیت۔۱۰۸۔
۳۶۔سورہ فرقان۔آیت۔۷۳۔

۳۷۔سورہ نحل ۔آیت ۔۳۲۔۳۰۔
۳۸۔تفسیر کبیر۔علامہ تقی الدین ابن تیمیہ(متوفی ۷۲۸ھ)۔ج۔۷۔ص۔۲۰۰۔مطبوعہ دار الفکر۔
۳۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۰۳۔
۴۰۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۷۲۔
۴۱۔سورہ مریم۔آیت۔۹۶۔
۴۲۔سورہ الشعراء۔آیت۔۸۴۔
۴۳۔سورہ محمد۔آیت۔۱۷۔
۴۴۔سورہ العنکبوت۔آیت۔۶۹۔
۴۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۴۶۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل(متوفی ۲۴۱ھ)مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۴۷۔دلائل النبوۃ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی(متوفی ۴۵۸ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۴۸۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری(متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری(متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۰۔تفسیر کبیر۔علامہ تقی الدین ابن تیمیہ(متوفی ۷۲۸ھ)۔مطبوعہ بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۵۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۸۴۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۔البر۔نیکی

**جس نے اپنی نیکی بانٹ دی اس کا ذکر شہرت پا گیا (حضرت علیؑ)**

**البر**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ب۔ر۔ر) سے **مشتق** ہے۔۱؎

اللہ کا اسم صفاتی البر قرآن کریم کی سورہ الطور میں صرف ایک (۱) مرتبہ آیا ہے۔

برر۔عربی زبان کا لفظ ہے جس کے اصل معنی وسعت،فراخی اور کشادگی کے ہیں۔

بر۔کے ایک معنی خشکی کے بھی ہیں جو بحر (سمندر) کی ضد ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

**وَإِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُونَ إِلَّا إِيَّاهُ فَلَمَّا نَجَّاكُمْ إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ وَكَانَ الْإِنْسَانُ كَفُورًا ۔۲؎**

ترجمہ۔جب سمندر پر تم پر کوئی مصیبت آتی ہے تو ایک کے سوا جن دوسروں کو تم پکارتے ہو وہ سب گم ہو جاتے ہیں مگر جب وہ تم کو بچا کر خشکی پر پہنچا دیتا ہے،تو تم اس سے منہ موڑ لیتے ہو، اور انسان بڑا ہی ناشکرا ہے۔

البر۔بے آب و گیاں چٹیل میدان کو بھی کہا جاتا ہے۔

بحر۔ان مقامات کے لئے استعمال ہوتا ہے جہاں پانی کے ذخائر ہوں۔

بر۔عربی زبان میں بکریوں کو جنگل کی جانب ہنکانے کو بھی کہتے ہیں۔

برر۔کے ایک معنی کثرت اور وسعت کے بھی ہیں چنانچہ عربی زبان میں ابر رجل سے مراد کثیر اولاد شخص کے ہیں۔

**ابر القوم** ۔سے مراد کثیر قوم کے ہیں یا غلبہ اور تسلط کا قائم ہونا۔

**ابر علیھم** ۔سے مراد وہ ان پر فوقیت لے گیا۔

بر۔ کے معانی نگاہ کی کشادگی، دل کی وسعت، وسیع پیمانہ، نیک سلوک، صلہ رحمی اور احسان کے ہیں۔ ۳؎

قرآن کریم میں بر (وسعت، کشادگی اور نیکی بمقابلہ اثم (کمزور، تنگی اور گناہ) کے آیا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۖ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ۔ ۴؎

ترجمہ۔ آپس میں نیک کام اور پرہیز گاری پر مدد کرو، اور گناہ اور ظلم پر مدد نہ کرو، اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

بر۔ سے مراد نیکی ہے جس کو انگریزی میں virtue کہتے ہیں۔

البر۔ اللہ کا ایک اسم صفاتی ہے۔ اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ۖ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ۔ ۵؎

ترجمہ۔ ہم پچھلی زندگی میں اسی سے دعائیں مانگتے تھے اور وہ واقعی محسن اور رحیم ہے۔

قرآن کریم میں بر سے مراد نیک عمل کے ذریعے کھلنے والی کشادہ راہیں، آسانیاں اور مغفرت ہے۔

## امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا حکم

امر بالمعروف ونہی عن المنکر سے مراد نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا، اللہ تعالی نے بنی نوع انسانیت کو قرآن کریم میں بارہا اس حکم کی تاکید فرمائی ہے اور اسی حکم کے نفاذ کی خاطر اللہ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کو بھی دنیا میں مبعوث فرمایا تاہم تمام انبیاء کرام نے اپنی اپنی قوم کو اللہ کے اس حکم کی تلقین فرمائی۔

یہ دنیا خیر وشر کا مسکن ہے جہاں خیر وشر کی دو قوتیں ہر وقت کام کرتی ہیں اگرچہ یہ دونوں ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کرتی ہیں تاہم ان دونوں قوتوں کی یہ کشمکش قیامت تک

جاری رہے گی دوسری جانب دنیا کے ہر انسان میں بھی خیر وشر کی یہی قوتیں کام کرتی ہیں اس لئے انسان کو چاہیئے کے وہ اپنے اندر کے شر کو قابو میں رکھے اور اپنے خیر کو عام کرے دنیا میں جتنی بھی نیکیاں ہیں وہ صرف اور صرف اللہ کی توفیق سے ہیں اس نیکی کے عمل میں کسی انسان کا کوئی ذاتی کمال نہیں۔

**ارشادات خداوندی:**

اِنَّ الۡحَسَنَاتِ يُذۡهِبۡنَ السَّيِّئَاتِ۔۶؎

ترجمہ۔ بے شک نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں۔

وَلۡتَكُنۡ مِّنۡكُمۡ اُمَّةٌ يَّدۡعُوۡنَ اِلَى الۡخَيۡرِ وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ‌ؕ وَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ۔۷؎

ترجمہ۔تم میں ایک جماعت ایسی ہو جو بلاتی رہے نیک کام کی طرف اور حکم کرتی رہے اچھے کاموں کا اور منع کرے برائی سے اور جو لوگ ایسا کریں گے وہی فلاح پانے والے ہیں۔

كُنۡتُمۡ خَيۡرَ اُمَّةٍ اُخۡرِجَتۡ لِلنَّاسِ تَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَتَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ وَتُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ۔۸؎

ترجمہ۔ اب دنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو جسے انسانوں کی ہدایت اور اصلاح کے لئے میدان میں لایا گیا ہے تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتُ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍ‌ۘ يَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ۔۹؎

ترجمہ۔ مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں ایک دوسرے کے رفیق ہیں وہ ایک دوسرے کو اچھی بات کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا عَلَيۡكُمۡ اَنۡفُسَكُمۡ‌ۚ لَا يَضُرُّكُمۡ مَّنۡ ضَلَّ اِذَا اهۡتَدَيۡتُمۡ‌ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرۡجِعُكُمۡ جَمِيۡعًا فَيُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ۔۱۰؎

ترجمہ۔مسلمانو! اپنے اوپر اپنی جانوں کی اصلاح کو لازم کرلو جب تم خود ہدایت پر ہوگے تو جو گمراہ ہوگا اس کا گمراہ ہونا تمھیں کچھ نقصان نہیں پہنچائے گا۔

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ۔١١؎

ترجمہ۔اے نبی! اپنے رب کے راستے کی طرف دعوت دو حکمت اور نصیحت کے ساتھ اور لوگوں سے مباحثہ کرو ایسے طریقے پر جو بہترین ہو تمھارا رب ہی بہتر جانتا ہے کے کون اس کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے اور کون راہ راست پر ہے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم میں جو کوئی برائی ہوتی دیکھے تو اس کو چاہئے کے وہ اس کو اپنے ہاتھ سے روکے اگر ہاتھ سے نہ روک سکے تو اس کو اپنی زبان سے روکے اور اگر زبان سے بھی نہ روک سکے تو اس کو اپنے دل میں برا جانے۔(یہ کمزور ترین ایمان کی علامت ہے)۔١٢؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بخدا اگر تمھارے سبب سے اللہ کسی ایک انسان کو بھی ہدایت دے تو یہ تمھارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔١٣؎

طارق بن شہابؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کے کون سا جہاد سب سے افضل ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ظالم بادشاہ کے سامنے کلمہ حق کہنا۔١٤؎

حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے نزدیک کون سے شہداء سب سے زیادہ مکرم ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ شخص جس نے کسی ظالم حاکم کے سامنے کھڑے ہوکر اس کو نیکی کا حکم دیا اور برائی سے روکا اور حاکم نے اس کو شہید کر دیا۔١٥؎

حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت کے دن کن لوگوں کو سب سے زیادہ عذاب ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے نبی کو

قتل کیا یا نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے روکنے والے کو قتل کیا پھر رسول اللہ ﷺ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی ! بے شک جو لوگ اللہ کی آیات کے ساتھ کفر کرتے ہیں اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے ہیں اور عدل و انصاف کا حکم دینے والوں کو قتل کرتے ہیں پھر آپ ﷺ نے فرمایا ! اے ابو عبیدہ ، بنی اسرائیل نے صبح کے اول وقت میں ۴۳ نبیوں کو قتل کیا تو نبی اسرائیل کے ۱۱۲ عبادت گزار علماء کھڑے ہوئے انھوں نے ان کو نیکی کا حکم دیا اور برائی سے روکا تو بنی اسرائیل نے اس دن کے آخری حصے میں ان سب کو قتل کر دیا۔۱۶۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ! تم میں سے کوئی شخص لوگوں کے دباؤ کی وجہ سے حق ظاہر ہونے کے بعد اس کو بیان کرنے سے اور کسی بڑی بات کا ذکر کرنے سے باز نہ رہے کیونکہ نہ لوگوں کا دباؤ موت کو قریب کرتا ہے اور نہ ہی رزق کو دور کرتا ہے۔۱۷۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ! تم ضرور نیکی کا حکم دو اور برائی سے روکو ورنہ اللہ تمھارے برے لوگوں کو تم پر مسلط کر دے گا پھر تمھارے نیک لوگ بھی دعا کریں گے تو ان کی دعائیں بھی قبول نہیں ہوں گی۔۱۸۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ! انسان کا کوئی کلام اس کے لئے نفع بخش نہیں ہوتا سوائے اس کے کہ وہ نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے اور اللہ کا ذکر کرے۔۱۹۔

تم سب راعی ہو اور تم سب سے اپنی اپنی رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔۲۰۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ! جو شخص اپنے پڑوسیوں کے نزدیک اچھا ہے وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے۔۲۱۔

حضرت مالک بن ربیعہ الساعدیؓ بیان کرتے ہیں، ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کے بنوسلمٰی کا ایک شخص آیا اور آپ ﷺ سے کہنے لگا یا رسول اللہ ﷺ کوئی ایسی نیکی ہے جو میں اپنے والدین کے فوت ہوجانے کے بعد ان کے ساتھ کرسکوں ؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا ! ان کی نماز جنازہ پڑھو، ان کے لئے مغفرت کی دعا کرو، ان کے کئے ہوئے عہد کو

ان کے مرنے کے بعد پورا کرو، اور ان کی وجہ سے ان کے رشتہ داروں سے حسن سلوک کرو اور ان کے دوستوں کی عزت کرو۔ ۲۲۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ بیان کرتے ہیں ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور جہاد میں جانے کی اجازت طلب کرنے لگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے پوچھا! کیا تمھارے ماں باپ زندہ ہیں؟ اس نے کہا کے جی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ان کی خدمت کرو تمھارے لئے یہی جہاد ہے۔ ۲۳۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اس شخص کی ناک خاک آلود ہو یہ جملہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ دھرایا صحابہ نے پوچھا! کس کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے اپنے ماں باپ دونوں کو یا کسی ایک کے بڑھاپے کو پایا اور جنت میں داخل نہ ہوا۔ ۲۴۔

ابوعثمان النھدیؓ بیان کرتے ہیں، میں نے حضرت ابو ہریرہؓ سے دریافت کیا آپ یہ کہتے ہیں کے ایک نیکی کو بڑھا کر کروڑ درجے تک پہنچا دیا جائے گا؟ تو حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا بہ خدا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے سنا ہے اللہ تعالی ایک نیکی کو ہزار ضرب ہزار (ایک کروڑ) درجے تک پہنچا دے گا۔ ۲۵۔

حضرت انس بن مالکؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اس نے بتایا کے اس نے میری رہنمائی کی اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! نیکی کی طرف رہنمائی کرنے والا بھی نیکی کرنے والے کی مثل ہے۔ ۲۶۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! جس نے امر بالمعروف کیا گویا اس نے مومنین کی کمر کو مضبوط کیا اور جس نے نہی عن لمنکر کیا گویا اس نے منافقوں اور کافروں کو ناک رگڑنے پر مجبور کردیا۔

بلاشبہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر اللہ کی صفات میں سے دو صفات ہیں لہٰذا اس کی وجہ سے نہ ہی کسی کی موت پہلے آسکتی ہے اور نہ ہی کسی کا رزق اس سے دور جا سکتا ہے۔ اللہ تعالی نے ان لوگوں پر لعنت کی ہے جو کے نیکی کا حکم تو دیتے ہیں لیکن خود اس پر عمل نہیں کرتے ہیں اسی طرح سے وہ برائی سے لوگوں کو روکتے تو ہیں لیکن خود اس کا ارتکاب بھی کرتے ہیں۔

لوگوں کو اچھائی کا حکم دو تو تم اہل خیر میں شمار کئے جاؤ گے اور برائی سے نفرت کا اظہار اپنے ہاتھ، پاؤں اور زبان سے کرو اور اپنی کوشش بھر برائی کرنے والوں سے دور رہو۔

والدین کے ساتھ نیکی بہترین عادتوں میں سے ایک ہے۔

بلاؤں پر صبر اور مصائب کو چھپانا بلاشبہ نیکی کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔

لالچ اور کنجوسی کے ساتھ کوئی نیکی نہیں۔

چار چیزیں انسان کو جنت میں لے جاتی ہیں۔ ۱۔ مصیبت کو چھپانا۔ ۲۔ چھپا کر صدقہ دینا۔ ۳۔ والدین سے نیکی کرنا۔ ۴۔ اور بکثرت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنا۔

نیکی وہ ہے کے جس سے تمھارے نفس کو تسکین پہنچے اور تمھارے قلب کو اس کے کرنے سے راحت کا احساس ہو جبکہ برائی وہ ہے کے جو کو کرنے کے بعد تمھارے سینے میں اضطراب پیدا ہو جائے۔ تنگی میں سخاوت، غصہ میں سچ اور قدرت کے باوجود معاف کرنا بہترین نیکیوں میں سے ایک ہے۔ نیک لوگوں کا مرنا خود ان کے لئے باعث راحت ہوتا ہے جبکہ فاجروں کی موت تمام عالم کے لئے باعث راحت ہوتی ہے۔ نیکی کی جزا بہت جلدی مل جاتی ہے۔ نیکی سے عمر طویل ہوتی ہے۔ نیکی کرنے والے ہمیشہ فاجروں کے اعمال سے بے زار رہتے ہیں۔ نیکی کے ذریعے رحمت کا نزول ہوتا ہے۔

جس سے نیکی قریب ہوگی اس کی شہرت دور دور تک پھیلی ہوگی۔ جس نے اپنی نیکی بانٹ دی اس کا ذکر شہرت پا گیا۔ والدین کے ساتھ نیکی بہترین عادتوں میں سے ایک ہے۔

نیکی کرنے والے ہمیشہ فاجروں کے اعمال سے بے زار رہتے ہیں۔ نیکی کے ذریعے رحمت کا

نزول ہوتا ہے ۔جس سے نیکی قریب ہوگی اس کی شہرت دور دور تک پھیلی ہوگی ۔
سب سے عمدہ نیکی وہ ہے جس کی ابتداء اپنے اہل وعیال اور رشتے داروں سے کی جائے ۔
اللہ نے ہر نیک عمل کے لئے ثواب اور ہر شے کے لئے حساب قرار دیا ہے ۔
جو محاسبہ نفس کرتا ہے وہ کامیاب ہوجاتا ہے ۔
خوشخبری ہے اس کے لئے جس نے قیامت کو یاد رکھا ،حساب وکتاب کے لئے نیک اعمال انجام دئے ،تنگ دستی میں قانع رہا اور اللہ سے راضی وخوشنود رہا ۔
امیر المومنین نے فرمایا کے جب یہ دنیا کسی پر مہربان ہوجاتی ہے تو اس شخص کو دوسروں کی خوبیاں اور محاسن بھی ادھار دے دیتی ہے اور یہی دنیا جب کسی سے منہ موڑتی ہے تو وہ اس شخص کی خوبیاں اور محاسن بھی اس سے سلب کر لیتی ہے ۔
جو شخص منحرف ہوجاتا ہے تو اس کے نزدیک برائی ، نیکی میں اور نیکی ، برائی میں تبدیل ہوجاتی ہے اور وہ شخص گمراہی کی مستی میں ڈوب جاتا ہے ۔
ہر انسان کی قدر وقیمت اس میں موجود اچھائیوں سے ہوتی ہے ۔
آپؑ نے فرمایا! اگر کسی شخص کی نیکیاں اس میں موجود عیوب سے زیادہ ہوگئیں تو وہ شخص کامیاب ہوگیا ، اگر کسی شخص کی نیکیاں اور برائیاں برابر ہیں تو وہ شخص اپنے آپ کو بچالے گا اور اگر کسی شخص کی برائیاں اس کی نیکیوں پر حاوی ہوگئیں تو وہ ہلاک ہوگیا۔
کسب حسنات ( نیکیاں اور بھلائی ) بہترین تجارت ہے ۔
دین کا سرمایہ نیکیاں اور بھلائی کے کام ہیں ۔ ہر نیکی کا اجر اور ثواب ہے ۔
اور سب سے عمدہ نیکی وہ ہے جس کی ابتداء اپنے اہل وعیال اور رشتے داروں سے کی جائے ۔۲۷ ۔
نیکی کو چھپانے سے اس کا اجر ستر گنا بڑھ جاتا ہے ۔۲۸ ۔

# نفسیاتی پہلو

نیکی کی یہ فطرت ہے کے اس کو کرنے والا چاہے اس کا تعلق کسی بھی مذہب وملت سے ہو اس کے اندرون میں اطمینان اور سکون کی کیفیات کا دور دورہ ہوتا ہے کیونکہ نیکی انسان کو حقیقی مسرت سے آشنا کرتی ہے اور اس کی پابندی کرنے والے کی شخصیت کا Charisma، اس کی شخصیت کی اثر پذیری دوسروں سے بالکل مختلف ہوتی ہے۔ایسا انسان دوسروں کے مقابلے میں پرکشش شخصیت کا مالک ہوتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۶۷۔

۳۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ المائدہ۔آیت۔۲۔

۵۔سورہ الطور۔آیت۔۲۸۔

۶۔سورہ ہود۔آیت۔۱۱۴۔

۷۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۰۴۔

۸۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۱۰۔

۹۔سورہ التوبہ۔آیت۔۷۱۔

۱۰۔سورہ المائدہ۔آیت۔۱۰۵۔

۱۱۔سورہ النحل۔آیت۔۱۲۵۔

۱۲۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری(متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۳۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی(متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

۱۴۔سنن النسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب النسائی(متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ۔بیروت۔

۱۵۔مسند بزاز۔حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی۔

۱۶۔جامع البیان ۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ) مطبوعہ دار المعرفہ بیروت ۔۱۴۰۹ھ۔
۱۷۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۔۱۳۹۸ھ۔
۱۸۔مجمع الزوائد۔حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ) مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت ۔
۱۹۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔
۲۰۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔
۲۱۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔
۲۲۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ ۔
۲۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت ۔
۲۴۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۵۔جامع البیان ۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔رقم الحدیث ۔۴۴۸۹۔مطبوعہ دار المعرفہ
۲۶۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔
صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۷۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔ص ۔۱۴۲۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔۱۴۲۴ھ۔
۲۸۔الاصول من الکافی ۔شیخ ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی (متوفی ۳۲۹ھ)۔ج ۔۴۔ص ۔۱۶۰۔
مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ تہران ۔

# ۱۹۔الحلم۔حلم

**جب اللہ کسی بندے سے محبت کرنے لگتا ہے تو اس کو سکون اور حلم کے ذریعے مزین کرتا ہے (حضرت علیؓ)**

**الحلم**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ح۔ل۔م) سے مشتق ہے۔ا۔
قرآن کریم میں اسم الحلیم (۱۱) مرتبہ آیا ہے۔
الحلم۔سے مراد متانت، وقار، سکون، عقل وتدبر اور ضبط نفس کے معانی میں مستعمل ہوتے ہیں
الحلم۔ایسی خصوصیت کو کہتے ہیں کے باوجود غم وغصے کے اس کے اظہار سے گریز کرتے ہوئے مکمل ضبط کا مظاہرہ کیا جائے۔۲۔
الحلم۔کے معانی بیان کرتے ہوئے ابن فارس نے لکھا ہے جلدی نہ کرنا یا جلدی غصے میں آکر نہ بھڑکنا۔
الحلیم۔اللہ تعالی کی ایک صفت عظیم ہے جس کے معنی ہیں کے اللہ تعالی اپنی سرکش مخلوقات کے رویے پر بھی پروقار رہتے ہیں۔
فقہائے کرام اور مفسرین نے الحلیم کی چھ تعریفات بیان کی ہیں جو درج ذیل ہیں۔
۱۔حافظ ابن جریر فرماتے ہیں الحلیم وہ ذات پاک ہے جو اپنے بندوں پر نہایت نرم اور مہربان ہے اور وہ ان کے گناہوں پر عذاب دینے میں جلدی نہیں کرتا۔۳۔
۲۔امام خطابی فرماتے ہیں الحلیم وہ ذات پاک ہے جو اتنا مہربان، نرمی برتنے والا اور معاف فرمانے والا ہے کے بندوں کے گناہ، سرکشی اور ان کی جاہلانہ باتیں بھی اس کو غصہ نہیں دلاتی ہیں۔۴۔
۳۔حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں الحلیم وہ ذات پاک ہے جو اپنے بندوں کے حق سے انکار پر بھی

بردباری (نرمی) کا مظاہرہ کرتا ہے اور انھیں مہلت عطا کرتا ہے تا کہ وہ سدھر جائیں۔ ۵؎
۴۔ شیخ سعدی فرماتے ہیں الحلیم وہ ذات پاک ہے جو اپنی مخلوقات پر ظاہری اور باطنی نعمتوں کی فروانی فرماتا ہے ان کے گناہوں، لغزشوں اور کمزوریوں سے سرف نظر فرماتا ہے، وہ بے حد مہربان اور نرمی برتنے والی ذات ہے وہ چاہتا ہے کے بندوں کو مہلت ملے تا کہ وہ اپنے برے رویے پر پشیمان ہو کر اللہ کے حضور معافی طلب کریں اور اپنی سمت کو درست کریں۔
۵۔ امام حلیمی فرماتے ہیں الحلیم وہ ذات مبارک ہے جو اپنے بندوں کے گناہوں، لغزشوں اور نافرمانیوں کے باوجود ان سے اپنی نعمتوں کو نہیں روکتا اور بندوں پر اللہ کا لطف وکرم اور مہربانی متواتر جاری رہتی ہے۔
اللہ کی ذات پاک اپنے بندوں پر بے حد مہربان اور شفیق ہے اللہ کی صفت حلیمی اپنے بندوں کے گناہوں، نافرمانیوں، کج بحثی، سرکشی اور تمام ظاہری و باطنی کمزوریوں کے نا صرف انھیں چھوٹ دیتا ہے بلکہ انھیں معاف بھی فرماتا ہے اس بات کا اندازہ اس حدیث ﷺ سے لگایا جا سکتا ہے کے صحابہ کرام نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کو وہ کون سی بات ہے جو اللہ کو بہت بری لگتی ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! جب کوئی شخص یہ کہے کے فلاں اللہ کا بیٹا ہے یا فلاں اللہ کی بیوی ہے یہ بات اللہ کو اس قدر ناپسند ہے کے اللہ چاہے تو اسی وقت اس شخص کے سر پر آسمان گرا دے یا پھر زمین پھٹ جائے اور کہنے والا اس میں سما جائے۔ ۶؎
یعنی معلوم ہوا کے باوجود قدرت کے اللہ تعالی شرک کرنے والوں کو بھی مہلت عطا فرماتے ہیں جبکہ قرآن کریم میں اللہ کی وحدانیت پر کئی آیات صراحت کے ساتھ موجود ہیں۔
مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ۔ ۷؎
ترجمہ۔ اللہ کے لئے یہ ممکن نہیں ہے کے وہ کسی کو اپنا بیٹا بنائے۔
وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا اِدًّا تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا وَمَا يَنْبَغِيْ

لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا -۸؎

ترجمہ۔ کافروں نے کہا رحمٰن نے اپنا بیٹا بنالیا بے شک تم نے یہ بہت سنگین بات کہی قریب ہے کے اس سے آسمان پھٹ پڑیں اور زمینیں ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیں اور پہاڑ لرزتے ہوئے گر جائیں کیونکہ انھوں نے رحمن کے لئے بیٹے کا دعویٰ کیا ہے اور یہ رحمن کی شان کے لائق نہیں کے وہ اپنے لئے بیٹے بنائے۔

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا -۹؎

ترجمہ۔ جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک کام کیے سو انہیں اللہ برائیوں کی جگہ بھلائیاں بدل دے گا، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ -۱۰؎

ترجمہ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہیے اے میرے بندو! جو اپنی جانوں پر زیادتیاں کر چکے ہیں اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں بے شک وہ ہی بہت بخشنے والا ہے اور رحم کرنے والا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِيْنَ فِيْهَا جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ -۱۱؎

ترجمہ۔ یقیناً جن لوگوں نے کہہ دیا! اللہ ہی ہمارا رب ہے پھر اس پر جم گئے ان کے لئے نہ کوئی خوف ہے اور نہ کوئی غم ایسے سب لوگ جنت میں داخل کئے جائیں گے جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اپنے ان اعمال کے بدلے میں جو وہ دنیا میں کرتے رہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنَّاتِ عَدْنٍ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ -۱۲؎

ترجمہ۔اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے ایسے باغوں کا وعدہ کیا ہے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں اور رہنے کے باغوں میں ستھرے گھروں کا اور اللہ کی رضامندی اس سے بھی بڑی چیز ہے اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

**ارشادات خداوندی:**

**وَاللّٰہُ شَکُوْرٌ حَلِیْمٌ ۔ ۱۳؎**

ترجمہ۔اللہ بڑا قدردان اور حلیم (بردبار) ہے۔

**وَاللّٰہُ غَنِیٌّ حَلِیْمٌ ۔ ۱۴؎**

ترجمہ۔اللہ بے پرواہ اور حلیم (بردبار) ہے۔

**تُسَبِّحُ لَہُ السَّمَاوَاتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِیْہِنَّ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ۔ ۱۵؎**

ترجمہ۔اس کی پاکی تو ساتوں آسمان اور زمین اور وہ ساری چیزیں بیان کر رہی ہیں جو آسمان اور زمین میں ہیں کوئی ایسی چیز نہیں جو اس کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح بیان نہ کر رہی ہو مگر تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے حقیقت یہ ہے کے وہ بڑا ہی حلیم (بردبار) اور درگزر کرنے والا ہے۔

**وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَکَانَ اللّٰہُ عَلِیْمًا حَلِیْمًا ۔ ۱۶؎**

ترجمہ۔اللہ تعالی جانتا ہے جو کچھ تمھارے دلوں میں ہے اللہ تعالی بڑے علیم اور حلم والا ہے۔

**وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَلِیْمٌ ۔ ۱۷؎** ترجمہ۔اللہ جاننے والا اور حلیم (بردبار) ہے۔

**وَاِنَّ اللّٰہَ لَعَلِیْمٌ حَلِیْمٌ ۔ ۱۸؎**

ترجمہ۔بے شک اللہ جاننے والا اور حلیم (بردبار) ہے۔

**اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ لَاَوَّاہٌ حَلِیْمٌ ۔ ۱۹؎**

ترجمہ۔بے شک ابراہیم نرم دل اور حلیم (بردبار) ہے۔

**اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ لَحَلِیْمٌ اَوَّاہٌ مُّنِیْبٌ ۔ ۲۰؎**

ترجمہ۔ بے شک ابراہیم حلیم (بردبار) نرم دل اور اللہ کی جانب رجوع کرنے والا ہے۔

فَبَشَّرْنَاهُ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ -۲۱۔

ترجمہ۔ہم نے ابراہیم کو ایک حلیم (بردبار) بیٹے کی بشارت دی۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود حلیم الطبع تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کفار مکہ کی سختیوں، اور بدسلوکی کا نہایت استقامت اور حلیمی سے مقابلہ کیا اور بلا آخر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حلیمی الطبع کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سخت دشمن اور مخالفین بھی اسلام قبول کرنے پر مجبور ہو گئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام انسانوں کو بھی نرمی کے ساتھ معاملات کا حکم دیا۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، میں نے دس برس تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کی اس وقت میں ایک کم سن بچہ تھا اگرچہ میں اپنے آقا کی مرضی کے مطابق ہر کام انجام نہ دیتا تھا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی بھی مجھ پر اف نہ کیا اور نہ ہی مجھ سے یہ کہا کہ تم نے ایسا کیوں کیا؟ اور ایسا کیوں نہ کیا؟۔ ۲۲۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ پہلوان وہ نہیں جو لوگوں کو پچھاڑ دے بلکہ پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھے۔ ۲۳۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، کاموں کو متانت اور اطمینان سے انجام دینا اللہ کی طرف سے ہے جبکہ جلد بازی شیطان کی وجہ سے ہے۔ ۲۴۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دو چیزیں اللہ کو بہت محبوب ہیں۔ ۱۔ حلیمی (غصہ سے مغلوب نہ ہونا)۔ ۲۔ جلد بازی نہ کرنا۔ ۲۵۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اچھی سیرت، متانت اور وقار سے کام کرنا اور میانہ روی نبوت کا چوبیسواں (۲۴) حصہ ہے۔ ۲۶۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا! وہ کچھ نصیحت

فرمائیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! غصہ نہ کیا کرو، ایسا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا

۔۲۷۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! لوگوں کو دین سیکھاؤ، انھیں خوشخبریاں سناؤ اور دشواریاں پیدا نہ کرو اور جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے تو اسے چاہیئے کے وہ خاموشی اختیار کرے۔۲۸۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! اللہ تعالی فرماتے ہیں کے اے ابن آدم جب تک تو مجھے پکارتا رہے گا میں تیرے اعمال چاہے وہ جیسے بھی ہوں میں تجھے معاف کرتا رہوں گا اور مجھے تیرے گناہوں کی کوئی فکر نہیں۔۲۹۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب فرماتے ہیں کے متقین کی علامات میں سے ایک نشانی یہ ہے کے تم ان کے پاس ایک دینی قوت، علم کی چاہت اور علم میں حلم کا مشاہدہ کرو گے۔

تم اپنی اخلاقی کمزوریوں کو اپنے حلم کے ذریعے پوشیدہ رکھو اور اپنی خواہشات سے عقل کے ذریعے لڑو۔ اس میں کوئی بھلائی نہیں ہے کے تمھارے پاس بکثرت مال و زر ہو بلکہ اس میں تمھارے لئے بھلائی ہے کے تمھارا علم بڑھ جائے اور تمھارا حلم زیادہ ہوجائے۔

بردبار کی بردباری کا سب سے پہلا عوض یہ ہے کے لوگ جاہل کے مقابل اس کے مددگار ہوجاتے ہیں۔ حلم یعنی (بردباری) خاندان ہے۔

حلم اور اطمینان نفس دو جڑواں بھائی کی مانند ہیں جنھیں اعلیٰ ہمت وجود بخشتی ہیں۔

حلم جیسی کوئی عزت نہیں۔

اگر تم حلیم الطبع نہیں تو پھر ان جیسا بننے کی کوشش کرو کیونکہ بہت ممکن ہے کے جو کسی قوم کی شباہت پیدا کرے وہ انھی لوگوں میں شمار کیا جائے۔

جس نے بردباری اختیار کی وہ کبھی اپنے کاموں میں کوتاہی نہیں کرے گا اور لوگوں کے درمیان نیک نام ہوکر زندگی بسر کرے گا۔

حلیم کی پہچان صرف غصے کے عالم میں ہوتی ہے۔حلم بافضیلت روش ہے۔

جس نے حلم اختیار کرلیا وہ سردار ہوگیا اور جو سردار ہوگیا وہ فائدہ بھی اٹھائے گا۔

حلم میں صرف بذریعہ علم ہی فائدہ ہے۔حلم سے زیادہ کوئی مفید حسب نسب نہیں۔خوش روئی حلم کی زینت ہے۔

جس نے اپنے دشمن کے مقابلے میں حلم کا مظاہرہ کیا اس نے اپنے دشمن پر کامیابی حاصل کرلی آپ سے کسی نے کہا کہ مجھے حلم سیکھائے؟ تو آپ نے فرمایا کے حلم ذلت ہے لہٰذا اگر طاقت ہوتو اس ذلت پر صبر کرو۔

حلم غصے کی آگ کو بجھا دیتا ہے۔شدید غصے میں حلم کا مظاہرہ کرنا جابر کے غصے سے محفوظ رکھتا ہے۔حلم مومن کے امور کے لئے ایک بہترین نظام ہے۔حلم،علم کا زیور اور سلامتی کا معاون ہے۔حلم ایک نور ہے جس کا جوہر عقل ہے۔

حلم ایک نور ہے جس کا جوہر عقل ہے۔حلم کمال عقل ہے۔سلامتی،حلم کا ثمر ہے۔بہترین خصلت حلم وعفت ہے۔

بلاشبہ سب سے افضل وہ شخص ہے جس نے توانائی کے باوجود بردباری اختیار کی وہ غیبت سے دور رہا اور قوت کے ہوتے ہوئے انصاف کیا۔تمھارا استحکام تمھارے ادب کے ذریعے ہے لہٰذا اس کو حلم سے زینت بخشو۔

حلیم صرف وہی ہے جس کو جب اذیت دی جائے تو وہ اس پر صبر کرے اور اگر اس پر ظلم ہوتو وہ اسے بخش دے۔

اگر کبھی تم پر غصہ غالب آجائے تو تم اس پر حلم اور وقار سے غلبہ حاصل کرو۔

جب اللہ کسی بندے سے محبت کرنے لگتا ہے تو اس کو سکون اور حلم کے ذریعے مزین کرتا ہے۔

اگر تم نے کسی احمق کے مقابلے میں حلم اختیار کیا تو گویا تم نے اس کو رنجیدہ کیا پس اپنے حلم کے ذریعے اسے مزید غمزدہ کرتے رہو۔

حسن حلم کثرت علم کی دلیل ہے۔تمھارے لئےحلم لازم ہے کیونکہ یہ ایک پسندیدہ روش ہے۔ کمال علم ،حلم ہے جبکہ کمال حلم غصہ کو پی جانا ہے۔ایسی عقل کا کوئی فائدہ نہیں جس کے ساتھ حلم نہ ہو۔ایسے اخلاق میں کوئی بھلائی نہیں جو حلم سے مزین نہ ہو۔علم کا بہترین مددگار حلم ہے۔

عقل اس وقت تک تولی نہیں جاسکتی جب تک اس کے ساتھ حلم نا ہو۔

علم اس وقت تک فائدہ مند نہیں جب تک حلم اس کے قریب نا ہو۔

جس نے تمھارے مقابل ،حلم سے تعاون طلب کرلیا گویا اس نے تم پر غلبہ پالیا اور وہ تم سے فضیلت میں بڑھ گیا۔

جس نے علم کے گھاٹ سے اپنی پیاس بجھائی اس نے گویا حلم کی چادر اوڑھ لی۔علم کا بہترین مددگار حلم ہے۔

امیر المومنین نے فرمایا کے میں نے تحمل اور بردباری کو بہادر مردوں سے زیادہ مددگار پایا ہے۔

نرمی جس چیز میں بھی ہوتی ہے اس کو سجا دیتی ہے اور جس کی سخت گیری بڑھ جاتی ہے وہ ذلیل ہوجاتا ہے۔جہالت کی زبان سخت گیری ہے۔علم میں سرفہرست نرمی ہے۔

عقلمند کے لئے ضروری ہے کے وہ اپنے تمام امور کو نرمی اور ملائمت سے انجام دے۔

نرمی جس چیز میں بھی ہوگی اس کو زینت بخشے گی۔ برکت نرمی کے ساتھ ہے۔

جب تم کسی کو سزا دو تو نرمی اختیار کرو۔سب سے افضل وہ ہے جو سب سے زیادہ نرمی کرنا جانتا ہو۔سب سے بڑی نیکی نرمی ہے۔حلم کا ثمرہ ملائمت ہے۔

انسان کی نرم طبیعت اور سخاوت اس اس کے دشمنوں میں بھی محبوب بنا دیتی ہے۔

کتنی ہی ایسی مشکلات ہیں جنھیں نرمی آسان بنا دیتی ہے۔

ہر دین کا ایک شیوہ ہوتا ہے اور اسلام کا شیوہ نرمی ہے۔

جو ملائمت اور نرمی کو بروے کار لاتا ہے اس کا رزق بڑھ جاتا ہے۔۳۰؎

# نفسیاتی پہلو

حلم ایک نور ہے جس کو عقلمند اپناتے ہیں اور اپنی شخصیت کو نرم مزاجی سے استوار کرتے ہیں کیونکہ نرم مزاج انسان کو دوست دشمن سب ہی پسند کرتے ہیں۔ اللہ نے اپنے پسندیدہ بندوں کو کئی اعلیٰ صفات سے آراستہ فرمایا ہے جس میں حلیم الطبع بھی شامل ہے تاہم نرم مزاجی ایک دینی قوت کا نام بھی ہے، اللہ تعالی اس صفت سے جس بندے کو بھی آراستہ فرماتے ہیں اس کے قلب میں اپنی کل مخلوقات کی محبت بھی ڈال دیتے ہیں ایسا بندہ اللہ کی مخلوق کی بے لوث خدمت کرتا ہے اور خلق خدا سے محبت اور ان کی خدمت اس کو اللہ کا مقرب اور دوست بنا دیتی ہے تاہم جو انسان اللہ کا دوست بن جائے تو وہ ہر دکھ، درد اور غم سے آزاد ہوجاتا ہے۔

## حوالہ کتب:


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات بالفاظ القرآن۔علامہ راغب اصفہانی (متوفی ۔)۔دارالشامیہ بیروت لبنان۔۱۴۱۶ھ۔

۳۔الجامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱)مطبوعہ دارالمعرفہ۔بیروت۔۱۴۰۹ھ۔

۴۔النہج الاسمیٰ فی شرح اسماء الحسنیٰ۔الشیخ محمد الحمود النجدی۔ج۔۱۔ص۔۲۷۴۔مکتبہ الامام الذہبی الکویت۔

۵۔تفسیر ابن کثیر۔علامہ امام ابوالفدا عماد الدین حافظ ابن کثیر (متوفی ۸۸۴ھ) تفسیر سورہ فاطر۔
آیت۔۴۔داالفکر بیروت۔۱۴۱۹ھ.

۶۔حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۷۔سورہ مریم۔آیت۔۳۵۔

۸۔سورہ مریم۔آیت۔۸۸۔۹۲۔

۹۔سورہ الفرقان۔آیت۔۷۰۔

۱۰۔سورہ الزمر۔آیت۔۵۳۔

۱۱۔سورہ الاحقاف۔آیت۔۱۴۔

۱۲۔سورہ توبہ۔آیت۔۷۲۔
۱۳۔سورہ تغابن۔آیت۔۱۷۔
۱۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۶۳۔
۱۵۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔ ۴۴۔
۱۶۔سورہ احزاب۔آیت۔۵۱۔
۱۷۔سورہ النسا۔آیت۔ ۱۲۔
۱۸۔سورہ الحج۔آیت۔۵۹۔
۱۹۔سورہ توبہ۔آیت۔ ۱۱۴۔
۲۰۔سورہ ہود۔آیت۔۷۵۔
۲۱۔سورہ الصّف۔آیت۔۱۰۱۔
۲۲۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۲۳۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۲۴۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۲۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۲۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۸۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۲۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۳۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۵۴۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۲۰۔الکرم۔کرم

## اچھا اخلاق کریم النسب ہونے کی دلیل ہے (حضرت علیؓ)

**الکرم**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ک۔ر۔م) سے مشتق ہے۔ا؎

قرآن کریم میں اسم الکریم (۳) مرتبہ آیا ہے۔

**الاکرام والکریم**۔اے مراد کسی کو اس طرح سے فائدہ یا نفع پہنچایا جائے کے اس کی عزت نفس مجروح نہ ہو اور نفع بھی بلند اور مشرف ہو اس نفع میں ہر قسم کی بھلائی، نیکی، خیر اور فضیلتیں پنہاں ہوں۔

الکریم۔کے ایک معانی آزاد، شریف، نجیب، سخی، نرم خو، مخلص، وسیع القلب، وسیع النظر، وسیع الذہن، وسیع الظرف اور خلیق ہو نیز ان صفات سے آراستہ شخص احکامات خداوندی کی خلاف ورزی سے گریزاں ہو اور اس کے قلب میں خشیت الٰہی ہو۔

الکریم۔سے مراد سخاوت کے بھی ہیں۔

الکریم۔کے ایک معانی عمدہ حسب نسب رکھنے والا ایسا انسان جس کے رگ و ریشے میں خاندانی شرافت رچی بسی ہو اور وہ بے شمار پسندیدہ صفات سے آراستہ ہو۔

الکریم۔عربی زبان میں الکریم ایسے گھوڑے کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے جو راہ خدا میں اللہ کے دشمنوں سے جہاد میں حصہ لے۔

الکریم۔عربی زبان میں الکریم ایسے اونٹ کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے جس پر دور سے پانی لاد کر لایا جائے۔

الکریم۔کے ایک معانی پسندیدہ اور منتخب کے بھی ہیں۔

الکریم۔سے مراد اچھی اور کثیر بارش کے ہیں۔

کرم السحاب تکریما۔ سے مراد بادل خوب اچھی طرح سے برسے۔
ارض مکرمہ۔ سے مراد ایسی زمین جس میں کھاد ڈالی جائے اور وہ زرخیز زمین میں تبدیل ہو جائے۔
مکہ مکرمہ۔ ایسا شہر جو باعظمت وعزت ہو۔
قرآن کو اللہ نے کریم کہا ہے جس کی کرامت اور بزرگی سے لوگوں کو ہدایت حاصل ہو اور لوگوں کی عاقبت سنور جائے۔
الکرم۔ کی ضد کمینگی ہے کیونکہ عربوں میں کمینگی کی بدترین خصلت پائی جاتی تھی وہ اپنے دشمنوں کو ذلیل ورسوا کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نا جانے دیتے تاہم ایسے سماج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسلام کا پیغام پہنچاتے ہوئے یہ کہنا کے اپنے دشمنوں کو معاف کردو اور ان سے بدلہ نہ لو حیران کن تھا یعنی قوم کی عزت، جان اور مال کی گرانقدر حفاظت کا انتظام اور اجتماعی طور پر رفاہ عامہ کے لئے خرچ کرنا یا کوئی بھی نیکی کا کام جس سے سب کو فائدہ ہو کرم کہلاتا ہے کیونکہ کریم بغیر کسی ذاتی منفعت کے نہایت خلوص نیت سے لوگوں کے کام آتا ہے
۔۲۔ اللہ کی صفت الکریم نظام کائنات میں ہر جگہ نفوذ پذیر ہے اور اس اسم کی عمل داری ہمہ وقت قائم ودائم ہے۔ الکریم اللہ کا ایک صفاتی اسم مبارک ہے۔
جس کی علماء کرام نے درج ذیل (۱۶) تعریفات بیان کی ہیں۔
۱۔ ذات الکریم بغیر کسی عوض کے عطا کرتا ہے۔
۲۔ ذات الکریم بغیر کسی سبب کے عنایت کرتا ہے۔
۳۔ ذات الکریم اسباب اور وسائل کا محتاج نہیں۔
۴۔ ذات الکریم اپنے سب بندوں کو نوازتا ہے چاہے بندہ اس کا فرمانبردار ہو یا نافرمان۔
۵۔ ذات الکریم جو احسانات کو جتاتا نہیں۔
۶۔ ذات الکریم جو دیتا بھی خود ہے اور تعریف بھی خود ہی کرتا ہے۔

۷۔ذات الکریم کی نعمتیں سب کے لئے عام ہیں۔
۸۔ذات الکریم اپنے ان بندوں کو بھی نوازتا ہے جو اس کا انکار اور اس سے کفر کرتے ہیں۔
۹۔ذات الکریم اپنے بندوں کو ان کی طلب سے پہلے ہی عطا کرتا ہے۔
۱۰۔ذات الکریم اپنے ناشکرے بندوں کو بھی نوازتا ہے۔
۱۱۔ذات الکریم سزا پر قدرت کے باوجود اپنے بندوں کو معاف اور ان پر نظر کرم فرماتا ہے۔
۱۲۔ذات الکریم اپنے کئے ہوئے وعدے پورے کرتا ہے۔
۱۳۔ذات الکریم کے سامنے اس کی مخلوق اپنی تمام حاجات پیش کرتی ہیں۔
۱۴۔ذات الکریم اپنے بندوں کو عافیت اور پناہ دیتا ہے وہ اپنے بندوں کو بے آسرا نہیں چھوڑتا۔
۱۵۔ذات الکریم کی ایک صفت اگرچہ غیض وغضب کی بھی ہے لیکن اس کا رحم وکرم اس کے غضب پر حاوی ہے۔
۱۶۔ذات الکریم کے یہاں عدل وانصاف کا نظام قائم ہے اور وہ اپنی مخلوق سے عدل وانصاف کا معاملہ فرماتا ہے۔

## قرآن کریم

اللہ نے قرآن کے لئے کریم کا لفظ استعمال کیا ہے۔
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
اِنَّہٗ لَقُرْاٰنٌ کَرِیْمٌ۔۳؎
ترجمہ۔بے شک یہ عزت اور (بزرگی والا) قرآن کریم ہے۔
اس عظیم الشان قرآن کریم میں حکمت، نصیحت، نجات، عزت، ہدایت، بشارت، رحمت، بزرگی، نور، شفا اور حق وباطل میں فرق موجود ہے، یہ ایک مبارک کلام ہے جو اپنے پڑھنے اور سمجھنے والوں کے لئے راہ نجات کا سامان مہیا کرتا ہے اس کلام کا پڑھنے والا اپنے اللہ کا مقرب اور

دوست بن جاتا ہے۔

## حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم

حضرت علیؓ یا کریم کا ورد بکثرت دل میں کیا کرتے چنانچہ وہ اس اسم مبارک کے عامل ہو گئے اور اسی نسبت سے انھیں حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم کہا جانے لگا جبکہ دیگر صحابہ کرام کے لئے رضی اللہ تعالی عنہ کہا جاتا ہے حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم ایک انگھوٹھی پہنا کرتے جس پر اللہ کا صفاتی اسم مبارک یا کریم لکھا ہوا تھا۔

## تکریم انسانیت

تکریم انسانیت کا Fundamental Right اللہ نے ہر انسان کو عطا فرمایا انسان دیگر مخلوقات میں قابل عزت اور اشرف ہے اور یہ عزت، شرف اور بزرگی اس کو علم کی بنیاد پر حاصل ہوئی۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا۔ [۴]

ترجمہ۔ہم ہی نے بنی آدم کو فضیلت دی اور ان کو بحر و بر میں اٹھائے پھرے اور ان کو عمدہ عمدہ چیزوں سے رزق دیا اور ان کو ہم نے بہت سی مخلوقات پر فضیلت دی۔

اللہ تعالی کا یہ خطاب کل بنی نوع انسانیت سے ہے جس میں مرد و عورت دونوں ہی شامل ہیں واضح رہے انسان کو اللہ تعالی نے روئے زمین پر ایک بڑی ذمہ داری دے کر بھیجا ہے۔

مفسرین لکھتے ہیں کے خلیفہ مالک نہیں ہوتا بلکہ وہ کسی کی ملک میں اللہ کے تفویض کردہ اختیارات کو اس کے ایک نائب کی حیثیت سے استعمال کرتا ہے پھر اس کے اختیارات ذاتی بھی نہیں ہوتے بلکہ اصل مالک کے عطا کردہ ہوتے ہیں لہذا نائب اپنی من مانی یا حکم عدولی نہیں کر سکتا اگر وہ ایسا کرے گا تو یہ بات بغاوت یا غداری کے زمرے میں شامل ہوگی۔

اللہ تعالی نے جن اسماء الہیہ کا علم حضرت آدم کو عطا کیا انھی اسماء کے علم کو روحانیت کی اصطلاح میں علم لدنی کہتے ہیں۔

ارشاد خداوندی ہے!

وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ۔۵۔

ترجمہ۔(اللہ) نے آدم کو تمام نام بتادئے۔

یعنی جب اللہ تعالی نے علم کی تقسیم کی تو سب سے پہلے اپنی صفاتی ناموں کا تعارف کرایا تاہم ان ہی ناموں کو اسمائے صفاتی کہا جاتا ہے اور یہی نام وہ علم ہیں جو اللہ تعالی کے علم کے عکاس ہیں اگرچہ صفت کی تعریف میں یہ بتانا ضروری ہے کے اللہ تعالی کی ہر صفت کے ساتھ قدرت اور رحمت کی صفات بھی جمع ہیں جیسے بصیر، سمیع، رزاق، ربانیت کے ساتھ قدرت اور رحمت شامل ہے بالفاظ دیگر اللہ کی کوئی صفت قدرت اور رحمت کے بغیر نہیں جیسے کے صفت بصیر میں اللہ تعالی کو کائنات میں کامل قدرت اور کامل خالقیت حاصل ہے کیونکہ اللہ کے تمام اسم ایک تجلی (نور) ہیں پھر اس تجلی کے ساتھ دو مزید تجلیات کا اضافہ گویا ہر اسم تین تجلیات کا مجموعہ ہے۔

۱۔ایک تجلی صفت اسم کی۔

۲۔دوسری تجلی صفت قدرت کی۔

۳۔اور تیسری تجلی صفت رحمت کی۔

اسی حوالے سے ارشاد رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک اللہ تعالی نے حضرت آدم کو اپنی صورت پر پیدا کیا ہے۔۶۔

اللہ کو اپنے بندوں کی عزت اور وقار اس قدر عزیز ہے کے اللہ نے اپنے بندوں سے بارہا فرمایا کے جو بھی مانگنا ہے وہ صرف اور صرف اللہ سے مانگو کسی غیر کے آگے ہاتھ پھیلا کر اپنی عزت

وتکریم کو کم یا ختم نہ کرو جب ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر نمک ختم ہوجائے یا تمھارے جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے تو تم اللہ سے ہی مانگو، اسی طرح سے انسان جب اللہ کے قاعدے، قوانین اور عبادت کا پابند ہوجاتا ہے تو پھر ایسے پسندیدہ انسان کے لئے اللہ فرماتے ہیں:

اِنَّ اَکۡرَمَکُمۡ عِنۡدَاللّٰہِ اَتۡقَاکُمۡ ۔۷؎

ترجمہ۔ اللہ کے یہاں وہی شخص زیادہ عزت کا مستحق ہے جو تم میں سب سے زیادہ متقی (پرہیزگار) ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی خطبہ حج کے موقع پر فرمایا! کسی گورے کو کالے پر اور کالے کو گورے پر کوئی فضیلت نہیں مگر صرف تقویٰ کی بنیاد پر۔

## کریم روزی

پاک حلال طیب روزی کے حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَّرِزۡقٌ کَرِیۡمٌ ۔۸؎ ترجمہ۔ بہترین (پاکیزہ) رزق۔

اسلام اپنے ماننے والوں کو رزق کریم کے حصول کی بار بار تاکید کرتا ہے۔

رزق کریم کی بھی دو اقسام ہیں:

ا۔ رزق کو حلال ذریعے سے کمانا۔

۲۔ پاکیزہ اور حلال طیب غذاؤں کو کھانا۔

کسی بھی صالح معاشرے میں یہ دونوں ہی اجزاء اہم ترین ہیں کیونکہ انسانی صحت کا دارومدار اور سماجی سطح پر رزق حلال کا حصول یہ دونوں ہی محرکات کسی بھی سماج کو سدھارنے میں نہایت اہم کردار ادا کرتے ہیں اسلام کا پیغام مختصر اور جامع ہے لیکن اس پیغام میں نہایت گہری حکمتیں پوشیدہ اور مستور ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

يَآاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ۔ ۹؎

ترجمہ۔اے لوگو! جو زمین میں ہے اس میں سے حلال طیب کھاؤ اور شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو، بے شک وہ تمھارا کھلا دشمن ہے۔

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔ہم نے تمھارے لئے زمین میں روزی کے ذرائع (پیدا) کئے ہیں۔

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ۔ ۱۱؎

ترجمہ۔اس میں سے کھاؤ جو اللہ نے حلال اور پاکیزہ دیا ہے، اور اللہ کی نعمت کا شکر ادا کرو، اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو۔

**ارشادات خداوندی:**

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔وہ مالک ہے عرش کریم کا۔

فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔بے شک میرا رب غنی اور کریم ہے۔

يَآاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔اے انسان! کس چیز نے تجھے اپنے رب کریم کی طرف سے دھوکے میں ڈال دیا۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:**

حضرت سلیمانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک تمھارا رب حیادار کریم ہے جب بندہ اس کی طرف دونوں ہاتھ اٹھاتا ہے تو وہ ان کو خالی لوٹانے سے حیا فرماتا ہے۔ ۱۵؎

# امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب نے فرمایا! کریم النفس لوگوں کی روش سخاوت ہے اور انسان کی سخاوت اسے دشمنوں میں بھی محبوب بنا دیتی ہے جبکہ اس کا بخل اس کو اس کی اولاد میں بھی قابل نفرت بنا دیتا ہے۔

امیر المومنین نے فرمایا! کرم، رحم سے زیادہ مہربان ہے۔

کریم کا سب سے عمدہ کام (لوگوں کے ) متعلق اپنی معلومات سے غفلت ہے۔

کرم کا سب سے زیادہ مستحق وہ ہے جس کے ذریعے کریم پہچانے جائیں۔تقوی جیسا کوئی کرم نہیں۔

جب آپؑ سے پوچھا گیا! کریم کون ہے؟ تو آپؑ نے فرمایا! جو نادار کو فائدہ پہنچائے۔

بہترین اخلاق اظہار کرم ہے۔کریم اپنی نیکی کی قیمت کبھی قبول نہیں کرتا۔

بھوک کے وقت کریم کی طاقت اور حملے سے ڈرو اور ذلیل جب سیر ہو تو اس وقت سے ڈرو۔

کرم ذہانت کی خوبی ہے جبکہ غفلت بدبختی ہے۔اپنے آپ کو کرم کرنے والا اور سختیوں کا عادی بناؤ اس طرح سے تمھارا نفس شریف ہو جائے گا اور تمھاری آخرت سنور جائے گی اور تمھاری تعریف کرنے والے بڑھ جائیں گے۔کریم جب وعدہ کرتا ہے تو اسے پورا کرتا ہے اور جب کبھی دھمکی دیتا ہے تو معاف کر دیتا ہے۔کریم جب بھی تمھارا محتاج ہوتا ہے تو وہ تمھیں معاف کر دیتا ہے اور جب کبھی تم اس کے محتاج ہوتے ہو تو وہ تمھاری حاجت کو پورا کرتا ہے۔کریم اپنی عزت کو اپنے مال کے ذریعے سے بچاتا ہے جبکہ ذلیل اپنا مال اپنی عزت کے ذریعے بچاتا ہے۔کریم دسترس کے باوجود معاف کر دیتا ہے اور جب اس کے پاس اقتدار ہو تو وہ عدل سے کام لیتے ہوئے اپنی زبان وقابو میں رکھتا ہے اور اپنی نیکیوں کو عام کر دیتا ہے۔کریم کی کامیابی عدل اور احسان ہے۔کریم کی سزا ذلیل کی معافی سے بہتر ہے۔

کریم لوگوں کو کھلانے میں جبکہ ذلیل لوگوں سے کھانے میں میں سرور محسوس کرتے ہیں۔

جسے بزرگی اچھا نا بنا سکے اس کو اہانت اور بے عزتی سدھار دیتی ہے۔
کریم عطا کر کے مسرور ہوتا ہے جبکہ ذلیل سزا دینے سے مسرور ہوتا ہے۔
انسان کے کرم پر اس کی خوش خلقی اور نیکیوں کو دلیل بنایا جا سکتا ہے۔بہترین کرم بغیر بدلے کے عطا ہے۔کریم اپنے احسانات کے ذریعے ظاہر ہوتا ہے۔جلدی معاف کرنا کریموں کا شیوہ ہے۔کریم کی حکمرانی اس کے فضائل کا اظہار ہے۔ذلیلوں کی حکمرانی، کریموں کے لئے باعث ذلت ہوتی ہے۔
اپنی ضروریات کے لئے تم پر لازم ہے کے کریم النفس اور بااصول لوگوں سے رجوع کرو کیونکہ ان کے پاس تمھاری ضروریات بغیر کسی منت اور سماجت کے پوری ہو جائیں گی۔کریم کبھی انتقام میں جلدی نہیں کرتے۔
کریم کے اخلاق کتنے بلند اور ذلیلوں کے اطوار کتنے تکلیف دہ ہوتے ہیں۔
بدترین ظلم کریم افراد پر ظلم ہے۔
سخاوت کے ذریعے لوگ سردار بن جاتے ہیں اور سب سے بڑی سخاوت لوگوں تک ان کا حق پہنچا دینا ہے۔اچھا اخلاق کریم النسب ہونے کی دلیل ہے، اچھا اخلاق دین کا بہترین حصہ ہے۔۱۶

## نفسیاتی پہلو

کرم رحم سے زیادہ مہربان ہے۔بہترین اخلاق اظہار کرم ہے۔
کریم کبھی بھی اپنی نیکی کی قیمت وصول نہیں کرتا ہے۔
اپنے آپ کو کرم، خساروں اور سختیوں کو برداشت کرنے کا عادی بناؤ کیونکہ اس سے تمھارا نفس شریف ہو جائے گا۔کرم کرنے سے تمھاری آخرت سنور جائے گی اور تعریف کرنے والے بڑھ جائیں گے۔کریم جب وعدہ کرتا ہے تو پورا کرتا ہے اور جو اس کو دھمکی دیتا ہے تو وہ اس کو معاف کر دیتا ہے اور جب تم اس کے محتاج ہو جاتے ہو تو وہ تمھاری حاجت روای کرتا ہے۔

کریم وہ ہے جو اپنی عزت کو اپنے مال کے ذریعے بچاتا ہے جبکہ بدترین وہ ہے جو اپنا مال اپنی ناموس کے ذریعے بچاتا ہے۔ بہترین کرم بغیر بدلے کے عطا کرنا ہے کریم وہ ہے جو اپنے احسان کے ذریعے پہچانا جائے۔۱۷۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الواقعہ۔آیت۔۷۷۔

۴۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۷۰۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۳۱۔

۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۷۔سورہ الحجرات۔آیت۔۱۳۔

۸۔سورہ انفال۔آیت۔۴۔

۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۶۸۔

۱۰۔سورہ الحجر۔آیت۔۲۰۔

۱۱۔سورہ النحل۔آیت۔۱۱۴۔

۱۲۔سورہ المومنون۔آیت۔۱۱۶۔

۱۳۔سورہ النمل۔آیت۔۴۰۔

۱۴۔سورہ الانفطار۔آیت۔۶۔

۱۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔

۱۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

۱۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۴۰۷۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

## ۲۱۔الاخوۃ۔اخوت یا (مواخاۃ)

**بہترین بھائی اور دوست وہ ہے جس کو کھو دینے کے بعد جینے کی آرزو نہ رہے (حضرت علیؓ)**

**اخوت**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ا۔خ۔و) سے مشتق ہے۔

اخوت۔کے معانی بھائی چارہ کے ہیں۔

اخ یا اخی۔عربی زبان میں بھائی کو کہتے ہیں۔

الاخ۔اخیتہ سے مشتق ہے جس کے معنی کسی رسی یا آہنی تار کے دونوں سروں کو زمین میں دبا دینا اور اس کے نتیجے میں رسی یا آہنی تار کا جو حلقہ بنتا ہے اس کو اخیتہ کہا جاتا ہے، کیونکہ اس حلقے میں جانوروں کو باندھا جاتا ہے۔ا؎

اخ۔سے مراد ایک حلقے میں جڑے ہوئے انسان یا ایک کھونٹے میں بندھے ہوئے انسان ہیں۔

اخ۔اس انسان کے لئے بولا جاتا ہے جو باہمی قبیلہ، خاندان، دین، صفات، معاملات یا محبت میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوں۔

اخ۔کچھ ماہرین کے مطابق اس کا مادہ وخیٰ ہے جس کے معانی ہم مقصد۔۲؎

اخ۔کا مونث اخت ہے۔۳؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

يَآ أُخْتَ هَارُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا ۔۴؎

ترجمہ۔اے ہارون کی بہن! نہ تمہارا باپ بدکردار تھا اور نہ ہی تمہاری ماں بدچلن تھی۔

اخوان۔کا متضاد اعدا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۪ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰیٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۔۵؎

ترجمہ۔ سب مل کر اللہ کی رسی مضبوط پکڑو اور پھوٹ نہ ڈالو، اور اللہ کا احسان اپنے اوپر یاد کرو جب کہ تم آپس میں دشمن تھے پھر تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی پھر تم اس کے فضل سے بھائی بھائی ہو گئے، اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے پر تھے پھر تم کو اس سے نجات دی، اس طرح تم پر اللہ اپنی نشانیاں بیان کرتا ہے تا کہ تم ہدایت پاؤ۔

اسلام سے قبل تمام عرب میں دشمنی اور نفرت کی ایک فضاء قائم تھی تاہم عرب اپنی آپس کی دشمنی کو برسوں نبھاتے تھے اور یہ دشمنیاں نسل در نسل منتقل ہوتیں جس کے نتیجے میں بے انتہاء خون خرابہ ہوتا لیکن جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دین اسلام کی دعوت دی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسلام لانے والوں سے یہ کہا کے تم اپنی آپس کی دشمنی کو بھول جاؤ اور اللہ کی خاطر ایک دوسرے کو معاف کر دو چنانچہ مسلمانوں نے اللہ کی خوشنودی کی خاطر ایک دوسرے کے خون کو معاف کر دیا اور آپس میں بھائی بھائی بن گئے یہ سب اتنا آسان نہ تھا لیکن اللہ نے ان کے دلوں میں ایک دوسرے کی محبت کو نا صرف پیدا کیا بلکہ انھوں نے اپنی پرانی دشمنی کو بھلا دیا۔

**ارشادات خداوندی:**

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْكُمْ ۔۶؎

ترجمہ۔ مومنین تو آپس میں بھائی بھائی ہیں لہٰذا اپنے بھائیوں کے درمیان تعلقات کو درست کرو۔

وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا ۔۷؎

ترجمہ۔تم پر جو اللہ کا انعام ہے اس کو یاد کرو جب تم آپس میں ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اللہ نے تمھارے قلوب میں محبت ڈال دی اور تم آپس میں بھائی بھائی بن گئے۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۚ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۚ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۔۸؎

ترجمہ۔ان کے قلوب میں محبت پیدا کر دی گئی تاہم اگر آپ ﷺ اس کام کے لئے دنیا بھر کا مال بھی خرچ کر دیتے تو یہ ناممکن تھا لیکن اللہ نے ان کے درمیان باہم محبت پیدا کر دی بے شک وہ زبردست حکمت والا ہے۔

وَاِنْ طَآئِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۔۹؎

ترجمہ۔اگر مؤمنین کے دو گروہ باہم جنگ کریں تو ان میں صلح کرادو۔

اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۔۱۰؎

ترجمہ۔یہ تمھاری امت حقیقت میں ایک ہی امت ہے اور میں تمھارا رب ہوں پس تم میری عبادت کرو مگر انھوں نے آپس میں اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

وَمَا كَانَ النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۔۱۱؎

ترجمہ۔ابتداء میں سارے انسان ایک ہی امت تھے بعد میں انھوں نے مختلف عقائد اور مسلک بنالئے، اگر ایک بات تمہارے پروردگار کی طرف سے پہلے نہ ہو چکی ہوتی تو جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے ہیں ان میں فیصلہ کر دیا جاتا۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۚ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰي شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۔۱۲؎

ترجمہ۔ اللہ کی رسی کو سب مل کر مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ نہ پڑو اللہ کے اس احسان کو یاد کرو جو اس نے تم پر کیئے تم ایک دوسرے کے دشمن تھے اس نے تمھارے دل جوڑ دئے اس کے فضل وکرم سے تم بھائی بھائی بن گئے تم آگ سے بھرے ہوئے ایک گڑھے کے کنارے کھڑے تھے اللہ نے تم کو اس سے بچالیا اور اس طرح اللہ اپنی آیات تم سے کھول کھول کر بیان کرتا ہے تا کہ تم فلاح کا راستہ پاؤ۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صَالِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو یہ پیغام دے کر بھیجا کے اللہ کی عبادت کرو۔

اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ بے شک فضول خرچ کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا گیا (جب آپ ابتداء مدینہ منورہ آئے تھے) اگر آپ عبداللہ بن ابی کے پاس تشریف لے جائیں (تو اچھا ہو)، پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دراز گوش پر سوار ہو کر اس کے پاس گئے، دیگر مسلمان بھی آپ کے ساتھ ہو گئے، وہ بنجر زمین تھی، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں پہنچے تو اس نے کہا مجھ سے دور ہٹو، تمہاری سواری کی بدبو مجھے ایذاء پہنچا رہی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جو انصار مسلمان تھے ان میں سے ایک نے کہا کے قسم ہے اللہ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشبو تم سے بہت زیادہ اچھی ہے۔ عبداللہ بن ابی کی قوم کا ایک شخص یہ سن کر غصہ میں آ گیا اور اس انصاری کو گالی دی پھر دونوں طرف سے فریق غضب میں آ گئے اور وہ ایک دوسرے کو ڈنڈوں، ہاتھوں اور جوتوں سے مارنے لگے جب ہم تک یہ خبر پہنچی تو اس وقت یہ آیت نازل ہوئی! اگر مؤمنوں کے دو گروہ باہم جنگ کریں تو ان میں صلح کرا دو۔ ۱۵؎

حضرت سہل بن سعدؓ بیان کرتے ہیں، اہل قباء آپس میں لڑ پڑے حتیٰ کے انہوں نے ایک دوسرے پر پتھراؤ کیا جب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک یہ خبر پہنچی تو آپ نے فرمایا! چلو ہم ان کے درمیان صلح کرادیں۔١٦؎

## حضرت امام حسنؓ کا حضرت معاویہؓ سے صلح:

حسن بصری بیان کرتے ہیں قسم اللہ پاک کی جب حضرت حسن بن علیؓ (حضرت معاویہؓ کے مقابلہ میں) پہاڑوں کی مانند لشکر لے کر پہنچے تو حضرت عمرو بن العاصؓ نے حضرت معاویہؓ سے کہا کے میں ایسا لشکر دیکھ رہا ہوں جو اپنے مقابل کو شکست دیئے بغیر واپس نہیں جائے گا، حضرت معاویہ نے کہا (اور وہ ان دونوں میں زیادہ بہتر تھے) کے اگر اس لشکر نے اس لشکر کا صفایا کر دیا تو میری کس پر حکومت ہوگی، عورتوں کی کفالت کون کرے گا، لوگوں کی زمینوں اور ان کے بچوں کی حفاظت کون کرے گا؟ پھر حضرت معاویہ نے حضرت امام حسنؓ کے پاس دو سفیر بھیجے جن کا تعلق قریش کی شاخ بنو عبد شمس کے ساتھ تھا۔عبد الرحمان بن سمرہ اور عبد اللہ بن عامر، حضرت معاویہ نے ان دونوں سے کہا تم حضرت حسن بن علیؓ کے پاس جاؤ اور ان کے سامنے صلح کی پیش کش کرو اور ان سے اس معاملہ میں گفتگو کرو چنانچہ وہ دونوں گئے اور آپ سے گفتگو کر، حضرت حسن بن علیؓ نے فرمایا! ہم بنو عبد المطلب سے ہیں اور ہم نے (اپنے دور خلافت میں) اس مال کو حاصل کیا ہے اور یہ قوم اپنے خون میں لتھڑی ہوئی ہے ان دونوں نے کہا حضرت معاویہؓ آپ کی خدمت میں اتنا اتنا مال پیش کرتے ہیں اور صلح کا مطالبہ اور اس کا سوال کرتے ہیں، حضرت امام حسنؓ نے فرمایا کے اس مال کی ادائیگی کا کون ضامن ہے؟ ان دونوں نے عرض کیا کے ہم ضامن ہیں، حضرت امام حسنؓ نے ان سے جس چیز کا بھی سوال کیا ان دونوں نے کہا کے ہم اس کے ضامن ہیں، پھر حضرت امام حسنؓ نے حضرت معاویہ سے صلح کر لی، حضرت امام حسنؓ نے کہا میں نے حضرت ابوبکر صدیقؓ سے سنا ہے، وہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر خطبہ دے رہے تھے اور

حضرت امام حسن بن علیؓ آپ کے پہلو میں تھے، آپ ﷺ کبھی لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے اور کبھی حضرت امام حسنؓ کی جانب پھر آپ ﷺ فرمایا! میرا یہ بیٹا سید ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں صلح کرائے گا۔ ۱۷؎

حافظ اسماعیل بن عمرو بن کثیر دمشقی متوفی 774ھ روایت کرتے ہیں، سفیان بن اللیل بیان کرتے ہیں، جب حضرت حسن بن علیؓ کوفہ سے مدینہ آئے تو میں نے ان سے کہا اے مؤمنین کو ذلیل کرنے والے تو حضرت امام حسنؓ نے فرمایا کے ایسے نا کہو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے، دن اور رات کا سلسلہ اسی طرح چلتا رہے گا حتیٰ کہ معاویہؓ حکمران بن جائیں گے پس میں نے جان لیا کے اللہ کا حکم نافذ ہونے والا ہے تاہم میں نے اس بات کو ناپسند کیا کے میرے اور ان کے درمیان مسلمانوں کو خون بہایا جائے۔ ۱۸؎

حارث اعور بیان کرتے ہیں، حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم جب صفین سے لوٹے تو آپ نے فرمایا! اے لوگو معاویہ کی حکومت کو ناپسند نہ کرنا کیونکہ اگر تم نے ان کو کھو دیا تو تم دیکھو گے کے تمہارے سر تمہارے کندھوں سے اس طرح کٹ کٹ کریں گے جس طرح حنظل کے پھل درخت سے گرتے ہیں۔ ۱۹؎

امام بیہقی نے کہا وہ جماعتیں اسلام کا دعویٰ کریں گی اور رسول اللہ ﷺ کی یہ پیشین گوئی جنگ صفین پر منطبق ہوتی ہے۔ ۲۰؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک دو عظیم جماعتیں باہم عظیم جنگ نہیں کریں گے جبکہ ان دونوں جماعتوں کا دین واحد ہوگا۔ ۲۱؎

حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت کیا ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میری امت کے دو گروہوں گے، ایک گروہ ان دونوں سے خارج ہوجائے گا یعنی (خوارج) اور دونوں گروہوں

میں سے جو گروہ حق کے زیادہ قریب ہوگا وہ ان خوارج کو قتل کرے گا۔ ۲۲۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، ہر مومن دوسرے مومن کا بھائی ہے اور ان کی مثال ایک جسم کی سی ہے اگر جسم کے کسی حصے میں تکلیف ہو تو سارا جسم درد محسوس کرتا ہے۔ ۲۳۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مکہ سے ہجرت فرما کر مدینے آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مہاجرین اور انصار کے درمیان مواخات (بھائی چارہ) قائم کیا اور ایک مہاجر اور ایک انصار کو بھائی بھائی بنایا تاکہ صاحب حیثیت انصار کمزور مہاجرین کی مدد کریں اور انھیں مالی اور اخلاقی مدد فراہم کریں چنانچہ اس بھائی چارے کے قائم ہونے کے بعد بہت جلد مہاجرین اپنے پیروں پر کھڑے ہونے میں کامیاب ہوئے تاہم دنیا میں اس مواخات کی مثال نہیں۔
حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے وہ اس پر ظلم نہ کرے اور نہ ہی اس کو رسوا کرے جو شخص اپنے بھائی کی ضرورت کو پورا کرنے میں لگا رہتا ہے اللہ تعالی اس کی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور جو شخص کسی مسلمان پر سے مصیبت کو دور کرتا ہے اللہ تعالی قیامت کے دن اس کے مصائب کو دور فرمائیں گے اور جو شخص کسی مسلمان کا پردہ رکھتا ہے قیامت کے دن اللہ تعالی اس کے عیب کا پردہ رکھیں گے۔ ۲۴۔
حضرت ابوموسیٰؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ایک مومن دوسرے مومن کی لئے دیوار کی طرح ہے کیونکہ اس کے اجزاء ایک دوسرے کو مضبوط کرتے ہیں۔ ۲۵۔
حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ شخص مومن نہیں ہے جو خود تو سیر ہو کر کھانا کھائے لیکن اس کا پڑوسی اس کے برابر میں بھوکا رہے۔
حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے اپنے مسلمان بھائی کو اس کے کسی گناہ پر شرمندہ کیا۔
(امام احمد رضا نے کہا ایسا گناہ جس کی وہ توبہ کر چکا ہو) تو وہ شخص اس وقت تک نہیں مرے گا

جب تک کے وہ اس گناہ کا ارتکاب خود نہ کر لے۔۲۶

# امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! بدترین بھائی وہ ہے جو اپنے بھائی سے کچھ مانگنے میں شرم اور تکلف محسوس کرے۔

نظام مروت بہترین بھائی چارگی اور نظام دین بہترین یقین ہے۔

جس شخص کی اذیت سے تم محفوظ ہو تمھیں اس کی برادری اور دوستی کا مشتاق ہونا چاہئے۔

بدترین بھائی وہ ہے جس کے لئے تمھیں زحمت اٹھانا پڑے۔

تمھارا سب سے اچھا بھائی وہ ہے جو تمھارے ساتھ تعاون کرے۔

جس انسان کی زبان شیرین ہوگی اس کے دوست اور بھائی بھی زیادہ ہوں گے۔

ضعیف ترین شخص وہ ہے جو کسی کو بھائی بنانے پر قادر نہ ہو اور اس سے زیادہ کمزور وہ ہے جو کامیاب ہونے کے بعد کسی بھائی کو کھو دے۔

پرانے دوستوں کی حفاظت انسان کی کرامت ہے۔

بدترین بھائی وہ ہے جو اپنے بھائی سے کچھ مانگنے میں شرم اور تکلیف محسوس کرے۔

بھائیوں کی دو اقسام ہیں۔

ا۔ بھروسہ مند دوست اور بھائی۔ ۲۔ ہنسی مذاق والے دوست اور بھائی۔

ا۔ بھروسہ مند دوست اور بھائی تمھارے لئے قابل اطمینان ہیں یہ لوگ تمھارے ہاتھ، بازو، خاندان اور دولت کی طرح ہیں لہٰذا جب تم اپنے کسی بھائی یا دوست پر بھروسہ کرتے ہو تو تم اس پر اپنی دولت اور طاقت کو نچھاور کرو، ان کے دوستوں کے دوست اور اس کے دشمنوں کے دشمن بنو، ان کے رازوں کی حفاظت کرو، ان کی مدد اور نصرت کرو اور ان کی اچھائیوں کو لوگوں میں بیان کرو اور جان لو کے یہ لوگ تمھارے لئے آب حیات سے زیادہ اہم ہیں۔

۲۔ ہنسی مذاق والے دوستوں کے ساتھ تم بھی ہنسو بولو اور بشاش چہرے اور میٹھے بول کے ساتھ

ان کے ساتھ ملو۔ زیادہ احباب سے بچو کیونکہ تمھیں تمھارے احباب اور شناسا تکلیف پہنچائیں گے۔ جو اپنے دوستوں کی ہر بات کا محاسبہ کرتا ہے اس کے دوست کم ہو جاتے ہیں۔

اللہ کی لئے کی جانے والی دوستی ہمیشہ استوار رہتی ہے کیونکہ اللہ دائم ہے۔

سچے دوست خوشیوں میں زینت اور پریشانیوں میں سہارا ہوتے ہیں۔

بہترین بھائی ہو ہے جو سب سے زیادہ نصیحت کرے جبکہ بدترین بھائی وہ ہے جو سب سے زیادہ دھوکا دے۔ بہترین بھائی وہ ہے جو نصیحت کرنے میں کوئی تکلف نا کرے۔

بدترین بھائی وہ ہے جو خود بھی نیکیوں سے دور رہے اور تمھیں بھی نیکیوں سے دور رکھے۔

تمھارا بدترین بھائی وہ ہے جو تم کو غلط باتوں پر راضی کرے۔

بہترین بھائی اور دوست وہ ہے جس کو کھو دینے کے بعد جینے کی آرزو نہ رہے۔ ۲۷؎

## نفسیاتی پہلو

اللہ تعالی اس بات کو پسند کرتے ہیں کے انسان آپس میں مل جل کر رہیں، ایک دوسرے کی مدد اور خیر خواہی کریں اور آپس میں بھائی بھائی بن کر رہیں کیونکہ دنیا بھر کے ماہرین نفسیات کا یہ ماننا ہے کے تنہا انسان بے شمار نفسیاتی، ذہنی، جسمانی اور دماغی مسائل اور بیماریوں کا شکار ہوتا ہے، اسلامی تعلیمات انسانوں کو ایک دوسرے کے ساتھ گھل مل کر رہنے کا درس دیتی ہے کیونکہ ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنے والے اکیلے پن اور تنہائی کا شکار نہیں ہوتے، اس کے ساتھ ساتھ وہ معاشرتی اور سماجی ذمہ داریوں کو بھی انجام دینے کی لگن اپنے اندر رکھتے ہیں جبکہ تنہا انسان یہ سوچتا ہے کے فلاں کام، نوکری، یا ذمہ داری میں کیوں ادا کروں کیونکہ میں تنہا اور اکیلا ہوں اور یہ سب میں کس کے لئے کروں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تمھارا اپنے مومن بھائی کو خوش کرنا، اس کا قرض ادا کرنا یا اس کو کھانا کھلانا افضل ترین اعمال میں سے ہیں۔ ۲۸؎

## حوالہ کتب:


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر
۳۔القاموس المحیط ۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دارا حیاء التراث ۔
۴۔سورہ مریم۔آیت۔۲۸۔
۵۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۰۳۔
۶۔سورہ الحجرات۔آیت۔۱۰۔
۷۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۰۳۔
۸۔سورہ انفال۔آیت۔۶۳۔
۹۔سورہ الحجرات۔آیت۔۹۔
۱۰۔سورہ الانبیاء۔آیت۔۹۲۔
۱۱۔سورہ یونس۔آیت۔۱۹۔
۱۲۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۰۳۔
۱۳۔سورہ نمل۔آیت۔۴۵۔
۱۴۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۲۷۔
۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔کنز العمال ۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ
۱۹۔کنز العمال ۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ
۲۰۔دلائل النبوۃ ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۲۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۲۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۲۳۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۴۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۲۵۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۶۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۲۷۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر۔
۲۸۔الجامع الصحیحہ ۔

## ۲۲۔ الارحام یا قرب، اقربا پروری یا صلہ رحمی

**اپنے رشتے داروں سے تعلقات استوار رکھو بھلے ہی ایک سلام کے ہی ذریعے (حضرت علیؑ)**

قرب۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ق۔ر۔ب) سے مشتق ہے۔

قریب۔ بمقابلہ بعید کے ہے۔

القرب۔ سے مراد کسی سے قریب ہونا۔

ذی القربیٰ۔ سے مراد رشتے داروں کے ہے۔

ذی الارحام۔ سے مراد خونی رشتے دار ہیں۔ ا؎

**ارشادات خداوندی:**

وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰی۔ ۲؎

ترجمہ۔ والدین اور قرابت داروں کے ساتھ نیکی کرو۔

وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰی۔ ۳؎

ترجمہ۔ والدین اور رشتے داروں کے ساتھ احسان اور اچھا سلوک کرو۔

يَسْاَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ۔ ۴؎

آپ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں، کہہ دو جو مال بھی تم خرچ کرو وہ ماں باپ اور رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کا حق ہے، اور جو نیکی تم کرتے ہو سو بے شک اللہ خوب جانتا ہے۔

وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰی حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا۔ ۵؎

ترجمہ۔اور رشتہ دار اور مسکین اور مسافر کو اس کا حق دے دو اور مال کو بے جا خرچ نہ کرو۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۔۶؎

ترجمہ۔اللہ سے ڈرتے رہو جس کے نام سے تم ایک دوسرے سے حق مانگتے ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآءِ ذِى الْقُرْبٰى ۔۷؎

ترجمہ۔بے شک اللہ تمھیں عدل واحسان کا حکم دیتا ہے اور قرابت داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے۔

اَلَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ۔۸؎

ترجمہ۔وہ لوگ جو اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور اس عہد کو نہیں توڑتے،اور وہ لوگ جو ملاتے ہیں جس کے ملانے کو اللہ نے فرمایا ہے اور اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور برے حساب کا خوف رکھتے ہیں۔

### مالی امداد:

اسلام اس بات کو پسند کرتا ہے کے اگر رشتے دار غریب ہوں تو ان کی مالی مدد کو ترجیح دی جائے بجائے غیروں کی مدد کرنے کے خونی رشتے داروں کا حق زیادہ ہوتا ہے،اگر غریب رشتے دار اگر پڑوسی بھی ہو تو اس کا حق اور زیادہ ہوتا ہے اور اس پر دگنا اجر ملتا ہے۔

ا۔ پہلا اجر صلہ رحمی کا۔ ۲۔ دوسرا اجر پڑوسی کے حقوق کی ادائے گی کا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ ۔۹؎

ترجمہ۔(اللہ) کی محبت میں رشتہ داروں،یتیموں،مساکین،مسافروں،سوال کرنے والوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں مال خرچ کرو۔

## حق وراثت:

اسلام اپنے قریبی رشتے داروں کو حق وراثت دیتا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ نَصِيبًا مَّفْرُوضًا۔ ۱۰؎

ترجمہ۔ مردوں کا اس مال میں حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتہ داروں نے چھوڑا ہو، اور عورتوں کا بھی اس مال میں حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتہ داروں نے چھوڑا ہو اگر چہ تھوڑا ہو یا زیادہ، یہ حصہ مقرر ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی حضرت طلحہؓ نے اپنا ایک باغ صدقہ کرنا چاہا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم اس باغ کو اپنے رشتے داروں میں بانٹ دو۔ ۱۱؎

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں کشادگی کی جائے اور اس کی عمر میں اضافہ کیا جائے اس کو چاہئے کہ وہ اپنے رشتے داروں سے میل جول رکھے۔ ۱۲؎

حضرت سعید بن زیدؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سب سے بڑا سود یہ ہے کے مسلمان کی عزت کو ناحق پامال کیا جائے اور یہ رحم رحمٰن کی پیچیدہ شاخوں میں سے ہے جس نے اس کو قطع کیا اللہ اس پر جنت کو حرام کر دے گا۔ ۱۳؎

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص برابر کا سلوک کرے وہ صلہ رحم کرنے والا نہیں ہے صلہ رحم کرنے والا وہ ہے جب اس سے رشتہ منقطع کیا جائے تو وہ رشتہ جوڑے۔ ۱۴؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! 'رحم' رحمٰن کے آثار میں سے

ایک اثر ہے اللہ تعالی نے رحم سے فرمایا کے جو تجھ سے وصل کرے گا میں اس سے وصل کروں گا اور جو تجھ سے قطع کرے گا میں اس کو قطع کروں گا۔ ۱۵؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک جب اللہ تعالی مخلوق کو پیدا کر کے فارغ ہوگیا تو رحم کھڑا ہوگیا اور کہا کے یہ وہ جگہ ہے کے جہاں تجھ سے قطع کرنے سے پناہ مانگی جاتی ہے اللہ تعالی نے فرمایا کے ہاں کیا تو اس بات سے راضی ہے کے جو تجھ سے وصل رکھے گا میں اس سے وصل رکھوں گا اور جو تجھ سے قطع کرے گا میں اس سے قطع کروں گا رحم نے کہا کے کیوں نہیں اللہ تعالی نے فرمایا کے پس یہ تم کو مل گیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو!

فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ أَبْصَارَهُمْ ۔۱۶؎

ترجمہ۔تم سے یہ بعید نہیں کے اگر تم کو زمین میں حکومت مل جائے تو تم زمین میں فساد کرو گے اور رشتے توڑ ڈالو گے یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے تو ان کو بہرا بنا دیا اور ان کی آنکھوں کو اندھا بنا دیا۔

رشتے داری کو ختم کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ ۱۷؎

جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہئے کے وہ اپنے رشتے داروں سے صلہ رحمی کرے۔ ۱۸؎

جو شخص یہ چاہتا ہے کے اس کی روزی کشادہ ہو اور عمر لمبی ہو جائے تو اس کو چاہئے کے وہ اپنے رشتے داروں سے حسن سلوک کرے۔ ۱۹؎

نادار یا غریب کو صدقہ دینا صرف ایک نیکی ہے لیکن اگر رشتہ داروں کو صدقہ دیا جائے تو صدقہ بھی ادا ہو جائے گا اور رشتے داری کا حق بھی ادا ہو جائے گا۔ ۲۰؎

# امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! جس گھر کے افراد آپس میں متفق اور متحد ہوں اور وہ ایک دوسرے سے صلہ رحمی کرتے ہوں، اللہ ان کو رزق دیتا ہے خواہ وہ گناہ گار ہی کیوں نہ ہوں اور جس گھر کے افراد آپس میں لڑتے جھگڑتے ہوں اور قطع رحمی کرتے ہوں اللہ ان کو رزق سے محروم کر دیتا ہے خواہ وہ متقی ہی کیوں نہ ہوں۔ ۲۱؎

قریبی لوگوں پر حدود جاری کرو کیونکہ اس طرح سے دور کے لوگ خود ہی سدھر جائیں گے۔

مودت مفید قرابت ہے۔ جسے قریب ترین لوگ چھوڑ دیتے ہیں اسے دور ترین لوگ مل جاتے ہیں۔ باپ کی محبت بیٹوں کے درمیان قرابت کا سبب ہے۔ اور قرابت کو مودت کی ضرورت ہے اور مودت کو قرابت کی ضرورت ہے۔

بے شک اللہ کا اطاعت گزار بندہ رسول اللہ ﷺ کا دوست ہے بھلے اس کی نسبت رسول اللہ ﷺ سے بہت دور کی ہی کیوں نا ہو، اور جو اللہ کو نافرمان ہے وہ رسول اللہ ﷺ کا دشمن ہے چاہے وہ رسول اللہ ﷺ کا قرابت دار ہی کیوں نا ہو۔

اپنے قریبی رشتے داروں سے تعلق بنائے رکھو بھلے وہ تم سے دوری اختیار کریں۔

مال و دولت کے ذریعے رشتہ داروں کی مدد اور مہمان نوازی کرنے والا جبکہ مال و دولت کے ذریعے پریشان حال افراد کی امداد اور قیدیوں کو آزاد کروانے والے کو اللہ دنیا اور آخرت میں عزتوں سے نوازے گا۔

رشتہ داروں کو ایک دوسرے سے ملاقات کرنی چاہئے لیکن ایک دوسرے کا پڑوسی نہیں ہونا چاہئے۔ رشتے داروں کی دشمنی بچھوؤں کے ڈنک مارنے سے زیادہ اذیت ناک ہے۔ اپنے رشتے داروں سے تعلقات استوار رکھو بھلے ہی ایک سلام کے ہی ذریعے۔ انسان کا اپنے قریبی رشتے داروں سے نیکی کرنا جان اور مال کا صدقہ ہے اور پریشان حال رشتے داروں سے حسن سلوک کرو کیونکہ یہی لوگ تمھاری پریشانی اور خوشحالی میں تمھارے بہترین مددگار ہوں گے۔

بہت سے قریبی رشتے دار بہت دور ہوجاتے ہیں اور بہت سے دوری افراد رشتے داروں سے زیادہ قریب ہوجاتے ہیں۔

قریبی رشتے داروں کا احترام کرو اور حلیم افراد کی توقیر کرو اور کم عقلوں کے سامنے حلم و بردباری کا مظاہرہ کرو۔ ۲۲؎

تین چیزوں کا ارتکاب کرنے والا کبھی ان پریشانیوں کو دیکھے بغیر مر نہیں سکتا۔

ا۔ بغاوت ۔ ۲۔ قطع رحم ۔ ۳۔ جھوٹی قسم ۔ان چیزوں کے ذریعے اللہ سے لڑا جاتا ہے۔

قطع رحمی فنا میں جلدی کا ایک سبب ہیں ۔

صلح رحمی دولت میں اضافہ اور موت کو دور کرنے کا سبب ہے۔

بے شک افضل ترین عمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایمان لانا اور صلہ رحمی کرنا ہے کیونکہ صلہ رحمی سے دولت اور عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔

دولت مندوں پر لازم ہے کے وہ اپنے رشتے داروں کی امداد اور مہمانوں کی عمدہ مہمان نوازی کرے۔ اللہ نے صلہ رحمی کو عدد میں نمو کے لئے فرض کیا ہے۔

آپؑ اکثر یہ دعا فرماتے ! میں اللہ سے ان گناہوں سے پناہ مانگتا ہوں جو فنا میں جلدی کا سبب ہوں بے شک قضا اور فنا میں جلدی کا ایک سبب قطع رحمی بھی ہے قطع رحمی ان گناہوں میں سے ہے جو فنا میں جلدی کا سبب ہوں۔

صلہ رحمی اسلام میں واجب ہے جس کے اکرام کا حکم اللہ نے ہمیں دیا ہے، تو جو شخص اپنے رشتے داروں سے جڑتا ہے اللہ تعالی ایسے انسان سے جڑتا ہے اور جو قاطع رحم ہے اللہ تعالی ایسے انسان سے قطع تعلق کرتا ہے۔ صلح رحمی انسان کو بری جگہوں سے اپنی حفاظت میں رکھتا ہے صلہ رحمی موجب محبت ہے اور اس کے ذریعے دشمنوں کو شکست دی جاسکتی ہے۔

صلہ رحمی سرداری کا باعث ہے ۔صلہ رحمی کریم افراد کی بہترین عادت ہے۔

صلہ رحمی کے ذریعے اپنی نعمتوں ، دولت اور درازعمری کا تحفظ کرو۔

بدترین معصیت قطع رحمی اور عاق ہے۔ قطع رحمی کی وجہ سے بلاؤں کا نزول ہوتا ہے۔
قاطع رحم کئی بلاؤں اور مصیبتوں میں گھرا رہتا ہے۔ قطع رحمی نعمتوں کو ضائع کر دیتی ہے۔
قاطع رحم کا کوئی اپنا اور قریبی نہیں ہوتا۔ وہ اللہ پر ایمان نہیں لایا جو قاطع رحم ہے۔ ۲۳؎

## نفسیاتی پہلو

خونی اور قریبی رشتے دار اللہ کی بڑی نعمتوں میں سے ہیں چنانچہ اللہ تعالی انسانوں کو ان قریبی رشتوں کی قدر و منزلت کا حکم دیتا ہے اور ان خونی رشتے داروں سے اچھے سلوک کی بار بار تاکید اور تلقین کرتا ہے۔

انسان جب دنیا میں پیدا ہوتا ہے تو وہ اتنا کمزور اور ناتواں ہوتا ہے کے وہ کروٹ لینے کی بھی سکت نہیں رکھتا اور اپنی نہایت چھوٹی چھوٹی ضروریات کے لئے بھی وہ دوسروں کا محتاج ہوتا ہے اسی طرح سے ساری عمر اسے لوگوں کی مدد کی ضرورت رہتی ہے یہاں تک کے جب انسان اس دنیا سے چلا جاتا ہے تو اس کی آخری رسومات بھی اس کے قریبی اقرباء ادا کرتے ہیں ماہرین سماجیات کہتے ہیں کے انسان ایک سماجی حیوان ہے چنانچہ اسے ساری عمر لوگوں کی مدد اور تعاون کی ضرورت رہتی ہے، اسلام انسان کو اپنے محسنوں سے اچھے تعلقات کی خاص تاکید کرتا ہے جبکہ ان کے برے رویے اور سلوک کو درگزر کرنے کی بھی ہدایت کرتا ہے تاکہ اچھے تعلقات استوار رہ سکیں۔

جو لوگ اللہ کے حکم کے مطابق اپنے عزیز و اقارب کے ساتھ خوش گوار تعلقات قائم رکھتے ہیں اللہ تعالی ان کے اس حسن سلوک کی بدولت ان کی عمر اور رزق میں اضافہ فرما دیتے ہیں۔

اسی حوالے سے حضرت امام باقرؑ کا قول ہے! ایک انسان کی زندگی میں صرف تین سال باقی تھے لیکن اس نے اپنے رشتے داروں کے ساتھ صلہ رحمی اور نیک سلوک کیا جس کی وجہ سے اللہ نے اس انسان کی عمر میں 30 برس کا اضافہ فرما دیا تاکہ وہ شخص مزید نیکیوں کے کام کریں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ النساء۔آیت۔۳۶۔

۳۔سورہ النساء۔آیت۔۳۶۔

۴۔سورہ بقرہ۔آیت۔۲۱۵۔

۵۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۲۶۔

۶۔سورہ النساء۔آیت۔۱۔

۷۔سورہ نحل۔آیت۔۹۰۔

۸۔سورہ رعد۔آیت۔۲۰۔۲۱۔

۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۷۷۔

۱۰۔سورہ النساء۔آیت۔۷۔

۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۳۔مجمع الزوائد۔حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت۔

۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔ا

۱۶۔سورہ محمد۔آیت۔۲۲۔۲۳۔

۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۰۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۲۱۔الاصول من الکافی۔شیخ ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی (متوفی ۳۲۹ھ) مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ تہران۔

۲۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی۔

۲۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔انتشارات دفتر تبلیغات

## ۲۳۔اسعادۃ۔سعادت۔خوش بختی

**مکمل سعادت علم کے ذریعے حاصل ہوتی ہے جبکہ نامکمل سعادت زہد سے حاصل ہوتی ہے(حضرت علیؓ)**

**السعادۃ**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(س۔ع۔د) سے مشتق ہے۔ا۔

سعد۔یسعد۔سعداً۔سے مراد اللہ کی مدد، اللہ کی توفیق، مبارک اور بابرکت۔

**الاسعاد ۔المساعدۃ**۔کے معانی معاونت کرنا اور مدد دینا ہے۔

فرا نے لکھا ہے! اس کے معنی بندے کا اللہ کی مرضی کی اطاعت کرنا ہے۔

**سعید**۔کا متضاد شقی ہے۔۲۔

**اسعدوالسعادۃ**۔کے معنی امور الٰہی کا، بھلائی اور خیر تک پہنچنے میں کسی انسان کی مدد کرنا۔۳۔

## سعید کلام الٰہی (قرآن کریم)

اللہ کی نازل کردہ کتاب ہے جو مقدس، معتبر اور باعزت کلام ہے۔

اس حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ۔۴۔

ترجمہ۔ص ہ قسم ہے نصیحت بھرے قرآن کی۔

حٰمٓ وَالْکِتَابِ الْمُبِیْنِ اِنَّا جَعَلْنَاہُ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ۔۵۔

ترجمہ۔حٰم ہ قسم ہے، اس واضح کتاب کی کہ ہم نے اسے عربی زبان کا قرآن بنایا ہے تاکہ تم لوگ اسے سمجھیں۔

حٰمٓ وَالْکِتَابِ الْمُبِیْنِ اِنَّآ اَنْزَلْنَاہُ فِیْ لَیْلَۃٍ مُّبَارَکَۃٍ اِنَّا کُنَّا مُنْذِرِیْنَ۔۶۔

ترجمہ۔حٰم ہ قسم ہے اس کتاب مبین کی ہم نے اسے ایک بڑی خیر و برکت والی رات میں نازل کیا ہے۔

قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ۔ ۷؎

ترجمہ۔ق ہ قسم ہے قرآن مجید کی۔

## سعید بیت (خانہ کعبہ)

ایک حرمت والا گھر ہے جس کی زیارت ہزاروں برسوں سے کی جاتی ہے۔

اس حوالے سے ارشا خداوندی ہے!

فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَه كَانَ اٰمِنًا وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ۗ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ۔ ۸؎

ترجمہ۔اس میں ظاہر نشانیاں ہیں (اور) مقام ابراھیم ہے، اور جو اس میں داخل ہو جائے وہ امن والا ہو جاتا ہے، اور لوگوں پر اس گھر کا حج کرنا اللہ کا حق ہے جو شخص اس تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو، اور جو انکار کرے تو پھر اللہ عالمین سے بے پروا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا! بیت المعمور آسمان میں ہے اس کو الضراح (دور اور بلند) کہتے ہیں یہ بیت الحرام کی مثل ہے اور اس کی سیدھ میں ہے اگر وہ اوپر سے گرے تو کعبہ کے اوپر گرے گا اس میں ہر روز ایسے ۷۰،۰۰۰ فرشتے داخل ہوتے ہیں جنھوں نے اس سے پہلے اس کو نہیں دیکھا اور اس کی آسمان میں ایسی حرمت ہے جیسی مکہ کی حرمت ہے۔ ۹؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ جب معراج پر گئے اور جب وہ ساتویں آسمان پر پہنچے تو وہاں ان کی ملاقات حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہوئی وہ بیت المعمور سے ٹیک لگائے بیٹھے تھے اور اس میں ہر روز ۷۰،۰۰۰ فرشتے داخل ہوتے ہیں وہ پھر دوبارہ وہاں نہیں آئیں گے۔ ۱۰؎

## سعید اور معزز آخری نبی مکرم حضرت محمد اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے معزز نبی اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف وتوصیف میں قرآن کریم میں کئی آیات مقدسہ موجود ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

**وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ۔ ۱۱؎**

ترجمہ۔ہم نے آپ کی خاطر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کو بلند کیا۔

**مَّنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ۔ ۱۲؎**

ترجمہ۔جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! انقلاب زمانہ کے ساتھ ساتھ مجھے آدم کے بہترین خانوادوں میں منتقل کیا جاتا رہا اور آخر دور میں میرا وجود ہوا جس میں کہ میں مقدر تھا۔ ۱۳؎

عکرمہ کہتے ہیں میں نے عبداللہ بن عباسؓ کو یہ کہتے سنا کے اللہ تعالی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام آسمانوں والوں اور تمام نبیوں پر فضیلت دی ہے۔

حضرت امامہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے مجھ کو دیکھا اس کے لئے ایک سعادت (سلام) ہے اور جس نے مجھے نہیں دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا اس کے لئے سات سعادتیں (سلام) ہیں۔ ۱۴؎

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مجھ سے سب سے زیادہ محبت کرنے والے وہ لوگ ہیں جو میرے بعد ہوں گے ان میں سے ایک شخص کی یہ خواہش ہوگی کے کاش وہ اپنے سارے اہل وعیال اور مال کے بدلے میں میری زیارت کرلے۔ ۱۵؎

# سعید اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالی نے بے حد عزت و تکریم سے نوازا اور ان سے محبت اور عقیدت ایمان کا لازمی جز ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ سے محبت کرو کیونکہ وہ تمھیں نعمتیں عطا کرتا ہے اور مجھ سے محبت رکھو اللہ کی محبت کی وجہ سے اور میرے اہل بیت سے محبت رکھو میری محبت کی وجہ سے۔۱۶۔

مسور بن مخرمہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! فاطمہ میرے جسم کا ٹکڑا ہے اس لئے جس نے اسے ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔۱۷۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو چیز فاطمہ کو بے قرار کرتی ہے وہ مجھے بے قرار کرتی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! فاطمہ الزہراؓ جنت کی خواتین کی سردار ہیں۔۱۸۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؓ سے بیان کیا! کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کے تم میرے ساتھ اس درجہ میں رہو جیسے موسیٰ کے ساتھ ہارون تھے۔۱۹۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؓ سے فرمایا! تم صورت اور سیرت میں مجھ سے زیادہ مشابہہ ہو۔۲۰۔

حضرت علیؓ نے فرمایا (اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی شان میں قرآن کی آیات کریمہ ہیں یہ لوگ رحمن کے خزآنے ہیں اگر بولتے ہیں تو سچ اور اگر یہ خاموش رہتے ہیں تو کوئی ان سے آگے بڑھنے کا حق نہیں رکھتا ہم اللہ کی نشانیاں ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سچے ساتھی ہیں ان کے علوم کے خزآنے دار ہیں علم لدنی کے دروازے ہیں اور گھر میں صرف دروازے کے ہی ذریعے سے آیا جاتا ہے لہذا جو بھی گھر میں دروازے کے سوا کسی اور سے داخل ہوا تو وہ چور کہلائے گا۔

تمھارے اوپر آل نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت لازم ہے کیونکہ یہ تمھارے اوپر اللہ کا حق ہے اور اللہ

کے اوپر تمھارا حق ہونے کا موجب بھی ہے کیا تم نے قول خدا نہیں سنا! قل لا اسئلکم علیہ اجر آلا المودۃ فی القربیٰ پر غور نہیں کیا جس نے ہم اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت اختیار کی وہ بلاؤں کے لئے چمڑے کا لباس پہن لے۔۲۱۔

## سعید پیغمبران کرام

اللہ تعالی نے انسانوں کی ہدایت کے لئے مختلف پیغمبر اور انبیاء کرام دنیا میں بھیجے جو اللہ کے یہاں بہت معزز اور قابل تکریم ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

نَرۡفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنۡ نَّشَآءُ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيۡمٌ عَلِيۡمٌ۔۲۲۔

ترجمہ۔ہم جسے چاہتے ہیں بلند مرتبہ عطا کرتے ہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ اصۡطَفٰۤى اٰدَمَ وَنُوۡحًا وَّاٰلَ اِبۡرٰهِيۡمَ وَاٰلَ عِمۡرٰنَ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ۔۲۳۔

ترجمہ۔بے شک اللہ نے آدم،نوح،آل ابراہیم اور آل عمران کو(ان کے زمانے میں)تمام عالمین میں فضیلت دی۔۲۳۔

## سعید اور معزز فرشتے حضرت جبرائیل علیہ السلام

اللہ کے یہاں حضرت جبرائیل علیہ السلام کا بہت بلند مقام و مرتبہ ہے وہ اللہ کے یہاں معزز اور امین کے نام سے جانے جاتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّهٗ لَقَوۡلُ رَسُوۡلٍ كَرِيۡمٍ ذِىۡ قُوَّةٍ عِنۡدَ ذِى الۡعَرۡشِ مَكِيۡنٍ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيۡنٍ۔

ترجمہ۔بے شک یہ قرآن ایک معزز فرشتے کا قول ہے جو قوت والا ہے مالک عرش کے قریب ذی رتبہ ہے وہاں اس کا کہنا مانا جاتا ہے اور وہ امین ہے۔۲۴۔

اِنۡ هُوَ اِلَّا وَحۡىٌ يُّوۡحٰى عَلَّمَهٗ شَدِيۡدُ الۡقُوٰى ذُوۡ مِرَّةٍ فَاسۡتَوٰى۔

ترجمہ۔یہ تو وحی ہے جو اس پر آتی ہے،بڑے طاقتور(جبرائیل)نے اسے سکھایا ہے،جو بڑا

زور آور ہے پس وہ قائم ہوا (اصلی صورت میں)۔ ۲۵۔

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ۔ ۲۶۔

ترجمہ۔ یہ قرآن رب العالمین کا اتارا ہوا ہے اس کو آپ ﷺ کے قلب پر ایک امانت دار فرشتہ لے کر آیا ہے۔

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ۔

ترجمہ۔ روح القدس نے اسے آپ ﷺ کے پروردگار کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کیا ہے، تاکہ ایمان والوں کے دل جما دے اور فرمانبرداروں کے لیے ہدایت اور خوشخبری ہے۔ ۲۷۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے حضرت جبرائیل کو اصل صورت میں دیکھا ہے اور ان کے چھ سو پر تھے اور ہر پر نے افق کو بھر لیا تھا اور ان سے موتی یاقوت اور جواہر جھڑ رہے تھے۔ ۲۸۔

## سعید اور معزز شہر (مکہ، فلسطین، وادی طویٰ)

شہر مکہ کے تقدس اور وہاں کے امن وسلامتی کے حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ۔ ۲۹۔

ترجمہ۔ پہلا گھر جو لوگوں کے لئے مقرر کیا گیا ہے وہ ہے جو مکہ میں ہے وہ برکت والا اور تمام عالمین کے لئے وہ ہدایت ہے۔

رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ۔ ۳۰۔

ترجمہ۔ (ابراہیم نے کہا) اے رب! میں نے اپنی اولاد میں سے بعض کو تیرے حرمت والے گھر کے پاس ایسے میدان میں بسایا جہاں کھیتی نہیں۔

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ۔ ۳۱؎

ترجمہ۔ قسم ہے انجیر اور زیتون کی اور طور سینا کی اور اس پر امن شہر مکہ کی۔

اللہ تعالیٰ نے فلسطین کو قرآن کریم میں ارض مقدس کہا ہے فلسطین انبیاء کرام کی سرزمین بھی کہلاتی ہے یہ ارض مقدس دراصل سرزمین شام میں واقع ہے جس میں فلسطین اور بیت المقدس موجود ہیں جبکہ کچھ محققین ارض مقدس سے دمشق، فلسطین اور اردن کے علاقے مراد لیتے ہیں بائبل میں بھی اس ارض مقدس کو فلسطین ہی بیان کیا گیا، یروشلم کا عربی نام 'القدس' اور 'بیت المقدس' ہے اسے فلسطینیوں کا گھر بھی کہا جاتا ہے۔

یروشلم کے معنی 'امن' کے ہیں جبکہ عبرانی شلم کو 'خدا' کے معنی میں شمار کرتے ہیں اس کی مقدس حیثیت سے انکار ممکن نہیں کیونکہ یہ شہر مسلمان، یہودی اور عیسائی سبھی کے لئے مقدس حیثیت رکھتا ہے۔ اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا۔ ۳۲؎

ترجمہ۔ (بنی اسرائیل) کو اس سرزمین کے مشرق و مغرب کا وارث بنادیا جسے ہم نے برکتوں سے مالا مال کیا تھا۔

بائبل میں اس کو اس طرح سے بیان کیا گیا ہے!

فلسطین، میں دودھ اور شہد کی نہریں بہتی تھیں اور خداوند یہواہ نے وعدہ کیا تھا کے میں تمھیں فلسطین کی حکمرانی عطا کروں گا۔ ۳۳؎

ۖ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى۔ ۳۴؎

ترجمہ۔ بے شک یہ مقدس وادی طویٰ ہے۔

فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ يّٰمُوْسٰٓى اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ۔ ۳۵؎

ترجمہ۔ پھر جب وہ وہاں آیا تو اس مبارک قطعہ میں داہنے کنارے سے آواز آئی، اے موسیٰ! میں اللہ جہان کا رب ہوں۔

اِذْ نَادَاهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى۔ ۳۶۔

ترجمہ۔ جب اس کے رب نے پاک میدان میں جس کا نام طویٰ ہے میں اسے پکارا۔

امام ابن عساکر نے واثلہ بن الاسقعؓ سے روایت کیا ہے، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم شام میں لازماً رہو وہ اللہ کے شہروں میں سب سے زیادہ فضیلت والا شہر ہے اس میں اللہ کے سب سے زیادہ نیک بندے رہتے ہیں اور جو وہاں نہ رہ سکے وہ اس کے دائیں جانب رہے اور جو وہاں عہد شکنی کرے اس کو نکالے کیونکہ اللہ نے مجھے شام اور اہل شام کی ضمانت دی ہے۔

امام ابن ابی شیبہ نے حضرت ابوایوب انصاریؓ سے روایت کیا ہے، رعد، برق اور برکتیں شام کی طرف ہجرت کریں گی۔

امام ابن ابی شیبہ نے کعب سے روایت کیا ہے، تمام شہروں میں اللہ کا محبوب شہر شام ہے اور شام میں محبوب قدس ہے اور قدس میں محبوب نابلس پہاڑ ہے۔

امام احمد اور امام ابن عساکر نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اے اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے شام اور یمن میں برکت دے مسلمانوں نے کہا اور ہمارے نجد میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہاں زلزلے اور فتنے ہوں گے اور وہیں سے شیطان کا سینگھ طلوع ہوگا۔ ۳۷۔

## سعید مقامات (صفاء، مروہ اور مزدلفہ)

عازمین حج کے لئے صفاء، مروہ کی سعی اور مزدلفہ کی پہاڑی پر زیارت اور قیام کو حج کے ارکان میں شامل کیا گیا۔

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ۔ ۳۸۔

ترجمہ۔ بے شک صفاء اور مروہ اللہ کی (ٹھہرائی ہوئی) آداب گاہوں میں سے ایک ہیں۔

فَإِذَآ أَفَضۡتُم مِّنۡ عَرَفَٰتٖ فَٱذۡكُرُواْ ٱللَّهَ عِندَ ٱلۡمَشۡعَرِ ٱلۡحَرَامِۖ وَٱذۡكُرُوهُ كَمَا هَدَىٰكُمۡ۔ ۳۹؎

ترجمہ۔ جب تم عرفات سے لوٹو پس مشعر حرام (مزدلفہ) کے پاس ٹھہر کر اللہ کی یاد کرو۔

## سعید مساجد (مسجد الحرام، مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، بیت المقدس)

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! گھر میں نماز پڑھنے پر ایک نماز کا اجر ملتا ہے محلے کی مسجد میں نماز پڑھنے کا اجر گھر کے مقابلے میں ستائیس گنا زیادہ ہے جامع مسجد میں نماز پڑھنے کا اجر پانچ سو (۵۰۰) گنا زیادہ مسجد اقصیٰ میں ایک نماز کا اجر پچاس ہزار (۵۰،۰۰۰) گنا زیادہ ہے اور میری مسجد (مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں ایک نماز کا اجر پچاس ہزار (۵۰،۰۰۰) گنا زیادہ ہے جبکہ مسجد الحرام (بیت اللہ) میں ایک نماز کا اجر ایک لاکھ گنا زیادہ ہے۔ ۴۰؎

## سعید پہاڑ

اللہ تعالی نے کئی پہاڑوں کو بھی خیر و برکت اور عزت عطا فرمائی یہاں تک کے قرآن کریم میں ان کی قسم بھی کھائی گئی۔

وَالطُّوۡرِ۔ ۴۱؎۔ ترجمہ۔ قسم ہے کوہ طور پہاڑ کی ۔

وَطُوۡرِ سِيۡنِيۡنَ۔ ۴۲؎۔ ترجمہ۔ قسم ہے طور سینین کی۔ ۴۲؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت انسؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے احد پہاڑ کے متعلق فرمایا! احد ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم احد سے محبت کرتے ہیں۔ ۴۳؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابوبکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ کو لے کر احد پر چڑھے تو احد کانپنے لگ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اۓ احد قرار پکڑ تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔ ۴۴؎

## سعید دریا

کچھ دریاؤں کو بھی اللہ نے عزت عطا فرمائی ہے۔اسی حوالے سے حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے!
حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سیحان، جیجان، فرات اور نیل جنت کے دریاؤں میں سے ہیں۔۴۵۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب معراج پر تشریف لے گئے تو سدرۃ المنتھیٰ پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چار دریا بہتے دیکھے جن میں سے دو دریا مخفی یعنی ڈھکے ہوئے اور دو دریا ظاہر تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے ان دریاؤں کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے بتایا کے جو دو دریا مخفی یا چھپے ہوئے ہیں وہ جنت کے دو دریا یا دو نہریں ہیں یعنی ا۔کوثر۔۲۔سلسبیل۔اور جو دریا ظاہر ہیں یہ۔۳۔دریا نیل۔۴۔دریا فرات ہیں۔

## سعید مہینہ

اللہ تعالی نے کچھ مہینوں کو بھی حرمت عطا فرمائی ہے۔جس میں شامل۔

ا۔ذی قعدہ۔۲۔ذی الحجہ۔۳۔محرم۔۴۔رجب ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ یَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَاۤ اَرْبَعَةٌ۔۴۶۔

ترجمہ۔جس دن سے آسمانوں اور زمین کو اس نے پیدا کیا اسی دن سے اللہ کے نزدیک مہینوں کا شمار لوح محفوظ میں بارہ ہے، جس میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! زمانہ اپنی اصل ہیئت پر گھوم کر آچکا ہے، جس ہیئت پر وہ اس دن تھا جب اللہ نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا تھا۔ سال میں ۱۲ مہینے ہیں جن میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں۔تین مہینے مسلسل ہیں۔
ا۔ذی قعدہ۔۲۔ذی الحجہ۔۳۔محرم ۴۔اور قبیلہ مضر کا رجب جو جمادی الاآخر اور شعبان کے

درمیان ہے۔۴۷ے

إِنَّآ أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَمَآ أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ تَنَزَّلُ الْمَلَآئِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ أَمْرٍ سَلَامٌ هِيَ حَتَّى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔۴۸ے

ترجمہ۔ہم نے (قرآن) شب قدر میں اتارا، اور آپ ﷺ کیا جانیں کے شب قدر کیا ہے؟ یہ شب ہزار مہینوں سے افضل ہے اس رات میں اللہ کے حکم سے روح (حضرت جبرائیل علیہ السلام) اور فرشتے اترتے ہیں۔اور یہ رات ہر امر پر امان ہے طلوع صبح تک۔

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِّلنَّاسِ۔۴۹ے

ترجمہ۔رمضان کے مہینے میں قرآن نازل ہوا جو لوگوں کے لئے ہدایت ہے۔

حٰمٓ وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ إِنَّآ أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ إِنَّا كُنَّا مُنْذِرِينَ۔۵۰ے

ترجمہ۔حٰم ہ قسم ہے اس کتاب مبین کی ہم نے اسے ایک بڑی خیر و برکت والی رات میں نازل کیا ہے۔

رمضان کو اس حوالے سے بھی فضیلت حاصل ہے کے اس میں قرآن کریم کے ساتھ دیگر الہامی کتب کا نزول بھی ہوا۔

ابن عساکر لکھتے ہیں حضرت یعلی بن شداد رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں:

۱۔حضرت ابراہیم علیہ السلام پر صحائف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رمضان کی پہلی شب کو۔

۲۔حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۶ رمضان۔

۳۔حضرت عیسیٰ علیہ السلاام پر انجیل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۱۸ رمضان کو۔

۴۔حضرت داود علیہ السلام پر زبور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۱۲ رمضان کو۔

۵۔رسول اللہ ﷺ پر قرآن کریم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۲۴ یا ۲۷ رمضان کو۔۵۱ے

حضرت ابو سعید خدریؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا! دنوں اور مہینوں کا سردار رمضان کا مہینہ ہے اور سب سے عزت والا مہینہ ذی الحجہ کا ہے۔ ۵۲۔

حضرت سلمانؓ بیان کرتے ہیں، ہمیں رسول اللہ ﷺ نے شعبان کے آخری دن خطبہ دیا اور فرمایا! اے لوگو! تمھارے پاس ایک عظیم اور مبارک مہینہ آپہنچا ہے، اس مہینے میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے، اللہ نے اس مہینے میں روزہ کو فرض کیا ہے اور اس کی رات میں قیام کو نفل کر دیا ہے جو شخص اس مہینے میں فرض ادا کرے تو وہ ایسا ہے جیسے کے دوسرے مہینوں میں ستر فرائض ادا کئے یہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا ثواب جنت ہے، اس مہینے میں چار خصائل کو جمع کرو۔

۱۔ کلمہ شہادت۔

۲۔ استغفار کی کثرت۔

۳۔ اللہ سے جنت کا سوال۔

۴۔ اللہ سے دوزخ سے پناہ۔

جو شخص کسی روزہ دار کو پانی پلائے گا اللہ تعالیٰ اس کو میرے حوض سے پانی پلائے گا اور اسے پھر کبھی پیاس نہیں لگے گی حتیٰ کے وہ داخل جنت ہو جائے گا۔ ۵۳۔

## سعید ایام

اللہ تعالیٰ نے کچھ ایام کو بھی فضیلت اور عزت عطا فرمائی ہے جس میں یوم جمعہ، عید الفطر، عید الضحیٰ، یوم عرفہ، یوم عاشورہ وغیرہ شامل ہیں۔

حضرت عقبہ بن عامرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! یوم عرفہ، یوم نحر اور ایام تشریق ہم اہل اسلام کی عید ہیں اور یہ کھانے پینے کے ایام ہیں۔ ۵۴۔

حضرت اوس بن اوسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تمھارے ایام میں سب سے افضل جمعہ کا دن ہے، اسی دن حضرت آدم کو پیدا کیا گیا، اور اسی دن ان کی روح قبض کیا

گئی، اسی دن صور پھونکا جائے گا اسی دن لوگ بے ہوش ہو جائیں گے پس اس دن تم مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ تمھارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے صحابہ نے پوچھا کے ہمارا وہ درود آپ ﷺ پر کیسے پیش کیا جائے گا؟ حالانکہ آپ ﷺ کا جسم تو بوسیدہ ہو چکا ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا! بے شک اللہ تعالی نے انبیاء کرام کے اجسام کو زمین کے کھانے پر حرام کیا ہے۔۵۵۔

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! ذوالحجہ کے دس دنوں سے زیادہ کسی اور دن میں عبادت کرنا اللہ تعالی کو زیادہ پسند نہیں ان میں ہر دن میں روزہ رکھنا ایک سال کے روزوں کے برابر ہے اور اس کی راتوں میں قیام کرنا لیلۃ القدر کے قیام کے برابر ہے۔۵۶۔

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تمام ایام میں افضلُ یوم عرفۂ ہے۔۵۷۔

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالی کسی دن دوزخ سے اتنے بندوں کو آزاد نہیں کرتا جتنے یوم عرفہ کو کرتا ہے، اللہ تعالی اپنے بندوں کے قریب ہوتا ہے اور فرشتوں کے سامنے فخر فرماتا ہے۔۵۸۔

## سعید اوقات

کچھ معزز اوقات بھی ہیں جن کا ذکر قرآن کریم اور احادیث نبوی ﷺ سے ثابت ہے۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے میدان عرفات میں قبلہ رخ ہو کر غروب آفتاب تک دعا فرمائی۔

امام غزالی لکھتے ہیں، قبولیت دعا کے کچھ اوقات بھی ہیں مثلاً رات کے آخری حصے میں، فرض نمازوں کے بعد، یوم عرفہ، رمضان کے مہینے، روز جمعہ اور بارش کے وقت۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے، اذان اور اقامت کے درمیان دعا مسترد نہیں ہوتی۔

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، سجدہ کے وقت بندہ اللہ سے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے تو اسے چاہئے کے وہ اس وقت میں بہ کثرت دعا کرے۔

عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں، سجدہ میں کی گئی دعا کی قبولیت متوقع ہے۔۵۹۔

## سعید انسان (مومنین)

یوں تو اللہ تعالی نے اولاد آدم کو عزت عطا فرمائی۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

**كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ۔۶۰۔**

ترجمہ۔اب دنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو جیسے انسانوں کی ہدایت اور اصلاح کے لئے میدان میں لایا گیا ہے تم نیکی کا حکم دو اور برائی سے روکو اور اللہ پر ایمان رکھو۔

**وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ۔۶۱۔**

ترجمہ۔بے شک ہم نے اولاد آدم کو عزت بخشی ہے۔

**لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ۔۶۲۔**

ترجمہ۔بے شک ہم نے انسان کو بہترین صورت پر پیدا کیا ہے۔

**اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ۔۶۳۔**

ترجمہ۔کیا تم دیکھتے نہیں کے اللہ نے زمین کی چیزوں کو تمھارے لئے مسخر کیا ہے۔

**اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ۔۶۴۔**

ترجمہ۔اللہ کی نظر میں سب سے پسندیدہ انسان وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی اور پرہیزگار ہے۔۶۴۔

حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی فرماتے ہیں کے جو میری ذات سے محبت کرنے والا ہے ان کے لئے نور کے منبر ہوں گے جن کی تحسین

انبیاء اور اولیاء بھی کریں گے۔۶۵۔

حافظ ابن کثیر متوفی (۷۷۴ھ) نے سورہ البقرہ کی آیت۔۲۵۱ کی تفسیر میں بیان کیا ہے حضرت عبادہ بن صامتؓ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری امت میں ۳۰ ابدال ہیں ان کی وجہ سے تم کو رزق دیا جاتا ہے ان ہی کی وجہ سے تم پر بارش برستی ہے اور ان ہی کی وجہ سے تمھاری مدد کی جاتی ہے۔۶۶۔

حضرت ثوبانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم میں ہمیشہ سات اشخاص ایسے رہیں گے جن کی برکت سے تمھاری مدد کی جائے گی اور جن کے وسیلہ سے تم پر بارشیں نازل ہوں گی اور جن کی وجہ سے تم کو رزق دیا جائے گا حتیٰ کے قیامت آجائے گی۔۶۷۔

حضرت جبرائیل علیہ السلام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تشریف لائے اور فرمایا! اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مومن کی عزت یہ ہے کے وہ لوگوں سے بے پرواہ ہوجائے۔۶۸۔

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کسی مسلمان کو خود کو ذلت میں ڈالنا جائز نہیں ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا ذلت میں ڈالنے سے کیا مراد ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ اپنے آپ کو کسی ایسی مصیبت میں ڈال لے جس کی وہ طاقت نہ رکھتا ہو۔۶۹۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یہ امت مجموعی اعتبار سے بالحاظ کمالات انبیاء ہونے کے قریب ہے۔۷۰۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قرآن پڑھنے والے سے یہ کہا جائے گا کے جس طرح سے تم دنیا میں آہستہ آہستہ قرآن پڑھتے تھے اسی طرح سے تم آہستہ آہستہ قرآن پڑھتے چلے جاؤ اور جنت کے درجات میں اوپر کی جانب چڑھتے چلے جاؤ اور جس جگہ تم آخری آیت پڑھو گے وہی تمھاری آخری منزل ہوگی۔۷۱۔

## سعید جہاد

جہاد کی کئی اقسام ہیں جن میں شامل اللہ کے دشمنوں سے میدان جنگ میں دین اسلام کی سربلندی کے لئے لڑنا، جہاد بالنفس یعنی (گناہوں سے بچنا اور عبادات اور اطاعت الٰہی کرنا) جہاد بالقلم یعنی (جہالت کے خلاف علمی جہاد) جہاد باللسان یعنی (حق کی تشریح اور باطل کو روکنا) وغیرہ۔

طارق بن شہاب بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کون سا جہاد سب سے افضل ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ظالم بادشاہ کے سامنے کلمہ حق کہنا۔ ۲۷۔

حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے نزدیک کون سے شہداء سب سے زیادہ مکرم ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ شخص جس نے کسی ظالم حاکم کے سامنے کھڑے ہوکر اس کو نیکی کا حکم دیا اور برائی سے روکا اور حاکم نے اس کو شہید کردیا۔ ۳۷۔

## سعید اور بابرکت ہوائیں

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری باد صبا (مشرق سے چلنے والی ہوا) سے مدد کی گئی ہے۔ ۴۷۔

**ارشادات خداوندی:**

وَتُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ۔ ۷۵۔ ترجمہ۔ وہ جس کو چاہتا ہے عزت دیتا ہے۔

وَلَقَدۡ كَرَّمۡنَا بَنِىۡۤ اٰدَمَ ۔ ۷۶۔

ترجمہ۔ بے شک ہم نے اولاد آدم کو عزت بخشی ہے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن اللہ کے نزدیک

مقرب فرشتوں سے زیادہ معزز ہے۔۷۷۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک اللہ ایک مومن صالح کی برکت سے اس کے پڑوس کے ۱۰۰ گھروں سے مصائب کو دور کر دیتے ہیں۔۷۸۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! مکمل سعادت علم کے ذریعے حاصل ہوتی ہے جبکہ نامکمل سعادت زہد سے حاصل ہوتی ہے۔

سعید ہے وہ شخص جو دوسروں کے ذریعے نصیحت حاصل کرے جبکہ بد قسمت ہے وہ شخص جو اپنی خواہشات کی فریب کاریوں سے دھوکا کھا جائے۔

آپؓ سے سوال کیا گیا کامیاب کون ہے؟ آپؓ نے فرمایا! جو عذاب کے وعدوں سے ڈرتا ہو۔عقل مند مومن سب سے زیادہ سعید ہے۔اصل سعادت آخرت کی سعادت ہے۔

انسان کی خوش قسمتی یہ ہے کے اس کی عمر طویل ہو اور اسے اپنے دشمنوں میں وہ چیزیں نظر آئیں جسے دیکھ کر اسے خوشی ہو۔

انسان کی سعادت یہ ہے کے اس کی بیوی اس کے موافق ہو، اس کے بیٹے نیک، بھائی متقی، پڑوسی صالح ہوں اور اس کا رزق اس کے شہر میں ہو۔سعید ہے وہ ہے جو اطاعت میں مخلص ہو انسان کی سعادت اور خوش نصیبی قناعت اور رضائے الٰہی میں ہے۔

جب انسان اللہ کے حضور پیش ہوگا تو اس وقت اس کی سعادت یا بدبختی کا پتا چلے گا۔

حقیقت سعادت یہ ہے کے انسان اپنے امور سعادت سے انجام دے اور انسان کی بدقسمتی یہ ہے کے وہ اپنے امور بدقسمتی سے انجام دے۔جو لوگوں سے الگ تھلگ رہتا ہے وہ ان کی برائیوں سے محفوظ رہتا ہے۔

سب سے اشرف شے علم ہے اور اللہ کیونکہ خود عالم ہے لہٰذا وہ علماء کو پسند کرتا ہے۔

جو علم وحکمت میں معروف ہوتا ہے اس کی طرف پر وقار نگاہیں اٹھا کرتی ہیں۔

آسمان سے اترنے والی سب سے جلیل القدر شے توفیق ہے۔توفیق رحمت ہے۔
توفیق اللہ تعالیٰ کی قوت جاذبہ میں سے ہے۔نیکی کی جزا بہت جلدی مل جاتی ہے۔
نیکی سے عمر طویل ہوتی ہے۔نیکی کرنے والے ہمیشہ فاجروں کے اعمال سے بے زار رہتے ہیں۔نیکی کے ذریعے رحمت کا نزول ہوتا ہے۔۷۹ے

## نفسیاتی پہلو

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! انسان کو اللہ کی تمام مخلوقات سے اللہ کی رحمت کی طرح محبت کرنی چاہئے، زمین اللہ کی ملکیت ہے، تاہم زمین کے اندر اور زمین کے اوپر جو کچھ بھی ہے وہ سب کا سب انسان سمیت اللہ کی تمام مخلوقات کے مشترکہ استفادہ کے لئے پیدا فرمایا گیا ہے، بداخلاقی، ترش روئی اور کرختگی یہ سب برائیاں ہیں دوسری جانب خوش خلقی اور شیریں مقام ہونا باعث سعادت ہے۔۸۰ے

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۳۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۔سورہ ص۔آیت۔۱۔
۵۔سورہ الزخرف۔آیت۔۱۔۳۔
۶۔سورہ دخان۔آیت۔۱۔۳۔
۷۔سورہ ق۔آیت۔۱۔
۸۔سورہ آل عمران۔آیت۔۹۷۔
۹۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ دار احیا التراث العربی۔
۱۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار المصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۱۔سورہ نشرح۔آیت۔۴۔

۱۲۔سورہ النسا۔آیت۔۸۰۔
۱۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ) مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔ج۔۵۔ص۔۲۶۴۔مطبوعہ مکتب اسلامی۔
۱۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار المصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ) مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۲۲۔سورہ انعام۔آیت۔۸۳۔
۲۳۔سورہ آل عمران۔آیت۔۳۳۔
۲۴۔سورہ التکویر۔آیت۔۱۹۔۲۱۔
۲۵۔سورہ النجم۔آیت۔۴۔۶۔
۲۶۔سورہ الشعرا۔آیت۔۱۹۲۔۱۹۴۔
۲۷۔سورہ النحل۔آیت۔۱۰۲۔
۲۸۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔ج۔۱۔ص۔۳۹۵۔مطبوعہ مکتب اسلامی۔
۲۹۔سورہ آل عمران۔آیت۔۹۶۔
۳۰۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۳۷۔
۳۱۔سورہ التین۔آیت۔۱۔۳
۳۲۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۳۷۔
۳۳۔عہد نامہ قدیم وجدید (کتاب مقدس)۔کتاب استثناء۔باب۔۱۳۔مرتب۔بائبل سوسائٹی۔لاہور۔
۳۴۔سورہ طحہ۔آیت۔۱۲۔
۳۵۔سورہ القصص۔آیت۔۳۰۔

۳۶۔سورہ النّزعٰت۔آیت۔۱۶۔
۳۷۔الدر منثور۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۳۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۵۸۔
۳۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۹۸۔
۴۰۔مشکوۃ۔امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ) مطبوعہ اصح المطابع دہلی دار ارقم بیروت۔
۴۱۔سورہ الطور۔آیت۔۱۔
۴۲۔سورہ التین۔آیت۔۲۔
۴۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۴۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۴۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۶۔سورہ التوبہ۔آیت۔۳۶۔
۴۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۴۸۔سورہ القدر۔آیت۔۱۔۵۔
۴۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۵۔
۵۰۔سورہ دخان۔آیت۔۱۔۳۔
۵۱۔مختصر تاریخ دمشق۔ج۔۲۰۔ص۔۹۵۔مطبوعہ دار الفکر۔دمشق۔۱۴۰۴ھ۔
۵۲۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ) مطبوعہ داع الکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۳۔صحیح ابن حبان۔
۵۴۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۵۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۵۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔رقم الحدیث۔۷۵۸۔مطبوعہ دار الفکر۔
۵۷۔اتحاف سادۃ المتقین۔علامہ سید محمد بن محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ مطبع میمنہ۔
۵۸۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۵۹۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۶۰۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۱۰۔

۶۱۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۷۰۔
۶۲۔سورہ التین ۔آیت۔ ۴۔
۶۳۔سورہ الحج۔آیت۔ ۶۵۔
۶۴۔سورہ حجرات۔آیت۔ ۱۳۔
۶۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۶۶۔تفسیر ابن کثیر۔علامہ امام ابوالفدا اعماد الدین حافظ ابن کثیر (متوفی ۷۷۴ھ)۔داالفکر بیروت ۔۱۴۱۹ھ.
۶۷۔تفسیر ابن کثیر۔علامہ امام ابوالفدا اعماد الدین حافظ ابن کثیر (متوفی ۷۷۴ھ)۔داالفکر بیروت ۔۱۴۱۹ھ.
۶۸۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ) مطبوعہ داع الکتاب العلمیہ بیروت۔
۶۹۔مجمع الزوائد۔حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ) مطبوعہ دارلکتاب العربی بیروت ۔
۷۰۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی۔بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۷۱۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ ۔
۷۲۔سنن النسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب النسائی (متوفی ۳۰۳ھ) مطبوعہ دار المعرفہ۔بیروت۔
۷۳۔مسند البزاز۔حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی )۔
۷۴۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۷۵۔سورہ آل عمران۔آیت۔۲۷۔
۷۶۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۷۰۔
۷۷۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت ۔
۷۸۔جامع البیان ۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔۱۴۰۹ھ۔
۷۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۸۰۔الست بربکم ۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔ص۔۱۱۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی ۔

## ۲۴۔الجواد۔ جودوسخا (سخاوت)

**انسان کی سخاوت اسے دشمنوں میں بھی محبوب بنا دیتی ہے جبکہ اس کا بخل اس کو اس کی اولاد میں بھی قابل نفرت بنا دیتا ہے (حضرت علیؓ)**

**جواد**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ج۔و۔د) سے مشتق ہے۔ا؎

الجید۔عربی زبان میں نہایت عمدہ چیز کو کہتے ہیں۔

جودہ۔سے مراد عمدہ ہونا ہے۔

اجادہ۔سے مراد اسے عمدہ بنایا۔

الجواد۔سے مراد سخی۔۲؎

سیدی جواد، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک اسم صفاتی ہے۔

الف جن انوار کا نام ہے ان کو تصوف کی زبان میں 'سر' کہتے ہیں 'سر' وہ انوار ہیں جو اپنی لطافت کی وجہ سے اعلیٰ ترین شہود رکھنے والوں کو ہی نظر آتے ہیں تاہم یہی وہ انوار ہیں جو نہر تسوید کے ذریعے موجودات کو سیراب کرتے ہیں ان ہی انوار کے ذریعے سالک اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرتا ہے۔

الجودی۔ایک پہاڑ کا نام ہے، اس پہاڑ اس سلسلہ کوہ میں واقع ہے جو آرمینیا کو میسوپوٹیمیا سے جدا کرتا ہے تاہم اسی پہاڑ پر حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی ٹھہری تھی۔

جواد، اعلیٰ درجے اور عمدہ نسل کا نہایت برق رفتار گھوڑا، جس کی تیز رفتاری کی مثال محال ہو۔

جواد۔کی جمع الجیاد ہے۔

الجیاد۔سے مراد اصیل اور تیز رفتار گھوڑوں کے ہیں۔۳؎

سیدی جواد، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک اسم صفاتی ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سخاوت اور فیاضی

میں نہایت تیز رو تھے اور حاجت مندوں کی حاجت روی نہایت برق رفتاری سے کیا کرتے تھے اور سائل کو اپنی طبع جوادی سے اس قدر نوازتے کے بسا اوقات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اپنے پاس بھی اسباب ختم ہو جاتا لیکن اس کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خوش اور مطمئن رہتے۔

**ارشاد خداوندی:**

اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ۔ ۴؎

۔ترجمہ۔ جب اس کے سامنے پچھلے پہر سدھے ہوئے تیز رفتار گھوڑے پیش کئے گئے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

ایک دفعہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ۹۰،۰۰۰ درھم آئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو تقسیم کروادیا یہاں تک کے وہ ساری رقم اسی دن تقسیم کردی گئی تاہم تقسیم کے بعد ایک شخص آیا اس نے بھی طلب کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ! تم میرے نام پر قرض لے لو پھر جب میرے پاس ہوگا تو میں ادا کردوں گا۔ ۵؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بے حد سخی تھے اور سخاوت میں کوئی ان کا مدمقابل نہ تھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود تو فقیرانہ زندگی بسر کرتے تھے لیکن بادشاہوں سے زیادہ فیاض اور سخی تھے۔

ایک مرتبہ ایک شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چادر طلب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی چادر فوراً اس شخص کو عطا فرمائی۔

ماہ رمضان کے آخری عشرے میں آپ نہایت سخاوت اور فیاضی فرماتے تاہم ماہ صیام میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھلائی اور نفع رسانی میں تیز بارش لانے والی ہوا سے بھی زیادہ سخاوت کا مظاہرہ فرماتے۔ ۶؎

حضرت انسؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ل کے لئے کچھ بچا کر نہ رکھتے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں، ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ سخی نہیں دیکھا

خاص کر ماہ صیام میں آپ ﷺ کی سخاوت بہت ہوتی تھی ۔ ۷۔

رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوذر غفاریؓ سے فرمایا، اے ابوذر! مجھے یہ گوارا نہیں کے میرے پاس احد کے پہاڑ جتنا سونا ہو اور اس میں سے ایک اشرفی بھی تین دن تک میرے پاس بچے سوائے اس کے جو ادائے قرض ہو، اے ابوذر! میں اس مال کو اپنے دونوں ہاتھوں سے خلق خدا میں تقسیم کر کے اٹھوں ۔ ۸۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اگر میرے پاس درخت کے کانٹوں کے برابر بھی اونٹ اور بکریاں ہوتیں تو میں سب کے سب تقسیم کر دیتا اور تم مجھے بخیل اور بزدل نہ پاتے ۔ ۹۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کے سخاوت کی انتہاء موجودہ اشیاء کو دینا ہے۔

جود و سخا انسان کی عزت کی نگہبان ہے۔

جسے جزا کی امید ہوگی وہ صاحب عطیات اور تحائف ہوگا۔

موجودہ اشیاء کو دینا سخاوت کی انتہا ہے۔

جس نے اپنی دولت عطا کی گویا اس نے اپنے نفس اور جان کو عطا کیا۔

بہترین اور نیک اعمال تنگ دستی میں سخاوت، غصہ میں سچ اور باوجود قدرت کے معاف کر دینا ہے۔ سخی دنیا میں قابل ستائش اور آخرت میں کامیاب ہے۔

جواد اور سخی وہ ہے جو ان چیزوں کو بھی بانٹ دے جن میں کنجوسی برتی جاتی ہے۔

کریم النفس لوگوں کی روش سخاوت ہے۔

انسان کی سخاوت اسے دشمنوں میں بھی محبوب بنا دیتی ہے جبکہ اس کا بخل اس کو اس کی اولاد میں بھی قابل نفرت بنا دیتا ہے۔

سخاوت وہ عطا ہے جو سوال سے پہلے ہو کیونکہ سوال کے بعد عطا شرمندگی یا مذمت کے خوف سے ہوتی ہے۔

سخی افراد کے پاس مال کا جمع ہو جانا نعمت کی فراوانی کے دو حصوں میں سے ایک ہے۔
دنیا میں لوگوں کے سردار سخی افراد ہوں گے۔
سخاوت کے ذریعے گناہ مٹ جاتے ہیں اور دلوں میں محبت پیدا ہو جاتی ہے۔
سخاوت کا مطلب تم اپنی دولت کو بانٹنے والے اور دوسروں کی دولت سے بچنے والے بنو۔
حد درجہ سخاوت انسان کے دوستوں میں اضافے کا سبب ہے جبکہ سخاوت کی وجہ سے انسان کے دشمن بھی صلح جو ہو جاتے ہیں۔
اگر سخاوت کسی انسان کے روپ میں ہوتا تو وہ نہایت حسین، جمیل، وجیہہ اور خوبصورت انسان ہوتا جسے دیکھ کر لوگ خوش ہوتے۔
سخاوت کے ذریعے لوگ سردار بن جاتے ہیں اور سب سے بڑی سخاوت لوگوں تک ان کا حق پہنچا دینا ہے۔۱۰۔

## نفسیاتی پہلو

جود و سخا اللہ کی ایک بڑی نعمت ہے تاہم اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اس کو اس عظیم نعمت سے سرفراز فرماتا ہے، سخاوت یعنی اللہ کے دئے ہوئے مال کو اس کے بندوں پر خرچ کرنا ہے جو اللہ کو بہت پسند ہے تاہم سخی انسان کی سخاوت سے اس کے دشمن بھی دوست بن جاتے ہیں اور اس کے دوستوں میں بھی اضافہ ہوتا رہتا ہے، اللہ کے مال کو اللہ کی مخلوق پر خرچ کرنے سے روپے پیسے میں کمی نہیں بلکہ اضافہ ہوتا ہے اور ایسا انسان جو سخی اور صلہ رحم ہو اللہ اس کے رزق اور عمر میں اضافہ فرماتے ہیں۔ایسے تمام افراد جن کو اللہ نے اس صفت سے آراستہ فرمایا ہے وہ ذہنی، دماغی اور نفسیاتی اعتبار سے قابل رشک صحت کے مالک ہوتے ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن ۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۳۔لغات القرآن ۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۴۔سورہ ص۔آیت ۔ ۳۲۔

۵۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔

۶۔خصائل نبوی۔

۷۔صحیح بخاری ۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔

۸۔صحیح بخاری ۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔

۹۔صحیح بخاری ۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔

۱۰۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

# ۲۵۔الصدقہ۔صدقہ

**جب حد درجہ تنگ دست ہو جاؤ تو اللہ سے صدقات کے ذریعے تجارت کرو(حضرت علیؑ)**

**صدق**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ص۔د۔ق) سے مشتق ہے۔ا؎

صدق۔کا متضاد کذب ہے۔

جب انسان کے دل اور زبان میں ہم آہنگی نہ ہوتو اس کو کذب کہتے ہیں۔

صدق۔زبان وقلب کی ہم آہنگی صدق کہلاتی ہے۔

صادق۔کے معنی سچ اور حق بات کہنے والا۔

صدق کے بنیادی معنی قوت کے ہیں کیونکہ سچ میں فی نفسہ قوت ہوتی ہے۔۲؎

صدق ٹھوس اور مضبوط چیز کو کہتے ہیں۔

صدق۔کے ایک معانی دل وزبان کی ہم آہنگی۔

شیئٍ صدق۔سے مراد ٹھوس اور سخت چیز کے ہیں۔

رمح صدق۔سے مراد مضبوط نیزہ کے ہیں۔

الصدیق۔دوست کو کہتے ہیں۔

الصدیق۔سے مراد بہت سچ بولنے والا ایسا شخص جس نے کبھی جھوٹ نہ بولا ہو۔

الصدیق۔سے مراد ایسا انسان جو کے اپنے قول واعتقاد میں سچا ہو جبکہ اس کی سچائی اس کے عمل سے بھی ظاہر ہو۔

الصدقہ۔سے مراد راہ خدا میں دیا جانے والا وہ سچا اور کھرا مال واسباب جو کے خالصتاً اللہ کی خوشنودی کے لئے دیا گیا ہو۔۳؎

صدقہ۔ ہر اس مال کو کہتے ہیں جو اللہ کی راہ میں دیا جائے۔ ۴؎

صدقہ۔ مال کا وہ سچا حصہ جو راہ خدا میں اللہ کی خوشنودی کے لئے خرچ کیا جاتا ہے۔

اسلامی فلاحی مملکت میں انسان کی ضرورت سے جو چیز بھی زیادہ ہے اس پر اب دوسروں کا حق شروع ہو جاتا ہے کیونکہ اسلام انسانیت کی فلاح و بہبود کو بے حد پسند کرتا ہے۔

**ارشادات خداوندی:**

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ ۵؎

ترجمہ۔ اور وہ لوگ جو اپنا مال رات اور دن، پوشیدہ اور ظاہر اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کا صلہ تو ان کے پروردگار کے پاس ہے ان کو قیامت کے دن نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی کوئی غم ہوگا۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ ۶؎

ترجمہ۔ جو لوگ ان چیزوں کو خرچ کرنے میں بخل کرتے ہیں جو ان کو اللہ نے اپنے فضل سے عطا فرمائی ہے وہ ہرگز یہ گمان نہ کریں کے یہ بخل ان کے حق میں بہتر ہے بلکہ وہ ان کے حق میں بہت برا ہے وہ مال قیامت کے دن ان کے گلے میں طوق بنا کر ڈال دیا جائے گا۔ ۶؎

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ۔ ۷؎

ترجمہ۔ اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو تو وہ تم کو کئی گنا بڑھا کر دے گا اور تمھارے گناہ بھی معاف فرما دے گا۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۙ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۙ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ ۚ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۖ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۭ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۙ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى

الْاَفْئِدَةِ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۔۸؎

ترجمہ۔ ہر طعنہ دینے والے اور غیبت کرنے والے کے لئے تباہی ہے جس نے مال جمع کیا اور اس کو گن گن کر رکھا وہ گمان کرتا ہے کے وہ مال اس کو ہمیشہ زندہ رکھے گا ہر گز نہیں، وہ چورا چورا کرنے والی میں ضرور پھینک دیا جائے گا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا جانیں کے چورا چورا کرنے والی کیا ہے؟ وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے جو دلوں پر چڑھ جائے گی بے شک وہ ان پر ہر طرف سے بند کی گئی ہوگی بھڑکتے ہوئے شعلوں کے ستونوں میں۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلَاةَ وَاٰتُوا الزَّكَاةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۔۹؎

ترجمہ۔ نماز پڑھتے رہو اور زکوۃ ادا کرتے رہو اور اللہ کو اچھا قرض دو۔

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَر ۔۱۰؎

ترجمہ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سائل کو مت جھڑکیں۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقَاتِ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ۔۱۱؎

ترجمہ۔ ان میں سے بعض وہ ہیں جو صدقات کی تقسیم میں آپ پر اعتراض کرتے ہیں اگر ان کو ان صدقات سے دے دیا جائے تو وہ راضی ہو جاتے ہیں اور اگر ان کو ان صدقات سے نہ دیا جائے تو وہ ناراض ہو جاتے ہیں۔

اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاكِيْنِ وَالْعَامِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْم ۔۱۲؎

ترجمہ۔ صدقات (زکوۃ) کے مصارف صرف فقراء اور مساکین ہیں اور زکوۃ کی وصولیابی پر مامور لوگ اور جن کے دلوں کو اسلام کی طرف راغب کرنا مقصود ہو اور جن غلاموں کو آزاد کرنا ہو، اور مقروض لوگ اور اللہ کی راہ میں اور مسافرین، یہ اللہ کی جانب سے ایک فریضہ ہے اور

اللہ بہت علم والا بے حد حکمت والا ہے۔

اِنَّ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِیْنَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِیْنَ وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِیْنَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِیْنَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِیْنَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّآئِمِیْنَ وَالصَّآئِمَاتِ وَالْحَافِظِیْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاکِرِیْنَ اللّٰهَ کَثِیْرًا وَّالذَّاکِرَاتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا۔ ۱۳؎

ترجمہ۔بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور مومن مرد اور مومن عورتیں اور اطاعت شعار مرد اور اور اطاعت شعار عورتیں اور صادق مرد اور صادق عورتیں اور صابر مرد اور صابر عورتیں اور متواضع مرد اور متوضع عورتیں اور صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور روزہ رکھنے دار مرد اور روزہ دار عورتیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور اللہ کا بہ کثرت ذکر کرنے والے مرد اور بہ کثرت ذکر کرنے والی عورتیں اللہ ان سب کے لیے مغفرت اور اجر عظیم تیار رکھا ہے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب کوئی شخص صدقہ کرتا ہے تو وہ (ستر) شیاطین کے جبڑے کو توڑتا ہے۔ ۱۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! فقیر کی ہتھیلی پر آنے سے پہلے صدقہ رحمٰن کے ہاتھ میں آتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! زکوۃ سے اپنے اموال کی حفاظت کرو اور صدقات سے اپنے بیماروں کی دوا کرو اور مصائب کے لئے دعا کو تیار رکھو۔ ۱۵؎

عطار بن یسارؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کسی غنی کے لئے صدقہ لینا جائز نہیں مگر پانچ کے لئے۔

۱۔ جو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا ہو۔

۲۔ یا وہ صدقہ جس کو وصول کرنے والا عامل ہو۔

۳۔ یا مقروض ہو۔

۴۔ یا جس نے صدقہ کو اپنے مال سے خرید لیا ہو۔

۵۔ یا جس شخص کا کوئی مسکین پڑوسی ہو اور اس پر کوئی چیز صدقہ کی گئی ہو اور وہ مسکین غنی کو وہ چیز ہدیہ کردے۔۱۶؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص بھی کسی پاک چیز کو صدقہ کرتا ہے اور اللہ کسی پاک چیز کے سوا کسی اور چیز کو قبول نہیں کرتا تو رحمٰن اس کو اپنے ہاتھوں میں لے لیتا ہے خواہ وہ ایک کھجور ہی کیوں نہ ہو پھر وہ کھجور رحمن کے ہاتھ میں بڑھتی رہتی ہے حتیٰ کے وہ پہاڑ سے بھی زیادہ بڑی ہو جاتی ہے جیسا کے تم میں سے کوئی شخص اپنے گھوڑے یا اس کے بچھڑے کو بڑھاتا رہتا ہے۔۱۷؎

ترمذی کی ایک دوسری روایت میں ہے کے ایک لقمہ بھی پہاڑ جتنا ہو جاتا ہے اور اس کی تصدیق اللہ کی کتاب میں ہے۔

**اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ**۔۱۸؎

ترجمہ۔ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور صدقات لیتا ہے اور بے شک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

**يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ**۔۱۹؎

ترجمہ۔ اللہ سود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا رہتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کون سا صدقہ سب سے زیادہ افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تنگ دست کی کمائی اور فرمایا کے اپنے

عیال سے ابتدا کرو۔ ۲۰؎

حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں تو آپ ﷺ نے ان سے فرمایا! تم اپنی تھیلی کا منہ بند نہ کرنا ورنہ اللہ تعالی بھی اپنے خزآنے کا منہ تم پر بند کردے گا تم جس قدر بھی خرچ کرسکتی ہو خرچ کیا کرو۔ ۲۱؎

حضرت عقبہ بن عامرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! صدقہ، صدقہ دینے والوں کی قبروں سے گرمی کو دور کرتا ہے اور مسلمان قیامت کے دن صرف اپنے صدقے کے سایے میں ہوگا۔ ۲۲؎

حضرت عمرو بن عوفؓ بیان کرتے ہیں، مسلمان کا صدقہ عمر میں زیادتی کرتا ہے، بری موت کو دور کرتا ہے اور اللہ اس کی وجہ سے تکبر اور فخر کو دور کرتا ہے۔ ۲۳؎

حبان بن ابی جمیلہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو صدقہ سب سے زیادہ سرعت کے ساتھ آسمان پر چڑھتا ہے وہ یہ ہے کے انسان بہت عمدہ کھانا تیار کرے اور پھر اپنے مسلمان بھائیوں کو کھلائے۔ ۲۴؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا! اسلام کے کون سے حکم پر عمل کرنا سب سے زیادہ افضل ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! تم جس شخص کو پہچانتے ہو یا نہ پہچانتے ہو اس کو کھانا کھلاؤ اور سلام کرو۔ ۲۵؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تمھارے گناہ زیادہ ہوں پانی کے گھاٹ پر لوگوں کا پانی پلاؤ تمھارے گناہ اس طرح سے جھڑ جائیں گے جس طرح سے تیز آندھی سے درخت کے پتے گرتے ہیں۔ ۲۶؎

حضرت سعد بن عبادہؓ بیان کرتے ہیں، انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ سعد کی والدہ فوت ہوگئیں کس چیز کا صدقہ کرنا افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! پانی کا، تو حضرت سعدؓ نے پانی کا کنواں کھدوایا اور کہا یہ سعدؓ کی ماں کے لئے ہے۔ ۲۷؎

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس جگہ پانی دستیاب ہو اور وہاں کسی شخص نے کسی مسلمان کو ایک گھونٹ پانی پلایا تو گویا اس نے ایک غلام آزاد کر دیا اور جس جگہ پانی دستیاب نہ ہو اور وہاں کسی شخص نے کسی مسلمان کو پانی پلایا تو گویا اس نے اس مسلمان کو زندہ کی۔۲۸؎

## صدقہ (پانی کا صدقہ):

اللہ کی راہ میں اپنی وخرچ کرنے کی اہمیت اور اجر وثواب بہت زیادہ ہے اللہ تعالی کی نعمتوں میں سب سے عظیم نعمت پانی ہے کیونکہ دوزخ کے عذاب میں گرفتار کافر سب سے پہلے پانی کا سوال کریں گے یہی وجہ ہے کے اللہ کی راہ میں سب سے زیادہ ثواب پانی خرچ کرنے کا ہے۔حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! سب سے افضل صدقہ پانی کا ہے کیا تم نے نہیں سنا کے جب اہل دوزخ، اہل جنت سے فریاد کریں گے تو وہ یہ کہیں گے کہ ہم پر پانی انڈیل دو یا کچھ اس رزق میں سے دے دو جو اللہ نے تم کو دیا ہے۔۲۹؎۔

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں، حضرت سعدؓ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پوچھا کس چیز کا صدقہ کرنا آپ کو زیادہ پسند ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! پانی کا۔۳۰؎

مرثد بن عیاض بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا مجھے وہ عمل بتائے جو مجھے جنت میں داخل کر دے، آپ ﷺ نے پوچھا! تیرے والدین میں سے کوئی زندہ ہے؟ اس نے کہا! نہیں، رسول اللہ ﷺ نے اس شخص سے کئی بار یہ سوال دہرایا پھر آپ ﷺ نے فرمایا! تم پانی پلاؤ اس نے کہا کے میں کیسے پانی پلاؤں؟ آپ ﷺ نے فرمایا! جب لوگوں کے پاس پانی نہ ہو تو تم ان کو پانی لا کر دو۔۳۱؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے دودھ کا عطیہ دیا، چاندی قرض دی یا کسی کو راستہ

بتایا اسے غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا۔ ۳۲؎

### صدقہ اور خیرات کی فضیلت:

حضرت انس بن مالؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر کوئی مسلمان کسی درخت کا پودا لگاتا ہے اور اس درخت سے کوئی انسان یا جانور کھاتا ہے تو لگانے والے والے کے لئے وہ صدقہ ہوتا ہے۔ ۳۳؎

حضرت اسماؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! خیرات کو مت روکو ورنہ تمھارا رزق بھی روک لیا جائے گا۔ ۳۴؎

### رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا:

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا فرماتے تھے! اے اللہ! میرا حشر مساکین کے ساتھ فرما کیونکہ (مساکین دولت مندوں سے ۴۰ برس قبل داخل جنت کردئے جائیں گے)۔ ۳۵؎

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا کیا کرتے! اے اللہ! مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھ اور مسکینی کی ہی حالت میں دنیا سے اٹھا اور مساکین کے ساتھ ہی میرا حشر فرما۔ ۳۶؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! جب حد درجہ تنگ دست ہو جاؤ تو اللہ سے صدقات کے ذریعے تجارت کرو۔ نزول رزق کو صدقات کے ذریعے طلب کرو۔

دولت کی برکت صدقات میں ہے۔ صدقہ نجات دینے والی دوا ہے اور آخرت میں آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ جب انسان مر جاتا ہے تو اس کے اعمال کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے بجز تین چیزوں کے۔ ا۔ صدقہ جاریہ۔ ۲۔ علم۔ ۳۔ صالح اولاد۔

چار چیزیں انسان کو جنت کی طرف لے جاتی ہیں۔ ا۔ اپنی مصیبت کو چھپانا۔ ۲۔ پوشیدہ صدقہ

۔ ۳۔ والدین کے ساتھ نیکی ۔ ۴۔ بکثرت لا الہ الا اللہ کا ورد۔

تین چیزیں رضائے الٰہی کا سبب ہیں ۔۱۔ کثرت استغفار۔ ۲۔ انکساری۔ ۳۔ کثرت صدقہ۔

صدقات بہترین ذخائر ہیں۔خفیہ صدقہ بہترین نیکی ہے۔

صدقات انسان کو برے مقامات سے بچاتا ہے۔

صدقے کے ذریعے موت کے معین وقت کو بڑھایا جاسکتا ہے۔اپنے ایمان کو صدقات کے ذریعے محفوظ کرو۔

خفیہ صدقہ گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔صدقات بلاؤں اور سزاؤں کو دور کرتا ہے۔

اعلانیہ صدقہ بری موت کوٹال دیتا ہے۔۳۷؎

حضرت امام جعفر صادقؑ کا قول ہے! جب تمھارا کوئی رشتہ دار محتاج ہوتو پھر صدقہ باہر نہ دو۔۳۸؎

## نفسیاتی پہلو

صدقہ ،صدق سے مشتق ہے جس کے معنی مال کا وہ سچا حصہ جو انسان اللہ کی خوشنودی کی خاطر اللہ کے بندوں اور اس کی مخلوقات پر خرچ کرے،صدقہ سے مراد بھلائی اور نیکی کے کام۔ یہ صدقات مال و دولت کی صورت میں بھی ہو سکتے ہیں،کسی عمدہ عمل کو بھی کہا جاسکتا ہے جیسے کنواں کھدوانا، راستے سے کسی تکلیف دہ چیز کو دور کرنا،عمدہ مشورہ یا مسکراتے چہرے کے ساتھ لوگوں سے ملنا وغیرہ۔

اسلام ہر مسلمان کو نیک عمل کی تاکید فرماتا ہے تاکہ معاشرے میں مثبت توانائی کا پھیلاؤ ہوتا رہے،نیکی کے ہر چھوٹے بڑے عمل سے افراد اور معاشرے میں آسودگی ،طمانیت اور خوشی کی لہریں دور کرتی ہیں،دوسری جانب ایسے تمام افراد ہر طرح کے ضمیر کے بوجھ سے آزاد خوش اور مطمین ہوتے ہیں کیونکہ وہ یہ نیک اعمال اللہ کی خوشنودی اور اس کی رضا کے لئے انجام دیتے ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔تاج العروس ۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر
۳۔القاموس المحیط ۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث ۔
۴۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۷۴۔
۶۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۱۸۰۔
۷۔سورہ التغابن۔آیت۔ ۱۷۔
۸۔سورہ الھمزہ۔آیت۔
۹۔سورہ مزمل۔آیت۔ ۲۰۔
۱۰۔سورہ الضحیٰ۔آیت۔ ۱۰۔
۱۱۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۵۸۔
۱۲۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۶۰۔
۱۳۔سورہ احزاب۔آیت۔ ۳۵۔
۱۴۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔ ۱۳۹۸ھ۔
۱۵۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۱۶۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۱۰۴۔
۱۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۷۶۔
۲۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۲۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۲۳۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۲۴۔کنز العمال ۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ

۲۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۶۔تاریخ بغداد۔امام ابوبکر احمد بن علی خطیب بغدادی (متوفی ۴۶۳ھ)۔ج۔۶۔ص۔۴۰۳۔
مطبوعہ ادار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۷ھ۔
۲۷۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۲۸۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۲۹۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۳۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۳۱۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۳۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۳۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۵۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی۔
۳۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۳۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۸۰۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۳۸۔من لایحضرہ الفقیہ۔ابوجعفر محمد بن علی بن بابویہ قمی۔

# ۲۶۔الحیاء۔حیاء

## افضل ترین حیاء یہ ہے تم اللہ سے حیاء کرو (حضرت علیؑ)

حیاء۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ح۔ی۔ی) سے مشتق ہے۔
الحی۔کے معنی ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا۔
الحی۔حیاۃ، حیوۃ، یحی اور احیاء کے معانی میں مستعمل ہے جس کے معنی زندگی یا زندگی بخشنا ہے
اہل عرب کے یہاں حیی سے حیاء یعنی (شرم) بھی مراد لی گئی ہے۔
حیاء۔میں انسان سمٹتا ہے۔ا؎

**ارشادات خداوندی:**

**مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۗ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ۔۲؎**

ترجمہ۔ان لوگوں کی مثال جنہوں نے اللہ کے سوا حمایتی بنا رکھے ہیں مکڑی کی سی مثال ہے، جس نے گھر بنایا، اور بے شک سب گھروں سے کمزور گھر مکڑی کا ہے، کاش وہ جانتے۔

**وان يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۗ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ۔**

ترجمہ۔اگر مکھی ان بتوں سے کوئی چیز چھین کر لے جائے تو وہ اس کو اس سے چھڑا نہیں سکتے۔۳؎

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں! ان مثالوں پر منافقوں نے یہ اعتراض کیا تھا کے رسول اللہ ﷺ کے رب کو حیا نہیں آتی کے وہ مکھی اور مکڑی ایسی چھوٹی اور حقیر چیزوں کی مثالیں بیان کرتا ہے تب ان کے رد میں یہ آیات نازل ہوئیں۔۴؎

بے شک اللہ (ہدایت کے سلسلہ میں) کسی بھی مثال کے بیان کو ترک نہیں کرتا خواہ مچھر کی

مثال ہو یا اس سے بھی زیادہ حقیر چیز کی۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَحْیِیۤ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَۃً فَمَا فَوْقَھَا فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّہُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّھِمْ وَاَمَّا الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَیَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰہُ بِھٰذَا مَثَلًا یُضِلُّ بِہٖ کَثِیْرًا وَّیَھْدِیْ بِہٖ کَثِیْرًا وَمَا یُضِلُّ بِہٖۤ اِلَّا الْفٰسِقِیْنَ۔

ترجمہ۔ جو ایمان لائے ہیں وہ جانتے ہیں کے یہ مثال ان کے رب کی طرف سے سچی ہے اور رہے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا وہ کہتے ہیں کے اس (حقیر) مثال سے اللہ تعالیٰ نے کیا ارادہ کیا ہے؟ وہ اس (مثال کے بیان) سے بہت لوگوں کو گمراہی میں مبتلا کر دیتا ہے اور بہت لوگوں کو اس سے ہدایت دیتا ہے اور وہ صرف فاسقوں کو ہی اس سے گمراہی میں مبتلا کرتا ہے۔۵؎

وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ۔۶؎

ترجمہ۔ بے حیائی کے جتنے بھی طریقے ہیں ان کے قریب بھی نا جاؤ چاہے وہ کھلے ہوں یا چھپے۔

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْیَ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِکُوْا بِاللّٰہِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِہٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَی اللّٰہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۔

ترجمہ۔ آپ کہیے میرے رب نے تو صرف بے حیائی کے کاموں کو حرام کیا ہے خواہ وہ ظاہر ہوں، خواہ پوشیدہ اور گناہ کو اور ناحق زیادتی کو، اور یہ کہ تم اللہ کے ساتھ شریک بناؤ جس کی اللہ نے کوئی دلیل نازل نہیں کی اور یہ کے تم اللہ کے متعلق ایسی بات کہو جسے تم نہیں جانتے۔۷؎

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ سے اس طرح سے حیاء کرو جس طرح حیا کرنے کا حق ہے ہم نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! الحمد اللہ ہم حیاء کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یہ بات نہیں ہے لیکن اللہ سے حیاء کرنے کا حق یہ ہے کے تم سر اور اس کے نچلے حصہ کی حفاظت کرو اور پیٹ اور اس کے نچلے حصہ کی حفاظت کرو اور

موت اور جسم کے بوسیدہ ہونے کو یاد رکھو اور جو شخص آخرت کا ارادہ کرتا ہے وہ دنیا کی زینت کو ترک کر دیتا ہے اور جس نے ایسا کیا اس نے اللہ سے اس طرح سے حیاء کی جو حیاء کرنے کا حق ہے۔۸۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ کا بندہ اور بندی اسلام میں بوڑھے ہو جائے اللہ تعالیٰ ان کو عذاب دینے سے حیا فرماتا ہے۔۹۔

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو بوڑھا شخص صحیح عمل اور پابندی سے سنت پر عمل پیرا ہو تو اللہ کو اس سے حیا آتی ہے کے وہ اللہ سے کوئی سوال کرے اور اللہ اس کو نہ دے۔۱۰۔

حضرت ابو سعیدؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب کوئی اللہ کا بندہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھے تو اللہ کو اس سے حیا آتی ہے کے وہ اپنی کسی حاجت کا سوال کرے اور اس کے پورا ہونے سے پہلے لوٹ جائے۔۱۱۔

حضرت سلیمانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بے شک تمہارا رب حیادار کریم ہے جب بندہ اس کی طرف دونوں ہاتھ اٹھاتا ہے تو وہ ان کو خالی لوٹانے سے حیاء فرماتا ہے۔۱۲۔

حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ شرم وحیاء کے معاملے میں ایک پردے دار کنواری لڑکی سے بھی زیادہ حیاء دار تھے۔۱۳۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نہایت حیاء دار تھے اور اسی حیاء کی وجہ سے آپ ﷺ کسی شخص کو نظر بھر کر نہیں دیکھتے تھے یعنی (آنکھ میں آنکھ ڈال کر نہیں دیکھتے تھے) اگر کسی نامناسب چیز کا ذکر ضروری کرنا پڑ جائے تو آپ ﷺ اشارے میں بیان فرماتے آپ ﷺ کبھی اپنے اصحاب کے سامنے پیر پھیلا کر نہیں بیٹھتے آپ ﷺ کبھی لوگوں کی جانب کن انکھیوں سے نہیں دیکھتے۔۱۴۔

# امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! جس کو حیاء کے جامے نے ڈھانپ لیا اس کے عیوب نگاہوں سے دور ہی رہتے ہیں۔

جس کی باتیں زیادہ ہوتی ہیں اس کی غلطیاں زیادہ ہوتی ہیں اور جس کی غلطیاں زیادہ ہوتی ہیں اس کی شرم و حیاء کم ہوجاتی ہے۔جس کی شرم و حیاء کم ہوگئی اس کا تقویٰ کم ہوگیا اور جس کا تقویٰ کم ہوگیا اس کا دل مردہ ہوگیا اور جس کا دل مردہ ہوگیا وہ داخل جہنم ہوگیا۔

حیاء اور صبر جیسا کوئی ایمان نہیں۔حیاء ہر اچھے کام کا راستہ ہے۔حیاء نظروں کو جھکا دینا ہے۔ حیاء برے کاموں سے روک دیتی ہے۔سب سے اچھی حیاء یہ ہے کے تم خود اپنے نفس سے حیاء کرو۔افضل ترین حیاء یہ ہے تم اللہ سے حیاء کرو۔اللہ سے حیاء بہت سی غلطیوں کو ختم کر دیتا ہے۔جب تم سے نامعلوم چیز کا سوال کیا جائے تو اس کے بارے میں یہ کہنا کے میں نہیں جانتا کہنے میں کبھی حیاء نا کرو اور نا ہی کسی انجان چیز کو سیکھنے میں حیاء محسوس کرو۔کسی بھی شخص کو کوئی چیز بھی کم دینے میں حیاء نا کرو کیونکہ نا دینا اس سے بھی برا ہے۔

لالچی اور حریص کے پاس کوئی حیاء نہیں۔

جو انسان اپنے حق کے معاملے میں شرماتا ہے وہ محروم ہوجاتا ہے۔کمال مروت اور کمال ادب یہ ہے کے انسان خود اپنے آپ سے حیاء کرے کیونکہ جو لوگوں سے شرمائے لیکن خود اپنے نفس سے حیاء نا کرے اس کے نزدیک اس کے نفس کی کوئی قدر نہیں۔

شرم و حیاء وسیع و عریض لباس ( گناہوں سے ) روکنے والا حجاب ہے اور برائیوں سے بچانے والا پردہ ہے یہی دین کا حلیف اور باعث محبت ہے، حیاء ایک ایسی نگہبان آنکھ ہے جو جو انسان کا فساد سے دفاع کرتی ہے اور اسے برائیوں سے روکتی ہے۔

حیا کرم اور بہترین عادت ہے۔بلاوجہ شرم رزق کو روک دیتی ہے۔حیاء پاکدامنی ہے۔ حیاء عمل قبیح سے روکتی ہے۔مروت کی جڑ حیاء ہے۔افضل ترین حیاء اللہ سے حیاء ہے۔

یقیناً حیاء عفت ایمانی کے خصائل میں سے ہے اور یہ آزاد لوگوں کی روش ہے اور نیک لوگوں کا طریقہ ہے۔ دین کی بہترین خلعت حیاء ہے۔ ۱۵؎

## نفسیاتی پہلو

حیاء مومنین کا زیور ہے، اللہ تعالی نے مومنین کو اس صفت سے آراستہ فرمایا ہے، تاہم شرم وحیاء مومنین مرد وعورت کے وقار میں اضافہ کا ایک سبب ہے، اللہ تعالی مومنین کے وقار کو بہت پسند فرماتے ہیں، اسی وجہ سے حیاء کا شمار ایمان کی ایک شاخ میں کیا جاتا ہے، مومن کی یہ صفت ہے کے وہ اپنے نفس سے بھی شرماتا ہے اور اپنے آپ کو بھی گناہوں کی آلودگی سے محفوظ رکھتا ہے تاہم مومن کی خلوت اور جلوت ایک جیسی ہوتی ہے یعنی جلوت میں بھی وہ نہایت محتاط زندگی گزارتا ہے جبکہ خلوت میں جہاں اس کو دیکھنے والا کوئی نہیں لیکن اس کے باوجود وہ اللہ سے شرماتا ہے اور ہر قسم کے گناہ کبیرہ اور صغیرہ سے اجتناب برتتا ہے۔

امیر المومنین حضرت علیؑ فرماتے ہیں! افضل ترین حیاء یہ ہے تم اللہ سے حیاء کرو۔

جو لوگ اللہ کے بتائے ہوئے راستے پر چلتے ہیں اللہ تعالی انھیں ہر خوف وغم سے محفوظ اور مامون رکھتا ہے۔

### حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔سورہ عنکبوت۔آیت۔ ۴۱۔
۳۔سورہ الحج۔آیت۔ ۷۳۔
۴۔عمدۃ القاری۔حافظ بدرالدین محمد بن احمد عینی حنفی (متوفی ۸۵۵ھ)۔ج۔۱۔ص۔۱۷۷۔مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ۔مصر۔۱۳۴۸ھ۔
۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۶۔
۶۔سورہ انعام۔آیت۔ ۱۵۱۔

۷۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۳۳۔
۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۹۔کنز العمال۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ۔
۱۰۔جامع الاحادیث الکبیر۔ج۔۲۔ص۔۳۰۹۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۱۔جامع الاحادیث الکبیر۔۔ج۔۲۔ص۔۳۰۹۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۲۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۱۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۶۲۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۲۷۔التواضع۔تواضع وانکساری

سب سے عظیم وہ ہے جو خود کو کمتر سمجھے اور تکبر نہ کرے (حضرت علیؑ)

**تواضع**۔عربی زبان کا لفظ ہے۔

**ارشادات خداوندی:**

لَا تَمُدَّنَّ عَيۡنَيۡكَ اِلٰى مَا مَتَّعۡنَا بِهٖۤ اَزۡوَاجًا مِّنۡهُمۡ وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَيۡهِمۡ وَاخۡفِضۡ جَنَاحَكَ لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ۔ا؎

ترجمہ۔اور تو اپنی آنکھ اٹھا کر بھی ان چیزوں کو نہ دیکھ جو ہم نے مختلف قسم کے کافروں کو استعمال کے لیے دے رکھی ہیں اور ان پر غم نہ کر اور اپنے بازو ایمان والوں کے لیے جھکا دے۔

وَلِيَعۡلَمَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ اَنَّهُ الۡحَـقُّ مِنۡ رَّبِّكَ فَيُؤۡمِنُوۡا بِهٖ فَتُخۡبِتَ لَهٗ قُلُوۡبُهُمۡ‌ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ۔۲؎

ترجمہ۔تاکہ علم والے اسے تیرے رب کی طرف سے حق سمجھ کر ایمان لے آئیں پھر ان کے دل اس کے لیے جھک جائیں، اور بے شک اللہ ایمان داروں کو سیدھے راستہ کی طرف ہدایت کرنے والا ہے۔

وَاخۡفِضۡ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۔۳؎

ترجمہ۔جو لوگ مسلمان ہو کر تمھاری راستے پر گامزن ہو تم ان سے مشفقانہ فروتنی سے پیش آؤ۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت عمرؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مسلمانو! میری تعریف حد سے زیادہ نہ کرو جس طرح عیسائیوں نے ابن مریم کی تعریف کی کیونکہ میں خدا کا بندہ ہوں بس تم

میری نسبت اتنا ہی کہا کرو کے محمد ﷺ خدا کے بندے اور رسول ہیں ۔ ۴؎

سہل بن معاذ بن انس جہنیؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے اللہ کے لیے تواضع کرتے ہوئے (نہایت قیمتی) لباس کو ترک کر دیا حالانکہ وہ اس پر قادر تھا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو لوگوں کے سامنے بلائے گا حتیٰ کے اس کو اختیار دے گا کے وہ ایمان کے حلوں میں سے جس حلہ کو چاہے پہن لے۔ ۵؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے قدرت کے باوجود خوبصورت لباس کو تواضعاً ترک کر دیا اللہ اس کو عزت کے حلے پہنائے گا۔ ۶؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ فرمایا! اللہ تعالی اس شخص سے محبت کرتا ہے جو روز مرہ استعمال کے عام کپڑے پہنتا ہے اور اس کی پروا نہیں کرتا کے اس نے کیا پہنا ہے۔ ۷؎

ایک مرتبہ حضرت ابوذر غفاریؓ ،رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تشریف فرما تھے، ایسے میں حضرت جبرائیل علیہ السلام رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ، رسول اللہ ﷺ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے حضرت ابوذر غفاریؓ کے حوالے سے دریافت فرمایا! جبرائیل کیا آپ انھیں جانتے ہیں؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ابوذر غفاریؓ زمین سے زیادہ آسمان والوں میں مقبول ہیں اور ان کی مقبولیت کی تین وجوہات ہیں۔

۱۔ یہ بہت متواضع اور منکسر ہیں ۔

۲۔ یہ بکثرت سورہ اخلاص پڑھتے ہیں ۔

۳۔ یہ بکثرت آپ ﷺ پر درود پڑھتے ہیں۔ ۸؎

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں ، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص اللہ کے سامنے ایک درجہ تواضع کرتا ہے اللہ اس کا ایک درجہ بلند فرماتا ہے اور جو شخص اللہ کے سامنے ایک

درجہ تکبر کرتا ہے اللہ اس کو ایک درجہ پست کرتا ہے حتیٰ کے اللہ اس کو سب سے نچلے طبقے میں کر دیتا ہے۔۹؎

عائش بن ربیعہ بیان کرتے ہیں، حضرت عمر بن الخطابؓ نے منبر پر فرمایا! اے لوگو! تواضع کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کے جو اللہ کے لئے تواضع کرتا ہے اللہ اس کو سر بلند فرماتے ہوئے یہ کہتا ہے سر بلند ہو جا اللہ تجھے سر بلند کرے جبکہ وہ شخص خود اپنے آپ کو حقیر سمجھتا ہے لیکن لوگوں کی نظر میں وہ عظیم ہوتا ہے اور جو شخص تکبر کرتا ہے اللہ اس کو ہلاک کر دیتا ہے اور لوگوں کی نگاہوں میں اس کو حقیر کر دیتا ہے۔۱۰؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، جس شخص نے اپنے کسی مسلمان بھائی کے لئے تواضع اختیار کی اللہ تعالیٰ اس شخص کو سر بلند فرماتا ہے اور جس نے اپنی بڑائی ظاہر کی اللہ تعالیٰ اس کو پست کرتا ہے۔۱۱؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہئے کے وہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔۱۲؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! تواضع شرف کی سیڑھی ہے۔
جس کا دل اللہ کے لئے خاکسار ہو گیا اس کا جسم اللہ کی اطاعت کے لئے سستی نہیں کرتا۔
تواضع حسب کی زینت ہے۔ تواضع تمھارے لئے سلامتی کا باعث ہے۔ تواضع شرف کی زینت ہے۔ لوگوں سے ان کی ضروریات کے وقت تواضع اور خندہ پیشانی سے ملو کیونکہ اگر کبھی تم کسی مشکل میں گرفتار ہوئے اور ان سے مدد کے طلب گار ہوئے تو تمھیں اس وقت ذلت نہیں ہوگی۔ بلند منصب اور عہدے پر فائز انسان کا لوگوں سے تواضع اور فروتنی سے ملنا اسے منصب کے ختم ہونے پر لوگوں کی مذمت سے بچا لیتا ہے
تواضع کا ثمرہ محبت ہے۔ بادشاہ یا سلطان کی صحبت میں خوف سے پیش آؤ جبکہ دوست کے

ساتھ متواضع رہو۔تواضع عقل کی بلندی ہے جبکہ تکبر سب سے بڑی جہالت ہے۔
رفعت اور بلندی کے باوجود تواضع بالکل اسی طرح سے جس طرح سے طاقت اور قدرت کے باوجود خطا کار کو معاف کرنا۔
تواضع پست انسان کو بلند کر دیتی ہے۔سب سے باشرف خوبی تواضع ،حلم اور نرم دلی ہے۔
شریف کا تواضع اس کی بزرگی کا پتا دیتا ہے۔تواضع کا ماحاصل شرف اور فضیلت ہے۔۔
لوگوں میں عزت دار انسان وہ ہے جو رفعت و بلندی کے باوجود تواضع سے پیش آئے اور شرف و بزرگی کے باوجود اپنے آپ کو کمتر سمجھے۔
تواضع ایک ایسی نعمت ہے جس کو حاسد نہیں سمجھ سکتا۔متکبروں سے تکبر کے ساتھ پیش آنا عین تواضع ہے۔تواضع علم کا نتیجہ ہے۔سب سے عظیم وہ ہے جو خود کو کمتر سمجھے اور تکبر نہ کرے۔
جیسے ہی کوئی تواضع سے پیش آتا ہے اللہ اس کے شرف اور بزرگی میں اضافہ فرما دیتے ہیں۔ ۱۳؎

## نفسیاتی پہلو

تواضع اور منکسر المزاجی اللہ کو بہت پسند ہے،اللہ چاہتے ہیں کے اس کے بندے اللہ کی زمین پر ایک دوسرے کے ساتھ خلوص دل سے تعلقات اختیار کریں،ان کے دلوں میں غرور تکبر، کینہ،جلن اور حسد نا ہو،بندے اللہ کی خوشنودی کی خاطر ایک دوسرے کے کام آئیں اور باہم اتحاد اور اتفاق سے ایک ایسا صالح معاشرہ جنم لے جو امن وسکون کا گہوارا ہو،فطرت کا ایک سادہ سا اصول ہے اگر یہ چاہتا ہے کے وہ پرسکون رہے تو اسے اپنی ذات سے معاشرے میں سکون استوار کرنا چاہئے ، اگر وہ چاہتا ہے کے اس کے علم اور رزق میں اضافہ ہو تو اس کو اللہ کے بندوں پر اللہ کا دیا ہوا علم اور رزق خرچ کرنا ہوگا یعنی ایک طرف وہ بندگان خدا میں علم اور رزق خرچ کرے گا تو دوسری جانب اللہ بھی اس کے علم اور رزق میں اضافہ فرما دیں گے۔
نفسیاتی اعتبار سے متواضع اور منکسر المزاج افراد ایک صحت مند زندگی گزارتے ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔سورہ الحجر۔آیت۔۸۸۔

۲۔سورہ الحج۔آیت۔۵۴۔

۳۔سورہ الشعراء۔آیت۔۲۱۵۔

۴۔مدارج النبوۃ۔شیخ عبدالحق محدث دہلوی (متوفی ۱۰۵۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر۔

۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۶۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۴ھ۔

۷۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۸۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۹۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۱۰۔المعجم اوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔ ریاض ۱۴۰۵ھ۔دارالفکر بیروت۔۱۴۲۰ھ۔

۱۱۔المعجم اوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔ ریاض ۱۴۰۵ھ۔دارالفکر بیروت۔۱۴۲۰ھ۔

۱۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

## ۔۲۸۔الفقہ ۔فقہ(دین کی سمجھ۔غور وفکر)

**اللہ جب کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اس کو دین میں (تفقہ) غور وفکر کی توفیق عطا فرماتا ہے اور اسے یقین سے آشنا کروا دیتا ہے(حضرت علیؓ)**

فقہ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ف۔ق۔ہ) سے ماخوذ ہے۔

الفقہ ۔کسی چیز کو جان لینے اور سمجھ لینے کو کہتے ہیں۔ا ؎

الفقہ ۔سے مراد علم حاضر سے علم غائب کی جانب پہنچنے کو کہتے ہیں۔۲ ؎

قرآن کریم میں(۷۵۶) آیات میں کائنات میں تفکر وتدبر کی دعوت دی گئی ہے تا کہ انسان تفکر وتدبر سے اللہ کی عظمت وبڑائی کا کماحقہ ادراک وآگہی حاصل کرتے ہوئے جب اس کے حضور سجدہ ریز ہوتو اس کو معلوم ہو وہ کس عظیم ہستی کی تخلیق ہے اور اس عظیم ہستی نے اس کی خدمت کے لئے جو کائنات میں کیا کچھ تخلیق فرمایا ہے۔

### فقہ اسلامی کے ماخذ

ماخذ ان ذرائع کو کہتے ہیں جن کے ذریعے قوانین کو اخذ کیا جاتا ہے اس فن کو اصول فقہ بھی کہتے ہیں یہ فن بحیثیت ضابطہ کے کام کرتا ہے تا کہ قوانین کو مستنبط کیا جاسکے اور اگر چہ فنی اعتبار سے اس کی تدوین اسلام کی ہی مرہون منت ہے لیکن ضرورت اس امر کی ہے کے اس کی ترتیب وتدوین میں عصری تقاضوں کو بھی ملحوظ رکھا جائے تا کہ درپیش معاملات کو احسن طریقہ سے حل کیا جاسکے۔

ماخذ کی درج ذیل دو اقسام ہیں:

**ا۔ماخذ صوری:**

یہ فقہ اسلامی کا وہ ماخذ ہے جس کے ذریعے سے وہ اپنا جواز اور اثر حاصل کرتا ہے۔

**۲۔ ماخذ مادی:**

یہ فقہ اسلامی کا وہ ماخذ ہے جس کے ذریعے سے قانون اپنا مواد حاصل کرتا ہے۔

فقہ اسلامی کے مادی ماخذ ۱۲ ہیں جو درج ذیل ہیں۔

۱۔ قرآن۔

۲۔ سنت۔

۳۔ اجماع۔

۴۔ قیاس۔

۵۔ استحسان۔

۶۔ استصلاح یا مصالح مرسلہ۔

۷۔ استدلال۔

۸۔ ماقبل کی شریعت۔

۹۔ تعامل۔

۱۰۔ مسلمہ شخصیتوں کی رائے۔

۱۱۔ عرف ورواج۔

۱۲۔ ملکی قانون۔

**ارشادات خداوندی:**

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ۔ ۳؎

ترجمہ۔ پڑھیے اپنے رب کے نام سے۔

اَلَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ۔ ۴؎

ترجمہ۔ تمھارے رب نے علم سکھایا قلم سے۔

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۔۵؎

ترجمہ۔قسم ہے قلم کی اور اہل قلم کی۔

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۔۶؎

ترجمہ۔یہ قرآن عظیم ہے جو لوح محفوظ پر لکھا ہوا ہے۔

وَلَقَدْ جِئْنَاهُمْ بِكِتَابٍ فَصَّلْنَاهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۔۷؎

ترجمہ۔ہم نے ان کو قرآن پہنچایا اور علم کی ہر تفصیل بھی اس میں موجود ہے یہ اہل ایمان کے حق میں ہدایت اور رحمت ہے۔

يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُو الْاَلْبَابِ ۔۸؎

ترجمہ۔وہ جس کو چاہتا ہے علم وحکمت عطا کرتا ہے اور جس کو حکمت ملی اس کو بڑی نعمت ملی۔

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ۔۹؎

ترجمہ۔اللہ سے تو اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو علم والے ہیں۔

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعَالِمُوْنَ ۔۱۰؎

ترجمہ۔ہم یہ مثالیں لوگوں کے لئے بیان کررہے ہیں جس کو اہل علم ہی سمجھتے ہیں۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ۚ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ۔

ترجمہ یہ تو نہیں ہوسکتا کے (اللہ تعالی کی راہ میں) تمام مسلمان روانہ ہوجائیں تو ایسا کیوں نہ ہوا کہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت روانہ ہوتی تاکہ وہ لوگ دین کی سمجھ حاصل کرتے اور جب وہ اپنی قوم کی طرف لوٹتے تو ان کو (اللہ کے عذاب سے) ڈراتے تاکہ وہ گناہوں سے بچتے۔۱۱؎

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

علم کا حاصل کرنا مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔ ۱۲؂

میں تمھیں اس بات کی وصیت کرتا ہوں کے جو لوگ تمھارے پاس علم سیکھنے ے لئے آئیں تم ان کی خیر خواہی اور بھلائی کرو۔ ۱۳؂

جو شخص علم کے راستے پر چلتا ہے تو اللہ تعالی اسے جنت کے کسی راستے پر چلاتا ہے۔ ۱۴؂

طالب علم کے لئے سمندر کی مچھلیاں اور بلوں میں رہنے والی چونٹیاں تک دعا کرتی ہیں ۔ ۱۵؂ حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! علم کا طلب کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے اور نا اہل کو علم سیکھانا ایسا ہے جیسے خنزیروں کو جوہر، موتی اور سونے کے ہار ڈال دیئے جائیں۔ ۱۶؂

حضرت ابو الدرداءؓ بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرمایا! جو شخص کسی راستہ پر علم کی تلاش میں نکلتا ہے اللہ اس کو جنت کے راستہ کی طرف لے جاتا ہے۔ ۱۷؂

فرشتے طالب علم کی رضا کے لیے پر جھکاتے ہیں۔

بے شک جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمینوں میں ہیں اور جو مچھلیاں پانی کی گہرائی میں ہیں یہ سب عالم کے لیے مغفرت کی دعا کرتے ہیں۔

بے شک علماء انبیاء کے وارث ہیں۔

بے شک انبیاء دینار اور درہم کے وارث نہیں بناتے، وہ صرف علم کے وارث بناتے ہیں۔

جس شخص نے علم کو حاصل کیا اس نے بہت بڑے حصہ کو حاصل کیا۔ ۱۸؂

حضرت عبد اللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ایک فقیہ شیطان پر ایک ہزار ار عابدوں سے زیادہ شدید تر ہے۔ ۱۹؂

حضرت امیر معاویہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ جس شخص کے ساتھ خیر کا ارادہ کرتا ہے اس کو دین کی فقہ (سمجھ) عطا فرماتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میں صرف تقسیم کرنے والا ہوں اور اللہ عطا فرماتا ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری امت ہمیشہ حق پر قائم رہے گی اور کسی کی مخالفت ان کو نقصان نہیں پہنچا سکے گی حتیٰ کے قیامت آجائے گی۔۲۰؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کے کامل فقیہ وہ ہے جو لوگوں کو اللہ کی رحمت سے مایوس نہ کرے اور نہ ہی اس کے لطف وکرم سے دل برداشتہ کرے اور نہ ہی اس کے عذاب سے اسے امان میں ہونے کا یقین دلوائے۔
جو بغیر علم فقہ کے تجارت کرتا ہے وہ سود میں مبتلا ہوجاتا ہے۔
دین میں تفقہ اختیار کرو اور اپنے آپ کو ناپسندیدہ چیزوں پر صبر کا عادی بناؤ۔
کسی فقیہ اور بے وقوف سے کٹ حجتی نا کرو کیونکہ فقیہ سے بحث کرنے کے نتیجے میں تم اس کی نیکیوں سے محروم ہوجاؤ گے اور بے وقوف سے بحث کے نتیجے میں تم اس کی برائیوں سے تکلیف میں مبتلا ہوجاؤ گے۔ ایک فقیہ ابلیس کے اوپر (۱،۰۰۰) عابدوں سے زیادہ سخت ہے ایسی عبادت میں کوئی بھلائی نہیں ہے کے جس میں غور وفکر نہ ہو۔
اللہ جب کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اس کو دین میں غور وفکر کی توفیق عطا فرماتا ہے اور اسے یقین سے آشنا کروادیتا ہے۔
جو غور وفکر کرتا ہے وہ صاحب بصیرت ہوجاتا ہے۔
غور وفکر کرنے والا عبرت حاصل کرلیتا ہے۔
جو عبرت حاصل کرلیتا ہے وہ لوگوں سے دور ہوجاتا ہے اور جو لوگوں سے دور ہوگیا وہ سالم ہوگیا۔ تین چیزوں کے ذریعے مسلمان کامل ہوجاتا ہے۔
۱۔ دین میں تفقہ۔ ۲۔ ضرورت بھر رزق۔ ۳۔ مصیبت پر صبر۔
حکمت اور دانشمندی کی باتوں کے علاوہ کسی اور چیز کے بارے میں غور وفکر کرنا ہوس ہے۔

اللہ کی نعمتوں کے بارے میں غور وفکر بہترین عبادت ہے۔
غور وفکر ہدایت کی طرف لے جاتی ہے۔
غور وفکر متقیوں کی تفریح ہے اس سے عقل کو جلا ملتی ہے۔سب سے افضل عبادت غور وفکر ہے۔
غور وفکر کی وجہ سے نیک اعمال کی توفیق ملتی ہے۔۲۱؎

## نفسیاتی پہلو

اجتہاد کوئی ذہنی مشغلہ نہیں، یہ نہایت سنجیدہ ذمہ داری ہے، اور معاشرے کے ان اہل علم پر لاگو ہوتی ہے جو اس میدان کے ماہر ہیں لیکن بدقسمتی سے گزشتہ کئی سالوں سے یہ سلسلہ رک گیا ہے، قرآن کریم کی 6666 آیات میں سے 4400 نصوص شرعیہ ہیں اور یہ 4400 نصوص شرعیہ وہ آیات ہیں کے جن کے ذریعے قیامت تک آنے والے مسائل سے متعلق قانون سازی ہوتی رہے گی یعنی یہ قرآن کریم کا اعجاز ہے کے جو مسائل ابھی پیدا بھی نو ہوئے ان سے متعلق احکامات بھی قرآن کریم کی ان ہی 4400 نصوص شرعیہ آیات میں موجود ہے، دوسری جانب لاکھوں احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں تقریباً 4400 ایسی احادیث مبارکہ ہیں کے جن سے قیامت تک قانون سازی کی جاتی رہے گی۔

عصر حاضر میں کوئی بھی مجتہد بیک وقت اتنے سارے علوم پر دسترس نہیں رکھ سکتا ہے تو ایسی صورت میں ایک ایسا فورم بنانے کی اشد ضرورت ہے جہاں علماء کرام کے ساتھ ساتھ سائنس اور ٹیکنالوجی کے ماہرین، ڈاکٹر، اساتذہ، انجینئرز، ماہرین نفسیات، ماہرین اقتصادیات اور ساءنسدان شریک ہوں اور وہ امت کو درپیش مسائل پر اپنی رائے کا اظہار کریں اور آخر میں یہ تمام باتیں نوٹ کر کے علماء کرام فتویٰ نویسی کریں کیونکہ عصر حاضر میں دین کے ماہرین سائنس اور ٹیکنالوجی سے نا آشنا ہیں جبکہ سائنسدان علم دین سے ناواقف ہیں چنانچہ باہمی اشتراک سے ایسا فورم تشکیل دیا جاسکتا ہے جہاں تمام ماہرین اپنی قیمتی رائے کا اظہار کریں اور اس طرح سے معاشرے کے نہایت اعلیٰ دماغ مل کر معاشرتی مسائل کو حل کریں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔

۲۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔سورہ العلق۔آیت۔۱۔

۴۔سورہ العلق۔آیت۔۴۔

۵۔سورہ القلم۔آیت۔۱۔

۶۔سورہ البروج۔آیت۔۲۱۔۲۲۔

۷۔سورہ اعراف۔آیت۔۵۲۔

۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۶۹۔

۹۔سورہ فاطر۔آیت۔۲۸۔

۱۰۔سورہ العنکبوت۔آیت۔۴۳۔

۱۱۔سورہ التوبہ۔آیت۔۱۲۲۔

۱۲۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۳۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۵۔مفہوم حدیث صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۱۶۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۲۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۲۹۔الصمت ۔خاموشی (سکوت)

## خاموشی میں جواب سے زیادہ بلاغت ہے (حضرت علیؑ)

**سکوت**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (س۔ک۔ت) سے مشتق ہے۔
سکوت۔میں یک گنا سکون ہے۔۱؎
سکوت۔کو خاموشی بھی کہا جاتا ہے۔

**ارشادات خداوندی:**

**وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۚ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ۔۲؎**

ترجمہ۔جب موسیٰ (علیہ السلام) کا غصہ ٹھنڈا ہوگیا تو انہوں نے (تورات کی) تختیاں اٹھالیں جن کی تحریر میں ان لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! خاموشی رحمت ہے لیکن اس کو اختیار کرنے والے بہت کم ہیں ۔۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! خاموشی حقیقی دین کی بنیاد ہے۔۴؎

## امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب نے فرمایا! خاموشی نور ہے۔خاموشی عبادت ہے۔
جوانوں کو چاہیے کے وہ بحث ومباحثہ کریں، ادھیڑ عمر لوگوں کو چاہیے کے وہ کائنات میں غور وفکر کریں جبکہ بوڑھے لوگوں کو چاہیے کے وہ خاموش رہیں۔

باموقع سکوت بے وقت کلام سے بہتر ہے۔کم گوئی انسان کے عیوب کو ڈھک دیتی ہے اور انسان کے گناہوں کو کم کرتی ہے۔

خاموشی انسان کے وقار میں اضافے کا سبب ہے اور انسان کو کئی قسم کی معذرتوں کی ندامت سے بھی بچا لیتی ہے۔خاموشی حلم کا عنوان ہے۔خاموش رہو سلامت رہو گے۔

اپنے زمانے کو خاموشی سے گزارو تمھارے امور محفوظ ہو جائیں گے۔

بلاغت سے کہیں زیادہ قابل ستائش اس مقام پر خاموشی ہے جہاں کلام کی ضرورت نا ہو۔

وہ خاموشی جو تمھیں سلامتی عطا کرے اس کلام سے بدرجہا بہتر ہے جو تمھارے لئے باعث ملامت ہو۔

جاہل کی خاموشی اس کا پردہ ہے۔تمھاری وہ خاموشی جس کے بعد تم سے بات کرنے کی خواہش کی جائے اس کلام سے بہتر ہے جس کے بعد تمھیں خاموش کر دیا جائے۔ایسی خاموشی جس کی وجہ سے تعریف کی جائے اس کلام سے بدرجہا بہتر ہے جس کے بعد مذمت کی جائے وہ خاموشی جو تمھیں وقار عطا کرے اس کلام سے بہتر ہے جو تمھیں بے عزت کر دے۔

عافیت کے دس درجات ہیں جس میں سے نو درجات خاموشی میں اور ایک درجہ اگر گفتگو کی اجازت ہے تو وہ بھی ذکر الہی میں۔

خاموشی میں جواب سے زیادہ بلاغت ہے۔بہترین عبادت خاموشی اور انتظار فرج ہے۔

خاموشی سے بڑھ کر کوئی دوسرا محافظ نہیں۔ہر وہ خاموشی بھول ہے جس میں غور وفکر نہ ہو۔

جس کی خاموشی طویل ہو جاتی ہے، وہ اتنی ہی ہیبت کا مالک ہو جاتا ہے جو اس کے لئے فائدہ مند ہو اور اتنی وحشت اس کے حصے میں آجاتی ہے جو اس کے لئے نقصان کا سبب نہ ہو۔

خاموشی عیوب کو چھپائے رکھتا ہے۔سکوت وقار ہے۔سکوت علم کی زینت ہے۔سکوت سلامتی ہے۔حکمت کی باتوں میں سکوت اختیار کرنا کوئی بھلائی نہیں جس طرح سے جہالت کی باتوں میں کوئی اچھائی نہیں۔

کثرت سکوت سے ہیبت طاری ہوجاتی ہے۔تمھاری خاموشی کی وجہ سے جو کمی واقع ہوچکی اس کی تلافی آسان ہے برعکس کثرت کلام کے نقصان کے۔خاموشی سے بڑھ کر تمھارا کوئی محافظ نہیں۔اگر تمھارے پاس ادب نہیں تو پھر خاموش رہو۔۵؎

## نفسیاتی پہلو

دنیا میں جتنے مسائل،لڑائی،جھگڑے،فتنہ فساد،طلاق،علیحدگی،قتل وغارت گری اور جنگیں ہیں ان کے پیچھے زبان کی فتنہ انگیزی ہے جس کی وجہ سے یہ مسائل کھڑے ہوئے،اسی وجہ سے امیر المومنین حضرت علیؑ فرماتے ہیں! عافیت کے دس جز ہیں جن میں سے نو خاموشی میں مضمر ہیں جبکہ ایک درجے میں گفتگو کی اجازت ہے اور وہ ذکر الہی کی صورت میں۔

**حوالہ کتب:**

۱۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۵۴۔
۳۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۴۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۸۷۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۳۰۔قلب۔(دل)

## قلب کی اصلاح کی اصل ذکر الٰہی ہے(حضرت علیؓ)

### قلب کی تعریف:

لغات القرآن میں قلب کے بنیادی معنی الٹنے پلٹنے ،لوٹ پوٹ یا ادلنے بدلنے کے ہیں چنانچہ قلب الشيء یقلبہ سے مراد کسی شے کو الٹ پلٹ کر دینا یعنی نیچے کا حصہ اوپر اور اوپر کا حصہ نیچے کر دینا لیکن مبالغہ کے ساتھ تقلب کے معنی بھی الٹ پلٹ ہونے کے ہیں جیسے کے تیز گرم ریت پر سانپ لوٹ پوٹ ہوتا ہے اسی طرح سے مقلب اس لوہے کو کہتے ہیں جس سے کسان کھیتی کرنے کے لئے زمین کی مٹی کو الٹ پلٹ کرتا ہے ۱۵۴۔

انسانی دل کو ثبات نہیں لہٰذا وہ مضطرب و بے چین رہتا ہے اس میں ہر لمحہ تغیر وتبدل کی کیفیات عیاں رہتی ہیں اسی لئے اس کو بھی قلب کہا جاتا ہے تاہم انسان کی عقل وبصیرت بھی مختلف زاویوں سے سوچتی اور سمجھتی ہے لہٰذا عقل کو بھی قلب کا نام دیا گیا ہے۔

ابن ہشام نے قلب کے چار معانی بیان کئے ہیں۔

۱۔دل۔ ۲۔عقل۔ ۳۔ ہر چیز کا خلاصہ۔ ۴۔اور ہر چیز کا بہترین حصہ۔

ابن فارس نے کہا اس مادے کے دو بنیادی معنی ہیں۔

۱۔کسی چیز کا خالص اور گرانقدر حصہ۔

۲۔کسی چیز کو ایک رخ سے دوسرے رخ پر پھیرنا،اسی لئے اہل عرب کہتے ہیں ھذا عربی قلب یعنی یہ شخص خالص عرب ہے کھجور کے درخت میں پایا جانے والا ایک سفید اور مفید مغز جس کو گابھا کہا جاتا ہے یہ کھجور کے درخت کا بہترین اور قیمتی حصہ ہے اسے عربی زبان میں قلب النخلہ کہتے ہیں۔

صاحب کتاب اشتقاق لکھتے ہیں ہر خالص شے کو قلب کہا جاتا ہے۔ ا؎

قرآن کریم میں لفظ قلب ۱۳۲ مرتبہ آیا ہے جس سے مراد انسانوں کے مادی قلوب نہیں بلکہ انسان کا باطن ہے قرآن کریم میں قلب اور فواد، دو الفاظ کا استعمال کیا گیا ہے۔

فواد، فاد سے مشتق ہے جس کے معنی تپش، خلش، سوز و گداز اور درد کے ہیں جبکہ قلب عقل، فکر، فہم و بصیرت کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ان دونوں کے استعمال میں کوئی خاص خط امتیاز بھی نہیں اس حوالے سے امام راغب اصفہانی نے لکھا ہے دل کو فواد اس وقت کہتے ہیں جب اس میں بھڑکنے کے معنی پائے جائیں۔

صاحب تاج نے لکھا فاد کے اصل معنی ملنے اور ہلانے کے ہیں اسی اعتبار سے دل کو فواد کہا جاتا ہے کیونکہ وہ بہت زیادہ ہلتا اور دھڑکتا ہے۔ ۲؎

عربی لغات کی ان تشریحات کے پیش نظر جب بھی انسانی جذبات کی طرف اشارہ کیا جائے گا تو لفظ فواد کا ذکر آئے گا اور جب انسانی فکر و بصیرت سے متعلق کوئی بات کہی جائے گی تو وہاں لفظ قلب کا استعمال کیا جائے گا اگرچہ فواد اور قلب کا یہ فرق عمومی ہے لیکن ان دونوں کے معنی ایک ہیں

جیسے یہ کہا جاتا ہے فاد زیداً یعنی زید کے دل پر چوٹ لگی یا فاد خوف بکر یعنی بکر کو خوف نے بزدل کر دیا یہاں یہ بتانا ضروری ہے کے ان چیزوں کا تعلق جذبات سے ہے چونکہ فواد سوز و گداز کا منبع ہے۔ اسی حوالے سے مختلف ارشادات خداوندی ہیں!

وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۚ إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولَٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا ۔ ۳؎

ترجمہ۔ کسی ایسی چیز کے پیچھے نہ لگو جس کا تمھیں علم نہ ہو یقیناً آنکھ، کان اور دل (فواد) سب ہی کی باز پرس ہونی ہے۔

اس آیت میں سمع اور بصر تو حواس (Sense of Perception) کے ذرائع ہیں جبکہ فواد

سے مراد Mind یا جذبات کے ہیں قرآن کریم نے حصول علم کے لئے سمع بصر اور قلب کا ذکر کیا، سماعت و بصارت ان حواس (Senses) کی ترجمان ہیں جن کے ذریعہ محسوس اشیاء کے متعلق معلومات ذہن انسانی تک پہنچتی ہیں یعنی یہ علم محسوسات (Perceptual knowledge) کے ذرائع ہیں ان ذرائع سے جو معلومات (Sense Data) قلب (Mind) تک پہنچتا ہے وہ اس سے تصورات (Concepts) متعین کرتا ہے اس طرح سمع، بصر و قلب سے (Conceptual knowledge) حاصل ہوتا ہے قرآن کریم علم محسوسات اور علم تصورات پر بڑا زور دیتے ہوئے یہ کہتا ہے کے جو لوگ سمع و بصر اور قلب سے کام نہیں لیتے وہ نامراد اور جہنمی ہیں۔ ارشادات خداوندی ہیں!

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۖ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۖ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۗ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۗ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ۔ [۴]

ترجمہ۔ جسے اللہ ہدایت بخشے بس وہی راہ راست پاتا ہے اور جسے اللہ اپنی رہنمائی سے محروم کردے وہی ناکام و نامراد ہو کر رہتا ہے اور یہ حقیقت ہے کے بہت سے جن اور انسان ایسے ہیں کے جن کو ہم نے جہنم کے لئے ہی پیدا کیا ہے ان کے پاس دل ہیں مگر وہ اس سے سوچتے نہیں ان کے پاس آنکھیں ہیں مگر وہ ان سے دیکھتے نہیں ان کے پاس کان ہیں مگر وہ ان سے سنتے نہیں وہ جانوروں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گئے گزرے اور یہ وہ لوگ ہیں جو غفلت میں کھو گئے ہیں۔

ان میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو کان لگا کر تمھاری بات سنتے ہیں اور پھر جب تمھارے پاس سے نکلتے ہیں تو ان لوگوں سے جنھیں علم کی نعمت بخشی گئی ہے پوچھتے ہیں کے ابھی ابھی انھوں

نے کیا کہا تھا؟ یہ وہ لوگ ہیں کے جن کے دلوں پر اللہ نے ٹھپہ لگا دیا ہے یہ اپنی خواہشات کے پیرو بنے ہوئے ہیں رہے وہ لوگ جنھوں نے ہدایت پائی اللہ ان کو اور زیادہ ہدایت دیتا ہے اور انھیں ان کے حصے کا تقویٰ عطا فرماتا ہے۔۵؎

وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِىْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ۔۶؎

ترجمہ۔اے محمدؐ! یہ پیغمبروں کے قصے جو ہم تمھیں سناتے ہیں یہ وہ چیزیں ہیں جن کے ذریعے سے ہم تمھارے دل (فواد) کو مضبوط کرتے ہیں۔

وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ۗ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِىْ بِهٖ لَوْلَاۤ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ۔۷؎

ترجمہ۔ادھر موسیٰ کی ماں کا دل (فواد) اڑا جا رہا تھا اور وہ اس کا راز فاش کر بیٹھتی اگر ہم اس کی ڈھارس نہ بندھا دیتے۔

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۚ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ۔۸؎

ترجمہ۔حقیقت یہ ہے کے بہت سے جن اور انسان ایسے ہیں جن کو ہم نے جہنم کے لئے ہی پیدا کیا ہے ان کے پاس دل ہیں مگر وہ ان سے سوچتے نہیں ہیں۔

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَاۤ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِىْ فِى الصُّدُوْرِ۔۹؎

ترجمہ۔کیا انہوں نے ملک میں سیر نہیں کی پھر ان کے ایسے دل ہو جاتے جن سے سمجھتے یا ایسے کان ہو جاتے جن سے سنتے، پس تحقیق بات یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں اندھے ہو جاتے ہیں۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۚ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔ اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جسے اس کے رب کی آیات سنا کر نصیحت کی جائے اور وہ ان سے منہ پھیرے اور اس برے انجام کو بھول جائے جس کا سروسامان اس نے اپنے لئے خود اپنے ہاتھوں سے کیا ہے (جن لوگوں نے یہ روش اختیار کی ہے) ان کے دلوں پر ہم نے غلاف چڑھادئے ہیں جو انھیں قرآن کی باتیں سمجھنے نہیں دیتی اور ان کے کانوں میں ہم نے گرانی پیدا کردی ہے تم انھیں ہدایت کی طرف کتنا ہی بلاؤ وہ اس حالت میں کبھی ہدایت نہیں پائیں گے۔

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۔ ۱۱؎

ترجمہ۔ تمھارا خدا تو بس ایک ہی خدا ہے مگر جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے ان کے دلوں میں انکار بس کر رہ گیا ہے اور وہ گھمنڈ میں پڑ گئے ہیں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۔

ترجمہ۔ بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو یہ کہتے ہیں کے ہم اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لائے ہیں حالانکہ درحقیقت وہ مومن نہیں ہیں وہ اللہ اور ایمان لانے والوں کے ساتھ دھوکے بازی کرر ہے ہیں مگر وہ خود اپنے آپ کو ہی دھوکے میں ڈال رہے ہیں اور انھیں اس کا شعور نہیں ہے ان کے دلوں میں ایک بیماری ہے (یہاں نفسیاتی اور ذہنی امراض کا ذکر کیا گیا ہے) جسے اللہ نے اور زیادہ بڑھا دیا ہے اور وہ جھوٹ بولتے ہیں اس کی پاداش میں ان کے لئے

ایک دردناک سزا ہے۔ ۱۲؎

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَإِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ان سے کہو کے جو کوئی جبرائیل سے عداوت رکھتا ہے اسے معلوم ہونا چاہئے کے جبرائیل نے اللہ کے ہی اذن سے یہ قرآن تمھارے قلب پر نازل کیا ہے جو پہلے آئی ہوئی کتابوں کی تصدیق وتائید کرتی ہے اور ایمان لانے والوں کے لئے ہدایت اور کامیابی کی بشارت بن کر آئی ہے۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔

ترجمہ۔ان کے دلوں کو اللہ کی یاد سے اطمینان نصیب ہوتا ہے خبردار ہو کے اللہ کی یاد وہ چیز ہے جس سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے۔ ۱۴؎

وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ان کے دل اس خیال سے کانپتے رہتے ہیں کے ہمیں اپنے رب کی طرف پلٹنا ہے۔

ذٰلِكَ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ۔ ۱۶؎

ترجمہ۔ جو اللہ کے مقرر کردہ شعائر کا احترام کرے تو یہ دلوں کے تقوی سے ہے۔

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ۔ ۱۷؎

ترجمہ۔کوئی مصیبت کبھی نہیں آتی مگر اللہ کے اذن سے ہی آتی ہے جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے تو اللہ اس کے دل کو ہدایت بخشتا ہے،، اور اللہ ہر چیز جاننے والا ہے۔

اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ۔ ۱۸؎

ترجمہ۔ یہ وہ لوگ ہیں کے جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان ثبت کر دیا ہے۔

**تقلب**۔ سے مراد جدو جہد کے ہیں جس کے لئے قرآن کریم میں درج ذیل آیات آئی ہیں:

أَوْ يَأْخُذَهُمْ فِي تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ۔ ۱۹؎

ترجمہ۔ یا اچانک چلتے پھرتے انھیں (عذاب) پکڑ لے یا پھر ایسی حالت میں انھیں پکڑ لے جبکہ انھیں خود آنے والی مصیبت کا کھٹکا لگا ہوا ہو اور وہ اس سے بچنے کی فکر میں ہیں۔

الَّذِي يَرَاكَ حِينَ تَقُومُ وَتَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ۔ ۲۰؎

ترجمہ۔ وہ تمھیں اس وقت بھی دیکھ رہا ہوتا ہے جب تم اٹھتے ہو اور وہ (اللہ) سجدہ گزار لوگوں کے درمیان تمھاری نقل وحرکت پر نگاہ رکھتا ہے۔

قَدْ نَرَى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ۔ ۲۱؎

ترجمہ۔ یہ تمھارے منہ کا بار بار آسمان کی طرف اٹھنا ہم دیکھ رہے ہیں۔

وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِ فَأَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلَى مَا أَنْفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَى عُرُوشِهَا وَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُشْرِكْ بِرَبِّي أَحَدًا۔ ۲۲؎

ترجمہ۔ آخر کار ہوا یہ کے اس کا ثمرہ مارا گیا اور وہ اپنے انگوروں کے باغ کو ٹٹیوں پر الٹا پڑا دیکھ کر اپنی لگائی ہوئی لاگت پر ہاتھ ملتا رہ گیا۔

لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوا لَكَ الْأُمُورَ حَتَّى جَاءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ أَمْرُ اللَّهِ وَهُمْ كَارِهُونَ۔ ۲۳؎

ترجمہ۔ اس سے پہلے بھی ان لوگوں نے فتنہ انگیزیوں کی کوششیں کیں اور تمھیں ناکام کرنے کے لئے یہ ہر طرح کی تدبیروں کا الٹ پھیر کر چکے ہیں یہاں تک کے ان کی مرضی کے خلاف حق آ گیا اور اللہ کا کام ہو کر رہا۔

فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوَاكُمْ۔ ۲۴؎

ترجمہ۔ جان لو کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں اور اپنے اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگیے، اور اللہ ہی تمہارے لوٹنے اور آرام کرنے کی جگہ کو جانتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بارگاہ رب العزت میں یوں دعا گو ہوا کرتے تھے!

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي۔

ترجمہ۔اے میرے رب مجھے شرح صدر عطا فرما اور میری مشکل آسان فرمادے۔

جس پر اللہ تعالی نے فرمایا! أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ۔ ۲۵؎

ترجمہ۔کیا ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شرح صدر عطا نہیں کیا؟

## قلب سے متعلق احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت سعیدؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن کا دل صاف ہے اس میں چراغ ہے جو کے ظاہر کرتا ہے یعنی (ہر چیز اس میں روشن ہو جاتی ہے)۔۲۶؎

حضرت ابو ذر غفاریؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص کے قلب کو اللہ نے ایمان کے لئے خالص ومخصوص کرلیا وہ فلاح پا گیا اللہ نے اس کے دل کو سالم رکھا اس کی زبان کو سچا اور نفس کو مطمئن کر دیا اس کی خلقت اور طبیعت کو مستقیم اور سیدھا رکھا اس کے کانوں کو سننے والا بنایا اس کی آنکھوں کو دیکھنے والا بنایا یعنی (بصیرت) اس شخص نے فلاح پالی جس کے دل کو حق بات کا محافظ بنادیا گیا۔۲۷؎

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن کی قوت اس کے دل میں ہوتی ہے ہاتھ میں نہیں۔۲۸؎

حضرت عبید اللہ بن شمیطؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ نے مومن کے قلب میں طاقت رکھی ہے اس کے اعضاء میں نہیں۔۲۹؎

مندرجہ بالا آیات میں تقلب کے حوالے سے کچھ تشریحات کی گئیں تقلب جسمانی اور قلبی دونوں ہی قسم کی جدو جہد میں مستعمل ہے۔

مندرجہ بالا آیات میں قرآن کریم میں لفظ قلب کا استعمال عقل اور جذبات دونوں کے لئے ہی

کیا گیا ہے انگریزی زبان میں عقل، قلب اور فواد کے لئے لفظ Mind کا استعمال کیا گیا ہے اسی طرح سے قرآن کریم میں قلب اور فواد کو ہم معنی اور مترادف معانی میں استعمال کیا گیا ہے امام غزالی فرماتے ہیں، قلب کے دو معنی ہیں ۔

۱۔ قلب گوشت پوست کا ایک لوتھڑا جو کے سینے میں بائیں جانب ہوتا ہے یہ ایک خاص قسم کا گوشت ہے جس کے درمیان میں ایک خلاء ہے اور جس میں سیاہ خون ہوتا ہے یہ منبع روح اور سرچشمہ حیات ہے اس کا تعلق عالم محسوسات سے ہے لیکن یہ قلب ہمارا موضوع نہیں۔

۲۔ دوسرا قلب جو ایک روحانی ربانی لطیفہ ہے درحقیقت یہی لطیفہ انسان کی اصل حقیقت ہے یہ مدرک یعنی (ادراک کی صلاحیت رکھتا) ہے یہ عالم بھی ہے اور اسی سے خطاب وعتاب بھی ہیں باالفاظ دیگر آپ نے جسم مثالی کو قلب سے موسوم کیا ہے۔ ۳۰؎

آپ مزید فرماتے ہیں جس کو ہم قلب کہتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی معرفت کی جگہ ہے یہ وہ روح نہیں جو جانداروں میں ہوتی ہے، نہ یہ جسم ہے، نہ عرض بلکہ فرشتوں کے گوہر کی جنس سے ایک جوہر ہے معرفت الٰہی اور جمال خداوندی کا مشاہدہ اسی کی صفت ہے عبادت ہے تو اسی کے لئے اور اللہ تعالیٰ کا خطاب وعذاب وثواب کا مستحق بھی یہی ہے سعادت وشقاوت بھی اسی کا مقدر ہے اسی قلب کی حقیقت سے آگاہ ہونا معرفت الٰہی کی کلید ہے۔ ۳۱؎

آپ کے خیال میں قلب ایک روشن وشفاف آئینہ کی مانند ہے جبکہ برے اخلاق دھوئیں اور ظلمات کی مانند ہیں جو قلب تک پہنچ کر اس کو زنگ آلود کر دیتے ہیں نیند میں انسان کے ظاہری حواس بند ہو جاتے ہیں اور قلب کی کھڑکیاں کھل جاتی ہیں جس کی وجہ سے عالم ارواح اور لوح محفوظ میں غیب کی چیزیں نظر آتی ہیں اور جو کچھ آئندہ ہونے والا ہے وہ بھی دکھائی دیتا ہے۔
۳۲؎

بقول اقبال!

اک دانش نورانی، اک دانش برہانی ہے دانش برہانی، حیرت کی فراوانی۔ ۳۳؎

حضرت علی بن بندار صیرانی کہتے ہیں قلوب کا فساد میں مبتلا ہونا زمانہ اور اہل زمانہ کے فساد کے مطابق ہوتا ہے۔ ۳۴؎

امام غزالی نے انسان کے باطنی رخ کو 'قلب' کا نام دیا ہے جو کہ ایک نورانی جوہر ہے۔

## اقسام قلب

علماء کرام، اولیاء اور عرفاء نے قلب کی درج ذیل ۳ اقسام بیان کی ہیں۔

۱۔ پہلی قسم کے قلب کی پرواز دنیا میں رہتی ہے یعنی ان کے قلب میں خواہشات، شہوات اور نفسانی جذبات نفوذ پذیر ہوتے ہیں اور اس قلب کے حامل افراد دنیا کی خواہشات میں گم رہتے ہیں اس قسم کا قلب دنیا کی خواہشات میں معلق رہتا ہے اس قسم کا قلب ہر وقت کچھ ملنے کا منتظر رہتا ہے۔

۲۔ قلب کی دوسری قسم آخرت اور عقبیٰ کی فضاؤں میں محو پرواز رہتا ہے یعنی اس قلب کی خواہشات آخرت کی نعمتیں، جنتوں کا حصول، حور وقصور سے ملاقات اور بلند درجات کی خواہشات اور تمناؤں سے معمور ہوتا ہے اس قلب کا حامل شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ آخرت کی بزرگی، مقامات، بلندیوں، نعمتوں اور لذات کو حاصل کر سکے اس قسم کا قلب عقبیٰ کے حصول کی خواہشات میں معلق رہتا ہے اس کے ذوق اخروی اور جنتی ہوتے ہیں یہ قلب ہمہ وقت اللہ کی رضا کا منتظر رہتا ہے۔

۳۔ قلب کی تیسری قسم سدرۃ المنتھیٰ، عرش کی بلندیوں، عالم ملکوت اور عالم جبروت میں محو پرواز رہتے ہیں اس قلب کے حامل افراد اللہ کی محبت میں گرفتار رہتے ہیں یہ قلب اللہ کی محبت میں معلق رہتا ہے یہ اللہ کے ساتھ جڑا رہتا ہے یہ قلب ہمہ وقت اللہ کی ملاقات اور دیدار کا منتظر رہتا ہے۔ اس قلب کے حامل شخص کو دنیا وعقبیٰ کی کسی شے کا مزہ نہیں۔

اس تیسری قسم کے قلب یعنی روحانی قلب کی بھی مزید تین اقسام ہیں یعنی (عطا، رضا اور لقاء)۔

۱۔ان میں پہلی قسم کے قلب ہمہ وقت اللہ کی عطا اور اللہ کی رحمتوں کے منتظر رہتے ہیں اس قلب کو قلب آدمیون کہتے ہیں یعنی یہ قلوب حضرت آدم علیہ السلام کی اتباع میں اللہ کی رحمتوں کے منتظر ہوتے ہیں۔

۲۔ان میں دوسری قسم کے قلب راضی بارضا رہتے ہیں اس قسم کے قلوب کو قلب ابراہیمی کہا جاتا ہے۔

۳۔تیسری قسم کے قلوب اللہ کی ملاقات کے منتظر اور خواہش مند رہتے ہیں چنانچہ ایسے ہی قلوب کے لئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص اللہ کی ملاقات کا منتظر رہتا ہے اللہ بھی اس کی ملاقات کا منتظر رہتا ہے۔

اس قسم کے قلوب اللہ کے دیدار کے متمنی ہوتے ہیں اس قسم کے قلب کو قلب محمدی ﷺ کہتے ہیں رومی کہتے ہیں تعلیم قرآنی کے مطابق تو قلب، انسان کے اندر اللہ کی اپنی پھونکی ہوئی روح ہے جس کی فطرت کو خدا نے اپنی فطرت پر ڈھالا ہے یعنی فطرت اللہ التی فطر الناس علیھا لیکن عالم جسمانی میں یہ قلب آلودہ ہو گیا اس کی وضاحت میں وہ کہتے ہیں خالص پانی میں جب مٹی کی آمیزش ہو جاتی ہے تو وہ کیچڑ بن جاتا ہے لیکن اس کیچڑ میں آب خالص تو موجود ہے لیکن وہ اس حالت میں ہے کے اس سے طہارت حاصل نہیں کی جا سکتی بالکل اسی طرح سے جسمانی خواہشات کی گرفت سے آزاد ہو کر یہ قلب پھر اپنی اصلیت کی طرف عود کرتا ہے اس کے بعد وہ فرشی نہیں بلکہ عرشی ہو جاتا ہے۔۳۵

بعض لوگوں کے ظاہری اعمال اگرچہ ایک جیسے ہوتے ہیں لیکن فطرت کے تفاوت سے ان کے نتائج عمل بالکل مختلف ہوتے ہیں لہٰذا کھرے اور کھوٹے کی اگر تسلی چاہئے تو اپنے نفس سے پوچھو خود رسول اللہ ﷺ کا ارشاد پاک اس سے متعلق ہے قلب سے پرکھو۔

آگے چل کر رومی ایک مثال پیش کرتے ہوئے یہ کہتے ہیں اگر نوالے میں معمولی سا تنکا چلا جائے تو انسان فوری طور پر اس کو محسوس کر لیتا ہے بالکل اسی طرح سے اگر حس روحانی بیدار ہو

تو معمولی سے شر کا شائبہ بھی با آسانی محسوس ہو جاتا ہے۔۳۶؎

قرآن کریم کے مطالعے سے قلب کے ۱۳ درجات کا علم ہوتا ہے۔

## ا۔قلب سلیم (پاکیزگی والا قلب):

لفظ 'سلیم' عربی زبان کے لفظ اسلام سے مشتق ہے اس سے مراد فرمانبرداری اور حکم الٰہی کی بے چوں و چرا پابندی سے ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِلَّا مَنۡ اَتَی اللّٰہَ بِقَلۡبٍ سَلِیۡمٍ ۔۳۷؎

ترجمہ۔کوئی شخص قلب سلیم لئے ہوئے اللہ کے حضور حاضر ہو۔

انسانی قلب اور اس کے پاکیزہ جذبات جو کے ہر طرح کے کفر و شرک اور فسق و فجور سے پاک ہوں کائنات کی ہر نعمت قلب سلیم کے ساتھ ہی نفع بخش ہے جس میں مال و دولت، اولاد اور بیش قیمت سواریاں واملاک شامل ہیں جہاں تک لفظ 'میں' یا 'میرا' کا تعلق ہے وہ اصولاً درست نہیں کیونکہ کائنات کی ہر شے اللہ کی طرف سے ہے اور وہ اللہ کی طرف لوٹ رہی ہے انبیاء کرام کی طرز فکر یہ ہے کے وہ جب بھی کسی چیز کے متعلق سوچتے ہیں تو اس کے اور اپنے درمیان براہ راست رشتے اور تعلق سے گریز کرتے ہیں اور درمیان میں اللہ کی معرفت کا محکم اور لازوال خیال ان کے ذہنوں میں ہمہ وقت موجود ہوتا ہے ان کی طرز فکر یہ ہوتی ہے کے کائنات کی تمام چیزوں کا اور ہمارا مالک اللہ ہے لہٰذا اس چیز سے اور ہمارا واسطہ محض اللہ تعالی کی وجہ سے ہے اس اعتبار سے ان کے ذہن کی ہر حرکت میں اللہ تعالی کا احساس موجود ہوتا ہے اور اللہ کی ذات بحیثیت محسوس کے ان مخاطب اور پیش نظر ہوتی ہے قانون کی رو سے اللہ تعالی کی صفات ہی ان کا احساس بنتی ہیں اور پھر رفتہ رفتہ اللہ تعالی کی صفات ان کے ذہنوں میں مستقل مقام حاصل کر لیتی ہیں بالفاظ دیگر ان کا ذہن اللہ تعالی کی صفات کا قائم مقام بن جاتا ہے اور اس مقام کے حصول کے بعد ان کے ذہن کی ہر حرکت اللہ تعالی کی صفات کی

حرکت بن جاتی ہے اللہ کی صفات کی تمام حرکات قدرت اور حاکمیت کے وصف سے متصف ہیں چنانچہ ان کے ذہن کو یہ قدرت حاصل ہو جاتی ہے کے وہ اپنے ارادوں کے مطابق موجودات کے کسی فرد اور کسی ہستی کو حرکت میں لا سکتے ہیں لہٰذا

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ کی باطنی تفسیر کا بنیادی سبق بھی یہی ہے۔ ۳۸؎

**۲۔قلب منیب (رجوع کرنے والا قلب):**

منیب انابت سے ہے جس کے معنی ایک جانب رخ کرنے والا اور بار بار اسی کی جانب پلٹنے والا ہے جیسے قطب نما کی سوئی کا رخ ہمیشہ قطب کی ہی جانب رہتا ہے خواہ اس کو کتنا ہی ہلا لیا جائے یہاں قلب منیب سے مرد ایسا دل جو کے مکمل خلوص نیت سے صرف اور صرف اللہ کی طرف مائل اور متوجہ ہو اور جیسے بھی حالات، دنیاوی چمک اور مادی فوائد ہوں انسان ہر حال میں پابند فرمان الٰہی کا نمونہ بن جائے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

مَّنۡ خَشِىَ الرَّحۡمٰنَ بِالۡغَيۡبِ وَجَآءَ بِقَلۡبٍ مُّنِيۡبِ ۔ ۳۹؎

ترجمہ۔ جو بے دیکھے رحمن سے ڈرتا ہے اور جو دل گرویدہ لئے ہوئے آیا ہے۔

بقول شاعر!

دل بینا بھی کر خدا سے طلب　　　آنکھ کا نور دل کا نور نہیں

**۳۔قلب محب (محبت کرنے والے قلوب):**

یہ قلوب کی وہ قسم ہے جس کے حامل افراد اللہ کے آگے جھکے رہتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

فَيُؤۡمِنُوۡا بِهٖ فَتُخۡبِتَ لَهٗ قُلُوۡبُهُمۡ ۔ ۴۰؎

ترجمہ۔علم سے بہرہ مند لوگ یہ جان لیں کے یہ حق ہے تیرے رب کی طرف سے اور وہ اس پر ایمان لے آئیں اور ان کے دل اس کے آگے جھک جائیں یقیناً اللہ ایمان والوں کو سیدھا

راستہ دکھاتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے!

جو شخص اللہ کے لئے جھکتا ہے یعنی (وہ اللہ کے لئے عاجزی کو اختیار کرتا ہے) تو ایسے شخص کے درجات اور اس کی عزت کو اللہ بلند فرماتا ہے۔

## ۴۔قلب وجل (خشیت رکھنے والے قلوب):

اس قلوب کے حامل افراد نیکی کرنے کے بعد بھی اپنے اندر خشیت کے جذبات رکھتے ہیں انھیں اس بات کا ڈر ہوتا ہے کے کہیں ان کی کسی کوتاہی سے اللہ ناراض نہ ہوجائے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

**وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رَاجِعُوْنَ**۔[۱۴۱]

ترجمہ: ان کے دل اس خیال سے کانپتے رہتے ہیں کے ہمیں اپنے رب کی طرف پلٹنا ہے۔

حضرت عائشہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے اس آیت کی تفسیر جاننی چاہی اور پوچھا!

رسول اللہ ﷺ کیا اس سے مراد چوری، شراب نوشی، زنا اور گناہ کے کام کرکے ڈرنے سے ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے جواب دیا نہیں اس سے مراد وہ شخص ہے جو نماز پڑھتا ہے، روزے رکھتا ہے، زکوۃ دیتا ہے لیکن اس کے باوجود وہ اللہ سے ڈرتا ہے۔

حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کے روز قیامت اگر تم دیکھو کے عمرؓ کامیاب ہوگیا تو سمجھ لینا کے صرف اللہ کی رحمت نے اسے ڈھانپ لیا لیکن اگر وہ ناکام ہوگیا تو سمجھ لینا کے اللہ کا عدل قائم ہوگیا

حضرت حسن بصری فرماتے ہیں مومن اللہ کی اطاعت کرکے بھی اللہ سے ڈرتا ہے لیکن منافق گناہ اور معصیت کے کام کرکے بھی بے خوف رہتا ہے۔

## ۵۔قلب تقی (متقی قلوب):

اس قلب کے حامل افراد متقی اور پرہیزگار ہوتے ہیں وہ شعائر اللہ کی تعظیم وتکریم کرتے ہیں اگر کسی مجبوری کے سبب کوئی عبادت چھوٹ جائے تو اس کا قلق انھیں چین نہیں لینے دیتا یہ لوگ اذان ے وقت خاموشی اختیار کرتے ہیں تاہم اللہ کو ایسے لوگ بہت پسند ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

ذٰلِكَ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ۔ ۴۲؎

ترجمہ۔ جو شخص اللہ کی مقرر کردہ شعائر کا احترام کرتا ہے، تو یہ دلوں کے تقوی سے ہے۔

### ۶۔قلب مہدی (اللہ کی رضا میں راضی قلوب):

اس قلب کے حامل افراد ہر حال میں راضی بہ رضا رہتے ہیں ہر قسم کی مشکل، پریشانی، دکھ درد ،رنج والم میں یہ اللہ سے جڑے رہتے ہیں اور ہر حال میں اللہ کی رضا میں راضی رہتے ہیں صبر کرتے ہیں اور کبھی بھی کسی غیر سے اللہ کی شکایت نہیں کرتے ،اللہ کے یہ ہدایت یافتہ بندے اس بات پر مکمل یقین رکھتے ہیں کے اللہ کے ہر کام میں کوئی نہ کوئی مصلحت اور بہتری ہوتی ہے تاہم اپنے اسی یقین کی وجہ سے اگر وہ وقتی طور پر کسی مشکل میں گرفتار بھی ہوجائیں لیکن بلاآخر اللہ انھیں ان مشکلات اور پریشانیوں سے نکال کر کامیاب اور سرفراز فرماتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَه۔ ۴۳؎

ترجمہ۔ جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے، اللہ اس کے دل کو ہدایت بخشتا ہے۔

### ۷۔قلب مطمئن (مطمین اور آسودہ حال قلوب):

اس قلب کے حامل افراد ہر حال میں اللہ کا شکر بجالاتے ہیں انھیں نہ کوئی خوف ہوتا ہے اور نہ ہی کوئی غم وہ اللہ کی رضا میں راضی رہتے ہیں اور کبھی اللہ کے ذکر سے غافل نہیں ہوتے اللہ کی ذکر کی برکت سے ان کی زندگی میں سکون، اطمینان، راحت اور آسودگی رہتی ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔ ۴۴؎

ترجمہ۔ جن لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت کو مان لیا ان کے قلوب کو اللہ کی یاد سے

اطمینان نصیب ہوتا ہے خبردار رہو کے اللہ کی یاد (ذکر) سے ہی دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے۔

**۸۔ قلب حی ء یا قلب شہید (مشاہدہ کرنے والے، عبرت اور نصیحت حاصل کرنے والے قلوب):**

اس قلب کے حامل افراد اقوام عالم کی شکست و فتح اور ان پر آئے ہوئے عذاب الٰہی سے عبرت و نصیحت حاصل کرتے ہیں۔ اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَذِکۡرٰی لِمَنۡ کَانَ لَہٗ قَلۡبٌ اَوۡ اَلۡقَی السَّمۡعَ وَ ہُوَ شَہِیۡدٌ ۔ ۴۵؎

ترجمہ۔ اس تاریخ میں عبرت کا سبق ہے ہر اس شخص کے لئے جو دل رکھتا ہے تو جو توجہ سے بات کو سنے۔

اس آیت کے سیاق وسباق کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہے کے قلب شہید سے مراد ایسا قلب جو زمانہ کے نشیب وفراز سے عبرت حاصل کرتا ہو خود تلخ تجربات سے بچتے ہوئے دوسروں کے تجربات سے فائدہ اٹھانے والا ہو ایسے قلب کا ہونا بھی عین سعادت ہے کیونکہ یہ اللہ کی طرف سے اس شخص کے لئے خاص عنایت ہے جو دنیا کے سرد و گرم اور تلخیوں سے سبق سیکھتا اور فائدے میں رہتا ہے۔

عربی میں شہید کے معنی گواہی دینے والا، تصدیق کرنے والا یا قسم کھانے کے بھی ہیں ۔۴۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات ہیں مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے

مومن ایک سوراخ سے دو بار نہیں ڈسا جاتا ہے۔

جب تمھیں کوئی معاملہ درپیش ہو تو اپنے دل سے فتویٰ (مشورہ) لے لیا کرو۔

حضرت علی کا قول ہے! مومن دنیا کو عبرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اس سے صرف ضرورت بھر غذا حاصل کرتا ہے وہ دنیا کے دلربا آہنگوں سے متنفر رہتا ہے اللہ تعالی جب کسی بندے کو پسند

فرماتے ہیں تو عبرتوں کے ذریعے سے اس کی نصیحت فرماتے ہیں اور جو زیادہ عبرت حاصل کرتا ہے اس کی ہلاکت کے امکانات بہت کم ہو جاتے ہیں۔ ۴۷؎

قلب کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات درج ذیل ہیں!

حضرت عائشہؓ روایت کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا بہت کثرت سے مانگا کرتے، اے دلوں کو بدلنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ یہ دعا بہت زیادہ مانگتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہر دل رحمن کی دو انگلیوں کے درمیان ہے جب وہ چاہتا ہے تو اس دل کو مستقیم رکھتا ہے اور جب وہ چاہتا ہے تو اس کو ٹیڑھا کر دیتا ہے کیا تم نے اللہ کا یہ قول نہیں سنا! اے ہمارے رب ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کر۔ ۴۸؎

امام حاکم نے تصحیح سند کے ساتھ اور امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابو عبیدہ بن الجراحؓ سے روایت کیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ابن آدم کے دل چڑیا کی طرح دن میں سات مرتبہ الٹ پلٹ ہوتے ہیں۔ ۴۹؎

حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ) لکھتے ہیں اور امام احمد اور امام ابن ماجہ نے حضرت موسیٰ اشعریؓ سے روایت کیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہ دل جنگل میں پڑے ہوئے ایک پر کی طرح ہے جس کو ہوا الٹتی اور پلٹتی رہتی ہے۔ ۵۰؎

حضرت امام شافعی فرماتے ہیں جب سے میں نے یہ سنا ہے کے جنت میں آپس کے دوستوں سے بھی ملاقات ہوگی بس اس دن سے میرے دل میں جنت کی تمنا بیدار ہوگئی۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی فرماتے ہیں! اللہ کے ذکر سے قلب انسانی میں لطافت اور بشاشت پیدا ہو جاتی ہے اسی لئے اہل اللہ زندہ دل ہوتے ہیں جبکہ قلب کا اثر انسان کے کلام اور لباس پر بھی مرتب ہوتا ہے۔

## ۹۔قلب مریض (مختلف روحانی اور اخلاقی بیماریوں کے شکار قلوب):

اس قلب کے حامل افراد کئی اخلاقی، روحانی بیماریوں اور قبیح عادات میں ملوث ہوتے ہیں جن کو شک وشبہات اور وسوسوں نے ہر طرف سے گھیرا ہوتا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

يَانِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّ قُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۔۵۱؎

ترجمہ۔ (نبی ﷺ کی بیویو! تم عام عورتوں کی طرح نہیں ہو اگر تم اللہ سے ڈرنے والی ہو تو دبی زبان سے بات نہ کیا کرو) کیونکہ اس طرح دل کی خرابی میں مبتلا کوئی شخص لالچ میں نہ پڑ جائے بلکہ سیدھی بات کیا کرو۔

## ۱۰۔قلب الاعمی (اندھے دل):

اس قلب کے حامل افراد ہر قسم کی نیکی، عبرت، نصیحت اور تلقین وتاکید سے بری ہوتے ہیں لاکھ ان کی ہدایت اور رہنمائی کی جائے لیکن ان پر کسی قسم کی کوئی ہدایت اثر انداز نہیں ہوتی وعظ ونصیحت کو یہ لوگ ایک کان سے سن کر دوسرے سے اڑا دیتے ہیں ہدایت کی باتیں ان کے کانوں میں سلاخ کی طرح گزرتی ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ۔۵۲؎

ترجمہ۔حقیقت تو یہ ہے کے آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ دل اندھے ہوجاتے ہیں جو سینوں میں ہیں۔

## ۱۱۔قلب اللاھی (غافل قلوب):

ایسے قلوب کے حامل افراد دنیا کی رنگینیوں میں گم اور مگن ہیں ان کی آنکھوں کو دنیا کی چکا چوند نے خیرہ کر دیا وہ دنیا، مال وزر، شہرت، عزت، دولت، جاہ اور منصب کی دوڑ اور کے حسن میں

بری طرح سے گرفتار ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہیں!

لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۔۵۳؎

ترجمہ۔ان کے دل کھیل میں لگے ہوئے ہیں، اور ظالم پوشیدہ سرگوشیاں کرتے ہیں کہ یہ تمہاری طرح ایک انسان ہی تو ہے، پھر کیا تم دیدہ دانستہ جادو کی باتیں سنتے جاتے ہو۔

## ۱۲۔قلب اثم (گناہ سے آلودہ قلوب):

ان قلوب کے حامل افراد کے دل گناہوں سے آلودہ ہوتے ہیں یہ حق کو جان بوجھ کر چھپاتے ہوئے جھوٹی گواہی یا دھوکے کو فروغ دیتے ہیں یہ لوگ شہادت کو چھپاتے ہیں اور جھوٹی گواہیاں دیتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ۔۵۴؎

ترجمہ۔اور شہادت ہرگز نہ چھپاؤ جو شہادت کو چھپاتا ہے اس کا دل گناہ آلود ہے۔

## ۱۳۔قلب متکبر (دھوکے میں مبتلا قلوب):

تکبر عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معانی دھوکے میں مبتلا ہونا یعنی اللہ کی دی ہوئی کسی نعمت پر اللہ کی شکر گزاری کے بجائے یہ سمجھنا کے یہ سب میری محنت کا نتیجہ ہے نیز تکبر کے ایک معنی کسی کو حقارت اور نفرت سے دیکھنا اس کی تذیب وتذلیل کرتے ہوئے اس کو نیچا دکھانا۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ۔۵۵؎

ترجمہ۔اللہ ہر متکبر اور جبار کے قلب پر ٹھپہ لگا دیتا ہے۔

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ مَرَحًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ

فَخُوْرٍ ۔۵۶؎

ترجمہ۔لوگوں کے ساتھ غرور سے اپنا رخ نہ پھیرو اور زمین پر اکڑ کر مت چلو بے شک اللہ ہر متکبر اور اترا کر چلنے والے کو ناپسند فرماتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں نہیں جائے گا۔۵۷؎

## قلب کی قیمت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن کا قلب اللہ کا عرش ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ایمان اسی دل میں ہوتا ہے جس میں اللہ کی محبت ہو۔۵۸؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۔۵۹؎

ترجمہ۔ہم نے انسان کے نفس اور مال کو جنت کے بدلے میں خرید لیا۔

نفس انسانی کی قیمت تو جنت ہوئی جبکہ دل کی قیمت کو اللہ تعالی نے دیدار حق اور مشاہدہ جمال سے منسوب کیا لہٰذا جو شخص بھی خلوص دل سے اللہ کا ہوا تو اس کے بدلے میں اللہ تعالی نے جمال خداوندی کے مشاہدے کا تحفہ عظیم دینے کا وعدہ فرمایا۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۔۶۰؎

ترجمہ۔اس دن بہت سے چہرے تروتازہ ہوں گے اور اپنے رب کا دیدار کر رہے ہوں گے۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۔۶۱؎

ترجمہ۔کتنے ہی چہرے اس دن چمک رہے ہوں گے اور وہ ہشاش بشاش ہوں گے۔

تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ۔ ۶۲؎

ترجمہ۔تو ان کے چہروں پر نعمت کی تازگی معلوم کرے گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے! قیامت کے دن کچھ لوگ کھڑے دیدار خداوندی میں محو ہوں گے وہ اللہ کی طرف دیکھ کر مسکراتے ہوں گے اور اللہ ان کی طرف دیکھ کر مسکرائے گا۔ ۶۳؎

بقول شاعر !

کس کام کا وہ دل ہے کہ جس دل میں تو نہ ہو    بس نام کا وہ گل ہے جس گل میں بو نہ ہو
حجروں میں لاکھ بیٹھیے خلوت مگر کہاں    جب تک کے جان و دل میں بسا تو ہی تو نہ ہو

## فساد قلب سے متعلق چار اصول

امام غزالی (متوفی ۵۰۵ھ) نے فساد قلب کے حوالے سے چار اصول متعین کئے ہیں۔

ا۔ دنیا کی امید۔۔۔۔ اگر دنیا سے طویل امیدیں وابستہ کر لی جائیں تو یہی عمل نیکی کی راہ میں سب سے بڑی روکاوٹ ہے یہ ایک لا علاج مرض ہے کیونکہ اس کی وجہ سے عبادات میں کوتاہی اور سستی پیدا ہوتی ہے، ترک توبہ میں بھی تاخیر، مال و دولت کی محبت میں انسان بری طرح سے گرفتار ہو جاتا ہے اس کی تمام تر توجہ کا مرکز صرف اور صرف دنیا ہی ہوتی جس کی وجہ سے وہ اپنی موت اور آخرت سے بے پرواہ ہو جاتا ہے اور پھر بلا آخر اسی وجہ سے اس کے قلب میں سختی اور شقاوت بھی پیدا ہو جاتی ہے۔

بقول شاعر!

دل کے بگاڑ سے ہی بگڑتا ہے آدمی    جس نے اسے سنوار دیا وہ سنور گیا

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا عمر امیدوں اور تمناؤں کے درمیان ضائع ہو جاتی ہے صرف وہی شخص کامیاب ہوتا ہے جو اپنی امیدیں کم رکھتا ہے اور آخرت کی تیاری کرتا ہے اور جان لو کے جس کے دل میں دنیا آ گئی اس کا دل دنیا کی تین چیزوں کا خواہش مند ہو جائے گا۔

۱۔ کبھی نہ ختم ہونے والی لالچ۔ ۲۔ کبھی نہ ختم ہونے والا غم۔ ۳۔ اور کبھی نہ پوری ہونے والی آرزوئیں۔ ۶۴؎
۲۔ عبادت میں جلد بازی۔۔۔۔ قلب کے فساد میں ایک بات اور بھی قابل توجہ ہے کے ایسا شخص عبادت میں بہت جلد بازی کرتا ہے (یہاں جلد بازی کا مطلب قلب سے خشوع اور خضوع کا رخصت ہونا ہے) یا بہت کوتاہی کرتا ہے اس کا دل چونکہ دنیا کا ہی ہو کر رہ جاتا ہے لہٰذا عبادت میں لذت کے بجائے وہ اس پر گراں گزرتی ہے۔
حضرت علیؓ مزید فرماتے ہیں بعض لوگوں نے جنت کی رغبت میں عبادت کی لہٰذا ایسی عبادت تاجروں کی عبادت ہے کچھ لوگوں نے جہنم کے خوف سے عبادت کی لہٰذا ایسی عبادت غلاموں کی عبادت ہے لیکن کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو کے بطور شکر کے اللہ کی عبادت بجالاتے ہیں تو سن لو ایسی عبادت ہی آزاد لوگوں کی عبادت ہے آپؓ نے مزید فرمایا ایسی عبادت میں کوئی بھلائی نہیں ہے جس میں غور وفکر شامل نہ ہو جبکہ سکون واطمینان عبادت کی زینت ہیں۔ ۶۵؎
حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں جس پر نصیحت اثر نہ کرے وہ جان لے کے اس کا دل ایمان سے خالی ہو گیا۔
شفیق بلخی فرماتے ہیں جب تک کسی انسان کا دل اللہ کی یاد میں محو ہوتا ہے وہ جان لے کے وہ حالت نماز میں ہے خواہ وہ بازار میں ہی کیوں نہ ہو۔
بوعلی سینا فرماتے ہیں کسی کے بارے میں برے خیالات اپنے دل میں نہ لاؤ کیونکہ ان خیالات کے برے اثرات لازماً دل کو متاثر کرتے ہیں۔
مجدد الف ثانی فرماتے ہیں کفر کے بعد سب سے بڑا گناہ کسی کا دل دکھانا ہے خواہ وہ دل مومن کا ہو یا کافر کا۔
اشرف علی تھانوی فرماتے ہیں گناہوں کی آگ دراصل جہنم کی آگ ہے جس کی خاصیت کو قرآن کریم نے یوں بیان کیا ہے!

نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَی الْاَفْئِدَةِ۔٦٦؎

ترجمہ۔ کے تم کیا جانو کے وہ چکنا چور کر دینے والی جگہ کیا ہے؟ اللہ کی آگ، جو خوب بھڑکائی ہوئی ہے جو دلوں تک پہنچے گی اور پھر ان پر ڈھانک کر بند کر دی جائے گی۔

اس آگ کا اصل محل قلب ہے اور دعویٰ کے ساتھ یہ کہا جا سکتا ہے کے گناہ گار کا دل ہر وقت بے چین و مضطرب رہتا ہے۔

## قلب کی سختی کا علاج

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا کے میرا دل بہت سخت ہو گیا ہے تو آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یتیموں کے سر پر شفقت سے ہاتھ پھیرا کرو اور مساکین کو کھانا کھلایا کرو (تمھارا دل نرم ہو جائے گا)۔٦٧؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! آگاہ ہو جاؤ قلب کا تقوی جسم کی صحت میں ہے۔ جس کا تقوی کم ہو جاتا ہے اس کا قلب مردہ ہو جاتا ہے اور جس کا قلب مردہ ہو جاتا ہے وہ جہنم میں داخل ہو گا۔

قلب میں کبھی آمادگی اور کبھی بے توجہی کی سی کیفیت رہتی ہے لہٰذا جب وہ آمادہ ہو جائے تو نوافل نمازیں ادا کرو اور جب وہ عدم توجہی کی کیفیت سے دوچار ہو، تو صرف فرائض و واجبات پر ہی اکتفا کرو۔

قلوب کے لئے خواہشات اور اقبال کی کیفیت ہوتی ہے اسی طرح سے اسے کبھی انکار کی کیفیت بھی لاحق ہو جاتی ہے لہٰذا دلوں میں ان خواہشات کے مطابق جب وہ قبولیت کی کیفیت کی طرف مائل ہوں تو ان کے اندر داخل ہو جاؤ کیونکہ اگر قلب (کسی بات پر) مجبور کیا جاتا ہے تو وہ اندھا ہو جاتا ہے۔

آپؓ نے حضرت امام حسنؓ سے فرمایا نوجوان کا قلب خالی زمین کی طرح ہوتا ہے، جیسے ہی

اس میں کوئی چیز ڈالی جاتی ہے وہ اس کو قبول کر لیتی ہے لہٰذا اس سے قبل کے کوئی چیز تمھارے قلب کو سخت کر دیتی میں نے ادب سیکھانے میں جلدی کی ۔

چار چیزیں قلوب کو مردہ کر دیتی ہیں ۔ ا ۔ گناہ پر گناہ ۔ ۲ ۔ احمق سے تنازعہ ۔ ۳ ۔ عورتوں کے ساتھ زیادہ اٹھنا بیٹھنا ۔ ۴ ۔ مردوں کے ساتھ زیادہ اٹھنا بیٹھنا، جب آپؑ سے پوچھا گیا! کون سے مرد؟ تو آپؑ نے فرمایا ( دنیا کی نعمتوں میں مست و مگن رہنے والا ہر انسان )

قلب آنکھوں کی کتاب ہے ۔

پہاڑوں کو تباہ کر دینا زیادہ آسان ہے بہ نسبت کسی کے قلب کو مائل کرنے کے ۔

آنسو صرف قساوت قلب کی ہی وجہ سے خشک ہو جاتے ہیں اور قساوت قلب کثرت گناہ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے ۔ تم لڑائی جھگڑوں سے بچے رہو کیونکہ یہ دونوں قلوب کو بیمار کر دیتے ہیں جس کے نتیجے میں نفاق پیدا ہو جاتا ہے ۔

قلب کی اصلاح کی اصل ذکر الٰہی ہے ۔ سب سے زیادہ با فضیلت قلب وہ ہے جو فہم و فراست سے پر ہو ۔ بعید ترین دوری قلوب کی دوری ہے ۔

اپنے قلب کو مواعظہ کے ذریعے زندہ رکھو، زہد کے ذریعے اسے مار ڈالو، یقین کے ذریعے اسے قوت دو اور حکمت کے ذریعے اسے منور کرو ۔ انسان کا قلب نہایت تعجب خیز ہے اگر چہ قلب میں حکمت کے خزآنے بھی پوشیدہ ہیں لیکن اس کے برعکس اسی قلب میں اگر امید کی کرن چمکتی ہے تو لالچ اسے ذلیل کرتی ہے اگر اس میں لالچ موجزن ہو تو پھر حرص اسے ہلاک کر دیتی ہے، اگر یہ مایوس ہو تو تاسف اسے مار ڈالتا ہے، اگر اسے غصہ آئے جو بسا اوقات شدید ترین بھی ہو جاتا ہے، اگر اسے خوشی اور کامیابی ملے تو یہ تحفظ کو بھلا بیٹھتا ہے، اگر اسے خوف گھیر لے تو احتیاط اسے تمام کامیابیوں سے دور کر دیتی ہے، اگر اس کے کام میں کشادگی ہو تو پھر غفلت اس کی افادیت کو ختم کر دیتی ہے، اگر اسے دولت مل جائے تو، مال داری اسے سرکش کر دیتی ہے، اگر اس پر کوئی مصیبت آجائے تو تو بے چینی اور بے قراری اسے ذلیل و رسو

اکردیتی ہے، اگر اسے فاقے جکڑ لیں تو تو یہ بلاؤں میں گرفتار ہوجاتا ہے، اگر اسے بھوک تھکا دے تو کمزوری اسے نڈھال کردیتی ہے اگر اسے حد درجہ سیری میسر آجائے تو پرخوری اسے تکلیف میں مبتلا کردیتی ہے تاہم قلب کی ہر کوتاہی نقصان دہ اور ہر زیادتی باعث فساد ہے ۔سب سے زیادہ شدید بلاؤں اور پریشانی میں وہ شخص مبتلا ہوتا ہے جس کی زبان آزاد اور اس کا قلب بند ہو یعنی پریشانی کے وقت اس کی زبان اللہ کی حمد سے قاصر ہوتی ہے جبکہ اس کا قلب اس کو نیکی کی جانب متوجہ نہیں کرتا۔ نیک لوگوں سے ملاقات قلوب کی راحت اور ان کی تعمیر کرتی ہے ۔اپنے قلوب کو بغض اور کینے سے بچاؤ۔

رعایا کے قلوب اپنے مالک (بادشاہ) کے لئے کسی خزآنے کی مانند ہوتے ہیں اگر بادشاہ نے ظلم یا عدل کیا ہے تو رعایا بھی اپنے قلوب میں بادشاہ کے لئے وہی جذبات رکھتی ہے۔

حکمت ایک ایسا پودا ہے جو قلب میں اگتا ہے اور زبان پر پھل دیتا ہے ۔

انسان اپنے وجود کی دو چیزوں کے ذریعے یعنی قلب کی قوت اور زبان کی قدرت کے ذریعے جنگ کرتا ہے۔قلب، زبان کا خزانچی ہے ۔قلب کا غم گناہوں کو ختم کردیتا ہے ۔

اس قلب میں کوئی بھلائی نہیں جس قلب میں خشیت الٰہی نا ہو، وہ آنکھ جو اپنے گناہوں پر آنسو نا بہاتی ہو بے فائدہ ہے اور وہ علم بھی فائدہ مند نہیں جس کے ذریعے لوگوں کو نفع نا پہنچے ۔

پاکیزہ قلوب اللہ کی نظر عنایت کا مقام ہے چنانچہ جس نے اپنے قلب کو پاکیزہ کرلیا اس پر اللہ کی نظر کرم ہوگئی ۔ (جوانوں) کے قلوب وحشی اور (جنگلی) ہوتے ہیں چنانچہ جس قسم کے لوگ انھیں میسر آتے ہیں قلوب ان کے اثرات کو قبول کرتا ہے۔صحیح قلب سے صرف صحیح بات نکلتی ہے۔۶۸؎

## نفسیاتی پہلو

جب انسان کا قلب درست ہوجاتا ہے تو ذکر الٰہی اس قلب میں جاگزیں ہوجاتا ہے اور اس انسان کی ہر جانب یہاں تک سارا جسم اس ذکر کے زیر اثر آجاتا ہے، پس اس انسان کی

آنکھیں تو سو جاتی ہیں لیکن اس کا قلب اپنے رب کی فکر میں لگا رہتا ہے۔۶۹ ۔

**حوالہ کتب:**


۱۔تاج العروس من جواہر القاموس۔سید محمد مرتضیٰ الحسینی الزبیدی۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

۲۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی۔۱۴۰۵ھ)۔ص۔۱۳۸۱۔ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۳۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی۔۱۴۰۵ھ)۔ص۔۱۲۵۷۔ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۴۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت ۳۶۔

۵۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۷۸۔۱۷۹۔

۶۔سورہ محمد۔آیت۔۱۶۔۱۷۔

۷۔سورہ ھود۔آیت۔۱۲۰۔

۸۔سورہ القصص۔آیت۔۱۰۔

۹۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۷۹۔

۱۰۔سورہ الحج۔آیت۔۴۶۔

۱۱۔سورہ کہف۔آیت۔۵۷۔

۱۲۔سورہ النحل۔۲۲۔

۱۳۔سورہ البقرہ۔آیت ۸۔۱۰۔

۱۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۹۷۔

۱۵۔سورہ رعد۔آیت۔۲۸۔

۱۶۔سورہ المومنون۔آیت۔۶۰۔

۱۷۔سورہ الحج۔آیت۔۳۲۔

۱۸۔سورہ التغابن۔آیت۔۱۱۔

۱۹۔سورہ المجادلہ۔آیت۔۲۲۔

۲۰۔سورہ النحل۔آیت۔۴۶۔

۲۱۔سورہ الشعرا۔آیت۔۲۱۸۔۲۱۹۔

۲۲۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۴۴۔
۲۳۔سورہ کہف۔آیت۔۴۲۔
۲۴۔سورہ التوبہ۔آیت۔۴۸۔
۲۵۔سورہ محمد۔آیت۔۱۹۔
۲۶۔سورہ الم نشرح۔آیت۔۱۔
۲۷۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔رقم الحدیث۔۱۳۰۰۴۔مطبوعہ مکتب اسلامی۔
۲۸۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔رقم الحدیث۔۱۳۰۰۴۔مطبوعہ مکتب اسلامی۔
۲۹۔فردوس بماثور الخطاب۔امام انوشجاع شیرویہ بن شیرویہ الدیلمی (متوفی۔۵۰۹ھ)۔
مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔۱۴۰۶ھ۔
۳۰۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ) مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت
۳۱۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری (متوفی۔۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ
۳۲۔احیاء العلوم۔امام ابوحامد محمد الغزالی (متوفی۔۵۰۵ھ)۔ج۔۳۔ص۔۱۸۔دارالاشاعت
۳۳۔کیمیائے سعادت۔امام ابوحامد محمد الغزالی (۵۰۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۳۴۔کیمیائے سعادت۔امام ابوحامد محمد الغزالی (۵۰۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۳۵۔کلیات اقبال (اردو ترجمہ۔بال جبرائیل) ڈاکٹر محمد اقبال۔ص۔۱۷۔خزینہ علم وادب لاہور۔
۳۶۔کشف المحجوب۔سید علی بن عثمان الجویری۔ترجمہ الحاج کپتان واحد بخش سیالوی۔ ناشران الفیصل لاہور۔۲۰۰۶ء۔
۳۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۔۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ
۳۸۔تشبیہات رومی۔خلیفہ عبدالحکیم۔ص۔۳۶۷۔ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور پاکستان۔۱۹۵۹ء۔
۳۹۔تشبیہات رومی۔خلیفہ عبدالحکیم۔ص۔۳۳۔ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور پاکستان۔۱۹۵۹ء۔
۴۰۔لوح وقلم۔حضرت قلندر بابا اولیاء۔ص۔۶۵۔۶۶۔مکتبہ تاج الدین بابا اولیاء کراچی۔
۴۱۔سورہ ق۔آیت۔۳۳۔
۴۲۔سورہ الحج۔آیت۔۵۴۔
۴۳۔سورہ المومنون۔آیت۔۶۰۔
۴۴۔سورہ الحج۔آیت۔۳۲۔

۴۵۔سورہ التغابن ۔آیت ۔۱۱۔
۴۶۔سورہ رعد۔آیت ۔ ۲۸۔
۴۷۔ لغات القرآن ۔غلام احمد پرویز (متوفی ۔۱۴۰۵ھ)۔ص۔۹۸۲۔ادارہ طلوع اسلام لاہور
۴۸۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔
۴۹۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔رقم الحدیث۔۲۵۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۔
۵۰۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ) مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت
۵۱۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔ص۔۱۰۔مطبوعہ دارالفکر
۵۲۔سورہ احزاب ۔آیت ۔ ۳۲۔
۵۳۔سورہ الحج ۔آیت ۔ ۴۶۔
۵۴۔سورہ الانبیا۔آیت ۔۳۔
۵۵۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۲۸۳۔
۵۶۔سورہ المومن ۔آیت ۔ ۳۵۔
۵۷۔سورہ لقمان ۔آیت ۔ ۱۸۔
۵۸۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری (متوفی ۔۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ
۵۹۔کنز العمال ۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ) مطبوعہ موسسۃ
۶۰۔سورہ التوبہ۔آیت ۔۱۱۱۔
۶۱۔سورہ القیامۃ ۔آیت ۔ ۲۲۔۲۳۔
۶۲۔سورہ عبس ۔آیت ۔ ۳۸۔۳۹۔
۶۳۔سورہ المطففین ۔آیت ۔ ۲۴۔
۶۴۔تجلیات حکمت ۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم ۔سید قمر عباس۔مطبع۔دفتر تبلیغات
۶۵۔اشرف علی تھانوی ۔
۶۶۔مشکوۃ ۔امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ)۔ص۔۴۲۵۔مطبوعہ اصح المطابع دہلی دار ارقم
۶۷۔تجلیات حکمت ۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم ۔سید قمر عباس۔مطبع۔دفتر تبلیغات
۶۸۔حضرت عبدالقادر جیلانی۔
۶۹۔قلندر شعور۔۔

# ۱۳۱۔العقل۔فہم وفراست

## حد درجہ عاقل ہونے پر حسن تدبیر سب سے بڑی دلیل ہے (حضرت علیؓ)

فہم۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ف۔ہ۔م) سے مشتق ہے۔

فہم۔یفہم۔فہما۔سے مراد کسی چیز کو جان لینا یا دل سے پہچان لینا ہے۔

علم اور فہم میں فرق یہ ہے کے علم سے مراد جاننا جبکہ فہم سے مراد اس شے سے متعلق گہری بصیرت اور فواد کے ہیں۔

فہم۔سے مراد عمدگی اور گہرائی میں ڈوب کر مطالب کو اخذ کرنا ہے۔ا۔

## دماغ اور ذہن میں فرق

انسانی دماغ گوشت پوست، رگ وریشے، خلیات اور دیگر عصبیات سے مل کر بنا ہے انسانی ذہن ایک ان دیکھی توانائی کا نام ہے ذہن اور دماغ کے باہمی عمل کو نیوروسائنس کے ماہرین نے کافی حد تک مانا ہے لیکن اب بھی بہت سے ایسے حقائق پوشیدہ اور مستور ہیں کے جن کو میٹا فزکس اور پیرا سائیکالوجی کے ماہرین کی رہنمائی میں تحقیق کی از سر نو آغاز کی ضرورت ہے ذہن، دماغ اور جسم کا آپس کا تعلق صدیوں سے ماہرین اور سائنسدانوں کے لئے ایک معمہ بنا ہوا ہے مختلف محققین اور فلاسفرز نے اس ضمن میں اپنے اپنے خیالات کو بھی پیش کیا ہے انھوں نے انسانی ذہن، دماغ اور جسم کو ایک دوسرے سے مربوط قرار دیا ہے ان ہی اہم فلسفیوں میں ڈسکارٹ بھی ہیں۔ذہن وجسم دونوں اپنی اپنی جگہ ایک مکمل اور مربوط نظام رکھتے ہیں۔

ڈسکارٹ نے ذہن اور دماغ کو علیحدہ علیحدہ تصور کرنے کے ساتھ ہی ان دونوں میں ایک باہمی ربط قائم کرنے والی انرجی اور توانائی کو Nature کا نام دیا ہے قدیم دور میں اس قدرتی توانائی کے ذریعے امراض کا علاج کیا جاتا تھا۔

امریکہ کے ایک سائنسدان پروفیسر آئین اسٹیونسن کا یہ کہنا ہے ہم اپنے دماغ کو ہی ذہن خیال کرتے ہیں جبکہ حقیقت یہ نہیں ہے انسانی ذہن گوشت پوست کے دماغ سے آزاد ایک غیر مادی حیثیت رکھتا ہے۔

سائنسدانوں کی تحقیق کے مطابق ذہن ایک نہ نظر آنے والی ایجنسی ہے جس نے ہر شعبے کا احاطہ کیا ہوا ہے جسم کی ہر حرکت اس کے تابع ہے اور یہ کائنات سے توانائی حاصل کرتا ہے توانائی کا حصول اور اخراج اگر درست طریقے سے ہوگا تو فرد اپنے ذہن کی مدد سے اپنے حواس کو مزید فعال بنا کر اپنے لاشعوری صلاحیتوں میں بے پناہ اضافہ کرسکتا ہے حضور قلندر بابا اولیاء اس کی وضاحت میں فرماتے ہیں جب ذہن میں کوئی کوئی خیال آتا ہے تو اس کا کوئی نہ کوئی کائناتی سبب بھی ضرور ہوتا ہے، خیال کا آنا اس بات کی دلیل ہے کے ذہن کے پردے پر کوئی حرکت ہوئی ہے جبکہ یہ حرکت ذہن کی ذاتی حرکت نہیں ہوسکتی اس کا تعلق کائنات کے ان تاروں سے ہے جو کائنات کے نظام کو ایک خاص ترتیب میں حرکت دے رہے ہیں مثلاً جب کوئی تیز ہوا کا جھونکا آتا ہے تو اس کے یہ معنی ہوتے ہیں کے کرہ ہوائی میں کوئی تغیر واقع ہوا ہے اسی طرح سے جب انسان کے ذہن میں کوئی ایسی چیز وارد ہوتی ہے تو اس کے معنی بھی یہی ہیں کے انسان کے لاشعور میں کوئی حرکت واقع ہوئی ہے جس کا سمجھنا خود ذہن انسانی کی تلاش پر ہے۔ آپ کے مطابق ذہن نسمہ (روح) کا ہی دوسرا نام ہے' ۔ ۲؎

ڈاکٹر W.A.Tiller یہ کہتے ہیں ہم اپنے ذہن کی توانائی کو استعمال کرکے وقت میں سفر کرسکتے ہیں ماہرین کا یہ ماننا ہے کے جب انسان اپنے ذہن کو کسی اہم مسئلے کی طرف پوری یکسوئی اور توجہ کے ساتھ لگاتا ہے تو اس عمل میں بے شمار توانائی خرچ ہوتی ہے جس کی وجہ سے انسان کا دماغ تھک جاتا ہے بالکل اسی طرح سے جس طرح جب کوئی سخت عضلاتی ورزش کے بعد تھکتا ہے انسانی دماغ کیونکہ دو نصف حصوں میں منقسم ہے جس میں سے ہر نصف حصہ آدھے جسم کو کنٹرول کرتا ہے یعنی سیدھا حصہ الٹے جسمانی حصے کو اور الٹا دماغی حصہ سیدھے

جسمانی حصوں کو کنٹرول کرتا ہے۔ دماغ کے مختلف حصوں کی یہ ذمہ داری ہے کے وہ مختلف جسمانی اعضاء کو کنٹرول کریں اور ان کے پیغامات کو وصول کر کے اس پر اپنے احکامات صادر کریں ایک انسانی دماغ میں اندازاً ۱۰۔ ۱۲ بلین نیورانز ہوتے ہیں جو کہ ساری زندگی انتہائی تندہی سے اپنے کام سرانجام دیتے ہیں جبکہ نوعیت کے اعتبار سے دماغ کی یہ ساری سرگرمی پوری دنیا کے ٹیلی کمیونیکشن کے نظام سے کہیں زیادہ بروقت، مستعد اور اسمارٹ ہے۔

## عقل انسانی

عقل انسانی ایک نادیدہ شے ہے جسے محسوس تو کیا جاسکتا ہے لیکن اسے دیکھا یا چھوا نہیں جاسکتا تاہم اس کی حدود کا تعین بھی ناممکنات میں سے ہے کسی بھی انسان کی قدرو قیمت اور کائنات میں اس کی حیثیت کو سمجھنے کے لئے اس کی عقل کو ہی معیار بنایا جاتا ہے اور اسی بنیاد پر اس کی توقیر و تعظیم کا مقام متعین کا جاتا ہے۔

عقل انسانی کے ضمن میں رسول اللہ ﷺ کی چند احادیث ﷺ درج ذیل ہیں۔

حضرت ابو بکر صدیقؓ سے روایت ہے، ایک دن انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے استفسار کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کو اللہ نے کس چیز کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے؟ تو اس کے جواب میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! عقل کے ساتھ، حضرت ابو بکر صدیقؓ نے دوبارہ سوال کیا بھلا ہم عقل کو کس طرح سے اختیار کر سکتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا! اگرچہ عقل کی کوئی انتہاء نہیں لیکن جس شخص نے اللہ کے حلال کو حلال اور حرام کو حرام جانا تو وہ عاقل ہے پھر یہ کے وہ شخص راہ خدا میں کوشش کرے، اللہ کی عبادت کرے اور مصیبت پر صبر کرے تو گویا وہ صحیح راستے پر گامزن ہے۔ ۳؎

حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالیٰ نے عقل کو تین حصوں میں تقسیم فرمایا ہے۔

۱۔ اللہ کی معرفت۔

۲۔ اللہ کی اطاعت ۔

۳۔ اور اللہ کے حکم پر صبر لہٰذا جس شخص میں عقل کے یہ تینوں حصے موجود ہوں گے وہ کامل العقل کہلائے گا۔ ۴؎

۳۔ حضرت ابوذر غفاریؓ کے ایک سوال پر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا! حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صحیفے میں یہ لکھا ہے عقل مند پر واجب ہے کہ وہ اپنے زمانے کی بصیرت رکھتا ہو۔ ۵؎

۴۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اے اللہ تو مجھے میرے کانوں اور آنکھوں اور عقل سے فائدہ دے۔ ۶؎

۵۔ حضرت عمرؓ بن خطاب سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! آدمی کی کمائی میں عقل سے بڑی کوئی چیز نہیں یہ عقل انسان کو ہدایت کی راہ دکھاتی ہے اور ہلاکت سے روکتی ہے بندے کا ایمان اور اس کا دین اس وقت تک کامل نہیں ہوسکتا جب تک کے اس کی عقل کامل نہ ہو۔ ۷؎

۶۔ حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے! ہر شے کی ایک سواری ہے اور انسان کی سواری عقل ہے تم میں وہ بہتر ہے جس کی عقل زیادہ ہو۔ ۸؎

امام شافعیؒ کا قول ہے چار چیزیں عقل انسانی کو تیز کرتی ہیں ۔

۱۔ فضول کلام سے اجتناب ۔

۲۔ دانتوں کی صفائی ( مسواک کا استعمال ) ۔

۳۔ صالحین کی مجلس میں بیٹھنا۔

۴۔ علماء، عرفاء اور صوفیاء کرام کی صحبت اختیار کرنا۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! عقل سے زیادہ فائدہ مند کوئی دولت نہیں ۔

عقل جیسی کوئی بے نیازی نہیں اور جہل جیسی کوئی فقیری نہیں ۔

اللہ تعالی جب کسی کو عقل سے نوازتے ہیں تو اسی عقل کے ذریعے اسے کسی دن ہلاکت سے بھی بچا لیتے ہیں۔

حلم چھپا دینے والا حجاب ہے جبکہ عقل کاٹ دینے والی تلوار ہے لہٰذا تم اپنی اخلاقی کمزوریوں کو حلم کے پوشیدہ رکھو جبکہ اپنی نفسانی خواہشات کا مقابلہ عقل کے ذریعے کرو بلاشبہ سب سے بڑی مالداری عقل ہے اور جب عقل کامل ہوجاتی ہے تو باتیں کم ہوجاتیں ہیں

قلت عیال دو آسانیوں میں سے ایک آسانی ہے، دوستی اور محبت نصف عقل ہے جبکہ غم واندوہ آدھا بڑھاپا ہے۔

بعض اوقات آنکھیں دھوکا دے دیتی ہیں لیکن عقل کبھی نصیحت چاہنے والے کو دھوکا نہیں دیتی۔

عقل کی اکثر غارت گری لالچ اور طمع کی بجلیوں تلے ہوتی ہے۔

عقل مند کی صفت یہ ہے کے وہ چیزوں کو ان کی جگہ پر رکھے جبکہ جاہل کی صفت یہ ہے کے وہ اشیاء کو ان کے صحیح مقام پر نا رکھے۔

عقل مند کو چاہئے کے وہ ان تین جگہوں پر اپنی توجہ مرکوز رکھے۔

ا۔ اپنی معیشت کی بہتری۔ ۲۔ اپنی آخرت کی فکر۔ ۳۔ صرف محرمات سے لطف اندوز ہونا۔

کتنی عقلیں ایسی ہیں جو امیری کی خواہشات میں مبتلا ہوجاتی ہیں۔

عقل مند کی زبان اس کے قلب کے پیچھے اور احمق کا دل اس کی زبان کے پیچھے ہوتا ہے۔

احمق کا دل اس کے منہ میں اور عقلمند کی زبان اس کے قلب میں ہوتی ہے۔

مذاق کرنے سے عقل کا ایک حصہ کم ہوجاتا ہے۔

عقلمند کا سینہ اس کے اسرار کا صندق ہوتا ہے۔

عقلمند انسان آداب کے ذریعے سدھر جاتے ہیں لیکن جانوروں کو سدھانے کے لئے مارنا پڑتا ہے۔ انسان کا مرتبہ اس کی عقل کی خوبی جتنا ہی ہے۔

عقلمند انسان کو اس کے تجربات سدھارتے ہیں۔عقل تجربات کی حفاظت کرتی ہے۔
عقلمند وہ ہے جو باطل کو ٹھکرا دے۔کم عقلی سے زیادہ سستی پیدا کرنے والا کوئی دوسرا مرض نہیں۔عقلمند کا گمان پیشن گوئی ہوتا ہے۔ادب عقل کا چہرہ ہے لہٰذا تم جتنا چاہو اپنی عقل کو زیادہ دو۔انسان کو شرف، حسب نسب کی وجہ سے نہیں بلکہ، عقل اور ادب کے ذریعے ملتا ہے۔
عقل سے بڑھ کر کوئی نفع بخش مددگار نہیں اور جہالت سے بڑھ کر کوئی مضر رساں دشمن نہیں۔
مرد کی زینت اس کی عقل ہے۔جاہل کی صحبت اختیار کرنے والے کی عقل کم ہو جاتی ہے۔
عقل میں سرفہرست ثابت قدمی ہے جبکہ حماقت میں سرفہرست جلد غصے میں آنا ہے۔
جاہل کا غصہ اس کی ابتوں میں جبکہ عاقل کا غصہ اس کے کام میں ہوتا ہے۔
عقل عطیات اور آداب کمائی ہیں۔جو شخص دانش مندوں کی باتوں سے کنارہ کشی اختیار کرتا ہے اس شخص کی عقل مردہ ہو جاتی ہے۔
جو انسان اپنی خواہش نفسانی پر قابو پالیتا ہے اس کی عقل سالم ہو جاتی ہے۔
تجربات عقل کی پرورش کرتے ہیں۔
عقل کے ذریعے درست گمان تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔
جس انسان کی عقل بڑھ جاتی ہے اس انسان کی دنیا سے لطف اندوزی کم ہو جاتی ہے۔
اللہ تعالیٰ جس کو بھی بکثرت عقل دے دیتا ہے اس کا حساب اس کے رزق میں کر لیتا ہے۔
روح جسم کی حیات اور عقل روح کی حیات ہے۔
عقل کو خواہشات پر فضیلت حاصل ہے کیونکہ عقل زمانے کو تمھارے ہاتھوں میں دے دیتی ہے جبکہ خواہشات انسان کو زمانے کا غلام اور اس کو اسکے حوالے کر دیتا ہے۔عقلمند کی ایک صفت یہ بھی ہے کے وہ کبھی ایسی کوئی بات نہیں کرتا جس میں اس کو جھٹلانا ممکن ہو۔
عقلمند جب بھی بات کرتا ہے تو اس کے ساتھ ہی وہ حکمت اور مثالیں پیش کرتا ہے تاہم احمق جب بات کرتا ہے تو اس کے بعد وہ قسم کھانے لگتا ہے۔

عقل مندی معاملات اور لین دین میں ظاہر ہو جاتی ہے۔

عقلمند وہ نہیں جو بری باتوں میں سے اچھی بات کو پہچان لے بلکہ عقلمند وہ ہے جو دو بری چیزوں میں سے کسی ایک بہترین چیز کو پہچان لے۔عقلمند دشمن، احمق دوست سے بہتر ہے۔

عقل انسانی ذاتی اور پیدائشی ہوتی ہے جبکہ علم اکتساب سے حاصل ہوتا ہے لیکن علماء کے ساتھ نشست عقل اور علم میں اضافہ کا سبب ہے

عقلمند کا آج کل سے بہتر ہوتا ہے۔زبان عقل کی ترجمان ہے۔دین ادب اور عقل کے نتیجے میں ہوتا ہے جبکہ عقل خیر کا سرچشمہ ہے۔

عقلمند کمال چاہتا ہے جبکہ جاہل مال چاہتا ہے۔عقل علم کی جڑ اور فہم وفراست کی متقاضی ہے۔

عقل بے وطنی میں وجہ قربت ہے۔عقل ایک ایسا نیا لباس ہے جو کبھی بوسیدہ نہیں ہوتا۔

عقل ہر کام کے لئے اسلحہ کی مانند ہے۔عقلمند اپنے کام اور جاہل اپنی امیدوں پر بھروسہ کرتا ہے۔عقلمند ہے وہ انسان جس کے افعال اس کے اقوال کی تائید وتصدیق کریں۔

عقلمند وہ ہے جو جاہل کی مرغوب اشیاء میں زہد اختیار کرتا ہے۔

عقلمند وہ ہے جو اپنی شہوت کو ترک کر کے اپنی دنیا کو اپنی آخرت کے بدلے بیچ دے۔

عقلمند ہے وہ انسان جو گناہوں سے بچے اور عیوب سے پاک رہے۔

اپنی عقل پر غلطیوں کی تہمت لگاؤ کیونکہ اپنی عقل پر حد درجہ اعتماد غلطی کا سبب ہے۔

دانش مند ہے وہ انسان جو عقلمند کی اطاعت کرے۔جب اللہ کسی انسان کی بھلائی چاہتا ہے تو اسے عقل محکم اور بے عیب اعمال انجام دینے کی توفیق عطا فرماتا ہے۔جب عقل کم ہو جاتی ہے تو بے ہودگی بڑھ جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ عقل سلیم اور بے عیب اعمال کو پسند فرماتے ہیں۔

عقل کے ذریعے علم کی گہرائی کو حاصل کیا جا سکتا ہے۔انسان کی پاکیزگی اس کی عقل ہے۔

تین چیزیں ایسی ہیں جن کے ذریعے لوگوں کی عقل کا امتحان لیا جا سکتا ہے۔

ا۔ مال ۔ ۲۔ حکومت ۔ ۳۔ مصیبت ۔
عقلمند کے ساتھ رہو فائدہ اٹھاؤ گے اور دنیا سے احتراز برتو سلامت رہو گے۔
عقل کی گمراہی انسان کو ہدایت سے دور کر کے اس کی آخرت کو برباد کر دیتی ہے ۔
کتنے ہی ایسے ذلیل ہیں جن کو ان کی عقل نے عزت دار بنا دیا۔
حد درجہ درشتگی عقل کے ذخیرے کا پتا دیتی ہے ۔

انسان کا کمال اس کی عقل جبکہ اس کی قیمت اس کی فضیلت میں ہے ۔عقلمند کا کلام خوراک ہوتا ہے ۔ادب کسی بھی انسان کو اس وقت تک فائدہ نہیں پہنچا سکتا جب تک عقل اس کے ساتھ نا ہو۔ جو اپنی عقل کا مالک ہو گیا وہ حکیم ہو گیا۔ مومن اس وقت تک ایمان نہیں لایا جب تک وہ عقلمند نہیں ہوا۔ جس کی عقل اس کی شہوت پر اور حلم اس کے غصہ پر غالب آجائے تو وہ انسان نیک سیرتی کا اہل ہے ۔تدبیر جیسی کوئی عقل مندی نہیں ۔کام سے پہلے سوچ لینا تمھیں ندامت سے بچائے گا۔ تنگ دستی کے ساتھ حسن تدبیر تمھارے لئے بہت زیادہ مال کے ساتھ اسراف سے زیادہ مفید ہے ۔اس کے پاس کوئی دولت نہیں جس کے پاس تدبیر نہیں دوراندیشی اور تدبیر آدھی مدد ہے ۔حد درجہ عاقل ہونے پر حسن تدبیر سب سے بڑی دلیل ہے ۔حسن تدبیر کے ہوتے ہوئے کسی قسم کی فقیری نہیں ۔۹؎

## نفسیاتی پہلو

امام شافعیؒ کا قول ہے کے چار چیزیں عقل انسانی کو تیز کرتی ہیں ۔
ا۔فضول کلام سے اجتناب ۔ ۲۔ دانتوں کی صفائی ( مسواک کا استعمال ) ۔
۳۔ صالحین کی مجلس میں بیٹھنا۔ ۴۔ علماء، عرفاء اور صوفیاء کرام کی صحبت اختیار کرنا۔

علامہ زبیدی نے علامہ مجدالدین کی اس تعریف کو ذکر کیا ہے، عقل وہ قوت ہے کے جس سے اچھی اور بری چیزوں میں تمیز حاصل کی جاتی ہے۔۱۰؎

علامہ شرتونی نے لکھا! عقل ایک روحانی نور ہے۔۱۱؎

امام ابو حنیفہ نے فرمایا! عقل دماغ ہے اگر کوئی شخص کسی کے سر پر ضرب لگائے جس سے اس کی عقل چلی جائے تو عقل کے جانے کے اعتبار سے اس پر دیت لازم ہوگی۔ ۱۲؎

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی۔۱۴۰۵ھ)۔ص۔۱۳۰۸۔ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۲۔لوح وقلم۔حضرت قلندر بابا اولیاء۔ص۔۲۲۲۔مکتبہ تاج الدین بابا اولیاء کراچی۔سن ندارد۔

۳۔حلیۃ الاولیاء۔امام ابو نعیم احمد بن عبداللہ اصبہائی (متوفی ۴۳۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت.

۴۔حلیۃ الاولیاء۔امام ابو نعیم احمد بن عبداللہ اصبہائی (متوفی ۴۳۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت.

۵۔کنز۔ابوالحسن علی ابن ابی ذرا لفصیح (متوفی۔۱۳۱۰ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

۶۔سنن ترمذی۔امام ابو عیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔

۷۔شعب الایمان۔امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ) مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۸۔الاحیاء۔الحافظ زین الدین عبدالرحیم العراقی (متوفی۔۸۰۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ

۹۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع۔دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۲۰۰۳ء۔

۱۰۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔ج۔۸۔ص۔۲۵۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔

۱۱۔اقرب الموارد۔ج۔۲۔ص۔۸۱۲۔مطبوعہ۔ایران۔

۱۲۔المبسوط۔شمس الائمہ محمد بن سرخسی (متوفی ۴۸۳ھ)۔ج۔۲۶۔ص۔۹۹۔مطبوعہ دار المعرفہ بیروت.

## ۳۲۔الحکمۃ۔حکمت

**حکمت جہاں سے بھی ملے اسے لے لو کیونکہ یہ جب تک منافق کے سینے میں ہوتی ہے تو متحرک اور بے چین رہتی ہے جب تک یہ اپنے حقیقی مالک یعنی مومن کے سینے میں منتقل نا ہوجائے (حضرت علیؑ)**

**الحکمۃ**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ح۔ک۔م) سے مشتق ہے۔۱۔

الحکمۃ۔گھوڑے کی لگام کو کہتے ہیں ۔۲۔

الحکمۃ ۔چمڑے کی اس لگام کو بھی کہا جاتا ہے جو گھوڑے کے منہ میں دونوں جبڑوں کو کس کر باندھنے کے کام آتی ہے۔

احکم الفرس۔ سے مراد گھوڑے کی لگام ہے تاہم لگام کا اصل کام گھوڑے کو سرکشی اور بے راہ روی سے روکنا ہے۔

حکمت الفرس۔ سے مراد گھوڑے کو لگام ڈال کر روک دینا۔

احکمۃ عن الامر۔ سے مراد اس کو اس سے روک دینا یا منع کر دینا۔

حاکم ۔سے مراد فیصلہ کرنے والا۔۳۔

الحکمۃ ۔سے مراد فیصلے میں عدل وانصاف کو ملحوظ رکھنا۔۴۔

حکیم ۔سے مراد نہایت زیرک، قابل فہم ،عقلمند اور ہر معاملے کو مختلف زاویے سے سوچ کر توازن اور تناسب قائم رکھ کر فیصلہ کرنے والا۔۵۔

حکمت ۔سے مراد جہالت اور نادانی سے روکنا۔۶۔

اقبال کے خیال میں حکمت سے مراد رائے یا قوت فیصلہ۔

حکمت ۔سے مراد درست فیصلہ کی صلاحیت اور اس فیصلے کو نافذ کرنے کی مکمل قدرت ہے تاہم

فیصلہ سازی کی اس صلاحیت اور قدرت کو آج کی زبان میں حکومت کہا جاتا ہے۔

اللہ تعالی کا ایک اسم صفاتی الحکیم ہے۔

حکم کے معانی کسی چیز کو ایک مقام پر روک دینا یعنی جب کوئی چیز رک گئی تو وہ مستحکم ہوگئی۔

احکمۃ کے معنی مستحکم۔ ۷؎

قرآن کریم کو خود اللہ نے حکیم کا لقب دیا ہے جس کے معانی ہر شے کا مقام متعین کر کے اس شے کو اس کی حدود میں رکھنے والی۔ اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ۔ ۸؎ ترجمہ۔ حکمت والے قرآن کی قسم۔

وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ۔ ۹؎

ترجمہ۔ (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ قرآن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک حکیم وعلیم ہستی کی جانب سے پا رہے ہیں۔

تمام اختلافی امور میں درست فیصلے کو بھی حکیم کہا جاتا ہے اسی اعتبار سے اللہ ایک اسم 'الحکیم' ہے کیونکہ وہ کائنات کو درست اور ٹھیک راستے پر چلاتا ہے قرآن کریم کو قرآن حکیم بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس کی آیات حکمت اور معرفت سے لبریز ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہیں

الٓرٰ تِلْكَ اٰيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيْمِ۔ ۱۰؎ ترجمہ۔ یہ حکمت والے قرآن کی آیات ہیں۔

تِلْكَ اٰيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيْمِ۔ ۱۱؎ ترجمہ۔ یہ حکمت والی کتاب کی آیات ہیں۔

الٓرٰ كِتَابٌ اُحْكِمَتْ اٰيَاتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔ (قرآن) حکمت والے خبردار (اللہ) کی طرف سے تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

یعنی اللہ تعالی کے علم میں کائنات اور اشیاء کائنات کی بالکل درست ترتیب، تناسب اور توازن موجود ہے اور ایک مکمل قانون اور وحی کردہ ضابطہ کے تحت کل مخلوقات اور اشیاء ان پر مسلسل عمل پیرا ہیں اللہ تعالی نے اپنے برگزیدہ پیغمبروں کے ذریعے بنی نوع انسانیت پر علم وحکمت

کے دروازے کھولے تا کہ انسان فلاح اور ہدایت حاصل کر سکے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيَاتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمھیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتے ہیں، تمہیں پاک کرتے ہیں اور تمہیں کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں اور تمہیں وہ سکھاتے ہیں جو تم نہیں جانتے۔

**ارشادات خداوندی:**

اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۔ ۱۴؎۔ترجمہ۔ بے شک وہی جاننے والا اور حکمت والا ہے

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ بے شک تو ہی جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۔ ۱۶؎۔ترجمہ۔اور وہی جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۔ ۱۷؎ ترجمہ۔اللہ جاننے والا اور حمت والا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۔ ۱۸؎ ترجمہ۔ بے شک اللہ جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۔ ۱۹؎۔ترجمہ۔ بے شک وہی جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۔ ۲۰؎ ترجمہ۔ بے شک تیرا رب جاننے والا اور حکمت والا ہے

اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۔ ۲۱؎ ترجمہ۔ بے شک وہی حکمت والا اور جاننے والا ہے۔

وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۔ ۲۲؎ ترجمہ۔ وہی حکمت والا اور جاننے والا ہے۔

وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۔ ۲۳؎

ترجمہ۔اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کچھ شک نہیں کے تجھ پر قرآن کا لقاء حکمت والے اور جاننے والے کے پاس سے کیا جاتا ہے۔

يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ

اِلَّآ اُولُو الْاَلْبَابِ۔ ۲۴۔

ترجمہ۔ (اللہ) جن کو (مرد و عورت) چاہتا ہے حکمت دیتا ہے اور جس کو (مرد و عورت) حکمت ملی اس کو بڑی نعمت ملی اور نصیحت بھی وہی مانتے ہیں جو عقل والے ہیں۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:**

حکمت مومن کی گمشدہ میراث ہے تاہم مومن کو علم و حکمت جہاں سے بھی ملے وہ اسے حاصل کرلے کیونکہ وہ اس کا سب سے زیادہ حق دار ہے۔ ۲۵۔

## امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

علم تو حاکم ہے جبکہ مال محکوم ہے۔

حکمت مومن کی گمشدہ چیز ہے اسے لے لو چاہے وہ صاحب حکمت منافق ہی کیوں نا ہو۔

یقین ایمان کے ستونوں میں سے ایک ستون ہے جس کے چار حصے ہیں۔

۱۔ نظر و ذہن کی چابکدستی۔ ۲۔ ادراک حکمت۔ ۳۔ عبرت کا حصول۔ ۴۔ اولین کی روش۔

لٰہذا جس نے ذہانت کے معاملے میں دوراندیشی سے کام لیا اس کے لئے حکمت واضح ہوجاتی ہے اور جس کے سامنے حکمت واضح ہوگئی وہ عبرت ناک چیزوں سے سبق حاصل کرے گا اور جس نے عبرتناک چیزوں سے سبق حاصل کرلیا تو وہ اولین کے گروہ میں شامل ہوگیا۔

اپنے قلب کو حکمت سے منور کرو۔

جو شخص علم و حکمت میں معروف ہوتا ہے اس کی طرف پروقار نگاہیں اٹھا کرتی ہیں۔

جس نے حکمت کو پھیلایا وہ اسی حکمت کے ذریعے یاد رکھا جائے گا۔

انسان میں جس قدر حکمت ہوگی اس میں اسی قدر خوف خدا بھی ہوگا اور اللہ سے جس قدر خشیت ہوگی اس انسان پر اللہ کی رحمتوں کا نزول بھی اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ انسان کے جسم کی خوراک غذا ہے لیکن عقل کی غذا حکمت ہے تاہم حکمت ایک ایسا درخت ہے جو دل میں اگتا ہے اور زبان پر پھل دیتا ہے۔ قلب کے لئے حکمت کو طلب کرو کیونکہ حکمت کے بغیر قلوب مرجھا جاتے ہیں

حکمت، عقلمندوں کا گلشن اور اشراف کی تفریح ہے۔
حکمت، عصمت ہے۔ حکمت ہدایت ہے۔ علم حکمت کا ثمر ہے۔ قلب حکمت کا سرچشمہ ہیں۔
حکمت کی پہلی منزل ترک لذات ہیں اور آخری منزل فانی چیزوں سے نفرت ہے۔
حکمت کو اپنا جامہ اور سکون کو اپنا لبادہ بنالو کیونکہ یہ دونوں ہی نیک لوگوں کے زیور ہیں۔
عقلمند کی رغبت حکمت میں ہے جبکہ جہلاء کی فکر ولگن حماقت کے لئے ہوتی ہے۔
حکمت کی تعریف یہ ہے کے انسان آخرت کا مشتاق اور دنیا سے دور ہوجاتا ہے۔
حکمت کے ذریعے علم کے حجابات کو چاک کیا جاسکتا ہے۔
تمھارے لئے حکمت لازم ہے کیونکہ یہ قابل افتخار سرمایہ ہے۔
عقلمند کی مال داری ان کی حکمت، عزت اور قناعت میں پوشیدہ ہے۔
صاحب حکمت اپنی ضروریات کے لئے کریم انسان کے علاوہ کسی اور کا قصد نہیں کرتا۔
قلوب کے فتنوں کو حکمت دور کردیتی ہے۔
دانش وروں کی صحبت عقل کو جلاء اور نفوس کو شفا دیتی ہے جبکہ دانش وروں کی صحبت فضلاء کی کاشت کاری ہے۔
حکمت جہاں سے بھی ملے اسے لے لو کیونکہ یہ جب تک منافق کے سینے میں ہوتی ہے تو متحرک اور بے چین رہتی ہے جب تک یہ اپنے حقیقی مالک یعنی مومن کے سینے میں منتقل نا ہوجائے۔
علم ایسی سلطنت ہے جو اسے پا جاتا ہے وہ اسی کے ذریعے یلغار کرتا ہے اور جو اس سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے وہ اسی کے ذریعے یلغار کا نشانہ بن جاتا ہے۔ جب انسان کا علم بڑھ جاتا ہے تو اس کا اپنے رب سے ادب ولحاظ اور خوف بھی بڑھ جاتا ہے۔۲۶؎

## نفسیاتی پہلو

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! انسان جب شر پر فتح پالیتا ہے تو اس کے اندر حکمت اور گہری بصیرت پیدا ہوجاتی ہے اور عالمین کی روشنی اس کے لئے نگاہ بن جاتی ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۴۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔

۵۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔

۔القاموس المحیط ۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دارا حیاء التراث ۔

۶۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۷۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔

۔القاموس المحیط ۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دارا حیاء التراث

۸۔سورہ یٰسین ۔آیت ۔۲۔

۹۔سورہ النمل۔آیت ۔۶۔

۱۰۔سورہ یونس۔آیت ۔۱۔

۱۱۔سورہ لقمان۔آیت ۔۲۔

۱۲۔سورہ ہود۔آیت ۔۱۔

۱۳۔سورہ البقرہ۔آیت ۔۱۵۱۔

۱۴۔سورہ یوسف۔آیت ۔۸۳۔

۱۵۔سورہ البقرہ۔آیت ۔۳۲۔

۱۶۔سورہ تحریم۔آیت ۔۲۔

۱۷۔سورہ النسا۔۲۶۔

۱۸۔سورہ التوبہ۔آیت ۔۲۸۔

۱۹۔سورہ یوسف۔آیت ۔۶۔

۲۰۔سورہ انعام۔آیت ۔۸۳۔

۲۱۔سورہ انعام۔آیت ۔۱۳۹۔

۲۲۔سورہ الزخرف۔آیت ۔۸۴۔

۲۳۔سورہ النمل۔آیت۔۶۔

۲۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۶۹۔

۲۵۔مفہوم حدیث صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۲۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۵۱۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

# ۳۳۔توفیق:

**آسمان سے اترنے والی سب سے جلیل القدر شے توفیق ہے (حضرت علیؑ)**

**توفیق**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (و۔ف۔ق) سے مشتق ہے۔
وفق۔سے مراد دو چیزوں کے درمیان مطابقت اور ہم آہنگی پیدا کرنا۔
وفق۔کے معنی ضرورت کے مطابق ہونا۔
اوفقت الابل۔سے مراد تمام اونٹ ایک قطار میں کھڑے ہو گئے۔
الاتفاق۔سے مراد انسانی اعمال کا اندازے اور پیمانے یعنی (تقدیر) کے مطابق ہو جانا۔ا؎
التوفیق۔سے مراد اسباب کا حصول مقصد کے مطابق مہیا ہونا۔۲؎
التوفیق۔سے مراد موافقت کا پیدا ہونا۔
وفق بین القوم۔سے مراد اس نے قوم کے درمیان صلح کروادی۔

**ارشادات خداوندی:**

**وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَاۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَاؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا**۔۳؎

ترجمہ۔(اے مسلمانو) اگر تمہیں ان دونوں کے درمیان جھگڑنے کا خطرہ ہو تو ایک منصف مرد کی طرف سے مقرر کرو اور ایک منصف عورت کی طرف سے مقرر کرو، اگر وہ دونوں منصف صلح کرانے کا ارادہ کریں تو اللہ ان دونوں (زن وشو) کے درمیان اتفاق پیدا کر دے گا بے شک اللہ بڑا جاننے والا بہت خبر رکھنے والا ہے۔

**جَزَآءً وِّفَاقًا**۔۴؎

ترجمہ۔یہ ان کے موافق بدلہ ہے۔

وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ۔۵؎

ترجمہ۔میری توفیق صرف اللہ کی مدد سے ہے میں نے اسی پر توکل کیا ہے۔

فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا۔۶؎

ترجمہ۔اس وقت کیا حال ہوگا جب ان کے ہاتھوں کے کرتوتوں کی وجہ سے ان پر کوئی مصیبت ٹوٹ پڑے تو پھر یہ آپ کے پاس اللہ کی قسمیں کھاتے ہوئے آئیں کے ہمارا تو ماسوا نیکی اور باہمی موافقت کے اور کوئی ارادہ نہ تھا۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب بندے کو اللہ تعالی کی طرف سے کوئی ایسا رتبہ مل جاتا ہے جس تک وہ اپنے عمل کے ذریعے نہیں پہنچ پاتا تو اللہ تعالی اس کے جسم، اس کے مال یا اس کی اولاد کے ذریعہ اس کو آزماتا ہے پھر اللہ تعالی اسے صبر کی توفیق دیتا ہے یہاں تک کے وہ بندہ اس مقام کو جا پہنچتا ہے جو اسے اللہ کی طرف سے ملا تھا۔۷؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! تجربات کی حفاظت توفیق الہی سے ممکن ہے توفیق بہترین رہنما ہے۔پریشانی کے وقت میں تامل اور توقف، توفیق ہے۔

توفیق سے کوئی شخص بے نیاز نہیں ہوسکتا ہے۔

آسمان سے اترنے والی سب سے جلیل القدر شے توفیق ہے۔

توفیق رحمت ہے۔کامیابی اور ناکامی دونوں ہی انسان کوک اپنی جانب کھینچتی ہیں، اب ان میں سے جو بھی انسان پر غالب ہوجائے انسان کا نفس اسی کو اختیار کر لیتا ہے۔توفیق کامیابی کا منبع و ماخذ ہے۔توفیق کامرانی کی کلید ہے۔

توفیق اللہ تعالی کی قوت جاذبہ میں سے ہے۔

توفیق سے بڑھ کر کوئی انسان کی معاون و مددگار نہیں ،توفیق حسن عمل اور انسان کی بہترین دوست ہے۔

انسان عبادت سے بھلا کس طرح سے لطف اندوز ہوسکتا ہے جس کی مددگار توفیق نہ ہو۔

جس کی مدد توفیق کرے گی وہ بہترین عمل انجام دے گا۔

جس کی توفیق مدد نا کرے وہ کبھی حق کی طرف نہیں آ سکتا۔

علم توفیق کے بغیر فائدہ نہیں پہنچا سکتا۔توفیق جیسی کوئی مدد نہیں ۔

جو انسان بری چیز کو اچھا جانے اور نصیحت کرنے والے سے روگردانی کرے ایسے انسان کو کبھی توفیق نہیں مل سکتی ۔۸؎

## نفسیاتی پہلو

توفیق صرف اور صرف منجانب اللہ ہے، ایک بار رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! کیا میں تمھیں لاحعل ولاقوۃ الا باللہ کے معانی نا بتاؤں؟ تو صحابہ کرام نے عرض کی جی ضرور، تو پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اس کے معنی ہیں تم کوئی نیکی کا کام انجام نہیں دے سکتے جب تک اللہ نا چاہے اور تم کسی گناہ سے بچ نہیں سکتے جب تک اللہ نا چاہے ۔

معلوم ہوا کے انسان کے تمام نیک اعمال کی توفیق بھی اللہ کی جانب سے ہے اور اگر وہ کسی گناہ سے بچا ہوا ہے تو یہ توفیق بھی اسے اللہ کی جانب سے ملی ہے ۔

امیر المومنین حضرت علیؑ فرماتے ہیں ! آسمان سے اترنے والی سب سے جلیل القدر شے توفیق ہے ۔

## حوالہ کتب:


۱۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۲۔القاموس المحیط۔علامہ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دارا حیاء التراث۔

۳۔سورہ النساء۔آیت۔۳۵۔

۴۔سورہ النباء۔آیت۔۲۶۔

۵۔سورہ ھود۔آیت۔۸۸۔

۶۔سورہ النساء۔آیت۔۶۲۔

۷۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

۸۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

## ۳۴۔ جہاد

**بے شک جہاد جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے، جسے اللہ نے اپنے خاص بندوں کے لئے کھول رکھا ہے (حضرت علیؑ)**

**جہاد**۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ج۔ ھ۔ د) سے مشتق ہے۔
الجھد۔ کے معنی تکلیف اور مشقت کو سہنا ہے۔
الجھد۔ سے مراد کسی کام کو اس کی انتہا تک پہنچانا۔
قرآن کریم میں جھد مشقت کے معنی میں آتا ہے۔
جہاد۔ کے معنی کسی مقصد کے حصول کے لئے اپنی تمام طاقت اور وسعت کو پورا پورا صرف کر دینا۔
جہاد۔ عربی زبان میں اس سخت زمین کو بھی کہتے ہیں جس میں کوئی گھاس پھونس نہ ہو۔ ا؎
قرآن کریم میں مجاہدین بمقابلہ قاعدین آیا ہے، قاعدین کا مطلب بیٹھ رہنے والے۔

**ارشادات خداوندی:**

يَآ اَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ۚ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ۔ ۲؎

ترجمہ۔ اے نبی! مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دو، اگر تم میں بیس آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو وہ دو سو پر غالب آئیں گے، اور اگر تم میں سو ہوں گے تو ہزار کافروں پر غالب آئیں گے اس لیے کہ وہ لوگ کچھ نہیں سمجھتے۔

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ - ۳ ؎

ترجمہ۔ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں پھر قتل کرتے ہیں اور قتل بھی کیے جاتے ہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ - ۴ ؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ نے مومنین کی جان اور مال کو جنت کے عوض خرید لیا ہے۔

وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ - ۵ ؎

ترجمہ۔ تم جہاد کرو جیسا جہاد کرنے کا حق ہے۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ

ترجمہ۔ جو لوگ راہ خدا مین مارے جائیں انھیں مردہ نہ کہو وہ زندہ ہیں اور اپنے رب کے پاس سے رزق پا رہے ہیں لیکن تمھیں اس کا شعور نہیں ۔ ۶ ؎

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زندگی میں تقریباً ۲۷ غزوات میں شرکت کی سرایا اور غزوہ میں فرق یہ ہے کے جس جنگ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شریک ہوں وہ غزوہ ہے اور جس جنگ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شریک نہ ہوں وہ سرایا کہلاتے ہیں یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی صحابی کو اس جنگ کا امیر مقرر کر دیا اور خود اس میں شریک نہ ہوئے۔

جہاد کی نیت سے جنگ لڑنا اور چند گھنٹے سفر کرنا اللہ کے نزدیک روئے زمین کی تمام دولت سے زیادہ افضل ہے۔ ۷ ؎

اللہ کی راہ میں گھڑی بھر کا جہاد لیلۃ القدر اور حجر اسود کے قریب قیام سے زیادہ بہتر ہے۔ ۸ ؎

مجاہدین اور شہداء اللہ کے نزدیک فرشتوں سے زیادہ افضل ہیں جو بغیر حساب داخل جنت کئے جائیں گے۔ ۹ ؎

روز قیامت مجاہدین کے درجات سب سے زیادہ بلند ہوں گے۔ ۱۰ ؎

صرف شہداء کی ارواح ہی دوبارہ دنیا میں آنا پسند کریں گی کیونکہ وہ لذت شہادت سے آشنا ہیں چنانچہ دوبارہ دنیا میں آ کر اللہ کی راہ میں شہادت کو پسند کریں گی۔ ۱۱؎

روز قیامت شہداء اپنے ۷۰ رشتے داروں کی سفارش پیش کر سکیں گے۔ ۱۲؎

حضرت موسیٰ بن عقبہؓ نے کہا، اس سے پہلے رسول اللہ ﷺ ان لوگوں سے قتال نہیں کرتے تھے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا کے پس اگر وہ تم سے الگ ہوجائیں اور تم سے قتال نہ کریں تو اور تمھاری طرف صلح کا ہاتھ بڑھائیں تو اللہ نے تمھارے لئے ان کے خلاف کوئی راستہ نہیں رکھا پھر اس حکم کو اللہ تعالیٰ نے فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ سے منسوخ کر دیا۔ ۱۳؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، کفار سے قتال کرنے سے پہلے ان کو اسلام کی دعوت دو اگر وہ اسلام قبول کرلیں تو تو ان سے قتال نہ کرو اور اگر وہ قبول نہ کریں تو پھر ان کو دعوت دو کے وہ اپنا ملک چھوڑ کر دارالمہاجرین میں منتقل ہوجائیں اور اگر وہ قبول کرلیں تو پھر ان سے قتال نہ کرو اگر وہ اس کو قبول نہ کریں تو پھر اللہ کی مدد سے ان سے قتال کرو اور ان سے خیانت نہ کرو اور نہ ہی ان سے عہد شکنی کرو اور نہ ان کو مثلہ کرو اور نہ ہی ان کے بچوں کو قتل کرو۔ ۱۴؎

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ کے نزدیک ایک مسلمان کے قتل کی بہ نسبت پوری دنیا کا زوال زیادہ آسان ہے۔ ۱۵؎

حضرت ابو سعید خدریؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، سول اللہ ﷺ نے فرمایا! اگر تمام آسمان اور زمین والے کسی ایک مومن کے قتل میں شریک ہوں تو اللہ تعالیٰ ان سب کو جہنم میں اوندھے منہ ڈال دے گا۔ ۱۶؎

آپ زوال شمس کے ختم ہوجانے کے بعد جنگ لڑا کرتے اور فرماتے کے زوال شمس کے بعد آسمانوں کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں اور رحمتوں کا نزول شروع ہوجاتا ہے اس وقت مدد اور فتح آسمان سے اترنے لگتی ہے اور یہ وقت رات سے زیادہ قریب ہوتا ہے لہٰذا کم قتال کی

زیادہ امید ہوتی ہے جنگ کے خواہاں اس وقت تک پلٹ آتے ہیں اور بھاگنے والے بھاگ جاتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی غزوہ میں ایک عورت کو مقتول پایا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا۔۱۷؎

## جہاد کے آداب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام کو دشمنوں سے جہاد کے آداب سکھائے ہیں جو درج ذیل ہیں۔

دشمن کی املاک میں لوٹ مار نہ کرنا۔۱۸؎

دشمن کو اذیت دے کر قتل نہ کرنا۔۱۹؎

دشمن کو آگ میں نہ جلانا۔۲۰؎

دشمن کو امان دینے کے بعد قتل نہ کرنا۔۲۱؎

دشمن کے جسم کا مثلہ (اعضاء کو کاٹنا) نہ کرنا۔۲۲؎

اس کے علاوہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سختی سے منع فرمایا! دشمن کے کھیت کھلیان اور باغات کو ہرگز نہ جلایا جائے اور نہ ہی ان کے پانی کے ذخائر کو زہر آلود کیا جائے، ان کے بوڑھے، کمزور، بیمار معذور، عورتوں اور بچوں کے ساتھ حسن سلوک کیا جائے۔ دشمن کے علاقے کے جانور اور پرندوں کو قتل نہ کیا جائے۔

## جنگی قیدیوں کے ساتھ حسن سلوک:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگی قیدیوں کے ساتھ حسن سلوک کی بار بار تاکید فرمائی ہے یعنی جنگی قیدیوں کو بھوکا اور پیاسا نہ رکھا جائے انھیں پیٹ بھر کر کھانا اور پانی دیا جائے نیز ان کو مناسب لباس بھی دیا جائے۔

## مفتوح قوم سے سلوک :

رسول اللہ ﷺ نے مفتوح قوم ( جس قوم پر فتح حاصل ہوگئی ) سے حسن سلوک کی تاکید فرمائی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا ! جب دشمن تمھاری اطاعت کو قبول کرلیں تو ان سے جزیہ وصول کیا جائے اور ان کی جان ، مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کی ذمہ دار اسلامی ریاست ہوگی تاہم مسلمان اور غیر مسلموں کے تمام حقوق بالکل برابر ہوں گے ان کی عبادت گاہوں کو نقصان نہ پہنچایا جائے چنانچہ اسلامی ریاست میں غیر مسلموں کو اپنے تہوار اور عبادت کی مکمل آزادی حاصل ہے۔

## جہاد کی اقسام :

جہاد کی درج ذیل پانچ اقسام ہیں ۔

۱۔ جہاد بالنفس ۔

۲۔ جہاد بالمال ۔

۳۔ جہاد باللسان ۔

۴۔ جہاد بالسیف ۔

۵۔ جہاد بالقلم ۔

## ۱۔ جہاد بالنفس:

جہاد بالنفس کو علمائے کرام نے جہاد اکبر کہا ہے یعنی انسان اپنی نفسانی خواہشات سے لڑے اور گناہ کے کام سے بچے تاہم تمام برائیوں اور گناہوں سے بچنا جہاد بالنفس کہلاتا ہے جس کا بہت بڑا اجر ہے یہ عمل انسان کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے جو مرنے سے پہلے تک جاری رہتا ہے لہٰذا نفسانی خواہشات اور شیاطین کے فتنے اور بہکاوں سے انسان کو بچنا چاہئے کیونکہ دنیا میں ہر طرف شر اور شیطانی قوتوں کا ایک مضبوط جال بچھا ہوا ہے جس سے انسان کو بچنا ہے، دنیا میں ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھی اسی لئے بھیجے گئے تاکہ وہ لوگوں کو یہ بتا سکیں کے

ہمیں نیکی کے کام کرنے ہیں اور برائی سے بچنا ہے اسی لئے اللہ تعالی نے لوگوں کی ہدایت اور رہنمائی لئے الہامی کتابیں بھیجیں تا کہ انسان شیاطین کے فتنوں سے بچتا رہے اور اچھے کام کرتے کرتے جنت میں داخل کر دیا جائے جہاد بالنفس ایک مشکل جہاد ہے کیونکہ انسان کا واسطہ ہر وقت شر اور شیطانی قوتوں سے رہتا ہے۔

## ۲۔ جہاد بالمال:

مال اللہ کی ایک عظیم نعمت ہے لہٰذا اللہ کے دئے ہوئے مال کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنا ایک بہت بڑی نیکی ہے اسی لئے قرآن کریم میں بار بار زکوۃ ،صدقات ، خیرات ، فدیہ اور فطرہ کے احکامات آئے ہیں اللہ کے اس حکم کے پیچھے فلسفہ یہی ہے کے معاشرے سے غربت کا خاتمہ ہو اور دولت کی منصفانہ تقسیم ہو جس سے سب فائدہ اٹھائیں۔

## ۳۔ جہاد باللسان:

جہاد باللسان کا مطلب اپنی زبان سے نیکی کا حکم دینا اور برائی کو روکنا اللہ کی دین کی تبلیغ و اشاعت کرنا دین اور دنیا کے علم کو پھیلانا۔

اپنی زبان سے چغلی ،غیبت ،لڑائی جھگڑا ، گالی گلوچ اور جھوٹ سے بچنا اسی لئے اسلام میں خاموشی کو عبادت کہا گیا ہے لیکن انسان کو جب بھی گفتگو کا موقع ملے تو وہ اچھی بات کہے اور بری بات سے رکے۔

## ۴۔ جہاد بالسیف:

اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ہر قسم کی تحریک اور سازش کے خاتمے کے لئے کافر اور باطل قوتوں سے میدان جہاد میں جہاد بالسیف کرنے کا حکم اللہ نے دیا ہے لیکن کوئی فرد واحد خود سے جہاد بالسیف کا فیصلہ نہیں کرے گا۔ جہاد بالسیف کا فیصلہ حکومت وقت اور افواج کی مرضی سے کیا جاتا ہے اگر فرد واحد یا کچھ لوگوں کا گروہ از خود یہ فیصلہ کرے تو یہ جہاد نہیں بلکہ بغاوت تصور کی جائے گی۔

## ۴۔ جہاد بالقلم:

جہاد بالقلم سے مراد جہالت کے خلاف علمی جہاد کرنا یعنی اپنے ملک سے جہالت کا خاتمہ کرنا اور علم کی روشنی کو پھیلانا ہے چنانچہ تمام پیغمبروں نے بھی جہاد بالقلم کیا اور دین اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں طرح طرح کی مشکلات کا سامنا کیا لیکن دین اسلام کو پھیلانے کی ہر ممکن کوشش کی جس میں وہ کامیاب ہوئے چنانچہ ہم سب پر لازم ہے کہ ہم جتنا علم بھی جانتے ہیں اسے دوسروں تک ضرور پہنچائیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر غار حرا میں جو پہلی وحی آئی اس کا پہلا لفظ 'اقرا' (پڑھیے) تھا یعنی علم کی فضیلت اور اہمیت کا اندازہ پہلی وحی سے ہی لگایا جاسکتا ہے، تمام پیغمبر، انبیاء اور رسل سب کے سب معلم انسانیت تھے۔تمام پیغمبروں نے اپنی اپنی قوم کو دین اور دنیا کے علوم سیکھائے قرآن کریم میں ۷۵۶ مقامات پر علم کی اہمیت، فضیلت، کائنات میں غور وتفکر اور ریسرچ کی دعوت دی گئی ہے۔

حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالی نے علم اسماء سیکھایا یعنی پوری کائنات کا مکمل علم حضرت آدم علیہ السلام کو دیا گیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس جگہ پلے بڑھے وہ معاشرہ طرح طرح کی برائیوں کا شکار تھا لیکن جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دین اسلام کی تبلیغ واشاعت فرمائی تو اس بگڑے ہوئے معاشرے میں سدھار پیدا ہوگیا اور برائیوں میں گھرے ہوئے جاہل لوگ دین اسلام کے علم سے فیض یاب ہوئے اور پھر آگے چل کر انھی مسلمانوں نے آدھی سے زیادہ دنیا فتح کی یہ سب کچھ محض قرآنی علم کے حاصل کرنے کی وجہ سے ہوا یعنی اس وقت کی سپر پاورز کو بھی مسلمانوں نے اسی علم کی بدولت شکست فاش دی۔

## قرآن کریم کی روشنی میں علم کی اہمیت:

قرآن کریم میں متعدد مقامات پر علم کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی۔

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ۔ ۲۳؎

ترجمہ۔ پڑھ اپنے رب کے نام سے۔

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا۔ ۲۴؎

ترجمہ۔ اللہ سے تو اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو علم والے ہیں۔

يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۭ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ۔ ۲۵؎

ترجمہ۔ وہ جس کو چاہتا ہے حکمت دیتا ہے اور جس کو حکمت ملی اس کو بڑی نعمت ملی۔

**احادیث نبوی ﷺ کی روشنی میں علم کی اہمیت:**

رسول اللہ ﷺ خود معلم انسانیت تھے اور انھوں نے بنی نوع انسانیت کو قرآن کا علم پہنچایا۔
رسول اللہ ﷺ کا رشاد ہے! علم کا حاصل کرنا مرد و عورت پر فرض ہے۔ ۲۶؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! جس جہاد سے تم سب سے پہلے مغلوب ہو گے وہ ہاتھوں سے جہاد ہے پھر زبان سے اور پھر دل کے ذریعے لہٰذا جو دل سے کسی اچھے کام پر خوش اور برے کام پر اظہار نفرت نہ کرے وہ اسی طرح الٹ دیا جائے گا کے اس کا اوپری حصہ نیچے اور نچلا حصہ اوپر ہوگا۔ حج ہر کمزور کا جہاد ہے۔

بہترین خانہ داری یا شوہر داری عورتوں کا جہاد ہے۔

بے شک جہاد جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے، جسے اللہ نے اپنے خاص بندوں کے لئے کھول رکھا ہے۔

اپنی نفسانی خواہشات سے اسی طرح سے جہاد کرو جس طرح سے تم اپنے دشمن سے لڑتے ہو۔
آپ نے فرمایا کے مجھے تمھاری دنیا کی تین چیزیں محبوب ہیں۔

ا۔ مہمان نوازی کرنا۔ ۲۔ سخت گرمیوں کے روزے رکھنا۔ ۳۔ اللہ کی راہ میں جہاد

(تلوار چلانا) کرنا۔

اپنے نفس سے جہاد کرو اور اس کا محاسبہ کرو جس طرح سے کاروبار میں شریک اپنے دوسرے شریک سے حساب لیتا ہے جس نے اپنے نفس سے جہاد کیا اس نے تقوی کو کمال تک پہنچا دیا۔

جہاد بالنفس اشراف کا شیوہ ہے۔ جہاد بالنفس جنت کی مہر ہے۔

اپنے نفس کا محاسبہ اس طرح سے کرو جس طرح تم اپنے کاروبار میں شریک کار سے حساب لیتے ہو۔ جو اپنے نفس سے جہاد کرتا ہے وہ جنت کا مالک بن جاتا ہے۔

ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اپنے باپ، بھائیوں اور چچاؤں کو قتل کرتے تھے تو یہ صرف ہمارے ایمان میں اضافہ کا سبب ہوتا تھا اور ہم ان کو قتل کرنے کی وجہ سے حق کی وسیع شاہراہ پر درد کی تلخیوں پر صبر کرتے تھے اور دشمن کے ساتھ جہاد میں سنجیدہ کوشاں رہتے تھے۔

آپ نے مزید کہا خدا کی قسم اگر تمام عرب بھی میرے قتل کے لئے اکٹھا ہو جائیں تو میں تب بھی انھیں پیٹھ نہ دکھاؤں۔

شجاعت کی زکوۃ اللہ کی راہ میں جہاد ہے۔ مجاہدین کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ جہاد دین کا ستون اور کامران افراد کا راستہ ہے۔

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًاۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْاؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۔۱-۲۷

ترجمہ۔ اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے جاؤ تو خوب تحقیق کر لیا کرو اور تم کو جو سلام کرے اس سے یہ نہ کہو کے تم مسلمان نہیں ہو تم دنیاوی زندگی کا سامان طلب کرتے ہو اللہ کے پاس بہت غنیمتیں ہیں اس سے پہلے تم بھی اسی طرح تھے پھر اللہ نے تم پر احسان فرمایا سو تم خوب تحقیق کر لیا کر۔

اس آیت سے فقہ کا یہ عظیم ضابطہ معلوم ہوا کے احکام شرعیہ کا مدار صرف ظاہری حال پر ہے۔
آپ نے جنگ صفین کے موقع پر فرمایا! اور تم لوگوں کا یہ کہنا کے میں جنگ میں متذبذب ہوں تو خدا کی قسم میں جنگ میں ایک دن بھی تاخیر نہ کرتا مگر مجھے امید ہے کے شاید ان میں سے کوئی گروہ مجھ سے ملحق ہوجائے اور میرے ذریعے سے ہدایت پا جائے اور میرے نور کے سایے میں آجائے کیونکہ یہ صورت حال میرے لئے گمراہی کے عالم میں انھیں قتل کرنے سے زیادہ پسندیدہ ہے بھلے وہ گمراہی ان کے گناہوں کا نتیجہ ہی کیوں نہ ہو۔
ایک موقع پر آپ نے فرمایا! میں صلح وصفائی کو اگر اس سے اسلام کو کسی قسم کی ٹھیس نہ پہنچے جنگ سے زیادہ سودمند سمجھتا ہوں۔
آپ نے اپنے خادم مالک سے کہا! اے مالک اپنے بادشاہوں کو حرام خون بہا کر ہرگز قوی نہ کرنا کیونکہ اس کا یہ عمل اس کو کمزور اور بے عزت تو کرے گا ہی لیکن اس کے ساتھ ہی اس کا یہ عمل اس کے لئے زوال اور معزولی کا سبب بھی ہوجائے گا اور اس طرح کے قتل عمد کے لئے اللہ کے اور نہ میرے سامنے اور نہ ہی تمھارے پاس کوئی عذر ہے کیونکہ قتل عمد میں قصاص ہے۔۲۸؎

## نفسیاتی پہلو

مسلمان کی پوری زندگی جہاد سے عبارت ہے کیونکہ اسلام اس کو ہر لحہ کسی نا کسی جہاد میں قید کرتا ہے یعنی سب سے افضل جہاد بالنفس ہے یعنی انسان گناہوں اور برے کاموں سے اپنے آپ کو بچائے، پھر جہاد بالقلم ہے جس کے معانی مہد سے لہد تک مسلسل علم کا حصول اور اس کی ترویج واشاعت کی ذمہ داری انسان کو دے دی گئی، مال دار انسان اپنے مال کے ذریعے معاشرے کے ضرورت مند افراد کی کفالت کرے اور اللہ کے دئے ہوئے مال کو ان پر خرچ کرے، جہاد باللسان بھی ہر مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے یعنی نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا اس کے ساتھ ساتھ جو دین کی بات وہ جانتا ہے وہ دوسروں تک لازمی پہنچائے اور سب

سے آخر میں جہاد بالسیف یعنی اللہ کے دشمنوں سے میدان جنگ میں لڑنا اور ان کو شکست فاش دینا ہے کیونکہ اللہ کے دشمن یہ چاہتے ہیں کے اللہ کے دین اور اس کے ماننے والوں کو مٹا دیا جائے چنانچہ اللہ کے دشمنوں سے لڑنا جہاد بالسیف کہلاتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر

۲۔سورہ انفال۔آیت۔۶۵۔

۳۔سورہ التوبہ۔آیت۔۱۱۱۔

۴۔سورہ التوبہ۔آیت۔۱۱۱۔

۵۔سورہ الحج۔آیت۔۷۸۔

۶۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۶۹۔

۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۸۔مسند ابن حبان۔

۹۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی ۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ۔

۱۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۱۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۲۔ ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔

۱۳۔الاحکام القرآن۔امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس شافعی (متوفی ۲۰۴ھ)۔مطبوعہ سہیل اکیڈمی۔لاہور۔

۱۴۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۸۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۱۹۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۲۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۱۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۲۲۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۲۳۔سورہ العلق۔آیت۔۱۔
۲۴۔سورہ فاطر۔آیت۔۲۸۔
۲۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۶۹۔
۲۶۔شرح السنہ۔ص۔۲۹۰۔
۲۷۔سورہ النساء۔آیت۔۹۴۔
۲۸۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۳۵۔عفو(معافی)

## کم ظرفوں کے ساتھ مہربانی سے گریز کرو کیونکہ وہ معافی کو ظلم سمجھتے ہیں(حضرت علیؓ)

**عف**۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(ع۔ف۔و) سے مشتق ہے۔
عفو۔کے معنی ترک کرنے کے ہیں۔ا۔
قرآن کریم میں اللہ کی یہ صفت کئی مقامات پر ذکر کی گئی ہے۔
قرآن کریم میں عفو اور صفح کے الفاظ اکثر اکھٹے بھی آئے ہیں۔جیسے۔
**فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا**۔کے معنی تم عفو درگزر سے کام لو،ان دونوں الفاظ میں فرق یہ ہے:
صفح۔بلیغ ترین ہے یعنی کسی کو بالکل چھوڑ دینا جبکہ عفو میں یہ ممکن ہے کے کچھ کہہ سن کر چھوڑا جائے۔۲۔
صاحب محیط عفو اور مغفرۃ میں۔فرق بتاتے ہوئے لکھتے ہیں!غفران میں سزا قطعاً نہیں ہوگی لیکن عفو سزا سے پہلے اور بعد میں بھی ہوسکتا ہے۔۳۔
یہاں سزا کے بعد عفو سے مراد سزا کے اثرات کو مٹا دینے کے ہیں کیونکہ عفو کے بنیادی معانی ہی مٹانے کے ہیں جبکہ مغفرۃ سے مراد ابتداء سے ہی نقصان دہ اثرات سے محفوظ رکھنا۔
عفو۔عربی زبان میں مٹانا یا مٹ جانے کو کہتے ہیں۔
عفو المال۔سے مراد ایسا مال جو کسی کے خرچ سے زائد ہو۔
عفا شعر البعیر۔سے مراد اونٹ کے لمبے اور گھنے بال۔
عفا علیہ فی العلم۔سے مراد وہ علم میں بہت آگے بڑھ گیا یا اس کے پاس بہت علم و معلومات ہے۔
عفا الصوف۔سے مراد اون کو بڑھا کر کاٹنا۔

العافیۃ المعافاۃ۔ سے مراد دوسروں کو ایذا سے محفوظ رکھنا یا بیماریوں اور قدرتی آفات سے بچانا۔ ۴؎

المعفی۔ سے مراد ایسا شخص جو تمھارے ساتھ تو رہے لیکن وہ تم سے کسی سلوک کا طلبگار نہ ہو۔ ۵؎

اعطیۃ عفوا۔ سے مراد جس کو بے مانگے مل جائے۔

عفو۔ کے معنی بہترین چیز۔

العفو۔ اللہ کا ایک اسم صفاتی، جس کے معانی بہت زیادہ معاف کرنے والا۔ ۶؎

العفو اللہ کی ایک صفت عظیم ہے جو کل کائنات میں جاری وساری ہے اللہ تعالی اپنے بندوں پر بے حد رحیم وکریم ہے وہ اپنے گناہگار بندوں ے گناہوں کو معاف فرماتے ہیں اگر کائنات میں صفت عف کام نہ کرے تو دنیا میں ایک ہرا تنکا بھی نہ بچے اور اللہ کے غیظ وغضب سے ہر شے جل کر خاک ہوجائے لیکن یہ اللہ کی اپنے بندوں پر رحمت خاص ہے کے وہ اپنے بندوں کے کبیرہ صغیرہ گناہوں کو مٹاتا رہتا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۔ ۷؎

ترجمہ۔ یاد کرو جب ہم نے موسیٰ کو چالیس شبانہ روز کی قرارداد پر بلایا تھا تو اس کے پیچھے تم نے بچھڑے کو اپنا معبود بنالیا تھا اس وقت تم نے بڑی زیادتی کی تھی مگر اس پر ہم نے تم کو معاف کردیا شاید اب تم شکر گزار بن جاؤ۔

زیر نظر آیت میں اللہ نے ثُمَّ عَفَوْنَا استعمال کیا ہے یعنی قوم بنی اسرائیل نے پیغمبر کی غیر موجودگی میں شرک کیا لیکن اللہ تعالی نے ان کے اس کبیرہ گناہ کو معاف فرماتے ہوئے اس گناہ کے اثرات کو مٹادیا اور اس کی تلافی فرمادی تاکہ وہ اللہ کے اس احسان پر اس کے شکر

گزار بن سکیں اسی طرح سے قرآن کریم میں العفو کو بیان کرتے ہوئے۔

ارشاد خداوندی ہوا!

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ قُلِ الْعَفْوَ -۸؎

ترجمہ۔ وہ پوچھتے ہیں کے ہم راہ خدا میں کیا خرچ کریں؟ ان سے کہو کے جو کچھ تمھاری ضروریات سے زیادہ ہو۔

یہ قرآن کریم کا اصول ہے کے فرد پوری دلجمعی سے محنت اور مشقت کرے اور جو اس کو اجرت حاصل ہو اس میں سے اپنی ضرورت بھر لے اور باقی دیگر ضرورت مندوں پر خرچ کردے۔
دنیا کے بیشتر ممالک میں سرمایہ دارانہ نظام قائم ہے جس کی بنیاد فاضل دولت یعنی (Surplus Money) پر قائم ہے لیکن اسلام اس اضافی دولت کو اس کے مالک کے پاس باقی رہنے کو ناپسند کرتا ہے یعنی جو انسان کی ضرورت سے زائد ہوگا اس پر دوسرے ضرورت مند افراد کا حق ہوگا، اسلام کا یہ وہ زرین معاشی و اقتصادی اصول ہے کے جس کی بناء پر اللہ کی زمین پر نہ کوئی بھوکا رہے گا اور نہ ہی کوئی بے گھر اسی اسلامی اصول کے نفاذ کے لئے دنیا میں ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے گئے اور خود عہد رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بھی اس اصول کی پاسداری کی گئی اور زکوۃ، عشر، فدیہ، فطرہ، خیرات اور صدقات کے نظام کو اسلامی ریاست میں مضبوط بنیادوں پر استوار کیا گیا یہاں تک کے اس دور کے سودی نظام کی جکڑ بندیوں سے لوگ آزاد ہوئے اور اس قدر خوشحالی اور فارغ البالی لوگوں کا مقدر ہوئی کے زکوۃ دینے والے تو بے شمار تھے لیکن زکوۃ لینے والے ڈھونڈنے سے بھی نہ ملتے تھے۔

**ارشادات خداوندی:**

فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ -۹؎

ترجمہ۔ معاف کرو اور درگزر کرو یہاں تک کے اللہ اپنا حکم لائے۔

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ -۱۰؎

ترجمہ۔ ان کو معاف کرو اور ان کے لئے بخشش طلب کرو۔

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ -١١؎

ترجمہ۔ ان کو معاف کرو اور درگزر کرو۔

خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ -١٢؎

ترجمہ۔ درگزر کر اور نیکی کا حکم دے اور جاہلوں سے الگ رہ۔

وَلَا يَأْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوا اُولِى الْقُرْبٰى وَالْمَسَاكِيْنَ وَالْمُهَاجِرِيْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ -١٣؎

ترجمہ۔ تم میں سے بزرگی اور کشائش والے اس بات پر قسم نہ کھائیں کہ رشتہ داروں اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو نہ دیا کریں گے، اور انہیں معاف کرنا اور درگذر کرنا چاہیے، کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمہیں معاف کردے، اور اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے۔

وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ -١٤؎

ترجمہ۔ اگر تم معاف کرو، درگزر کرو اور بخش دو تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

وَاَنْ تَعْفُوْا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى -١٥؎

ترجمہ۔ تم معاف کردو یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔

اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا -١٦؎

ترجمہ۔ تم نیکی کو ظاہر کرو یا چھپاؤ اور برائی سے درگزر کرو تو بے شک اللہ بھی معاف کرنے والا قدرت والا ہے۔

## توبہ استغفار کی فضیلت

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ وَاِنْ تَکُ حَسَنَۃً یُّضَاعِفْھَا وَیُؤْتِ مِنْ لَّدُنْہُ اَجْرًا عَظِیْمًا۔۱۷؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا اور اگر کوئی نیکی ہو تو اس کو دگنا کر دیتا ہے اور اپنے پاس سے اجر عظیم عطا فرماتا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَھِّرِیْنَ۔۱۸؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

اسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ اِنَّہٗ کَانَ غَفَّارًا۔۱۹؎

ترجمہ۔ اپنے رب سے بخشش مانگو بے شک وہ بڑا بخشنے والا ہے۔

یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْکُمْ مِّدْرَارًا۔۲۰؎

ترجمہ۔ (اللہ) آسمان سے تم پر (موسلا دھار) مینہ برسائے گا۔

وَیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ۔۲۱؎

ترجمہ۔ (اللہ) مال سے تمہاری مدد کرے گا۔

وَیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ۔۲۲؎

ترجمہ۔ (اللہ) اولاد سے تمھاری مدد کرے گا۔

وَیَجْعَلْ لَّکُمْ جَنّٰتٍ۔۲۳؎

ترجمہ۔ (اللہ) تمہارے لیے باغ بنا دے گا۔

وَّیَجْعَلْ لَّکُمْ اَنْھٰرًا۔۲۴؎

ترجمہ۔ (اللہ) تمہارے لیے نہریں بنا دے گا۔

وَاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ ثُمَّ تُوْبُوْا اِلَیْہِ یُمَتِّعْکُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی وَّیُؤْتِ کُلَّ ذِیْ فَضْلٍ فَضْلَہٗ۔۲۵؎

ترجمہ۔تم اپنے رب سے معافی مانگو پھراس کی طرف رجوع کرو تاکہ تمہیں ایک وقت مقرر تک اچھا فائدہ پہنچائے اور جس نے بڑھ کر نیکی کی ہو اس کو بڑھ کر بدلہ دے۔

وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ ۔۲۶۔

ترجمہ۔اے قوم! اپنے رب سے معافی مانگو پھراس کی طرف رجوع کرو وہ تم پر خوب بارشیں برسائے گا اور تمہاری قوت کو اور بڑھائے گا۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:**

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب کوئی مومن گناہ کرتا ہے تو اس کے دل میں ایک سیاہ نشان بن جاتا ہے پس اگر وہ توبہ کرلے، اس گناہ سے باز آجائے تو اور استغفار کرلے تو اس کا دل صاف ہو جاتا ہے لیکن اگر وہ زیادہ گناہ کرلے تو پھر سیاہ نشانات زیادہ ہو جاتے ہیں اور یہی وہ زنگ کہلاتا ہے جس کا قرآن کریم میں اللہ نے ذکر فرماتے ہوئے کہا! دراصل ان کے قلوب پر ان کے برے اعمال کا زنگ چڑھ گیا ہے۔۲۷۔

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کیا کرتے، اے اللہ! مجھے ان لوگوں میں سے بنادے۔ جو نیک کام کرتے ہیں۔ تو خوش ہوتے ہیں اور وہ جب کوئی برا کام کرتے ہیں۔ تو اللہ تعالی سے مغفرت طلب کرتے ہیں۔۲۸۔

حضرت ابو موسیٰؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی رات کو اپنا ہاتھ بڑھاتا ہے تاکہ دن میں گناہ کرنے والے توبہ کریں اور دن میں اپنا ہاتھ بڑھاتا ہے تاکہ رات میں گناہ کرنے والے توبہ کریں (وہ یونہی کرتا رہے گا) حتیٰ کے سورج مغرب سے طلوع ہوجائے گا۔۲۹۔

حضرت بلال بن یسارؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے کہا!

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيَّ الْقَيُّوْمَ وَأَتُوبُ اس کی مغفرت کردی جائے گی خواہ وہ میدان جہاد سے پیٹھ موڑ کر ہی کیوں نہ بھاگا ہو۔ ۳۰؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے کہا میں مدینہ کے آخری حصے میں ایک عورت کے ساتھ بغل گیر ہوا اور میں نے زنا کے سوا باقی سب کچھ کرلیا اور اب میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے بارے میں جو چاہیں وہ فیصلہ کریں، حضرت عمرؓ نے فرمایا اللہ سبحانہ نے تیرے جرم پر پردہ رکھا تھا، تم بھی اپنے جرم کا پردہ رکھتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کو کوئی جواب نہ دیا اور وہ شخص واپس چلا گیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے پیچھے گئے اور اس شخص کو بلایا پھر اس کے سامنے یہ آیت تلاوت فرمائی!

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ۚ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ۔ ۳۱؎

ترجمہ۔ اور دن کے دونوں طرف اور کچھ حصہ رات کا نماز قائم کر، بے شک نیکیاں برائیوں کو دور کرتی ہیں، یہ نصیحت حاصل کرنے والوں کے لیے نصیحت ہے۔

مسلمانوں میں سے کسی ایک شخص نے کہا کیا (یہ صغائر کی نیکیوں ں سے مغفرت ) خاص ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! نہیں بلکہ تم سب کے واسطے ہے۔ ۳۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کو مبارک دی جس کے نامہ اعملا میں استغفار بکثرت ہو۔ ۳۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! جو شخص پابندی سے استغفار کرتا ہے اللہ اسے غم اور ہر تکلیف سے نجات دے گا اور ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ پیدا فرمائے گا اور اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا جہاں اس کا گمان بھی نہ ہوگا۔ ۳۴؎

حضرت علیؑ نے اہل عراق سے فرمایا تم یہ کہتے ہو کے اللہ کی کتاب میں سب سے زیادہ امید

افزاء آیت کون سی ہے؟ پھر آپؑ نے یہ آیت تلاوت فرمائی! آپ کہیے!

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۔۳۵؎

ترجمہ۔اے میرے بندوں جنھوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے،تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو بے شک اللہ تمام گناہوں کو بخش دے گا، بے شک وہی بے حد مغفرت کرنے والا ہے اور بہت رحم کرنے والا ہے۔

جب یہ آیت (وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى) نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر میرا ایک امتی بھی دوزخ میں ہوا تو میں راضی نہیں ہوں گا۔۳۶؎

جس اللہ تعالی نے فرمایا! اے محمد! ہم عنقریب آپ کو راضی کریں گے اور آپ کو رنجیدہ نہیں ہونے دیں گے۔۳۷؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم میں سے کسی شخص کو گمشدہ سواری کے مل جانے سے جتنی خوشی ہوتی ہے اللہ کو تمھاری توبہ سے اس سے زیادہ خوشی ہوتی ہے۔۳۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم کسی شخص میں دنیا سے بے رغبتی اور قلت کلام دیکھو تو اس کا قرب حاصل کرو کیونکہ اس کو حکمت عطا کی گئی ہے ۔۳۹؎

حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، میں عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے وصیت کیجئے ،آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم سے جس قدر ہو سکے تم اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر پتھر اور درخت کے پاس اللہ کا ذکر کرو اور تم جو برا کام کرو اس کے بعد توبہ کرو پوشیدہ گناہ کی توبہ پوشیدہ کرو اور کھلم کھلا گناہ کی توبہ کھلم کھلا کرو۔۴۰؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! گناہ سے توبہ کرنے

والا ایسا ہی ہے جیسے اس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔ ۴۱ ۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بے شک میرے دل پر حجاب چھا جاتا ہے اور میں ہر روز سو مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔ ۴۲ ۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص کی مثل ہے جس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔ ۴۳ ۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بے شک بندہ گناہ کرتا ہے پھر جب وہ اپنے گناہ کو یاد کرتا ہے اور اپنے کئے پر غمگین ہوتا ہے تو اللہ اس کو معاف فرما دیتے ہیں۔ ۴۴ ۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کے عفو یہ ہے کے جس نے تم پر ظلم کیا اس کو بھی معاف کر دو۔

کم ظرفوں کے ساتھ مہربانی سے گریز کرو کیونکہ وہ معافی کو ظلم سمجھتے ہیں۔

جب تم دشمن پر غالب آ جاؤ تو بطور شکر اسے معاف کر دو۔

سب سے زیادہ عفو اس انسان پر لازم ہے جو سب سے زیادہ سزا دینے قدرت رکھتا ہو۔

اچھی طرح سے معاف کرو کیونکہ عدل کے ساتھ عفو، عقل مند کے لئے گردن اڑانے سے زیادہ سخت ہے۔

لوگوں کی معذرتوں کو قبول کر لو اور ان کے ساتھ ایسا سلوک نا کرو جو انھیں ناپسند ہو۔

جو انسان اپنے آپ کو گناہوں سے بچا لیتا ہے اللہ کی طرف سے اس پر عفو سرعت اور نہایت تیزی سے بڑھتی ہے۔

معافی جرم کا اقرار کرنے والے کے لئے ہوتی اس کے لئے نہیں جو جرم پر اصرار کرے۔

کم ظرف لوگوں کے ساتھ مہربانی سے گریز کرو کیونکہ وہ معافی کو ظلم سمجھتے ہیں۔

روز قیامت ایک منادی ندا دے گی کے جس کا بھی اللہ کے اوپر کوئی اجر ہو وہ کھڑا ہو جائے، یہ سن کر تمام معاف کرنے والے کھڑے ہو جائیں گے پھر آپؑ نے یہ آیت تلاوت فرمائی!

پس جس نے معاف کیا اور اصلاح کی اس کا اجر اللہ پر ہے۔

معافی برے انسان کو خراب جبکہ کریم انسان کے اندر سدھار پیدا کرتی ہے۔

نیک اعمال میں سب سے زیادہ عمدہ اعمال۔ ا۔ تنگ دستی میں سخاوت۔

۲۔ غصہ کے وقت سچائی۔ ۳۔ قدرت کے باوجود معافی۔

جلد معاف کر دینا کریم لوگوں کا وصف ہے۔

عفو بہترین احسان ہے۔ معافی قدرت کی زکوۃ ہے۔ معافی کرامتوں کا تاج ہے۔

اپنا حق (قصاص) لینے سے کہیں بہتر ہے کے اس کو معاف کر دو۔

مدد و تعاون کا سب سے زیادہ مستحق شخص عفو کا طالب ہے۔

قدرت کے باوجود معاف کر دینا بہترین جود و سخا ہے۔

بدترین ہے وہ انسان جو کسی کی لغزشوں کو معاف نا کرے اور ان کے عیوب کو لوگوں میں بیان کرے۔

دو چیزیں ایسی ہیں جن کے ثواب کو تولا نہیں جا سکتا۔ ا۔ عدل قائم کرنا ۔ ۲۔ معاف کرنا۔

معاف کر کے کبھی نادم اور سزا دے کر کبھی خوش نا ہونا۔

جو انسان عفو درگزر کے ذریعے نیکی نہیں کرتا وہ انتقام کے ذریعے گناہ کر بیٹھتا ہے۔

جلدی معاف کر دینا کریم لوگوں کا اخلاق ہے۔ ۴۵۔

## نفسیاتی پہلو

معافی اور درگزر ہی انسان کی اصل طاقت ہے کیونکہ انسان جب لوگوں کے برے روئے کو برداشت کرتا ہے تو اس انسان کی یہی سکت اور قوت اس انسان کا اصل امتحان ہے۔

معاف کرنے کے بے شمار فوائد ہیں جن میں سرفہرست فائدہ تو یہ ہے انسان اس درد اور تکلیف

کی کیفیت سے نکل جاتا ہے یعنی بے عزتی کا درد انسان کو مختلف ذہنی اور جسمانی عوارض میں مبتلا کرتا ہے جس کی وجہ سے انسان کئی اقسام کی نفسیاتی بیماریوں کا شکار ہوجاتا ہے۔

دوسرا فائدہ یہ ہوتا ہے کے معاف کرنے والے انسان کی مدد کے لئے اللہ کا نظام متحرک ہوجاتا ہے، چنانچہ قدرتی طور پر غیر محسوس طریقے سے ایسے انسان کی مدد اور حفاظت شروع کردی جاتی ہے اور ایسی ایسی جگہوں سے اس شخص کی مدد کی جاتی ہے جہاں ذہن انسانی کی رسائی بھی ممکن نا تھی، ہوسکتا اس انسان کی کسی حادثے، مالی مشکل یا کسی جان لیوا بیماری سے حفاظت کی گئی ہوتاہم جتنی خاموشی سے وہ انسان لوگوں کو معاف کرتا ہے اتنی ہی خاموشی سے قدرت اس انسان کی حفاظت کرتی ہے چنانچہ ہر انسان کو اچھے اعمال کے ذریعے سے قدرت کی مدد کا امیدوار بننا چاہئے۔[۴۶]

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ۔مصر۔۱۳۰۶ھ۔

۳۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ۔مصر۔۱۳۰۶ھ۔

۴۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ۔مصر۔۱۳۰۶ھ۔

۵۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ۔مصر۔۱۳۰۶ھ۔

۶۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔۵۲۔

۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۱۹۔

۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۰۹۔

۱۰۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۵۹۔

۱۱۔سورہ المائدہ۔آیت۔۱۳۔

۱۲۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۹۹۔

۱۳۔سورہ النور۔آیت۔ ۲۲۔
۱۴۔سورہ التغابن۔آیت۔ ۱۴۔
۱۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۳۷۔
۱۶۔سورہ النسا۔آیت۔ ۱۴۹۔
۱۷۔سورہ النساء۔آیت۔ ۴۰۔
۱۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۲۲۔
۱۹۔سورہ نوح۔آیت۔ ۱۰۔
۲۰۔سورہ نوح۔آیت۔ ۱۱۔
۲۱۔سورہ نوح۔آیت۔ ۱۲۔
۲۲۔سورہ نوح۔آیت۔ ۱۲۔
۲۳۔سورہ نوح۔آیت۔ ۱۲۔
۲۴۔سورہ نوح۔آیت۔ ۱۲۔
۲۵۔سورہ ہود۔آیت۔ ۳۔
۲۶۔سورہ ہود۔آیت۔ ۵۲۔
۲۷۔سورہ المطففین۔آیت۔ ۱۴۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ۔(متوفی ۲۷۳ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔
۲۸۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۵ھ۔
۲۹۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۳۱۔سورہ ہود۔آیت۔ ۱۱۴۔
۳۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۳۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔
۳۴۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔
۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

۳۵۔سورہ الزمر۔آیت ۔۵۳۔
۳۶۔االجامع الاحکام القرآن ۔علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی ( متوفی ۶۶۸ھ )۔جلد۔۲۰۔ص۔
۸۵۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۵ھ۔۔
۳۷۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ )۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۸۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی ( متوفی ۲۷۹ھ )۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۳۹۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ )۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ
۴۰۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی ( متوفی ۳۶۰ھ )۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۴۱۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ( متوفی ۲۷۳ھ )۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۵ھ۔
۴۲۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ )۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۳۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ( متوفی ۲۷۳ھ )۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔
۴۴۔مجمع الزاوئد۔حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی ( متوفی ۸۰۷ھ )۔مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت ۔
۴۵۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۴۶۔وقار یوسف عظیمی ۔روحانی ڈائجسٹ ۔دسمبر۔ ۲۰۲۳۔

## ۳۶۔ العہد۔ عہد و پیمان

**جس عہد میں اللہ کے نام کو شریک کیا جائے، اس میں اللہ کی رحمت شامل ہو جاتی ہے (حضرت علیؑ)**

**عہد**۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ع۔ ھ۔ د) سے مشتق ہے۔
عہد۔ سے مراد مسلسل حفاظت اور خبر گیری کے ہیں۔
عہد۔ سے مراد پختہ وعدہ۔ [1]

**ارشادات خداوندی:**

**وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ۔** [2]

ترجمہ۔ ہم نے ابراہیم اور اسماعیل سے یہ عہد لیا کہ وہ میرے گھر کو طواف کرنے والوں اعتکاف کرنے والوں رکوع کرنے والوں کے لیے پاک رکھیں گے۔

**يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ۔** [3]

ترجمہ۔ اے ایمان والو! وہ بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں۔ اللہ کے نزدیک یہ بڑی سخت ناپسندیدہ بات ہے کہ تم وہ کہو جو نہ کرو۔

**وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا۔** [4]

ترجمہ۔ اپنے عہد کو پورا کرو بے شک عہد سے متعلق پوچھ ہوگی۔

**وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ..... اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ**

ترجمہ۔ جو اپنے عہد کو پورا کرتے ہیں ۔۔۔ وہ عزت کے ساتھ جنت کے باغوں میں رہیں

گے۔۵۔

وَمَا وَجَدْنَا لِاَ كْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَاۤ اَ كْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ۔۶۔

ترجمہ۔ہم نے ان میں سے اکثر لوگوں کو عہد پورا کرنے والا نہ پایا اور بے شک ہم نے ان میں سے اکثر کو نافرمان ہی پایا۔

وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا۔۷۔ترجمہ۔اللہ کے عہد کو پورا کرو۔۷۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر اپنے خطبوں میں فرمایا کرتے جس میں عہد کا پاس نہیں اس کا ایمان نہیں۔۸۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود بے حد صادق اور عہد کے پکے تھے چنانچہ صلح حدیبیہ کے موقع پر جب کفار مکہ نے مسلمانوں کے ساتھ ایک معاہدہ کیا جس کی رو سے اگر کوئی مکہ میں رہنے والا مسلمان بھاگ کر مدینہ آجائے گا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو کفار مکہ کو واپس کرنے کے پابند ہوں گے لیکن اگر کوئی مسلمان مدینہ سے بھاگ کر مکہ جائے گا تو کفار مکہ اس کو واپس کرنے کے پابند نہیں ہوں گے اگر چہ یہ شرط مسلمانوں کے لئے کافی تکلیف دہ تھی لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں حوصلہ دیتے ہوئے فرمایا کے یقیناً اس میں بھی اللہ کی طرف سے کوئی بہتری ہوگی چنانچہ حضرت ابوجندلؓ کفار مکہ کے ظلم وستم سے تنگ آکر مدینہ آگئے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صلح حدیبیہ کی شرط کے مطابق انھیں کفار مکہ کے حوالے کر دیا اور انھیں صبر کی تلقین فرمائی اس طرح سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے وعدے کی پاسداری فرمائی۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! عہد و پیمان کی ذمہ داریوں پر سختی سے عمل کرو، اگر تم نے اپنے دشمنوں سے کوئی وعدہ، معاہدہ یا عہد کیا ہے تو اپنے معاہدے کی ذرہ بھر بھی خلاف ورزی نہ کرو، اور ان کے ساتھ معاہدے کے ساتھ سلوک کرو۔

ہرگز اپنے عہد و پیمان میں خیانت نا کرو اور معاہدوں کو مت توڑو اور اپنے دشمن کو فریب نا دو کیونکہ ایسا عہد جس میں اللہ کو شریک کرلیا جائے تو اس عہد کے ذریعے اللہ اپنے بندوں کو ذریعہ قرار دیتا ہے۔ وعدوں کو وفا کرنا انسان کے لئے کرامت کا ایک جز ہے۔

اگر تم نے کوئی عہد کیا ہے تو اس کو عہد کو وفا کرو۔

اپنی دوستی کو محترم سمجھو اور اپنے عہد و پیمان کی حفاظت کرو۔

عذاب سے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہے جس سے تم نے کوئی عہد کیا اور تم تو اس عہد کو وفا کرنا چاہتے ہو لیکن وہ اس عہد میں خیانت کرنا چاہتا ہے۔

بہترین انسان وہ ہے جو اپنے عہد و پیمان کو وفا کرتا ہو۔

محبت میں خلوص اور وعدوں کو وفا کرنا بہترین عہد ہیں۔

کریم النفس لوگ اپنے وعدوں کو وفا کرتے ہیں۔

دوستوں کو فریب دینا اور وعدوں کی خلاف ورزی کرنا عہد کی خیانت ہے۔

عہد و پیمان میں خوش رفتاری ایمان کی علامت ہے۔

عہد و پیمان کی خلاف ورزی کرنے والا اللہ پر یقین نہیں رکھتا۔

جس عہد میں اللہ کے نام کو شریک کیا جائے اس میں اللہ کی رحمت شامل ہوجاتی ہے۔

کریم النفس لوگوں کا طریقہ یہ ہے کے وہ اپنے عہد کی وفاداری کریں۔

ایسے افراد کے وعدوں پر اعتماد نہ کرو کے جن کے پاس دین نہ ہو۔

غداروں سے وفاداری کرنا اللہ کے نزدیک غداری ہے جبکہ ان کے ساتھ غداری اللہ کے نزدیک وفاداری ہے۔ غداری اور عہد شکنی پست لوگوں کی صفات ہیں۔

بغاوت، غداری اور جھوٹی قسم کی سب سے پہلے سزا دی جائے گی۔ ۹؎

## نفسیاتی پہلو

اللہ نے ہر انسان کو ایک دل اور ایک زبان عطا فرمائی ہے تا کہ وہ دل کے پورے یقین سے

زبان سے اس کا اظہار کرے، قرآن کریم میں بارہا عہد کی پاسداری کی ہدایت کی گئی اور یہاں تک بھی کہا گیا کے تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں۔ یا

اے ایمان والو کہو سیدھی اور سچی بات۔

ان آیات میں مومنین کو عہد کی پاسداری کی تاکید کی جارہی ہے نیز اللہ نے مومنین کی شخصیت میں رعب ودبدبہ اور وقار کا عنصر رکھا ہے چنانچہ جب مومنین اپنے عہد کو وفا کرتے ہیں تو ان کی شخصیت کے وقار میں نا صرف اضافہ ہوتا ہے بلکہ لوگوں کی نظروں میں بھی ایسے لوگ نہایت عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۲۵۔

۳۔سورہ الصّف۔آیت۔ ۲۔ ۳۔

۴۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔ ۳۴۔

۵۔سورہ المعارج۔آیت۔ ۳۵۔

۶۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۱۰۲۔

۷۔سورہ انعام۔آیت۔ ۱۵۲۔

۸۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

# ۴۷۔ العاقبۃ۔ عاقبت

**ناعاقبت اندیش اپنے آپ کو عظیم مشکلات کے سامنے پیش کر دیتا ہے (حضرت علیؑ)**

**عاقبت**۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ع۔ق۔ب) سے مشتق ہے۔

عقب۔ العاقب۔ العقب۔ العاقبة۔ العقبة۔ العقبیٰ۔ سے مراد آخر کے ہیں۔

العاقب۔ سے مراد ہر وہ چیز جو کسی دوسری چیز کی جانشین ہو۔ ۱؎

قرآن کریم میں عقبیٰ کا ذکر مومنین کی جزا اور کفار کی سزا دونوں کے لئے آیا ہے یہاں عاقبت سے مراد آخرت کے ہیں قرآن کریم کا بھی یہ خاص موضوع ہے اور شاید ہی قرآن کریم کا کوئی صفحہ ایسا ہو جس میں آخرت سے متعلق کوئی اشارہ موجود نا ہو اللہ نے انسانوں کو بار ہا آخرت کی فکر اور اچھے اعمال کی ترغیب دی گئی ہے تا کہ وہ کامیاب ہو سکیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی بنی نوع انسانیت کی اس موضوع پر خاص ہدایات اور رہنمائی فرمائی ہے تاہم حضرت علیؑ نے بھی اس موضوع پر بہت کلام فرمایا ہے۔

**ارشادات خداوندی:**

تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّعُقْبَى الْكَافِرِيْنَ النَّارُ۔ ۲؎

ترجمہ۔ متقین کا مقام (جنت) اور کافرین کا مقام دوزخ ہے۔

لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ۔ ۳؎۔ ترجمہ۔ اس کے حکم کو کوئی رد کرنے والا نہیں۔

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ۔ ۴؎۔ ترجمہ۔ وہ دشوار گزار گھاٹی سے نہیں گزرا۔

فَكُّ رَقَبَةٍ۔ ترجمہ۔ گردن کا چھڑانا۔

عطاء نے کہا! الْعَقَبَةَ سے مراد جہنم کی گھاٹی ہے۔ ۵؎

الکلبی نے کہا! یہ جنت اور دوزخ کے درمیان ایک گھاٹی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے کہا! یہ جہنم میں ایک پہاڑ ہے۔
علامہ واحدی نے اس تفسیر پر اعتراض کرتے ہوئے کہا! کوئی انسان دوزخ کے پہاڑ پر نہیں چڑھا نیز سورہ البلد آیت ۱۲، ۱۳ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ فَكُّ رَقَبَةٍ میں عقبۃ کی تفسیر مقروض کی گردن چھڑانے اور اس کو کھانا کھلانے کے ساتھ کی گئی ہے۔۶؎

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ۔۷؎

ترجمہ۔اس کے لیے باری باری آنے والے محافظ فرشتے ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کے سامنے سے اور اس کے پیچھے سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔۷؎

عَقِّبٰتٌ۔ کے معنی ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے۔

جمہور مفسرین کے نزدیک اس سے مراد رات اور دن کے فرشتے ہیں، رات کے فرشتے آتے ہیں تو دن کے فرشتے چلے جاتے ہیں اور دن کے فرشتے آتے ہیں تو رات کے فرشتے چلے جاتے ہیں حدیث میں ہے۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد:

ایک انصاری صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے پوچھا کون سا مومن زیادہ عقل مند ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جو موت کو زیادہ یاد کرتا ہے اور اس کے بعد کے مراحل کے لئے زیادہ اچھی تیاری کرتے ہیں یہی عقل مند ہیں۔۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! رات کے فرشتے اور دن کے فرشتے تمہارے پاس آگے پیچھے آتے ہیں اور فجر کی نماز میں عصر کی نماز میں جمع ہو جاتے ہیں پھر جن فرشتوں نے تمہارے پاس رات گزاری تھی وہ اوپر جاتے ہیں تو ان سے ان کا رب پوچھتا ہے حالانکہ وہ ان سے زیادہ جاننے والا ہے کہ تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا تھا، وہ کہتے ہیں ہم نے جب ان کو چھوڑا تو وہ نماز پڑھ رہا تھے اور جب ہم ان کے پاس پہنچے تھے اس وقت بھی نماز پڑھ رہے تھے۔۹؎

# امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

ہر انسان کی عاقبت ہے چاہے وہ شیرین ہو یا تلخ۔
ناعاقبت اندیش اپنے آپ کو عظیم مشکلات کے سامنے پیش کر دیتا ہے۔
بہت زیادہ نتائج کی فکر کرنے والا بہادر اور شجاع نہیں ہو سکتا۔
عاقبت اندیش انسان محتاط ہوتا ہے وہ اپنی آخرت کی فکر میں غلطاں رہتے ہوئے عمل کرتا ہے۔
عقلمند ہے وہ انسان جو نتائج کی فکر کرتا ہے۔
جو نتائج کی فکر کرتا ہے وہ سلامت رہتا ہے۔
جو نتائج پر غور کر لیتا ہے وہ بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ ۱۰ے

## نفسیاتی پہلو

عقبہ یعنی آخرت، جو سب سے آخر میں قائم ہوگی یعنی دنیا کی زندگی کا آخری دن، ہر گزرتے دن کے ساتھ آخرت کا دن قریب آتا جارہا ہے، عقلمند ہے وہ انسان جو اپنی عاقبت کی تیاری میں جلدی کرتا ہے اور اس دنیا کی چکا چوند سے دھوکہ نہیں کھاتا، تاہم جو لوگ اپنی عاقبت کی فکر کرتے ہیں وہ بہت محتاط زندگی بسر کرتے ہیں ان کے دل میں خوف خدا ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ لوگوں کی دل آزاری سے گریز کرتے ہوئے اللہ کے ہر حکم کو عبادت اور اطاعت کے دور پر ادا کرتے ہیں تاہم ایسے تمام نیک لوگ جو اپنی عاقبت کے لئے فکر مند ہیں وہ نیک کام میں جلدی کرتے ہیں، ان کا ضمیر مطمین اور آسودہ ہوتا ہے اور سچی خوشیاں انھیں دنیا اور آخرت دونوں جگہوں پر حاصل ہوتی ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ )۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ رعد۔آیت۔ ۳۵۔

۳۔سورہ رعد۔ ۴۱۔

۴۔سورہ بلد۔آیت۔۱۱۔

۵۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ )۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۶۔سورہ بلد۔آیت۔ ۱۳۔

۷۔سورہ رعد۔آیت۔۱۱۔

۸۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ )۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔

۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ )۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

## ۳۸۔الاخرۃ۔آخرت:

**بے شک تم آخرت کے لئے پیدا کئے گئے ہو لہٰذا اسی کے لئے عمل کرو (حضرت علیؑ)**

االْاٰخِرُ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ا۔خ۔ر) سے مشتق ہے۔ا؎

اخیر۔کا متضاد اول ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ ۔۲؎۔ترجمہ۔وہی اول ہے، وہی آخر۔

صاحب محیط نے فرمایا! اخیر ایسی چیز کے لئے کہا جاتا ہے جو کسی پہلے آنے والی چیز کے بعد آرہی ہو لیکن اس کے بعد پھر اس جیسی کوئی اور چیز نا ہو، اس سے معلوم ہوا کے اخیر ایک سلسلہ کی آخری کڑی ہوتی ہے۔۳؎

قرآن کریم نے بعد کی زندگی کے لئے الْاٰخِرُ کا لفظ استعمال کیا ہے یعنی آخرۃ کو خلق جدید سے تعبیر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا!

اِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۔۴؎

ترجمہ۔پھر ہم ان کو از سرنو بنا کر کھڑا کر دیں گے۔

اِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۔۵؎

ترجمہ۔ہم از سرنو ضرور پیدا کر کے اٹھائیں گے۔

آخر اور اخیر کے حوالے سے انسانی زندگی کا یہ تصور ہے کے انسانی زندگی ہر نئے زون میں اپنی شکل صورت یکسر بدلتی رہے گی اس دنیا میں آنے سے قبل، پھر یہاں آنے کے بعد بھی بچپن سے جوانی، پھر بڑھاپے تک اور پھر یہاں سے جب انسان اگلی دنیا میں جائے گا تو وہاں بھی وہ اپنی ایک نئی اور الگ شکل میں ہوگا۔

آخرت ۔ سے مراد یوم آخر یعنی قیامت کا دن ہے

آخرت کے درج ذیل چند نام ہیں ۔

ا۔ الیوم الاخر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دنیا کا آخری دن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (The Last Day)

۲۔ یوم الحسرۃ ۔۔۔۔۔۔۔۔ حسرت اور افسوس کا دن ۔۔۔۔۔ (The Day of Grief)

۳۔ یوم الفصل ۔۔۔۔۔۔۔۔ فیصلے کا دن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (The Day of Judgment)

۴۔ یوم الحق ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سچا دن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (The Day of Reality)

۵۔ یوم عسیر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک سخت دن ۔۔۔۔۔۔ (The Day of Distress)

۶۔ الیوم الموعود ۔۔۔۔۔۔۔ جس دن کا وعدہ کیا گیا تھا ۔۔ (The Promised Day)

۷۔ الیوم التناد ۔۔۔۔۔ چیخ و پکار کا دن ۔۔۔۔۔۔۔ (The Day of Calling and Wailing) ۔

**ارشادات خداوندی:**

لَا تَأْتِيكُمْ إِلَّا بَغْتَةً يَسْأَلُونَكَ كَأَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ۔۶؎

ترجمہ۔ قیامت تم پر اچانک ہی آئے گی۔

وَمَا أَمْرُ السَّاعَةِ إِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ أَوْ هُوَ أَقْرَبُ ۔۷؎

ترجمہ۔ قیامت محض پلک جھپکنے میں واقع ہوجائے گی بلکہ وہ اس سے بھی قریب تر ہے۔

إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيدًا وَنَرَاهُ قَرِيبًا ۔۸؎

ترجمہ۔ بے شک وہ یوم حشر کو بہت دور سمجھ رہے ہیں اور ہم اسے بہت قریب دیکھ رہے ہیں۔

وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ عُمْيًا وَبُكْمًا وَصُمًّا ۔۹؎

ترجمہ۔ ہم قیامت کے دن ان کو ان کے مونہوں کے بل اٹھائیں گے اس حال میں کے وہ اندھے گونگے اور بہرے ہوں گے۔

فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً فَقَدْ جَاءَ أَشْرَاطُهَا فَأَنَّىٰ لَهُمْ إِذَا

جَآءَتۡهُمۡ ذِكۡرَاهُمۡ ۔۱۰؎

ترجمہ۔اورلوگ صرف اس کا انتظار کررہے ہیں کہ ان کے پاس قیامت اچانک آجائے سو بے شک اس کی نشانیاں آچکی ہیں پس جب (قیامت) ان کے پاس آئے گی تو ان کو نصیحت قبول کرنے کا موقع کہاں ملے گا۔

وَالۡاَرۡضُ جَمِيۡعًا قَبۡضَتُه يَوۡمَ الۡقِيَامَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطۡوِيّٰتٌۢ بِيَمِيۡنِه ۔۱۱؎

ترجمہ۔قیامت کے دن سب زمینیں اس کی مٹھی میں ہوں گی اور تمام آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے۔

فَكَيۡفَ تَتَّقُوۡنَ اِنۡ كَفَرۡتُمۡ يَوۡمًا يَّجۡعَلُ الۡوِلۡدَانَ شِيۡبًا ۔۱۲؎

ترجمہ۔تم کس طرح بچو گے اگر تم نے بھی انکار کیا اس دن جو لڑکوں کو بوڑھا کردے گا۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:**

حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا، قیامت کا دن مومن پر اتنی مقدار کا ہوگا جتنی مقدار ظہر اور عصر کے درمیان ہوتی ہے۔۱۳؎

حضرت بریدہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! مجھے اور قیامت کو ان دو انگلیوں کی مثل ساتھ ساتھ بھیجا گیا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کو ساتھ ساتھ ملا کر فرمایا۔۱۴؎

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک درندے انسانوں سے باتیں نہ کریں اور انسان سے اس کا کوڑے کا پھندا بات نہ کرے اور اس کی جوتی کا تسمہ بات نہ کرے۔۱۵؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! قیامت صرف اشرار (بدترین) لوگوں پر قائم ہوگی۔۱۶؎

حضرت نعمان بن بشیرؓ بیان کرتے ہیں، حضرت عمرؓ نے بیان کیا ہے! جنت میں نیک آدمی کو نیک کے ساتھ ملا دیا جائے گا اور دوزخ میں بدکار کو بدکار کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔

حسن بصری اور قتادہ کہتے ہیں کے ہر شخص کو اس کی جماعت کے ساتھ ملا دیا جائے گا یعنی یہودی کو یہودی اور نصرانی کو نصرانی کے ساتھ اور مومنین کی روحوں کو بڑی آنکھوں والی حوروں کے ساتھ اور کافرین کی روحوں کو شیاطین کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔ ۱۷؎

## صور کا پھونکا جانا اور لوگوں کا اپنی قبروں سے نکل کر اللہ کے حضور پیش ہونا

زازان بیان کرتے ہیں، میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس گیا انھوں نے فرمایا قیامت کے دن اللہ تعالی تمام اولین اور آخرین کو جمع فرمائیں گے پھر اللہ کی طرف سے ایک منادی یہ ندا کرے گا کے جس شخص نے اپنا حق لینا ہو تو آئے اور اپنا حق لے لے بخدا اگر بچے اپنے باپ پر یا کسی کا اپنے بیٹے یا بیٹی یا اپنی بیوی پر جو بھی حق ہوگا وہ لے لے گا، خواہ وہ چھوٹا حق ہو۔ ۱۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب اللہ تعالی آسمانوں اور زمین کی پیدائش سے فارغ ہوا تو اس نے صور کو پیدا فرمایا اور وہ صور حضرت اسرافیل کو عطا فرمایا گیا جسے وہ اپنے منہ میں رکھے عرش کی جانب دیکھ رہے ہیں کے انھیں کب حکم دیا جائے گا۔ ۱۹؎

حضرت ابو ہریرہؓ نے پوچھا رسول اللہ ﷺ صور کیا چیز ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اس کی گولائی اتنی بڑی ہے جتنی آسمانوں کی چوڑائی ہے۔ راوی نے لکھا ہے کے زمین میں تین بار صور پھونکا جائے گا۔

۱۔ پہلی مرتبہ میں لوگ دہشت زدہ ہو جائیں گے۔

۲۔ دوسری دفعہ میں سب لوگ مر جائیں گے۔

۳۔ تیسری دفعہ میں سب لوگ اللہ رب اللعالمین کے سامنے کھڑے ہو جائیں گے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! دو بار صور پھونکا جائے گا اور ان دونوں صوروں کے درمیان ۴۰ کا وقفہ ہوگا لوگوں نے پوچھا اے ابو ہریرہؓ ۴۰ دن انھوں نے کہا میں نہیں کہہ سکتا لوگوں نے پوچھا ۴۰ ماہ؟ انھوں نے کہا میں نہیں کہہ سکتا لوگوں نے پوچھا ۴۰ سال انھوں نے کہا میں نہیں کہہ سکتا پھر اللہ تعالی آسمان سے پانی نازل فرمائے گا جس سے لوگ اس طرح سے اگیں گے جس طرح سے سبزہ اگتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا، ایک ہڈی کے سوا انسان کی جسم کی ہر چیز گل جائے گی اور وہ دم کی ہڈی کا سرا ہے اور قیامت کے دن اسی سے انسان کو دوبارہ پیدا کیا جائے گا۔ ۲۰؎

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا یا رسول اللہ ﷺ یہ دم کی ہڈی کیسی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! وہ رائی کے دانے کی طرح ہے وہ پشت کی جڑ میں ایک باریک ہڈی ہے اور وہ دم کی ہڈی ہے جو چوپایوں میں دم کے سر کی جگہ ہوتی ہے اس ایک ہڈی کے سوا انسان کے جسم کی ہر چیز گل جائے گی۔ ۲۱؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! انسان کے جسم میں ایک ہڈی ہے جس کو مٹی کبھی نہیں کھا سکے گی صحابہ نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ وہ کون سی ہڈی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! 'عجب الذنب' (دم کی ہڈی کا سرا)۔ ۲۲؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ۔ ۲۳؎

ترجمہ۔ وہ ایک زبردست چیخ کا انتظار کر رہے ہیں جس کے درمیان سانس لینے کی بھی مہلت نہیں ہوگی۔

يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ۔ ۲۴؎

ترجمہ۔ جس دن صور میں پھونکا جائے گا، چھپی اور ظاہر باتوں کا جاننے والا ہے، اور وہی حکمت والا خبردار ہے۔

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۚ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ۔۲۵ ؎

ترجمہ۔جس دن صور پھونکا جائے گا تو جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے سوائے جس کو اللہ چاہے سب گھبرا جائیں گے۔

يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ۔۲۶ ؎

ترجمہ۔جس دن صور پھونکا جائے گا ہم گناہ گاروں کو اس دن نیلی آنکھوں کے ساتھ اکھٹا کریں گے۔

يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۔۲۷ ؎

ترجمہ۔جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم فوج درفوج چلے آو گے۔

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۖ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ۔۲۸ ؎

ترجمہ۔صور پھونکا جائے گا تو جو آسمانوں میں ہے اور جو زمینوں میں ہے وہ سب فنا ہو جائیں گے مگر جن کو اللہ چاہے پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو وہ اچانک دیکھتے ہوئے کھڑے ہو جائیں گے۔

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ يَوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۚ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِيْ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۚ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ۔۲۹ ؎

ترجمہ۔اے مخاطب غور سے سن جب منادی قریب کی جگہ سے پکارے گی جس دن لوگ چیخ کی آواز کو برحق سنیں گے یہ قبروں سے نکلنے کا دن ہے بے شک ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے جس دن زمین پھٹ جائے گی تو وہ دوڑتے

ہوئے نکلیں گے یہ حشر بپا کرنا ہم پر بہت آسان ہے ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ یہ کفار کر رہے ہیں اور آپ ان پر جبر کرنے والے نہیں پس آپ ان کو قرآن سے نصیحت فرمائے جو میرے عذاب کی وعید سے ڈرتا ہو۔

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَإِذَا هُمْ مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ۔ ۳۰ ؎

ترجمہ۔ صور پھونکا جائے گا پس وہ اس وقت اپنی قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف تیز تیز چلنے لگیں گے۔

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ رَبِّ أَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَىٰ قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلَىٰ وَلَٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ قَالَ فَخُذْ أَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلَىٰ كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِيْنَكَ سَعْيًا وَاعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

ترجمہ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی موت کے بعد دوبارہ اٹھنے کے بارے میں جب اللہ سے سوال کیا تو اللہ تعالی نے فرمایا کے کیا تمھیں اس پر یقین نہیں ہے؟ تو انھوں نے جواب دیا کے یقین تو ہے لیکن پھر بھی میں یہ جاننا چاہتا ہوں کے یہ کس طرح سے ہوگا؟ ارشاد خداوندی! پس چار پرندے لے لو اور انھیں اپنے سے مانوس کرلو پھر (ذبح کرکے) ان کے جز کو چاروں طرف پہاڑ پر ڈال دو پھر انھیں بلاؤ تو وہ (اللہ کے حکم سے) تمھارے پاس دوڑے چلے آئیں گے اور تم جان لو کے اللہ بے شک غالب اور حکمت والا ہے۔ ۳۱ ؎

يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلَىٰ نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ۔ ۳۲ ؎

ترجمہ۔ جس دن وہ اپنی قبروں سے دوڑتے ہوئے نکلیں گے گویا کے وہ کسی مطلوب کی طرف تیز تیز جا رہے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کفار مکہ سے یہ کہا! یہ دنیا فانی ہے اور یہاں سے ایک دن ہم چلے جائیں گے اور روز قیامت ہم دوبارہ اٹھیں گے تو کفار مکہ نے یہ کہا بھلا ہم اور ہمارے باپ دادا جو مٹی ہو چکے وہ بھلا دوبارہ کیسے اٹھائے جائیں گے۔

اس پر ارشاد خداوندی ہوا!

قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ۔ ۳۳؂

ترجمہ۔انھوں نے کہا جب ہڈیاں بوسیدہ ہو کر گل جائیں گی تو ان کو کون زندہ کرے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہیے! ان کو وہی زندہ کرے گا جس نے انھیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور وہ ہر پیدائش کو خوب جاننے والا ہے۔

اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ۭ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۔ ۳۴؂

ترجمہ کیا ہم پہلی بار پیدا کر کے تھک گئے ہیں؟ (نہیں) بلکہ وہ اپنے از سر نو پیدا ہونے کے متعلق شک میں مبتلا ہیں ۔

وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ۔ ۳۵؂

ترجمہ۔ہمارا کام تو بس ایک لمحہ کی بات ہے جیسے پلک کا جھپکنا۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَـيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۔ ۳۶؂

ترجمہ۔جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس چیز سے فرماتا ہے کے کن (ہوجا) تو وہ ہوجاتی ہے۔

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ قُلُوْبٌ يَّوْمَىِٕذٍ وَّاجِفَةٌ ۔ ۳۷؂

ترجمہ۔جس دن لرزنے والی لرز جائے گی پھر پیچھے آنے والی اس کے پیچھے آئے گی بہت سے دل اس دن لرز رہے ہوں گے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۔ ۳۸؂

ترجمہ۔اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو بے شک قیامت کا زلزلہ بڑی بھاری چیز ہے، جس دن تم

اسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی اس بچے سے غافل ہوجائے گی جس کو اس نے دودھ پلایا تھا اور ہر حاملہ اپنا حمل گرادے گی اور اے مخاطب تو لوگوں کو مخمور دیکھے گا حالانکہ وہ نشہ میں نہیں ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب بہت سخت ہے۔

وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَنْ يُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ بَلَىٰ إِنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۔۳۹؎

ترجمہ۔وہ مردوں کو زندہ کرنے پر ضرور قادر ہے کیوں نہیں بے شک وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَإِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ أَإِذَا كُنَّا تُرَابًا أَإِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ وَأُولَٰئِكَ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۔۴۰؎

ترجمہ۔اگر تم تعجب کرو تو باعث تعجب تو ان کا یہ قول ہے، کیا ہم مٹی ہوجانے کے بعد از سر نو پیدا ہوں گے؟ یہی وہ لوگ ہیں کے جنھوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا اور یہی وہ لوگ ہیں کے جن کی گردنوں میں طوق ہوں گے اور یہی دوزخی ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۔۴۱؎

ترجمہ۔قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا۔

اللہ جب تک چاہے گا لوگ اس عذاب میں مبتلا رہیں گے اور ایک طویل عرصہ تک لوگوں کی یہ حالت رہے گی پھر اللہ تعالی حضرت اسرافیل علیہ السلام کو حکم دیں گے کے وہ موت کا صور پھونکیں تو اللہ کے حکم کے مطابق حضرت اسرافیل علیہ السلام موت کا صور پھونک دیں گے جس کے نتیجے میں آسمانوں اور زمینوں کے لوگ ہلاک ہوجائیں گے ماسوا ان کے جن کو اللہ چاہے گا اور جب وہ سب ہلاک ہوجائیں گے ملک الموت اللہ ے سامنے حاضر ہوکر عرض کریں گے کے تو خوب جاننے والا ہے۔اے میرے رب! تو باقی ہے جو زندہ ہے اور تیرے عرش کو اٹھانے والے، جبرائیل و میکائیل اور میں باقی ہوں، اللہ تعالی حکم کرے گا کے جبرائیل اور میکائیل کو بھی فوت ہونا چاہیے کیونکہ میں نے اپنے عرش ے نیچے ہر ایک کے لئے موت مقرر

کر دی ہے چنانچہ حضرت جبرائیل اور میکائیل علیہ السلام پر بھی موت واقع ہو جائے گی اس کے بعد حاملین عرش اور سب سے آخر میں ملک الموت پر بھی موت واقع ہو جائے گی اور صرف اور صرف اللہ کی ذات پاک جو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی وہ باقی رہ جائے گی اس وقت اللہ تبارک تعالی کے سوا کوئی باقی نہ رہے گا پھر آسمان اور زمین کو اس طرح سے لپیٹ دیا جائے گا جس طرح سے اوراق کو لپیٹ دیا جاتا ہے اس کے بعد اللہ تعالی فرمائیں گے کے میں جبار اور قہار ہوں آج کس کی بادشاہی ہے؟ پھر اللہ فرمائیں گے کے جس نے میرے لئے شریک بنایا ہو وہ لے آئے پھر اللہ تبارک تعالی دوسری آسمان اور زمین پیدا فرما کر انھیں دراز کریں گے جس میں کوئی نقص اور کجی نہ ہوگی اس کے بعد اللہ اپنی مخلوق کو زبردست آواز کے ساتھ جھڑکے گا تاہم لوگ اس نو پیدا شدہ زمین میں پہلے کی طرح ہو جائیں گے پھر اللہ تعالی تمھارے اوپر عرش کے نیچے سے پانی نازل فرمائے گا پھر تم پر چالیس دن تک آسمان سے بارش ہوتی رہے گی حتیٰ کے تم پر بارہ ہاتھ پانی بلند ہو جائے گا پھر اللہ تعالی تمھارے جسموں کو اگنے کا حکم دے گا تو وہ سبزیوں کی طرح اگنا شروع ہو جائیں گے جب اجسام پہلے کی طرح مکمل ہو جائیں گے تو اللہ تعالی حاملین عرش کو زندہ فرمائے گا پھر حضرت اسرافیل علیہ السلام کو صور پکڑنے کا حکم دے گا، حضرت جبرائیل اور میکائیل علیہ السلام کو دوبارہ زندہ فرمائے گا اور تمام ارواح کو بلایا جائے گا تاہم مسلمانوں کی ارواح نور کی طرح چمک رہی ہوں گی جبکہ دیگر ارواح تاریک ہوں گی پھر حضرت اسرافیل کو صور پھونکنے کا حکم دیا جائے گا اور تمام ارواح شہد کی مکھیوں کی طرح نکلیں گی جس کی وجہ سے زمین اور آسمان بھر جائیں گے پھر اللہ تعالی ان ارواح کو ان کے اجسام میں داخل ہونے کا حکم فرمائیں گے چنانچہ ارواح اپنے اجسام میں ناک کے نتھنوں کے راستے داخل ہوں گی، اس کے بعد زمین پھٹے گی اور سب سے پہلے میں ﷺ اس میں سے نکلوں گا اور لوگ نہایت سرعت کے ساتھ اپنے رب کی طرف نکلیں گے تم سب تیس (۳۰) سال کی عمر میں اٹھو گے اور اس دن سب کی زبان سریانی ہوگی۔

یہ قبروں سے نکلنے کا دن ہے جس دن اللہ تم سب کو جمع کرے گا پھر تمام لوگ ایک جگہ ستر سال تک کھڑے رہیں گے اور اللہ اپنی مخلوق کی جانب نہ دیکھے گا اور نہ ہی کوئی فیصلہ کرے گا تاہم خلقت روئے گی اور پریشانی کے عالم میں پسینے سے شرابور ہوجاتے ہوئے شفاعت طلب کرے گی اور حضرت آدم علیہ السلام سے شفاعت کی گزارش کرے گی لیکن وہ بھی منع فرمادیں گے اس کے بعد خلقت باری باری ہر نبی کے پاس شفاعت کی گزارشات لے کر جائیں گے اور وہ سب بھی انکار کردیں گے، اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! پھر یہ خلقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے گی اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عرش کے نیچے سجدہ ریز ہوں گے حتیٰ کے اللہ عزوجل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک فرشتہ بھیجے گا جو انھیں بازوں سے اٹھائے گا اور اللہ رب العزت جو سب باتوں کا جاننے والا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھے گا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا بات ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمائیں گے کہ اللہ تعالی تو نے مجھ سے شفاعت کا وعدہ فرمایا تھا پس اپنی مخلوق کے متعلق میری شفاعت قبول فرماتے ہوئے ان کا فیصلہ فرما تاہم اس وقت آسمان سے ایک زبردست آواز آئے گی اور ایک بہت بڑی تعداد میں آسمان سے فرشتوں کا نزول ہوگا حتیٰ کے زمین ان کے نور سے روشن ہوجائے گی اور یہ فرشتے اپنی صفیں بنائیں گے اور نہایت بلند آواز سے اللہ کی حمد وثناء پڑھتے ہوئے یہ کہہ رہے ہوں گے!

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوتِ، سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَالْجَبَرُوتِ، سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْحَیِّ الَّذِی لَا یَمُوتُ، سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِکَةِ وَالرُّوحِ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ نَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، نَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَنَعُوذُبِكَ مِنَ النَّارِ۔

پھر اللہ کا عرش رکھا جائے گا اور اعمال اور صحائف کھول کر پڑھ کر سنائے جائیں گے جو شخص نیکیاں پائے گا وہ اللہ کی حمد وثناء کرے گا اور جس کے اعمال اس کے مخالف ہوں گے وہ اپنے نفس کو ملامت کرے گا پھر اللہ دوزخ کو حکم دے گا اور اس میں سے ایک چمکتی ہوئی سیاہ گردن

نمودار ہوگی پھر اللہ فرمائے گا!

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ۔ ۴۲؎

ترجمہ۔اے مجرموں! آج (نیکیوں سے) الگ ہوجاؤ،اے آدم کی اولاد! کیا میں نے تم سے یہ عہد نہیں لیا تھا کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا بے شک وہ تمھارا کھلا دشمن ہے۔ ۴۲؎

اس کے بعد تمام انس وجن کے سوا کل مخلوقات کے درمیان فیصلہ ہوجائے گا حتیٰ کے بعض کا بعض سے قصاص لیا جائے گا اور سینگھ والی بکری سے قصاص لیا جائے گا جب ہر کسی کا حق ادا ہوجائے گا اس وقت اللہ فرمائے گا! تم سب مٹی ہوجاؤ۔

الْكَافِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا۔ ۴۳؎

ترجمہ۔اس وقت کافر کہے گا اے کاش میں مٹی ہوتا۔

پھر اللہ عزوجل تمام انس وجن کے درمیان فیصلہ فرمائے گا اور سب سے پہلے اللہ کی راہ میں قتل ہونے والے یعنی قاتل اور مقتول کو پیش کیا جائے گا اوران کے درمیان فیصلہ کیا جائے گا۔

## امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب نے فرمایا! اے لوگو! دنیا ایک گزرگاہ ہے اور آخرت اصل منزل چنانچہ تم اس گزرگاہ سے اپنی منزل کا سامان کرلو۔

جو انسان اپنی آخرت کو سنوار لے گا اللہ اس کی دنیا کو سنوار دے گا۔

جو انسان آخرت کو چاہتا ہے دنیا ایسے انسان کو چاہتی ہے۔

تعجب ہے اس انسان پر جو اپنی دوسری خلقت کا انکار کرتا ہے جبکہ وہ اپنی پہلی خلقت کا مشاہدہ کرتا ہے۔آپؑ نے نصیحت فرمائی ان لوگوں جیسے نا ہوجانا جو عمل کے بغیر آخرت کے طلب گار ہوتے ہیں۔

آپؑ نے حضرت امام حسنؑ کو نصیحت فرمائی بیٹا تم آخرت کے لئے پیدا کئے گئے ہو۔

دنیا کی تلخی میں آخرت کی مٹھاس ہے جبکہ دنیا کی حلاوت میں آخرت کی تلخی پوشیدہ ہے۔
جس نے اپنے دن کی ابتدا فکر آخرت سے کی وہ بغیر دولت کے غنی، بغیر اہل کے مانوس اور بغیر خاندان کے عزت دار ہے۔
دنیا دولت سے حاصل کی جاتی ہے اور آخرت اعمال سے۔
آخرت کی سعادت پر صداقت کا عنوان چار طریقے سے صادق آتا ہے۔
۱۔ ایسی بقا جس میں فنا نہیں۔
۲۔ ایسا علم جس میں جہل نہیں۔
۳۔ ایسی قدرت جس میں عجز نہیں۔
۴۔ ایسی بے نیازی جس میں فقر نہیں۔
آخرت خوش نصیبوں کی کامیابی ہے۔
دنیا ایک دسترخوان کی مانند ہے جہاں نیک اور گناہ گار سب ایک ساتھ کھاتے ہیں لیکن آخرت دار حق ہے جہاں قادر مطلق کا حکم چلتا ہے۔
عقلمند ہے وہ انسان جس نے دنیا کی فریب کاریوں سے اپنے آپ کو بچالیا اور آخرت کی تیاری اسی دار فنا میں کر لی۔
آخرت کے مال دار ترین دنیا کے فقیر ترین ہیں۔
بے شک آج عمل ہے لیکن حساب نہیں اور کل حساب ہوگا لیکن عمل نہیں۔
بے شک تم آخرت کے لئے پیدا کئے گئے ہو لہٰذا اسی کے لئے عمل کرو۔
آخرت کی مٹھاس دنیاوی تکالیف اور پریشانیوں کو ختم کر دے گی، دار بقا نیک، صدیقین اور صالحین کا مقام ہے۔
ترک دنیا کے ذریعے آخرت طلب کرو لیکن آخرت کو ترک کر کے دنیا کو طلب نا کرو۔
جسے آخرت کا یقین ہوتا ہے وہ دنیا کی حرص میں مبتلا نہیں ہوتا۔

جس انسان کی دنیا میں جتنا زیادہ اضافہ اور حصہ ہوتا ہے اس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔
آخرت کی پسندیدہ اشیاء اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتیں جب تک دنیا کی پسندیدہ اشیاء کو ترک نا کردیا جائے۔
جو شخص بلاسوچے سمجھے معاملات میں کود پڑتا ہے وہ اپنے آپ کو بڑی عظیم مصیبتوں کے لئے پیش کردیتا ہے۔
جو بہت نتائج کی فکر کرتا ہے وہ کبھی شجاع نہیں بن سکتا ہے۔
جو نتائج پر غور کرلیتا ہے وہ بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ ۴۴؎

## نفسیاتی پہلو

یوم آخرت ایک اٹل حقیقت ہے، یعنی جو انسان جس دن دنیا میں آجاتا ہے وہ اسی دن سے آخرت کی جانب سفر شروع کردیتا ہے یعنی اپنی موت کی جانب لحمہ بہ لحمہ گامزن ہوجاتا ہے، قرآن کریم میں عقیدہ آخرت پر بے شمار آیات موجود ہیں جن میں دنیا کی فنا اور اخروی زندگی کی بقا کی جانب بار بار نشاندہی کی گئی ہے، دنیا کی مثال ایک مسافر خانے کی جبکہ انسان کی مثال مسافر کی سی ہے، اگلی دنیا میں انسان کو ہمیشہ رہنا ہے تاہم ہیشگی نعمتوں کے حصول کے لئے انسان کو اس دنیا میں محنت کرنی ہے یعنی اچھے اعمال کرنے ہیں تاکہ اگلی دنیا میں اس کو اپنی عبادات اور اچھے اعمال کے بدلے جنت اور عمدہ نعمتیں حاصل ہوسکیں۔
نفسیاتی اعتبار سے جو انسان اپنی آخرت کی فکر کرتے ہوئے اچھے اور نیک اعمال کرتے ہیں اور اپنی ذات سے دوسروں کو کسی قسم کی تکلیف نہیں پہنچاتے وہ لوگوں کی نظر میں عزت سے دیکھے جاتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! مومن بے ضرر ہوتا ہے اس سے کسی کو کوئی خطرہ نہیں ہوتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ الحدید۔آیت۔ ۳۔

۳۔القاموس المحیط ۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت ۔

۴۔سورہ بنی اسرائیل ۔آیت۔ ۴۹۔

۵۔سورہ بنی اسرائیل ۔آیت۔ ۹۸۔

۶۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۱۸۷۔

۷۔سورہ النحل۔آیت۔ ۷۷۔

۸۔سورہ المعارج۔آیت۔ ۶۔ ۷۔

۹۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔ ۹۷۔

۱۰۔سورہ محمد۔آیت۔ ۱۸۔

۱۱۔سورہ الزمر۔آیت۔ ۶۷۔

۱۲۔سورہ مزمل۔آیت۔ ۱۷۔

۱۳۔ البعث والنشور۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔رقم الحدیث۔ ۱۲۵۔ص۔ ۷۸۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔

۱۴۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔ ۱۳۹۸ھ۔

۱۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔ ۱۴۱۴ھ۔

۱۶۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۷۔معالم التنزیل۔امام ابومحمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (متوفی ۵۱۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ ۔

۱۸۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۹۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۲۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۱۔فتح الباری۔علامہ ابن رجب حنبلی (متوفی ۷۹۵ھ)۔مطبوعہ دار ابن الجوزی ریاض۔ ۱۴۱۷ھ۔

۲۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۳۔سورہ ص۔آیت۔ ۱۵۔

۲۴۔سورہ انعام۔آیت۔ ۷۳۔

۲۵۔سورہ نمل۔آیت۔۸۷۔

۲۶۔سورہ طٰحہ۔آیت۔ ۱۰۲۔

۲۷۔سورہ النباء۔آیت۔۱۸۔

۲۸۔سورہ الزمر۔آیت۔ ۶۸۔

۲۹۔سورہ ق۔آیت۔۴۱۔۴۵۔

۳۰۔سورہ یٰسین۔آیت۔۵۱۔

۳۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۶۰۔

۳۲۔سورہ المعارج۔آیت۔ ۴۳،

۳۳۔سورہ یٰسین۔آیت۔ ۷۸۔۷۹۔

۳۴۔سورہ ق۔آیت۔ ۱۵۔

۳۵۔سورہ قمر۔آیت۔ ۵۰۔

۳۶۔سورہ یٰسین۔آیت۔۸۲۔

۳۷۔سورہ النزعٰت۔آیت۔۶۔۸۔

۳۸۔سورہ الحج۔آیت۔۱۔۲۔

۳۹۔سورہ احقاف۔آیت۔ ۳۳۔

۴۰۔سورہ رعد۔آیت۔ ۵۔

۴۱۔سورہ قمر۔آیت۔۱۔

۴۲۔سورہ یٰسین۔آیت۔۵۹۔۶۰۔

۴۳۔سورہ النباء۔آیت۔ ۴۰۔

۴۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

# ۳۹۔کلام (گفتگو)

## جو بات دل سے نکلتی ہے وہ دل میں جا کر ٹھہرتی ہے (حضرت علیؑ)

**کلام**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ک۔ل۔م) سے مشتق ہے۔

کلمہ۔کے معنی ہیں ایک لفظ، ایک بات، ایک جملہ، ایک قصیدہ یا ایک خطبہ۔

کلام۔کے معنی بات چیت یا گفتگو۔

کلام۔کی جمع کلمٰت ہے۔

الکلم۔سے مراد سخت زمین کے ہیں۔

الکلم۔کے معنی زخمی ہونے کے بھی ہیں۔

کلم۔سے مراد کسی سے بات کرنا۔

تکلم۔سے مراد کسی سے بات کرنا۔[۱]

کلمہ۔عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی بات کہنا جبکہ طیبہ کے معنی پاک، صاف اور نہایت عمدہ اس اعتبار سے کلمہ طیبہ کا مطلب پاک، صاف اور حق بات کہنا۔

**ارشادات خداوندی:**

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔[۲]

**مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ**۔[۳]

ترجمہ۔نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق سوائے اللہ کے۔

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

**وَاِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰھٖمَ رَبُّہٗ بِکَلِمٰتٍ فَاَتَمَّھُنَّ**۔[۴]

ترجمہ۔جب کئی باتوں میں ابراہیم کی اس کے رب نے آزمائش کی۔

اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا کَلِمَةً طَیِّبَةً کَشَجَرَةٍ طَیِّبَةٍ اَصۡلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرۡعُهَا فِی السَّمَآءِ ۔۵۔

ترجمہ۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کے اللہ نے پاکیزہ کلمہ کی کسی مثال بیان فرمائی ہے وہ ایک پاکیزہ درخت کی طرح ہے جس کی جڑ زمین میں مضبوط ہے اوراس کی شاخیں آسمان میں ہیں

اِذۡ قَالَتِ الۡمَلٰٓئِکَةُ یٰمَرۡیَمُ اِنَّ اللّٰهَ یُبَشِّرُكِ بِکَلِمَةٍ ۔۶۔

ترجمہ۔ جب فرشتوں نے کہا! اے مریم اللہ تمھیں اپنی طرف سے ایک خاص (کلمہ) کی خوشخبری دیتا ہے۔

اِنَّمَا الۡمَسِیۡحُ عِیۡسَی ابۡنُ مَرۡیَمَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ وَکَلِمَتُهٗ ۔۷۔

ترجمہ۔ مسیح عیسیٰ ابن مریم، اللہ کے رسول اور اس کا کلمہ ہیں۔

کَذٰلِكَ حَقَّتۡ کَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَی الَّذِیۡنَ فَسَقُوۡۤا اَنَّهُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ۔۸۔

ترجمہ۔ فاسقوں پر اسی طرح آپ کے رب کے دلائل (کلمات) قائم ہو چکے۔

وَتَمَّتۡ کَلِمَتُ رَبِّكَ صِدۡقًا وَّعَدۡلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِکَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ۔۹۔

ترجمہ۔ اور تیرے رب کی باتیں سچائی اور انصاف کی انتہائی حد تک پہنچی ہوئی ہیں، اس کی باتوں کو کوئی بدل نہیں سکتا، اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

قرآن کریم میں اللہ تعالی نے انسان کی اسی خداداد صلاحیت کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا!

اَلرَّحۡمٰنُ عَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ عَلَّمَهُ الۡبَیَانَ ۔۱۰۔

ترجمہ۔ رحمن نے انسان کو قرآن کی تعلیم دی اسی نے انسان کو تخلیق کیا اور اسے علم البیان دیا یعنی (اسے بولنا سیکھایا)۔

میڈیکل سائنس کے مطابق جب تک کسی انسان کی قوت سماعت متحرک نہیں ہوگی وہ

بولنا نہیں سیکھ سکتا کیونکہ بولنے کے لئے سننا ضروری ہے یہی وجہ ہے کے جو افراد پیدائشی حس سماعت سے محروم ہوتے ہیں ان میں قوت گویائی بھی نہیں ہوتی کیونکہ جب انھوں نے کبھی کچھ سنا ہی نہیں ہوگا تو پھر وہ بولیں گے کیسے؟ اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے!

میرا چہرہ اسی ذات کے لئے سجدہ ریز ہوا جس نے پیدا کیا اور اپنی قوت اور طاقت سے کان اور آنکھ بنائی۔ ۱۱؎

اس حدیث مبارکہ میں سماعت کا ذکر بصارت سے پہلے کیا گیا ہے جبکہ میڈیکل سائنس بھی اسی ترتیب کو ملحوظ رکھتے ہوئے یہ بتاتی ہے کے انسان اپنی پیدائش سے قبل جب ابھی وہ جنین تھا اس کی قوت سماعت، قوت بصارت سے پہلے پیدا ہو جاتی ہے یعنی پندرہویں ہفتے میں جنین کی حس سماعت بیدار ہوتی ہے جو کے بیسویں ہفتے میں پختہ ہو جاتی ہے تاہم دنیا میں آنے سے قبل انسان نے روز الست اللہ کی ربوبیت کا پورے یقین سے اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کے قالو بلیٰ یعنی بے شک آپ ہی میرے رب ہیں کل بنی نوع انسانیت کے اسی عہد و پیمان کے حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ مومنین سے (اپنے رب ہونے کا) عہد لے چکا ہے۔ ۱۲؎

وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ اس کا عہد جس کا تم سے معاہدہ کیا ہے، جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے سنا اور مان لیا، اور اللہ سے ڈرتے رہو، اللہ دلوں کی بات خوب جانتا ہے۔ ۱۳؎

کائنات میں پائی جانے والی کل مخلوقات نا صرف اللہ کو پہچانتی ہیں بلکہ صبح شام اللہ کو سجدہ اور اس کی حمد وثناء بھی بیان کرتی ہیں سوائے چند سرکش انسان اور جنات کے۔ اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

تُسَبِّحُ لَهُ السَّمَاوَاتُ السَّبْعُ وَالْأَرْضُ وَمَنْ فِيهِنَّ وَإِنْ مِّنْ شَيْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ وَلَٰكِنْ لَّا تَفْقَهُونَ تَسْبِيحَهُمْ إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ساتوں آسمان اور زمین اور ان میں موجود ہر شے اللہ کی پاکی بیان کرتی ہے اورکوئی شے ایسی نہیں ہے جو (اللہ ) کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان نہ کرتی ہو لیکن تم ان کی پاکی کے بیان کو نہیں سمجھتے ۔

دوسری جانب شیطان نے بھی اللہ کا انکار نہیں کیا بلکہ آدم کو سجدہ سے انکار کیا ہے۔

علامہ سمر قندی نے کشف البیان میں کعب بن احبار سے روایت کیا ہے، شیطان کا نام پہلے آسمان پر عابد، دوسرے آسمان پر زاہد تیسرے آسمان پر عارف، چوتھے آسمان پر ولی ، پانچویں آسمان پر تقی ، چھٹے آسمان پر خازن ، ساتویں آسمان پر عزازئیل اور لوح محفوظ پر ابلیس درج ہے۔شیطان کی کنیت ابومرۃ ہے جو اس کے ایک مرۃ نامی بیٹے کے نام پر ہے۔

حضرت کعب بن احبارؓ فرماتے ہیں ابلیس چالیس برس تک جنت کا خزانچی رہا۔ ۱۵؎

ابلیس نے چودہ ہزار برس تک عرش کا طواف کیا اور یہ ملائکہ کا استاد تھا اسی وجہ سے اس کو معلم لا ملائکہ بھی کہا جاتا ہے تاہم ابلیس ۸۰،۰۰۰ (اسی ہزار ) برس تک ملائکہ کے درمیان رہا اس نے ۲۰،۰۰۰ برس تک ملائکہ کو وعظ ونصیحت کی اور ۳۰،۰۰۰ برس تک یہ فرشتوں کا سردار بھی رہا۔حس گویائی کے حوالے سے یہ نکتہ بھی قابل ذکر ہے کے دنیا میں آنے سے قبل بھی انسان کلام اورحس گویائی سے نا صرف متصف تھا بلکہ اپنے مافی الضمیر کو بیان کرنے کی مکمل صلاحیت سے بھی واقف اور آراستہ تھا۔

**ارشادات خداوندی:**

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً قَالُوا أَتَجْعَلُ فِيهَا مَنْ يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ۔ ۱۶؎

ترجمہ۔تمھارے رب نے فرشتوں سے کہا! میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں

(فرشتوں) نے کہا! کیا آپ زمین میں کسی ایسے کو مقرر کریں گے جو اس کے نظام کو بگاڑ دے اور خونریزی کرے؟ ہم تو آپ کی حمد وثناء کے ساتھ ساتھ آپ کی تسبیح اور تقدیس بھی کر رہے ہی۔

قَالَ اِنِّیٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۔۱۷؎

ترجمہ۔اللہ نے فرمایا! جو میں جانتا ہوں وہ تم نہیں جانتے۔

وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِکَةِ فَقَالَ اَنْبِئُوْنِیْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۔۱۸؎

ترجمہ۔اللہ نے آدم کو حکم دیا کے ان (فرشتوں) کو ان چیزوں کے نام بتاؤ (جو ہم نے تمھیں سیکھائے ہیں) تو آدم نے تمام اسماء بیان کردئے، پھر فرمایا مجھے ان کے نام بتاؤ اگر تم سچے ہو۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّکُمْ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ ۔۱۹؎

ترجمہ۔اللہ نے فرمایا! میں آسمان اور زمین کی تمام حقیقتوں سے واقف ہوں جو تم سے چھپی ہوئی ہیں۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِکَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ اَبٰى وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ ۔۲۰؎

ترجمہ۔پھر (اللہ) نے فرشتوں کو حکم دیا! آدم کے آگے جھک جاؤ تو سب جھک گئے مگر ابلیس نے جھکنے سے انکار کیا۔

وَقُلْنَا یٰٓاٰدَمُ اسْکُنْ اَنْتَ وَزَوْجُکَ الْجَنَّةَ وَکُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَیْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَکُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔۲۱؎

ترجمہ۔ہم نے آدم سے کہا! تم اور تمھاری بیوی جنت میں رہو اور یہاں بافراغت جو

چاہو وہ کھاؤ، اور اس درخت کے نزدیک نہ جاؤ پھر ظالموں میں سے ہو جاؤ گے۔

عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۔ ۲۲۔ ترجمہ۔ انسان کو بولنا سیکھایا۔

اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ۔ ۲۳۔ ترجمہ۔ (ابراہیم نے کہا!) ان میں بڑا (بت) یہ ہے تو اسی سے پوچھ لو اگر یہ بول سکتے ہیں۔

هٰذَا كِتَابُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔ ۲۴۔

ترجمہ۔ یہ ہمارا لکھا ہوا ہے جو تمھارے متعلق حق بیان کر رہا ہے تم جو کچھ بھی کرتے تھے ہم اس کو لکھتے رہتے تھے۔

وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا قَالُوْا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۔ ۲۵۔

ترجمہ۔ وہ اپنی کھالوں سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف گواہی کیوں دی؟ وہ جواب دیں گی کہ ہمیں اللہ نے گویائی بخشی جس نے ہر چیز کو گویا کر دیا اور اسی نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا اور تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

اور سلیمان، داؤد کے وارث ہوئے اور کہنے لگے کہ اے لوگو! ہمیں پرندوں کی بولی سیکھائی گئی ہے اور ہمیں ہر چیز سے عطا کیا گیا ہے اور بے شک یہی کھلا ہوا فضل ہے۔

### ارشادات رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اس شخص کو جنت کی بشارت ہے جس نے اپنی زبان پر قابو پالیا اور اپنی غلطیوں پر اشک بہاتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک موقع پر فرمایا!

لا اقول الا حقا۔ یعنی۔ میں حق کے سوا کبھی کوئی بات نہیں کہتا۔ ۲۶۔

کسی صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کبھی کبھی ہم سے ہنسی

مذاق بھی کر لیا کرتے ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا !انی لا اقوال الاحقاً۔
یعنی ۔میں سوائے حق کے کبھی کچھ نہیں کہتا۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بن عاص روایت کرتے ہیں، میں رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے جو سنتا اس کو لکھ کر محفوظ کر لیا کرتا تو اہل قریش نے مجھ سے کہا تم رسول اللہ ﷺ سے سنی ہوئی ہر بات نہ لکھا کرو کیونکہ وہ انسان ہیں اور وہ کبھی غصہ میں بھی کچھ فرما دیتے ہوں گے چنانچہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہوئی باتوں کو لکھنا ترک کر دیا تاہم میں نے اس بات کا ذکر جب رسول اللہ ﷺ سے کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا !اکتب فوالذی نفسی بیدہ ماخج منی الا الحق ۔یعنی ۔تم لکھے جاؤ، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، میری زبان سے کبھی کوئی بات حق کے سوا نہیں نکلتی ۔۲۷۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
اللہ بے ہودہ اور بے حیائی کی باتیں کرنے والے کو سخت ناپسند کرتا ہے ۔۲۸۔

ابو امامہؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میں جنت کے درمیان میں اس شخص کے لئے ایک گھر کا ضامن ہوں جو جھوٹ بولنا چھوڑ دے اگر چہ ہنسی مذاق میں ہی کیوں نا بولا گیا ہو۔۲۹۔

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ ﷺ کی گفتگو کا ہر لفظ الگ الگ اور واضح ہوتا اور اسے جو بھی سنتا سمجھ لیتا۔۳۰۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بندہ کوئی ایسا کلمہ کہہ دیتا ہے کے اس کو واضح طور پر پتا نہیں ہوتا کے اس میں کیا ہے؟ تو اس کی وجہ سے وہ دوزخ میں اس سے زیادہ دور جا گرتا ہے جتنی دوری مشرق اور مغرب کے درمیان ہے ۔۳۱۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! بات کرو پہچانے جاؤ گے کیونکہ ہر انسان

اپنی زبان کے نیچے چھپا ہوا ہے۔

بہت سی باتیں بہت سے حملوں سے زیادہ موثر ہوتی ہیں ۔

جس انسان کی باتیں بڑھ جاتی ہیں اس کی انسان کی غلطیاں بھی بڑھ جاتی ہیں،اور جس کی غلطیاں بڑھ جاتیں ہیں اس کی حیاء کم ہوجاتی ہے، اور جس کی حیاء کم ہوجاتی ہے اس کا تقویٰ کم ہوجاتا ہے اور جس کا تقویٰ کم ہوجاتا ہے اس کا دل مردہ ہوجاتا ہے اور جس کا دل مردہ ہوگیا وہ واصل جہنم ہوگیا۔

جب عقل کامل ہوجاتی ہے تو کلام گھٹ جاتا ہے ۔

گفتگو سے قبل کلام تمھارے قبضے میں لیکن گفتگو کے بعد یہ سننے والے کے قبضے میں چلا جاتا ہے چنانچہ تم اپنے کلام کی بالکل اسی طرح سے حفاظت کرو جس طرح سے تم اپنی قیمتی اشیاء (سونے اور چاندی ) کی حفاظت کرتے ہو کیونکہ بہت سے باتیں ایسی بھی ہیں جو نعمتوں کو سلب کر کے عذاب کا سبب بھی بن جاتی ہیں ۔

حد درجہ باتونی شخص بے معانی اور غیر ضروری باتیں کرتا ہے جبکہ صاحب بصیرت انسان گفتگو کم اور غور وفکر زیادہ کرتا ہے ۔

جس انسان کی باتیں دلکش اور دل نشین ہوں گی اس انسان کا رعب ودبدبہ، بزرگی اور ہیبت بھی لوگوں کے دلوں پر قائم ہوگی ۔

بہترین قول وہ ہے جس کی تصدیق وتائید افعال واعمال کریں ۔

یہ نا دیکھو کے کون کہہ رہا ہے یہ دیکھو کے کے کیا کہہ رہا ہے۔

کتنی ہی ایسی نظریں ہیں جو حسرت کا سبب بن گئیں اور کتنے ہی ایسے کلام ہیں جو نعمتوں کو سلب کرنے کا سبب بنے ۔

ہر وہ بات جس میں ذکر الہی شامل نا ہو لغو اور بے ہودہ ہے ۔

فصاحت کلام کی زینت ہے ۔

بہترین کلام وہ ہے جو جسے حسن نظام زینت بخشے اور اس کلام کو ہر خاص و عام با آسانی سمجھ جائے۔

مسلمان جب تک خاموش رہتا ہے نیک لکھا جاتا ہے لیکن جیسے ہی وہ کلام کرتا ہے اس کلام کے اعتبار سے نیک یا بد لکھا جاتا ہے۔

حق بات کہنا گونگے پن یا خاموشی سے بہتر ہے۔

گفتگو میں ٹھہراؤ اور استحکام انسان کو لغزشوں اور ہلاکتوں سے بچاتا ہے۔

عقلمند انسان صرف اپنی ضروریات یا دلائل کے لئے بولتا ہے اور وہ ہر وقت اپنی آخرت کی فکر میں لگا رہتا ہے۔

کثرت کلام سے بچو کیونکہ یہ لغزشوں اور رنج و ملال کا سبب ہے اور گفتگو کم کرو ملامتوں سے بچے رہو گے۔

کلام اس دوا کی مانند ہے جس کا تھوڑا فائدہ مند اور زیادتی ہلاکت خیز ہے۔

عقلمندی یہ ہے کہ تم وہ کہو جو تم جانتے ہو اور جس پر تم عمل کرتے ہو۔

طویل کلام آفتوں اور مصیبتوں کا سبب ہے۔

بہترین کلام وہ ہے جو کانوں کو برا نہ لگے اور جسے سمجھنا آسان ہو۔

سب سے زیادہ بدترین انسان وہ ہے جو حق کہنے پر قدرت کے باوجود حق سے اجتناب کرے

بہت سے کلام ایسے ہیں کے اس کی جگہ خاموشی بدرجہا بہتر ہے۔

بہت سے الفاظ ایسے ہیں جو انسان کو اس کی موت سے قریب ترین کر دیتے ہیں۔

بدترین کلام وہ ہے جس کا بعض حصہ بعض سے مختلف ہو یعنی (اس میں جھوٹ کی آمیزش ہو)۔

اللہ تعالیٰ نے عورتوں کا حسن ان کے چہرے میں جبکہ مردوں کا حسن ان کے کلام میں رکھا ہے

جو بات دل سے نکلتی ہے وہ دل میں جا کر ٹھہرتی ہے جبکہ جو بات زبان سے نکلتی ہے وہ کانوں سے آگے نہیں بڑھتی ہے۔

بہت سی جنگیں ایک لفظ میں بھڑک اٹھیں بہت سے محبت کے پودے ایک نظر میں ہی لگ گئے

قلت کلام عیبوں کو چھپا دیتی ہے اور گناہوں کو کم کر دیتی ہے۔

کلام اس دوا کی طرح سے ہے کے جس کا تھوڑا فائدہ مند جبکہ اس کی زیادتی ہلاکت خیز ہوتی ہے۔ بہت سی باتیں موت کو قریب کر دیتی ہیں۔ بہت سی باتیں تلوار کی طرح ہوتی ہیں۔

نیک لوگوں کی روش یہ ہے کے وہ نرم گفتگو اور سلام کرتے ہیں۔

زبان ایک ایسا درندہ ہے کے اگر اسے چھوڑ دیا جائے تو وہ چبا ڈالے گا۔

جوانوں کو بحث، ادھیڑ عمر کے لوگوں کو غور وفکر، اور بوڑھوں کو خاموشی کا حکم دو۔ ۳۲ ؎

## نفسیاتی پہلو

اللہ نے انسان کو کلام کی نعمت اور سعادت عطا فرمائی چنانچہ انسان کو اللہ کے اس احسان پر شکر گزاری کرنا چاہئے، اگر چہ زبان اور کلام بہترین نعمتوں میں سے ہیں لیکن اگر اسی زبان کا بے جا استعمال کیا جائے مثلاً جھوٹ، غیبت، چغلی، الزام، بہتان، لڑائی جھگڑے، بے معانی اور فضول گفتگو، جھوٹی قسمیں، وعدہ خلافی، لعنت ملامت اور لوگوں پر طنزیہ باتیں کرنا وغیرہ تو پھر یہی زبان انسان کو دوزخ کے گڑھے میں پہنچانے کے لئے کافی ہے جبکہ اگر اسی زبان سے انسان سچ، حق، دین اسلام کی تبلیغ واشاعت، اللہ کی حمد وثناء، ذکر الٰہی اور لوگوں کی دلجوئی کرتا ہے تو وہ انسان اپنی زبان اور کلام کے سبب جنت کا مستحق ہوگا، اسی وجہ سے دین اسلام میں خاموشی کو بھی عبادت کہا گیا ہے کیونکہ انسان اپنی زبان کی وجہ سے ہی عافیت یا مصیبت کا حق دار بنتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز۔ادارہ طلوع اسلام ٹرسٹ۔لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ محمد۔آیت۔۱۹۔

۳۔سورہ فتح۔آیت۔۲۹۔

۴۔سورہ بقرہ۔آیت۔۱۲۴۔

۵۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۲۴۔

۶۔سورہ آل عمران۔آیت۔۴۵۔

۷۔سورہ النساء۔آیت۔۱۷۱۔

۸۔سورہ یونس۔آیت۔۳۳۔

۹۔سورہ انعام۔آیت۔۱۱۵۔

۱۰۔سورہ الرحمن۔آیت۔۱۔۴

۱۱۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔سورہ الحدید۔آیت۔۸۔

۱۳۔سورہ المائدہ۔آیت۔۷۔

۱۴۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۴۴۔

۱۵۔تفسیر صاوی۔علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (متوفی ۱۲۲۳ھ)۔مطبوعہ دار احیاالکتب العربیہ
۔مصر۔دارالفکر۔بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۳۰۔

۱۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔۳۰۔

۱۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔۳۱۔

۱۹۔سورہ البقرہ۔۳۳۔

۲۰۔سورہ البقرہ۔آیت۔۳۴۔

۲۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔۳۵۔

۲۲۔سورہ الرحمن۔آیت۔۴۔

۲۳۔سورہ الانبیا۔آیت۔۶۳۔

۲۴۔سورہ الجاثیہ۔آیت۔۲۹۔
۲۵۔سورہ الفصلٰت۔۲۱۔
۲۶۔المسند۔امام احمد بن حنبل ( متوفی ۲۴۱ھ )۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔دار الکتب
۲۷۔سنن ابی داود۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی ( متوفی ۲۷۵ھ )مطبوعہ دار الکتب
۲۸۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل ( متوفی )۔ج۔۲۔ص۔۱۱۹۔طبع قدیم۔
۲۹۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی ( متوفی ۲۷۵ھ )مطبوعہ دار الکتب العلمیہ
۳۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی ( متوفی ۲۷۵ھ )مطبوعہ دار الکتب العلمیہ
۳۱۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ )۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ
۳۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات
دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

## ۴۰۔عذر

**بہت زیادہ عذر خواہی سے بچے رہو کیونکہ جھوٹ بہت زیادہ معذرت میں ہی چھپا ہے**
**(حضرت علیؑ)**

**عذر**۔عربی زبان کا لفظ ہے۔
العذر۔ سے مراد ایسی کوشش جس کی وجہ سے انسان اپنے گناہ اور کوتاہیوں کو مٹانا چاہتا ہو۔۱؎
عذر۔ سے مراد وہ حجت جو انسان بطور اعتذار پیش کر سکے۔۲؎
عذرہ۔مکانات کے سامنے کھلے میدان۔
اعذرا۔ کے معنی لڑکے کا ختنہ۔
عذرہ ۔ کے معنی لڑکی کا کنوارہ پن ہے۔
اعذر الرجل اعذارا ۔ سے مراد کسی بھی شخص کے گناہوں کا زیادہ ہوجانا۔۳؎

### ارشادات خداوندی:

عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۔۴؎
ترجمہ۔محبت قائم کرنے کی وجہ سے یہ عذاب سے ڈرانے کی وجہ سے۔
فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنفَعُ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۔۵؎
ترجمہ۔پس اس دن ظالموں کو ان کی معذرت کوئی نفع نہیں دے گی اور نہ عتاب اور ناراضگی کو زائل کیا جائے گا۔
وَلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ۔۶؎
ترجمہ۔خود وہ اپنے تمام عذر پیش کرتا ہو۔
لاتعتذروا۔

لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ۚ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ۔ ۷؎

ترجمہ۔اب عذر نہ پیش کرو بے شک تم اپنے ایمان کے اظہار کے بعد کفر کر چکے ہو، اگر ہم تم میں سے بعض کو معاف کر دیں گے تو بعض کو عذاب بھی دیں گے کیونکہ وہ گناہ کرتے رہے ہیں۔

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۔ ۸؎

ترجمہ۔اور بہانہ بناتے ہوئے دیہاتی آئے تاکہ ان کو (بھی جہاد سے) رخصت دی جائے، اور وہ بھی بیٹھ رہے جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے جھوٹ بولا تھا، ان میں سے جو کافر ہیں عنقریب انہیں دردناک عذاب پہنچے گا۔

## عذر کی اقسام

درج ذیل عذر کی دو اقسام ہیں:

۱۔انسان کو اپنی غلطی کا احساس ہونا۔

۲۔انسان جان بوجھ کر اپنے گناہوں اور غلطیوں کی توجیہات پیش کرے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوہ (تبوک) کے دوران فرمایا ہم مدینہ میں کچھ لوگوں کو چھوڑ آئے ہیں تاہم جس وادی اور گھاٹی میں بھی ہم گئے وہ ہمارے ساتھ رہے وہ عذر کی وجہ سے نہیں جا سکے۔ ۹؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک نابینا شخص آیا اور اس نے عذر پیش کرتے ہوئے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے مسجد میں کوئی لے جانے والا نہیں ہے اس لئے مجھ کو گھر میں نماز پڑھنے کی رخصت دی جائے۔ (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کے عذر کو

قبول کرتے ہوئے) اس کو رخصت دے دی۔ ۱۰؎

امام مسلم نے روایت کیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب غزوہ تبوک سے واپس آئے تو اسی (۸۰) سے زائد لوگوں نے قسم کھا کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نہ جانے کے متعلق عذر پیش کیے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظاہر کا اعتبار کر کے ان کے عذر قبول کیے اور ان کے باطن کو اللہ کے سپرد کر دیا۔ ۱۱؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہی ہے جیسے کے اس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔ ۱۲؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص کی مثل ہے جس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔ ۱۳؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک بندہ گناہ کرتا ہے پھر جب وہ اپنے گناہ کو یاد کرتا ہے اور اپنے کئے پر غمگین ہوتا ہے تو اللہ اس کو معاف فرما دیتے ہیں۔ ۱۴؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! جو بھی تم سے معذرت کرے اس کی معذرت کو قبول کرلو۔

عذر خواہی سے بے نیازی عذر کو قبول کرنا زیادہ بہتر ہے۔

اعتذارر کی بہترین صورت یہ ہے کہ تم اپنے آپ کو گناہ سے بچنے کے مقام پر لے جاؤ۔

بغیر گناہ کے معافی مانگنے والے خود اپنے لئے غلطی مہیا کرتا ہے۔

اعتذار کی جگہوں سے بچے رہو کیونکہ بہت سے ایسے لوگ ہیں جن پر عذر ہی کے ذریعے گناہ لاد دیا جاتا ہے بھلے وہ اس گناہ سے دور ہوں۔

گناہ گار کا شفیع اس کا اقرار اور اس کی توبہ اس کی عذر خواہی ہے۔

ذلیل ترین شخص وہ ہے جو کسی ظالم کے حضور معافی کا خواستگار ہو۔

بدترین شخص وہ ہے جو عذر قبول نا کرے۔

معذرت خواہی کے باوجود سزا دینا کتنا برا عمل ہے۔معافی مانگنے والا ایسا ہی ہے جیسے اس نے کوئی گناہ کیا ہی نہیں۔

بہت زیادہ معافی مانگنا گناہوں کو بڑھا دیتا ہے۔

ایسے گناہ کے لئے تم عذر تلاش نہ کرو کے جس کے چھوڑنے پر تم قادر ہو۔

معذرت کی تکرار گناہوں کی یاد دہانی ہے۔

اپنے بھائی کے عذر کو قبول کرلو اور اگر اس کے پاس کوئی عذر نہ بھی ہو تو، پھر تم خود ہی کوئی عذر تلاش کرلو۔

بہت زیادہ عذر خواہی سے بچے رہو کیونکہ جھوٹ بہت زیادہ معذرتوں میں ہی چھپا ہے۔

دو چیزیں جھوٹ سے خالی نہیں ہوسکتیں۔ا۔ بہت زیادہ وعدے۔۲۔شدید معذرتیں۔۱۵؎

## نفسیاتی پہلو

معذرت ایک انسانی رویہ ہے، انسان اللہ کے سامنے بھی اپنی غلطیوں، کوتاہیوں اور گناہوں کا اقرار کرتا ہے اور اللہ سے معافی طلب کرتا ہے، لیکن معاشرتی سطح پر بھی اعتذار کی کیفیات دیکھنے میں آتی ہیں مثلاً کوئی شخص جان کر کوئی ذمہ داری ادا نا کرے پھر اس کے لئے جھوٹی معذرتیں پیش کرے، عمومی طور پر یہ رویے ہر روز دیکھنے میں آتے ہیں تاہم بعض اوقات مدمقابل کے جھوٹ کو پکڑنے کے باوجود اس کی معذرت کو قبول کرتا ہے جو ایک اچھا رویہ ہے، کیونکہ ایک اچھے انسان میں لچک ہوتی ہے اور وہ جان بوجھ کر لوگوں کی غلطیوں اور ان کے جھوٹ کی جرح نہیں کرتا بلکہ سب کچھ سمجھتے ہوئے ان کی معذرتوں کو قبول کرتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر

۲۔القاموس المحیط۔علامہ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث۔

۳۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ المرسلات۔آیت۔۶۔

۵۔سورہ روم۔آیت۔۵۷۔

۶۔سورہ القیامۃ۔آیت۔۱۵۔

۷۔سورہ التوبہ۔آیت۔۶۶۔

۸۔سورہ التوبہ۔۹۰۔

۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۱۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۲۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۱۳۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۱۴۔مجمع الزوائد۔حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت۔

۱۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۳۷۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

## ۴۱۔امامت

**جس نے امام عادل کی اطاعت کی تو گویا اس نے اپنے رب کی اطاعت کی (حضرت علیؑ)**

**امام**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ا۔م۔م) سے مشتق ہے۔
صاحب محیط نے لکھا لفظ ام جامد ہے اور جب بچہ بولنا سیکھتا ہے تو 'ام' جیسی آوازیں نکالتا ہے۔۱؎
ام۔سے مراد ماں کی آغوش۔
عربی زبان میں ام سے مراد ماں کے ہیں۔
امام۔سے مراد ہادی۔
ام القوم۔سے مراد قوم کا رئیس۔
ام النجوم۔سے مراد کہکشاں۔
ام القریٰ۔سے مراد مکہ معظّمہ۔
ام الراس۔سے مراد دماغ یا وہ مرکز جہاں بے شمار چیزیں آکر مل جائیں۔
قرآن کریم کو ام الکتاب بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ کتاب اسلامی قوانین کی اصل اور بنیاد ہے۔۲؎
ابن فارس نے ام کے چار معانی بیان کئے ہیں۔
۱۔بنیاد اور اصل۔۲۔مرجع۔۳۔جماعت۔۴۔دین۔
امام۔ایسا شخص جو تمام خوبیوں کا مجموعہ ہو۔
الامامۃ۔ایسا شخص جو آگے ہو، رہنما، ھادی اور پیشوا۔
عربی زبان میں الامامۃ سے مراد اس دھاگے سے ہے جو معمار دیوار کی تمام اینٹوں کی سیدھ کو

ناپنے کے لئے استعمال کرتا ہے اگر چہ عربی میں اس کو فادن اور اردو میں اس کو ساھل بھی کہتے ہیں۔مندرجہ بالا معانی کو سمجھنے سے امام کا درست تصور سمجھ میں آجائے گا۔

امام۔وسیع اور کشادہ گزرگاہ کو بھی کہتے ہیں۔

عربی زبان میں الامۃ کے معانی حالت ،نعمت،شان ،طریقہ،وقت،زمانہ،مدت شریعت اور دین کے ہیں۔

الامۃ کے ایک معانی امام اور ھادی کے بھی ہیں۔۳؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی!

اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔۴؎

ترجمہ۔بے شک ابراہیم (بہ نفس نفیس) ایک امت تھے۔

اس آیت میں اللہ تعالی نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شخصیت میں موجود جامعیت کو بیان فرماتے ہوئے یہ فرمایا! تنہا حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنی ذات میں ایک پوری امت کے مترادف تھے،قرآن کریم میں آپ کا ذکر بڑے اکرام کے ساتھ کیا گیا اور قرآن کریم میں آپ کو امۃ الناس ،امام الناس ،حنیف ،صدیق ،خلیل یا دوست اور مسلم کہہ کر مخاطب کیا جبکہ آپ ملت ابراہیمی کے جدامجد اور معمار کعبہ بھی ہیں اس کے ساتھ ہی کئی انبیاء کرام بھی آپ کی اولادوں میں پیدا ہوئے۔

## قرآن کریم کی روشنی میں تصور امامت

وَاِذِ ابْتَلٰۤى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَاۤ اِلٰۤى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّاۤئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ۔۵؎

ترجمہ۔یاد کرو جب ابراہیم کو اس کے رب نے چند باتوں میں آزمایا اور وہ ان سب میں پورا

اترا تو اس نے کہا! میں تجھے سب لوگوں کا امام (پیشوا) بنانے والا ہوں، ابراہیم نے عرض کی کیا میری اولاد سے بھی یہی وعدہ ہے؟ (اللہ نے جواب دیا) میرا وعدہ ظالموں سے متعلق نہیں، ہم نے اس گھر (خانہ کعبہ) کو لوگوں کے لئے مرکز اور امن کی جگہ قرار دیا تھا اور لوگوں کو حکم دیا تھا کے ابراہیم جہاں عبادت کے لئے کھڑا ہوتا ہے اس مقام کو مستقل جائے نماز بنالو اور ابراہیم اور اسماعیل کو تاکید کی تھی کے میرے اس گھر کو طواف اور اعتکاف اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے لئے پاک رکھو۔

اِنَّا نَحۡنُ نُحۡیِ الۡمَوۡتٰی وَ نَکۡتُبُ مَا قَدَّمُوۡا وَ اٰثَارَهُمۡ ؕ وَ کُلَّ شَیۡءٍ اَحۡصَیۡنٰهُ فِیۡۤ اِمَامٍ مُّبِیۡنٍ۔٦۔

ترجمہ۔ بے شک ہم ہی مردوں کو زندہ کریں گے اور جو انہوں نے آگے بھیجا اور جو پیچھے چھوڑا اس کو لکھتے ہیں، اور ہم نے ہر چیز کو امام المبین (لوح محفوظ) میں محفوظ کر رکھا ہے۔

کِتٰبُ مُوۡسٰۤی اِمَامًا وَّ رَحۡمَةً ۔٧۔

ترجمہ۔ موسیٰ کی کتاب (تورات) بھی امام (رہنما) اور رحمت کے طور پر آئی ہوئی تھی۔

یَوۡمَ نَدۡعُوۡا کُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمۡ ۚ فَمَنۡ اُوۡتِیَ کِتٰبَهٗ بِیَمِیۡنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ یَقۡرَءُوۡنَ کِتٰبَهُمۡ وَ لَا یُظۡلَمُوۡنَ فَتِیۡلًا ۔٨۔

ترجمہ۔ جس دن ہم ہر فرقہ کو ان کے سرداروں کے ساتھ بلائیں گے، سو جسے اس کا اعمال نامہ اس کے داہنے ہاتھ میں دیا گیا سو وہ لوگ اپنا اعمال نامہ پڑھیں گے اور وہ تاگے کے برابر ظلم نہیں کیے جائیں گے۔

وَ جَعَلۡنٰهُمۡ اَئِمَّةً یَّدۡعُوۡنَ اِلَی النَّارِ ۚ وَ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ لَا یُنۡصَرُوۡنَ ۔٩۔

ترجمہ۔ اب دیکھ لو ان ظالموں (فرعون) کا کیسا انجام ہوا ہم نے انھیں جہنم کی طرف دعوت دینے والا امام (پیشرو) بنادیا۔

مندرجہ بالا آیات کے مطالعے سے یہ معلوم ہوا کے لفظ امام وسیع الجہات ہے جس کے معنی

رہنما، پیشوا، (اچھا یا برا) راستہ دکھانے والا ھادی، متقی، قیادت کرنے والا اور جملہ اوصاف وکمالات کا حامل اور مظہر ایسا شخص جو کے پرہیز گار اور نیک ہو۔

## آئمہ اہل بیت الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آئمہ اہل بیت الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کل امام امت ہیں یہ قدسی نفوس حضرات امام الوراء، امام تقویٰ امام ہدایت، امام معرفت، امام علم، امام زہد وورئ، یہ آئمہ اطہار کل اماموں کے امام ہیں یہ پیشوائے اعظم اور امت کے مقتدائے اعظم ہیں، ان کا مقام مرتبہ کل اولیاء اللہ سے بلند ترین ہے جن کے در سے ولایت کی خیرات تقسیم ہوتی ہے، آئمہ کرام کی شخصیت کے کمالات تو اپنی جگہ ان کے صرف اسم مبارک کی یہ تاثیر ہے کے اگر کسی مجنون یا دماغی مریض پر پڑھ کر دم کردئے جائیں تو اس شخص کا جنون اور پاگل پن زائل ہو جاتا ہے۔

اسی حوالے سے حضرت عبدالسلام بن ابی صالح ابی الصل ت الھر وی کہتے ہیں!

اگر درج ذیل اہل بیت الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام کسی مجنون یا پاگل پر دم کردئے جائیں تو اس کی دیوانگی اور پاگل پن دور ہو جائے گا! حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ صَالِحٍ أَبُو الصَّلْتِ الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى الرِّضَا، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الْإِيمَانُ مَعْرِفَةٌ بِالْقَلْبِ، وَقَوْلٌ بِاللِّسَانِ، وَعَمَلٌ بِالْأَرْكَانِ". قَالَ أَبُو الصَّلْتِ: لَوْ قُرِءَ هَذَا الْإِسْنَادُ عَلَى مَجْنُونٍ لَبَرَأَ۔ ۱۰؎

## اہل تشیع کی نظر میں امامت کے پانچ اصول

اہل تشیع کی نظر میں امامت اور خلافت ایک مستقل موضوع ہے جو کے ابتداً تو موجود نہ تھا لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ نظریہ تقویت اختیار کرتا گیا۔

شیعہ مذہب میں امامت اور خلافت کے درج ذیل پانچ اصول وضع کئے گئے ہیں۔

۱۔امامت اور خلافت کا حق صرف اور صرف رسول اللہ ﷺ کی ذریت کو حاصل ہے۔
۲۔امام ،منصوص اور مامور باللہ ہوتا ہے یعنی کوئی بھی شخص امام یا خلیفہ نہیں بن سکتا یہ منصب خاص امام اور خلیفہ کو اللہ یا اللہ کے رسول ﷺ کی جانب سے بالخصوص عطا کیا جاتا ہے۔
۳۔امام اپنے وقت کا خلیفہ بھی ہوتا ہے اگر ظاہری طور پر امام کو امامت اور خلافت نہ بھی سونپی گئی ہو لیکن وہ باطنی طور پر اس وقت کا امام اور خلیفہ ہی تصور یا جائے گا امام وقت قاضی القضاۃ ہوگا، وہ باطل قوتوں سے جہاد کرے گا، اللہ کے دین کو اللہ کی زمین پر لازماً نافذ کرے گا اور خمس بھی لے گا۔
۴۔امام کی امامت اور خلافت کا انکاری کافر ہوگا۔
۵۔امام وقت معصوم ہوگا یعنی جانے یا انجانے میں کوئی خطا یا گناہ اس سے سرزد نہیں ہوسکتا۔

## اہل سنت کا رد

اہل سنت علماء کرام امامت اور خلافت کے اس شیعی نظریے کو رد کرتے ہیں ان کے مطابق
۱۔کوئی بھی متقی اور پرہیزگار شخص امامت اور خلافت کی ذمہ داری ادا کرسکتا ہے ضروری نہیں کے اس کا تعلق ذریت رسول ﷺ سے ثابت ہو۔
۲۔اسلام باہمی مشورے اور رضامندی سے خلفاء کے چناؤ اور اپنے فیصلے کرنے کا حکم دیتا ہے۔
۳۔حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ الکریم سے لے کر حضرت امام حسن عسکریؒ تک کسی نے بھی یہ دعویٰ نہیں کیا کے میں امام وقت ہوں اور منصوص اور مامور باللہ ہوں یا مجھے اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے اس منصب کے لئے منتخب کیا ہے۔
۴۔حضرت علیؓ کی خلافت کو امیر معاویہ نے تسلیم نہیں کیا تھا جس کے نتیجے میں جنگ صفین ہوئی لیکن حضرت علیؓ نے امیر معاویہ پر کفر کا فتویٰ نہیں لگایا کے میری امامت اور خلافت کو قبول نہ کرنے والے پر کفر کا فتویٰ لگے گا دوسری جانب امام حسن جو کے حضرت علیؓ کے وصال

کے بعد منصب خلافت پر تقریباً چھ ماہ تک رونق افروز رہے آپ نے بھی مسلمانوں کے باہمی تنازعات اور خون خرابے کے پیش نظر امیر معاویہ کے حق میں خلافت سے دستبرداری اختیار کی پھر بھلا امام وقت یہ اقدام کیسے اٹھا سکتا ہے۔

۵۔ سن ۲۵۰ھ تک امامت اور خلافت کے یہ اختلافات سرے سے موجود نہ تھے اور اگر تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کے خانوادہ رسول کے تقریباً ۱۲۵ یسے افراد تھے جنھوں نے اپنے امام بھائی، یا چچا یا کسی خونی رشتے دار کی امامت کی موجودگی میں اپنی ذاتی حیثیت میں امامت اور خلافت کے لئے جدوجہد کی اور ایسا مکہ اور مدینہ کی سرزمین پر بالخصوص اور دیگر عرب کے شہروں میں بالعموم ہوتا رہا لہٰذا اہل تشیع کا امامت اور خلافت کا نظریہ کئی اعتبار سے کمزور اور بے بنیاد ہے۔

## حب اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مسور بن مخرمہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! فاطمہؓ میرے جسم کا ٹکڑا ہے اس لئے جس نے اسے ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔ ۱۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! فاطمہ جنت کی خواتین کی سردار ہیں۔ ۱۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؓ سے بیان کیا! کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کے تم میرے ساتھ اس درجہ میں رہو جیسے موسیٰ کے ساتھ ہارون تھے۔ ۱۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؓ سے فرمایا! تم صورت اور سیرت میں مجھ سے زیادہ مشابہ ہو۔ ۱۴؎

حضرت ابوبکر صدیقؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تشریف فرما تھے اور حضرت حسنؓ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہلو میں تھے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میرا یہ بیٹا سردار ہے اور امید ہے اللہ تعالی اس کے ذریعے مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح کروائے گا۔ ۱۵؎

حضرت براءؓ بیان کرتے ہیں، حضرت حسنؓ رسول اللہ ﷺ کے شانے مبارک پر تھے اور آپ ﷺ یہ فرمار ہے تھے کے اے اللہ مجھے اس سے محبت ہے، آپ بھی اس سے محبت کیجئے۔۱۶؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، حضرت حسنؓ بن علیؓ سے زیادہ رسول اللہ ﷺ سے کوئی مشابہہ نہیں تھا۔۱۷؎

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میں چھ اشخاص پر لعنت کرتا ہوں اور ہر نبی نے بھی ان پر لعنت کی ہے اور ہر نبی کی دعا مستجاب ہوتی ہے۔

۱۔ جو اللہ کی کتاب میں زیادتی کرے۔

۲۔ جو اللہ کی تقدیر کا انکار کرے۔

۳۔ جو جبراً لوگوں پر مسلط ہو جائے تا کہ ان کو عزت دے جن کو اللہ نے ذلیل کیا ہے اور ان کو ذلیل کرے جن کو اللہ نے عزت دی ہے۔

۴۔ جس کو اللہ نے حرام کیا ہے اس کو حلال کرے۔

۵۔ اور میری اولاد پر ان کاموں کو حلال کرے جن کو اللہ نے حرام کیا ہے۔

۶۔ اور میری سنت کو بطور اہانت ترک کرے۔۱۸؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! امام اس لئے ہوتا ہے تا کہ اس کی پیروی کی جائے اس لئے تم اس سے اختلاف نہ کرو، جب وہ رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو اور جب وہ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہے تو تم رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ کہو اور جب وہ سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو اور جب وہ بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم سب بیٹھ کر پڑھو اور نماز میں صفیں برابر رکھو کیونکہ نماز کا حسن صفوں کے برابر رکھنے میں ہے۔۱۹؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جس نے خود کو لوگوں کا امام بنایا اسے دوسروں کی تربیت

سے پہلے اپنی تربیت کرنی چاہئے۔

بلاشبہ عظیم ترین خیانت، امت کے ساتھ خیانت ہے جبکہ بدترین دھوکا رہبروں کا دھوکا ہے۔

اللہ نے منصف رہبروں پر فرض کر دیا ہے کے وہ خود کو عوام کے معیار زندگی کے مطابق رکھیں تا کہ فقیر کو اپنا فقر برا نہ لگے۔

امام عادل موسلا دھار بارش سے زیادہ بہتر ہے۔

جس نے امام عادل کی اطاعت کی تو گویا اس نے اپنے رب کی اطاعت کی۔

اپنے آپ کو تعلیم وتربیت دینے والا دوسروں کی تعلیم وتربیت دینے والے سے بہتر ہے۔

اللہ نے امامت کو امت کے نظام کو برقرار رکھنے کے لئے فرض کیا ہے اور امام کی اطاعت کو لوگوں پر واجب کیا ہے۔

ظالم رہبر وہ بدترین انسان ہیں جو خود تو گمراہ ہوتے ہیں اور ان کی وجہ سے دوسرے بھی گمراہ ہوتے ہیں کیونکہ وہ معروف سنت کو مردہ اور متروک بدعتوں کو زندہ کرتے ہیں۔

امام کے لئے لازم ہے کے وہ اپنے چاہنے والوں کو اسلام، ایمان اور احکامات کی حدود سے روشناس کروائیں۔

اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مدنظر رکھتے ہوئے انھی کی سمت کے پابند ہو جاؤ ان کے آثار کا اتباع کرو کیونکہ یہ لوگ کبھی بھی تمھیں راہ ہدایت سے دور نہیں کریں گے اور نہ ہی کبھی ضلالت اور گمراہی کی طرف لوٹائیں گے اگر یہ کبھی خاموش رہیں تو تم بھی خاموش رہو اور اگر یہ اٹھ کھڑے ہوں تو تم بھی اٹھ کھڑے ہو اور کبھی ان سے آگے نہ بڑھو ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے اور نہ ہی ان سے پیچھے رہ جاؤ ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے (اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی شان میں قرآن کی آیات کریمہ ہیں، یہ لوگ رحمن کے خزآنے ہیں، اگر بولتے ہیں تو سچ اور اگر یہ خاموش رہتے ہیں تو کوئی ان سے آگے بڑھنے کا حق نہیں رکھتا۔

ہم (اہل بیت الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کی نشانیاں ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سچے ساتھی ہیں

ان کے علوم کے خزانے دار ہیں علم لدنی کے دروازے ہیں اور گھر میں صرف دروازے کے ہی ذریعے سے آیا جاتا ہے لہٰذا جو بھی گھر میں دروازے کے سوا کسی اور سے داخل ہوا تو وہ چور کہلائے گا۔

آل محمد ﷺ کی اس امت میں کوئی بھی برابری نہیں کرسکتا ہے اوران کے ٹکڑوں پر پلنے والے کبھی بھی ان کے برابر نہیں ہوسکتے ہیں یہ دین کی اساس اور یقین کے ستون ہیں غلو کرنے والا انھی کی طرف پلٹے گا اور پیچھے رہ جانے والا بھی آخر کار انھی سے ملحق ہوگا۔حق ولایت اور حکومت کی خصوصیتیں رسول اللہ ﷺ کی جانشینی اور وراثت سبھی کچھ انھی کا ہے۔

اہل بیت رسول ﷺ اللہ کے اسرار کے امین ہیں اس کے دستورات کے لئے جائے پناہ ہیں اس کے علم کے ظروف ہیں اس کی کتاب کی پناہ گاہ انھی کے ذریعے اس دین کی کمر کا خم درست ہوا اور اس کے احکامات وفرائض کی لرزہ براندامی ختم ہوئی۔

سب سے بڑا عقل کا اندھا وہ ہے جو ہماری محبت وفضل سے اندھا ہو اور ہمارے کسی گناہ کے بغیر ہم سے دشمنی روا رکھے جز اس کے کہ ہم نے اس کو حق کی طرف بلایا ہے۔

خوش نصیب ترین لوگ وہ ہیں جو ہماری فضیلتوں کو سمجھ گئے اور وہ ہمارے ذریعے سے اللہ کا تقرب حاصل کریں اور ہم سے خالص محبت رکھیں ہم نے جو کچھ کہا اس پر عمل پیرا رہیں اور ہم نے جس چیز سے منع کیا اسے ترک کریں پس وہ ہم میں سے ہیں اور وہ دار جاویدانی میں ہمارے ساتھ ہوں گے۔

سب سے اچھی نیکی ہماری محبت اور سب سے بڑی برائی ہم سے بغض رکھنا ہے۔

بلاشبہ ہمارے امور بڑے ہی مشکل ہیں اور ان کا تحمل صرف وہی لوگ کرسکتے ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالی نے ایمان کے واسطے امتحان میں مبتلا کیا اور ہماری باتیں صرف امانت دار سینوں اور پروقار فکروں کے مالک ہی سمجھ سکتے ہیں۔

آگاہ ہوجاؤ! اہل بیت رسول ﷺ حلم وبردباری کے دروازے ہیں، اندھیروں کے لئے

اجالے ہیں اور امتوں کے لئے روشنی ہیں۔

ہماری روش میانہ روی اور ہماری سنت ہدایت ہے۔

تمھارے اوپر آل نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت لازم ہے کیونکہ یہ تمھارے اوپر اللہ کا حق ہے اور اللہ کے اوپر تمھارا حق ہونے کا موجب بھی ہے کیا تم نے قول خدا نہیں سنا کہ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى پر غور نہیں کیا۔

جس نے ہم اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت اختیار کی وہ بلاؤں کے لئے چمڑے کا لباس پہن لے۔۲۰

## نفسیاتی پہلو

آئمہ کرام اس دنیا کے بہترین انسان ہیں یہ سب امام عادل ہیں جن کی برکت سے اللہ اس دنیا میں موسلا دھار بارش برساتا ہے اور قدسی نفوس افراد کی دعا اور استغفار کی بدولت اللہ آنے والی بلاءوں اور مشکلات کو دور فرماتا ہے، ایسے تمام افراد جن کو اللہ نے ان مناصب پر فائز فرمایا ہے ان کی زندگی مشکلات اور کٹھنائیوں سے بھر پور ہوتی ہے لیکن یہ عزم و حوصلے سے ان مشکلات کا نہایت پامردی سے مقابلہ کرتے ہیں دوسری جانب مشکلات ہمیشہ بہترین لوگوں کے حصے میں آتی ہیں کیونکہ وہ اس کو بہترین طریقے سے انجام دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔القاموس المحیط۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث۔

۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر

۳۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ النحل۔آیت۔۱۲۰۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۲۴۔۱۲۵۔

۶۔سورہ یٰسین۔آیت۔۱۲۔

۷۔سورہ ھود۔آیت۔۱۷۔

۸۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۱۷۔

۹۔سورہ القصص۔آیت۔۴۱۔

۱۰۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔کتاب المقدمہ باب فی الایمان۔ رقم الحدیث۔۶۵۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۵ھ۔بحوالہ۔سیرۃ الرسول ﷺ۔ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری۔حصہ دوم۔ص۔۸۲۔منہاج القرآن پبلی کیشنز۔

۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۴۲۔العدل۔عدل

**امام عادل موسلادھار بارش سے بہتر ہوتا ہے یہی نہیں بلکہ وہ زمانے بھر کی سرسبزی وشادابی سے زیادہ بہتر ہوتا ہے (حضرت علیؑ)**

**عدل**۔عربی زبان الفظ ہے، جو (ع۔د۔ل) سے مشتق ہے۔
العدل۔عربی زبان میں اونٹ کی دونوں جانب بالکل برابر لادے گئے بوجھ کو بھی کہتے ہیں ان میں سے ہر ایک بوجھ عدل کہلاتا ہے۔
عدل المیز ان۔سے مراد میزان کو برابر کرنا۔
فاعتدل۔سے مراد میزان برابر ہوگئی۔
عادلہ معادلہ۔سے مراد ہمواز ن یا برابر۔
العدل۔العدیل۔کے معانی مثل، نظیر، ہم وزن اور اعتدال کے ہیں۔[۱]

## عدل کے معنی:

عدل کے معنی مساوات کے ہیں۔عدل کی دو اقسام ہیں۔
۱۔عدل عقلی۔۲۔عدل شرعی۔
۱۔عدل عقلی کی مثال یہ ہے کے اس شخص کے ساتھ نیکی کی جائے جس نے تمہارے ساتھ نیکی کی ہو اور اس شخص سے اذیت اور تکلیف دور کی جائے جس نے تم سے اذیت اور تکلیف دور کی ہو۔
۲۔عدل شرعی وہ ہے جس کا سمجھنا شریعت پر موقوف ہو جیسے قصاص اور دیت کے احکام، یا قتل خطا میں کفارہ اسی طرح مرد کی مکمل دیت (سو اونٹ) اور عورت کی نصف دیت (پچاس اونٹ ہونا) اسی طرح باقی اعضاء کی دیت کی مقداروں کا جاننا شرع پر موقوف ہے، اس کو عقل سے

نہیں جانا جا سکتا عدل اور احسان میں یہ فرق ہے کے برائی کا بدلہ برائی سے دینا عدل ہے اور برائی کے بدلہ میں نیکی کرنا یہ احسان ہے اور کسی کی نیکی کے بدلہ میں اتنی ہی نیکی کرنا عدل ہے اور اس سے زائد نیکی کرنا احسان ہے اور کسی کے شر کے مقابلہ میں اتنا ہی شر کرنا عدل ہے اور اس سے کم شر کرنا احسان ہے۔ ۲؎

## حدیث میں عدل بمعنی فضل اور صرف بمعنی نفل آیا ہے:

**قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الْمَدِينَةُ حَرَمٌ مَا بَيْنَ عَيْرٍ إِلَى ثَوْرٍ، فَمَنْ أَحْدَثَ فِيهَا حَدَثًا أَوْ آوَى مُحْدِثًا، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ، لَا يَقْبَلُ اللَّهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفًا، وَلَا عَدْلًا، وَذِمَّةُ الْمُسْلِمِينَ وَاحِدَةٌ يَسْعَى بِهَا أَدْنَاهُمْ، وَمَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ، أَوِ انْتَمَى إِلَى غَيْرِ مَوَالِيهِ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ، لَا يَقْبَلُ اللَّهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفًا، وَلَا عَدْلًا۔ ۳؎**

ترجمہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جبل عیر سے لے کر جبل ثور تک مدینہ حرم ہے، جس نے اس میں ( گمراہی پھیلانے کی ) کوئی واردات کی یا واردات کرنے والے کسی شخص کو پناہ دی تو اس پر اللہ کی، فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس سے کوئی سفارش قبول کرے گا نہ بدلہ۔

تمام مسلمانوں کی پناہ ایک ہے۔ ان کا ادنی آدمی بھی کسی کو پناہ دے سکتا ہے۔ جس نے اپنے والد کے سوا کسی کی طرف نسبت کی یا ( کوئی غلام ) اپنے آزاد کرنے والے مالکوں کے سوا کسی اور کا مولیٰ بنا، اس پر اللہ کی، فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس سے کوئی سفارش قبول کرے گا نہ فدیہ۔

جو مسلمان عہد شکنی اور وعدہ خلافی کرے اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے اور اس کا نہ کوئی فرض قبول ہوگا اور نہ نفل۔ ۴؎

**ارشادات خداوندی:**

اَلَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ۔ ۵؎

ترجمہ۔ جس نے تجھے پیدا کیا پھر درست کیا پھر (تیرے اعضاء کو) متناسب بنایا۔

اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ۔ ۶؎

ترجمہ۔ ان (کی تعداد) کے برابر روزے رکھے تاکہ اپنے کام کا وبال چکھے۔

وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا۔ ۷؎

ترجمہ۔ اگر دنیا بھر کا معاوضہ بھی دے گا تب بھی اس سے نہ لیا جائے گا، یہی وہ لوگ ہیں جو اپنے کیے میں گرفتار ہوئے۔

وَاُولُو الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ۔ ۸؎

ترجمہ۔ اللہ عدل (قسط) کے ساتھ نظام قائم کرنے والا ہے۔

قَآئِمًا بِالْقِسْطِ۔ سے مراد اپنی تدبیر سے نظام عالم کو کیفیت متوسطہ پر قائم رکھنے والا اور دین شریعت میں متوسط عقائد اور احکامات کا مکلف کرنے والا۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

عادل حاکم کی دعا قبول ہوتی ہے۔ ۹؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! عدل اسلام کے ستونوں میں سے چار شعبوں میں بٹا ہوا ہے۔

۱۔ عمیق فہم۔

۲۔ گیرائی علم۔

۳۔ حسن قضاوت۔

۴۔ اور استحکام حلم۔

لہٰذا جو سمجھ گیا وہ علم کی گہرائیوں سے واقف ہو گیا اور احکام کے سرچشموں سے سیراب ہوا اور جو حلم اختیار کرتا ہے وہ اپنے کاموں میں کوتاہی نہیں کرتا ہے جس کی وجہ سے وہ لوگوں کے درمیان قابل ستائش بن کر رہتا ہے۔ گمان پر بھروسہ کر کے فیصلہ کر دینا عدل نہیں ہے۔

آپؑ نے فرمایا! عدل امور کو ان کے ٹھکانوں پر رکھنے کا نام ہے۔

عدل، جود وسخا سے کہیں زیادہ افضل ہے۔

عادلانہ روش کے ذریعے مخالفین کو شکست دی جا سکتی ہے۔

ظالم کے خلاف عدل کا دن، مظلوم پر ظالم کے ظلم کے دن سے زیادہ شدید ہوگا۔

جو جہالت کی پیروی کرتا ہے وہ عدل کی راہ کو چھوڑ دیتا ہے۔

عدل امارت کی زینت ہے۔ جو شخص اپنے ماتحتوں سے عدل برتتا ہے وہ اپنے سے بلند درجات پر فائز افراد سے عدل حاصل کرتا ہے۔

عدل کو سخت گیری پر مقدم رکھو گے تو محبت کی کامیابی سے ہم کنار ہو جاؤ گے اور جہاں بات سے کام نکل جائے وہاں عمل میں مشغول نا ہو۔ عدل لوگوں کے استحکام کا باعث ہے۔

عدل سلطان کی فضیلت ہے۔

عدل یہ ہے کے اگر تم نے ظلم کیا ہے تو انصاف کرو اور اگر قدرت ملی ہے تو حق کے ساتھ فیصلہ کرو۔ سب سے زیادہ عادل وہ ہے جو سب سے زیادہ عدل وانصاف سے فیصلہ کرے۔

عدل کی راہ میں سب سے بڑی روکاوٹ اور مصیبت ظالم اور جابر حاکم ہیں۔

حکومتوں کا ثبات عدل میں ہے، بہترین سیاست عدل ہے۔ بہت سے عادل ظالم ہوتے ہیں

عقلمندی کی یہ نشانی ہے کے وہ انسان کو عدل بروئے کار لانے کے لئے آمادہ کرتی ہے۔

عدل میں وسعت ہے۔ کمزور افراد کو اپنے عدل سے مایوس نا کرو۔

سیاست میں عدل کرنے جیسے کوئی ریاست نہیں۔

مظالم کی تلافی سے بڑھ کو کوئی فائدہ مند عدل نہیں۔ جو حاکم عدل سے کام لے گا اللہ اس حاکم

کی حکومت کو مضبوط فرمادے گا۔

عدل کو بروئے کار لاؤ اور ناحق شدت وظلم کی طرف میلان سے دور رہو کیونکہ شدت لوگوں کو ترک وطن پر اور ظلم انھیں تلوار کی طرف بلاتا ہے۔امام عادل موسلادھار بارش سے بہتر ہوتا ہے یہی نہیں بلکہ وہ زمانے بھر کی سرسبزی وشادابی سے زیادہ بہتر ہوتا ہے۔

عدل کی ایک شکل اور ظلم کئی صورتوں ہوتی ہیں، اسی لئے ظلم کرنا آسان اور عدل کرنا مشکل ہے یہ دونوں تیراندازی میں صحیح اور غلط نشانے کی طرح ہیں یقیناً تیر کے صحیح نشانے پر بیٹھ جانے کے لئے بڑے زمانے اور ریاضتیں درکار ہیں جبکہ نشانہ خطاء ہوجانے کے لئے ان سب میں سے کسی کی ضرورت نہیں۔

سب سے افضل والی وہ ہے جس کی یاد عدل کے ذریعے باقی رہے اور اس کے بعد آنے والا اسی سے مدد حاصل کریں۔

رعایا کا دل اپنے مالک کے لئے ایک خزآنے کی طرح ہوتا ہے لہٰذا اس میں جو بھی عدل وظلم رکھے گا وہاں سے وہی پائے گا۔عدل ایمان میں سرفہرست ہے۔

عادلانہ ترین روش یہ ہے کے تم لوگوں کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کرو جیسا تم چاہتے ہو کے وہ تمھارے ساتھ کریں۔عدل کے ذریعے برکتیں دوگنی ہوجاتی ہیں۔حکومتوں کا ثبات عدل سے ہے۔عقل کی فراوانی انسان کو عدل بروئے کار لانے پر آمادہ کرتی ہے۔

عدل میں وسعت ہے۔مظالم کی تلافی کرنے سے زیادہ کوئی عدل نہیں۔جو اپنی سلطنت میں عدل سے کام لیتا ہے وہ مددگاروں سے بے نیاز ہوجاتا ہے۔

جو ظلم کے ذریعے عزت چاہتا ہے اللہ اسے انصاف وحق کے ذریعے ذلیل کرتا ہے۔۱۰؎

## نفسیاتی پہلو

اللہ کی زمین پر پہلا حق یہ ہے کے اللہ کا قانون نافذ العمل ہو،قرآن کریم ایک ضابطہ حیات ہے،جس میں زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا ہے اور کئی جرائم کی سزائیں بھی یعنی حدود کا

تعین بھی کیا گیا ہے، اللہ کی زمین پر امن اور سلامتی کے قیام کے لئے بے حد ضروری ہے کہ دنیا میں اللہ کے بیان کردہ قوانین کا اطلاق کیا جائے، تاہم بہترین سیاست عدل ہے، دنیا کی تاریخ کے بہترین حکمران وہی ہیں جنھوں نے اپنی حکومت کو عدل وانصاف کے ساتھ چلایا جبکہ تاریخ بھی ان ہی بہادروں کو یاد رکھتی ہے جو عادل، منصف اور اپنی رعایا کے لئے مشفق اور مہربان ہوں، لیکن نہایت افسوس کے ساتھ اس حقیقت سے بھی بنی نوع انسانیت کا واسطہ ہے کہ اللہ کی زمین کو مفاد پرست ٹولے نے ظلم، جبر اور لاقانونیت سے بھر دیا ہے، تاہم یہ اصول اور نظام قدرت ہے کہ اللہ ظالم کو حق اور انصاف کے ذریعے نا صرف ذلیل ورسوا کرتا ہے بلکہ اس کو عدل وانصاف کے ذریعے نشان عبرت بھی بنادیا جاتا ہے۔

نفسیاتی اعتبار سے دنیا میں جہاں، جہاں قانون کی عملداری ہے وہاں کی رعایا پرسکون اور خوش ہے کیونکہ قانون کی بالادستی رعایا کو مضبوط پناہ فراہم کرتی ہے۔

## حوالہ کتب:


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات ۔راغب اصفہانی ۔ج۔۲۔ص۔۴۲۲۔ ۴۲۳۔مطبوعہ مکتبہ مصطفیٰ مکہ مکرمہ۔۱۴۱۸ھ۔

۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۴۔نہایہ۔علامہ محمد بن اثیر الجزری (متوفی ۶۰۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۸ھ۔

۵۔سورہ انفطار۔آیت۔۷۔

۶۔سورہ المائدہ۔آیت۔۹۵۔

۷۔سورہ انعام۔آیت۔۷۰۔

۸۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۸۔

۹۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

# ۴۳۔الانصاف۔انصاف

## شریف وہ ہے جو کمزور کے ساتھ انصاف کرے (حضرت علیؑ)

**انصاف**۔عربی زبان کا لفظ ہے، انصاف، نصف سے مشتق ہے۔
انصاف کے معنی ہیں دو برابر حصے۔
انصاف۔کا ذکر قرآن کریم میں ۱۳ مقامات پر موجود ہے۔
انصاف۔کے ایک معنی کسی چیز کو اس کے اصل مقام پر رکھنا۔
انصاف کے ایک معانی حق دار کو پورا حق دینا۔
انصاف کا متضاد ظلم ہے۔۱؎

**ارشادات خداوندی:**

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ شُھَدَآءَ لِلّٰہِ وَلَوْ عَلٰٓی اَنْفُسِکُمْ اَوِ الْوَالِدَیْنِ وَالْاَقْرَبِیْنَ ۚ اِنْ یَّکُنْ غَنِیًّا اَوْ فَقِیْرًا فَاللّٰہُ اَوْلٰی بِھِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الْھَوٰٓی اَنْ تَعْدِلُوْا وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا۔

ترجمہ۔اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہو (اور وقت آنے پر) اللہ کی طرف گواہی دو اگرچہ خود پر ہو یا اپنے ماں باپ اور رشتہ داروں پر، اگر کوئی مالدار یا فقیر ہے تو اللہ ان کا تم سے زیادہ خیر خواہ ہے، سو تم انصاف کرنے میں دل کی خواہش کی پیروی نہ کرو، اور اگر تم کج بیانی کرو گے یا پہلو تہی کرو گے تو بلاشبہ اللہ تمہارے سب اعمال سے باخبر ہے۔۲؎

اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ۔۳؎

ترجمہ۔بے شک اللہ انصاف اور نیکی کا حکم دیتا ہے۔

وَلْیَحْکُمْ اَھْلُ الْاِنْجِیْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ فِیْہِ ۭ وَمَنْ لَّمْ یَحْکُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ

فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْفَاسِقُوْنَ۔ ۴؎

ترجمہ۔ جو اللہ کے نازل کئے ہوئے احکام کے مطابق فیصلہ نہ کریں سو وہی فاسق ہیں۔

اس آیت میں اللہ تعالی نے حکام پر تین باتیں فرض کی ہیں۔

۱۔ فیصلہ کرنے میں اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی نہ کریں۔

۲۔ فیصلہ کرنے میں لوگوں کے دباؤ یا خوف میں مبتلا نہ ہوں۔

۳۔ اللہ کی آیات کے بدلے میں تھوڑی قیمت نہ لیں یعنی (پیسہ لے کر فیصلہ ظالم کے حق میں نہ لکھ دیں)۔

وَنَضَعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ الْقِیَامَۃِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَیْئًا ؕ وَاِنْ کَانَ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَیْنَا بِھَا ؕ وَکَفٰی بِنَا حَاسِبِیْنَ۔ ۵؎

ترجمہ۔ قیامت کے دن ہم انصاف (قسط) کی میزانیں رکھیں گے اور کسی شخص پر ذرہ برابر ظلم نہیں کیا جائے گا اور اگر کسی کا عمل رائی کے دانے کے برابر ہو تو ہم اسے بھی لے آئیں گے اور ہم حساب لینے کے لئے کافی ہیں۔

فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ۔ ۶؎

ترجمہ۔ جس نے ذرہ برابر بھی نیکی کی وہ اس کی جزا پائے گا۔

ھٰذَا کِتَابُنَا یَنْطِقُ عَلَیْکُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا کُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔ ۷؎

ترجمہ۔ یہ ہمارا دفتر تم پر سچ سچ بول رہا ہے، کیونکہ جو کچھ تم کیا کرتے تھے اسے ہم لکھ لیا کرتے تھے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

عادل حاکم کی دعا قبول ہوتی ہے۔ ۸؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ سے ڈرو اور اپنی اولاد کے درمیان انصاف کو قائم کرو۔ ۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دنیا کی بربادی اللہ کے نزدیک ایک مسلمان کے قتل ہونے سے

کہیں زیادہ کمتر و آسان ہے۔ ۱۰؎

## اللہ کی حدود کا قیام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کی حدیں قریب اور دور یعنی (اپنے عزیز و اقارب اور غیر رشتے داروں) پر بھی قائم کرو اور تمھیں اللہ کے احکامات کے نفاذ میں کسی ملامت کا خوف نہیں ہونا چاہئے۔ ۱۱؎

### نیک وزیر:

قاسم بن محمد بیان کرتے ہیں میں نے اپنی اپنی پھوپھی سے سنا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم میں سے جو شخص کسی منصب پر فائز ہوا پھر اللہ تعالی نے اس کے ساتھ خیر کا ارادہ کیا تو پھر اس کے لئے نیک وزیر مقرر فرماتا ہے اگر وہ بھول جائے تو وہ اس کو یاد دلاتا ہے اور اگر اس کو یاد ہو تو وہ اس کی مدد کرتا ہے۔ ۱۲؎

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی جس کو بھی خلیفہ بناتا ہے، اس کے دو وزراء یا راز دار مقرر کئے جاتے ہیں۔

۱۔ پہلا اس کو نیکی کا حکم دیتا اور برائی سے روکتا ہے۔ ۲۔ دوسرا اس کو برائی کی جانب ابھارتا ہے تاہم معصوم وہ ہے جس کو اللہ تعالی معصوم رکھے۔ ۱۳؎

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی نے آسمان اور زمین پر میرے دو، دو وزراء مقرر فرمائے ہیں چنانچہ آسمان والوں میں میرے دو وزراء جبرائیلؑ اور میکائیلؑ ہیں اور زمین پر میرے دو وزراء ابوبکرؓ اور عمرؓ ہیں۔ ۱۴؎

فاطمہ نامی ایک عورت نے چوری کی اور رنگے ہاتھوں پکڑی گئی اور اس نے اپنی سفارش کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک پیغام بھیجا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھ سے جتنا چاہے روپیہ اور پیسہ لے لیجئے لیکن میرا ہاتھ نہ کاٹا جائے یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ غصے سے سرخ ہو گیا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر فاطمہؓ بنت محمد بھی چوری کرتیں تو بخدا میں ان کے ہاتھ کاٹ دیتا

آپ ﷺ نے مزید فرمایا! تم سے پہلی قومیں صرف اسی وجہ سے تباہ برباد ہوئیں کیونکہ ان کے یہاں امیر کا قانون الگ تھا اور غریب کا قانون الگ تھا چنانچہ امیر بڑے سے بڑا جرم کر کے بچ جاتا تھا جبکہ غریب کو سخت سزاؤں سے گزرنا پڑتا تھا۔۱۵؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس سے مشورہ طلب کیا جائے اسے امانت دار ہونا چاہئے۔۱۶؎

## ظالم حکومت کا سبب عوام کا ظلم ہے

وَ كَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۔۱۷؎

ترجمہ۔ہم اس طرح سے بعض ظالموں پر بعض کو مسلط کر دیتے ہیں کیونکہ وہ معصیت کے کام کرتے تھے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْر۔۱۸؎

ترجمہ۔اور جو لوگ کافر ہیں وہ ایک دوسرے کے رفیق ہیں، اگر تم یوں نہ کرو گے تو ملک میں فتنہ پھیلے گا اور بڑا فساد ہوگا۔

اللہ تعالیٰ بعض انس اور جن کو آپس میں ایک دوسرے کا دوست اور مددگار بنا دیتا ہے اور ان کا یہ باہمی استفادہ اللہ تعالیٰ کے علم سابق اور قضاء وقدر ے عین مطابق ہوتا ہے کیونکہ وہ جس چیز کا ارادہ کرتے تھے اللہ تعالیٰ ان میں وہی چیزیں پیدا کر دیتا تھا اسی طرح سے اللہ تعالیٰ بعض ظالموں کو بعض کا ولی، مددگار اور کارساز بنا دیتا ہے۔

امام ابوبکر احمد بن حسین البیہقیؒ (متوفی ۴۵۸ھ) اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں ،بنو اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پوچھا آپ اللہ سے اللہ کے راضی اور ناراضی کی علامت پوچھیے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ سے اس سوال کا جواب دریافت فرمایا، اللہ نے جواب عنایت فرماتے ہوئے کہا! ئے موسیٰ انھیں بتاؤ کے جب ان کے اچھے لوگوں کو ان

پر حاکم بناؤں تو میں ان سے راضی ہوں اور جب میں ان کے برے لوگوں کو ان پر حاکم بناؤں تو میں ان سے ناراض ہوں۔۱۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہم جس شخص کو کسی کام پر متعین کریں اور اسے اس پر تنخواہ بھی دیں تو وہ شخص جو اس سے مزید مال یعنی (رشوت یا فوائد) لے گا وہ خیانت ہوگی۔۲۰؎

کعب احبار بیان کرتے ہیں، ہر زمانہ میں اللہ تعالی لوگوں ے دلوں کے مطابق بادشاہ مقرر کر دیتا ہے جب اللہ تعالی ان کی بہتری کا ارادہ کرتا ہے تو نیک بادشاہ مقرر فرماتا ہے اور جب ان کی ہلاکت کا ارادہ فرماتا ہے تو عیش پسند بادشاہ ان پر مسلط فرماتا ہے۔۲۱؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں، جب اللہ تعالی سی قوم کو سزا دینے کا ارادہ فرماتا ہے تو ان پر بدترین لوگوں کو حاکم بنا دیتا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَآ اَصَابَكُمۡ مِّنۡ مُّصِيۡبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتۡ اَيۡدِيۡكُمۡ وَيَعۡفُوۡا عَنۡ كَثِيۡرٍ۔۲۲؎

ترجمہ۔ جو مصیبت تمھیں پہنچتی ہے وہ تمھاری ہی شامت اعمال کا نتیجہ ہے اور تمھاری بہت سی خطاؤں کو وہ معاف کر دیتا ہے۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! شریف وہ ہے جو کمزور کے ساتھ انصاف کرے۔

پرچم ظلم کے ساتھ رہنے والے قوی انسان کے مقابلے میں، پرچم انصاف کے نیچے رہنے والا کمزور انسان سے زیادہ ڈرو کیونکہ اس کی مدد اس طرح سے ہوتی ہے کے وہ خود بھی سمجھ نہیں پاتا۔اپنے لئے ایسی حالت اختیار کرو کے جس میں بھلے ہی تم مغلوب رہو مگر منصف رہو۔

ایسی حالت اختیار نہ کرو کے جس میں تم غالب تو رہو مگر ظالم بھی رہو۔

تین چیزیں زبردست اعمال میں شمار کی جاتی ہیں۔

۱۔ ہر حال میں ذکر الہی۔ ۲۔خلق خدا کی مال کے ذریعے سے مدد۔

۳۔ اپنے آپ اور لوگوں کے ساتھ انصاف کرنا۔

انصاف اختلاف کر مٹا کر آپس میں محبت پیدا کر دیتا ہے۔ انصاف یہ اشراف کا شیوہ ہے۔ جو قدرت کے باوجود ظالم سے مظلوم کو انصاف نہ دلائے تو اللہ اس کی قدرت سلب کر لیتا ہے اور جس نے انصاف میں روکاوٹ پیدا کی اللہ اس کے امکانات کو سلب کر لیتا ہے۔ مومن اس سے بھی انصاف کرتا ہے جو اس سے ناانصافی کرتا ہے۔

انصاف محبت کو دوام دیتا ہے۔ عظیم ترین صلہ انصاف کا صلہ ہے۔

سب سے بڑا منصف وہ ہے جو اپنے آپ ساتھ بغیر کسی حاکم کے انصاف سے پیش آئے۔

عادل ترین وہ شخص ہے جو قوت کے باوجود انصاف سے کام لے اور حلیم ترین وہ شخص ہے جو قدرت ہوتے ہوئے بھی بردباری کا ثبوت دے۔ انصاف قدرت اور توانائی کی زکوۃ ہے۔

انصاف کے ساتھ اخوت کو دوام ملتا ہے۔ ۲۳؎

## نفسیاتی پہلو

انصاف، نصف سے مشتق ہے جس کے معانی چیزوں کو درست جگہ پر رکھنا، یعنی جرائم پیشہ افراد کی درست جگہ جیل اور سزائیں ہیں، جبکہ معصوم اور کمزور لوگوں کو مکمل اور بلا تعطل عدل وانصاف کی فراہمی حکومت وقت کی اولین ذمہ داری ہے، عدل وانصاف کی برکات سے انسان، عوام اور مملکت پھلتی اور پھولتی ہے، اور ایسی جگہوں پر اللہ کی رحمتوں کا نزول مسلسل ہوتا ہے، دنیا میں بے شمار ممالک ایسے ہیں جہاں کفار کی حکومتیں قائم ہیں لیکن ان ممالک میں عدل وانساف کی بالا دستی کی وجہ سے عوام الناس خوش اور مطمئین ہیں جبکہ اس دنیا میں کئی ممالک ایسے بھی ہیں جہاں مسلمانوں کی حکومتیں قائم ہیں لیکن بے انصافی، کرپشن، حقوق کی پامالی اور بے پناہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے عوام اور معصوم لوگوں پر طرح طرح کے مظالم کے سبب وہ مملکتیں سخت ناگہانی آفات، مہنگائی، بدامنی، رعایا کی بدحالی، غربت اور مایوسی کا شکار ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ النساء۔آیت۔ ۱۳۵۔

۳۔سورہ النحل۔آیت۔ ۹۰۔

۴۔سورہ المائدہ۔آیت۔ ۴۷۔

۵۔سورہ الانبیاء۔آیت۔ ۴۷۔

۶۔سورہ الزلزال۔آیت۔ ۷۔

۷۔سورہ الجاثیہ۔آیت۔ ۲۹۔

۸۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔ ۱۴۱۴ھ۔

۱۱۔ ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔ بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۲۔سنن نسائی ۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۱۲ھ۔

۱۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۴۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔ ۱۴۱۴ھ۔

۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۶۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

۱۷۔سورہ انعام۔آیت۔ ۱۲۹۔

۱۸۔سورہ انفال۔آیت۔ ۷۳۔

۱۹۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۲۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۱۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۲۲۔سورہ الشوریٰ ۔آیت۔ ۳۰۔

۲۳۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔ ۵۶۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

## ۴۴۔العبادۃ۔عبادات

**جب اللہ کسی بندے کو پسند فرمالیتا ہے تو اسے حسن عبادت کا الہام عطافرمادیتا ہے۔(حضرت علیؑ)**

**عبد**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ع۔ب۔د) سے مشتق ہے۔

عبد۔ایک خوشبودار پودے کو کہتے ہیں جو اونٹ کی بڑی مرغوب غذا ہے چنانچہ اس پودے کو کھا کر اونٹ فربہ،توانا اور زیادہ دودھ دیتے ہیں لیکن خاصیت کے اعتبار سے اس پودے کا مزاج گرم ترین ہے لہذا جب اونٹ اپنی اس انتہائی مرغوب غذا کو کھاتا ہے تو اسے شدت کی پیاس لگتی ہے۔ماہرین نے اس پودے کی تین خصوصیات لکھی ہیں۔

ا۔پودے کی کشش اور جاذبیت۔

۲۔ابتداء میں پیاس کی تکلیف لیکن آخرالامر۔

۳۔فربہی اور دودھ کی فراوانی۔

چنانچہ اس بنیادی معانی میں ابتداء میں تکلیف لیکن آخر میں منافع بخشی کے پہلو مضمر ہیں۔ا؎

سفینۃ معبد۔کے بنیادی معانی کے پیش نظر اہل عرب اپنی کشتی پر تیل، چربی یا تارکول کا لیپ لگاتے ہیں جس سے ان کی کشتی بدصورت تو ہوجاتی ہے لیکن نتیجے کے اعتبار سے سمندر کا کھارا پانی کشتی کی لکڑی کو نقصان نہیں پہنچاتا،اس قسم کی کشتی کو عربی زبان میں سفینۃ معبد کہا جاتا ہے ابن فارس نے عبد کے معانی کی وضاحت میں ان دونوں نکات کو اپنے پیش نظر رکھا ہے اور عبد کی وضاحت میں نرمی اور ذلت دونوں ہی زاویوں سے اس کی وضاحت کی ہے۔۲؎

عبادۃ ایک ایسا عمل ہے جس میں اگرچہ دل کا شوق اور رغبت دونوں ہی پائے جاتے ہیں جو

اپنے نتائج کے اعتبار سے نہایت منفعت بخش ہے لیکن عبادۃ میں مشقت کے پہلو سے صرف نظر نہیں کیا جاسکتا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ۔ ۳؎

ترجمہ۔اللہ کسی شخص کو اس کی اس کی طاقت سے زیادہ کا مکلف نہیں کرتا' جو اس (شخص) نے نیک کام کیے ہیں ان کا نفع (بھی) اس کے لیے ہے۔

اس آیت میں انسان کو یہ بتایا گیا اگر وہ اللہ کے قاعدے قوانین کی پابندی کرتا ہے تو بظاہر وہ مشقت اور تکلیف تو اٹھاتا ہے لیکن یہ تمام مشقتیں خود نفس انسانی کی وسعت اور کشادگی کے لئے ہیں جس سے اسی کو فائدہ پہنچتا ہے۔

اللہ تعالی نے قرآن کریم میں عبادت کے مفہوم کو تین آیات میں اس طرح سے واضح کیا ہے!

وَذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ ۴؎

ترجمہ۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصیحت کرتے رہیے کیونکہ نصیحت مومنین کے لئے مفید ہے۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ۔ ۵؎

ترجمہ۔ہم نے جنات اور انسانوں کو صرف اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے۔

مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ۔ ۶؎

ترجمہ۔ میں ان میں سے کسی سے رزق طلب نہیں کرتا اور نا میں یہ چاہتا ہوں کے وہ مجھے کھانا دیں۔

تعبید۔ سے مراد اونٹ یا گھوڑے کو سدھانا یعنی جانور کی قوت اور صلاحیتوں کو مسلسل تربیت کے ذریعے کام میں لانا چنانچہ ابتدا میں تو جانور کو سخت تربیت اور مشقت سے گزرنا پڑا لیکن وہ بلاآخر تربیت کے بعد اپنے مالک کے کام کا بن گیا۔

عبد۔ سے مراد جب انسان اللہ کے بتائے ہوئے قوانین کی پاسداری اور اللہ کی اطاعت میں

اپنی قوت اور صلاحیت کو جب صرف کرتا ہے تو اس کی قوت اور صلاحیت بے ترتیب رہ کر سرکش نہیں ہوتی بلکہ Channelized ہوکر منشائے الٰہی کے مطابق ہوجاتی ہے جس سے بنی نوع انسانیت کو فائدہ ہوتا ہے۔۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَلَقَدۡ بَعَثۡنَا فِیۡ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوۡلًا اَنِ اعۡبُدُوا اللّٰهَ وَاجۡتَنِبُوا الطَّاغُوۡتَ۔ ۷؎

ترجمہ۔ہم نے ہر قوم میں ایک رسول بھیجا تا کہ اللہ کی عبادت کرو اور شیطان سے اجتناب کرو۔

یہاں طاغوت سے مراد سرکش قوتیں ہیں، اگرچہ دنیا کے ہر انسان میں بے انتہا صلاحیتیں، طاقت اور توانائی موجود ہے لیکن اگر اس نے منشاء الٰہی کے مطابق تربیت حاصل نہیں کی تو وہ دنیا اور لوگوں کی تباہی کا سبب ہوسکتی ہیں لیکن اگر وہ تربیت یافتہ ہیں تو پھر وہ دین اور دنیا دونوں میں نفع بخش ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

یَاۤاَبَتِ لَا تَعۡبُدِ الشَّیۡطٰنَ ؕ اِنَّ الشَّیۡطٰنَ كَانَ لِلرَّحۡمٰنِ عَصِیًّا۔ ۸؎

ترجمہ۔(حضرت ابراہیم نے کہا) اے میرے ابا! آپ شیطان کی پیروی نہ کریں۔ بے شک شیطان رحمٰن کا نافرمان ہے۔

چنانچہ یہ کائنات اور اس میں پائی جانے بے شمار دنیائیں سب کی سب اللہ کی مملکت ہیں جہاں صرف اور صرف اللہ کا حکم رائج ہوگا چنانچہ اسی حکم کی implementation کے لئے تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر دنیا میں بھیجے گئے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

مَا تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسۡمَآءً سَمَّیۡتُمُوۡهَاۤ اَنۡتُمۡ وَاٰبَآؤُكُمۡ مَّاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنۡ سُلۡطٰنٍ ؕ اِنِ الۡحُكۡمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّاۤ اِیَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّیۡنُ الۡقَیِّمُ وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ۔ ۹؎

ترجمہ۔تم اللہ کے سوا جن کی عبادت کرتے ہو وہ صرف چند اسماء ہیں جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیا ہے اللہ نے ان کے ساتھ کوئی سند نہیں نازل کی، حکم صرف اللہ کا ہے، اس نے حکم دیا ہے کہ تم اس کے سوا اور کسی کی عبادت نہ کرو یہی صحیح دین ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

عباد۔ سے مراد بندہ۔

عابد۔ سے مراد عبادت گزار۔

عبد یا عباد۔ سے مراد غلام، محکوم، اطاعت گزار، اللہ کا مطیع و فرمانبردار، حکم کی بجا آوری کرنے والا۔

العبد۔ سے مراد انسان، خواہ وہ آزاد ہو یا غلام لیکن بعد ازاں یہ لفظ غلاموں کے لئے بولا جانے لگا۔۱۰؎

عباد الرحمٰن ۔ سے مراد رحمٰن کے بندے جو صرف اور صرف اللہ کے قوانین اور حکم پر عمل کرتے ہیں

عباد الرحمٰن ۔ سے مراد رحمٰن کے ایسے بندے جنھوں نے اپنی تمام طاقت، توانائی اور صلاحیتوں کو اللہ کی منشاء کے مطابق ڈھال لیا ہو اور وہ اللہ کے محکوم ہوں۔

**وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ۔۱۱؎**

ترجمہ۔ہم نے جنات اور انسان کو صرف اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے۔

اللہ تعالی نے کل اشیائے کائنات کو انسان کی خدمت کے لئے پیدا کیا ہے جبکہ انسان کو صرف اور صرف اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے۔

## عبادات کی اقسام کا تعین

زندگی کا ہر وہ عمل عبادت ہے جس کا حکم اللہ اور اس کے رسول نے دیا ہے، اس میں شامل سونا، جاگنا، کھانا کھانا، پانی پینا، مکمل لباس پہننا، علم حاصل کرنا، رزق حلال کمانا، اولاد کی اچھی تعلیم

وتربیت کرنا، پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک کرنا، سلام میں پہل، بیمار کی عیادت، مردے کی تدفین، رشتے داروں کے حقوق ادا کرنا، پاک صاف رہنا، اپنے ماحول اور گھر ولباس کی پاکی اور صفائی کا خاص خیال رکھنا، وقت کی قدر کرنا، تمام عبادات کو وقت پر ادا کرنا، روزہ، نماز، حج زکوۃ ادا کرنا یہاں تک راستے سے کسی تکلیف دہ چیز کو ہٹا دینا اور کسی سے مسکرا کے ملنا بھی عبادت ہے۔

بقول شاعر!

محو تسبیح تو سب ہی ہیں مگر ادراک کہاں زندگی کا تو ہر جز ہی عبادت ہے مگر ہوش کہاں

## تصور احسان

رسول اللہ ﷺ صحابہ کرام کے درمیان تشریف فرما تھے اور آپ نے صحابہ کو مخاطب کرے فرمایا تم لوگ جب بھی عبادت کیا کرو تصور احسان کے ساتھ عبادت کیا کرو، صحابہ کرام نے عرض کی رسول اللہ ﷺ تصور احسان کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا تصور احسان کا مطلب ہے کے عبادت کے دوران اللہ کا تصور قائم کرنا یعنی یہ سوچنا کے تم اللہ کو دیکھ رہے ہو اور اگر یہ تصور قائم نہیں ہوتا ہے تو پھر یہ سوچو کے اللہ تو مجھے دیکھ ہی رہا ہے۔ ۱۲؎

### دورود شریف کی فضیلت:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص پر تنگ دستی مسلط ہو تو اسے چاہئے کے وہ مجھ پر کثرت سے درود بھیجے اس لئے کے درود شریف تنگ دستی ختم کر کے کثرت رزق اور حاجات کو پورا کرنے کا سبب ہے۔ ۱۳؎

### سلام میں پہل:

حضرت انسؓ بن مالک روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تم اپنے گھر میں داخل ہو تو اس گھر والوں کو سلام کرو یہ تمھارے اور تمھارے گھر والوں کے لئے باعث برکت ہے۔ ۱۴؎

دوسری روایت یہ ہے کہ اگر گھر میں کوئی بھی نا ہوتو رسول اللہ ﷺ پر سلام بھیجو اور ایسا کرنا گھر اور رزق میں اضافے اور خیر و برکت کا سبب ہوگا۔

## والدین کی خدمت اور اہل وعیال پر خرچ کرنا:

**وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا۔** ۱۵؎

ترجمہ۔ہم نے انسان کو اس کے والدین کے ساتھ اچھے سلوک کی تاکید کی ہے۔

**وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْا اِلَّا اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَا اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَا اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا۔**

ترجمہ۔تم والدین کے ساتھ بھلائی کرو اور جب ان میں سے ایک یا دونوں تمھارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو تم ان کو اف تک نہ کرو اور نہ ہی ان کو جھڑکو اور ان سے ادب سے بات کرو۔ ۱۶؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے! جب انسان ثواب کی نیت سے اپنے اہل وعیال پر خرچ کرتا ہے تو اس کا یہ عمل بھی اس کے لئے صدقہ ہے۔ ۱۷؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب انسان اپنے والدین کے لئے دعا کرنا چھوڑ دیتا ہے تو اس کا رزق روک دیا جاتا ہے۔ ۱۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اس شخص کی ناک خاک آلود ہوجائے، ایسا آپ ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا صحابہ کرام نے پوچھا کون رسول اللہ ﷺ؟ آپ ﷺ نے فرمایا! جس نے اپنے والدین میں سے کسی ایک یا دونوں کو بڑھاپے میں پایا اور ان کی خدمت کر کے جنت میں داخل نہ ہوا۔ ۱۹؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! باپ جنت کا درمیانی دروازہ ہے اگر تم چاہو تو اس دروازے کو ضائع کردو اور اگر چاہو تو اس دروازے کی حفاظت کرلو۔ ۲۰؎

## بوڑھے اور بزرگوں کا ادب و تعظیم:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بوڑھے مسلمان کی تعظیم ایسی ہی ہے جیسے انسان اللہ کی تعظیم و ادب کرے۔ ۲۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری امت کے بوڑھے کی عزت کرنا میری عزت کرنا ہے۔ ۲۲؎

## مساکین، بیواؤں اور یتیموں پر خرچ کی فضیلت:

يَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ ۖ قُلْ مَا أَنفَقْتُم مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ ۗ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ بِهِ عَلِيمٌ ۔ ۲۳؎

ترجمہ۔اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں، کہہ دو جو مال بھی تم خرچ کرو وہ ماں باپ اور رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کا حق ہے، اور جو نیکی تم کرتے ہو سو بے شک اللہ خوب جانتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بیواؤں اور مساکین کے لئے کوشش کرنے والا اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے کی طرح ہے یا اس شخص کی طرح ہے جو دن میں روزے رکھتا ہے اور رات کو عبادت کرتا ہے۔ ۲۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم لوگوں کو اللہ صرف اپنے کمزور اور معذور لوگوں کی دعاؤں کی وجہ سے رزق عطا کرتا ہے۔ ۲۵؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کیا میں تمھیں افضل صدقہ نہ بتادوں؟ تم اپنی اس بیٹی کو صدقہ دو جو (شوہر کی موت یا طلاق کی وجہ سے) تمھارے پاس آگئی ہو اور تمھارے سوا اس کا کوئی کمانے والا بھی نہ ہو۔ ۲۶؎

حضرت علیؑ فرماتے ہیں! دیکھو یتیموں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہو انھیں بھوک کی

نوبت نہ آنے پائے۔۲۷؎

جس شخص کو اپنی بیٹیوں کی (پرورش اور تربیت) کی وجہ سے کوئی معمولی سی بھی تکلیف پہنچتی ہے تو یہ بیٹیاں اس کے لیے جہنم سے بچاؤ کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔۲۸؎

## رشتے داروں کے ساتھ حسن سلوک:

قرآن کریم میں کئی مقامات پر رشتے داروں سے حسن سلوک کی تاکید فرمائی گئی ہے۔

الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا وَالصّٰبِرِيْنَ فِى الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ۔۲۹؎

ترجمہ۔ نیکی تو یہ ہے جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور فرشتوں اور کتابوں اور نبیوں پر، اور اس کی محبت میں رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں اور سوال کرنے والوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں مال دے، اور نماز پڑھے اور زکوۃ دے، اور جو اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہیں جب وہ عہد کر لیں، اور تنگدستی میں اور بیماری میں اور لڑائی کے وقت صبر کرنے والے ہیں، یہی سچے لوگ ہیں اور یہی پرہیزگار ہیں۔

وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِى الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا۔۳۰؎

ترجمہ۔ ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور قریبی ہمسایہ اور اجنبی ہمسایہ اور پاس بیٹھنے والے اور مسافر اور اپنے غلاموں کے ساتھ بھی (نیکی کرو)۔ بے شک اللہ پسند نہیں کرتا اِترانے والے بڑائی کرنے والے شخص کو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! رشتے داری کو ختم کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ ۳۱؎
جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہئے کے وہ اپنے رشتے داروں سے صلہ رحمی کرے ۔ ۳۲؎
جو شخص یہ چاہتا ہے کے اس کی روزی کشادہ ہو اور عمر لمبی ہو جائے تو اس کو چاہئے کے وہ اپنے رشتے داروں سے حسن سلوک کرے ۔ ۳۳؎

## پڑوسیوں کے حقوق:

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا ۔ ۳۴؎

ترجمہ۔ صرف اللہ کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ کرو، اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور قریبی ہمسایہ اور اجنبی ہمسایہ اور پاس بیٹھنے والے اور مسافر اور اپنے غلاموں کے ساتھ بھی (نیکی کرو)، بے شک اللہ پسند نہیں کرتا اِترانے والے بڑائی کرنے والے شخص کو۔
پڑوسیوں کی حدود آپ کے اپنے گھر کے چاروں طرف چالیس، چالیس گھروں تک ہے ۔
حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مجھے جبرائیل علیہ السلام نے پڑوسیوں کے اس قدر حقوق بیان کئے کے مجھے ایسا لگا کے اب وہ پڑوسیوں کو وراثت میں بھی حصہ دار بنا دیں گے۔ ۳۵؎
وہ مسلمان خوش نصیب ہے جس کا گھر وسیع ہو، اس کے پڑوسی نیک ہوں اور اس کے پاس آرام دہ سواری ہو۔ ۳۶؎
اے مسلم خاتون کوئی پڑوسن اپنی دوسری پڑوسن کو کوئی چیز دینے میں حقارت محسوس نہ کرے

چاہے وہ بکری کی کھر ہی کیوں نہ ہو۔ ۳۷؎
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ یہ فرمایا! خدا کی قسم وہ مومن نہیں جس کا پڑوسی اس کے شر سے محفوظ نہ ہو۔ ۳۸؎

## مہمان کی عزت اور توقیر:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو کوئی اللہ، اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے، اسے چاہئے کے وہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔ ۳۹؎

## زوجین کے حقوق:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیوی کی کمزوریوں کو تلاش کرنے سے منع فرمایا ہے۔ ۴۰؎

**وَّبِمَآ اَنۡفَقُوۡا مِنۡ اَمۡوَالِهِمۡ‌ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلۡغَيۡبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ۔** ۴۱؎

ترجمہ۔ جو نیک بیویاں ہیں وہ اپنے مردوں کے حکم پر چلتی ہیں اور شوہر کی غیر موجودگی میں اپنی عزت اور شوہر کے مال کی محافظ ہوتی ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ عورت سب سے بہترین ہے جو اپنے شوہر کی اطاعت کرے اور اس کی کسی بات میں مخالفت نہ کرے۔ ۴۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دنیا کی سب سے قیمتی متاع (دولت) نیک بیوی ہے۔ ۴۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواتین کو صدقات دینے کی ترغیب دی اور فرمایا! تم صدقات زیادہ دیا کرو کیونکہ تم مردوں کے مقابلے میں زیادہ جہنم میں جاؤ گی یہ سن کر ایک خاتون نے کہا ایسا کیوں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کیونکہ عورتیں اپنے شوہروں کی نافرمان اور ناشکری ہوتی ہیں اور زیادہ لعنت کرتی ہیں۔ ۴۴؎

## دل آزاری سے گریز:

فرید الدین عطار فرماتے ہیں، جس شخص کا دن اور رات کسی شخص کی دل آزاری کے بغیر گزرا ہو

تو گویا اس نے وہ وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت میں گزارا۔

## اولاد کی حفاظت اور ان کی اچھی تربیت:

ارشادات خداوندی ہیں!

وَلَا تَقْتُلُوٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ-نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ-اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا-۴۵؎

ترجمہ۔ اپنی اولاد کو غربت کے خوف سے قتل نہ کرو انھیں بھی ہم رزق دیتے ہیں اور تمھیں بھی ہم رزق دیتے ہیں ان کا قتل بہت سخت گناہ ہے۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ-قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ-۴۶؎

ترجمہ۔ بے شک وہ لوگ تباہ ہو گئے جو اپنی اولاد کو جہالت سے بیوقوفی کرتے ہوئے قتل کرتے ہیں اور اللہ نے جو رزق انہیں عطا فرمایا ہے اسے اللہ پر جھوٹ باندھتے ہوئے حرام قرار دیتے ہیں۔ بیشک یہ لوگ گمراہ ہوئے اور یہ ہدایت والے نہیں ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات ہیں! اپنی اولاد کی عزت اور توقیر کیا کرو اور ان کی اچھی تربیت کرو۔۴۷؎

اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کے ساتھ مساویانہ سلوک کرو۔۴۸؎

## مناسب جگہ پر بچوں کے نکاح:

جب اولاد شادی کی عمر کو پہنچ جائے تو والدین کی یہ اہم ترین ذمہ داری ہے کے وہ ان کا مناسب جگہ پر نکاح کر دیں لیکن نکاح کے موقع پر دین داری کو دیکھنا ضروری ہے۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ-۴۹؎

ترجمہ۔ مرد اپنی پسند کی عورتوں سے نکاح کریں۔

جبکہ بیٹیوں کے نکاح میں ان کی اجازت لینا بہت ضروری ہے۔۵۰؎

## کھانا کھلانا اور پانی پلانا:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! اگر کسی شخص کے بہت گناہ ہوجائیں تو اسے چاہیئے کے وہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ پانی پلائے تاہم اس شخص کے اس عمل سے اس کے گناہ ایسے جھڑیں گے جیسے خزاں کے موسم میں خشک پتے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے! میری امت کے بہترین لوگ وہ ہیں جو لوگوں کو کھانا کھلاتے ہیں اور اس کھلانے میں ریاکاری یعنی دکھاوا نہیں ہوتا۔ ۵۱

حضرت براء بن عازب بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے کسی نے دریافت کیا! مجھے کوئی ایسا عمل بتائے کے میں جنت میں داخل ہوجاؤں۔

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! بھوکے کو کھانا کھلاؤ، پیاسے کو پانی پلاؤ اور نیکی کا حکم دو اور برائی سے روکو اور اگر تم ان کاموں کی طاقت نہیں رکھتے تو پھر اپنی زبان سے دوسروں کو تکلیف اور نقصان نہ پہچاؤ۔ ۵۲

حضرت عبدالقادر جیلانی فرماتے ہیں! میں نے سب اعمال کو دیکھا، مجھے کھانا کھلانے سے بڑھ کر کوئی چیز باعث اجر نظر نہیں آئی اگر پوری دنیا میرے ہاتھ میں ہوتی تو میں بھوکوں کو کھانا کھلاتا۔

## گھر کے کام کاج کو خوش دلی سے کرنا:

گھر کے کام کاج میں افراد خانہ ناگواری، اکتاہٹ اور بے زاری محسوس کرتے ہیں جبکہ گھریلو کام کاج اسلام کی نظر میں نہایت اعلیٰ قسم کی عبادت تصور کی جاتی ہے۔ حضرت علیؓ کے پاس کچھ خواتین آئیں اور انھوں نے یہ کہا مرد جہاد کرتے ہیں اور بہت اجر وثواب حاصل کر لیتے ہیں تو آپ ہم خواتین کو بھی جہاد کی اجازت عنایت فرمایئے تا کہ ہم اس اجر وثواب سے محروم نہ رہ سکیں تو اس کے جواب میں حضرت علیؓ نے فرمایا! خواتین کا بہترین جہاد اپنے شوہر کے ساتھ بہترین برتاؤ، شوہر کی گھرداری، پنی اولاد کی اچھی تعلیم وتربیت اور اپنے گھر کے کام کاج

میں ہے۔ ۵۳؎

غور طلب نکتہ یہ ہے کے دنیا کے تمام مسلمان مردوں کو جہاد کا موقع نہیں ملتا کیونکہ جب امن ہے تو پھر جنگ کی ضرورت نہیں لیکن دنیا کی ہر عورت ہر روز اپنے گھر، شوہر اور بچوں کی دمت کر کے جہاد جتنا اجر و ثواب حاصل کر لیتی ہے چنانچہ گھریلو کام کاج میں کبھی بھی اکتاہٹ اور بے زاری کا اظہار نہیں کرنا چاہئے بلکہ اسے ایک نعمت عظمیٰ سمجھتے ہوئے انجام دینا چاہئے کیونکہ گھریلو اموری انجام دہی سے جہاد جتنا ثواب گھر بیٹھے ہی مل جاتا ہے۔

حضرت عائشہؓ سے کسی نے پوچھا، جب رسول اللہ ﷺ گھر میں تشریف فرما ہوتے ہیں تو آپ ﷺ کے کیا معمولات ہوتے ہیں؟ تو آپ نے فرمایا! آپ ﷺ جب گھر میں ہوتے ہیں تو گھر کے کام کاج میں میری مدد فرماتے ہیں کبھی پڑے دھودیتے ہیں کبھی آٹا گوندھ لیتے ہیں اکثر گھر کی صاف صفائی بھی کر لیتے ہیں حتیٰ کے اگر آپ ﷺ کا جوتا ٹوٹ جائے تو آپ ﷺ اس کو بھی اپنے ہاتھوں سے بخوشی سی لیتے ہیں۔ ۵۴؎

## برائی کے بعد نیکی:

حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تم میں سے کسی سے کوئی برائی ہو جائے تو تو اس کو چاہئے کے وہ فوراً کوئی نیکی کر لے کیونکہ نیکی اس برائی کو مٹا دیتی ہے حضرت ابوذرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ! کیا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھنا بھی نیکی ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! یہ تو افضل ترین نیکی ہے۔ ۵۵؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! ضعیف اور کمزور لوگوں کو ڈھونڈنے میں میری مدد کرو کیونکہ کمزور اور ضعیف کی وجہ سے ہی تمھیں رزق دیا جاتا ہے اور تمھاری مدد کی جاتی ہے۔ ۵۶؎

## جنازے میں شرکت:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس نے کسی جنازے میں شرکت کی اور نماز جنازہ پڑھی تو اس کے لئے ایک قیراط کا ثواب ہے اور جو کوئی تدفین تک میت کے ساتھ رہا تو اس کے لئے دو

قیراط کا ثواب ہے کسی نے پوچھا حضور ﷺ یہ قیراط کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا دو عظیم پہاڑوں کے برابر (اجر و ثواب)۔۵۷؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مسلمان کے جنازے میں شرکت دوسرے مسلمان پر واجب ہے۔۵۸؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تم کسی مسلمان کی تدفین کے لئے جاؤ تو تدفین کے بعد اس کی قبر کے پاس بیٹھ کر اتنی دیر تک اللہ کا ذکر کرو جتنی دیر میں ایک اونٹ ذبح کر کے اس کا گوشت تقسیم کیا جاتا ہے کیونکہ دفن ہونے کے بعد میت اس طرح سے پریشان ہوتی ہے جس طرح سے ایک آدمی سمندر کی لہروں میں ڈوب کر مر رہا ہے لیکن (قبر پر) ذکر کی فضیلت سے اس میت کو خوشی اور (اطمینان) حاصل ہوتا ہے یعنی (اولاد اور دیگر رشتے داروں نے اس کا حق ادا کر دیا)۔۵۹؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھنے والوں پر۔ ا۔موت کے وقت۔ ۲۔ان کی قبروں میں۔ ۳۔اور حشر کے دن کسی قسم کی کوئی وحشت نہیں ہوگی۔۶۰؎

## تعزیت کی فضیلت:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو مومن اپنے بھائی کو کسی مصیبت پر تسلی دیتا ہے اللہ تعالی اسے قیامت کے دن عزت کا لباس پہنائیں گے۔۶۱؎

## خشیت الٰہی:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو چیز سب سے زیادہ جنت میں داخل کرے گی وہ اللہ تعالی کا ڈر (خشیت الٰہی) اور اچھا اخلاق ہے۔۶۲؎

## باوضو سونے کی فضیلت:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو بندہ باوضو سوتا ہے پھر رات میں کسی وقت اس کی آنکھ کھل

جائے اور وہ اللہ سے دنیا یا آخرت کی کوئی دعا یا سوال کرے تو اللہ تعالی اس کی دعا کو قبول فرماتے ہیں ۔ ۶۳ ؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری امت کے لوگ وضو کے نشانات کی وجہ سے قیامت کے دن سفید پیشانی اور سفید ہاتھ پاؤں کی وجہ سے پہچانیں جائیں گے تو تم میں سے جو کوئی اپنی چمک بڑھانا چاہتا ہو تو اسے چاہئے کے وہ (وضو اچھی طرح سے کیا کرے)۔ ۶۴ ؎

## مسجد کی جانب قدم اٹھانا:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس وقت بندہ اپنے گھر سے مسجد کی طرف نکلتا ہے تو اس کے ہر ایک قدم پر ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور دوسرے قدم پر ایک برائی مٹا دی جاتی ہے۔ ۶۵ ؎

## وعدہ وفا کرنا:

ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْخَآئِنِیْنَ۔ ۶۶ ؎

ترجمہ۔ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔

## تنہائی کی فضیلت:

حضرت عقبہ بن عامر بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جب پوچھا گیا نجات کس میں ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ۱۔ اپنی زبان کو قابو میں رکھو۔

۲۔ اپنے گھر کی وسعت میں بند رہو۔ ۳۔ اپنی خطاؤں پر آنسو بہاؤ۔ ۶۷ ؎

حضرت امام حسنؑ فرماتے ہیں! اگر تم اپنی عزت کی بقاء چاہتے ہو تو تنہائی پر خوش رہو۔ ۶۸ ؎

حضرت امام علی رضاؑ فرماتے ہیں! لوگوں پر ایک زمانہ ایسا بھی آئے گا جس میں عافیت کے دس جز ہوں گے جس میں سے نو جز لوگوں سے الگ رہنے میں اور ایک جز خاموشی میں ہوگا۔ ۶۹ ؎

## حاصل کلام:

مسلمانوں کے زوال کی اصل وجہ عبادات میں کمی نہیں بلکہ دنیاوی معاملات میں بے ایمانی اور اسلام کو عبادات تک محدود کرنا ہے زندگی کا اصل مقصد ذمہ داریوں کو نہایت خلوص نیت اور ایمانداری سے ادا کرنا ہے اور ہر مسلمان کی سب سے بڑی ذمہ داری اللہ کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دینا ہے۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! کچھ لوگوں نے جنت کی رغبت میں عبادت کی، یہ تاجروں کی عبادت ہے، کچھ لوگوں نے جہنم کے خوف سے عبادت کی، یہ غلاموں کی عبادت ہے لیکن کچھ لوگوں نے اللہ کی محبت میں بطور شکر عبادت کی یہی اصل اور آزادلوگوں کی عبادت ہے جس انسان کا ظاہر و باطن اور قول وفعل میں تضاد نا ہو گویا اس نے امانت ادا کردی اور اپنی عبادات میں خلوص پیدا کرلیا۔

فرض کی ادائے گی جیسی کوئی عبادت نہیں۔سب سے بہترین عبادت خاموشی ہے۔سکون اور اطمینان عبادت کی زینت ہیں۔

سب سے افضل ترین عبادت گناہ سے اپنے آپ کو روکے رکھنا ہے۔اس عبادت میں کوئی بھلائی نہیں جس میں غور وفکر نا ہو۔

آپؓ دعا فرماتے! الہی! نا میں تیری عبادت جنت کے لالچ میں کی اور نا ہی جہنم کے خوف سے کی بلکہ میں نے تیری عبادت اس لئے کی کیونکہ تو واقعی عبادت کے لائق ہے۔خالص ترین عبادت یہ ہے کے انسان صرف اور صرف اپنے اللہ سے امید لگائے اور اپنے گناہوں سے ڈرے۔جب اللہ کسی بندے کو پسند فرمالیتا ہے تو اسے حسن عبادت کا الہام عطا فرمادیتا ہے۔ رکوع وسجود بہترین عبادات ہیں۔ترک خواہشات بہترین عبادات میں شامل ہیں۔

عبادات میں اخلاص مقربین بارگاہ کی عبادات ہیں۔یقین سب سے افضل ترین عبادت

ہے۔گناہوں سے دوری توبہ کرنے والوں کی عبادت ہے۔سب سے افضل ترین عبادت زہد ہے۔سب سے بافضیلت عبادت اشیاء کائنات میں تفکر ہے۔

سب سے بلند ترین عبادت پیٹ اور شرمگاہ کی عفت ہے۔ریاکاری عبادت کی آفت ہے۔

ذکر الٰہی ایک ایسی عبادت ہے جس سے قلوب منور اور روشن ہوجاتے ہیں اور اس عبادت کا شمار بافضیلت ترین عبادات میں ہوتا ہے۔

گھڑی بھر کا تفکر طویل عبادات سے افضل ترین ہے۔عبادات کی انتہا اطاعت ہے۔

جو انسان بااخلاص عبادات کرتا ہے وہ کامیابی سے ہم کنار ہوجاتا ہے۔

وہ شخص عبادات کی لذات سے محروم ہے جو اپنے آپ کو خواہشات کی لذات سے نا روک پائے۔۷۰؎

## نفسیاتی پہلو

**عبادت واطاعت:**

اقبال کے یہاں اطاعت سے مراد شریعت الٰہیہ پر عمل اور فرائض کی بروقت ادائے گی ہے کیونکہ آئین الٰہی کی پابندی انسان میں احساس ذمہ داری پیدا کرتی ہے ان کے خیال میں اختیار جبر کے ہی بطن سے پیدا ہوتا ہے۔۷۱؎

یعنی جبر کے پر پیچ راستوں سے گزر کر ہی انسان کو کچھ اختیارات حاصل ہوتے ہیں لہٰذا اسے چاہئے کے وہ جہد مسلسل سے اپنی خودی کو مضبوط کرے اور ادب و احترام سے اطاعت الٰہی کی پابندی کرے اس حوالے سے وہ اپنی مثنوی اسرار خودی میں فرماتے ہیں!

باطن ہر شے زآئینے قوی    تو چرا غافل زایں ساماں روی
باز اے آزاد دستور قدیم    زینت پا کن ہماں زنجیر سیم
شکوہ سنج سختی آئیں مشو    از حدود مصطفی بیروں مرد۔۷۲؎

اقبال اس بند میں فرماتے ہیں ہر چیز کا باطن کسی نہ کسی آئین کی وجہ سے مضبوط و مستحکم بنتا ہے تو

پھر تو نے کس لئے اس پابندی اور فرمانبرداری کو پس پشت ڈال رکھا ہے؟ اور کیوں غفلت برت رہا ہے۔ اے پرانے آئین و دستور سے بے تعلق مسلمان تو پھر سے وہی چاندی کی زنجیر پاؤں میں ڈال لے اور آئین کی سختی کا گلہ شکوہ نہ کر، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقرر کردہ آئین و دستور کے دائرہ سے باہر نہ نکلے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۸۶۔
۴۔سورہ الذاریات۔آیت۔۵۵۔
۵۔سورہ الذاریات۔آیت۔۵۶۔
۶۔سورہ الذاریات۔آیت۔۵۷۔
۷۔سورہ النحل۔آیت۔۳۶۔
۸۔سورہ مریم۔آیت۔۴۴۔
۹۔سورہ یوسف۔آیت۔۴۰۔
۱۰۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۱۱۔سورہ الذاریات۔آیت۔۵۶۔
۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۳۔فضائل درود شریف۔
۱۴۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۱۵۔سورہ احقاف۔آیت۔۱۵۔
۱۶۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۲۳۔
۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔جمع الجوامع۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۹۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۰۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۲۱۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۲۲۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۲۳۔سورہ بقرہ۔آیت۔۲۱۵۔
۲۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۶۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۲۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۲۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۷۷۔
۳۰۔سورہ النساء۔آیت۔۳۶۔
۳۱۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۳۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۳۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ
۳۴۔سورہ النساء۔آیت۔۳۶۔
۳۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۶۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۳۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۸۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ
۳۹۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۰۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۱۔سورہ النساء۔آیت۔۳۴۔
۴۲۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ

۴۳۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۴۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ
۴۵۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۳۱۔
۴۶۔سورہ انعام۔آیت۔۱۴۰۔
۴۷۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ
۴۸۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ
۴۹۔سورہ النساء۔آیت۔۳۔
۵۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۱۔الفردوس بماثور الخطاب۔امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی۔(متوفی ۵۰۹ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۶ھ۔
۵۲۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۵۳۔نہج البلاغہ (خطبات حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم)۔مطبوعہ ایران ومطبوعہ کراچی۔
۵۴۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ
۵۵۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ
۵۶۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۵۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۸۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۵۹۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۶۰۔تاریخ بغداد۔حافظ ابوبکر علی بن خطیب بغدادی (متوفی ۴۶۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۶۱۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۶۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۶۳۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔
۶۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۶۵۔سنن نسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔
۶۶۔سورہ انفال۔آیت۔۵۸۔

۶۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۶۸۔تحفۃ العقول۔ص۔۱۴۴۔

۶۹۔تحفۃ العقول۔ص۔۶۴۴۔

۷۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۷۱۔افکار اقبال (تشریحات جاوید)۔ڈاکٹر جسٹس جاوید اقبال۔ص۔۲۲۔سنگ میل پبلی کیشنز لاہور۔۲۰۰۵ء۔

۷۲۔کلیات اقبال۔(فارسی۔اسرار خودی)۔ڈاکٹر محمد اقبال۔ترتیب و ترجمہ۔پروفیسر حمید اللہ شاہ ہاشمی ص۔۶۷۔مکتبہ دانیال لاہور۔سن ندار۔

# ۴۵۔توحید

## توحید نفس انسانی کی حیات ہے (حضرت علیؓ)

**توحید**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ا۔ح۔د) سے مشتق ہے۔

احد۔کے معنی پہلا عدد۔

احد۔سے مراد کوئی ایک۔

احد۔کا مونث بھی احد ہے۔

الاحد۔اللہ کا ایک اسم اصفاتی۔

الاحد۔کے معنی ایک، اکیلا اور یکتا کے ہیں۔۱؎

احد۔سے مراد وہ ذات پاک ہے جو بے مثل اور بے نظیر ہو یعنی اس کی کوئی مثال یا نظیر پوری کائنات میں کہیں بھی موجود نہ ہو۔

اسی اعتبار سے جب **قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ** کہا جاتا ہے تو اس کے معنی یہی ہیں کے ایک ایسی ذات باکمال یا ایک ایسی ہستی یا Personality جو کے یگانہ یعنی Unique ہو۔

الاحدان۔عربی زبان میں ان تیروں کو کہا جاتا ہے جو یکتا اور بے نظیر ہوں۔۲؎

السیحاد۔سے مراد وہ ٹیلہ جو دوسرے ٹیلوں سے الگ تھلگ ہو۔۳؎

اتحد الشیان۔سے مراد دو چیزیں آپس میں خلط ملط ہو کر یک جان ہو جائیں تاہم مجازاً یہ لفظ متفق ہونے کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔۴؎

# اسم الاحد کا نظام کائنات میں کردار

## ذات باری تعالیٰ:

صاحب محیط کے مطابق اسم باری تعالی الاحد سے مراد وہ ذات پاک ہے جس کی ذات میں کوئی شریک نہیں۔

اللہ تعالی ایک اکیلا، تنہا اور یکتا ہے اور اس جیسا اس کائنات میں کوئی دوسرا نہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ ۵ نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق سوائے اللہ کے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ۔ ۶ محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ۔ ۷ ترجمہ۔ کہو کے اللہ ایک ہے۔

یہ بات طے شدہ ہے کے اللہ کی ذات اس کائنات میں ایک اکیلی اور یکتا ہے اور اس جیسا کوئی نہیں نہ اس کا کوئی خاندان ہے اور نہ اولاد وہ خاندان اور بیوی بچوں کے جھنجھٹ سے آزاد ہے پوری کائنات پر اسی کی بادشاہت اور حکمرانی ہے اور اس کے حکم کے بغیر کوئی شے اپنی جگہ سے ہل نہیں سکتی وہ ہر ظاہر اور باطن سے بخوبی واقف ہے اور کائنات کے کل خزآنے اسی کے اختیار میں ہیں احد کے معنی ہیں اکیلا اور یکتا عقائد اسلامی میں اس سے مراد اللہ کی ذات وصفات کو یکتا ماننا اور اس کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہ کرنا خالق کی صفت احد ہے لہٰذا اس کی مخلوق میں بھی صفت احدیت کا مظاہرہ ہمیں نظر آتا ہے جیسے کے انسان اس کا ڈی این اے اس کا خون کا گروپ، اس کی کیمسٹری، اس کی عادات ونفسیات اس کے فنگر پرنٹس وغیرہ اسی طرح سے جانور، پرندے، پودے، پتے، پھول، پھل، بیج، دریا، سمندر، پہاڑ الغرض کائنات کی ہر شے اجتماعیت میں انفرادیت کے ظہور کے ساتھ موجود ہے حلقہ اسلام میں داخل ہونے سے پہلے زبان ودل سے کلمہ طیبہ کوادا کرنا لازمی ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ اس کلمہ کی ادائیگی کے بعد انسان حلقہ اسلام میں داخل

ہوجاتا ہے دنیا میں دو ہی طرح کے انسان پائے جاتے ہیں۔

ا۔ اللہ کو ماننے والے۔

۲۔ اللہ کے کو نہ ماننے والے یا اس کے ساتھ کسی کو شریک کرنے والے۔

جہاں تک اللہ کی ذات کا تعلق ہے تو ہر مذہب میں خدا کا تصور موجود ہے۔(مسلمان خدا کو اللہ عیسائی گاڈ، یہودی ایلیا، پارسی نروان اور ہندو بھگوان، ایشور یا اوم کہتے ہیں)۔

**ا۔عیسائیت:**

عیسائیت میں خدا کا تصور موجود ہے وہ خدا کو God کہتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا بھی مانتے ہیں۔

**۲۔ یہودیت:**

یہودیت میں بھی خدا کا تصور موجود ہے وہ خدا کو ایلیا کہتے ہیں لیکن حضرت عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا بھی مانتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ سُبْحَانَه۔۸؎

ترجمہ۔اللہ کے لئے یہ ممکن نہیں ہے کے وہ کسی کو اپنا بیٹا بنائے۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا لَّقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا اِدًّا تَكَادُ السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا وَمَا يَنْبَغِي لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا۔۹؎

ترجمہ۔کافروں نے کہا رحمٰن نے اپنا بیٹا بنالیا بے شک تم نے یہ بہت سنگین بات کہی قریب ہے کے اس سے آسمان پھٹ پڑیں اور زمینیں ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیں اور پہاڑ لرزتے ہوئے گر جائیں کیونکہ انھوں نے رحمٰن کے لئے بیٹے کا دعوی کیا ہے اور یہ رحمٰن کی شان کے لائق نہیں کے وہ اپنے لئے بیٹے بنائے۔

**۳۔ ہندو مذہب:**

ہندو مذہب کی کتب میں خدا کے لئے اوم اور ایشور کا نام لیا جاتا ہے جیسے ان کی مذہبی کتب میں درج ہے کے جھوٹے خداؤں کی پرستش وہی لوگ کرتے ہیں جن کی عقل وفہم مادیت نے چرالی ہو۔۱۰۔

وہ ایک ہی ہے کسی دوسرے کے بغیر۔۱۱۔

ویدوں کے ابتدائی زمانے میں آریا قوم توحید پر قائم تھی اور وہ ایک ہی خدا کی عبادت کرتے تھے البیرونی نے اپنی مشہور کتاب میں لکھا ہے کے خدا کے متعلق ہندوؤں کا یہ عقیدہ تھا کے وہ واحد ہے ازلی ہے جس کی کوئی ابتداء ہے اور نہ ہی انتہاء وہ اپنے فعل میں مختار ہے وہ قادر ہے حکیم ہے زندہ ہے اور زندہ کرنے والا ہے اس کا نہ تو کوئی مقابل ہے اور نہ ہی مماثل ہے وہ نہ تو کسی چیز سے مشابہہ ہے اور نہ ہی کوئی چیز اس سے شباہت رکھتی ہے۔۱۲۔

لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ آریا قوم میں بھی شرک سرائیت کر گیا اور برصغیر میں جو پہلا گروہ داخل ہوا ان کا دیوتا 'اندر' تھا جو سب دیوتاؤں کا سردار تھا۔

ارشادات خداوندی ہیں!

ﮩ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ۔۱۳۔

ترجمہ۔تم بتوں کی نجاست سے بچو اور جھوٹی بات کہنے سے بچو اور اللہ کی طرف جھکو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، اور جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرتا ہے تو گویا وہ آسمان سے گر پڑا پھر اسے پرندے اچک لیتے ہیں یا اسے ہوا اڑا کر کسی دور جگہ پھینک دیتی ہے۔

وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۔۱۴۔

ترجمہ۔ وہ جنہیں اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ کچھ بھی پیدا نہیں کرتے اور وہ خود پیدا کیے ہوئے ہیں، وہ تو مردے ہیں جن میں جان نہیں، اور وہ نہیں جانتے کہ لوگ کب اٹھائے جائیں گے۔

اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ یہ صرف نام ہیں جو تم نے اور تمھارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں اللہ نے ان کے متعلق کوئی دلیل نازل نہیں کی وہ صرف گمان کی اور اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں

### ۴۔ آتش پرست:

ان کے یہاں بھی نیکی اور بدی کے خداؤں کا تصور پایا جاتا ہے۔ اہرامن۔ یزداں۔

### ۵۔ لادین:

وہ اقوام یا افراد جو کسی مذہب کے جھنجھٹ میں پڑنا نہیں چاہتے ہیں لیکن اس کائنات کے منظم اور متوازن نظام کو دیکھ کر وہ بھی بے اختیار یہ کہہ اٹھتے ہیں کے بلاشبہ ایک عظیم ہستی اس نظام کو سنبھالے ہوئے ہے، اس عظیم ہستی کے لئے وہ ultimate reality کا لفظ استعمال کرتے ہیں یہاں قابل غور بات یہ ہے جب دیگر مذاہب میں بھی خدا کا تصور موجود ہے تو پھر ان میں اور ہم میں کیا فرق ہے؟ جواب نہایت آسان ہے، اسلام اللہ کا خالص تصور پیش کرتا ہے یعنی

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ ۱۶؎

ترجمہ۔ کہو کے اللہ ایک ہے۔ وہ بے نیاز ہے۔ نا اس کا کوئی باپ ہے۔ اور نا بیٹا۔
اس کا کوئی ہمسر نہیں۔

اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا۔ ۱۷؎

ترجمہ۔ آسمانوں اور زمینوں کی ہر چیز رحمن کی عبادت گزار اور اطاعت شعار ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ ۱۸؎

ترجمہ۔ نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق سوائے اللہ کے۔

اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطَانٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ اِنَّمَا سُلْطَانُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ۔۱۹؎

ترجمہ۔ بے شک شیطان کو ان لوگوں پر کوئی تسلط اور غلبہ حاصل نہیں ہے جو اللہ پر ایمان لائے اور وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں اسے تو صرف ان لوگوں پر تسلط اور غلبہ حاصل ہے جو اس کے ساتھ دوستی رکھتے ہیں اور اس کو اللہ کا شریک قرار دیتے ہیں۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ۔۲۰؎

ترجمہ۔ہم نے جن وانس کو صرف اس لئے پیدا کیا ہے تاکہ وہ میری عبادت کریں۔

وَقَالَ الشَّيْطَانُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطَانٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ؕ اِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۔۲۱؎

ترجمہ۔اور جب فیصلہ ہو چکے گا تو شیطان کہے گا بے شک اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا اور میں نے بھی تم سے وعدہ کیا تھا پھر میں نے وعدہ خلافی کی، اور میرا تم پر اس کے سوا کوئی زور نہ تھا کہ میں نے تمہیں بلایا پھر تم نے میری بات کو مان لیا، پھر مجھے الزام نہ دو اور اپنے آپ کو الزام دو، نہ میں تمہارا فریادرس ہوں اور نہ تم میرے فریادرس ہو، میں خود تمہارے اس فعل سے بیزار ہوں کہ تم اس سے پہلے مجھے شریک بناتے تھے، بے شک ظالموں کے لیے دردناک عذاب ہے۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پیغام کی اشاعت کی تو ابتداء میں اتنی مزاحمت نہیں ہوئی چونکہ اہل عرب کئی خداؤں کو ماننے کے عادی تھے اور خود خانہ کعبہ میں ۳۶۵ بت نصب تھے اور اہل عرب کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خدا کو اپنے ان خداؤں میں شامل کرنے میں کوئی اعتراض بھی نہ تھا لیکن سارا جھگڑا الا سے شروع ہوا یہ بات ان کی سمجھ میں نہیں آرہی تھی کے سب کا انکار کر کے

وہ بہت مشکل میں پھنس جائیں گے حالانکہ وہ خدا کے وجود کو جانتے بھی تھے اور مانتے بھی تھے لیکن زبان سے اس کا اقرار نہیں کرتے تھے، قرآن کریم خود اس کی طرف متعدد مقامات پر اشارہ کر چکا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے!

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ فَأَنَّى يُؤْفَكُونَ اللَّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَهُ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُولُنَّ اللَّهُ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ۔

ترجمہ۔ اگر تم ان سے یہ پوچھو کہ زمین و آسمان، سورج اور چاند کو کس نے مسخر کیا ہے؟ تو وہ کہیں گے کہ اللہ نے، اللہ ہی اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے، بے شک اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ اور البتہ اگر تو ان سے پوچھے آسمان سے کس نے پانی اتارا پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کیا تو کہیں گے اللہ نے، کہہ دو سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے، لیکن ان میں سے اکثر نہیں سمجھتے۔ ۲۲؎

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ فَأَنَّى يُؤْفَكُونَ۔ ۲۳؎

ترجمہ۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ انہیں کس نے پیدا کیا ہے تو ضرور کہیں گے اللہ نے، پھر کہاں بہکے جا رہے ہیں۔

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ۔ ۲۴؎

ترجمہ۔ اگر آپ ان سے یہ سوال کریں کے آسمانوں اور زمینوں کو کس نے پیدا کیا ہے؟ تو وہ یہ ضرور کہیں گے کے ان کو اس نے پیدا کیا ہے جو کے بہت غالب اور علم والا ہے۔

وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ فَلَمَّا نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ۔۲۵؎

ترجمہ۔ جب ان پر موجیں سائبانوں کی طرح چھا جاتی ہیں تو وہ اخلاص کے ساتھ اطاعت کرتے ہوئے اللہ کو پکارتے ہیں۔

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۔۲۶؎

ترجمہ۔ انہوں نے اپنے عالموں اور درویشوں کو اللہ کے سوا خدا بنالیا ہے اور مسیح مریم کے بیٹے کو بھی، حالانکہ انہیں حکم یہی ہوا تھا کہ ایک اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے! ود، سواع، یغوث، یعوق اور نسر یہ سب صالحین کے نام تھے جنھیں بعد کے لوگوں نے بت بنالیا حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں، اساف اور نائلہ بھی انسان تھے اسی طرح سے لات، منات اور عزیٰ بھی انسان تھے جن کو بعد میں بت بنالیا گیا ۔۲۷؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔۲۸؎

ترجمہ۔ تم اس کے سوا صرف ناموں کو پوجتے ہو جو خود تم نے اور تمھارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں لیکن اللہ نے ان کے بارے میں کوئی سند تو نہیں اتاری۔

ایک دفعہ کفار کا ایک وفد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور انھوں نے یہ تجویز پیش کی ایک سال ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خدا کی عبادت کر لیتے ہیں جبکہ ایک سال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے

خداؤں کی عبادت کر لیں اس پر سورہ کافرون کا نزول ہو گیا۔

ارشاد خداوندی ہوا!

۱۔قُلْ يَآ اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ۔

ترجمہ۔ کہہ دو کے اے کافرو۔

۲۔لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ۔

ترجمہ۔ میں ان کی عبادت نہیں کرتا جن کی عبادت تم کرتے ہو

۳۔وَلَآ اَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ۔

ترجمہ۔ نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں۔

۴۔وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ۔

ترجمہ۔ نا میں ان کی عبادت کرنے والا ہوں جن کی عبادت تم کرتے ہو۔

۵۔وَلَآ اَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ۔

ترجمہ۔ ناتم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں۔

۶۔لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ۔

ترجمہ۔تمھارے لئے تمھارا دین اور میرے لئے میرا دین۔۲۹؎

عرب کے جس معاشرے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہوئے اور پلے بڑھے اس معاشرے میں کئی مذاہب کے پیروکار بھی موجود تھے جن میں شامل عیسائی، یہودی، بت پرست، ستارہ پرست آتش پرست اور دین ابراہیم کے پیروکار تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش ۵۷۱ء میں ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تعلق بنو ہاشم سے تھا جن کی ذمہ داری خانہ کعبہ کی تولیت تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش سے تین ماہ قبل محرم کے مہینے میں یمن کا بادشاہ ابراہا اپنے ۶۰،۰۰۰ کے لشکر جس میں بڑی تعداد میں ہاتھی بھی شامل تھے کے ساتھ خانہ کعبہ کو ڈھانے کے ارادے سے آیا اور مکہ سے کچھ پہلے ایک وادی 'وادی محسر' میں اپنے لشکر کے ساتھ قیام کیا جب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا حضرت عبد المطلب کو معلوم ہوا تو آپ اس سے ملنے کے لئے گئے اور اس سے پوچھا کے وہ جنگ کیوں کرنا چاہتا ہے اس نے بتایا کے وہ اس کو حسد ہوتی ہے کے دور دور سے لوگ خانہ کعبہ کی زیارت کے لئے کیوں آتے ہیں لہٰذا وہ اس عمارت کو ڈھائے گا اور یمن میں اس جیسی عمارت تعمیر کروائے گا اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا اور دیگر سرداران قریش خانہ کعبہ آئے اور انھوں نے خانہ کعبہ کے دروازے کو پکڑ کر یہ دعا کی کے اے خانہ کعبہ کے رب! تو اپنے گھر کی حفاظت فرما ابھی یہ دعا پوری بھی نہ ہوئی تھی کے اچانک آسمان پر ابابیل کے جھنڈ کے جھنڈ نمودار ہوئے اور انھوں نے آسمان سے ان ہاتھی والوں پر کنکریاں برسانی شروع کر دیں، جس کا ذکر سورہ فیل میں اس طرح سے ہے!

۱۔ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ۔

ترجمہ۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کے تمھارے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟

۲۔ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ۔

ترجمہ۔ کیا اس نے ان کی تدبیر کو اکارت نہیں کر دیا؟

۳۔ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ۔

ترجمہ۔ ان پر ابابیل کے جھنڈ کے جھنڈ بھیج دئے۔

۴۔ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ۔

ترجمہ۔ جو ان پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر پھینک رہے تھے۔

۵۔ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ۔

ترجمہ۔ پھر ان کا یہ حال کر دیا جیسے جانوروں کا کھایا ہوا بھوسا۔ ۳۰؎

اس سورہ میں ابولہب عبدالعزیٰ بن عبدالمطلب کا انجام بتایا گیا ہے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چچا تھا جبکہ اس کی بیوی ام جمیل اروی بنت حرب بن امیہ تھی جو کے ابوسفیان کی بہن تھی وہ بھی اپنے شوہر کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایذا رسانی کیا کرتی تھی۔

**ارشادات خداوندی:**

لَوْ كَانَ فِيهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا فَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ۔

ترجمہ۔اگر ان دونوں (زمین و آسمان) میں ایک اللہ کے سوا کئی خدا ہوتے تو ان دونوں کا نظام درہم برہم ہوجاتا۔۳۱؎

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلَآئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ۔۳۲؎

ترجمہ۔آسمان اور زمین میں جو چیز بھی ہے وہ اللہ کو ہی سجدہ کرتی ہے ہر قسم کے جاندار اور سب فرشتے اور وہ تکبر نہیں کرتے۔

وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ۔۳۳؎

ترجمہ۔زمین پر پھیلنے والے پودے اور اپنے تنے پر کھڑے ہوئے درخت سجدہ کرتے ہیں۔

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّظِلَالُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ۔۳۴؎

ترجمہ۔آسمانوں اور زمینوں میں جو بھی ہیں وہ سب خوشی یا مجبوری اللہ کو سجدہ کرتے ہیں اور ان کے سائے بھی صبح و شام (سجدہ کرتے)۔

سورہ اعراف میں اللہ تعالی تمام ارواح سے پوچھتے ہیں کے اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ۔
کیا میں تمھارا رب ہوں؟ تمام ارواح بیک وقت جواب دیتی ہیں قَالُوْا بَلٰی بے شک آپ ہمارے رب ہیں۔۳۵؎

دنیا میں آنے سے پہلے تمام انسان اللہ کا اقرار کر چکے ہیں اب دنیا میں آنے کے بعد وہ کتنا ہی انکار کرلیں لیکن قرآن نے اس حقیقت کی عقدہ کشائی آج سے ۱۴۰۰ سال پہلے ہی کردی (کائنات کی تنظیم اللہ تعالی نے اس طرح سے کی ہے کے اس کا مکمل کنٹرول اور اختیار اللہ کے پاس ہے کائنات کے اندر احتیاج ہے اور اس میں رہنے والے افراد قدم قدم پر مجبور ہیں

کائناتی کنبہ کا ہر فرد دوسرے فرد کے ساتھ اس طرح ہم رشتہ ہے کے باوجود وہ اپنی ذات میں منفرد ہے لیکن دوسرے فرد سے نہ تو وہ اپنے آپ کو دور کرسکتا ہے اور نہ ہی وہ ان سے آزاد ہو سکتا ہے زمان و مکان کائنات کی بساط اول ہیں ،مکان ( زمین ) زمان ( آسمان ) نہ ہوں تو زندگی عدم ہے عدم پر نقش ونگار حیات ہے، حیات حرکت ہے، حرکت تقاضا ہے، تقاضا جذبہ ہے اور جذبہ حس ہے جیسے ہم حواس بھی کہتے ہیں حواس کے ذریعے خودآ گہی حاصل ہوتی ہے خودآ گہی نے میں اور تو میں امتیاز بخشا اور یہ جان لیا کے میں جز ہوں اور وہ کل ہے،کل کی وجہ سے میں ہوں وہ ابتداء ہے اور میں اس ابتداء کی انتہاء ہوں وہ انتہاء ہے تو میں اس کا پرتو ہوں پرتو نے اصل کی آواز الست سنی تو کان بن گئے دیکھا تو آنکھیں روشن ہوگئی پھر نور کا جھما کا ہوا تو بارہ کھرب (12,000,000,000,00 ) سیلز چارج ہو گئے جب سیلز کھلے تو ایک نقطے سے کھربوں نقطے متحرک ہو گئے وہی ہے جس نے تخلیق کیا تم کو ایک نفس ( نقطہ ) سے کی تفسیر سامنے آ گئی )۔۳۶۔

ہر باطل کی گہرائی میں حق پوشیدہ ہے، شیاطین بھی اپنے رب کو جانتے ہیں اور اس کا اقرار کرتے ہیں اور ابلیس نے کبھی بھی خدا کا انکار نہیں کیا بلکہ اس نے اللہ کے ایک حکم کو ماننے سے انکار کیا جس کی پاداش میں وہ جنت سے نکالا گیا دنیا کا ہر گناہ قابل معافی ہے سوائے شرک کے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغۡفِرُ اَنۡ يُّشۡرَكَ بِهٖ وَيَغۡفِرُ مَا دُوۡنَ ذٰلِكَ لِمَنۡ يَّشَآءُ‌ ۚ وَمَنۡ يُّشۡرِكۡ بِاللّٰهِ فَقَدِ افۡتَـرٰۤى اِثۡمًا عَظِيۡمًا۔۳۷۔

ترجمہ۔ بے شک اللہ اپنے ساتھ شرک کئے جانے کو نہیں بخشا لیکن اس کے سوا جو بھی گناہ ہوں وہ جس کے لئے چاہتا ہے بخش دیتا ہے۔

اِلَّا مَنۡ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓـئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمۡ

حَسَنَاتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۔ ۳۸ ؎

ترجمہ۔ جو موت سے پہلے توبہ کر لے اور ایمان لے آئے اور نیک کام کرے تو اللہ ان لوگوں کی برائیوں کو نیکیوں سے بدل دے گا اور اللہ بہت بخشنے والا اور بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۔ ۳۹ ؎

ترجمہ۔ آپ ﷺ کہیے کے اے میرے بندو! جو اپنی جانوں پر زیادتیاں کر چکے ہیں اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں بے شک وہ ہی بہت بخشنے والا ہے اور رحم کرنے والا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِيْنَ فِيْهَا جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔ ۴۰ ؎

ترجمہ۔ یقیناً جن لوگوں نے کہہ دیا اللہ ہی ہمارا رب ہے پھر اس پر جم گئے ان کے لئے نہ کوئی خوف ہے اور نہ کوئی غم ایسے سب لوگ جنت میں داخل کئے جائیں گے جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اپنے ان اعمال کے بدلے میں جو وہ دنیا میں کرتے رہے۔

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۔ ۴۱ ؎

ترجمہ۔ پھر جب کافر آگ کے سامنے لا کھڑے کئے جائیں گے تو ان سے کہا جائے گا کے تم اپنے حصے کی نعمتیں اپنی دنیا کی زندگی میں ختم کر چکے اور ان کا لطف تم نے اٹھا لیا اب جو تکبر تم زمین میں کسی حق کے بغیر کرتے تھے اور نافرمانیاں تم نے کیں ان کی پاداش میں آج تم کو ذلت کا عذاب دیا جائے گا۔

قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ ۴۲ ؎

ترجمہ۔آپ ﷺ کہیے کے جو کچھ تمھارے سینوں میں ہے تم اس کو چھپاؤ یا ظاہر کرو اللہ کو اس کا علم ہے اور جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے اسے اس کا بھی علم ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۔۴۳؎

ترجمہ۔اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے ایسے باغوں کا وعدہ کیا ہے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں اور رہنے کے باغوں میں ستھرے گھروں کا اور اللہ کی رضامندی اس سے بھی بڑی چیز ہے اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

هٰذَا كِتَابُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۚ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔۴۴؎

ترجمہ۔بے شک ہم لکھتے رہے جو کچھ تم کرتے تھے۔

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۚ اَحْصَاهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۔۴۵؎

ترجمہ۔جس دن اللہ سب کو جمع کرے گا پھر ان کے کئے ہوئے کاموں کی ان کو خبر دے گا اللہ نے ان سب کو محفوظ کرلیا ہے جبکہ وہ انھیں بھول چکے ہیں اور اللہ ہر چیز پر گواہ ہے۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۔۴۶؎

ترجمہ۔جس نے ذرہ برابر نیکی کی وہ اس کی جزا دیکھے گا اور جس نے ذرہ برابر برائی کی وہ اس کی سزا کو دیکھے گا۔

**ارشادات خداوندی:**

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۔۴۷؎ ترجمہ۔کہو کے اللہ ایک ہے۔

وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ۔ ۴۸؎ ترجمہ۔ وہ اپنی حکومت میں کسی کو شریک نہیں کرتا۔
فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۔ ۴۹؎

ترجمہ۔ جو کوئی اپنے رب سے ملاقات کا امیدوار ہے اس کو چاہئے کے وہ نیک عمل کرے اور بندگی میں اپنے رب کے ساتھ کسی اور کو شریک نہ کرے۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسوال اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قیامت ے دن سب سے زیادہ میری شفاعت سے فیض یاب وہ شخص ہوگا جو سچے دل سے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کہے گا۔ ۵۰؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر آسمانوں اور زمینوں اوران کے درمیان والی مخلوقات کو ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا جائے اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کو دوسرے پلڑے میں رکھا جائے تو دوسرا پلڑا بھاری ہوگا۔ ۵۱؎

عبدالرحمن بن ابی بکرؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے سنا کبیرہ گناہوں میں سب سے بڑا گناہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا ہے اس کے بعد والدین کی نافرمانی کرنا، جھوٹی گواہی دینا ہے۔ ۵۲؎

ایک عرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا بڑے گناہ کون سے ہیں؟ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کسی کو اللہ کے ساتھ شریک کرنا۔ ۵۳؎

صحابہ کرام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا وہ کون سی بات ہے جو اللہ کو بہت بری لگتی ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب کوئی شخص یہ کہے کے فلاں اللہ کا بیٹا ہے یا فلاں اللہ کی بیوی ہے، یہ بات اللہ کو اس قدر ناپسند ہے کے اللہ چاہے تو اسی وقت اس شخص کے سر پر آسمان گرا دے یا پھر زمین پھٹ جائے اور کہنے والا اس میں سما جائے۔ ۵۴؎

۴۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم کسی کو بھی اللہ کے ساتھ شریک نہ کرنا چاہے کوئی تم کو

جلا دے یا قتل ہی کیوں نہ کر دے۔۵۵؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ وتر ہے اور وتر سے محبت کرتا ہے۔۵۶؎

اول دین اللہ کی معرفت حاصل کرنا، اس کی تصدیق کرنا ہے جبکہ کمال تصدیق اللہ کو یکتا اور واحد سمجھنا ہے جبکہ کمال توحید اللہ کے لئے اخلاص پیدا کرنا ہے۔

میں گواہی دیتا ہوں کے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا اور لاشریک ہے، وہ ایسا اول ہے جس سے قبل کچھ نہیں اور وہ ایسا آخر ہے کے جس کے بعد کچھ نہیں۔

بے شک انسان کی عقل اور فکر اس کے ادراک سے قاصر ہے۔

اللہ تعالیٰ کی ہستی وہ ہستی ہے کے جس تک انسان کی فکر و آگہی پہنچنے سے قاصر ہے ذہنوں کی گہری سوچ بھی اس کا ادراک نہیں کر سکتیں۔

تمام حمد وثناء اللہ کے لئے ہے جو عرش، کرسی، زمین و آسمان، جن و انس اور کل مخلوقات کا کا خالق و مالک ہے۔

اللہ کی ذات وہ ذات پاک ہے کے جس نا تو آنکھوں سے دیکھا جا سکتا ہے اور نا ہی اس ذات کو زمان و مکان میں محدود کیا جا سکتا ہے۔

اللہ کی ذات وہ ہے جو ایک اور یکتا ہے لیکن وہ کسی عدد سے نہیں، وہ ہمیشہ رہنے والی ذات ہے توحید نفس انسانی کی حیات ہے۔

جو بھی خدا کو پہچان لیتا ہے وہ اس کو ایک، اکیلا اور یکتا ہی مانتا ہے۔

اللہ کو پہچاننے والا کبھی بھی اس عظیم ذات پاک کو کسی مخلوق سے تشبیہ نہیں دے سکتا۔۵۷؎

## نفسیاتی پہلو

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! انبیاء السلام کی تعلیمات کا محور تین حقیقی دائرے

ہیں۔ ا۔شرک سے انکار، توحید کا اثبات۔ ۲۔نفس کی اصلاح۔ ۳۔آخرت کی یاد دہانی۔ اس کل کائنات کی اصل روح عقیدہ توحید ہے یعنی نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق سوائے اللہ کے جس شخص نے دل کے یقین کے ساتھ اس کلمہ کو ادا کر دیا گویا وہ دنیا اور آخرت میں کامیاب ہو گیا۔

**حوالہ کتب:**


ا۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔ج۔۸۔ص۔۴۰۷۔

۳۔القاموس المحیط۔علامہ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دارا حیاء التراث۔

۴۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۵۔سورہ محمد۔آیت۔۱۹۔

۶۔سورہ فتح۔آیت۔۲۹۔

۷۔سورہ اخلاص۔آیت۔ا۔

۸۔سورہ مریم۔آیت۔۳۵۔

۹۔سورہ مریم۔آیت۔۸۸۔۹۲۔

۱۰۔بھگوت گیتا۔اشلوک۔۲۰۔باب۔۷۔

۱۱۔چندو گیرا۔بھگوت گیتا۔اشلوک۔ا۔باب۔۶۔

۱۲۔ہندو دھرم ہزار ہا برس پہلے۔ص۔۱۴۔ناشر نگارشات۔

۱۳۔سورہ الحج۔آیت۔۳۰۔۳۱۔

۱۴۔سورہ النحل۔آیت۔۲۱۔۲۰۔

۱۵۔سورہ النجم۔آیت۔۲۳۔

۱۶۔سورہ اخلاص۔آیت۔ا۔۵۔

۱۷۔سورہ مریم۔آیت۔۹۳۔

۱۸۔سورہ محمد۔آیت۔۱۹۔

۱۹۔سورہ النحل۔آیت۔۹۹۔۱۰۰۔
۲۰۔سورہ الذاریات۔آیت۔۵۶۔
۲۱۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۲۲۔
۲۲۔سورہ العنکبوت۔آیت۔۶۱۔۶۳۔
۲۳۔سورہ الزخرف۔آیت۔۸۷۔
۲۴۔سورہ الزخرف۔آیت۔۹۔
۲۵۔سورہ لقمان۔آیت۔۳۲۔
۲۶۔سورہ التوبہ۔آیت۔۳۱۔
۲۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب بیروت۔
۲۸۔سورہ یوسف۔آیت۔۴۰۔
۲۹۔سورہ الکافرون۔آیت۔۱۔۶۔
۳۰۔سورہ الفیل۔آیت۔۱۔۵۔
۳۱۔سورہ الانبیا۔آیت۔۲۲۔
۳۲۔سورہ النحل۔آیت۔۴۹۔
۳۳۔سورہ رحمن۔آیت۔۶۔
۳۴۔سورہ رعد۔آیت۔۱۵۔
۳۵۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۷۲۔
۳۶۔صدائے جرس۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔۲۲۔عظیمیہ پبلیشرز کراچی۔
۳۷۔سورہ النسا۔آیت۔۴۸۔
۳۸۔سورہ فرقان۔آیت۔۷۰۔
۳۹۔سورہ الزمر۔آیت۔۵۳۔
۴۰۔سورہ احقاف۔آیت۔۱۴۔۱۳۔
۴۱۔سورہ احقاف۔آیت۔۲۰۔
۴۲۔سورہ آل عمران۔آیت۔۲۹۔
۴۳۔سورہ التوبہ۔آیت۔۷۲۔

۴۴۔سورہ الجاثیہ۔آیت۔۲۹۔
۴۵۔سورہ المجادلہ۔آیت۔۶۔
۴۶۔سورہ الزلزال۔آیت۔۷۔۸۔
۴۷۔سورہ اخلاص۔آیت۔۱۔
۴۸۔سورہ کہف۔آیت۔۲۶۔
۴۹۔سورہ کہف۔آیت۔۱۱۰۔
۵۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۵۱۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۵۲۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۵۳۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۵۴۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۵۵۔مشکوۃ۔امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ)۔مطبوعہ اصح المطابع دہلی۔دارارقم۔بیروت۔
۵۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۵۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۴۶۔الایمان۔ایمان

## بے شک ایمان دل کے نور کا نام ہے(حضرت علیؑ)

**ایمان**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ا۔م۔ن) سے مشتق ہے۔
ایمان ۔کے معانی یقین کامل، تسلیم ورضا، تصدیق، اقرار، اعتماد بھروسہ، اطاعت کرنا، بات کو ماننا اور سر تسلیم خم کرنا ہے۔ا؎

ایمان دل سے یقین اور زبان سے اقرار کو کہتے ہیں یعنی کسی بات کو دل وجان سے مان کر اس کا اقرار کرنا۔

ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا وَجَاھَدُوْا بِاَمْوَالِھِمْ وَاَنْفُسِھِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ؕ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الصّٰدِقُوْنَ۔۲؎

ترجمہ۔بے شک حقیقت میں مومن وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لائے اور پھر انھوں نے اس میں شک نہیں کیا، اور اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا، وہی سچے (مسلمان) ہیں۔

شریعت کی اصطلاح میں اللہ تعالی کے وجود پر ایمان لانا، تمام رسولوں اور انبیاء کرام، یوم آخرت (قیامت)، آسمانی کتابوں، فرشتوں اور اچھی اور بری تقدیر پر ایمان لانا ضروری ہے یعنی دل سے اس بات کا یقین اور زبان سے اقرار کرنا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَالْکِتٰبِ الَّذِیْ نَزَّلَ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَالْکِتٰبِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ یَّکْفُرْ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ۔ ۳؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول پر یقین لاؤ اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول پر نازل کی ہے اور اس کتاب پر جو پہلے نازل کی تھی، اور جو کوئی انکار کرے اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا اور اس کی کتابوں کا اور اس کے رسولوں کا اور قیامت کے دن کا تو پس وہ شخص بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا۔

ایمان اس یقین اور تصدیق کا نام ہے جس میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش موجود نہ ہو یہ اللہ کی مکمل اطاعت کا نام ہے۔

ایمان کے درج ذیل سات بنیادی جز اور عقائد ہیں۔

| | |
|---|---|
| ۱۔ایمان باللہ۔ | Belief in Oneness of God |
| ۲۔ایمان بالرسول۔ | Belief in Prophets |
| ۳۔ایمان بالکتاب۔ | Belief in revealed books |
| ۴۔ایمان بالیوم الاآخرۃ۔ | Belief in the day of Judgment |
| ۵۔ایمان ابالملائکہ۔ | Belief in Angels of God |
| ۶۔ایمان بالقدر۔ | Belief in Destiny(Taqdeer) |
| ۷۔ایمان بالبعث۔ | Belief in life after death |

**ارشادات خداوندی:**

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

الْمُتَّقُوْنَ - ۴؎

ترجمہ۔ یہی نیکی نہیں کہ تم اپنے منہ مشرق اور مغرب کی طرف پھیرو بلکہ نیکی تو یہ ہے جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور فرشتوں اور کتابوں اور نبیوں پر، اور اس کی محبت میں رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں اور سوال کرنے والوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں مال دے، اور نماز پڑھے اور زکوٰۃ دے، اور جو اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہیں جب وہ عہد کرلیں، اور تنگدستی میں اور بیماری میں اور لڑائی کے وقت صبر کرنے والے ہیں، یہی سچے لوگ ہیں اور یہی پرہیزگار ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا - ۵؎

ترجمہ۔ اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول پر یقین لاؤ اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول پر نازل کی ہے اور اس کتاب پر جو پہلے نازل کی تھی، اور جو کوئی انکار کرے اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا اور اس کی کتابوں کا اور اس کے رسولوں کا اور قیامت کے دن کا تو پس وہ شخص بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:**

حضرت عمرؓ بن خطاب روایت کرتے ہیں، ایک روز ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بیٹھے تھے کے اچانک ایک سفید کپڑوں میں ملبوس نہایت سیاہ بالوں والا ایک شخص ہمارے پاس آیا اس شخص کو ہم میں سے نہ کوئی جانتا تھا اور نہ ہی اس کے لباس اور حلیے سے اس پر سفر کے کوئی اثرات نظر آرہے تھے، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بیٹھ گئے اور اپنے دونوں زانوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زانوؤں کے ساتھ ملاتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دونوں گھٹنوں پر رکھ دئے اور فرمایا! اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اسلام کے

بارے میں بتائیے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ (نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق سوائے اللہ کے اور محمد ﷺ، اللہ کے رسول ہیں نماز قائم کرو، زکوۃ ادا کرو، رمضان کے روزے رکھو اور اگر استطاعت ہے تو پھر اللہ کے گھر کا حج کرو اس شخص نے یہ سن کر کہا آپ ﷺ نے صحیح فرمایا ہے پھر اس شخص نے یہ سوال کیا ایمان کیا ہے؟

تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! ایمان یہ ہے کے تو اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر اس کے رسولوں پر یوم آخر پر اور اچھی بری تقدیر پر ایمان رکھے، اس شخص نے یہ جواب سن کر کہا آپ ﷺ نے ٹھیک فرمایا، پھر اس شخص نے پوچھا کے احسان کیا ہے؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! احسان یہ ہے کے تم اللہ کی بندگی اس طرح سے کرو جیسے کے تم اللہ کو دیکھ رہے ہو اور اگر یہ تصور قائم نہیں ہوتا تو پھر یہ سوچو وہ اللہ تو تم کو دیکھ ہی رہا ہے، پھر اس شخص نے کہا! مجھے قیامت کے بارے میں بتائیے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جواب دینے والا پوچھنے والے سے زیادہ باخبر نہیں مذکورہ بالا حدیث کو حدیث جبرائیل بھی کہتے ہیں اس حدیث میں۔ا۔اسلام۔۲۔ایمان اور۔۳۔تصور احسان کی وضاحت ہوگئی۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! لوگو کان کھول کر سن لو لباس کی سادگی واختیار کرنا اور دنیا کے زیب وزینت کو ترک کرنا حسن ایمان کی علامت ہے۔۶؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے اایمان کے حوالے سے فرمایا! ایمان دل سے معرفت اور زبان سے اقرار کا نام ہے۔

ایمان اس وقت تک کامل نہیں ہوسکتا جب انسان کو اپنے پاس موجود اشیاء سے زیادہ اللہ کے پاس موجود اشیاء پر زیادہ بھروسہ نا ہوجائے۔

اللہ نے ایمان کو شرک سے پاکیزگی کے لئے واجب کیا ہے۔

ایمان یہ ہے کہ تم اپنے لئے نقصان دہ سچ کو اپنے لئے مفید جھوٹ پر ترجیح دو۔
آپؓ نے ایمان کے چار ستون بیان فرمائے۔

۱۔صبر۔

۲۔یقین۔

۳۔عدل۔

۴۔جہاد۔

اپنے ایمان کو صدقات کے ذریعے محفوظ کرو۔ حیاء اور صبر کی مانند کوئی ایمان نہیں۔
ایمان ایک ایسا راستہ ہے جو تمام راستوں سے زیادہ روشن ہے۔
ایمان کے ذریعے علم کی تعمیر کی جاتی ہے۔
بے شک ایمان قلب میں ایک نور کی طرح ہے جتنا زیادہ ایمان بڑھتا ہے قلب کا نور بھی اسی طرح سے بڑھتا ہے۔
کوئی شخص ایمان کی لذت سے اس وقت تک محظوظ نہیں ہوسکتا جب تک اس کو یہ یقین نا ہوجائے کے اللہ کے حکم کے بغیر اس کو کوئی راحت نہیں پہنچ سکتی اور نا ہی اللہ ے حکم کے بغیر اس کو کوئی نقصان پہنچا سکتا ہے۔
چار خصائل ایمان کے کامل ہونے کا پتا دیتے ہیں۔

۱۔اللہ کی خاطر لوگوں کو عطا کرے۔

۲۔اللہ کی خاطر ہاتھ روکے۔

۳۔اللہ کی خاطر دوستی۔

۴۔اللہ کی خاطر دشمنی۔

نجات ایمان کے ساتھ ہے۔
ایمان ایک ایسا پودا ہے جس کی جڑ یقین، شاخیں تقویٰ، کونپلیں حیاء اور پھل سخاوت ہیں۔

ایمان کے ذریعے انسان سعادت کی بلندیاں حاصل کرتا ہے اور کمال مسرت تک پہنچتا ہے۔
اللہ کے حضور کامیابی، ایمان کا ثمر ہے۔
تین چیزیں جس انسان کے اندر ہوں گی اس کا ایمان کامل ہوگا۔
۱۔ غصے اور خوشی میں انصاف۔
۲۔ غریبی اور امیری میں میانہ روی۔
۳۔ خوف اور امید کے درمیان اعتدال۔
ایمان کی زینت طہارت باطنی اور ظاہر میں نیک اعمال ہیں۔
مومن کا شرف اس کا ایمان ہے جبکہ اس کی عزت اطاعت الٰہی ہے۔
سچے ایمان اور احسان بہترین ذخائر میں سے ہیں۔
جس انسان کا ایمان سچا ہے وہ نجات یافتہ ہے جبکہ جس انسان کا اسلام اچھا ہوگا وہ ہدایت یافتہ ہے۔
ایمان و عمل کبھی نا چھوٹنے والے دوست اور جڑواں بھائیوں کی مانند ہیں چنانچہ اللہ تعالی کسی ایک کو دوسرے کے بغیر قبول نا کرے گا۔ ۷

## نفسیاتی پہلو

حضرت شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! ایمان اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک رسول اللہ ﷺ کے احکامات کو پورے اخلاص کے ساتھ تسلیم نا کیا جائے۔ ۸
ایمان، یقین ہے یعنی دل کی گہرائی سے اللہ کا یقین اور زبان سے اس کا اقرار کرنا تاہم عقیدہ سے مراد مضبوط گرہ کے ہیں یعنی انسان اپنے دل و ذہن میں اس بات کا مکمل یقین اور گہرا شعور حاصل کرلیتا ہے کے اس کائنات میں اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد رسول اللہ ﷺ اللہ کے بندے اور آخری رسول ہیں۔
ایمان کی مضبوطی انسان کو بے شمار بیماریوں اور پریشانیوں سے محفوظ و مامون رکھتی ہے تاہم جتنا

زیادہ ایمان مضبوط ہوگا اتنی ہی شعوری طاقت اور توانائی انسان کو حاصل ہوگی جبکہ امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! انسان کا ایمان جس قدر مضبوط ہوتا ہے اس پر مشکلات اور پریشانیاں بھی اسی ایمان کے بقدر نازل ہوتی ہیں کیونکہ یہ مشکلات انسان کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ الحجرات۔آیت۔ ۱۵۔

۳۔سورہ النساء۔آیت۔۱۳۶۔

۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۷۷۔

۵۔سورہ النساء۔آیت۔۱۳۶۔

۶۔مشکوۃ۔امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ)۔مطبوعہ اصح المطابع دہلی دار ارقم بیروت

۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔ ۶۲۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۸۔بڑے بچوں کے لئے۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

## ۷۴۔ المومن۔ مومن

**مومن نرم مزاج اور خوش کلام ہوتا ہے اس کا نفس چٹان سے زیادہ سخت اور مضبوط ہوتا ہے لیکن خدا کے سامنے وہ اپنے آپ کو کسی غلام سے بھی زیادہ کمتر سمجھتا ہے (حضرت علیؑ)**

**المومن** ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ا۔م۔ن) سے مشتق ہے۔
ابن فارس نے کہا امن ۔کی ضد خیانت ہے تاہم امن سے انسان کو اطمینان قلب حاصل ہوتا ہے۔
امن ۔کے ایک معنی تصدیق کے بھی ہیں۔
تاج العروس امن ۔کے معانی بتاتے ہوئے کہتے ہیں بے فکری، حفاظت کی ذمہ داری اور امن کو قائم کرنا۔
امن ۔سے ہی ائتمان ، امانت، امون ، امین ، امنین ، ایمان، امنو، اور مومن نکلے ہیں۔
ائتمان ۔سے مراد بھروسہ اور اعتماد کے ہیں۔
ناقۃ امون ۔سے مراد وہ اونٹنی جو قویٰ اور عادت کے اعتبار سے قابل اطمینان یعنی جس کے بارے میں یہ بھروسہ ہو کے وہ طویل سفر سے نہ تھکے گی اور نہ ہی وہ کسی کمزوری کا اظہار کرے گی۔
امانۃ۔سے مراد کسی بھروسے دار شخص کو کوئی اہم چیز سونپنا۔
امین۔سے مراد قابل اعتماد انسان جس سے انسان بے خوف ہو۔
قرآن کریم میں 'بلد امین' کے الفاظ بھی استعمال ہوئے ہیں یعنی امن اور سلامتی کا شہر جہاں مکمل اطمینان اور سامان حفاظت موجود ہو۔
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِیْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ۔ ا؎

ترجمہ۔ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس نور پر ایمان لاؤ جو ہم نے اتارا ہے اللہ تمھارے اعمال سے باخبر ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِی الْاَرْضِ۔

ترجمہ۔ اللہ نے ان سے وعدہ کیا ہے جو مومنین ہیں (اللہ) انھیں ضرور ملک میں اپنا جانشین بنائے گا۔ ۲؎

اللہ پر ایمان لانے والوں کو بھی مومن کہا جاتا ہے لیکن ایک لطیف نکتہ کو سمجھنا ضروری ہے وہ شخص جو حلقہ اسلام میں داخل ہو گیا وہ مسلم ہے لیکن جس کے قلب میں ایمان داخل ہو گیا وہ مومن ہے یعنی ایمان والا ہے۔

اسم مبارک المومن کی دو تعریفیں بیان کی گئیں ہیں۔

ا۔ اللہ کا اسم صفاتی المومن وہ ذات پاک ہے جس کی تعریف اور صفات کامل ہوں تاہم اللہ نے اپنی تعریف کو بزرگی اور جمال کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔

۲۔ المومن کے ایک معنی تصدیق کرنے کے بھی ہیں یعنی اللہ تعالی نے اپنے بندوں سے جو وعدے کئے انھیں وہ پورا کرتا ہے یا کرے گا جیسے کے رزق، نیک بندوں سے جنت کا وعدہ اور گناہگاروں کو جہنم کی وعید وغیرہ اور اس کا ایک دوسرا مطلب یہ بھی ہے کے اللہ تعالی اپنے بندوں کے گمان کے مطابق ان سے ملاقات فرمائے گا۔

**المومن** اللہ کا ایک اسم صفاتی ہے یعنی اللہ اپنے بندوں اور مخلوقات کی حفاظت کا ذمہ دار ہے اور کل کائنات اور اس کی مخلوقات پر اللہ کی حفاظت اور امن کی ذمہ داری ہے چنانچہ تمام کائنات اور اشیاء کائنات پر امن اور سکون کی لہریں جاری وساری ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اَلْمُؤْمِنُ۔ ۳؎ ترجمہ۔ (اللہ) امن دینے والا ہے۔

مومن چونکہ امن سے مشتق ہے اور امن اور سلامتی کی کئی صورتیں ہمارے اطراف میں ہر وقت دور کرتی ہیں لیکن کم ہی انسان ان کا شعور رکھتے ہیں مومن اللہ کا صفاتی نام ہے اور اللہ کو امن اور سلامتی پسند ہے اور ایسے تمام بندے بھی اللہ کے پسندیدہ ہیں جو امن اور سلامتی کے خوگر ہیں، قرآن کریم میں اللہ تعالی نے قبیلہ قریش کی بھوک اور سردی اور گرمی کے خوفناک تجارتی سفر کے حوالے سے ارشاد فرمایا!

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اِیْلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ الَّذِیْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ۔ ۴؎

ترجمہ۔قریش مانوس ہوئے گرمی اور جاڑے کے سفروں سے ان کو چاہئے کے وہ رب کعبہ کی عبادت کریں جس نے انھیں بھوک سے بچایا اور کھانے کو دیا اور انھیں خوف سے بچا کر امن دیا۔

حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! پہلے عرب کی سرداری قبیلہ حمیر کو حاصل تھی لیکن پھر اللہ تعالی نے وہ سرداری قبیلہ حمیر سے سلب کر کے قبیلہ قریش کو عطا کی۔ ۵؎

سورۃ القریش کا پس منظر یہ ہے کے رسول اللہ ﷺ کے جد اعلیٰ قصی بن کلاب نے مکہ کی بکھری آبادی اور قبائلی نظام کو منظم کیا اور بیت اللہ کی تولیت ان کے ہاتھ میں آگئی جہاں انھوں نے ایک شہری ریاست کی بنیاد رکھی قصی بن کلاب کے بعد ان کے بیٹوں عبد مناف اور عبد الدار کے ہاتھ میں مکہ کی ریاست کے دیگر مناصب آ گئے تاہم عبد مناف کو ان کے والد قصی بن کلاب کے زمانے سے ہی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔

عبد مناف کے چار بیٹے تھے۔ ا۔ ہاشم۔ ۲۔ عبد شمس۔ ۳۔ مطلب۔ ۴۔ نوفل۔

رسول اللہ ﷺ کے پردادا ہاشم اور دادا عبد المطلب تھے۔عرب کی بین الاقوامی تجارتی گزرگاہوں پر ایران کے ساسانی حکومت کی اجارہ داری اور عملداری تھی تاہم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پر دادا ہاشم بن عبدمناف نے تجارت کو وسعت دینے کے کئی سود مند اقدامات کئے۔

۱۔ ہاشم بن عبدمناف نے شام کے غسانی بادشاہ سے۔

۲۔ عبدشمس نے حبشہ کے فرمانروا سے۔

۳۔ مطلب نے یمنی امراء سے۔

۴۔ اور نوفل نے عراق اور فارس کی حکومتوں سے تجارتی مراعات حاصل کیں۔

جس کے نتیجے میں نیک نامی اور دولت وثروت ان کا مقدر ٹھہری یہ چاروں بھائی متجرین (تجارت پیشہ) کے نام سے مشہور ہوئے انھیں اصحاب ایلاف (الفت پیدا کرنے والے) کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، ان کامیاب تجارتی سفر کی وجہ سے قبیلہ قریش کے سرداروں کی رسائی شام، مصر، عراق، ایران، یمن اور حبشہ تک ہوئی جہاں بڑے بڑے روساء اور نامور امراء سے ناصرف ان کے تعلقات استوار ہوئے بلکہ انھیں بے شمار عزت واکرام اور دولت وثروت بھی حاصل ہوئی تاہم ان بھائیوں کے اس تجاتی اقدام سے مکہ، جزیرہ العرب کا سب سے زیادہ اہم تجارتی مرکز بن گیا جہاں ان بھائیوں کی دھاک اور رعب ودبدبہ قائم تھا، ان مما لک سے اہل قریش نے تہذیب وتمدن اور رسم الخط بھی سیکھا جو بعد میں قرآن کریم کو ضبط تحریر میں لانے کے لئے معاون ثابت ہوا۔

مندرجہ بالا آیات میں اللہ تعالی اپنے اسی احسان کا ذکر فرمارہے ہیں جو اللہ نے قبیلہ قریش پر فرمائی یعنی انھیں بھوک میں کھانا اور خوف میں امن دیا کیونکہ تجارتی گزرگاہیں نہایت خوفناک راستہ تصور کی جاتی تھیں جن کو اللہ نے امن سے بدل دیا۔ ایک جانب دنیا کے تمام انسان خوفناک بارود کے ڈھیر پر بیٹھے ہیں نجانے کتنی اقسام کے ایٹمی ہتھیار اور بائیولوجیکل ویپنز بنائے جاچکے ہیں حتیٰ کے ایسے بم بھی بنالئے گئے ہیں کے اگر وہ کسی مقام پر پھینکے جائیں گے تو اس پورے علاقے اور رقبے پر جہاں تک ان کے مضر اثرات قائم ہوں گے آکسیجن کا مکمل

خاتمہ ہو جائے گا چنانچہ خون بہائے بغیر ہر ذی نفس موت کے منہ میں چلا جائے گا کیونکہ زندگی کا انحصار تو آکسیجن پر ہے بنی نوع انسان نے انسانیت کو اپنا محکوم اور غلام بنانے کے لئے کیا کیا تدابیر کر ڈالیں لیکن اللہ کے اسم مومن کی وجہ سے دنیا میں امن اور سلامتی قائم ہے اور انسانیت خوفناک جنگوں سے محفوظ اور مامون ہے گھروں، دفاتر، کارخانوں، فیکٹریز، شاپنگ مالز بڑے چھوٹے اداروں اور خود انسان انفرادی و اجتماعی سطح پر اسی اسم مبارک مومن کی وجہ سے امن و سلامتی میں ہے اور یہ اسم ان تمام ذی نفوس کا مکمل احاطہ کئے ہوئے ہے۔

**ارشادات خداوندی:**

الْمُؤْمِنُ۔٦؎ ترجمہ۔(اللہ) امن دینے والا ہے۔

**اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْٓا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ۔٧؎**

ترجمہ۔مومنین جنھوں نے اپنے ایمان کو شرک کے ساتھ مخلوط نہیں کیا تو انھی کے لئے امن ہے اور وہ ہی سیدھی راہ پر چل رہے ہیں۔

**وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَمَسٰكِنَ طَیِّبَةً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ۔٨؎**

ترجمہ۔اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے ایسے باغوں کا وعدہ کیا ہے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں اور رہنے کے باغوں میں ستھرے گھروں کا اور اللہ کی رضامندی اس سے بھی بڑی چیز ہے اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ کے حضور شہر مکہ معظّمہ کے لئے دعائے امن مانگی۔

**وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا۔٩؎**

ترجمہ۔(ابراہیم نے کہا) اے میرے پروردگار! اس شہر کو امن والا بنادے۔

اسی طرح سے حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے اہل خانہ سے کہا کے وہ بلا خوف وخطر مصر میں داخل ہوجائیں اور وہاں امن وچین کے ساتھ رہیں۔

وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۔۱۰؎

ترجمہ۔مصر میں چلئے اور ان شاء اللہ وہاں امن وچین سے رہئے گا۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات :**

حضرت سہل بن سعد الساعدیؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!
مومن کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے اور منافق کا عمل اس کی نیت سے بہتر ہے اور ہر شخص اپنی نیت کے مطابق عمل کرتا ہے اور جب مومن کوئی عمل کرتا ہے تو اس کے دل میں نور پھیل جاتا ہے۔۱۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دنیا مومن کا قید خانہ ہے اور کافروں کی جنت۔۱۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا! اللہ کی قسم وہ مومن نہیں جس کے شر سے اس کا پڑوسی محفوظ نہ ہو۔۱۳؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم میں سے کوئی شخص موت کی تمنا نہ کرے اور نہ موت کے آنے سے پہلے اس کی دعا کرے کیونکہ جب تم میں سے کوئی شخص مرجاتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہوجاتا ہے اور مومن کی عمر اس میں نیکی کے سوا کسی اور چیز کو زیادہ نہیں کرتی۔۱۴؎

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہر بندے کو قیامت کے دن اسی حالت میں اٹھایا جائے گا جس حالت میں وہ مرا ہے۔مومن کو اس کے ایمان پر جبکہ منافق کو اس کے نفاق پر۔۱۵؎

حضرت عبداللہ بن بریدہؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن کی موت کے وقت پیشانی پر پسینہ ہوتا ہے۔۱۶؎

مومن اپنی روح کو نکلتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے جب ہی مرتے وقت انسان کی نگاہیں کھلی اور اوپر کی جانب دیکھتی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، فرشتے مومن کے جسم سے اس کی گرہ اور اس کا بند کھول دیتے ہیں بالکل اسی طرح سے جیسے اونٹ کی ٹانگ میں بندھی رسی کھول دی جائے آپؓ مزید کہتے ہیں، مومنوں کی روحیں خوشی خوشی اپنے جسموں سے نکلتی ہیں کیونکہ جو بھی مومن ہوتا ہے اس کو پہلے جنت پیش کی جاتی ہے اس میں وہ اپنی ان ازواج کو دیکھتے ہیں جو بڑی آنکھوں والی حوریں ہیں۔ ۱۷؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب مومن کی موت کا وقت آتا ہے تو اس کے پاس فرشتے ایک ریشم کے ٹکڑے میں مشک اور مختلف پھول لے کر آتے ہیں پھر اس کے جسم سے روح کو اس طرح سے نکالا جاتا ہے جس طرح سے گندھے ہوئے آٹے میں سے بال کو نکالا جاتا ہے اور اس سے کہا جاتا ہے کے اے پاکیزہ روح تو اس حال میں ہے کہ تو راضی ہو اور تجھے راضی کیا گیا ہو تو اللہ کی خوشی اور اس کرامت کی طرف نکل اور جب وہ روح نکلتی ہے تو اس کو مشک اور پھولوں پر رکھ دیا جاتا ہے اور اس ریشم کو لپیٹ دیا جاتا ہے اور اس کو علیین کی طرف لے جایا جاتا ہے۔ ۱۸؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

مومن کی صفات کے بارے میں آپ نے کہا مومن کی خوشی اس کے چہرے پر اور اس کا غم اس کے دل میں ہوتا ہے وہ سب سے زیادہ کشادہ سینے والا ہوتا ہے۔

مومن اپنے نفس کو کمتر اور حقیر سمجھتا ہے تاکہ غرور میں مبتلا نہ ہو سکے اسے رفعت اور بلندی سے کراہیت اور نام ونمود سے نفرت ہوتی ہے وہ بلند ہمت اور بہت سکوت پسند ہوتا ہے اس کے اوقات زیادہ تر عبادات میں سرف ہوتے ہیں وہ اپنی ہی فکر میں غلطاں ہوتا ہے۔

مومن ہر ایک سے دوستی نہیں کرتا ہے۔

مومن نرم مزاج اور خوش کلام ہوتا ہے اس کا نفس چٹان سے زیادہ سخت اور مضبوط ہوتا ہے لیکن خدا کے سامنے وہ اپنے آپ کو کسی غلام سے بھی زیادہ کمتر سمجھتا ہے۔

مومن کے لئے تین اوقات ہوتے ہیں۔

ا۔ جب وہ اللہ کی عبادت اور مناجات کرتا ہے۔

۲۔ جب وہ رزق حلال کی کوشش کرتا ہے۔

۳۔ جب وہ اپنے نفسانی خواہشات ولذات سے متعلق غور وفکر کرتا ہے۔

خوف خدا مومنوں کا شعار ہے بہترین عبادت خوف خدا ہے۔

مومن کا سرور اپنے اللہ کی اطاعت میں جبکہ اس کا حزن اللہ کی نافرمانی میں ہوتا ہے۔

مومن بے انتہا عاجز اور منکسر المز اج ہوتا ہے اور دوسرے مومنین پر وہ شفیق ہوتا۔

مومن، دوسرے مومن کا بھائی ہے، وہ کبھی اپنے مومن بھائی کو دھوکا نہیں دیتا ہے، نا اس کی عیب جوئی کرتا ہے اور نا ہی اس کی مدد میں کوئی کوتاہی کرتا ہے۔

مومن کو پریشان نا کرو ورنہ تمھاری نیکیاں درخت کی چھال کی طرح اتار لی جائیں گی۔

مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ خدا کے نور سے دیکھتا ہے۔

مومن خود میں ہی مشغول رہتا ہے اور لوگ اس سے آسودہ رہتے ہیں۔ جب رات ہوتی ہے تو وہ اپنے سر کو اللہ کی عبادت میں جھکا لیتا ہے اور اللہ کی حمد وثناء میں اپنے آپ کو مصروف رکھتا ہے۔

جس انسان کو نیکی خوشی دے اور برائی اس کی پریشانی کا سبب بنے وہ مومن ہے۔

مومن کا شرف اس کا ایمان جبکہ اس کی عزت اطاعت الہی ہے۔ مومن زیرک اور عقلمند ہوتا ہے

مومن بہت عمل کرنے والا اور بہت کم لغزشیں کرنے والا ہوتا ہے۔

مومن کی تین نشانیاں ہیں۔ ا۔ صداقت۔ ۲۔ یقین۔ ۳۔ کم خواہشات۔

مومن کے لئے دنیا ایک تربیت گاہ ہے، اس کی لگن عمل ہے یعنی وہ موت کی تیاری میں لگا رہتا

ہے جبکہ جنت اس کا انعام ہے۔
مومن جب بھی کائنات پر نظر دڑاتا ہے عبرت اور غور وفکر کی نگاہ ڈالتا ہے، جب وہ بولتا ہے تو ذکر الٰہی کرتا ہے، جب اس کو عطا کیا جاتا ہے تو اللہ کا شکر گزار بندہ بن جاتا ہے اور جب وہ کسی مشکل و پریشانی میں مبتلا ہوتا ہے تو صبر وتحمل سے اس وقت کو گزارتا ہے۔
مومن اپنے آپ کے لئے امانت دار اور اپنی خواہشات وحواس پر غالب رہتا ہے۔
مومن کی روش اس کا زہد تقویٰ ہے، اس کی سوچ اس کی دیانت داری ہے، اس کی عزت اس کی قناعت ہے، اس کی کوشش آخرت کے لئے جبکہ اس کی نیکیاں بکثرت ہوتی ہیں۔
مومنین کے درجات بے حد عالی مقام ہوتے ہیں اور وہ خود اپنی نجات اور بچاؤ کا مشاہدہ کرتا ہے۔مومن خوشی کے موقع پر شکر گزار اور مشکل کے وقت میں صابر ہوتا ہے۔
مومن صبح وشام اپنے نفس سے بدگمان رہتا ہے۔
مومن سینے کی وسعت کے اعتبار سے بڑا ہوتا ہے جبکہ نفس کے لحاظ سے سب سے چھوٹا ہوتا ہے۔مومن جب کوئی بات کہتا ہے تو سب سے پہلے اپنی ذات میں اس کے بارے میں غور وفکر کر لیتا ہے پس اگر وہ بات فائدہ مند ہوتو اسے ظاہر کرتا ہے اگر وہ شر انگیز ہوتو اس کی پردہ پوشی کرتا ہے مومن دنیا کو صرف عبرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور دنیا کی دلربائی کو غضبناک ہو کر سنتا ہے مومن کے لئے موت بہترین تحفہ ہے۔
اگر میں اپنی اس تلوار سے مومن کی ناک اور اس کی آنکھوں کے درمیانی حصے پر ضربیں لگاؤں کے وہ مجھ سے بغض کرنے لگے تو بھی وہ مجھ سے بغض نہیں کرسکتا اور اگر میں منافق کو دنیا کی تمام اشیاء بھی دے ڈالوں کے وہ مجھ سے محبت کرے تو وہ مجھ سے محبت نہیں کرسکتا کیونکہ اللہ نے ایسا ہی فیصلہ کر دیا ہے جیسا کے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اے علیؑ! تم سے مومن کبھی بغض نہیں کرسکتا اور منافق کبھی محبت نہیں کرسکتا، حکمت جہاں سے بھی ملے اسے لے لو کیونکہ اگر یہ کسی منافق کے سینے میں ہوتی ہے تو یہ وہاں متحرک رہتی ہے جب تک یہ وہاں سے نکل کر

اپنے اصل مالک یعنی مومن کے سینے میں منتقل نہ ہوجائے۔
حلم مومن کے امور کے لئے ایک بہترین نظام ہے حلم ایک نور ہے جس کا جوہر عقل ہے۔
حلم کمال عقل ہے۔بہترین خصلت حلم وعفت ہے۔۱۹۔

## نفسیاتی پہلو

حلقہ اسلام میں داخل ہوکر اللہ کا اقرار کرنے والا مسلمان کہلاتا ہے جبکہ جس مسلمان کے قلب میں پورے کا پورا دین داخل ہوجائے وہ مومن کہلاتا ہے۔مومن کی بے شمار خصوصیات کو اللہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ کرام نے بیان فرمایا ہے،لیکن چند چیدہ چیدہ باتیں یہ ہیں کے مومن جھوٹ نہیں بولتا، وعدہ خلافی نہیں کرتا، وہ اپنے غموں کا شکوہ صرف اللہ سے کرتا ہے اور اللہ سے ہی مدد طلب کرتا ہے،مومن کے دل میں غم لیکن اس کا چہرہ مسکراتا ہےاور مومن دنیا کی دلربائی کو عبرت کی نظر سے دیکھتا ہے جبکہ موت مومن کا تحفہ ہے۔

مومنین وہ بندگان خاص ہیں جنھیں اللہ نے اپنی خصوصی رحمت اور توجہ سے ان بلند درجات تک پہنچایا،مومنین کی یہ کوشش ہوتی ہے کے وہ اپنے آپ کو اللہ کی رضا کے مطابق ڈھال لیں چنانچہ ایسے تمام بندوں کو نا کوئی غم ہوتا ہے اور نا ہی کوئی خوف ہوتا ہے، وہ ہر حال میں اللہ کے ساتھ جڑے اور بندھے رہتے ہیں اور اللہ کی رضا کے طالب رہتے ہوئے اس کی شکر گزاری، عبادت گزاری اور اطاعت گزاری میں اپنی زندگی کو بسر کرتے ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔سورہ التغابن۔آیت۔۸۔

۲۔سورہ النور۔آیت۔۵۵۔

۳۔سورہ الحشر۔آیت۔۲۳۔

۴۔سورہ القریش۔آیت۔۱۔۴۔

۵۔کتاب اسماوالصفات۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔مطبوعہ دار احیا التراث العربی۔

۶۔سورہ الحشر۔آیت۔ ۲۳۔

۷۔سورہ انعام۔آیت۔ ۸۲۔

۸۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۷۲۔

۹۔سورہ ابراہیم۔آیت۔ ۳۵۔

۱۰۔سورہ یوسف۔آیت۔ ۹۹۔

۱۱۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔ج۔۱۰۔
رقم الحدیث۔ ۱۰۵۹۴۲۔مطبوعہ داراحیاالتراث العربی۔بیروت۔

۱۲۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۴۱۷ھ۔

۱۳۔حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۱۴۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۴۱۷ھ۔

۱۵۔المعجم اولاسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ) مطبوعہ مکتبہ المعارف ریاض۔
۱۴۰۵ھ۔

۱۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔رقم الحدیث۔ ۳۱۱۷۔مطبوعہ دارالفکر
بیروت۔ ۱۴۱۴ھ۔

۱۷۔الکشف والخفا ومزیل الالباس۔علامہ اسماعیل بن محمد العجلونی (متوفی ۱۱۶۴ھ)۔ج۔ ۱۰۔ص۔
۱۳۳۔مطبوعہ مکتبہ الغزالی دمشق۔

۱۸۔شرح الصدور۔علامہ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ص۔ ۶۴۔دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۱۴۰۴ھ۔

۱۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر
تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

# ۴۸۔العلم۔علم

**رسول اللہ ﷺ نے مجھے علم کے ہزار باب تعلیم فرمائے اور مجھ پر علم کے ہر باب سے ہزار باب واہوئے۔(حضرت علیؑ)**

**العلم**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ع۔ل۔م) سے مشتق ہے۔
علم۔سے مراد کسی چیز کو جاننا، پہچاننا اور اس کی حقیقت کا ادراک ہے۔ا۔
علم۔سے مراد یقین حاصل کرنا،محسوس کرنا اور محکم طور پر جاننا بھی ہے۔۲۔
عالم۔سے مراد جس شخص کو ادراک حقیقت ہوجائے اس کو عالم کہا جاتا ہے۔
عالم کی جمع عالمون ہے۔
علیم کی جمع علماء ہے یعنی گہرا اور پختہ علم رکھنے والا
اس مادہ کے بنیادی معانی کسی چیز پر ایسے نشان کے ہیں جس سے وہ شے دیگر اشیاء سے متمیز ہوسکے۔۳۔
اہل عرب کے یہاں علم کا درجہ معرفت اور شعور سے بڑھ کر ہے۔۴۔
یہی وجہ ہے کے وہ اللہ کے لئے علم کا لفظ استعمال کرتے ہیں معرفت یا شعور کا نہیں اسی لئے اللہ کے لئے علیم یا عالم کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے دوسری جانب عارف سے مراد وہ شخص جس کو معرفت حاصل ہو اب یہ معرفت کسی بھی چیز کی ہوسکتی ہے یعنی کسی شے کے آثار وقرائین پر غور فکر کر کے انسان اس کا ادراک حاصل کرئے لیکن علم کے ساتھ یہ صورت نہیں اس کی مثال میں یہ آیت پیش کی جاسکتی ہے!

**وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ۭ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۭ**

مَا كُنتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ وَلَٰكِن جَعَلْنَاهُ نُورًا نَّهْدِي بِهِ مَن نَّشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا ۚ وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۔۵؎

ترجمہ۔کسی بشر کا یہ مقام نہیں ہے کے اللہ اس سے روبرو بات کرے اس کی بات یا تو وحی (اشارے) کے طور پر ہوتی ہے یا پردے کے پیچھے سے یا پھر وہ کوئی پیغام بر فرشتہ بھیجتا ہے اور وہ اس کے حکم سے جو کچھ وہ چاہتا ہے کرتا ہے وہ برتر اور حکیم ہے اور اسی طرح سے (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہم نے اپنے حکم سے ایک روح تمھاری طرف وحی کی ہے تمھیں کچھ پتا نہ تھا کے کتاب کیا ہوتی ہے اور ایمان کیا ہوتا ہے مگر اس روح کو ہم نے ایک روشنی بنادیا جس سے ہم راہ دکھاتے ہیں اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں یقیناً تم سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرر ہے ہو اس خدا کے راستے کی طرف جو زمین اور آسمانوں کی ہر چیز کا مالک ہے خبردار رہو سارے معاملات اللہ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

## علم کی فضیلت

علم ایک ایسی حقیقت اور ضرورت ہے جو بنی نوع انسانیت کو اللہ کی طرف سے بطور خاص ودیعت کی گئی قرآن کریم میں تقریباً (756) مقامات پر غور فکر، تفکر اور تدبر کی خاص ہدایت کی گئی ہے۔

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں !علم کا تعین دو درجوں میں ہوتا ہے۔

۱۔ پہلے درجے میں علم زر پرستی، جاہ طلبی اور دنیاوی عزت ووقار کے حصول کے لئے۔

۲۔ دوسرے درجے کا علم۔علم حق کہلاتا ہے۔

اس درجے میں پہنچنے والے شاگرد کو اللہ کے سوا کسی شے سے کوئی رغبت نہیں ہوتی۔۶؎

علم ایک ایسی حقیقت اور ضرورت ہے جو بنی نوع انسانیت کو اللہ کی طرف سے بطور خاص ودیعت کی گئی۔کتابوں میں درج علم بھی ضروری ہے لیکن اصل علم تو وہ ہے جو روزآنہ زندگی کے حقائق کی صورت میں ہماری نگاہوں کے سامنے سے گزرتی ہے اہل علم طبقہ تو ہمیشہ اپنی

کوتاہ علمی کا ہی رونا روتا ہے کیونکہ علم کی اصل تعریف ہی یہ ہے کے انسان کو اپنی لاعلمی کا ادراک اور آگہی حاصل ہو جائے تاہم یہ ایک طویل اور فلسفیانہ بحث ہے جس کا کوئی سرا نہیں۔

تحقیق سے یہ بات ثابت ہے کے دنیا میں موجود معلوم علوم کی ابتداء کسی نا کسی پیغمبر کے ہاتھوں ہوئی اور اس پیغمبر کو وہ علوم اللہ نے بذریعہ وحی منتقل فرمائے۔

ذیل میں اس کا اجمالی جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

## حضرت آدم علیہ السلام

حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ نے علم اسماء عطا فرمایا یعنی کل کائنات میں جو بھی علوم وفنون، سائنس، ٹیکنالوجی اور حکمت کارفرما ہے وہ سب کے سب آدم کو دے دئے گئے یعنی حضرت آدم علیہ السلام نے علم کی تحصیل اللہ تعالی سے بذریعہ وحی کی، اللہ تعالی نے

حضرت آدم علیہ السلام کو عبادات، کھیتی باڑی، جڑی بوٹیوں سے علاج، آگ کو روشن کرنا اور مختلف اوزار وہتھیار کا علم عطا فرمایا۔ ے

چنانچہ آج ترقی یافتہ دنیا میں کاشت کاری کا علم جس قدر ترقی پاچکا ہے اس فن کی ابتدا کی کھوج کرنے سے اس علم ے پیچھے ہمیں حضرت آدم علیہ السلام نظر آئیں گے اس کے بعد آدم سے وہ علوم ان کے اہل خانہ یعنی بیوی اور بچوں کو منتقل ہوئے اور اس طرح سینہ بہ سینہ علوم کی منتقلی کا سلسلہ جاری ہوا جس کا تسلسل آج تک ہے، انسان نے اپنی ناقص یاداشت کے سبب کئی چیزیں اپنی آسانی کے لئے لکھ بھی لیں تا کہ علم اپنی صحیح اور تحریری حالت میں موجود رہے لیکن یہ علم آدم کی اولادوں کو ان کی طلب کے مطابق مسلسل حاصل ہو رہا ہے جبکہ آدم کی اولادوں میں مرد وزن دونوں ہی شامل ہیں چنانچہ دونوں پر ہی علم کے حصول کی فرضیت عائد ہوتی ہے جبکہ دونوں ہی اس میں برابر کے شریک بھی ہیں۔

اسلامی تعلیمات جس میں قرآن کریم کے احکامات، احادیث نبوی ﷺ اور اقوال اہل علم شامل ہیں ان میں بار ہا خواتین کو مخاطب کرتے ہوئے انھیں ان کے اس حق کی جانب متوجہ کروایا گیا تاکہ اپنی اور اگلی نسلوں کی پرورش جس ماں کی گود میں ہو وہ علمی اعتبار سے اتنی سوجھ بوجھ کی مالک ہو جو ایک اچھے، مہذب اور وضع دار انسان کو دنیا میں وقار کے ساتھ اٹھا کھڑا کرے۔

## حضرت ادریس علیہ السلام

حضرت ادریس علیہ السلام، حضرت آدم کی چھٹی پشت میں حضرت نوح علیہ السلام کے پردادا ہیں آپ نے اپنی ابتدائی تعلیم اپنے جد امجد حضرت شیث علیہ اسلام سے حاصل کی، روایت میں آتا ہے کے آپ پر ایک صحیفہ بھی نازل ہوا جس کا حبشی زبان میں ترجمہ ہوا جو آج بھی موجود ہے آپ نے اللہ کے حکم سے دین اسلام کی تبلیغ و اشاعت کا نہایت مشکل فریضہ نہایت صبر و استقامت سے انجام دیا لیکن آپ کی قوم مسلسل آپ کی تعلیمات کا انکار کرتی رہی اور آپ پر زمین تنگ کردی چنانچہ آپ نے موجودہ عراق کے شہر کوفہ سے مصر کی جانب ہجرت فرمائی اور دریائے نیل کے کنارے ایک سرسبز و شاداب شہر بابلیون میں جا بسے۔

حضرت ادریس علیہ السلام چوتھے آسمان پر رہتے ہیں، عبرانی زبان میں ان کا نام حنوک اور یونانی زبان میں ہرمیس ہے آپ کو اللہ تعالی نے بذریعہ وحی ۷۲ زبانوں کا علم عطا فرمایا اس کے ساتھ ہی اللہ تعالی نے انھیں Town Planning کے اصول اور اور علوم بھی منتقل کئے جسے انھوں نے اپنے شاگردوں کو سیکھایا اور اس علم کی وجہ سے آپ کے شاگردوں نے کئی شہر اور بستیاں بھی آباد کیں یہی نہیں بلکہ اللہ تعالی نے انھیں قلم سازی فن کتابت، علم ریاضی، علم نجوم، علم منطق، علم رمل، ناپ تول کے اوزان، ہتھیار و اوزار، اسلحہ سازی اور کپڑے کو کاٹنے اور سینے کا بھی علم منتقل کیا۔ ۸؎

جسے آپ نے لوگوں کو سیکھا یا لہٰذا ان علوم وفنون اور ایجادات کی بدولت نسل انسانی نے حیران کن انداز سے ترقی کے مراحل طے کئے اور تہذیب وتمدن کے اعلیٰ معیار کو قائم کرتے ہوئے بام عروج پر جا پہنچی یہ حضرت ادریس علیہ السلام ہی تھے کے جنھوں نے سب سے پہلے طوفان نوح کی پیشن گوئی بھی فرمائی علم چونکہ اللہ کا نور ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ علم کو ہمیشہ پاک سینوں میں ہی منتقل کرتے ہیں اور بلا شبہ یہ پاک سینے اللہ کے برگزیدہ پیغمبروں کے سوا کسی اور نہیں کیونکہ ان کے سوا اس علم ومعرفت کا تحمل کوئی اور کر بھی نہیں سکتا لہٰذا یہ علم پیغمبروں کے سینوں سے عام انسانوں تک پہنچتا ہے جیسے انسان اپنی ذہنی اور قلبی استعداد کے مطابق سیکھتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ اپنے اس نور (علم) کو کبھی کسی گمراہ، متکبر اور خدائی کے دعویٰ داروں کو براہ راست منتقل نہیں کرتا چنانچہ اہل مصر تک فن کتابت، دوات اور کاغذ وقلم سازی کا فن وہنر حضرت ادریس علیہ السلام کے ذریعے پہنچے چونکہ اللہ نے حضرت ادریس علیہ السلام کو قلم سے لکھنے اور پڑھنے کا طریقہ سیکھایا اسی وجہ سے انھیں ادریس کا لقب عطا ہوا یعنی درس دینے والا تاہم آج دنیا میں جتنی بھی ترقی ہے اس کی ابتدا حضرت ادریس علیہ السلام کے دور سے ہوئی تعمیرات کے فن میں کمالات کے اصل موجد بھی وہ خود نہیں بلکہ حضرت ادریس اور حضرت یوسف علیہ السلام ہیں کیونکہ ان دونوں پیغمبروں نے مصر میں ہجرت کی اور علوم الٰہیہ کو اپنی قوم تک منتقل کیا تاہم قلم کی جتنی بھی جدید اقسام ہیں ان کے در پردہ
حضرت ادریس علیہ السلام کے وہ علوم کارفرما ہیں جو بذریعہ وحی اللہ نے انھیں عطا فرمائے۔

## حضرت نوح علیہ السلام

حضرت نوح علیہ السلام کو ابو البشر ثانی بھی کہا جاتا ہے، آپ کی والدہ کا نام سخا بنت انوش تھا۔ علماء کرام لکھتے ہیں نوح عربی زبان کا لفظ نہیں ہے عربی زبان میں ناح سے مراد چیخ وپکار ہے جبکہ نوح سے ہی نوحہ کرنا بھی ہے،
حضرت نوح علیہ السلام چونکہ بہت زیادہ گریہ وزاری کیا کرتے تھے چنانچہ اسی مناسبت سے

ان کا نام نوح پڑ گیا۔

حافظ اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی ( متوفی ۷۷۴ھ ) لکھتے ہیں حضرت نوح علیہ السلام کا شجرہ نسب یہ ہے۔

نوح بن مالک بن متوشلخ بن خنوخ ( ادریس ) ابن یرد بن صلابیل بن قنین بن انوش بن شیث بن آدم ابوالبشر ( علیہ السلام )۔

امام ابن جریر نے لکھا ہے حضرت آدم علیہ السلام کی وفات کے ایک سوچھبیس برس کے بعد حضرت نوح علیہ السلام پیدا ہوئے تاہم اہل کتاب کی تاریخ میں مذکور ہے کے ان دونوں کے درمیان ایک سوچھبیس سال کا عرصہ تھا۔

امام ابن حبان نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے، حضرت امامہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ ! کیا حضرت آدم علیہ السلام نبی تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! ہاں وہ ایسے نبی تھے جن سے کلام کیا گیا پوچھنے والے نے پوچھا حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے درمیان کتنا عرصہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا!

دس قرن یعنی (۱۰ صدیاں )۔۹

امام طبرانی کی روایت میں یہ اضافہ ہے، رسول اللہ ﷺ سے جب یہ پوچھا گیا کتنے رسول تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا! ۳۱۳۔۱۰

حضرت نوح کا وطن موجودہ عراق تھا پہلے زمانے میں اس کو کالڈیا Chaldea یا کلدانیہ کہتے تھے حضرت نوح کی قوم پانچ بڑے بتوں کی پوجا کیا کرتی تھی۔

۱۔ود۔ ۲۔سواع۔ ۳۔یعوق۔ ۴۔یغوث۔ ۵۔نسر۔

حضرت نوح کے تین بیٹوں ۔۱۔یافث۔سام۔ ۳۔حام۔ جو کے آپ کے ساتھ کشتی میں سوار تھے ان سے نسل انسانی چلی اور آج دنیا میں جتنے بھی لوگ آباد ہیں وہ انھی تین بھائیوں کی اولادیں ہیں۔

یافث جو سب سے بڑے صاحبزادے تھے ان کی اولاد سے آگے چل کر ترک ، منگول (چنگیز خان ، ہلاکو خان) مغل ، چین ، روس اور تبت وغیرہ کے رہنے والے پیدا ہوئے اللہ تعالی نے حضرت نوح کو کشتی بنانے کی ٹیکنالوجی بذریعہ وحی عطا فرمائی ۔

انجیل کے مطابق اس کشتی کی لمبائی ۳۰۰ کیوبٹ (۴۵۰ فٹ) ۵۰ کیوبٹ چوڑی (۷۵ فٹ) ۳۰ کیوبٹ اونچی (۳۰ فٹ) یہ کشتی کئی منزلہ تھی ۱۸۴۴ء میں ایک I.K.Bruvel نامی شخص نے گریٹ بریٹن نامی ایک جہاز بنایا جو اسی کشتی کی پیائش پر بنائی گئی تھی جس نے سینکڑوں کامیاب سمندری سفر کئے اور بے شمار طوفانوں کا مقابلہ بھی نہایت کامیابی سے کیا۔

حضرت نوح نے اپنی قوم کو حق کی جانب ہدایت دی جس کو سن کر وہ آپ کا مذاق اڑایا کرتے تھے انبیاء سابقین پر ان کی قوم نے عیب اور الزامات لگائے جب آپ پر آپ کی قوم نے عیب لگایا تو آپ نے فرمایا!

قَالَ يَا قَوْمِ لَيْسَ بِي ضَلَالَةٌ وَلٰكِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ - ۱۱؎

ترجمہ۔ (نوح نے کہا) اے میری قوم! میں ہرگز گمراہ نہیں ہوں میں رب اللعالمین کی طرف سے بھیجا ہوا ہوں۔

اللہ نے حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے کا علم بذریعہ وحی عطا فرمایا ورنہ اس سے قبل لوگ کشتی سے ناواقف تھے آج ۱۸ منزلہ اونچے سمندری جہاز نہایت کامیابی سے مسافروں سمیت سامان تجارت لے کر ایک ملک سے دوسرے ملک کی جانب محوِ سفر ہیں یہی نہیں بلکہ یہ سمندری جہاز تمام تر جدید سہولیات سے بھی آراستہ ہیں دنیا میں آنے والے ہر پیغمبر کو اللہ نے مخصوص علوم عنایت فرمائے جبکہ اہم نکتہ یہ ہے کے ہر علم انسانی ذہنی سکت کو ملحوظ رکھتے ہوئے بتدریج دیا گیا۔ ۱۲؎

# حضرت ہود علیہ السلام

**حضرت ہود علیہ السلام کا شجرہ نسب :**

ھود بن عبداللہ بن ریاح بن الجارود بن عاد بن عوض بن ارم بن سام بن نوح ( نبی اللہ )۔

حضرت ہود کی تدفین کے حوالے سے تین اقوال ہیں ۔

۱۔حضرت ہود علیہ السلام جامع دمشق کے ایک باغ میں مدفون ہیں ۔

۲۔حضرت ہود علیہ السلام کی قبر مبارک مکہ مکرمہ میں ہے ۔

۳۔حضرت ہود علیہ السلام کی قبر مبارک یمن میں ہے ۔

حضرت ہود کو اللہ تعالی نے بچپن سے ہی پیغمبرانہ اور قائدانہ صلاحیتوں سے نوازا تھا آپ بتوں سے بے زار تھے آپ نے اپنی قوم کو اللہ کی بندگی کا حکم دیا اور انھیں جہالت اور گمراہی سے نکالنے کی ہر ممکن کوشش کی لیکن قوم ان کے پیغام کو مسلسل مسترد کرتی رہی اور ان کی قوم نے بھی حسب سابق آپ پر الزامات لگائے جس پر آپ نے کہا!

قَالَ يَا قَوْمِ لَيْسَ بِي سَفَاهَةٌ وَلَٰكِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ - ۱۳ ؎

ترجمہ۔(ھود نے کہا) اے میری قوم! میں بے وقوف نہیں ہوں بلکہ میں رب اللعالمین کی طرف سے بھیجا ہوا ہوں۔

آپ کی عمر ۴۶۲ برس تھی ، روایات کے مطابق حضرموت کے مشرقی حصے میں شہر تریم کے قریب وادی حضرموت میں آپ کا مزار ہے ۔

حضرت علیؓ سے منقول ہے آپ کی قبر حضرموت میں کثیب احمر ( سرخ ٹیلہ ) پر ہے اور اس کے سرہانے جھاؤ کا درخت ہے ۔

حضرت نوح کے چار بیٹے تھے یام جو طوفان میں نافرمانی کے سبب غرق ہو گیا۔

باقی تین بیٹے ۔ا۔سام ۔ ۲۔حام ۔ ۳۔ یافث تھے ۔

ان کی اولادوں سے مختلف اقوام پھیلیں ۔

ارم، سام کا بیٹا اور عاد کا دادا تھا جس کی قوم عاد کے نام سے مشہور ہوئی۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاذْكُرُوٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوحٍ وَّزَادَكُمْ فِى الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ یاد کرو جب قوم نوح کے بعد اللہ نے تم کو ان کا جانشین بنادیا اور تمھاری جسامت کو بڑھادیا سوتم اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو۔

حضرت ہود نے اپنی قوم پر اللہ کی دو نعمتوں کا ذکر فرمایا ایک تو یہ کے انھیں حضرت نوح کے بعد ان کی زمین کا جانشین اور وارث بنادیا اور دوسرا یہ کے ان کو قوم نوح سے زیادہ بڑی جسامت اور قوت عطا فرمائی۔

امام بغوی نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کیا ہے ان کی قامت ۸۰ ذراع (۱۲۰ فٹ) تھی۔

وہب نے کہا ان میں سے ایک آدمی کا سر بڑے گنبد کی طرح تھا۔ ۱۵؎

قوم عاد کے افراد اونچے قد کاٹھ کے مضبوط جسم والے انسان تھے لیکن وہ مسلسل نافرمانیوں میں مبتلا رہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۗ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۗ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۔ ۱۶؎

ترجمہ۔ عاد کی طرف بھیجا ان کا بھائی ہود، بولا اے قوم! بندگی کرو۔

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

# حضرت ابراہیم علیہ السلام

حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت آدم علیہ السلام کی وفات کے دو ہزار برس بعد پیدا ہوئے۔
۔۱۷۔

امام ابو قاسم علی بن الحسن ابن العساکر (متوفی ۵۷۱ھ) حضرت ابراہیم کا نسب اس طرح سے لکھتے ہیں! ابراہیم بن آذر (تارخ) بن ناحور بن شاروغ بن ارغو بن فالع بن عابر شالخ بن ارفخشذ بن سام بن نوح بن لمک بن متوشلح بن خنوخ (ادریس) بن یارد بن مھلائیل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم ۔

حضرت ابراہیم علیہ اسلام کے والد کا نام آذر (تارخ) تھا آپ کی والدہ کا نام امیلہ تھا جبکہ ایک دوسری روایت کے مطابق! آپ کی والدہ کا نام بونا بنت کربنا بن کرثی تھا۔۱۸۔

جب آپ کی پیدائش ہوئی تو اس وقت آپ کے والد کی عمر ۷۵ برس تھی۔

حضرت ابراہیم خلیل الرحمن ہیں جبکہ آپ کی کنیت ابوالضیفان (مہمان نواز) ہے آپ عراق کے شہر بابل کے موضع کوثی میں پیدا ہوئے۔۱۹۔

محمد بن عمر واقدی بیان کرتے ہیں حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت آدم علیہ السلام کے درمیان دس صدیاں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کے دو ہزار سال بعد پیدا ہوئے۔حضرت ابراہیم علیہ السلام سریانی زبان بولتے تھے۔

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی (متوفی ۸۵۵ھ) لکھتے ہیں!

حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت آدم علیہ السلام کی دنیا میں آمد کے تین ہزار تین سو سینتیس (3337) سال کے بعد پیدا ہوئے، اس وقت طوفان نوح کو بارہ سو تریسٹھ (1263) سال گزر چکے تھے۔

لفظ ابراہیم 'اب' اور 'ارحم' سے مرکب ہے جس کے معنی مہربان باپ کے ہیں قرآن کریم میں حضرت ابراہیم کا ذکر ۷۱ مرتبہ آیا ہے آپ کے والد تارح کا انتقال حضرت ابراہیم کے بچپن

میں ہی ہو گیا تھا حضرت ابراہیم کی والدہ 'اوشہ' تھیں، آپ کی پرورش آپ کے چچا نے کی تھی جن کا نام آذر تھا آپ کی ولادت کسدیوں کے قدیم شہر 'ار' (UR) میں ہوئی جو جنوبی عراق میں فرات کے کنارے بابل اور نینوا سے پہلے آباد تھا محل وقوع کے اعتبار سے یہ مقام آج کل 'تل ابیب' کے نام سے موسوم ہے اس ملک میں ستارہ اور ارواح پرستی کی جاتی تھی جس وقت آپ کائنات میں غور و تفکر فرماتے اس وقت آپ کی عمر مبارک ۱۵ برس تھی آپ اپنے آباؤ اجداد کے مذہب سے بے زار تھے آپ نے اپنی قوم سے کہا میں آپ کے تراشیدہ پتھر کو اپنا معبود نہیں مان سکتا ہوں، نہ یہ مجھے فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور نہ ہی یہ مجھے کوئی نقصان پہنچا سکتے ہیں، میں صرف اس ہستی کو معبود مانتا ہوں جس نے مجھے پیدا کیا اور سیدھی راہ دکھائی، جو مجھ کو کھلاتا، پلاتا اور رزق دیتا ہے جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے، جو میری زندگی اور موت کا مالک ہے۔ ۲۰؎

## حضرت یوسف علیہ السلام

حضرت یوسف کی پیدائش کے وقت حضرت یعقوب کی عمر ۷۳ برس تھی حضرت یعقوب علیہ السلام کا مسکن کنعان تھا۔ ۲۱؎

حضرت یوسف کے گیارہ بھائی تھے، جن میں سے بن یامین سگے بھائی تھے اور باقی تمام سوتیلے بھائی تھے آپ حسن جمال میں اپنی مثال آپ تھے حضرت یوسف علیہ السلام کو آپ کے بھائیوں نے کنعان سے تین میل دور اسی کنوئیں میں دھکا دیا تھا۔ ۲۲؎

یہ کنواں شداد نامی ایک شخص نے اردن شہر کی آبادی کے دوران تعمیر کروایا تھا اس کنویں کی گہرائی ستر گز تھی۔ ۲۳؎

حضرت یوسف علیہ السلام کو جب کنویں میں دھکیلا گیا تو اس وقت آپ کی عمر سے متعلق کچھ علماء کرام میں اختلاف پایا جاتا ہے کچھ کے خیال میں آپ کی عمر ۱۲، ۱۷، یا ۱۸ برس تھی، حضرت یوسف علیہ السلام کنویں میں تین دن تک رہے اور آپ کو مالک بن دعر الخزاعی تھا اور

یہ شخص عرب کا ایک بدو تھا۔ ۲۴؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں آپ کو مصر کے بازار میں ۲۰ درھم میں بیچا تھا اور سب نے آپس میں ۲.۲ درھم تقسیم کر لئے تھے۔ ۲۵؎

بازار مصر میں عزیز مصر (قطفیر) نے حضرت یوسف علیہ السلام کو ریشم، مشک اور چاندی کے عوض خریدا۔ ۲۶؎

اللہ تعالی نے انھیں خواب کی تعبیر کا علم عطا فرمایا تھا نیز پیرامیڈ کی پوری ٹیکنالوجی آپ کو بذریعہ وحی عنایت فرمائی گئی تا کہ قحط سالی میں اگلے کئی سالوں کے لئے غلے کو محفوظ رکھا جا سکے اگرچہ ہزاروں برس قبل تعمیر کئے گئے یہ اہرام دنیا کے لئے آج بھی کسی معمہ سے کم نہیں ہیں اور آج تک یہی طے نہیں ہو پایا کے اس کے اصل معمار کون ہیں؟ لیکن قرآن کریم میں تفکر سے ہم پر یہ بات واضح ہوتی ہے کے اس کے اصل معمار حضرت یوسف تھے جن کو بذریعہ وحی یہ علم اللہ نے عطا فرمایا۔ پیرامیڈ دنیا کا وہ واحد عجوبہ ہیں جو ہزاروں برس گزر جانے کے باوجود ابھی تک صحیح حالت میں موجود ہیں جبکہ بقیہ عجائبات دنیا سے معدوم ہو چکے اہرام کی جیومیٹریکل شکل کچھ اس نوعیت کی ہے کے زلزلے، طوفان، بادوباراں اور دیگر حوادث کو یہ با آسانی برداشت کر لیتے ہیں کیونکہ ان کی ڈھلوان سطح زمین کی کشش ثقل سے آزاد ہے۔

حضرت یوسف کے دور میں سائنس ہمارے دور سے زیادہ ترقی یافتہ تھی اہرام میں لگے ہوئے پتھروں کا وزن ۹۰۰ سے ۶۰۰ ٹن تک ہے، اتنے وزنی پتھروں کو کئی منزلوں تک پہنچانے کا مطلب یہ ہے کے اس دور کے سائنسدانوں نے کشش ثقل کو کم سے کم کرنے یا نہ ہونے کے برابر کرنے کا فارمولا معلوم کر لیا تھا۔

### ضابطہ (Formula):

اگر شے کے مادی عناصر (مثلث) کے پھیلاؤ اور چپک کو سمیٹ کر نقطہ کی انتہاء تک کر دیا جائے تو توانائی صفر ہو جاتی ہے اور شعور پر لاشعور پوری طرح غالب ہو جاتا ہے۔ شعور میں

ابعاد (Dimension) تو ہوتے ہیں لیکن شے کے نقش ونگار لہروں کا مرقع ہوتے ہیں۔کوئی انسان اپنی صلاحیتوں کا استعمال کرکے جب اس قانون کا مشاہدہ کرلیتا ہے تو اللہ کی توفیق کے ساتھ شے میں تصرف کرکے کسی ذرے کو پہاڑ بنادیتا ہے یا کسی پہاڑ کے وزن کو کم کرکے کاغذ جتنا کرلیتا ہے اس علم کو علم تکوین کہا جاتا ہے۔جبکہ قرآن نے اس علم کو تسخیر کائنات کے فارمولوں کا نام دیا ہے۔

اللہ تعالی نے ہر سیارے کے لئے مخصوص مقداریں متعین کردی ہیں ان مقداروں کا علم جیومیٹری ہے۔جیومیٹری ایسے فارمولوں کا علم ہے جس میں تمام کہکشانی نظام اور لاشمار دنیاؤں کی زمین شامل ہیں، شمالاً جنوباً لہروں کا چلنا اور ایک دوسرے سے ٹکرائے بغیر اپنا 'تعامل' برقرار رکھنا بھی جیومیٹری یا مقداروں کا علم ہے حضرت یوسف کو اللہ نے خواب اور کشش کا قانون بذریعہ وحی سیکھایا اس لئے کشش ثقل اور جن لہروں نے زمین کی بیلٹ کو سنبھالا ہوا ہے ان کو اللہ نے حضرت یوسف علیہ السلام کے تابع کردیا اسی قانون اور جیومیٹری کے تحت انھوں نے اہرام مصر بنائے، بعد میں یہ فارمولا دوسرے بھی جان گئے اور جگہ جگہ اہرام کھڑے ہوگئے۔

## حضرت شعیب علیہ السلام

حضرت ابراہیم کی تیسری زوجہ قطورہ کے بطن سے چھ بیٹے پیدا ہوئے انھی میں سے ایک بیٹے کا نام مریان تھا، حضرت شعیب کا تعلق قبیلہ مریان سے تھا، مریان یا مدین کی شادی حضرت لوط کی صاحبزادی سے ہوئی اور وہ اپنے اہل وعیال کے ساتھ حجاز میں آباد ہوگئے۔

مدین بن ابراہیم کی اولاد میں تمام قبائل انھی کے نام سے مشہور ہیں۔حضرت شعیب کی بعثت کے وقت یہ قبائل بحر قلزم کے مشرقی کنارے اور عرب کے شمال مغرب میں شام سے متصل حجاز کے سرحدی علاقے میں آباد تھے۔حضرت شعیب کا زمانہ سولہویں یا سترہویں صدی قبل مسیح بتایا جاتا ہے تورات نے آپ کا تذکرہ حوباب (Hobab) اور یترو (Jethro) کے نام

سے کیا ہے۔

حضرت شعیب نہایت فصیح و بلیغ تھے شیریں کلامی، حسن خطابت اور طرز بیان میں آپ کا ایک منفرد انداز تھا یہی وجہ ہے کہ آپ خطیب الانبیاء کے نام سے بھی مشہور ہیں، خوشگوار آب وہوا کی وجہ سے حجاز میں درخت، پھولوں اور پھلوں کی بہتات تھی، شاداب اور اونچے درخت آسمان سے باتیں کرتے تھے، قرآن کریم نے وہاں کے رہنے والوں کو'اصحاب الا یکہ' کا نام دیا ہے اہل مدین خوشحال اور متمول تھے جبکہ ان کا پیشہ تجارت تھا یہ قوم مادیت پرستی، حرص وہوس، مال کی محبت، ناپ تول میں کمی اور بت پرستی میں مبتلا تھے ان کی مذہبی اور اخلاقی حالت نہایت ابتر تھی۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ۔

ترجمہ۔ مدین کی طرف بھیجا ان کا بھائی شعیب وہ بولا اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو کیونکہ وہی عبادت کے لائق ہے۔ ۲۷؎

لیکن ان کی قوم نے ان کی ایک نہ مانی اور شرک اور بت پرستی میں مبتلا رہے اس کے ساتھ ساتھ ناپ تول میں کمی اور دھوکہ دینے میں بھی وہ بڑے شاطر تھے۔

حضرت شعیب نے انھیں ہدایت کی اور نہ گھٹاؤ ناپ اور تول، دیکھتا ہوں کہ تم کو آسودہ اور ڈرتا ہوں تم پر آفت سے، ایک گھیر لانے والے دن کی،

مِنْ رَبِّكُمْ ۖ فَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ۔ ۲۸؎

ترجمہ۔ اے قوم! پورا کرو ناپ اور تول انصاف سے اور نہ گھٹا دو لوگوں کو ان چیزیں اور زمین میں فساد نا کرو، یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم مومنین ہو۔

وَيَا قَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْ أَنْ يُصِيبَكُمْ مِّثْلُ مَا أَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ أَوْ قَوْمَ
هُوْدٍ أَوْ قَوْمَ صَالِحٍ ۚ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْا
إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ۔۲۹؎

ترجمہ۔اے برادران قوم! میرے خلاف تمھاری ہٹ دھرمی کہیں یہ نوبت نہ پہنچادے کے آخر کارتم پر بھی وہی عذاب آ کر نہ رہے جو نوح یا ہود یا صالح کی قوم پر آیا تھا اور لوط کی قوم تو تم سے کچھ زیادہ دور بھی نہیں ہے دیکھو اپنے رب سے معافی مانگو اور اس کی طرف پلٹ آؤ۔ بے شک میرا رب رحیم ہے اور اپنی مخلوق سے محبت رکھتا ہے۔

## حضرت داؤد علیہ السلام

حضرت داؤد یروشلم کے ایک گاؤں میں رہتے تھے، آپ کے آٹھ بھائی تھے جن میں آپ سب سے چھوٹے تھے آپ بھیڑ بکریاں چراتے تھے آپ بہادر اور طاقتور تھے، بانسری اور بربط بجانے میں آپ کو کمال حاصل تھا، حضرت طالوت کے دربار تک آپ کی رسائی تھی آپ نے عبرانی موسیقی، مصری اور بابلی مزامیر (بانسریاں، مطربوں کے ہر قسم کے ساز) کو ترقی دے کر نئے نئے آلات ایجاد کئے تھے، آپ کو پتھروں کی زبان کو سمجھنے کی قدرت بھی عطا کی گئی تھی، اللہ نے آپ کو زبور عطا فرمائی۔ زبور کے معنی ہیں 'ٹکڑے'۔

زبور پانچ کتب پر مشتمل ایک کتاب ہے، زبور میں رسول اللہ ﷺ کی آمد سے متعلق بھی پیشن گوئی موجود ہے، حضرت داؤد نہایت خوش الحان تھے اور جب آپ لحن کے ساتھ زبور کی تلاوت فرماتے تھے تو چلتا ہوا پانی بھی ٹھہر جاتا تھا، اڑتے ہوئے پرندے رک کر آپ کا کلام سنتے تھے اور پہاڑ اور چرند و پرند آپ کے ساتھ مل کر اللہ کی حمد ثنا کو بیان کیا کرتے تھے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی!

إِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهُ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ۚ كُلٌّ لَّهُ
أَوَّابٌ ۔۳۰؎

ترجمہ۔ہم نے تابع کئے پہاڑ ،اس کے ساتھ پا کی بولتے تھے،شام کو اور صبح کو اڑتے جاندار جمع ہوکر سب تھے اس کے آگے رجوع رہتے تھے۔

حضرت داؤد کے ساتھ پرندے اور پہاڑوں کی تسبیح کی توجیہ کی وضاحت میں شاہ ولی اللہ بیان کرتے ہیں قوی ہمت والا نفس جب کسی کیفیت سے بھر جاتا ہے تو اس کے قریب رہنے والے نفوس اور ان کی طبیعت میں بھی اس کی کیفیت سرائیت کر جاتی ہے اور جب وہ کسی پتھر یا درخت سے وقت کے موافق کوئی معرفت سنتا ہے تو اس کی قوت دوسرے لوگوں میں بھی سرائیت کر جاتی ہے اور پھر وہ بھی اسی طرح سے سنتے ہیں جس طرح سے اس نے سنا۔

ارشاد خداوندی ہے!

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۖ يَا جِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۖ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ اَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ ۖ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۖ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۔۳۱ ؎

ترجمہ۔ہم نے دی داؤد کو اپنی طرف سے بڑائی،اے پہاڑ و اور پرندوں پڑھو اس کے ساتھ اور نرم کر دیا ہم نے اس کے آگے لوہا کے بنائے کشادہ زرہیں اور اندازے سے جوڑ کر کڑیاں،اور تم سب نیک کام کرو، بے شک میں جو تم کرتے ہو خوب دیکھ رہا ہوں۔

حضور قلندر بابا اولیاء کتاب تذکرہ تاج الدین اولیاء میں لکھتے ہیں!

ا۔ یہ قانون بہت فکر سے ذہن نشین کرنا چاہئے کے جس قدر خیالات ہمارے ذہن میں دور کرتے ہیں ان میں بہت زیادہ ہمارے معاملات سے غیر متعلق ہوتے ہیں ان کا تعلق قریب اور دور کی ایسی مخلوق سے ہوتا ہے جو کائنات میں کہیں نہ کہیں موجود ہیں اس مخلوق کے تصورات لہروں کے ذریعے ہم تک پہنچتے ہیں انا کی لہروں کے بارے میں بھی چند باتیں فکر طلب ہیں، سائنسدان روشنی کو زیادہ سے زیادہ تیز رفتار قرار دیتے ہیں لیکن درحقیقت وہ اتنی تیز رفتار نہیں ہیں کے زمانی اور مکانی فاصلوں کو منقطع کر دیں البتہ انا کی لہریں لاتناہیت میں میں بیک وقت ہر جگہ موجود ہوتی ہیں اور زمانی اور مکانی فاصلے ان کی گرفت میں رہتے ہیں۔

۲۔انسانوں کے درمیان ابتداء آفرینش سے بات کرنے کا طریقہ رائج رہا ہے، آواز کی لہریں سننے والوں کو مطلع کرتی رہتی ہیں ایک گویائی سے محروم شخص بھی سب کچھ کہہ دیتا ہے چھوٹا بچہ جو ابھی بولنا نہیں جانتا وہ بھی سب کچھ بتا دیتا ہے جانور آواز کے بغیر سب کچھ بتا دیتے ہیں، درخت بھی آپس میں گفتگو کرتے ہیں یہ گفتگو آمنے سامنے کے درختوں کے علاوہ دور دراز ہزاروں میل کے فاصلوں پر موجود درختوں کے درمیان بھی ہوتی ہے یہی قانون جمادات میں بھی رائج ہے پتھر اور مٹی کے ذرات بھی من وعن اسی طرح سے تبادلہ خیال کرتے ہیں

۳۲؎ حضرت داؤد کے ساتھ چرند، پرند، جمادات، حیوانات، اور پہاڑ اللہ کی حمد وثناء بیان کیا کرتے تھے لہٰذا یہاں ہمیں یہی قانون فطرت کام کرتا ہوا نظر آ رہا ہے۔

۳۔ساری کائنات میں دراصل ایک ہی شعور کارفرما ہے اس کے غیب وشہود کی ہر لہر دوسری لہر کے معنی سمجھتی ہے چاہے یہ دونوں لہریں کائنات کے دونوں کناروں پر ہی کیوں نہ موجود ہوں تفکر اور مسلسل توجہ کے ساتھ ہم پیغمبرانہ طرز فکر حاصل کرکے اپنے سیارے اور دوسرے سیاروں کے احوال سے باخبر ہو سکتے ہیں انا کی لہروں کا علم حاصل کرکے چرند، پرند، اشجار، پہاڑ اور کائنات میں بسنے والی تمام مخلوقات کی زبان کو سمجھا جا سکتا ہے اللہ کے لئے جدو جہد کرنے اور مستقل مزاجی کے ساتھ مسلسل توجہ دینے سے ذہن کائناتی لاشعور میں تحلیل ہو جاتا ہے۔اللہ تعالی نے حضرت داؤد کو لوہے کے استعمال پر قدرت عطا فرمائی تھی اور آپ لوہے کو ہاتھوں کے ذریعے ڈھالنے پر ملکہ رکھتے تھے۔آثار قدیمہ سے پتا چلتا ہے لوہے کا باقاعدہ استعمال پہلے پہل ۱۰۰۰ ق م سے ۱۲۰۰ ق م میں ہوا اور یہی دور حضرت داؤد کا دور تھا،

حضرت داؤد لوہے کی زرہیں بنا کر انھیں فروخت کیا کرتے تھے آپ عبادت میں مصروف تھے کے آپ کی باطنی نگاہ نے یہ دیکھا کے بیت المقدس پر ملائکہ اتر رہے ہیں جبکہ جالوت نے بیت المقدس کو منہدم کر دیا تھا اور اس کا نام ونشان تک مٹا دیا تھا آپ نے دعا کی ائے میرے رب بیت المقدس کی تعمیر کو میری نیکیوں میں سے ایک نیکی بنا دیجئے حضرت داؤد کے دور میں ان کی

قوم نے ہفتے کے دن کا احترام ترک کر دیا تھا لہٰذا آپ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کے مطابق بنی اسرائیل کو یہ تاکید کی کے وہ ہفتہ کے دن عبادت کیا کریں اور اس دن مچھلی کا شکار نہ کیا کریں لیکن ان کی قوم نے یہ طریقہ ایجاد کیا کے جمعہ کے دن دریا کے کنارے بہت سے گڑھے کھودے جاتے اور نالیاں بنا کر دریا کا پانی ان گڑھوں میں جمع کر دیتے تاکہ پانی کے ساتھ مچھلیاں بھی ان گڑھوں میں پہنچ جائیں لہٰذا ان کی یہ تدبیر کارآمد ہوئی مچھلیاں ان گڑھوں میں آجاتیں جنھیں وہ اتوار کے دن پکڑ لیتے تھے، حضرت داؤد نے انھیں ایسا کرنے سے منع کیا لیکن وہ بعض نہ آئے نافرمانی کی سزا کے طور پر اللہ نے ان کی شکلوں کو مسخ کر کے بندر جیسا بنا دیا ان کے عقل اور حواس تو قائم رہے پر وہ بولنے سے محروم ہوگئے، ان کے جسموں سے شدید بدبو کے بھبکے آنے شروع ہوگئے پھر وہ تین دن کے اندر اندر روتے روتے مر گئے ان کی تعداد تقریباً ۷۰،۰۰۰ بتائی جاتی ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِينَ اعْتَدَوْا مِنكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ۔ ۳۳؎

ترجمہ۔جان چکے ہو کے جنھوں نے تم میں زیادتی کی ہفتے کے دن میں تو ہم نے کہا کہ ہو جاؤ بندر پھٹکارے ہوئے۔

## لیزر شعاعیں:

اللہ تعالی نے حضرت داؤد کے ہاتھوں میں ایسی توانائی دی کے لوہا ان کے ہاتھوں میں موم کی طرح نرم ہو جاتا تھا اور وہ بڑی آسانی سے لوہے کو ہاتھ میں موڑ کر اس کی زرہ اور اس کی کڑیاں بنا لیا کرتے تھے پھر ان کڑیوں کو جوڑ کر زنجیر بھی بنا لیا کرتے تھے لیزر شعاع اور عام روشنی میں فرق یہ ہے کے عام روشنی سات مختلف رنگوں سے مل کر بنی ہے لیکن لیزر شعاع ایک رنگ شعاع ہوتی ہے عام روشنی کو جب منشور (Prism) میں سے گزارا جاتا ہے تو وہ سات

مختلف رنگوں میں تقسیم ہوجاتی ہے لیکن لیزر شعاع منشور میں سے گزرنے کے باوجود اپنے ایک ہی رنگ پر برقرار رہتی ہے نیز یہ کے لیزر شعاع کا پھیلاؤ کم ہوتا ہے مثلاً عام روشنی کی بیم ۱۰۰۰ فٹ دور کسی دیوار پر ڈالی جائے تو روشنی تقریباً ۲۰۰ فٹ علاقہ میں پھیل جائے گی اور اس کی طاقت بھی کم ہوجائے گی جبکہ لیزر شعاع کا پھیلاؤ زیادہ سے زیادہ آدھ یا ایک فٹ ہوگا اور اس کی طاقت بھی برقرار رہے گی اس کی وجہ یہ ہے کے عام روشنی میں شامل ہر رنگ کی لہر کا طول موج (Wave length) مختلف ہوتا ہے جب ایک لہر کا فراز دوسری لہر کے نشیب سے ٹکراتا ہے تو وہ ایک دوسرے کو رد کردیتے ہیں اور یہی وجہ ہے کے روشنی اپنے منبع سے اخراج کے بعد مختلف سمتوں میں سفر شروع کردیتی ہے جبکہ لیزر شعاع میں لہروں کے نشیب و فراز یکساں ہوتے ہیں اس لئے یہ ایک دوسرے میں پیوست اور متحد ہوجاتے ہیں یہ لہریں ایک سمت میں طویل فاصلہ طے کرلیتی ہیں اور ہمیشہ یکساں حالت میں رہتی ہیں، ٹھوس اشیاء کو کاٹنے اور ان میں سوراخ پیدا کرنے کے لئے جو لیزر استعمال ہوتی ہے وہ کاربن ڈائی اکسائیڈ لیزر کہلاتی ہے جو کے کاربن ڈائی اکسائیڈ اور نائیٹروجن کے ملاپ سے پیدا ہوتی ہے یہ نہایت طاقتور اور شدت کی زیریں سرخ شعاعوں پر مشتمل ہوتی ہیں ایسی لیزر کسی جسم میں داخل ہوکر اس کی اندرونی توانائی کو بڑھا دیتی ہے نتیجے کے طور پر اس حصے کا درجہ حرارت لیزر کے ٹکراؤ کی وجہ سے بڑھ جاتا ہے اور وہ بخارات بن کر اڑ جاتا ہے۔

## تخلیق روشنی کے تانے بانے پر قائم ہے:

تخلیقی پروسس کے مطابق ہر فرد روشنی کے جال پر نقش ہے یہ جال مفرد اور مرکب لہروں سے بنا ہوا ہے۔ ہر انسان میں مرکب لہروں کے ساتھ مفرد لہریں بھی موجود ہوتی ہیں اسمائے الٰہی کے علوم کے تحت مفرد لہروں کو کہیں بھی عارضی طور پر ذخیرہ کیا جاسکتا ہے، حضرت داؤد جب لوہے کی زرہیں اور دیگر اشیاء بناتے تھے تو تو مفرد لہروں یعنی لیزر شعاعوں کو ہاتھوں میں سے گزار لیتے تھے اور ان کے ہاتھوں میں لوہا مولڈ ہوجاتا تھا اور وہ لوہے کو حسب منشاء موڑ لیتے

تھے اور اپنی انگلیوں میں لیزر شعاعیں جمع کر کے سامان حرب تیار کر لیا کرتے تھے ترکی کے میوزیم میں بھی حضرت داؤد کے زمانے کی ایک لوہے کی بڑی ہنڈیا رکھی ہے جو اس طرح بنائی گئی ہے جیسے کمہار ہاتھ سے مٹی کی ہنڈیا بناتے ہیں۔

کائنات کی ساخت دو رخوں پر کی گئی ہے، کائنات میں بے شمار مخلوقات ہیں ان مخلوقات میں قابل تذکرہ مخلوقات انسان فرشتے اور جنات ہیں یہ تینوں مخلوقات ہماری زمین کی طرح تمام عالمین اور ہر زمین پر موجود ہیں ہماری زمین پر بے شمار گیسیز بھی ہیں ان گیسیز کو روشنیاں فیڈ کرتی ہیں روشنی لہروں کی صورت میں سفر کرتی ہیں فرشتوں اور جنات کی تخلیق میں مفرد لہریں اور انسان کی تخلیق میں مرکب لہریں کام کرتی ہیں۔

## مفرد لہر اور مرکب لہر:

ایک لہر یا یا حرکت مفرد جنات کی دنیا ہے جبکہ دوہری لہر یا حرکت مرکب انسان کی دنیا ہے۔ مفرد لہر یا نسمہ مفرد کا جسم مادی آنکھ سے نظر نہیں آتا ہے البتہ مرکب لہر سے بنا ہوا مادی جسم نظر آتا ہے مفرد لہر ہر شے میں سے گزر جاتی ہے اگر انسان کے اوپر مفرد لہر کا غلبہ ہو جائے تو وہ ٹھوس دیوار میں سے گزر جاتا ہے آسمانوں میں پرواز کرتا ہے کسی شے کی ماہیت قلب کر سکتا ہے فرشتوں کے لئے ہماری ٹھوس دنیا کوئی حیثیت نہیں رکھتی ہے وہ ہوا کی طرح موٹی سے موٹی دیوار میں سے گزر جاتے ہیں اسی طرح سے جنات بھی مادے کے ٹھوس پن سے متاثر نہیں ہوتے جب لوہے کو بھٹی میں ڈال دیتے ہیں تو بھٹی میں آگ کی تیز تپش ۱۵۳۹ ڈگری سینٹی گریڈ لوہے کے نسمہ مرکب کو نسمہ مفرد سے مغلوب کر دیتی ہے نسمہ مرکب مغلوب ہونے سے چونکہ نسمہ مفرد غالب ہو جاتا ہے اس لئے لوہا نرم ہو جاتا ہے۔

حضرت داؤد جب اللہ کے سیکھائے ہوئے علوم اور تفویض کردہ اختیارات سے ارادہ کرتے تھے تو لوہا ان کے ہاتھوں میں موم ہو جاتا تھا۔ یعنی ان کے ہاتھ میں دور کرنے والی نسمہ مرکب کی لہریں نسمہ مفرد میں منتقل ہو کر ۱۵۳۹ ڈگری سینٹی گریڈ ہو جاتی تھیں اور جب ارادے

کی تکمیل ہوجاتی تھی تو ہاتھوں میں دور کرنے والی غالب مفرد لہریں مرکب لہروں سے مغلوب ہوجاتی تھیں اوران کے ہاتھ معمول کے مطابق کام کرنے لگ جاتے تھے اس کا مطلب یہ ہوا کے حضرت داؤد لیزر شعاعوں کی Equation سے واقف تھے اس لئے جب وہ لیزر شعاعوں کو استعمال کرتے تھے تو سخت لوہا نرم ہوجاتا تھا اور وہ اس کو جس طرح سے چاہتے تھے استعمال کیا کرتے تھے۔ ۳۴؎

## حضرت عزیر علیہ السلام

حضرت عزیر علیہ السلام اللہ کے ایک جلیل القدر پیغمبر تھے، بنی اسرائیل کے دلوں میں حضرت عزیر کی قدرومنزلت بہت زیادہ بڑھ گئی رفتہ رفتہ لوگوں کی اس قدرومنزلت نے گمراہی کی شکل اختیار کرلی اور انھوں نے حضرت عزیر کو خدا کا بیٹا کہنا شروع کردیا۔

ارشاد خداوندی ہے!

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصَارَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِأَفْوَاهِهِمْ يُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا۔ ۳۵؎

ترجمہ۔ یہودی کہتے ہیں عزیر خدا کا بیٹا ہے اور نصاری کہتے ہیں کے عیسیٰ خدا کا بیٹا ہے یہ بے حقیقت باتیں ہیں جو وہ اپنی زبانوں سے نکالتے ہیں۔

**حیات وممات:**

ایک دفعہ کسی بستی میں سے حضرت عزیر کا گزر ہوا بستی ویران تھی جس کو دیکھ کر انھیں یہ خیال آیا کے بھلا یہ بستی دوبارہ کیسے آباد ہوگی؟ پھر حضرت عزیر نے اپنے گدھے کو ایک درخت سے باندھا کھانا اپنے سرہانے رکھا اور درخت سے ٹیک لگا کر آپ سو گئے آپ سو سال تک سوتے رہے پھر آپ کو سو سال کے بعد بیدار کیا گیا، اللہ تعالی نے آپ سے پوچھا عزیر کتنی دیر سوئے؟ آپ نے جواب دیا ایک دن یا اس سے کچھ کم تو اللہ تعالی نے فرمایا نہیں تم سو سال تک سوتے رہے ذرا اپنے گدھے اور کھانے کی طرف دیکھو گدھا مر چکا تھا جس کی ہڈیاں تک بکھر

چکی تھیں جبکہ کھانا بالکل ہی تازہ تھا پھر جب آپ نے بستی کی طرف نظر کی تو آپ کی حیرت کی انتہا نہ رہی پوری بستی آباد اور بارونق شہر میں بدل چکی تھی آپ نے جب اللہ کی یہ قدرت کاملہ دیکھی تو آپ سجدے میں گر پڑے۔

ارشاد خداوندی ہے!

اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّ هِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ وَانْظُرْ اِلٰی حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَی الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ -٣٦

ترجمہ۔ کیا تم نے اس شخص کا حال نہیں دیکھا جس کا گزر ایک بستی پر سے ہوا جو اپنی چھتوں پر اوندھی گری پڑی تھیں اس نے کہا یہ آبادی جو ہلاک ہو چکی ہے، اسے اللہ تعالی دوبارہ کیسے زندگی بخشیں گے؟ اس پر اللہ نے اس کی روح قبض کر لی اور وہ سو برس تک مردہ پڑا رہا پھر اللہ نے اس کو دوبارہ زندگی بخشی اور اس سے پوچھا بتاؤ تم کتنی مدت پڑے رہے، تو اس نے کہا ایک دن یا اس سے کچھ کم، فرمایا! نہیں بلکہ تم سو سال تک اسی حالت میں پڑے رہے ذرا اپنے کھانے کی طرف دیکھو اس میں ذرا بھی تغیر نہیں آیا اور پھر اپنے گدھے کی طرف دیکھو (وہ گل سڑ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ بن چکا ہے) اور یہ ہم نے اس لئے کیا ہے کے ہم تمھیں لوگوں کے لئے نشانی بنانا چاہتے ہیں پھر دیکھو ہڈیوں کے اس پنجر پر ہم کس طرح سے دوبارہ گوشت پوست چڑھاتے ہیں پس جب اس کو ہماری قدرت کا مشاہدہ ہو گیا تو اس نے کہا کے میں یقین کرتا ہوں بلاشبہ اللہ تعالی ہر چیز پر قادر ہے۔

## حکمت:

تقریباً ہر گھر میں ڈیپ فریزر اور فرج موجود ہیں تاہم یہ بات مشاہدہ ہے کے جب چیزیں ٹھنڈی ہو کر منجمد ہو جاتی ہیں تو وہ سڑتی اور گلتی نہیں اور مخصوص گیسیز انھیں محفوظ رکھتی ہیں جس طرح ہر تخلیق کا ہر فرد روشنی کے مفرد اور مرکب جال کے ایک غلاف میں بند ہے اور ہر گیس کی ماہیت اور مقدار کا تعین اسی روشنی کے غلاف سے ہوتا ہے، فرد کی حیات وممات معین مقداروں پر قائم ہے اس سارے نظام پر ایک اللہ تعالی کی حاکمیت ہے اور زندگی کا ہر لمحہ اس کی حاکمیت کے تابع ہے جب اللہ تعالی نے چاہا کہ اپنے برگزیدہ بندے حضرت عزیر پر حیات وممات کے فلسفے کی حقیقت ظاہر کرے تو اللہ تعالی کی قدرت نے ان گیسیز کو یکجا کر دیا جس کے ذریعہ اشیاء ٹھنڈی ہو کر خراب نہیں ہوتیں۔

ہر شخص یہ جانتا ہے کے پہلے ایجاد کرنے کا خیال آتا ہے پھر مسلسل تحقیق کے بعد ایجاد کا مظاہرہ ہوتا ہے ایسا ممکن ہی نہیں کے کوئی ایجاد خیال کے بغیر اپنا مظاہرہ کر دے، سائنس کی کوئی بھی ایجاد ہو پہلے سے عالم غیب میں وہ موجود ہوتی ہے، قانون یہ ہے کے جب کسی نکتے پر ذہن مرکوز ہو جاتا ہے تو اس نقطے میں موجود مخفی خدوخال نمایاں یا ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

موجودہ زمانے میں کھانے کو دو طریقوں سے محفوظ (Preserve) کیا جاتا ہے۔ ا۔ کھانے کو فریز کیا جاتا ہے۔ ۲۔ اس کو ویکیوم یعنی ہوا کے بغیر پیک کیا جاتا ہے تا کہ وہ دیر تک اپنی تازگی کو برقرار رکھ سے اور سڑنے اور گلنے سے محفوظ رہ سکے۔

یہ دیکھنے میں آتا ہے کے کھانوں کے سالموں کی حرکت تیز ہوتی ہے جبکہ فریزر میں درجہ حرارت کم ہونے کی وجہ سے سالموں کی حرکت کم ہو جاتی ہے مالیکیولز کی حرکت تیز ہونے سے ہوا سے Contact بھی زیادہ ہوتا ہے کم درجہ حرارت پر کیمیکل ایکشن کم ہوتا ہے اگر کسی طریقے سے سالموں کی حرکت کم یا بہت کم کردی جائے تو جیسا کے فریزر میں فری اون گیس کے ایکشن کی وجہ سے ہوتا ہے تو اشیاء کے مالیکیولز ایک دوسرے میں جذب ہو کر منجمد

ہوجائیں گے اور اشیاء میں Forein bodies داخل نہیں ہوں گے۔ ۳۷؎

## سانس کی سائنس:

وقت کا تعلق حرکت سے ہے اگر کسی شے کی حرکت کو اس کی موجودہ حرکت سے سو گنا کم کر دیا جائے تو اس حرکت کی نسبت سے ٹائم گزرنے کی رفتار سو گنا کم ہوجائے گی مثلاً ایک نارمل انسان ایک منٹ میں ۱۸ مرتبہ سانس لیتے ہیں اگر ایک منٹ میں ایک سانس لیا جائے تو ۱۸ سانس لینے کے لئے ۱۸ منٹ درکار ہوں گے لہٰذا ایک منٹ میں ۱۸ مرتبہ سانس لینے میں وقت ۱۸ گنا کم ہوجائے گا۔ حضرت عزیر نے ایک سو سال میں تقریباً اتنے ہی سانس لئے جتنے کے ایک دن میں لئے جاتے ہیں جب ان سے پوچھا گیا کے آپ کتنا عرصہ سوئے تو انھوں نے کہا کے ایک دن یا اس سے بھی کم ایک دن میں ۲۴ گھنٹے ہوتے ہیں ۲۴ گھنٹوں میں ایک انسان ۲۴۹۲۰ (چوبیس ہزار نو سو بیس) مرتبہ سانس لیتا ہے اس اعتبار سے اس نے سو سالوں میں تقریباً (نو ارب) سانس لئے یعنی وقت کی رفتار نو ارب گنا زیادہ ہوگئی اسی طرح سے کھانے کے مالیکیولز کی حرکت بھی اتنی کم ہوگئی کہ وقت ٹھہر گیا اور کھانا خراب نہیں ہوا رہا گدھے کا معاملہ تو اس کے لئے وقت ایسے ہی گزرا جیسا کے اور چیزوں کے لئے گزرتا ہے اور وہ سو سال میں مرکھپ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گیا۔ ۳۸؎

## زمان و مکان (Time and Space) کا قانون:

اہرام میں بھی وقت ٹھہر جاتا ہے یا یوں کہہ لیں کے وہاں بھی مالیکیو لیز کی حرکت تقریباً صفر ہوجاتی ہے اور ہزاروں سال تک اس میں رکھی ہوئی اشیاء خراب نہیں ہوتی ہیں اس کی فضاء میں مراقبہ کرنے والے لوگ ٹائم اور اسپیس سے آزاد ہو کر لاشعور سے قریب ہوجاتے ہیں۔

## مائیکرو ویو فریکوئنسی:

مائیکرو ویو اون میں جب فریز کیا ہوا کھانا رکھا جاتا ہے تو کھانے کے مالیکیولز یا سالمے مائیکرو ویو فریکوئنسی پر حرکت کرتے ہیں یہ حرکت اتنی تیز ہوجاتی ہے کے کھانا چولہے پر پانچ

منٹ میں گرم ہوتا ہے لیکن مائیکروویو میں ایک منٹ میں گرم ہوجاتا ہے یعنی رفتار کے تیز ہونے کی وجہ سے پانچ منٹ کا وقفہ ایک منٹ میں تبدیل ہوگیا یہاں سوال یہ ہے:

۱۔ جب حضرت عزیر سو سال تک سوتے رہے جب کے وہ اپنے احساس میں وہ ایک دن یا اس سے بھی کچھ کم سوئے۔

۲۔ حضرت عزیر کا گدھا مر گیا اور اس کے جسم پر وہ تمام اثرات قائم ہوگئے جو کسی مردہ جسم پر ہوتے ہیں۔

۳۔ کھانا گلے سڑے بغیر سو سالوں تک بالکل تازہ رہا اور یہ تینوں واقعات ایک ہی قطعہ زمین پر پیش آئے یہ کس طرح ہوا۔

## آکسیجن زندگی نہیں ہے:

زندگی کا دارومدار آکسیجن پر نہیں ہے کیونکہ یہ دیکھنے میں آتا ہے کے ایک گھر میں رہنے والے دس افراد ایک ہی جگہ پر بیٹھے ہین لیکن پھر ان میں سے کسی ایک کی موت واقع ہوجاتی ہے جبکہ بقیہ نو افراد بھی اسی فضاء میں سانس بھی لے رہے ہیں اور وہ زندہ بھی ہیں دراصل زندگی کا انحصار آکسیجن کے جلنے پر ہے جبکہ آکسیجن کا جلنا تابع ہے کاربن کے آکسیجن جب ناک یا حلق کی نالیوں کے ذریعے پھیپھڑوں میں جاتی ہے تب پھیپھڑوں کے اندر اسفنجی نظام میں موجود کاربن ڈائی اکسائیڈ آکسیجن کو جلاتا ہے اور نتیجے میں کاربن ڈائی اکسائیڈ زندگی بن جاتی ہے یعنی آکسیجن پر زندگی کا انحصار نہیں ہے بلکہ آکسیجن زندگی کے لئے ایندھن بن رہی ہے۔

تمام آسمانی کتابوں کے مطابق کائنات کا ہر ذرہ شعور رکھتا ہے شعور سے مراد یہ ہے کے کائنات کے ہر ذرہ میں عقل وفہم موجود ہے وہ اپنی زندگی کی حفاظت کرتا ہے اور دوسروں کی زندگی میں جو اس کی ڈیوٹی ہے وہ بھی پوری کرتا ہے یوں سمجھ لیں کے انسان ہو یا جانور ہو درخت ہو یا پودا ہو، کوئی ستارہ ہو یا سیارہ ہو وہ کاربن سے ہی بنا ہے یعنی زندگی ہزاروں لاکھوں تہوں (پرت) سے بنی ہوئی ہے۔ آکسیجن کا کام زندگی کا ایندھن بننا ہے اور کاربن کا کام آکسیجن کو جلانا ہے

روزہ مرہ کی زندگی میں یہ دیکھنے میں آتا ہے کے بہت ٹھنڈے علاقوں میں بغیر فرج اور فریزر کے کھانے کی اشیاء بہت عرصے تک محفوظ حالت میں رہتی ہیں کیونکہ ان میں موجود مالیکیولز کی حرکت کم ہوجاتی ہے جبکہ گرم علاقوں میں ہمیں فرج یا فریزر کی مدد لینی پڑتی ہے جب انسان بہت دیر تک سوکر اٹھتا ہے تو اسے یہ محسوس نہیں ہوتا کے وہ بہت دیر تک سوتا رہا بلکہ وہ یہی خیال کرتا ہے کے میں بس تھوڑی ہی دیر سویا تھا یا کوئی کوما کا مریض جب ۳ سال بعد ہوش میں آتا ہے تو وہ اس بات کو ماننے کے لئے ہرگز تیار نہیں ہوتا ہے کے وہ ۳ سال تک بے ہوش پڑا رہا تھا۔ ۳۹؎

## قرآن، شعور اور لاشعور:

قانون یہ ہے کے انسان کا شعور اور لاشعور میں ردوبدل ہو رہا ہے جب وہ شعور میں ہوتا ہے تو اپنے اوپر زمان ومکان کی گرفت کو محسوس کرتا ہے جبکہ اگر وہ لاشعور میں ہوتا ہے تو زمان ومکان کی گرفت سے آزاد ہوجاتا ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۔ ۴۰؎

ترجمہ۔ وہ ہی رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔

يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۔ ۴۱؎

ترجمہ۔ اللہ ہی رات اور دن کو بدلتا ہے، بے شک اس میں آنکھوں والوں کے لیے عبرت ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ۔

ترجمہ۔ وہی ہے جس نے رات اور دن یکے بعد دیگرے آنے والے بنائے، یہ اس کے لیے ہے جو سمجھنا چاہے یا شکر کرنا چاہے۔ ۴۲؎

جب انسان سوتا ہے تو وہ زمانیت میں سفر کرتا ہے اور جب وہ بیدار ہوتا ہے تو وہ مکانیت میں

سفر کرتا ہے چونکہ سوتے ہوئے زمانیت کی پیمائش نہیں ہوسکتی جبکہ مکانیت میں زمانیت اس کے ساتھ سفر کرتی ہے۔ حضرت عزیر جب سو گئے تو اللہ تعالی کے بنائے ہوئے قانون کے مطابق ان کے حواس زمانیت میں پیوست ہو گئے جبکہ ان کا گدھا عام حالات کے مطابق جب اس میں آکسیجن گئی تو اس آکسیجن کو کاربن نے جلایا نہیں جس کی وجہ سے اس کی موت واقع ہو گئی ان کھانا اس لئے خراب نہیں ہوا کیونکہ کھانے کے مالیکیولز پر وہ گیسیز اثر انداز ہو رہی تھیں جو کے انھیں تادیر تازہ رکھتی ہیں جیسے کے ایک بڑے کمرے میں چھوٹا سا فرج۔ ۴۳؎

## حضرت سلیمان علیہ السلام

حضرت داؤد نے اپنا پایہ تخت جبرون سے منتقل کر کے یروشلم کو اپنا دارالخلافہ بنالیا۔

حضرت سلیمان یروشلم میں پیدا ہوئے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی!

وَوَهَبْنَا لِدَاوُودَ سُلَيْمَانَ ۚ نِعْمَ الْعَبْدُ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ ۔ ۴۴؎

ترجمہ۔ داؤد کو ہم نے سلیمان عطا کیا وہ بہترین بندہ ہے جو کثرت سے اپنے رب کی طرف رجوع کرنے والا۔

حضرت سلیمان، حضرت یعقوب کے واسطہ سے حضرت ابراہیم کی نسل میں سے ہیں۔

ارشاد خداوندی ہے!

وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوحًا هَدَيْنَا مِن قَبْلُ ۖ وَمِن ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَىٰ وَهَارُونَ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيَىٰ وَعِيسَىٰ وَإِلْيَاسَ ۖ كُلٌّ مِّنَ الصَّالِحِينَ ۔ ۴۵؎

ترجمہ۔ ہم نے انہیں اسحاق اور یعقوب عطا کیے۔ ان سب کو ہم نے ہدایت دی اور ان سے پہلے نوح کو ہدایت دی اور اس کی اولاد میں سے داؤد اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسیٰ اور ہارون کو (ہدایت عطا فرمائی) اور ایسا ہی ہم نیک لوگوں کو بدلہ دیتے ہیں، اور زکریا اور یحییٰ

اور عیسیٰ اور الیاس کو (ہدایت یافتہ بنایا) یہ سب ہمارے خاص بندوں میں سے ہیں۔

## پرندوں کی بولیاں:

حضرت داؤد کی طرح اللہ تعالی نے حضرت سلیمان کو کئی خصوصیات اور امتیازات سے نوازا تھا مثلاً یہ چرند اور پرند کی بولیاں سمجھتے تھے۔ اللہ نے آپ کو حکمت، ہدایت و نبوت اور سلطنت و بادشاہت وراثت سے نوازا اس کے ساتھ ساتھ اللہ نے آپ کو فہم و دانش اور قوت فیصلہ کی صلاحیتیں بھی عطا فرمائیں آپ کی حکومت مصر سے فرات تک قائم تھی اور اس دور کو نہایت درخشاں دور تسلیم کیا جاتا ہے اس دور میں ان کی قوم کو بے حد عروج حاصل ہوا جس کی مثال دنیا میں نہیں ہے آپ کے خصوصی امتیازات میں سے ایک امتیاز یہ بھی ہے کے اللہ نے آپ کے لئے ہوا کو مسخر کر دیا تھا اور ہوا آپ کے حکم سے چلتی تھی۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيحَ عَاصِفَةً تَجْرِي بِأَمْرِهِ إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا ۚ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عَالِمِينَ ۔۴۶؎

ترجمہ۔ مسخر کر دیا سلیمان کے لئے تند و تیز ہوا کو، وہ اس کے حکم سے زمین پر چلتی تھی جس کو ہم نے برکت دی تھی اور ہم ہر شے کے جاننے والے ہیں۔

وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۔۴۷؎

ترجمہ۔ سلیمان کے لئے مسخر کر دیا ہوا کو جو صبح کو ایک مہینے کی مسافت طے کراتی اور شام کو ایک مہینے کی مسافت۔

اللہ نے آپ کے لئے ہوا کو مسخر کر دیا تھا یعنی ہوا آپ کے تابع اور فرمان بردار تھی آپ شدید اور تند و تیز ہوا کو جب حکم دیتے تو وہ آپ کے حکم سے نرم اور ہلکی ہو جاتی جبکہ اگر کہیں سفر کرنا ہوتا تو آپ ہوا کو حکم دیتے تو وہ اتنی تیز ہو جاتی کے مہینوں کا سفر آپ گھنٹوں میں طے کر لیا کرتے تھے۔ حضرت سلیمان سمندری بیڑے کے لئے راستے کو مقرر کرنے والے پہلے انسان

ہیں تجارتی ذرائع نقل وحمل کے لئے بحری بیڑے اس زمانے میں سب سے مضبوط اور طاقت ور نظام تھا جہازوں کو بہترین انجینئرز چلاتے تھے، ایک Fleet کا نام ترسیسی بیڑہ تھا ترسیسی بیڑہ بحرہ روم کی بندرگاہ سے مغربی ممالک کی طرف جاتا تھا اور اس کا ایک سفر ۳ سال میں پورا ہوتا تھا اس میں سونا، چاندی، ہاتھی دانت، مویشی، بھیڑ، بکریاں، اور دوسرے قسم کا سامان تجارت بھی ہوتا تھا۔

اللہ تعالی نے آپ کو تانبے کی کانیں بھی عطا فرمائیں جو تقریباً ۵۰ میل کے رقبے پر پھیلی ہوئی تھیں، تانبہ پگھلانے کے لئے ہزاروں بھٹیاں تھیں جن میں لاکھوں مزدور کام کیا کرتے تھے تانبے کو پگھلانے کے بعد ان کو صاف کرنے کے لئے مزید فیکٹریاں لگائی گئیں ان کارخانوں میں خام تانبہ اور خام لوہا آتا تھا اس کے علاوہ ۲۰ میٹر گہرائی کے ڈیڑھ سو سے زائد تالاب اور کنویں بھی تھے جبکہ ملک کا سب سے بڑا ایکسپورٹ ایٹم تانبا ورلوہا تھا زرمبادلہ میں ملک خود کفیل تھا۔ ۴۸؂

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ۔ ۴۹؂

ترجمہ۔ہم نے ان کے لئے تانبے کے چشمے بہادئے۔

آپ کے لشکر میں انسان، جنات، چرند اور پرند کے لئے علیحدہ علیحدہ دستے موجود تھے سمندروں کی تہہ سے مونگا اور موتی نکالنے کی ذمہ داری جنات کی تھی اس کے علاوہ جنات اونچی اور بلند عمارتیں بھی تعمیر کیا کرتے تھے انسان اور جنات مل کر تانبے کے بڑے بڑے ظروف بھی بنایا کرتے تھے آپ کو انسان اور جنات پر مکمل دسترس اور کنٹرول حاصل تھا اور آپ جس طرح سے بھی چاہتے تھے ان سے کام لیا کرتے تھے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمِنَ الشَّيَاطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَ كُنَّا لَهُمْ

حَافِظِيْنَ۔ ۵۰؎

ترجمہ۔ تابع کئے شیطان کتنے جو اس کے لئے سمندر میں غوطہ لگاتے تھے یعنی سمندر سے بیش قیمت چیزیں نکالتے تھے اور اس کے علاوہ بہت سے کام انجام دیتے تھے اور ہم ان کے لئے نگران اور مہربان تھے۔

حضرت سلیمان کا وزیر آصف بن برخیا تھے جنھوں نے ملکہ بلقیس کا تخت پلک جھپکنے سے بھی کم وقت میں حاضر کیا۔

## حضرت سلیمان کا محل:

آپ کا محل سونے اور چاندی کی اینٹوں سے بنا ہوا تھا جس کی چھت پر زمرد اور یاقوت مزین تھے جبکہ تخت شاہی زمرد، سچے موتی، لعل اور فیروزہ مرصع تھے تخت کے چاروں کونوں پر ایسے درخت تراشے گئے تھے جن کی شاخیں ٹرانسپیرنٹ تھیں اور ان میں روشنیاں دوڑتی ہوئی نظر آتی تھیں ہر شاخ پر گھونسلے تھے جن میں خوش رنگ پرندے بٹھائے گئے تھے، دربار میں عود کی لکڑیاں خوشبو کے لئے سلگائی جاتی تھیں تخت شاہی اونچائی پر تھا جس کے اردگرد کرسیاں بچھی ہوئی تھیں اور ان پر اکابرین انسان اور جنات بیٹھا کرتے تھے۔ ۵۱؎

## مسجد اقصیٰ کی تعمیر:

حضرت داؤد کی وصیت کے مطابق حضرت سلیمان نے مسجد اقصیٰ کی تعمیر از سر نو شروع کی نیز اس کے چاروں اطراف عظیم الشان شہر بھی تعمیر اور آباد کئے گئے آپ کی یہ خواہش تھی کہ مسجد اور شہر کی تعمیر میں بیش قیمت پتھر لگائے جائیں چنانچہ یہ ذمہ داری آپ نے جنات کے سپرد کی وہ دور دراز سے قیمتی اور بیش قیمت پتھر لاتے اور انھیں ان تعمیرات میں لگایا جاتا تھا اس کے علاوہ بھی بے شمار تعمیرات میں جنات نے حصہ لیا تھا۔ اسی حوالے سے ارشادات خداوندی!

اور جنات میں سے وہ تھے جو اس کے سامنے خدمت انجام دیتے تھے اس کے پروردگار کے حکم سے اور جو کوئی ان میں سے ہمارے حکم کے خلاف کجروی کرے تو ہم اس کو دوزخ کا

عذاب چکھائیں گے وہ اس کے لئے بناتے تھے جو کچھ وہ چاہتا تھا قلعوں کی تعمیر، ہتھیار اور تصاویر، اور بڑے بڑے لگن جو حوضوں کی مانند تھے اور بڑی بڑی دیگیں جو اپنی بڑائی کی وجہ سے ایک جگہ جمی رہیں۔

اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ۔ ۵۲؎

ترجمہ۔اے آل داؤد شکر گزاری کے کام کرو اور میرے بندوں میں سے بہت کم شکر گزار ہیں۔

وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ۔ ۵۳؎

ترجمہ۔اور اکھٹے کے گئے سلیمان کے لئے اس کے لشکر جنات، انسانوں اور جانوروں میں سے اور وہ درجہ بدرجہ کھڑے کئے جاتے ہیں۔

مسجد اقصی کی تعمیر میں ۳۰،۰۰۰ مزدوروں نے حصہ لیا بارہ دریاں، دیواریں، صنوبر کی لکڑی سے بنائی گئیں چندن کی لکڑی سے طولاً عرضاً ۲۰،۲۰ ہاتھ لمبا اور چوڑا اور اونچا چبوترہ بنایا گیا اس پر عہد کا صندوق رکھا گیا ہزاروں افراد پہاڑ سے پتھر کاٹنے پر معمور تھے۔ایک لاکھ سنگ تراشوں نے پتھروں کو خوبصورت انداز سے تراشا، ہزاروں ہاتھی اور اونٹ پتھروں کو ڈھونے میں کام آئے، لعل، یاقوت، زبرجد، اور فیروزہ اور دیگر قیمتی پتھر اور موتی سمندر کی تہہ سے نکال کر لانے کے لئے بے شمار جنات کی ڈیوٹی لگائی گئی ۷۸۴ گز طویل اور ۴۵۵ گز عریض مسجد میں ۶۸۴ مرصع ستون بنائے گئے جہاں ۴،۰۰۰ قندیلیں روشن کی جاتیں تھیں ۷۰۰ افراد صرف فرش کی صفائی کے لئے مخصوص کئے گئے تھے۔ ۵۴؎

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نانا عمران کا تعلق حضرت سلیمان کی اولاد میں سے ہے جبکہ آپ کی نانی حنہ کا تعلق حضرت داؤد کی نسل سے ہے آپ کے نانا اور نانی نہایت عبادت گزار اور نیک تھے ان کے یہاں بڑی منتوں اور مرادوں کے بعد حضرت مریم پیدا ہوئیں جن کو ان کی والدہ

کی منت کے مطابق ہیکل کی خدمت کے لئے وقف کر دیا گیا، آپ نہایت پاکباز اور عبادت گزار خاتون تھیں، اللہ نے حضرت عیسیٰ کو بغیر باپ کے پیدا فرمایا۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ امت کیسے ہلاک ہوسکتی ہے جس کے اول میں، میں ہوں اور اس کے آخر میں عیسیٰ ابن مریم اور میرے اہل بیت سے مہدی اس کے وسط میں ہیں۔۵۵

حضرت عیسیٰ علیہ السلام، اللہ تعالی کے ان مقرب ہستیوں میں سے ہیں جو اللہ تعالی کی بادشاہی کے نظام تکوین (Adminstration) میں شامل ہیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں جو کوئی اس پانی میں سے پئے گا جو میں اسے دوں گا تو وہ ابد تک پیاسا نہ ہوگا بلکہ جو پانی میں اسے دوں گا وہ اس میں ایک چشمہ بن جائے گا جو ہمیشہ جاری رہے گا۔۵۶

اس فرمان پر تفکر سے یہ معلوم ہوا کے اللہ کے نظام کائنات میں پانی اصل جز ہے اور کائنات کے تمام اجزاء ترکیبی، تمام عناصر اور تخلیق کے تمام مراحل پانی کے اوپر قائم ہیں، پانی کائنات کے ذرے ذرے کو حیات نو عطا کرتا ہے، آسمانی کتب اور قرآن کریم میں تخلیق کائنات کے ضمن میں بار بار پانی اور مٹی کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ۔۵۷

۔اور زمین میں پاس پاس کئی قطعہ ہیں اور انگور کے باغ اور کھیتی اور کھجور کے درخت جن میں دو شاخے ہیں اور دو شاخے نہیں حالانکہ سب کو ایک پانی دیا جاتا ہے اور ہم بعض پھلوں کو بعض پر ترجیح دے دیتے ہیں، بے شک جو لوگ عقل سے کام لیتے ہیں ان کے لئے ان باتوں میں

نشانیاں موجود ہیں۔ ۵۷؎

حضرت عیسیٰ کے دور میں یونان میں طب کا بہت غلغلہ تھا اور یونانی ماہرین طبیعات و کیمیا دان کو اپنے علم و ہنر پر بڑا فخر اور ناز تھا ایسے میں حضرت عیسیٰ کی بغیر باپ کی پیدائش خود ایک عظیم معجزہ تھی اس کے ساتھ ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ نے ایسی شفایاب قوت عطا فرمائی تھی کے اگر آپ کسی کوڑھی، جذامی، یا مادر زاد نابینا پر اپنا دست مسیحائی پھیر دیتے تو وہ مکمل صحت یاب ہوجاتا آج کے اس ترقی یافتہ دور میں Reiki Healing کا طریقہ علاج اسی جانب اشارہ کرتا ہے یہی نہیں بلکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ نے مردوں کو زندہ کرنے کا معجزہ بھی عطا فرمایا تھا۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بے شمار علم و عقل اور فضائل و کمال سے نوازا، اللہ تعالی نے بذریعہ وحی کئی علوم پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دسترس عطا فرمائی اس کے علاوہ کئی معجزات بھی عطا فرمائے جن میں چاند کے دو ٹکڑے، سورج کو واپس بلانا، جانوروں سے گفتگو، انس و جن کو دعوت دین، پتھروں کا کلمہ پڑھنا، معراج، طب نبوی جس کو عرف عام میں Food Sciences بھی کہا جاتا ہے شامل ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور تک آتے آتے انسانی شعور میں اتنی سکت اور طاقت پیدا ہوگئی کے وہ خلاؤں اور آسمان میں سفر کرنے کے قابل ہوگیا۔

قرآن کریم جہاں مردوں سے مخاطب ہے وہیں وہ خواتین کو بھی مخاطب کرتے ہوئے انھیں یہ احساس دلاتا ہے کے یہ احکامات تم دونوں کو یکساں حیثیت میں دئے جارہے ہیں کیونکہ قرآن کریم میں 756 مقامات پر اللہ تعالی نے مرد و عورت دونوں کو ہی کائنات میں غور فکر اور تفکر و تدبر کی بار بار ہدایت اور خاص تاکید کی ہے تاکہ اس تفکر اور تدبر کے نتیجے میں وہ اللہ کا قرب حاصل کرسکیں جبکہ اس قرب کو کوئی بھی حاصل کرسکتا ہے چاہے وہ مرد ہو یا عورت یہ اس کی

تلاش اور جستجو پر منحصر ہے کے وہ اپنے لئے کس مقام کا متمنی ہے کیونکہ روح دونوں (مرد و زن) کے وجود میں کام کر رہی ہے اور روحانی اعتبار سے دونوں یکساں روحانی صلاحیتوں کے حامل ہیں۔ اسلام اپنے ماننے والوں کو سختی سے علم کے حصول کی تاکید کرتا ہے۔

ارشادات خداوندی:

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ۔۵۸؎

ترجمہ۔ پڑھ اپنے رب کے نام سے۔

يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ۔۵۹؎

ترجمہ۔(اللہ) جن کو (مرد و عورت) چاہتا ہے حکمت دیتا ہے اور جس کو (مرد و عورت) حکمت ملی اس کو بڑی نعمت ملی اور نصیحت بھی وہی مانتے ہیں جو عقل والے ہیں۔

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَآءُ۔۶۰؎

ترجمہ۔ اللہ سے تو اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو علم والے ہیں۔

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔۶۱؎

ترجمہ۔ بے شک آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں اور رات اور دن کے اختلاف میں صاحبان عقل و فکر (مرد و عورت) کے لئے نشانیاں ہیں وہ جو اللہ کو اٹھتے بیٹھتے، کروٹ لیتے ہوئے یاد کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! آپ نے یہ سب کچھ خواہ مخواہ پیدا نہیں کیا ہے۔ آپ پاک ہیں، ہمیں آگ (غصہ، جہالت، فضولیات، غیبت، بہتان، چغلی حسد اور وہ تمام باتیں جن میں آگ کی سی جلن موجود ہوتی ہے) سے بچا لیجئے۔

اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا - ۶۲ ؎

ترجمہ۔ اللہ ہر چیز پر قادر ہے، اور اللہ نے ہر چیز کو علم سے احاطہ کر رکھا ہے۔

وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا - ۶۳ ؎

ترجمہ۔ پروردگار علم میں ہر شے وسمائے ہوئے ہے۔

یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا - ۶۴ ؎

ترجمہ۔ وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے اور پیچھے ہے اور ان کا علم اسے احاطہ نہیں کر سکتا۔

ہم ہر شے کو جانتے ہیں ۔ ۶۵ ؎

اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا - ۶۶ ؎

ترجمہ۔ اللہ سے تو اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو علم والے ہیں۔

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ الَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ - ۶۷ ؎

ترجمہ۔ بے شک آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں اور رات اور دن کے اختلاف میں صاحبان عقل وفکر (مرد وعورت) کے لئے نشانیاں ہیں وہ جو اللہ کو اٹھتے بیٹھتے، کروٹ لیتے ہوئے یاد کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! آپ نے یہ سب کچھ خواہ مخواہ پیدا نہیں کیا ہے آپ پاک ہیں ہمیں آگ (جہالت، غصہ، فضولیات، غیبت اور جن باتوں میں آگ کی سی جلن ہے سے بچا لیجئے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ

ترجمہ۔ بے شک وہ لوگ (مرد وعورت) جو تقویٰ حاصل کرنے کی چاہ رکھتے ہیں جب بھی انھیں شیطان کی طرف سے کوئی منفی بات ذہن مس کرنے لگتی ہے تو وہ اللہ کی نصیحت کو زیر نظر

کر لیتے ہیں اور چوکنے ہو جاتے ہیں ۔۶۸؎

یعنی اللہ تعالی اپنے دونوں بندوں (مرد و زن) سے مخاطب ہیں اور انھیں تحصیل علم کی دعوت دی جارہی ہے تاکہ وہ عقل و شعور اور تجربات و مشاہدات کے ذریعے اللہ کی دوستی اور معرفت کو حاصل کریں اسی حوالے سے معلم انسانیت رسول اللہ ﷺ کی بے شمار احادیث بنی نوع انسانیت کو راہ ہدایت دکھارہی ہے جن میں سے چند درج ذیل ہیں ۔

ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے اور کچھ لوگ کسی شخص کے علمی کمال کا ذکر کر رہے تھے کے فلاں شخص کو عربوں کا نسب، اختلاف عرب، عربی زبان کی فہم و فراست اور اشعار کی بہت سوجھ بوجھ ہے اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! یہ وہ علم ہے جو نفع نہیں دیتا ہے جبکہ یہ وہ جہالت ہے جس کا نقصان نہیں پھر آپ نے فرمایا! علم صرف تین ہیں ۔

۱۔آیات محکمہ۔

۲۔سنت قائمہ۔

۳۔فریضہ عادلہ۔

جبکہ اس کے سوا سب فضولیات ہیں ۔۶۹؎

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں، صحابہ میں مجھ سے زیادہ رسول اللہ ﷺ سے کسی نے احادیث روایت نہیں کیں سوائے عبداللہ بن عمروؓ کے کیونکہ وہ احادیث لکھا کرتے تھے ۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ کا گزر دو مجالس پر ہوا جو مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے ۔ ۱۔ عابدین ۔ ۲۔ علماء ۔ آپ ﷺ نے فرمایا ! دونوں اچھے اور افضل ہیں، عابدین اپنی عبادات اور مناجات کے ذریعے اللہ سے التجا کرتے ہیں اللہ چاہے گا تو عطا کرے گا اور اگر نا چاہے تو نہ دے گا۔ ۷۰؎

علماء، علم اور دین کے احکامات کو سیکھ کر اس علم کو دوسرے جہلاء تک پہنچاتے ہیں یعنی نا جاننے والوں کو سیکھاتے ہیں اس اعتبار سے یہ علماء زیادہ افضل ہیں اور میں بھی علم سیکھانے والا بنا کر

بھیجا گیا ہوں پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علماء کرام کی جماعت کے ساتھ تشریف فرما ہوئے۔ (تا کہ معلوم ہو جائے کہ یہ جماعت خاص جماعت ہے)۔۷۱

حضرت حسن بصریؒ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جب بنی اسرائیل کے دو اشخاص کے فضائل کے بارے میں پوچھا گیا کہ ان دونوں میں کون افضل ہے؟۔۱۔ پہلا عالم تھا جو فرائض عبادات کی بجا آوری کے بعد لوگوں کو علم سیکھاتا۔

۲۔عبادت گزار جو کے روزے دار اور نہایت عبادت گزار تھا۔

تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! عالم فضیلت کے اعتبار سے عابد پر سبقت رکھتا ہے۔۷۲

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میں علم سیکھانے والا بنا کر بھیجا گیا ہوں۔۷۳

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زیادہ تر علماء کرام کی جماعت بالخصوص اصحاب صفہ کے ساتھ بیٹھنا پسند فرماتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے بیان کیا! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا! علم سیکھو اور آسانی پیدا کرو۔۷۴

حضرت ابودرداءؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! عالم کے لئے آسمان اور زمین کی ساری مخلوقات اور پانی کی مچھلیاں تک استغفار کرتی ہیں عالم کی فضیلت عابد پر ایسے ہی ہے جیسے چودھویں رات کے چاند کی فضیلت دوسرے ستاروں پر ہوتی ہے۔۷۵

علماء کرام انبیاء کرام کے وارث ہیں انبیاء اپنی میراث میں درھم یا دینار نہیں چھوڑتے، انبیاء کی میراث علم ہے تاہم جس نے علم کو حاصل کیا اس نے بڑی نعمت (دولت) حاصل کی۔۷۶

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، انصار کی عورتیں اچھی عورتیں ہیں وہ دین کو سمجھنے میں شرماتی نہیں۔۷۷

علم کا حاصل کرنا مرد وعورت پر فرض ہے۔۷۸

یہاں فرض سے مراد یہ نہیں کے کچھ کتابیں پڑھ کر ڈگری حاصل کر لی اور سمجھ لیا کے ہم علم والے ہو گئے بلکہ یہاں علم کے حصول کی فرضیت سے مراد یہ ہے علم حاصل کرو مہد سے لحد تک یعنی بچہ جب اس دنیا میں آتا ہے تو اس کے آتے ہی سیکھنے کا عمل شروع ہو جاتا ہے سب سے پہلے اسے احساس تحفظ، ایک شفیق اور پر خلوص انسانی لمس کی ضرورت ہوتی ہے جس کے لئے وہ رو کے اظہار کرتا ہے چنانچہ اسے صاف ستھرا کر کے کپڑوں میں لپیٹ کر گود میں لیا جاتا ہے جہاں وہ پر سکون ہو کر سو جاتا ہے پھر جب اسے بھوک کا احساس ہوتا ہے تو وہ روتا کیونکہ اسے پنی ضروریات کے لئے کسی کو متوجہ کرنے کا بس یہی طریقہ آتا ہے وہ روتا ہے اور اس کے والدین اس کے لئے غذا کا انتظام کرتے ہیں، شکم سیری کے بعد وہ پھر اطمینان سے سو جاتا ہے الغرض کے جب تک کے وہ بولنا نہیں سیکھ تا اپنی ضروریات کے حصول کے لئے وہ عام طور پر رو کر ہی اپنی خواہشات کا اظہار کرتا ہے یعنی دنیا میں آنے کے بعد اس نے یہ جانا کے اپنی بات کب اور کیسے منوائی جا سکتی ہے اور اس کا طریقہ کار کیا ہونا چاہئے وغیرہ لیکن اسلامی تعلیمات کے مطابق! یہ سیکھنے سکھانے کا عمل بلا تعطل لحد میں جانے سے قبل (بلکہ اس کے بعد بھی) جاری رہنا چاہئے یعنی جس وقت انسان دوسری دنیا کی جانب عازم سفر ہوتا ہے تو یہ تجربہ بھی اس کے لئے اس کی زندگی کا پہلا اور بالکل منفرد تجربہ ہوتا ہے اور اس لمحہ اس نے یہ جانا کے روح جسم انسانی سے کیسے نکلتی اور دوسری دنیا کی جانب کیسے سفر کرتی ہے اگرچہ کسی بھی انسان کے اس دنیا میں آنے اور جانے کے درمیان بے شمار تجربات و مشاہدات اور علوم کی کے حصول کی ایک طویل فہرست ہے جس کی جزئیات پر یہاں کلام ممکن نہیں لیکن بات صرف اتنی ہے کے زندگی کا ہر دن اور گزرنے والا ہر لمحہ اپنے اندر مکمل انفرادیت رکھتا ہے اور ان گزرے ہوئے لمحات میں انسان بہت کچھ جانتا اور سیکھتا ہے اب اس کا تعلق چاہے کتابوں سے ہو، زندگی کے خوشگوار اور ناخوشگوار تجربات و مشاہدات سے ہو یا مسائل و مصائب، دکھ، سکھ، بیماری، پریشانی، غم و غصہ یا محبت و نفرت کے جذبات سے ہو، انسان ہر گزرتے لمحے کے ساتھ

سیکھتا چلا جاتا ہے یہاں تک اس کے رب سے اس کی ملاقات کا وقت آجاتا ہے لیکن ملاقات کے یہ لمحات بھی اس کی زندگی میں چونکہ پہلی بار آئے لہٰذا یہ بھی اس کی زندگی کا ایک نیا اور انوکھا تجربہ ہے جبکہ تجربات بھی علم کی ایک قسم ہے۔

## امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ فرماتے ہیں !رسول اللہ ﷺ نے مجھے علم کے ہزار باب تعلیم فرمائے اور مجھ پر ہر باب سے ہزار باب وا ہوئے۔

کم ترین علم وہ ہے جو زبان پر رہے اور بلند ترین علم وہ ہے جو کے عمل سے اور انسانی اعضاء سے ظاہر ہو۔

علم ایک کریم وراثت اور شرف ہے۔ اگر کوئی یہ سمجھ لیتا ہے کے وہ وہ علم کی گہرائیوں سے واقف ہوگیا تو وہ گویا احکام شریعت کے چشموں سے سیراب ہوگیا۔ لوگوں میں سب سے کم قیمت وہ لوگ ہیں جو سب سے زیادہ کم علم ہوں اور جو بچپن میں علم حاصل نہ کر سکا وہ بڑا ہو کر بھی آگے نہیں بڑھ سکتا۔

اپنے علم کو جہل اور اپنے یقین کو شک قرار نا دو جب تمھیں علم ہوجائے تو عمل کرو اور جب تمھیں یقین ہوجائے تو آگے بڑھو۔

جب اللہ کسی کو ذلیل ورسوا کرتا ہے تو باب علم اس پر بند کر دیتا ہے۔

علم اور عمل باہم جڑے ہوئے ہیں چنانچہ جو جان لیتا وہ عمل کرتا ہے۔

جو سمجھ لیتا ہے وہ علم کی گہرائی سے واقف ہوجاتا ہے اور جو علم کی گہرائی سے واقف ہوگیا وہ احکام شریعت کے چشموں سے سیراب ہوگیا۔

غور وفکر سے بڑھ کر کوئی علم نہیں۔ عالم وہ ہے جو اپنی قدر جان لے۔

بہت سے عالم ایسے بھی ہیں جو ہلاک ہوگئے جبکہ ان کا علم ان کے پاس تھا لیکن اس علم نے انھیں کوئی فائدہ نا پہنچایا۔

تم جو نہیں جانتے اسے نا کہو اور جتنا جانتے ہو وہ سب بھی نا کہو کیونکہ اللہ تعالی نے تمھارے جسمانی اعضاء پر بھی کچھ فرائض واجب فرمائے ہیں ان سب کے ذریعے روز قیامت تم پر حجت قائم ہوگی۔

اللہ نے جاہلوں سے پڑھنے کا عہد اس وقت تک نہیں لیا جب تک علماء سے پڑھانے کا عہد نا لے لیا۔

جو غور کرتا ہے وہ سمجھ لیتا ہے اور جو سمجھ لیتا ہے وہ جان لیتا ہے۔

اگر تم کسی چیز سے لاعلم ہو تو یہ کہنے میں ہرگز نا شرماؤ کے میں نہیں جانتا اور اگر کوئی چیز نہیں جانتے تو اس کو سیکھنے میں بھی کبھی نا شرماؤ۔

دو بھوکے کبھی سیر نہیں ہوتے۔ ۱۔ جس انسان کو دنیا کی بھوک لگ جائے۔ ۲۔ جس انسان کو حصول علم کی بھوک لگ جائے حتیٰ کے دونوں اپنی قبروں میں پہنچ جائیں گے لیکن ان کی بھوک ختم نا ہوگی۔

آپؑ نے فرمایا! علم، مال سے بہتر ہے کیونکہ علم تمھاری حفاظت کرتا ہے جبکہ مال کی حفاظت تم کرتے ہو۔

مال خرچ کرنے سے گھٹ جاتا ہے لیکن علم خرچ کرنے سے بڑھ جاتا ہے۔

معرفت علم ایک ایسا راستہ ہے جس پر چل کر انسان اپنی زندگی میں اطاعت الٰہی جبکہ مرنے کے بعد ذکر خیر کی صفات حاصل کر لیتا ہے۔

علم حاکم ہے جبکہ مال محکوم ہے۔

مال جمع کرنے والے زندہ ہوتے ہوئے بھی ہلاک ہونے والے ہیں جبکہ علماء زمانہ کے باقی رہنے تک باقی رہنے والے ہیں اگرچہ وہ جسمانی طور پر تو ہمارے درمیان نہیں ہوں گے لیکن ان کی صورتیں دلوں میں موجود رہیں گی۔

آپ نے کمیل سے فرمایا میرے سینے میں علم کا ذخیرہ موجود ہے کاش اس کو سیکھنے کے لائق

افراد ہوتے اگر چہ میں نے کچھ زود فہم افراد کو پایا لیکن اس علم کے وہ امانت دار نہیں ہو سکتے کیونکہ یہ لوگ دین کو دنیا کے لئے استعمال کرتے ہیں اور اللہ کے بندوں پر اس نعمت کے ذریعے فخر اور دکھاوا کرتے ہیں تاہم کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو علم کے ذریعے اولیاء کے ساتھ بحث ومباحثہ اور حیل وحجت کرتے ہیں اور اس علم کو اللہ کے دوستوں کے خلاف استعمال کرتے ہیں یا پھر میں اس علم کے حصول کے لئے ایسے فراد کو پاتا ہوں جو کے حق کے پیرو کار تو ہیں لیکن ان کے قلب میں بصیرت کی رمق تک نہیں ان کے قلوب ذرا ذرا سی باتوں میں شکوک وشبہات میں مبتلا ہوجاتے ہیں تاہم میں اس علم کے طالب ایسے لذات کے بھوکے بھی پائے جو شہوت پرست ہیں یہ مال ودولت کے پجاری ہیں یہ لوگ ان جانوروں سے زیادہ مشابہہ ہیں جنھیں چرنے کے لئے چھوڑ دیا جائے۔علم اسی طرح سے اہل علم کے مرنے سے مرجاتا ہے بھلائی یہ نہیں کے تمھاری دولت اور اولاد بڑھ جائے بلکہ بھلائی یہ ہے کے تمھارا علم بڑھ جائے اس کے ساتھ ساتھ تمھارا حلم بھی بڑھ جائے اور تم زیادہ سے زیادہ اللہ کی عبادت کے ذریعے اس کا قرب حاصل کرسکو۔علم کے ذریعے موت سے ڈرا جاسکتا ہے۔

عالم وہ ہے جو حرام اشیاء سے اجتناب کرے۔

علم میں سرفہرست نرمی ہے جبکہ علم کی آفت حماقت اور سخت روئی ہے۔

عالم ایک کھجور کے درخت کی مانند ہوتا ہے چنانچہ تم درخت کے نیچے اس انتظار میں رہتے ہو کے کب کچھ کھجور تم پر گرے۔

عالم راہ خدا میں لڑنے والے، روزہ دار اور نمازی سے افضل ہے

جب عالم مرجاتا ہے تو اسلام میں ایک ایسا خلاء پیدا ہوجاتا ہے جو قیامت تک پر نہیں ہوسکتا۔

علم کو حاصل کرو اس کے ذریعے پہچانے جاؤ گے اور اس پر عمل پیرا ہوجاؤ تم اس علم کے اہل بن جاؤ گے یقیناً تمھارے بعد ایک ایسا دور بھی آنے والا ہے جب ہر دس میں سے نو افراد حق کا انکار کریں گے چنانچہ اس وقت خاموشی اختیار کرنے والا نجات پا جائے گا اور یہی وہ لوگ

ہوں گے جو ہدایت کے امام اور علم کے چراغ ہوں گے یہ لوگ نا تو جلد باز ہوں گے اور نا ہی نمود و نمائش اور شہرت کے دلدادہ ہوں گے۔علماء کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے والا انسان باوقار ہوجاتا ہے۔علم کی زینت عجز وانکساری اور فروتنی ہے۔

تم علم والے کی تحقیر نا کرو کیونکہ یہ علم اس کو اللہ کی طرف سے عنایت ہوا ہے چنانچہ جب اللہ نے اسے علم دیتے وقت حقیر نا جانا تو تم اس کو کیسے حقیر سمجھتے ہو۔علم حسب اور نسب سے زیادہ شریف ہے۔علم کو چھپانے والا جاہل ہوجاتا ہے۔

عالم کی لغزش کشتی کے ٹوٹ جانے کے مترادف ہے جو خود تو ٹوٹتی ہے لیکن اپنے ساتھ ساتھ لوگوں کو بھی لے ڈوبتی ہے۔

علم بہترین اور زیبا ترین خزانہ ہے اس کا تحمل آسان اور مقصد عظیم ہے۔علم مجمع میں جمال اور تنہائی میں انسان کا مونس ہے۔

انسان کی موت کے بعد تمام اعمال کا سلسلہ منقطع ہوجاتا ہے بجز تین امور کے۔

۱۔نیک اعمال۔

۲۔علم جو وہ اپنے پیچھے چھوڑ گیا۔

۳۔نیک اولاد جو اس کی مغفرت کی دعا کرے۔

اشرف ترین شے علم ہے۔اللہ تعالیٰ بذات خود عالم ہیں چنانچہ وہ علماء کو پسند فرماتے ہیں۔

اگر علم سے کوئی سیر ہوسکتا تو وہ حضرت موسیٰ ہوتے لیکن وہ بھی حضرت خضر سے یہ کہتے ہیں کے کیا میں آپ کی پیروی کرسکتا ہوں؟ تا کہ آپ مجھے اس ہدایت کی تعلیم دیں جس کی تعلیم آپ کو دی جا چکی ہے۔عوام پر بادشاہ حاکم ہوتا ہے لیکن بادشاہوں پر علماء حاکم ہوتے ہیں۔

علم مجالس میں زینت، سفر میں تحفہ اور غربت میں انس ہوتا ہے۔

لوگوں میں سب سے زیادہ صاحب علم وہ ہے جو لوگوں کے علم کو اپنے علم میں اکھٹا کرلے۔

عالم زندہ ہوتا ہے چاہے وہ مرگیا ہو اور جاہل مردہ ہوتا ہے چاہے وہ زندہ ہو۔

جب تم کسی عالم کے پاس بیٹھو تو کہنے سے زیادہ سننے کے مشتاق رہو۔

علوم بے شمار ہیں لیکن ہر علم سے وہ لے لو جو بہتر ہو۔

جو شخص لوگوں میں بغیر علم کے فتویٰ دیتا ہے اس پر زمین اور آسمان لعنت کرتے ہیں۔ فہم کے بغیر علم بے فائدہ ہے۔

کئی چیزیں ایسی ہیں جو کم ہونے سے قیمتی ہوجاتی ہیں لیکن علم جب زیادہ ہوتا ہے تو وہ لائق عزت ہوجاتا ہے۔

علماء اپنے علم کو اگر بروئے کار لاتے تو یقیناً اللہ کے اطاعت گزار انھیں سب سے زیادہ دوست رکھتے لیکن ان علماء، علم کو دنیا کی چاہت میں حاصل کیا چنانچہ اللہ ان پر غضب ناک ہوا اور یہ علماء لوگوں کے درمیان بے وقعت ہوکر رہ گئے۔

غور سے سنو! طالب علم تین طرح کے ہیں، انھیں ان کی صفات سے پہچانو۔

۱۔ بحث ومباحثہ کے لئے علم کا حصول۔ اس قسم کے لوگ، کٹ حجتی اور لوگوں میں فخر ومباہات کرتے ہیں اگرچہ ظاہر میں انکساری کا لبادہ اوڑھتے ہیں لیکن یہ لوگ تقویٰ سے قطعاً عاری ہوتے ہیں چنانچہ اللہ ان کے سینوں کو کوٹ اور ان کی ناک کو کاٹ ڈالتا ہے۔

۲۔ دوسری قسم کے لوگ وہ ہیں جو حیلوں اور بہانوں کے لئے علم کی تحصیل کرتے ہیں۔

ان علماء کا تعلق تکبر اور فریب کاری سے ہوتا ہے یہ دیگر علماء کے درمیان فخر اور مباہات کرتے ہیں اور مالداروں کے سامنے تواضع اختیار کرتے ہیں انعامات اور اکرمات وصول کرتے ہیں لیکن اپنے دین کو برباد کردیتے ہیں چنانچہ اللہ نے ایسے علماء کو اندھا کردیا اور علماء کے درمیان ان کے نام کو مٹا ڈالا۔

۳۔ تیسری قسم کے طالب علم وہ ہیں جو علم کا حصول عمل کے لئے کرتے ہیں یہ علماء فقہ کی تحصیل کرتے ہیں تم ایسے علماء کو ہمیشہ مغموم دیکھو گے یہ اندھیری رات میں اللہ کی عبادت اور اطاعت میں کھڑا رہتا ہے ظلمت کے پردوں میں رکوع وسجود کرتا ہے، نیک اعمال کی انجام دہی

کرتا ہے، خوف خدا سے لرزتا رہتا ہے چنانچہ اللہ تعالی ایسے علماء کے قدموں کو ثبات دیتے ہیں اور روز قیامت انھیں عذاب سے امان دیتے ہیں۔

عالم کا اپنے علم کا شکریہ یہ ہے کے وہ اپنا علم اہل لوگوں کو عطا کرے۔

علم زندگی ہے۔علم ہر بھلائی کی جڑ ہے۔علم معرفت کی کونپل ہے۔

علم اپنے قلب وعقل سے دیکھتا ہے اور جاہل اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے۔

علم مالداروں کی زینت اور فقراء کی مالداری ہے۔

عالم جاہل کو پہچان لیتا ہے کیونکہ پہلے وہ بھی جاہل تھا لیکن جاہل عالم کو نہیں پہچانتا کیونکہ وہ پہلے کبھی عالم نا تھا۔

عالم اور متعلم دونوں اجر میں شریک ہیں۔علم دلیل کا اولین جز اور معرفت انتہاء ہے۔

بغر علم عبادت کرنے والا چکی کے گدھے کی مانند ہے جو بدستور چکر لگاتا ہے لیکن اپنی جگہ سے نہیں ہٹتا۔انبیاء کے سامنے فضیلت اس شخص کی ہے جو انبیاء کے لائے ہوئے پیغام واحکام کو سب سے زیادہ سمجھنے والا ہو۔

اللہ کے سامنے سب سے زیادہ لائق غضب جابر عالم ہے۔

تمھارے اوپر علم سب سے زیادہ واجب ہے جس پر عمل کرنے کے متعلق (روز قیامت) تم سے باز پرس ہوگی۔

بہترین ذخیرہ وہ علم ہے جس پر عمل یا جائے جبکہ بہترین نیکی وہ ہے جتائی نا جائے۔

تزکیہ عقل کے لئے سب سے زیادہ مددگار شے علم ہے۔عوام کی آفت فاجر عالم ہیں۔

جب انسان کا علم بڑھ جاتا ہے تو اللہ سے اس کا خوف اور ادب ولحاظ بھی بڑھ جاتا ہے۔

انسان کا حسب نسب اس کا علم جبکہ انسان کا جمال اس کی عقل ہے۔

بہترین علم وہ ہے جس کے ذریعے تم اپنی ہدایت درست کر لی جبکہ بدترین علم وہ ہے جس کے ذریعے تم نے اپنی آخرت تباہ کر لی۔بہت سے علم کے دعویٰ دار عالم نہیں ہوتے۔

عالم کے لئے ضروری ہے کے جو وہ نہیں جانتا ہے اس کو سیکھے اور جو وہ جانتا ہے اسے لوگوں کو سیکھائے۔

وہ علم جو تمھاری اصلاح نا کرے وہ گمراہی ہے اور وہ مال جو تمھیں فائدہ نا پہنچائے تمھارے لئے وبال جان ہے۔

اللہ کے سوا ہر عالم متعلم ہے۔ طالب علم کے لئے دنیا کی عزت اور آخرت کی کامیابی ہے۔

عمل اس وقت تک ستھرا نہیں ہوسکتا جب تک کے علم درست نا ہو۔

عمل اس وقت تک پاک نہیں ہوسکتا جب تک کے وہ علم سے جڑا نا ہو۔

علم صرف صاحبان علم سے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے۔

جسمانی راحت کے ساتھ علم حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ جس کے پاس علم نہیں اس کے پاس ہدایت نہیں۔ اپنے علم کی مخالفت کرنے والوں کا جرم اور گناہ عظیم تر ہوتا ہے۔

جس کا علم اس کی عقل سے زیادہ ہوجاتا ہے وہ علم اس شخص کے لئے وبال جان بن جاتا ہے۔

جو علم کی تلخیوں اور سختیوں کو برداشت نہیں کرتا وہ جہالت کی ذلت میں باقی رہتا ہے۔

جو علم کی آخری حدوں تک پہنچنے کا دعویٰ دار ہے دراصل وہ اپنی جہالت کی حدوں کو اجاگر کرتا ہے۔

علم ایک ایسی سلطنت ہے جو اسے پا جاتا ہے وہ اسی کے ذریعے یلغار کرتا ہے۔ اور جو اس سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے وہ اسی کے ذریعے یلغار کا نشانہ بنتا ہے۔

لیکن جس کی عقل بڑھ جاتی ہے اس کی دنیا سے لطف اندوزی کم ہوجاتی ہے اور اللہ جیسے بکثرت عقل عطا فرماتا ہے اس کا حساب اس کے رزق میں ہی کرلیتا ہے۔ ۷۹ے

لوگوں میں سب سے کم قیمت وہ لوگ ہیں جو سب سے زیادہ کم علم ہوں۔

جو شخص بچپن میں علم حاصل نہ کرسکا۔ وہ بڑا ہو کر بھی آگے نہیں بڑھ سکتا۔

علماء کے ساتھ اپنی نشست و برخاست رکھو۔ اس سے تمھارے علم میں اضافہ اور ادب میں

حسن پیدا ہوگا۔۸۰؎

بچپن کا علم پتھر پر نقش کی طرح ہوتا ہے یعنی جو باتیں بچوں کو بچپن میں بتائی جاتی ہیں وہ انھیں تاعمر از بر رہتی ہیں لہٰذا ماں کی شفیق گود اور پرورش کی اہم ترین ذمہ داری سے سرف نظر ایک بڑی خیانت کے مترادف ہے۔

ہر ظرف اپنے سامان کے لئے تنگ ہوسکتا ہے لیکن علم کا ظرف علم کے اعتبار سے وسیع تر ہوتا جاتا ہے۔۸۱؎

امام زین العابدین نے فرمایا جب تم کسی عالم کو کسی محل میں آتا جاتا دیکھو تو اس سے دین مت لو۔امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں جب تم کسی عالم کو بادشاہ کے دروازے پر دیکھو تو اس کے ایمان پر شک کرو۔

## نفسیاتی پہلو

ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں! ہر انسان کے اندر کم وبیش گیارہ ہزار صلاحیتیں ایسی ہیں جن میں ہر ایک صلاحیت پوا علم ہے۔۸۲؎

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! انجام کے اعتبار سے پسندیدہ ترین علم وہ ہے جو دنیا میں تمھارے اعمال کی زیادتی کا سبب ہو اور آخرت میں تمھیں (خدا) سے قریب کردے ۔۸۳؎

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! ہر انسان کے اندر کسی نا کسی رنگ کا غلبہ ہوتا ہے اور وہ زندگی کو اسی رنگ کی عینک سے دیکھتا ہے۔۸۴؎

خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! جب کسی بندے کو علم الاسماء کی روشنی مل جاتی ہے تو اس انسان کے اندر سے میں نکل جاتی ہے اور اس انسان کو اللہ کی طرف سے یہ یقین حاصل ہوجاتا ہے کے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔

حضرت شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! تمام سلاسل تصوف کا بنیادی مقصد انسان کو علم

سیکھانا ہے، چنانچہ انسان کے شعوری ارتقاء کے پیشِ نظر اولیاء اللہ نے انسانوں کی رہنمائی کے لئے مختلف اسباق تجویز کئے ہیں، جن اسباق کا مطلب یہ ہے کے انسان اللہ کی فرمانبرداری کرتے ہوئے جنت میں جا پہنچے اور جہنم کی آگ سے بچ جائے۔ ۸۵

**حوالہ کتب:**


۱۔ تاج العروس۔ تاج العروس۔ علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔ مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ۔

۲۔ المفردات بالفاظ القرآن۔ علامہ راغب اصفہانی (متوفی۔)۔ دارالشامیہ بیروت لبنان۔ ۱۴۱۶ھ۔

۳۔ لغات القرآن۔ شیخ غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ) مطبوعہ ادراہ طلوع اسلام لاہور۔

۴۔ تاج العروس۔ تاج العروس۔ علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔ مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ۔

۵۔ سورہ شوریٰ۔ آیت۔ ۵۱۔ ۵۲۔

۶۔ بڑے بچوں کے لئے۔ خواجہ شمس الدین عظیمی۔ عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

۷۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ ج۔ ۳۔ خواجہ شمس الدین عظیمی۔ الکتاب پبلی کیشنز۔ کراچی۔

۸۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ ج۔ ۳۔ خواجہ شمس الدین عظیمی۔ الکتاب پبلی کیشنز۔ کراچی۔

۹۔ المعجم الکبیر۔ امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۱۰۔ مجمع الزاوئد۔ حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ)۔ مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت۔

۱۱۔ سورہ اعراف۔ آیت۔ ۶۱۔

۱۲۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ ج۔ ۳۔ خواجہ شمس الدین عظیمی۔ الکتاب پبلی کیشنز۔ کراچی۔

۱۳۔ سورہ اعراف۔ آیت۔ ۶۷۔

۱۴۔ سورہ اعراف۔ آیت۔ ۶۹۔

۱۵۔ معالم التنزیل۔ امام ابومحمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (متوفی ۵۱۶ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔

۱۶۔ سورہ اعراف۔ آیت۔ ۶۵۔

۱۷۔ الاتقان فی علوم القرآن۔ علامہ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ ص۔ ۳۴۲۔ مطبوعہ سہیل اکیڈمی۔

۱۸۔ البدایہ والنہایہ۔ حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی (متوفی ۷۷۴ھ)۔
ص۔ ۱۴۰۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۸ھ۔

۱۹۔ تاریخ دمشق الکبیر۔ امام ابوالقاسم علی ابن الحسن ابن عساکر (متوفی ۵۷۱ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء التراث۔

۲۰۔ سورہ الشعراء۔ آیت۔ ۷۸۔ ۸۳۔

۲۱۔ جلالین۔ حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ ص۔ ۱۹۰۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۲۲۔ جلالین۔ حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ ص۔ ۱۹۰۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۲۳۔ جلالین۔ حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ ص۔ ۱۹۰۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۲۴۔ البدایہ والنہایہ۔ حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی (متوفی ۷۷۴ھ)۔ ص۔ ۲۰۲۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت۔ ۱۴۱۸ھ۔

۲۵۔ البدایہ والنہایہ۔ حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی (متوفی ۷۷۴ھ)۔ ص۔ ۲۰۲۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۸ھ۔

۲۶۔ البدایہ والنہایہ۔ حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی (متوفی ۷۷۴ھ)۔ ص۔ ۲۰۲۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۸ھ۔

۲۷۔ سورہ اعراف۔ آیت۔ ۸۵۔

۲۸۔ سورہ اعراف۔ آیت۔ ۸۵۔

۲۹۔ سورہ ھود۔ آیت۔ ۸۹۔ ۹۰۔

۳۰۔ سورہ ص۔ آیت۔ ۱۸۔ ۱۹۔

۳۱۔ سورہ سبا۔ آیت۔ ۱۰۔ ۱۱۔

۳۲۔ قلندر شعور۔ حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی۔ عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

۳۳۔ سورہ البقرہ۔ آیت۔ ۶۵۔

۳۴۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ ج۔ ۳۔ خواجہ شمس الدین عظیمی۔ الکتاب پبلی کیشنز۔ کراچی۔

۳۵۔ سورہ التوبہ۔ آیت۔ ۳۰۔

۳۶۔ سورہ البقرہ۔ آیت۔ ۲۵۹۔

۳۷۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ ج۔ ۳۔ خواجہ شمس الدین عظیمی۔ الکتاب پبلی کیشنز۔ کراچی۔

۳۸۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ ج۔ ۳۔ خواجہ شمس الدین عظیمی۔ الکتاب پبلی کیشنز۔ کراچی۔

۳۹۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ ج۔ ۳۔ خواجہ شمس الدین عظیمی۔ الکتاب پبلی کیشنز۔ کراچی۔

۴۰۔ سورہ آل عمران۔ آیت۔ ۲۷۔

۴۱۔سورہ النور۔آیت۔ ۴۴۔
۴۲۔سورہ فرقان۔آیت۔ ۶۲۔
۴۳۔محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ج۔ ۳۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔الکتاب پبلی کیشنز۔کراچی۔
۴۴۔سورہ ص۔آیت۔ ۳۰۔
۴۵۔سورہ انعام۔آیت۔ ۸۴۔۸۵۔
۴۶۔سورہ الانبیاء۔آیت۔۸۱۔
۴۷۔سورہ سبا۔آیت۔ ۱۲۔
۴۸۔محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ج۔ ۳۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔الکتاب پبلی کیشنز۔کراچی۔
۴۹۔سورہ سبا۔آیت۔ ۱۲۔
۵۰۔ سورہ الانبیاء۔آیت۔ ۸۲۔
۵۱۔محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ج۔ ۳۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔الکتاب پبلی کیشنز۔کراچی۔
۵۲۔سورہ سبا۔آیت۔ ۱۳۔
۵۳۔سورہ نمل۔آیت۔ ۱۷۔
۵۴۔محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ج۔ ۳۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔الکتاب پبلی کیشنز۔کراچی۔
۵۵۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ
۵۶۔انجیل مقدس۔یوحنا باب۔ ۴۔آیت۔ ۱۵۔
۵۷۔سورہ رعد۔آیت۔ ۴۔
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ج۔ ۳۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔الکتاب پبلی کیشنز۔کراچی۔
۵۸۔سورہ العلق۔آیت۔۱۔
۵۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۶۹۔
۶۰۔سورہ فاطر۔آیت۔۲۸۔
۶۱۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۹۰۔۱۹۱۔
۶۲۔سورہ طلاق۔آیت۔ ۱۲۔
۶۳۔سورہ اعراف۔آیت۔۸۹۔
۶۴۔سورہ طحہ۔آیت۔ ۱۱۰۔

۶۵۔سورہ الانبیاء۔آیت۔۸۱۔
۶۶۔سورہ فاطر۔آیت۔۲۸۔
۶۷۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۹۰۔۱۹۱۔
۶۸۔سورہ اعراف۔آیت۔۲۰۱۔
۶۹۔اعلام الموقعین عن رب العالمین۔ج۔اول۔شیخ ابوعبداللہ محمد بن ابی بکر ابن القیم الجوزیہ۔ (متوفی۔۷۵۱ھ)۔مترجم۔مولانا محمد جونا گڑھی۔ص۔۴۳۔مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور۔۱۹۹۹ء۔
۷۰۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ
۷۱۔سنن درامی۔امام عبداللہ بن عبدالرحمن درامی (متوفی ۲۵۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العربی ۱۴۰۷ھ۔
۷۲۔سنن درامی۔امام عبداللہ بن عبدالرحمن درامی (متوفی ۲۵۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العربی ۱۴۰۷ھ۔
۷۳۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ
۷۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۷۵۔ ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۷۶۔ ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۷۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۷۸۔شرح السنہ۔امام حسین بن مسعود بغوی (متوفی ۵۱۶ھ) ص۔۲۹۰۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۷۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۸۰۔میزان حکمت۔ص۔۳۸۰۔
۸۱۔ نہج البلاغہ (خطبات حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم)۔مطبوعہ ایران و مطبوعہ کراچی۔
۸۲۔وقت۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔
۸۳۔علم و حکمت۔ج۔۱۔ص۔۴۲۳۔
۸۴۔بڑے بچوں کے لئے۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔
۸۵۔مرشد کی باتیں۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔۶۰۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

## ۴۹۔الصلوۃ۔صلوۃ (نماز)

**اگر نماز پڑھنے والے کو یہ معلوم ہوجائے کے اس پر کیسی رحمتوں کا نزول ہو رہا ہے تو وہ کبھی سجدے سے سر ہی نہ اٹھائے (حضرت علیؓ)**

**الصلوۃ**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ص۔ل۔و(ی) سے مشتق ہے۔

الصلی ۔کے معنی آگ یا ایندھن ہے۔۱؎

صلٰی ۔سے مراد آگ کو دور کرنے والی ۔۲؎

صلی علیہ۔سے مراد تعلیم دینا، دعا دینا، حوصلہ فزائی کرنا، پروان چڑھانا، نشونما دینا اور ہر قسم کی خرابی یا فساد سے گریز۔۳؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُه لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۚ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا۔۴؎

ترجمہ (اللہ) اور اس کے ملائکہ اور کل کائناتی قوتیں تمھاری مدد اور حوصلہ افزائی کرتی ہیں اور تمھیں تمھاری نشونما کا سامان بھی بہم پہنچاتی ہے، (اللہ) مومنین پر نہایت رحم والا ہے۔

اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۔۵؎

ترجمہ۔وہ لوگ جن پر ان کے رب کی خصوصی نوزشیں اور رحمت ہے یہی وہ لوگ ہیں جو ہدایت پر ثابت قدم ہیں۔

الصلوۃ۔کا معنی دعا ہے اور تبریک اور تمجید ہے' جب اللہ تعالٰی مسلمانوں پر صلوہ پڑھے یا رسول اللہ ﷺ مسلمانوں پر صلوۃ پڑھیں تو اس کا معنی ان کو پاک اور صاف کرنا ہے اور جب فرشتے صلوۃ پڑھیں تو اس کا معنی دعا اور استغفار ہے۔۶؎

علامہ آلوسی نے نقل کیا الصلوۃ کے معنی تعریف اور ثناء کرنا اور تعظیم کرنا ہے۔ ۷؎

الصلوۃ۔ سے مراد خامیوں کو دور کرنے والی۔

صاحب لمنار لکھتے ہیں الصلوۃ قولاً اور عملاً اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ ہمیں اپنی کمی، کمزوریوں اور نقائص کو دور کرنے کے لئے اللہ کی رہنمائی کی حاجت اور ضرورت ہے

علامہ قرطبی نے لکھا! صلوۃ کے معنی اللہ کی اطاعت اور اس کے حکم کی بجا آوری ہے۔

الصلوۃ، کے معنی جھکانا اور مائل کرنا یعنی صلوۃ کے ذریعے کائنات کو مسخر کرنا اور اسے اپنے تابع وفرمان لانا۔

الصلوۃ۔ کے ایک معانی تعظیم کرنا یعنی رب کائنات کی عظمت کا بیان کرنا۔ ۸؎

الصلوۃ۔عبادت کی ایک مخصوص شکل وصورت۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا ۔۹؎

ترجمہ۔مسلمانوں جب تم نماز کی ادائے گی کی طرف کھڑے ہوتو اپنے منہ اور دونوں ہاتھ کہنیوں تک دھولیا کرو اور اپنے سروں پر مسح کرلیا کرو اور اپنے پاؤں ٹخنوں تک دھولیا کرو۔

**الصلوۃ الجمعہ:**

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۔۱۰؎

ترجمہ۔مسلمانو! جب جمعہ کے دن نماز کے لئے اذان دی جائے تو اللہ کی یاد کے لئے دوڑ واور خرید وفروخت کو چھوڑ دو یہ تمھارے لئے بہتر ہے اگر تم سمجھوتو پھر جب نماز ختم ہوجائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

یعنی اجتماعات اس کی نوعیت کوئی بھی ہو اس میں وقت کی پابندی سب سے زیادہ اہم ہے چنانچہ مندرجہ بالا آیات میں یہی کہا گیا جب جمعہ کی نماز ((اجتماعات) کے لئے بلایا جائے تو تم اپنی تمام مصروفیات اور کاروبار کو ترک کر کے فوراً نماز جمعہ کو ترجیح دو۔

صلوۃ ایک ایسی عبادت ہے کے جس میں اللہ کی بڑائی، تعظیم اور اس کی ربوبیت و حاکمیت کو تسلیم کیا جاتا ہے صلوۃ قائم کر کے بندہ اللہ کا قرب حاصل کرتا ہے اس عبادت میں ذہنی مرکزیت اور یکسوئی کے حصول کا زبردست پروگرام پوشیدہ ہے اور بندہ جب صلوۃ کے ذریعے سے اللہ تعالی سے اپنا تعلق قائم کر لیتا ہے تو اس کے دماغ میں غیب کی جانب کھلنے والا دروازہ کھل جاتا ہے جس دروازے کے راستے وہ غیب کی دنیا میں سفر کرنے کے قابل ہو جاتا ہے صلوۃ چونکہ ذہنی صلاحیتوں اور مرکزیت کی بحالی میں اہم کردار ادا کرتی ہے لہٰذا انسان ذہنی یکسوئی کے ساتھ شعوری کیفیات سے نکل کر لاشعوری دنیا یعنی غیب سے متعارف ہو جاتا ہے (ذہنی یکسوئی اور اللہ کے سامنے سجدہ حضوری کو بجالانے کے لئے نماز سے قبل اگر یہ مراقبہ کر لیا جائے تو اللہ سے تعلق قائم ہو جاتا ہے صلوۃ قائم کرنے سے قبل آرام دہ نشست میں قبلہ رخ ہو کر بیٹھ جایئے پھر تین مرتبہ درود شریف، تین مرتبہ کلمہ شہادت پڑھ کر آنکھیں بند کر لیں اور پھر ایک منٹ سے تین منٹ تک یہ تصور قائم کریں کے عرش پر اللہ تعالی موجود ہیں جبکہ میں عرش کے نیچے ہوں اور اللہ کی تجلیات کا نزول مجھ پر ہو رہا ہے) اس کے بعد کھڑے ہو کر صلوۃ قائم کر لیں جب انسان صلوۃ میں اپنے گرد و پیش سے بے خبر ہو کر صرف اللہ کے لئے صلوۃ قائم کرتا ہے اور پوری یکسوئی کے ساتھ اللہ کے ساتھ قائم ہو جاتا ہے تو یہی قیام صلوۃ کا مراقبہ ہے۔ صلوۃ کے حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

**وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا**۔ اا

ترجمہ۔ ہر ایک کے لئے ایک سمت ہے جس کی طرف وہ (نماز) میں منہ کرتا ہے۔

# صلوۃ کا تاریخی پس منظر

صلوۃ کا تاریخی پس منظر اتنا ہی قدیم ہے جتنا خود انسان اور مذہب اسلام کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی اولاد کو عبادت کے طریقے سکھائے اور حضرت آدم علیہ السلام سے رسول اللہ ﷺ تک تمام پیغمبروں نے خود بھی صلوۃ ادا کی اور اپنی قوم کو بھی اس کی تلقین فرمائی مسلمانوں پر پانچ فرض نمازیں دراصل پانچ پیغمبروں سے منسوب ہیں چنانچہ ذیل میں دئے گئے چند قرآنی حوالوں سے ہم اس قدیم عبادت کے تاریخی پس منظر کو سمجھتے ہیں یہ جاننا ضروری ہے کے رسول اللہ ﷺ پر نماز فرض ہونے سے پہلے بھی انبیاء سابقین اور امت سابقین صلوۃ ادا کیا کرتیں تھیں۔

ذیل میں انھی تاریخی حوالوں کو پیش کیا جارہا ہے۔

**۱۔(نماز فجر) حضرت آدم علیہ السلام:**

حضرت آدم علیہ السلام نے سب سے پہلے فجر کی نماز ادا فرمائی۔

**۲۔(نماز ظہر) حضرت ابراہیم علیہ السلام:**

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سب سے پہلے ظہر کے وقت نماز ادا کی دراصل یہ اللہ کا شکرانہ تھا جب اللہ نے انھیں آتش نمرود سے نجات عطا فرمائی تھی۔

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمَاعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعَاكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔تم لوگ مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بناؤ اور ہم نے ابراہیم اور اسماعیل سے یہ عہد لیا ہے کے میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور مجاوروں اور رکوع وسجدہ کرنے والوں کے لئے پاک رکھو۔

**۳۔(نماز عصر) حضرت یعقوب علیہ السلام:**

حضرت یعقوب علیہ السلام نے سب سے پہلے عصر کی نماز اس وقت ادا فرمائی جب انھیں اپنے

گمشدہ بیٹے حضرت یوسف علیہ السلام کی برسوں کے بعد خبر ملی تھی چنانچہ انھوں نے اللہ کا شکرانہ ادا فرمایا اور نماز عصر ادا فرمائی۔

**۴۔(نماز مغرب) حضرت داؤد علیہ السلام:**

حضرت داؤد علیہ السلام نے سب سے پہلے نماز مغرب ادا فرمائی۔

**۵۔(نماز عشاء) حضرت یونس علیہ السلام:**

حضرت یونس علیہ السلام کو جب مچھلی نے ساحل پر اگل دیا تو آپ نے اللہ کا شکرادا فرماتے ہوئے عشاء کی نماز پڑھی۔ ۱۳؎

**۶۔حضرت اسماعیل علیہ السلام:**

**وَكَانَ يَأْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ۔ ۱۴؎**

ترجمہ۔بے شک وہ وعدہ کا سچا اور رسول و نبی تھا اور پنے گھر والوں کو نماز و زکوۃ کا حکم دیتا تھا اور اپنے پروردگار کے یہاں پسندیدہ تھا۔

**۷۔حضرت شعیب علیہ السلام:**

**قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ ۔ ۱۵؎**

ترجمہ۔(شعیب کی قوم) نے کہا! اے شعیب کیا تجھے تیری نماز یہ حکم دیتی ہے کہ ہم ان (معبودوں) کو چھوڑ دیں جن کو ہمارے باپ دادا پوجا کرتے تھے۔

**۸۔حضرت زکریا علیہ السلام:**

**فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۔ ۱۶؎**

ترجمہ۔پس فرشتوں نے اسے پکارا تو وہ (مسجد کی) محراب میں کھڑا ہوا نماز پڑھ رہا تھا۔

**۹۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام:**

**وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ۔ ۱۷؎**

ترجمہ۔ جب تک میں زندہ رہوں گا مجھے نماز اور زکوۃ کا حکم دیا گیا ہے۔

**۱۰۔ حضرت لقمان علیہ السلام:**

یَابُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْہَ عَنِ الْمُنْکَرِ ۔۱۸؎

ترجمہ۔ بیٹا نماز کو قائم رکھ اور نیکی کا حکم دے، اور برے کاموں سے منع کر۔

**۱۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور امت مسلمہ:**

وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَارْکَعُوْا مَعَ الرَّاکِعِیْنَ ۔۱۹؎

ترجمہ۔ نماز قائم کرو اور زکوۃ دو اور اللہ کے آگے جھکنے والوں کے ساتھ جھکا کرو۔

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْہٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ۔۲۰؎

ترجمہ۔ نماز تمھیں بے حیائی اور گناہوں سے روکتی ہے۔

## ہر مخلوق کی نماز

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ یہ کلمات ہر چیز (مخلوق) کی نماز ہیں اور ان ہی کلمات کے ذریعے مخلوق کو رزق دیا جاتا ہے۔

**۱۲۔ اشیاء کائنات کی اور پرندوں کی نماز:**

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یُسَبِّحُ لَہٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّیْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ کُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَہٗ وَتَسْبِیْحَہٗ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِمَا یَفْعَلُوْنَ ۔۲۱؎

ترجمہ۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کے اللہ کی ہی تسبیح کرتے ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور زمینوں میں ہیں اور صف بستہ پرندے ہر ایک نے اپنی نماز اور تسبیح کو جان لیا ہے۔

تُسَبِّحُ لَہُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِیْہِنَّ ؕ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَہُوْنَ تَسْبِیْحَہُمْ ؕ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ۔۲۲؎

ترجمہ۔ سات آسمان اور زمینیں اور جو کچھ ان میں ہے، وہ اس کی تسبیح کرتی ہیں لیکن تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے ہو۔

مندرجہ بالا آیات کے مطالعے سے یہ معلوم ہوا کے صلوۃ ایک اہم اور قدیم عبادت ہے جس کی ادائے گی انبیاء سابقین بھی کیا کرتے تھے اور یہ عبادت اللہ کے قرب کا بہترین ذریعہ ہے۔

## ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار۔

## عاشقین کی صلوۃ:

حضرت سلطان باھوؒ فرماتے ہیں، عاشق تو ہر لمحہ دیدار الٰہی میں محو رہتے ہیں اور وہ دائمی نماز ادا کرتے رہتے ہیں ان کی نماز کہاں قضاء ہوتی ہے۔

## ارشادات خداوندی:

قرآن کریم میں ۷۰۰ مقامات پر صلوۃ کی ادائے گی کے احکامات موجود ہیں جن میں سے چند آیات درج ذیل ہیں۔

وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّکٰوةَ وَارْکَعُوْا مَعَ الرَّاکِعِیْنَ ۔۲۳؎

ترجمہ۔نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو اور اللہ کے آگے جھکنے والوں کے ساتھ جھک جایا کرو۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ۔

ترجمہ۔اے ایمان والو صبر اور صلوۃ سے مدد لیا کرو۔۲۴؎

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۔۲۵؎

ترجمہ۔جو لوگ ایمان لاؤ اور نیک عمل کرتے ہیں اور صلوۃ قائم کرتے ہیں اور زکوۃ ادا کرتے ہیں، تو ان کے رب کے ہاں ان کا اجر ہے اور ان پر کوئی خوف نہ ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْکُرُوا اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِکُمْ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ اِنَّ الصَّلٰوةَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا۔

ترجمہ۔ جب تم صلوۃ کو ادا کر چکو تو کھڑے، بیٹھے اور لیٹے (ہر حالت) میں اللہ کو خوب یاد کیا کرو، پھر جب تمہیں اطمینان ہو جائے تو پوری نماز پڑھو، بے شک نماز اپنے مقررہ وقتوں میں مسلمانوں پر فرض ہے۔۲۶؎

كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ۔۲۷؎

ترجمہ۔ سجدہ کرو اور ہم سے قریب ہو جاؤ۔

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلَآئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ۔۲۸؎

ترجمہ۔ آسمان اور زمین میں جو چیزیں ہیں وہ سب اللہ کو سجدہ کرتی ہیں ہر قسم کے جاندار اور سب فرشتے اور وہ تکبر نہیں کرتے۔

وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ۔۲۹؎

ترجمہ۔ زمین پر پھیلنے والے پودے اور اپنے تنے پر کھڑے ہوئے درخت سجدہ کرتے ہیں۔

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلَالُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ۔۳۰؎

ترجمہ۔ آسمانوں اور زمینوں میں جو بھی ہے وہ سب خوشی یا مجبوری سے اللہ کو سجدہ کرتے ہیں اور ان کے سائے بھی صبح و شام۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت عثمانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو بھی مسلمان فرض نماز کا وقت پائے پھر اس کا اچھی طرح وضو کرے اور اس نماز کو ظاہری آداب اور خشوع کے ساتھ پڑھے تو وہ نماز اس نماز سے پہلے کئے ہوئے گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہے جب تک اس نے کبیرہ گناہ نہ کیا ہو اور یہ مغفرت ہر زمانہ میں ہوتی رہے گی۔۳۱؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! پانچ نمازیں اور ایک

جمعہ سے دوسرے جمعے کی نماز ان کے درمیان میں ہونے والے گناہوں کے لئے کفارہ ہو جاتی ہیں جب تک گناہ کبیرہ کا ارتکاب نہ کیا جائے۔ ۳۲؎

اصل دین اسلام ہے اور اس کا ستون نماز ہے۔ ۳۳؎

نماز ایمان اور کفر کے درمیان فرق کرتی ہے۔ ۳۴؎

نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ ۳۵؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کو سب سے زیادہ محبوب عمل وقت پر نماز ادا کرنا ہے۔ ۳۶؎

جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے والوں کو ۲۷ گنا زیادہ اجر و ثواب ملتا ہے۔ ۳۷؎

دور سے چل کر آنے اور نماز کی ادائے گی میں ہر قدم پر اللہ کی طرف سے اجر و ثواب لکھا جاتا ہے۔ ۳۸؎

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو رات کو بہت نمازیں پڑھتا ہے تو صبح کو اس کا چہرہ بہت حسین لگتا ہے۔ ۳۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! انسان گھر میں جو نفلی نماز پڑھتا ہے تو وہ نماز اس کے لئے نور ہے اس لئے جو انسان چاہے (اپنے گھر کو اس نور سے منور کر لے)۔ ۴۰؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص نماز کو بھول جائے یا نماز کے وقت سوتا رہ جائے تو اس نماز اک کفارہ یہ ہے کے جب اس کو یہ نماز یاد آئے یا وہ سو کر اٹھے تو اس نماز کو اسی وقت پڑھ لے۔ ۴۱؎

## ترک نماز:

ارشاد خداوندی ہے!

**مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ۔** ۴۲؎

ترجمہ۔ تمھیں کس نے دوزخ میں پہنچا دیا ہے؟ وہ کہیں گے کے ہم نماز نہیں پڑھتے تھے۔

حضرت سبرہ بن معبد الجہنیؓ بیان فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب بچے سات سال کے ہو جائیں تو انھیں نماز پڑھنے کا حکم دو اور جب وہ دس سال کے ہو جائیں اور اگر وہ نماز ترک کریں تو انھیں (ہلکا پھلکا) مارو۔ ۴۳؎

## دجال سے بھی خطرناک چیز:

حضرت ابو سعید خدریؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کیا میں تمھیں ایسی چیز نا بتاؤ جو مسیح دجال سے بھی زیادہ خطرناک ہے؟ ہم نے کہا کیوں نہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ چھپا ہوا شرک یہ ہے کے جب انسان نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہوتا ہے اور جب اسے یہ معلوم ہوتا ہے کے کوئی اسے دیکھ رہا ہے تو وہ اپنی نماز کو خوبصورت بناتا ہے۔ ۴۴؎

## نماز مومنوں پر وقت کی پابندی کے ساتھ فرض کی گئی ہے:

ارشادات خداوندی ہیں:

اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتۡ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ کِتٰبًا مَّوۡقُوۡتًا۔ ۴۵؎

ترجمہ۔ بے شک نماز مومنوں پر مقررہ اوقات پر فرض کی گئی ہے۔

## ظہر، عشاء اور فجر:

اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوۡکِ الشَّمۡسِ اِلٰی غَسَقِ الَّیۡلِ وَ قُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ ؕ اِنَّ قُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ کَانَ مَشۡہُوۡدًا۔ ۴۶؎

ترجمہ۔ آفتاب کے ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک نماز پڑھا کرو اور صبح کی نماز بھی، بے شک صبح کی نماز میں مجمع ہوتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! عشاء اور فجر کی نماز منافقوں پر سب سے بھاری ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مزید فرمایا! کاش انھیں یہ معلوم ہوتا کے عشاء اور فجر کی نمازوں میں کس قدر اجر ہے۔ ۴۷؎

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! فجر کی دو رکعت نماز دنیا و مافیہا

سے بہتر ہے۔۴۸؎

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ ﷺ کسی نفل نماز کی اس قدر حفاظت نہیں کرتے تھے جتنی فجر سے پہلے دو رکعت نماز کی حفاظت کیا کرتے تھے۔۴۹؎

## عصر۔ظہر:

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَحِينَ تُظْهِرُونَ۔۵۰؎

ترجمہ۔عصر کے وقت بھی پاکی بیان کرو اور جب تم ظہر کرلو۔

حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَىٰ وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ۔۵۱؎

ترجمہ۔تمام نمازوں کی حفاظت کرو اور خاص کو بیچ کی نماز (یعنی عصر) کی اور اللہ کے لئے خاموش کھڑے رہا کرو۔

## صلوۃ عصر کی برکات:

خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! ہر ذی فہم انسان اس بات کو محسوس کرتا ہے کے سہ پہر کے وقت اس کے اوپر ایسی کیفیات طاری ہوتی ہیں جس کو وہ تھکان اور اضمحلال کا نام دیتا ہے، یہ تھکان اور اضمحلال انسان کے لاشعوری حواس کی گرفت کا نتیجہ ہیں، عصر کی نماز شعور کو اس حد تک مضمحل ہونے سے روکتی ہے جس سے انسانی دماغ پر برے اثرات مرتب ہوسکتے ہیں، دوسری جانب عصر کی نماز کے قائم کرنے سے انسان کے شعور میں اتنی طاقت پیدا ہوجاتی ہے کے وہ لاشعوری نظام کو باآسانی قبول کرلیتا ہے اور اپنی روح سے قریب ہوجاتا ہے، تاہم نماز عصر کی بے انتہاء فضائل و برکات ہیں۔

اسی حوالے سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!

جس نے نماز عصر کو کھویا گویا اس نے دنیا کو کھودیا۔

## فجر۔عصر:

**وَمِنَ الَّيۡلِ فَسَبِّحۡهُ وَاَدۡبَارَ السُّجُوۡدِ۔ ۵۲؎**

ترجمہ۔سورج کے طلوع اور غروب سے پہلے اپنے پروردگار کی پاکی اور تعریف بیان کرو۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں،رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! فجر سے پہلے دو رکعت نماز 'ادبار النجوم' ہے اور مغرب کے بعد دو رکعت نماز 'ادبار السجود' ہے۔ ۵۳؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس کی نماز عصر چھوٹ گئی گویا اس کا گھر اور مال سب لٹ گیا۔ ۵۴؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! نماز عصر تم سے پہلے لوگوں پر پیش کی گئی تھی لیکن انھوں نے اسے ضائع کر دیا تو جو نماز عصر کی پابندی کرے گا اسے دگنا ثواب ملے گا۔ ۵۵؎

حضرت جریرؓ بیان کرتے ہیں،ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے،آپ ﷺ نے فرمایا! تم عنقریب اپنے رب کو اس طرح سے دیکھو گے جس طرح سے تم اس چاند کو دیکھ رہے ہو اور تم کو اس کو دیکھنے میں کوئی تکلیف نہیں ہوگی پس اگر تم طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب سے پہلے نماز میں کاہلی نہ کرو تو تم ایسا کر لوگے پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی!

**فَاصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ وَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ قَبۡلَ طُلُوۡعِ الشَّمۡسِ وَقَبۡلَ الۡغُرُوۡبِ۔ ۵۶؎**

ترجمہ۔پس ان باتوں پر صبر کر جو وہ کہتے ہیں اور اپنے رب کی پاکیزگی بیان کر تعریف کے ساتھ، دن نکلنے سے پہلے اور دن چھپنے سے پہلے۔ ۵۷؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تمھارے پاس رات کے اعمال لکھنے والے اور دن کے اعمال لکھنے والے فرشتے یکے بعد دیگرے آتے رہتے ہیں یہ دونوں فرشتے فجر اور عصر کی نمازوں میں جمع ہوتے ہیں پھر جن فرشتوں نے تمھارے ساتھ

رات گزاری تھی وہ اوپر چڑھتے ہیں پھر ان کا رب جو ان سے زیادہ جانتا ہے وہ ان سے سوال کرتا ہے تم نے میرے بندے کو کس حال میں چھوڑا؟ وہ کہتے ہیں جب ہم نے انھیں چھوڑا تو وہ نماز پڑھ رہے تھے اور جب ہم ان کے پاس آئے تو بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے۔۵۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم میں سے کسی ایک شخص کے رات کو سوتے وقت اس کے سر کی گدی میں شیطان تین گرہیں لگا دیتا ہے اور ہر گرہ پر پھونک دیتا ہے کے رات بہت لمبی ہے اور تم سوتے رہو پھر اگر وہ بیدار ہو کر اللہ کا ذکر کرتا ہے تو اس کی ایک گرہ کھل جاتی ہے اور جب وہ وضو کرتا ہے تو اس کی دوسری گرہ کھل جاتی ہے پھر جب وہ نماز پڑھتا ہے تو اس کی تیسری گرہ کھل جاتی ہے پھر وہ صبح کو تر و تازہ اور خوش وخرم ہوتا ہے ورنہ صبح کو خبیث النفس، سستی اور نحوست کا مارا ہوا ہوتا ہے وہ لوگ جو صف باندھ کر نماز پڑھتے ہیں، وہ جو دشمن کے مقابلے میں صف باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں۔۵۹؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تم میں سے کسی کو نماز میں اونگھ آجائے تو وہ نماز چھوڑ دے اور سو جائے۔۶۰؎

## صلوۃ مغرب:

حضرت شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! مغرب کے وقت تک دن کے کافی امور انجام پذیر ہو جاتے ہیں اور انسان اللہ کے آگے اس بات کا شکر ادا کرتا ہے کے اللہ تعالی نے اسے رزق عطا فرمایا، اسے گھر اور بہترین رفیقہ حیات عطا فرمائی جس نے اس کی اور اس کے بچوں کی غذائی ضروریات کا خیال رکھا، تاہم یہ لمحات عمومی طور پر شکر گزاری کے ہوتے ہیں جب انسان دن بھر کے بہت سارے امور انجام دے کر عام طور پر اپنے گھر اور اہل خانہ کے درمیان ہوتا ہے، تاہم اس وقت بندے کے اندر خالق کائنات کی وہ صفات متحرک ہو جاتی ہیں جن کے ذریعے اللہ نے تخلیق کائنات فرمائی، جب وہ اپنے گھر والوں کے ساتھ پر سکون ذہن سے محو گفتگو ہوتا ہے تو اس کے اندر کی روشنیوں سے اولاد کے دل میں ماں باپ کا احترام

اور وقار قائم ہوتا ہے، بچے غیر ارادی طور پر ماں باپ کی عادتوں کو تیزی کے ساتھ اپنے اندر جذب کرتے ہیں، اور ان کے اندر ماں باپ کی اہمیت و عشق کا جذبہ پیدا ہوتا ہے، مختصر یہ کہ مغرب کی نماز صحیح طور پر پابندی کے ساتھ ادا کرنے والے بندے کی اولاد سعادت مند ہوتی ہے اور ماں باپ کے لئے ایک بہترین اثاثہ ہوتی ہے۔ ۶۱؎

**عشاء:**

وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُودِ۔ ۶۲؎

ترجمہ۔ رات میں بھی اس کی پاکی بیان کرو۔

وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ۔ ۶۳؎

ترجمہ۔ رات میں بھی اس کی پاکی بیان کرو جب ستاروں کے ڈوبنے کا وقت ہو۔

خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! دراصل عشاء کی نماز غیب سے متعارف ہونے اور اللہ تعالی کا عرفان حاصل کرنے کا ایک خصوصی پروگرام ہے کیونکہ عشاء کے وقت انسان رات کے حواس میں داخل ہوجاتا ہے، جب انسان رات کے حواس میں داخل ہوتا ہے تو وہ لاشعور اور روحانی طور پر غیب کی دنیا سے قریب اور بہت ہوجاتا ہے، اور اس کی دعائیں قبول کرلی جاتی ہیں، عشاء کی نماز اس نعمت کا شکر ہے کہ اللہ تعالی نے اسے بیداری کے حواس سے نجات عطا فرما کر وہ زندگی عطا فرمائی جو نافرمانی کے ارتکاب سے پہلے جنت میں حضرت آدم علیہ السلام کو حاصل تھی، یہی وہ حواس ہیں جن میں انسان خواب دیکھتا ہے اور خواب کے ذریعے اس کے اوپر مسائل، مشکلات اور بیماریوں سے محفوظ رہنے کا انکشاف ہوتا ہے، خواب کی تعبیر سے وہ مستقبل میں پیش آنے والی مصیبتوں سے محفوظ و مامون رہتا ہے۔ عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد سونے والے بندے کی پوری رات لاشعوری طور پر عبادت میں گزرتی ہے اور اس کے اوپر اللہ کی رحمت نازل ہوتی رہتی ہے، ایسے بندے کے خواب سچے اور بشارت پر مبنی ہوتے ہیں۔ ۶۴؎

## نماز وتر کی ادائے گی ضروری ہے:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وتر ہر مسلمان پر حق ہے (اور اس کا ادا کرنا ضروری ہے) جسے پانچ وتر پڑھنا پسند ہو وہ پانچ پڑھے جسے تین وتر پڑھنا پسند ہو وہ تین پڑھے اور جسے ایک وتر پڑھنا پسند ہو وہ ایک پڑھے۔ ۶۵ے

## سجدہ سہو:

نماز میں اگر کوئی غلطی ہو جائے تو سجدہ سہو کے ذریعے اس غلطی کا تدارک ممکن ہے۔

اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! شیطان انسان کی نماز میں آتا ہے اور اسے شبہ میں مبتلا کر دیتا ہے یہاں تک نمازی (بھول) جاتا ہے کے اس نے کتنی رکعت پڑھی؟

چنانچہ اس قسم کے شبہ کے وقت نمازی کو چاہیئے کے وہ بیٹھے بیٹھے دو سجدہ سہو کے سجدے ادا کر لے۔ ۔ ۶۶ے

## مسواک کی فضیلت:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر مجھے اپنی امت کی تکلیف کا خیال نا ہوتا تو میں انھیں ہر نماز کے لئے مسواک کا حکم دیتا۔ ۶۷ے

# امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین نے فرمایا! نماز ہر متقی کے لئے اللہ سے تقرب کا وسیلہ ہے۔

مجھے ایسے گناہ کی کوئی پرواہ نہیں جس کے بعد مجھے اتنی مہلت مل جائے کے میں دو رکعت نماز پڑھ لوں اور اللہ تعالی سے عافیت طلب کر لوں۔ نماز دین کا ستون ہے۔

جو نماز کی تیاری نماز کے وقت سے پہلے نہیں کرتا گویا وہ نماز کا احترام نہیں کرتا۔

مومن اور کافر کے درمیان نماز کا فرق ہے۔

جو شخص نماز کو چھوڑ کر اپنے ایمان کا دعویٰ کرے اس کا عمل خود اس کی تکذیب کرے گا۔

نماز رحمن کا قلعہ ہے اور شیاطین کو بھگانے کا ذریعہ ہے۔ خشوع نماز کی زینت ہے۔

اللہ سے قرب حاصل کرنے کے دو راستوں میں سے نماز ایک راستہ ہے۔

جب بھی تم میں سے کوئی نماز کے لئے کھڑا ہو تو اسے چاہئے کے وہ ایسی نماز پڑھے جیسے یہ نماز اس کی زندگی کی آخری نماز ہے۔

اگر نماز پڑھنے والے کو یہ معلوم ہو جائے کے اس پر کیسی رحمتوں کا نزول ہو رہا ہے تو وہ کبھی سجدے سے سر ہی نہ اٹھائے۔

میرے دوستوں کو دو عادتوں سے پہچانو۔

ا۔نماز کے وقت کی پابندی ۔ ۲۔دولت کے ذریعے تعاون۔۶۸ ؎

## نفسیاتی پہلو

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! رسول اللہ ﷺ نے اپنی امت کو صلوۃ کا پروگرام عطا کیا ہے، جس طرح مراقبے کے ذریعے انسان اپنے اندر چھپے مخفی علوم کی تلاش کرتا ہے، تاہم صلوۃ ایک ایسا مکمل پروگرام ہے، جس کے ذریعے انسان مختلف روحانی کیفیات سے گزر کر اللہ کو دیکھ لیتا ہے۔۶۹ ؎

نماز ایک نہایت غیر معمولی عبادت ہے جس میں بندہ اپنے اللہ کے ساتھ قائم ہو جاتا ہے اور وہ اللہ کے روبرو کھڑے ہو کر اپنی حاجات بیان کرتا ہے جبکہ حالت سجدے میں بندے کی پیشانی اللہ کے قدموں میں جھکی ہوتی ہے، رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے! بندہ حالت سجدہ میں اپنے رب سے بہت قریب ہوتا ہے، تو تمھیں چاہئے کے حالت سجدہ میں اللہ سے خوب دعا کیا کرو۔

نماز اتنی زیادہ غیر معمولی عبادت ہے کے اللہ نے مسلمانوں کو یہ حکم دیا ہے کے ہر حالت میں مجھ سے دن میں پانچ مرتبہ ملاقات کی جائے جو لازمی ہے۔

نماز کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے بندے کو یہ یقین کامل ہوتا ہے کے وہ اس کائنات کی سب سے عظیم ہستی اور بادشاہ کے دربار میں موجود ہے جہاں وہ اپنے مسائل کی بے شمار چھوٹی بڑی گٹھری کو اس خالق کائنات کے سامنے رکھے ہوئے ہے، جو ان مسائل کو چٹکیوں میں حل

کرنے پر قدرت رکھتا ہے، دوری جانب جب وہ اپنے تمام دکھ درد اللہ کے سامنے بیان کر چکتا ہے تو وہ بالکل ہلکا پھلکا ہو جاتا ہے یعنی اس نے اپنے تمام دکھ درد کو ایک ایسی ہستی کے سامنے پیش کر دیا جو ناصرف اسے ان مسائل سے نکالے گا بلکہ وہ اس کے گناہوں کو بخشنے اور بے شمار نعمتوں کو عطا کرنے پر بھی مکمل قادر ہے۔

حضرت علی بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ کا آخری کلام یہ تھا، نماز کو لازم پکڑنا، نماز کو لازم پکڑنا اور اپنے غلاموں کے بارے میں اللہ تعالی سے ڈر کر رہنا۔۷۰

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۲۔روح المعانی۔علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (متوفی ۱۲۷۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۳۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۔سورہ احزاب۔آیت۔۴۳۔
۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۵۷۔
۶۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۷۔روح المعانی۔علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (متوفی ۱۲۷۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۸۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔
۹۔سورہ مائدہ۔آیت۔۶۔
۱۰۔سورہ الجمعہ۔آیت۔۹۔۱۰۔
۱۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۴۸۔
۱۲۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۲۵۔
۱۳۔فقیر رنگ۔سید سرفراز اے شاہ۔ص۔215۔ جہانگیر بکس۔لاہور.
۱۴۔سورہ مریم۔آیت۔۵۵۔
۱۵۔سورہ ھود۔آیت۔۸۷۔
۱۶۔سورہ آل عمران۔آیت۔۳۹۔

۱۷۔سورہ مریم۔آیت۔۳۱۔
۱۸۔سورہ لقمان۔آیت۔۱۷۔
۱۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۴۳۔
۲۰۔سورہ العنکبوت۔آیت۔ ۴۵۔
۲۱۔سورہ النور۔آیت۔۴۱۔
۲۲۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔ ۴۴۔
۲۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۴۳۔
۲۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۵۳۔
۲۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۷۷۔
۲۶۔سورہ النساء۔آیت۔ ۱۰۳۔
۲۷۔سورہ العلق۔آیت۔۱۹۔
۲۸۔سورہ نحل۔آیت۔ ۴۹۔
۲۹۔سورہ الرحمن۔آیت۔۶۔
۳۰۔سورہ رعد۔آیت۔ ۱۵۔
۳۱۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۲۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۳۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۴۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۳۵۔سنن نسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دار المعرفہ بیروت۔
۳۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۷۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۳۸۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۳۹۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۴۰۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۴۱۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۴۲۔سورہ المدثر۔آیت۔ ۴۲۔ ۴۳۔
۴۳۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۴۴۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۴۵۔سورہ النساء۔آیت۔ ۱۰۳۔
۴۶۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔ ۷۸۔
۴۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۴۸۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۰۔سورہ روم۔آیت۔ ۱۸۔
۵۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۳۸۔
۵۲۔سورہ ق۔آیت۔ ۴۰۔
۵۳۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۵۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۵۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔ ۱۳۹۸ھ۔
۵۶۔سورہ ق۔آیت۔ ۳۹۔
۵۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۹۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔ ۱۳۹۸ھ۔
۶۰۔سنن نسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دار المعرفہ بیروت۔
۶۱۔روح کی پکار۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔ ۲۵۱۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔
۶۲۔سورہ ق۔آیت۔ ۴۰۔
۶۳۔سورہ الطور۔آیت۔ ۴۹۔
۶۴۔روح کی پکار۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔ ۲۵۱۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔
۶۵۔بلوغ المرام۔کتاب الصلوۃ۔حدیث ۲۹۳۔
۶۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۶۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۶۸۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۸۲۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۶۹۔شرح لوح وقلم۔ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاء۔ص۔۲۰۱۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔
۷۰۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

## ۵۰۔الصوم۔صوم(روزہ):

**مجھے تمھاری دنیا کی تین چیزیں بے حد پسند ہیں۔ا۔مہمان کی عزت۔ ۲۔سخت گرمی کے روزے۔۳۔راہ خدا میں جہاد۔(حضرت علیؑ)**

**الصوم**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ص۔و۔م) سے مشتق ہے۔
صام۔کے معنی رکنا،ٹہر جانا، اور باز آجانا ہے۔
صام عن الکلام۔سے مراد بات کرنے سے روکنا یا خاموش رہنا۔
صام عن النکاح۔سے مراد نکاح سے رک جانا۔
صام عن السفر۔سے مراد سفر سے رکنا۔
صام الماء۔سے مراد پانی کھڑا ہوجانا۔
مصام۔سے مراد کھڑے ہونے کی جگہ۔
صوم کی جمع صیام ہے۔
صوم کے معنی ہیں روکے رکھنا یا اپنے آپ کو باز رکھنا۔ا؎
شرعی اصطلاح میں صبح صادق سے غروب آفتاب تک عبادت کی نیت سے کھانے پینے اور شہوانی خواہشات سے رکے رہنے کا نام روزہ ہے۔
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ۔۲؎
ترجمہ۔صبح صادق سے غروب آفتاب تک اپنا روزہ مکمل کرو۔
علامہ علاؤ الدین حصکفی نے لکھا! ہجرت کے ڈیڑھ سال اور تحویل قبلہ کے بعد دس شعبان کو روزہ فرض کیا گیا۔۳؎

امام رازی لکھتے ہیں! مجاہد نے کہا! رمضان اللہ تعالی کا نام ہے اور رمضان کا مہینہ اللہ کا مہینہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یہ نہ کہو کے رمضان آیا اور رمضان چلا گیا بلکہ یہ کہو رمضان کا مہینہ آیا اور رمضان کا مہینہ چلا گیا کیونکہ رمضان اللہ کے اسماء میں سے ایک اسم ہے۔

دوسرا قول یہ ہے رمضان رمضاء سے بنا ہے اور رمضاء خریف کی اس بارش کو کہتے ہیں جو زمین سے گرد وغبار کو دھو ڈالتی ہے، اسی طرح سے رمضان بھی اس امت کے گناہوں کو دھو ڈالتا ہے اور ان کے دلوں کو گناہوں سے پاک کر دیتا ہے۔

تیسرا قول ہے رمضان 'رمض' سے بنا ہے اور رمض سورج کی تیز دھوپ کو کہتے ہیں تاہم اس مہینے روزے داروں کی بھوک اور پیاس کی شدت بھی تیز دھوپ کی مانند ہوتی ہے۔

**ارشادات خداوندی:**

وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۔ ۴؎

ترجمہ۔روزوں کی تعداد کو پورا کرو اور جس ہدایت سے اللہ نے تمھیں نوازا ہے اس پر اللہ کی بزرگی اور پاکی بیان کرو اور اللہ کے شکر گزار بنو۔

اَيَّامًا مَّعْدُوْدَاتٍ ۚ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۚ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ۔ ۵؎

ترجمہ۔یہ چند مقررہ دنوں کے روزے ہیں اگر تم میں سے کوئی بیمار ہو جائے یا سفر میں ہو تو وہ دوسرے دنوں میں اس کی گنتی کو پورا کرے لیکن اگر کوئی روزہ رکھنے کی صلاحیت نہیں رکھتا ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کے وہ روزے کا فدیہ ادا کرے اور ایک روزہ کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے۔

ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى اللَّيْلِ۔ ۶؎

ترجمہ۔تم روزے کو رات تک پورا کرو۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۔ ۷؎

ترجمہ۔ مومنین! تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے والوں پر فرض کئے تھے تا کہ تم پرہیز گار ہو جاؤ۔

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى ۔

ترجمہ۔ رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن کریم نازل ہوا جو انسانوں کے لئے ہدایت ہے۔ ۸؎

وَالصّٰٓئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ ۔۔۔۔ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۔ ۹؎

ترجمہ۔ جو مرد روزہ رکھتے ہیں اور جو عورتیں روزہ رکھتی ہیں ۔۔۔۔ اللہ نے ان کے لئے بخشش اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی رمضان کے مہینے میں ابن آدم کے ہر عمل کو (۱۰) گنا سے (۷۰۰) گنا تک بڑھا دیتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! جب رمضان المبارک کی پہلی رات آتی ہے تو شیاطین اور سرکش جنات کو زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے اور جہنم کے دروازے بند کر دئے جاتے ہیں اور پھر اس (جہنم) کا کوئی دروازہ بھی اختتام رمضان سے پہلے نہیں کھولا جاتا اور جنت کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں اور (جنت) کا کوئی دروازہ اختتام رمضان سے پہلے بند نہیں کیا جاتا۔ ۱۰؎

اللہ تعالی فرماتے ہیں! روزہ میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا۔ ۱۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! رمضان اللہ کے بندوں کے گناہوں کو جلا دیتا ہے۔ ۱۲؎

روزہ جہنم سے ڈھال ہے۔ ۱۳؎

روزے دار کی دعا کو اللہ تعالی افطار کے وقت قبول فرماتے ہیں۔ ۱۴؎

روزے دار جنت کے 'ریان' نامی دروازے سے داخل کئے جائیں گے۔۱۵؎
جو شخص ایمان اور اللہ کی رضا کے لئے روزہ رکھتا ہے اللہ اس کے پچھلے گناہ معاف فرمادیتا ہے ۔۱۶؎ روزے دار کے منہ کی بو اللہ کے یہاں مشک وعنبر سے زیادہ پسندیدہ ہے۔۱۷؎
روزے دار کے لئے دو خوشیاں ہیں ۔ ۱۔افطار کے وقت ۔ ۲۔اللہ سے ملاقات کے وقت ۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن کی بہترین سحری کھجور ہے۔۱۸؎
حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کی زندگی میں رمضان کا مہینہ آیا اور اس کی مغفرت ہوئے بغیر وہ مہینہ گزر جائے۔۱۹؎
روزہ رکھنے کا اصل مقصد ضبط نفس ہے یعنی دنیاوی خواہشات سے الگ ہو کر صرف اور صرف اللہ کی رضا اور خوشنودی کے لئے بھوک، پیاس اور نفسانی خواہشات پر قابو پانا اللہ کی خاطر پرہیز گاری اختیار کرنا، برائیوں اور گناہوں سے بچنا اور دوسروں کی تکالیف کا احساس کرنا ہے روزہ ایک جسمانی عبادت ہے جسے اللہ تعالی نے مسلمانوں پر سال میں ایک ماہ کے لئے فرض کیا ہے اس پر عمل کر کے انسان اللہ کا قرب اور خوشنودی کو حاصل کرتا ہے۔
سب سے پہلے نماز فرض کی گئی اس کے بعد زکوۃ اور اس کے بعد روزہ کیونکہ احکام میں سب سے آسان نماز، اور اس کے بعد دشوار زکوۃ ہے جبکہ روزہ ایک مشکل عبادت ہے۔
قرآن کریم نے بھی اسی ترتیب کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہا!

وَالْخَاشِعِيْنَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصَّآئِمَاتِ۔۲۰؎

ترجمہ۔نماز میں خشوع کرنے والے مرد وخواتین، صدقہ دینے والے مرد وعورتیں اور روزہ رکھنے والے مرد وعورتیں۔

وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ۔۲۱؎

ترجمہ۔جن لوگوں پر روزہ دشوار ہو (ان پر ایک روزہ) کا فدیہ ایک مسکین کا کھانا ہے۔

امام شافعی کہتے ہیں سفر میں (مطلقاً) روزہ نہ رکھنا افضل ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے! سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے۔ ۲۲

حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالی نے تمھارے لئے جو رخصت دی ہے اس رخصت پر عمل کرنا تم پر واجب ہے۔ ۲۳

حضرت بریدہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تمھارا بہترین دینی عمل وہ ہے جو سب سے زیادہ آسان ہو۔ ۲۴

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! ایک شخص فیصلہ کرنے اور تقاضا کرنے میں آسانی کی وجہ سے جنت میں داخل ہوگیا۔ ۲۵

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو جنت کے دروازے کھول۔

## پیر اور جمعرات کا روزہ:

۔حضرت اسامہ بن زیدؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ پیر اور جمعرات کا روزہ رکھتے تھے جب ان سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو آپ ﷺ نے فرمایا! بندوں کے اعمال پیر اور جمعرات (بارگاہ الٰہی) میں پیش کئے جاتے ہیں۔ ۲۶

## جمعہ کے دن روزہ رکھنے کی ممانیت:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! کوئی بھی شخص جمعہ کے دن اس وقت تک روزہ نا رکھے جب تک اس سے ایک دن پہلے یا ایک دن بعد روزہ نہ رکھتا ہو۔ ۲۷

حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، ہم نے ۱۶ رمضان کو رسول اللہ ﷺ کی معیت میں جہاد کیا ہم میں سے کچھ نے روزہ رکھا ہوا تھا اور کچھ نے روزہ نہیں رکھا ہوا تھا، روزہ دار نے روزہ نہ رکھنے والے کو معیوب سمجھا نا افطار کرنے والے نے روزہ دور کو معیوب سمجھا۔

۲۸۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، اور جہنم کے دروازے بند کر دئے جاتے ہیں اور شیاطین کو زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے۔ ۲۹۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص اللہ تعالی کے راستے میں ایک دن کا روزہ رکھتا ہے، اللہ تعالی اس کے چہرے کو جہنم کی آگ سے ستر سال دور رکھتے ہیں۔ ۳۰۔

حضرت زید بن خالد جہنیؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو کوئی کسی روزے دار کو افطار کروائے گا تو اس کو روزے دار کے برابر ثواب ملے گا، اور روزے دار کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔ ۳۱۔

حضرت سہل بن سعدؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! لوگ برابر خیر میں رہیں گے جب تک وہ افطار میں جلدی کریں گے۔ ۳۲۔

رسول اللہ ﷺ جب افطار کرتے تو یہ دعا پڑھتے۔ ترجمہ۔ پیاس چلی گئی اور رگیں تر ہوگئیں اور اجر ثابت ہوگیا۔ ان شاء اللہ۔ ۳۳۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اگر کوئی روزے سے ہو تو اسے فحش گوئی نہیں کرنی چاہئے اور ناہی شور مچانا چاہیئے، اگر کوئی شخص اس کو گالی دے یا لڑے تو اس کو جوب میں یہ کہنا چاہئے کے میں روزہ دار آدمی ہوں۔ ۳۴۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! روزہ ڈھال ہے، اس لئے (روزہ دار) نا فحش باتیں کرے اور ناہی جہالت کی باتیں کرے اور اگر کوئی اس سے لڑے یا اس کو گالی دے تو اسے صرف یہ کہنا چاہئے کے میرا روزہ ہے، یہ الفاظ وہ دو مرتبہ کہہ دے۔ ۳۵۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! سحری کھایا کرو کیونکہ سحری میں برکت ہوتی ہے۔ ۳۶۔

حضرت انسؓ بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نماز (مغرب) پڑھنے سے پہلے

چند تازہ کھجوروں سے روزہ افطار کیا کرتے، اگر تازہ کھجوریں نا ملتیں تو خشک کھجوروں سے افطار کرلیا کرتے اور اگر خشک کھجوریں بھی نا ملتیں تو چند گھونٹ پانی کے نوش فرمالیا کرتے۔

۳۷۔ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں۔ ۳۸۔

## روزے کا تاریخی پس منظر

صوم ایک قدیم عبادت ہے جس کی ادائے گی انبیاء سابقین اور ان کی امت بھی کیا کرتی تھیں تاہم دیگر مذاہب میں بھی روزہ رکھنے کی مثالیں موجود ہیں اور دنیا کے تقریباً تمام مذاہب میں روزہ کسی نہ کسی شکل وصورت میں رکھا جاتا ہے یعنی مسلمانوں کے علاوہ یہودی، عیسائی، سکھ، بدھ مت کے پیروکار، ہندو اور پارسی کسی نہ کسی شکل میں روزہ رکھتے ہیں۔

**اہل یہود:** پورے دن یعنی (چوبیس گھنٹوں) کا روزہ رکھتے تھے اور جب وہ ایک بار، روزہ کھول لیتے تو اس کے بعد وہ کچھ کھا پی نہ سکتے تھے اور اب ان کا اگلا روزہ شروع ہوجاتا اور اب وہ اگلے دن ہی اس روزے کو کھولیں گے۔ ۳۹۔

**ہندوؤں:** کے یہاں روزہ کو برت کہا جاتا ہے یعنی ایک ایسی عبادت جو انسان کے اندرون کی صفائی کا کام کرتی ہو اسی وجہ سے ہندو سادھو جب روحانیت میں قدم رکھتے ہیں تو بکثرت روزے رکھتے ہیں۔

**بدھ مت:** کے پیروکار بھی روزے کی اہمیت سے واقف ہیں چنانچہ ان کے یہاں بھی روحانیت میں کسی مقام تک پہنچنے کے لئے روزے رکھے جاتے ہیں۔

**حضرت عیسیٰ علیہ السلام:** پر بھی اللہ تعالی نے گرمی میں (۳۰) روزے فرض کئے تھے بعد ازاں ان کے پادریوں نے اس روزے کی عبادت میں ردوبدل کرتے ہوئے اسے گرمیوں کے بجائے سردیوں میں ادا کرنے کا فیصلہ کیا اور ۳۰ کے بجائے ۴۰ روزے خود اپنے اوپر

فرض کر لئے کچھ عرصے کے بعد ایک بادشاہ نے اپنے کسی دنیاوی معاملے کے لئے یہ منت مانی کے میرا فلاں کام جب ہوجائے گا تو عوام بجائے ۴۰ کے ۴۷ روزے رکھا کرے گی چنانچہ جب اس بادشاہ کی منت پوری ہوئی تو عیسائی قوم نے ۴۰ کے بجائے ۴۷ روزے رکھنے شروع کردئے کچھ عرصہ کے بعد ایک دوسرے بادشاہ نے اپنے کسی دنیاوی کام کے لئے منت مانی اور یہ کہا کام ہوجانے کی صورت میں ہم تمام عیسائی قوم ۴۷ کے بجائے ۵۰ روزے رکھا کریں گے۔

۲۰۰۵ء میں پاپائے روم نے اپنے کرسمس کے خطاب میں عیسائی قوم سے کہا اگر عیسائی صحیح معنوں میں روزے رکھنا چاہتے ہیں تو انھیں چاہئے کے وہ مسلمانوں کی طرز پر اپنے روزے رکھیں تاہم پاپائے روم کے اس خطاب کے بعد پوری دنیا کی عیسائی برادری میں ایک اضطراب پیدا ہوگیا۔

تمام پیغمبروں نے روزے کا اہتمام کیا کیونکہ اس عبادت کے ذریعہ انسان تقویٰ اور پرہیز گاری حاصل کرتا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔ ۴۰؎

ترجمہ۔مومنین تم پر روزے اس طرح سے فرض کئے گئے ہیں جس طرح سے تم سے پہلی امتوں پر فرض کئے گئے تھے تا کہ تم پرہیز گار بن جاوَ۔

مسلمانوں پر روزہ سن ۲ ھ میں فرض ہوا جس کے لئے ماہ رمضان کا انتخاب کیا گیا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہوا!

فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ۔ ۴۱؎

ترجمہ۔اب اس مہینے کو جو شخص پائے وہ اس کے پورے روزے رکھے۔

فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۔۴۲؎

ترجمہ۔کھاؤ پیو یہاں تک کے ظاہر ہوجائے تمھارے لئے سفید دھاگا، کالے دھاگے سے یعنی رات کی سفیدی اور سیاہی میں امتیاز ہوجائے۔

## قدر کی اہمیت اور فضیلت

رمضان کے آخری عشرے میں طاق راتوں (۲۹، ۲۷، ۲۵، ۲۳، ۲۱) میں شب قدر کو تلاش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بیشتر علماء کا اتفاق ۲۷ شب پر ہے اور وہ اس کو شب قدر سمجھتے ہیں کچھ علماء یہ کہتے ہیں ہر سال شب قدر مختلف تاریخوں میں گھومتی ہے۔

حضرت ابوالحسنؒ فرماتے ہیں کے جب سے میں بالغ ہوا ہوں ہر سال رمضان کی شب قدر پاتا ہوں اور میرا تجربہ یہ کہتا ہے!

اگر پہلا روزہ ہفتہ کا ہے تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شب قدر ۲۳ رمضان کی ہوگی۔

اگر پہلا روزہ اتوار کا ہے تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شب قدر ۲۹ رمضان کی ہوگی۔

اگر پہلا روزہ پیر کا ہوگا تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شب قدر ۲۱ رمضان کی ہوگی۔

اگر پہلا روزہ منگل کا ہوا تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شب قدر ۲۷ رمضان کی ہوگی۔

اگر پہلا روزہ بدھ کا ہوا تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شب قدر ۲۹ رمضان کی ہوگی۔

اگر پہلا روزہ جمعرات کا ہوا تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شب قدر ۲۵ رمضان کی ہوگی۔

اگر پہلا روزہ جمعہ کا ہوا تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شب قدر ۱۷ رمضان کی ہوگی۔

یہ رات اس قدر فضیلت کی حامل ہے کے اللہ تعالی نے اس رات کی اہمیت کے پیش نظر ایک سورہ (سورہ قدر) کو نازل فرمایا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ فِیْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَمَآ اَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ تَنَزَّلُ الْمَلآئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ سَلَامٌ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔ ۴۳؎

ترجمہ۔ اسے ( قرآن ) کو شب قدر میں نازل کیا ہے، اور تم کیا جانو شب قدر کیا ہے

( شب قدر ہزار مہینوں (۶۰،۰۰۰ دن اور رات ) سے بہتر ہے )۔

لیلۃ القدر کے حصول یعنی ( حواس کی رفتار کے ۶۰،۰۰۰ گنا تک اضافے کے نتیجے میں قرب خداوندی اور غیب کی دنیا سے آشنائی، اللہ کی نشانیاں اور روح اور فرشتوں سے ملاقات کی رات ہے۔

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ تَنَزَّلُ الْمَلآئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ سَلَامٌ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔ ۴۴؎

ترجمہ۔ یہ ہزار مہینوں سے افضل ہے، اس رات میں روح الامین اور فرشتے اللہ کے حکم سے اترتے ہیں اور یہ رات طلوع صبح تک امن اور سلامتی ہے۔

معلوم ہوا کے جس دن قرآن کریم نازل ہوا وہ رات شب قدر کی تھی اور یقیناً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر غار حرا میں جو ابتدائی آیات نازل ہوئیں وہ مہینہ رمضان کا تھا اور رات شب قدر کی تھی اس اعتبار سے رمضان کو یہ فضیلت ہے کے یہ اللہ کا مہینہ ہے جس میں قرآن نازل ہوا جبکہ شب قدر وہ عظیم الشان رات تھی جس میں قرآن کریم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب مبارک پر نازل ہوا۔ شب قدر ہزار مہینوں (۶۰،۰۰۰ دن اور رات ) سے بہتر ہے۔

تَنَزَّلُ الْمَلآئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ سَلَامٌ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔ ۴۵؎

ترجمہ۔ اس رات میں اللہ کے حکم سے روح اور فرشتے اترتے ہیں ہر امر پر وہ رات امان ہے صبح کے نکلنے تک۔

لیلتہ القدر کے حصول یعنی ( حواس کی رفتار کے ۶۰،۰۰۰ گنا تک اضافے کے نتیجے میں قرب خداوندی اور غیب کی دنیا سے آشنائی ممکن ہوتی ہے۔

ایک رات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۳ برس کی عبادت کا ثواب۔

ایک گھنٹہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۹ سال کی عبادت کا ثواب۔

ایک منٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۵۵ دن کی عبادت کا ثواب۔

ایک سیکنڈ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۲ گھنٹوں کی عبادت کا ثواب۔

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! عام دنوں کے برعکس روزہ ہمیں ایسے نکتے پر لے آتا ہے جہاں سے مظاہر کی نفی ہوجاتی ہے یعنی انسان پر یہ عقدہ کھلتا ہے کے ظاہری حواس کے علاوہ اور بھی کئی حواس ہمارے اندر موجود ہیں جو انسان کو آزاد دنیا یعنی ( غیب سے متعارف اور روشناس ) کرواتے ہیں روزہ ظاہری حواس پر کاری ضرب لگا کر انھیں معطل کرتا ہے یعنی بھوک، پیاس کو برداشت کرنا، گفتگو میں کمی، نیند میں کمی اور نفسانی خواہشات پر کنٹرول سے انسان، مظاہر کی گرفت سے نکل کر غیب کی دنیا میں سفر کرتا ہے۔

کائنات میں موجود ہر ذی روح کے اندر دو حواس کام کرتے ہیں۔

ا۔ وہ حواس جو انسان کو اللہ سے قریب کرتے ہیں۔

۲۔ وہ حواس جو اللہ اور بندے کے درمیان دوری کا سبب ہیں تاہم اللہ سے دور کرنے والے تمام حواس کو مظاہر کہا جاتا ہے دوسری جانب جو حواس انسان کو اللہ سے قریب کرتے ہیں انھیں غیب کہا جاتا ہے۔[۴۶]

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ فرماتے ہیں! مجھے تمھاری دنیا کی تین چیزیں بے حد پسند ہیں۔

ا۔ مہمان کی عزت۔ ۲۔ سخت گرمی کے روزے۔ ۳۔ راہ خدا میں جہاد۔

جو کوئی شب قدر میں سورہ القدر کی ( سات ) مرتبہ تلاوت کرے گا اللہ تعالی اسے ہر بلا سے

محفوظ رکھے گا اور ستر ہزار فرشتے اس کے لئے جنت میں دعا کریں گے اور جو کوئی سارا سال جمعے کے دن نماز جمعہ سے قبل (تین) مرتبہ سورہ القدر کی تلاوت کرے گا اللہ تعالی اس دن تمام نمازیوں کی تعداد کے برابر اس شخص کے نامہ اعمال میں نیکیاں لکھ دے گا۔۳۶؎

کتنے ہی روزے دار ایسے ہیں جن کے روزے فاقے کے سوا کچھ نہیں اور کتنے ہی شب بیدار ایسے ہیں جنھوں نے صرف رت جگوں کی تھکن کے سوا کچھ حاصل نہیں کیا لیکن کتنے ہی اہل معرفت ایسے ہیں جن کے افطار اور نیند میں بھی عبادت ہے۔

ہر عید کے موقع پر آپؑ نے فرمایا! یہ عید صرف اس کی عید ہے جس کے روزوں کو اللہ نے قبول فرمایا۔روزہ بندے اور خالق کے درمیان ہونے والی ایک ایسی عبادت ہے جس سے کوئی مطلع نہیں اور اس کا اجر بھی اللہ اپنی عطا سے جتنا چاہے عطا فرمائے گا۔صرف کھانا پینا ترک کرنے کا نام روزہ نہیں بلکہ روزے میں ہر اس کام کو ترک کرنا ہے جس سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے روکا ہے۔ایام بیض (ہر مہینے کے ۱۳، ۱۴، ۱۵) تاریخ کے روزے بلند درجات اور عظیم ثواب کے حصول کا ذریعہ ہیں۔دوطرح کی صحت میں سے روزہ ایک طرح کی صحت ہے۔نفس کا روزہ تمام حواس خمسہ کو گناہوں سے بچانے اور ہر قسم کے شر سے قلوب کو پاک رکھنے کا نام ہے۔دل کا روزہ زبان کے روزے سے اور زبان کا روزہ پیٹ کے روزے سے زیادہ افضل ہے۔۳۷؎

## نفسیاتی پہلو

حضرت شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! عام دنوں کے برعکس روزہ انسان کو ایسے نقطے پر لے آتا ہے، جہاں سے مظاہر کی نفی شروع ہوتی ہے مثلاً وقت معینہ تک ظاہری حواس سے توجہ ہٹا کر ذہن کو اس بات پر آمادہ کرنا کہ ظاہری حواس کے علاوہ اور بھی حواس ہمارے اندر موجود ہیں جو ہمیں آزاد دنیا (غیب کی دنیا) سے روشناس کرتے ہیں، روزہ زندگی میں کام کرنے والے ظاہر حواس پر ضرب لگا کر ان کو معطل کر دیتا ہے، بھوک، پیاس پر کنٹرول، گفتگو میں

احتیاط، نیند میں کمی اور چوبیس گھنٹے کسی نا کسی طرح یہ کوشش کی جاتی ہے کے مظاہر کی گرفت سے نکل کر غیب میں سفر کیا جائے،

کائنات میں ہر ذی روح کے اندر دو حواس کام کرتے ہیں۔

وہ حواس جو اللہ سے قریب کرتے ہیں۔

وہ حواس جو اللہ اور بندے کے درمیان فاصلہ بن جاتے ہیں۔

اللہ سے دور کرنے والے حواس سب کے سب مظاہر ہیں اور اللہ سے قریب کرنے والے سب کے سب غیب ہیں۔۴۸؎

روزے میں انسان اجتماعی شعور میں داخل ہوجاتا ہے اور دنیا بھر کے کروڑوں مسلمان سحر اور افطار بیک وقت کرتے ہیں چونکہ روزہ رکھنے سے انسان کا تزکیہ نفس ہوتا ہے لہٰذا اس کی روح میں اس قدر بالیدگی پیدا ہوجاتی ہے کے اس کے اوپر سے سفلی جذبات کی گرفت ٹوٹ جاتی ہے اور اعلیٰ حواس کا غلبہ ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے اس کے اندر دیکھنے، سننے، سمجھنے اور محسوس کرنے کی کی صفات کی رفتار میں ۶۰،۰۰۰ گنا اضافہ ہوجاتا ہے اسی ۶۰،۰۰۰ گنا کی تیز رفتاری کو تلاش کرنے کے لئے اللہ تعالی نے امت مسلمہ کو شب قدر کا پروگرام عطا فرمایا تاکہ انسان غیب کی دنیا سے متعارف ہوسکے۔

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! روزہ رکھنے سے جسمانی کثافتیں دور ہوجاتی ہیں اور انسان کے اندر لطیف روشنیوں کا بہاؤ تیز تر ہوجاتا ہے، روشنیوں کے تیز بہاؤ سے انسان کے ذہن کی رفتار بڑھ جاتی ہے اور اتنی زیادہ بڑھ جاتی ہے کے اس کے سامنے فرشتے آجاتے ہیں۔ اور وہ غیب کی دنیا میں اپنی روح کو سیر کرتے دیکھتا ہے۔۴۹؎

شب قدر سال کی سب سے زیادہ قیمتی رات ہے۔

لیلۃ القدر کے حصول یعنی (حواس کی رفتار کے ۶۰،۰۰۰) گنا تک اضافے کے نتیجے میں قرب خداوندی اور غیب کی دنیا سے آشنائی ممکن ہوتی ہے۔۔

روزہ رکھنے سے انسان میں تقویٰ اور پرہیزگاری پیدا ہوتی ہے۔
اس میں وقت کی پابندی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔
وہ پاک صاف رہتا ہے اور اللہ کی خوشنودی کی خاطر عبادات بجالاتا ہے۔
وہ گناہوں اور برائیوں سے بچتا ہے۔
اس کی جسمانی، دماغی اور نفسیاتی صحت پر روزے کے اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔
وہ بھوک اور پیاس کی شدت کو برداشت کرتے ہوئے صبر وتحمل کو سیکھتا ہے۔
وہ دوسروں کی بھوک اور پیاس کی تکالیف کو سمجھنے کے قابل ہوتا ہے تاہم اس میں دوسروں کی مدد کا جذبہ بیدار ہوتا ہے۔ وہ ایثار اور قربانی سیکھتا ہے۔
عبادت کے ذریعے اللہ کا قرب اور دوستی حاصل کرتا ہے۔
روزہ رکھنے کی وجہ سے انسان میں نظم وضبط پیدا ہوتا ہے۔
اجتماعی عبادات کا شوق پیدا ہوتا ہے۔
اجتماعی سطح پر برائیوں اور گناہوں سے رکنے اور دوسروں کو روکنے کے احساسات بیدار ہوتے ہیں، باجماعت نماز کی ادائے گی، قرآن کریم پر غور وتفکر، تراویح اور اعتکاف کے ذریعے وہ اپنے گناہوں سے نجات اور اللہ کی خوشنودی کو حاصل کرتا ہے۔ رمضان کے مہینے کی خوشیاں، افطار وسحر کی گہما گہمی اور پاکیزہ اور روح پرور ماحول سے بچے بڑے سب ہی سرشار نظر آتے ہیں۔ غرباء اور فقراء کی مدد کا اجتماعی جذبہ بیدار ہوتا ہے جس کے لئے جگہ جگہ مخیر حضرات افطاری اور سحری کے انتظامات کرتے ہیں۔
غریبوں کو عید کی خوشیوں میں شامل کیا جاتا ہے اور زکوۃ، فطرہ اور فدیہ کے ذریعے ان کی مالی مدد کی جاتی ہے۔ طاق راتوں میں شب قدر کو تلاش کیا جاتا ہے۔
روزہ اللہ کے قرب کو حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔
اس عبادت کے ذریعے انسان صبر وتحمل سیکھتا ہے۔

انفرادی اور اجتماعی سطح پر انسان گناہوں اور برائیوں سے بچتا ہے۔

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! اللہ نے روزے کو مخلوقات کے اخلاص کو آزمانے کے لئے فرض کیا ہے۔۴۹؎

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! ہر شے کی ایک زکوۃ ہے اور جسم کی زکوۃ، روزہ ہے۔۵۰؎

## حوالہ کتب:


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۷۔

۳۔درالمختار علی ھامش ردالمختار۔علامہ علاء الدین محمد بن علی بن محمد حصکفی (متوفی ۱۰۸۸ھ)۔ ج۔۲۔ص ۸۰۔مطبوعہ داراحیاء۔التراث العربی۔بیروت۔۱۴۰۷ھ۔

۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۵۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۴۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۷۔

۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۳۔

۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۵۔

۹۔سورہ احزاب۔آیت۔۳۵۔

۱۰۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔التفسیر الکبیر۔علامہ تقی الدین ابن تیمیہ (متوفی ۷۲۸ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔

۱۳۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۱۴۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۸۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۲۰۔سورہ احزاب۔آیت۔۳۵۔
۲۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۴۔
۲۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۳۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۴۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۲۵۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۲۶۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۲۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۸۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۱۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۳۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۳۳۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۳۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۷۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ ۔
۳۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۹۔سیرت النبی۔
۴۰۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۳۔
۴۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۵۔
۴۲۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۷۔

۴۳۔سورہ القدر۔آیت۔ا۔۵۔

۴۴۔سورہ القدر۔آیت۔ ۳۔۵۔

۴۵۔سورہ القدر۔آیت۔ ۴۔۵۔

۴۶۔اسم اعظم ۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

۴۷۔نزہت المجالس ۔ ج۔ا۔ص۔ ۲۲۳۔

۴۷۔اسم اعظم ۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔ص۔۲۱۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔

۴۸۔اسم اعظم ۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔ص۔۲۱۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔

۴۹۔تجلیات حکمت ۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔ص۔۲۸۹۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۵۰۔تجلیات حکمت ۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر
تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

## ۵۱۔الزکاۃ۔زکوۃ:

### زکوۃ گناہوں کا کفارہ اور جہنم سے نجات ہے (حضرت علیؑ)

**زکوۃ**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ز۔ک۔و) سے مشتق ہے۔

زکا۔سے مراد نشونما پانا، بڑھنا، پھلنا پھولنا۔

الزکوۃ۔نشونما، بالیدگی، پھلنے اور پھولنے کو کہتے ہیں۔۱؎

زکوۃ۔ایک مالی عبادت ہے جس کے معنی ہیں مال کو پاک کرنا۔

زکوٰۃ۔سن ۲ ھ میں فرض کی گئی یہ عبادت بھی انبیاء سابقین پر فرض تھی جس طرح سے ہم پر فرض کی گئی ہے۔

قرآن کریم میں زکوۃ کا ذکر ۳۲ مرتبہ آیا ہے تو برکت (برکہ) کا ذکر بھی ۳۲ مرتبہ ہی آیا ہے۔

### زکوۃ کا تاریخی پس منظر اور ارشادات خداوندی

زکوۃ ایک قدیم عبادت ہے جو دیگر انبیاء کرام کی قومیں بھی دیا کرتی تھیں، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں تین اقسام کی زکوۃ تھیں، ایک آدھا مثقال سونا، چاندی یہ رقم جماعت کے خیمہ یا پھر بیت المقدس کی تعمیر میں خرچ کی جاتی اور قربان کی طلائی اور نقرئی ظروف کو بنانے میں کام آتی دوسری خیرات کھیت کاٹنے کے وقت اور پھل توڑنے کے وقت ادا کی جاتی یعنی انھیں یہ حکم تھا کے کونوں اور کھدروں میں موجود پھلوں اور اناج کو نہ اٹھایا جائے بلکہ یہ مسافروں کے حصے کے طور پر چھوڑ دیا جائے۔

تیسری خیرات یہ تھی کے ہر تیسرے سال کے بعد پیداوار اور جانوروں کا دسواں حصہ اللہ کے نام پر خیرات کیا جائے، یہ صدقات بیت المقدس کے مجاوروں، لادیوں اور موروثی کاہنوں کے لئے ہوتی اور اگر اس میں سے بچ جائے تو پھر وہ بیت المقدس کے خزآنے میں جمع کر دیا

جائے جس سے مسافروں، یتیموں، بیواؤں اور غرباء کی وقت ضرورت مدد اور انھیں کھانا کھلانے کا انتظام یا جائے۔ ۲؎

**۱۔ اسماعیل علیہ السلام:**

وَكَانَ يَأْمُرُ أَهْلَهُ بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهِ مَرْضِيًّا۔ ۳؎

ترجمہ۔ (اسماعیل) وعدے کے سچے اور ہمارے بھیجے ہوئے رسول تھے جو اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوۃ کا حکم دیتے تھے۔

**۲۔ عیسیٰ علیہ السلام:**

وَأَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ مَا دُمْتُ حَيًّا۔ ۴؎

ترجمہ۔ (عیسیٰ نے کہا) مجھے نماز اور زکوۃ کا حکم دیا گیا ہے۔

**۳۔ اہل کتاب:**

وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَذَٰلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ۔ ۵؎

ترجمہ۔ نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو اور یہی درست دین ہے۔

**۴۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت پر:**

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ۔ ۶؎

ترجمہ۔ نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو۔

**۵۔ زکوۃ دینے والوں پر اللہ کی رحمت:**

وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالَّذِينَ هُمْ بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ۔ ۷؎

ترجمہ۔ میری رحمت ہر شے پر حاوی ہے تو میں اس کو ان لوگوں کے لئے لکھ لونگا جو اللہ سے ڈرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں، اور جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں۔

وَمَا آتَيْتُمْ مِنْ زَكَاةٍ تُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُونَ۔ ۸؎

ترجمہ۔ جو لوگ اللہ کی خوشنودی کی خاطر زکوۃ دیتے ہیں تو ایسے ہی لوگ اپنے مال کو دگنا کرنے والے ہیں۔

**۷۔ زکوۃ نہ دینا مشرکوں کی صفت ہے:**

وَوَيۡلٌ لِّلۡمُشۡرِكِيۡنَ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡتُوۡنَ الزَّكَاةَ وَهُمۡ بِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ كَافِرُوۡنَ۔۹؎

ترجمہ۔ خرابی ہے مشرکوں کے لئے جو زکوۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے بھی منکر ہیں۔

وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ وَالۡمُؤۡمِنَاتُ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍ ۘ يَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ وَيُقِيۡمُوۡنَ الصَّلَاةَ وَيُؤۡتُوۡنَ الزَّكَاةَ وَيُطِيۡعُوۡنَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرۡحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ۔۱۰؎

ترجمہ۔ مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں، وہ اچھے کاموں کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں وہ نماز پڑھتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور اللہ اور اس کے پیغمبروں کی اطاعت کرتے ہیں، یہی لوگ ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا، بے شک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔

اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوۡلُهٗ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوا الَّذِيۡنَ يُقِيۡمُوۡنَ الصَّلَاةَ وَيُؤۡتُوۡنَ الزَّكَاةَ وَهُمۡ رَاكِعُوۡنَ۔۱۱؎

ترجمہ۔ تمھارے دوست تو بس خدا اور اس کے پیغمبر ہیں اور مومنین تو وہ ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور اللہ کے آگے جھکتے ہیں۔

اَلَّذِيۡنَ يُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَهُمۡ بِاللَّيۡلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ۚ وَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ۔۱۲؎

ترجمہ۔ وہ لوگ جو اپنا مال رات اور دن، پوشیدہ اور ظاہر اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کا صلہ تو ان کے پروردگار کے پاس ہے ان کو قیامت کے دن نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی کوئی غم ہوگا۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ جو لوگ ان چیزوں کو خرچ کرنے میں بخل کرتے ہیں جو ان کو اللہ نے اپنے فضل سے عطا فرمائی ہے وہ ہرگز یہ گمان نہ کریں کے یہ بخل ان کے حق میں بہتر ہے بلکہ وہ ان کے حق میں بہت برا ہے۔ وہ مال قیامت کے دن ان کے گلے میں طوق بنا کر ڈال دیا جائے گا۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۨ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ كَلَّا لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ ہر طعنہ دینے والے اور غیبت کرنے والے کے لئے تباہی ہے جس نے مال جمع کیا اور اس کو گن گن کر رکھا وہ گمان کرتا ہے کے وہ مال اس کو ہمیشہ زندہ رکھے گا۔ ہرگز نہیں وہ چورا چورا کرنے والی میں ضرور پھینک دیا جائے گا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا جانیں کے چورا چورا کرنے والی کیا ہے؟ وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے، جو دلوں پر چڑھ جائے گی۔ بے شک وہ ان پر ہر طرف سے بند کی گئی ہوگی۔ بھڑکتے ہوئے شعلوں کے ستونوں میں۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ نماز پڑھتے رہو اور زکوۃ ادا کرتے رہو اور اللہ کو اچھا قرض دو۔

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۔ ۱۶؎

ترجمہ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سائل کو مت جھڑکیں۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب لوگ اپنے مال کی زکوۃ ادا نہیں کرتے تو اللہ تعالی آسمان سے بارش کو روک دیتا ہے اور اگر زمین پر چوپائے نا ہوں تو آسمان سے پانی کا ایک قطرہ بھی نہ گرے۔ ۱۷؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مسلمان کے گھوڑے اور اس کے غلام کی زکوۃ نہیں ہے۔۱۸؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! زکوۃ سے اپنے اموال کی حفاظت کرو اور صدقات سے اپنے بیماروں کی دوا کرو اور مصائب کے لئے دعا کو تیار رکھو۔۱۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! فقیر کی ہتھیلی پر آنے سے پہلے صدقہ رحمن کے ہاتھ میں آتا ہے۔

عطار بن یسارؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کسی غنی کے لئے صدقہ لینا جائز نہیں مگر پانچ کے لئے۔

۱۔ جو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا ہو۔

۲۔ یا وہ صدقہ جس کو وصول کرنے والا عامل ہو۔

۳۔ یا مقروض ہو۔

۴۔ یا جس نے صدقہ کو اپنے مال سے خرید لیا ہو۔

۵۔ یا جس شخص کا کوئی مسکین پڑوسی ہو اور اس پر کوئی چیز صدقہ کی گئی ہو اور وہ مسکین غنی کو وہ چیز ہدیہ کردے۔۲۰؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص بھی کسی پاک چیز کو صدقہ کرتا ہے اور اللہ کسی پاک چیز کے سوا کسی اور چیز کو قبول نہیں کرتا تو رحمٰن اس کو اپنے ہاتھوں میں لے لیتا ہے خواہ وہ ایک کھجور ہی کیوں نہ ہو پھر وہ کھجور رحمٰن کے ہاتھ میں بڑھتی رہتی ہے حتیٰ کے وہ پہاڑ سے بھی زیادہ بڑی ہوجاتی ہے جیسا کہ تم میں سے کوئی شخص اپنے گھوڑے یا اس کے بچھڑے کو بڑھاتا رہتا ہے۔۲۱؎

ترمذی کی ایک دوسری روایت میں ہے ایک لقمہ بھی پہاڑ جتنا ہوجاتا ہے اور اس کی تصدیق اللہ کی کتاب میں ہے!

اَنَّ اللّٰہَ ھُوَ یَقْبَلُ التَّوْبَۃَ عَنْ عِبَادِہٖ وَیَاْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَاَنَّ اللّٰہَ ھُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ۔ ۲۲؎

ترجمہ۔ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور صدقات لیتا ہے اور بے شک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

یَمْحَقُ اللّٰہُ الرِّبَا وَیُرْبِی الصَّدَقَاتِ ۔ ۲۳؎

ترجمہ۔ اللہ سود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا رہتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کون سا صدقہ سب سے زیادہ افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! تنگ دست کی کمائی اور فرمایا! اپنے عیال سے ابتدا کرو۔ ۲۴؎

حضرت اسماء بنت ابو بکرؓ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں تو آپ ﷺ نے ان سے فرمایا! تم اپنی تھیلی کا منہ بند نہ کرنا ورنہ اللہ تعالی بھی اپنے خزانے کا منہ تم پر بند کر دے گا تم جس قدر بھی خرچ کر سکتی ہو خرچ کیا کرو۔ ۲۵؎

حضرت عقبہ بن عامرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! صدقہ، صدقہ دینے والوں کی قبروں سے گرمی کو دور کرتا ہے اور مسلمان قیامت کے دن صرف اپنے صدقے کے سایے میں ہوگا۔ ۲۶؎

حضرت عمرو بن عوفؓ بیان کرتے ہیں، مسلمان کا صدقہ عمر میں زیادتی کرتا ہے بری موت کو دور کرتا ہے اور اللہ اس کی وجہ سے تکبر اور فخر کو دور کرتا ہے۔ ۲۷؎

حبان بن ابی جمیلہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو صدقہ سب سے زیادہ سرعت کے ساتھ آسمان پر چڑھتا ہے وہ یہ ہے کے انسان بہت عمدہ کھانا تیار کرے اور پھر اپنے مسلمان بھائیوں کو کھلائے۔ ۲۸؎

# امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

اللہ نے زکوۃ رزق کے سبب کے طور پر واجب کی ہے۔
بے شک نماز کے ساتھ ہی زکوۃ فرض کی گئی ہے جو اللہ کے قرب کا ایک سبب ہے۔
زکوۃ گناہوں کا کفارہ اور جہنم سے نجات ہے۔
بظاہر تو یہ نظر آتا ہے کے زکوۃ دینے سے مال گھٹ گیا لیکن زکوۃ مال میں اضافے کا سبب ہے جو انسان اپنے مال کی زکوۃ نکالتا ہے اللہ اس انسان کے نفس کو حرص وہوس سے بچا لیتے ہیں ۔۲۹؎

## نفسیاتی پہلو

حضرت شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! جب کوئی انسان زکوۃ کے پروگرام کے ساتھ منسلک ہوکر اللہ کی مخلوق کی خدمت کرتا ہے تو ایسا شخص اکنئاتی نظام میں ایک فعال یونٹ کی حیثیت اختیار کر لیتا ہے کیونکہ اللہ کی عادت ہے کے وہ اپنے بندوں کی خدمت کرتا ہے ہے چنانچہ جب کوئی بندہ اللہ کی عادت اور سنت کو اپناتا ہے تو اس پر عرفان اور آگہی کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں۔۳۰؎

اللہ کی یہ سنت ہے کے وہ غربت،افلاس، بے روزگاری، گداگری، دکھ درد اور بیماری کو پسند نہیں کرتے ہیں، اللہ چاہتے ہیں کے امیر امیر تر نہ ہوجائے اور غریب غریب تر نہ ہوجائے لہٰذا ملکی معیشت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کیا جائے،لوگ مال کی محبت میں گرفتار ہوکر زندگی نہ گزاریں بلکہ اس کو اپنے ہاتھوں سے ضرورت مندوں پر دل کھول کر خرچ بھی کریں اگر مال تجوریوں اور بنکوں میں بند رہے گا تو وہ متعفن ہوجائے گا افراد کی فلاح کے لئے یہ لازمی ہے کے روپیہ گردش میں رہے، جب وہ گردش میں رہے گا تو لوگوں کے مسائل حل ہوں گے اقتصادی نظام مضبوط بنیادوں پر استوار ہوگا اور لوگوں کا معیار زندگی بھی بہتر ہوگا۔
حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں زکوۃ کا اتنا منظم اور موثر نظام قائم ہو چکا تھا کہ زکوۃ دینے

والے تو بے شمار تھے پر لینے والے نہیں تھے۔

(عمر لاز) حضرت عمرؓ ۲۲ لاکھ مربع میل کے وسیع رقبے پر حکومت کرتے تھے جس میں 26,000، بڑے شہر اور بے شمار بستیاں اور گاؤں شامل تھے)۔

زکوۃ کے چند معاشی فوائد درج ذیل ہیں۔

۱۔معاشرے سے غربت اور افلاس کا خاتمہ ہوتا ہے۔

۲۔معیشت مضبوط ہوگی۔

۳۔ملک میں ترقیاتی کام زیادہ سے زیادہ ہوں گے۔

۴۔روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے جس کی وجہ سے بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا۔

۵۔اسکول، کالجز، یونیورسٹیز اور شیلٹرز ہومز کا قیام عمل میں آئے گا۔

۶۔رفاہ عامہ کے زیادہ سے زیادہ کام ہو سکیں گے۔

۷۔لوگوں کا معیار زندگی بہتر ہوگا۔

۸۔انھیں بنیادی ضروریات روٹی، کپڑا، مکان، تعلیم اور بہتر صحت حاصل ہو سکے گی۔

اسلام اپنے ماننے والوں کو مال کی محبت میں گرفتار نہیں دیکھنا چاہتا ہے۔اللہ کو یہ پسند ہے کے اس کے بندے ایک دوسرے کے کام آئیں اور اپنے ہاتھ سے کمائے ہوئے مال کو ضرورت مندوں پر خرچ کریں تاکہ ان کے دل سے مال کی محبت کم یا ختم ہو کیونکہ اپنے ہاتھ سے مال کو ضرورت مندوں پر خرچ کر کے انسان کو ایک روحانی سکون حاصل ہوتا ہے ذیل میں زکوۃ کے چند معاشرتی فوائد بیان کئے جارہے ہیں۔معاشرتی ناہمواریوں کا خاتمہ ہوتا ہے۔

لوگ اللہ کی خوشنودی کی خاطر جب زکوۃ نکالتے ہیں تو اللہ ان کے مال میں خیر و برکت پیدا کرتے ہیں اور ان کا مال اللہ کے قانون کے مطابق دگنا کر دیا جاتا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے!

اِنۡ تُقۡرِضُوا اللّٰہَ قَرۡضًا حَسَنًا یُّضٰعِفۡہُ لَکُمۡ وَیَغۡفِرۡ لَکُمۡ ؕ وَاللّٰہُ شَکُوۡرٌ حَلِیۡمٌ

ترجمہ۔ اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو تو وہ تم کو کئی گنا بڑھا کر دے گا، اور تمھارے گناہ بھی معاف فرما دے گا، اللہ بڑا قدر دان حلم والا ہے۔ ۱۳؎

معاشرتی سطح پر پیار، محبت، ہمدردی اور جذبہ قربانی کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔

لوگ ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں۔

معاشرے میں اعتماد اور یقین کی فضاء پیدا ہوتی ہے۔ زکوۃ ایک فرض مالی عبادت ہے۔ اور اس کا فلسفہ یہی ہے کہ معاشرے میں دولت کی گردش مستقل اور مسلسل ہوتی رہے اور کوئی ایک طبقہ امیر سے امیت تر اور غریب سے غریب تر نہ ہوجائے۔ زکوۃ کی ادائے سے ملک معاشی طور پر مستحکم ہوتا ہے۔ غربت کا خاتمہ ہوتا ہے۔ لوگوں کا معیار زندگی بہتر ہوتا ہے۔ خیر و برکت اور اللہ کا نظام زمین پر رائج ہوتا ہے جس میں سب کے لئے خیر اور بھلائی ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔ سیرت النبی۔ ج۔ ۵۔ ص۔ ٦٦٨۔

۳۔ سورہ مریم۔ آیت۔ ۵۵۔

۴۔ سورہ مریم۔ آیت۔ ۳۰۔

۵۔ سورہ البینہ۔ آیت۔ ۵۔

٦۔ بقرہ۔ آیت۔ ۴۳۔

۷۔ سورہ اعراف۔ آیت۔ ۱۵٦۔

۸۔ سورہ روم۔ آیت۔ ۳۹۔

۹۔ سورہ حم السجدہ۔ آیت۔ ٦۔ ۷۔

۱۰۔ سورہ التوبہ۔ آیت۔ ۱۷۔

۱۱۔ مائدہ۔ آیت۔ ۵۵۔

۱۲۔ سورہ البقرہ۔ آیت۔ ۲۷۴۔

۱۳۔سورہ آل عمران۔ ۱۸۰۔

۱۴۔سورہ الھمزہ۔آیت۔۱۔۹۔

۱۵۔سورہ مزمل۔آیت۔ ۲۰۔

۱۶۔سورہ الضحیٰ۔آیت۔ ۱۰۔

۱۷۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۹۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۲۰۔سنن ابوداوٗد۔امام ابوداوٗد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۲۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ۔

۲۲۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۱۰۴۔

۲۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۷۶۔

۲۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۶۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۲۷۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی

۲۸۔کنز العمال۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ

۲۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۲۲۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۳۰۔شرح لوح وقلم۔ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاء۔ص۔۲۰۱۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔

۳۱۔سورہ التغابن۔آیت۔۱۷۔

# ۵۲۔الحج۔حج

**اللہ نے حج کو دین کی تقویت کے لئے واجب کیا ہے (حضرت علیؑ)**

حج۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ح۔ج۔ج) سے مشتق ہے۔
الحج۔کے معانی ارادہ یا قصد کرنا۔
الحج۔سے متعلق بعض علماء لغت لکھا! اس کے معانی کسی باعظمت شے کا قصد کرنا یا بکثرت قصد کرنا۔
الحجۃ۔ایک سال کو بھی کہتے ہیں۔
الحج۔کے معانی روکنا۔
حجۃ عن الشی۔سے مراد کسی چیز سے روک دینا، یا منع کرنا ہے۔
المحاجۃ ایک دوسرے سے جھگڑنا یعنی جھگڑنے والا ہر فریق دوسرے فریق کو اس کے ارادے سے روکتا یا منع کرتا ہے۔
حجۃ۔دلیل کو بھی کہتے ہیں۔[۱]

## حج کا تاریخی پس منظر

حج کا ایک تاریخی پس منظر ہے جس کی تاریخ دنیا کی ابتداء سے بھی بہت پہلے کی ہے۔
حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں! اللہ تعالی نے زمین کو بنانے سے ۲،۰۰۰ سال قبل بیت اللہ کو بنایا تھا اس وقت اللہ کا عرش پانی پر تھا۔
مجاہد بیان کرتے ہیں! سب سے پہلے اللہ تعالی نے کعبہ کو بنایا پھر اس کے نیچے سے زمین کو پھیلایا۔
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

فِيهِ اٰيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ اِبْرَاهِيمَ ۚ وَمَن دَخَلَهُ كَانَ اٰمِنًا ۗ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيلًا ۚ وَمَن كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ ۔ ۲؎

ترجمہ۔اس میں ظاہر نشانیاں ہیں (اور) مقام ابراھیم ہے، اور جو اس میں داخل ہو جائے وہ امن والا ہو جاتا ہے، اور لوگوں پر اس گھر کا حج کرنا اللہ کا حق ہے جو شخص اس تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو، اور جو انکار کرے تو پھر اللہ جہان والوں سے بے پروا ہے۔۔

## تعمیر کعبہ

علامہ احمد قسطلانی نے اپنی تحقیق سے ثابت کیا ہے کے خانہ کعبہ کی تعمیر دس مرتبہ ہوئی ۔

۱۔ پہلی بار اللہ کے حکم سے فرشتوں نے تعمیر کعبہ کیا۔

۲۔ دوسری بار حضرت آدم علیہ السلام نے ۔

۳۔ تیسری مرتبہ حضرت شیث علیہ السلام ۔

۴۔ چوتھی مرتبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ۔

۵۔ پانچویں مرتبہ قوم عمالقہ نے ۔

۶۔ چھٹی مرتبہ جرھم نے ۔

۷۔ ساتویں مرتبہ قصی بن کلاب نے ۔

۸۔ آٹھویں مرتبہ قریش نے ۔اس وقت رسول اللہ ﷺ کی عمر مبارک ۳۵ برس تھی اور آپ ﷺ نے حجر اسود کو اس کے مقام پر نصب فرمایا تھا۔

۹۔ نویں مرتبہ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے رسول اللہ ﷺ کے حسب منشاء تعمیر کعبہ کی ۔

۱۰۔ دسویں مرتبہ عبدالملک بن مروان کے حکم سے حجاج بن یوسف ثقفی نے اس کو منہدم کر کے قریش کی بناء کے مطابق بنادیا۔ ۳؎

# بَيْتِ الْمَعْمُوْرِ

**وَالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ** ۔ ۴؎۔ترجمہ۔قسم ہے **بَيْتِ الْمَعْمُوْرِ** کی۔

**بَيْتِ الْمَعْمُوْرِ** ۔کالفظی معنی ہے آباد گھر اس سے مراد کعبہ ہے کیونکہ اس کا قصد کرتے ہیں اور حج کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں نے اس کو آباد کیا ہے۔

حضرت انس بن مالکؓ نے فرمایا! **بَيْتِ الْمَعْمُوْرِ** ساتویں آسمان میں ہے،اس میں ہر روز ۷۰،۰۰۰ فرشتے داخل ہوتے ہیں اور جو فرشتہ اس میں ایک بار داخل ہوجاتا ہے وہ دوبارہ قیامت تک اس میں دوبارہ داخل نہیں ہوگا۔ ۵؎

امام ذہبی نے اس کی موافقت کی ہے اور کہا ہے یہ بات صحیح اور ثابت ہے کے ہر آسمان میں زمین کے کعبہ کے مقابل ایک بیت ہے۔

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ نے فرمایا! **بَيْتِ الْمَعْمُوْرِ** آسمان میں ہے اس کو الضراح (دور اور بلند) کہتے ہیں یہ بیت الحرام کی مثل ہے اور اس کی سیدھ میں ہے اگر وہ اوپر سے گرے تو کعبہ کے اوپر گرے گا اس میں ہر روز ایسے ۷۰،۰۰۰ فرشتے داخل ہوتے ہیں جنھوں نے اس سے پہلے اس کو نہیں دیکھا اور اس کی آسمان میں ایسی حرمت ہے جیسی مکہ کی حرمت ہے۔ ۶؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ جب معراج پر گئے اور جب وہ ساتویں آسمان پر پہنچے تو وہاں ان کی ملاقات حضرت ابراہیم سے ہوئی وہ **بَيْتِ الْمَعْمُوْرِ** سے ٹیک لگائے بیٹھے تھے اور اس میں ہر روز ۷۰،۰۰۰ فرشتے داخل ہوتے ہیں۔وہ پھر دوبارہ وہاں نہیں آئیں گے۔ ۷؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا! آسمانوں اور زمینوں میں اللہ تعالیٰ کے ۱۵ بیت ہیں سات آسمانوں میں اور سات زمینوں میں ہیں اور وہ کعبہ ہیں اور یہ تمام بیت کعبہ کے بالمقابل ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ - ۸؎

ترجمہ۔اس کے متولی تو بس متقی ہیں۔

**ارشادات خداوندی:**

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ - ۹؎

ترجمہ۔حج اور عمرہ کو اللہ کی خوشنودی کے لئے پورا کرو۔

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدَاتٍ - ۱۰؎

ترجمہ۔یہ گنتی کے چند روز ہیں جو تمھیں اللہ کی یاد میں بسر کرنے ہیں۔

اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَات - ۱۱؎۔ترجمہ۔یقیناً حج کے مقرر مہینے ہیں۔

فِيْهِ اٰيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ اِبْرَاهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ۗ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِيْنَ۔

ترجمہ۔اس میں ظاہر نشانیاں ہیں (اور) مقام ابراھیم ہے، اور جو اس میں داخل ہو جائے وہ امن والا ہو جاتا ہے، اور لوگوں پر اس گھر کا حج کرنا اللہ کا حق ہے جو شخص اس تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو، اور جو انکار کرے تو پھر اللہ عالمین سے بے پروا ہے۔ ۱۲؎

اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَات - ۱۳؎۔حج کے مقررہ مہینے ہیں۔

فِيْهِ اٰيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ اِبْرَاهِيْمَ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا - ۱۴؎

ترجمہ۔اس میں ظاہر نشانیاں ہیں (اور) مقام ابراھیم ہے، اور جو اس میں داخل ہو جائے وہ امن والا ہو جاتا ہے۔

فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ - ۱۵؎

ترجمہ۔پھر اگر تم حج سے روکے جاؤ تو تم پر قربانی ہے جو آسان ہے۔

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ - ۱۶؎

ترجمہ۔مشرکین نجس ہیں تو اس سال کے بعد وہ مسجد حرام کے قریب نہ جائیں۔

## رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جب ایک صحابیہ نے جہاد کی اجازت طلب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تمھارا بہترین جہاد 'حج' ہے۔۱۷؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! جس شخص کو نہ تو کسی خاص ضرورت نے حج سے روکا ہو نہ ظالم حکمران نے نہ کسی مرض نے اور پھر بھی وہ حج نہ کرے اور اسی حالت میں مر جائے تو اللہ کو اس کی پرواہ نہیں ہے کے وہ یہودی ہو کر مرے یا عیسائی ہو کر مرے۔۱۸؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! حج اور عمرہ کرو کیونکہ یہ فقر اور گناہوں کو اس طرح سے مٹاتا ہے جس طرح سے بھٹی لوہے، چاندی اور سونے کے زنگ کو مٹاتی ہے۔۱۹؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا، حج کرنے والا اور عمرہ کرنے والا اللہ تعالی کا مہمان ہے۔اللہ تعالی نے ان کو بلایا ہے تو انھوں نے حاضری دی ہے اور انھوں نے اللہ تعالی سے مانگا ہے تو اس نے انھیں عطا فرمایا ہے۔۲۰؎

حضرت زید بن ارقمؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے اپنے ماں ،باپ میں سے کسی کی طرف سے ایک حج کیا تو یہ حج اس کو کفایت کرے گا اور اس کی روح کو آسمان میں بشارت دی جائے گی اور اللہ کے نزدیک اس شخص کو نیک لکھا جائے گا خواہ وہ ان کا عاق شدہ ہو۔ایک دوسری روایت میں ہے کے جس نے اپنے ماں باپ میں سے کسی کے لئے حج کیا تو ان کے لئے ایک حج لکھا جائے گا اور کرنے والے کے لئے سات حج لکھے جائیں گے۔۲۱؎

حضرت زید بن ارقمؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب کوئی شخص اپنے

والدین کی طرف سے حج کرے تو وہ حج اس کی طرف سے بھی قبول کیا جاتا ہے اور اس کے والدین کی طرف سے بھی قبول کیا جاتا ہے اور ان کی روحیں آسمان میں خوش ہوتی ہیں اور وہ شخص اللہ کے نزدیک نیکی کرنے والا لکھا جاتا ہے۔ ۲۲؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے! جس شخص نے اللہ کے لئے اس کی شان کے ساتھ حج کیا اور نہ کوئی فحش بات کی اور نہ ہی کوئی گناہ کیا تو وہ اس دن کی طرح واپس ہوگا جس دن وہ پیدا ہوا۔ ۲۳؎

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے اپنے ماں باپ کی طرف سے حج کیا یا ان کا کوئی قرض ادا کیا۔ تو وہ قیامت کے دن ابرار (نیکی کرنے والوں) کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ ۲۴؎

حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے اپنے ماں باپ کی طرف سے حج کیا۔ اس کا اپنا حج بھی ہوگیا اور اس کو دس حج کرنے کی فضیلت ملے گی۔ ۲۵؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا! میرے ماں باپ کا انتقال ہوگیا ہے اور انھوں نے حج نہیں کیا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!
یہ بتاؤ اگر تمھارے باپ پر کوئی قرض ہوتا اور تم اس کو ادا کرتے تو کیا وہ قبول ہوتا؟
اس نے کہا جی ہاں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تو پھر تم اپنے باپ کی طرف سے حج کرو۔ ۲۶؎

## امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین نے فرمایا! بیت اللہ کی زیارت جہنم کے عذاب سے بچاتی ہے۔
جب تک تم باقی ہو اللہ کے گھر کا خیال رکھو اور اسے خالی نہ چھوڑو کیونکہ اگر یہ گھر ترک کر دیا گیا تو پھر تمھیں مہلت نہیں دی جائے گی۔

حج ہر کمزور انسان کا جہاد ہے اور عورت کا بہترین جہاد شوہر کے گھر کی خانہ داری ہے۔
اللہ نے اپنے حرمت والے گھر کا حج تم پر واجب کیا ہے اور اسے تمام انسانوں کے لئے قبلہ بنایا ہے۔حج کے فریضہ کو اللہ نے اپنے بندوں کی عاجزی اور خاکساری کے لئے بطور علامت قرار دیا ہے اور حج بیت اللہ کو اپنی عظمت کے یقین کا سبب بنایا ہے۔
بیت اللہ کی زیارت تم سب پر لازم ہے۔
بیت اللہ کی زیارت یعنی حج اور عمرہ سے گناہ اور فقر مٹتا ہے۔
صلوۃ ہر متقی کی قربانی اور حج ہر ضعیف کا جہاد ہے۔
اللہ نے حج کو دین کی تقویت کے لئے واجب کیا ہے۔۲۷؎

## نفسیاتی پہلو

خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! اللہ کے عاشقوں کا حج اللہ سے معرفت کے لئے ہوتا ہے، طواف کا مطلب اللہ کے جمال و کمال کا مشاہدہ ہے، میدان عرفات میں قیام کشف کا حصول ہے، منیٰ میں آنے کا مقصد ذاتی اغراض سے دور رہتے ہوئے وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے پناہ مانگنا، شیطان کو کنکریاں مارنے اور اپنے اندر کے شر انگیز تحریک کا رد ہے، صفاء اور مروہ کی سعی ممتا کی مثال ہے، تاہم تقاضے روح کی کیفیات ہیں۔مرکزیت قائم ہوجائے تو تقاضا مظہر بن جاتا ہے جس طرح سے آب زم زم مظہر بن کر سامنے آ گیا۔۲۸؎
اللہ کی ذات تمام علوم کی منبع ہے، انوار اور تجلیات کا مظاہراتی سطح پر نزول کائنات کی ایک نزولی حرکت ہے، طواف صعودی اور نزولی کیفیات کا مجموعہ ہے جس میں بندہ جسمانی اور قلبی طور پر اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے، بال کٹوانے یعنی حلق کروانے سے کثافت دور ہوتی ہے اور انوار و تجلیات کا بہاؤ تیز اور خیالات میں لطافت پیدا ہوتی ہے۔
خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! خانہ کعبہ کے اوپر ہر وقت انوار و تجلیات کا نزول ہوتا ہے، خانہ کعبہ کا سیاہ پردہ ان انوار اور تجلیات کو اپنے اندر جذب کر کے ذخیرہ کرتا ہے اور زائرین

کے سفید احرام پر یہ انوار تو تجلیات کو منعکس کرتا ہے، روشنی اور انوار و تجلیات کے اس انعکاس کے باعث عازمین حج و عمرہ کا دماغ اور ان کا جسم مثالی انھی انوار و تجلیات سے روشن، منور اور مزین ہوتے رہتے ہیں۔۲۹؎

حج کے بے شمار فوائد ہیں جس کے اثرات انفرادی اور اجتماعی زندگی پر مرتب ہوتے ہیں جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

حجاج اللہ کی خوشنودی اور قرب کے لئے بیت اللہ کا حج ادا کرتے ہیں جس سے ان کے گزشتہ گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔حج سے انسان صبر و تحمل سیکھتا ہے۔

مساوات اور یگانگت کا پیغام پوری دنیا میں جاتا ہے۔

ہمدردی، محبت اور اپنے گناہ پر ندامت کا احساس ہوتا ہے۔اخوت اور بھائی چارہ قائم ہوتا ہے

احرام ایک سادہ لباس ہے جس کے ذریعے سادگی کا پیغام پوری دنیا میں جاتا ہے۔

مقامات مقدسہ کی زیارت کی وجہ سے تاریخی شعور بیدار ہوتا ہے نیز معلومات میں اضافہ بھی ہوتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ آل عمران۔آیت۔۹۷۔

۳۔ارشاد الساری۔علامہ احمد قسطلانی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ میمنہ مصر ۱۳۰۶ھ۔

۴۔سورہ الطور۔آیت۔۴۔

۵۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی ۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ۔

۶۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۸۔سورہ انفال۔آیت۔۳۴۔

۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۹۶۔

۱۰۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۰۳
۱۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۹۷۔
۱۲۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۹۷۔
۱۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۹۷۔
۱۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۹۷۔
۱۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۹۶۔
۱۶۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۲۸۔
۱۷۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۸۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۲۰۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔
۲۱۔جامع الاصول۔امام مجدالدین المبارک بن محمد الشیبانی المعروف بابن الاثیر الجزری۔
(متوفی ۶۰۶ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۸ھ۔
۲۲۔سنن دارقطنی۔امام علی بن عمر دارقطنی (متوفی ۲۸۵ھ) مطبوعہ نشرالسنہ ملتان۔دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۲۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۴۔سنن دارقطنی۔امام علی بن عمر دارقطنی (متوفی ۲۸۵ھ) مطبوعہ نشرالسنہ ملتان۔دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۲۵۔سنن دارقطنی۔امام علی بن عمر دارقطنی (متوفی ۲۸۵ھ) مطبوعہ نشرالسنہ ملتان۔دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۲۶۔سنن دارقطنی۔امام علی بن عمر دارقطنی (متوفی ۲۸۵ھ) مطبوعہ نشرالسنہ ملتان۔دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۲۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۲۸۔ماہنامہ قلندر شعور۔اگست۔۲۰۱۷ء۔
۲۹۔روحانی حج وعمرہ۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔ ۱۲۳۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔

## ۵۳۔ القدر۔ قضاء وقدر۔ تقدیر

**عقلمند وہی ہے جو کے قضاء قدر کے سامنے اپنا سر تسلیم خم کردے (حضرت علیؓ)**

**قدر۔** عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ق۔د۔ر) سے مشتق ہے۔

قدر۔ کے معنی اندازہ، پیمانہ۔

قدرت الشی۔ سے مراد چیز کو ناپنا، اس کا اندازہ قائم کرنا، اس کی لمبائی اور چوڑائی، جسامت اور کمیت کو متعین کرنا۔

تقدیر۔ کسی چیز کو دوسری چیز کے مطابق بنا دینا۔

مقدار۔ سے مراد وہ پیمانہ یا Model یا Pattern جس کے مطابق کوئی چیز بنائی گئی ہو۔

اقدر۔ سے مراد وہ گھوڑا جو انداز، توازن اور تناسب سے چلے۔

قدار۔ سے مراد ایسا انسان جو مناسب اور معتدل قد کاٹھ کا ہو۔

المقدر۔ سے مراد ایسا انسان جو کھیتی اور درختوں کا درست اندازہ قائم کرتا ہو۔

قدیر۔ گوشت کا وہ سالن جو نہایت متناسب اور عمدہ مصالحوں کی ترتیب سے بنایا گیا ہو۔

تقدیر۔ اللہ کی بنائی ہوئی اچھی یا بری تقدیر پر یقین رکھنا ایمان کا بنیادی اور لازمی حصہ ہے اور جو شخص تقدیر پر ایمان نہیں رکھتا ہے اس کا ایمان کامل نہیں۔ ا؎

**ارشادات خداوندی:**

**وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّ كَبِيْرٍ مُّسْتَطَر۔ ۲؎**

ترجمہ۔ ہر وہ کام جس کو انھوں نے کیا ہے۔ نوشتوں میں ہے ہر چھوٹا بڑا کام لکھا ہوا ہے۔

**وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ۔ ۳؎**

ترجمہ۔کوئی پتا نہیں گرتا مگر وہ اس کو جانتا ہے اور نہ ہی کوئی دانا زمین کی تاریکیوں میں ہوتا ہے اور نہ ہی کوخشک وتر مگر وہ کتاب المبین میں لکھا ہوا ہے۔

يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتَابِ ۔۴؎

ترجمہ۔اللہ جو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جو چاہتا ہے ثابت رکھتا ہے اور اس کے پاس اصل کتاب ہے۔

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِىْ كِتَابٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ۚ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتَاكُمْ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۔۵؎

ترجمہ۔ہر مصیبت جو زمین پر تم پر تمھاری جانوں آتی ہے۔وہ ایک روشن کتاب میں لکھی ہوئی ہے اس سے پہلے کے ہم اس اس مصیبت کو پیدا کریں۔بے شک یہ اللہ پر بہت ہی آسان ہے، یہ اس لئے ہے کے جو چیز تمھارے پاس سے جاتی رہے تم اس پر غم نہ کرو اور جو کچھ اللہ نے تمھیں دیا ہے اس پر اترایا نہ کرو۔

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۔۶؎

ترجمہ۔اس نے ہر چیز کو پیدا کیا پھر اس کو مقرر شدہ اندازے پر رکھا۔

وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا ۔۷؎

ترجمہ۔اللہ کا کام مقرر شدہ اندازے پر ہے۔

اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ ۔۸؎

ترجمہ۔ہم نے ہر چیز کو اندازے سے پیدا کیا ہے۔

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ۔۹؎

ترجمہ۔اللہ نے تمھیں بھی پیدا کیا ہے اور تمھارے اعمال کو بھی۔

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۔۱۰؎

ترجمہ۔اس نے ہر چیز کو پیدا کیا اور پھر اس کو مقرر شدہ اندازے پر رکھا۔

يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ۔اا؎

ترجمہ۔اللہ جس لکھے ہوئے کو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے قائم رکھتا ہے اور اسی کے پاس ام الکتاب (لوح محفوظ) ہے۔

لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۔١٢؎

ترجمہ۔ہر امت کا ایک وقت مقرر ہے جب ان کا مقرر وقت آجائے گا تو وہ نہ ایک ساعت موخر ہو سکیں گے اور نہ ایک ساعت مقدم ہو سکیں گے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی تمام آسمان والوں اور تمام زمین والوں کو عذاب دے تو وہ ان کو عذاب دے گا اور یہ اس کا ظلم نہیں ہوگا اور اگر وہ ان پر رحمت فرمائے تو اس کی رحمت ان کے اعمال سے بہتر ہے اور اگر تمھارے پاس احد کے پہاڑ جتنا سونا ہو جس کو تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو تو اللہ اس کو تم سے اس وقت تک قبول نہیں کرے گا جب تک تم اللہ کی تقدیر پر ایمان نہ لے آؤ اور تم یہ یقین رکھو کے تم پر جو چیز بھی پہنچتی ہے وہ تم سے ٹل نہیں سکتی تھی اور جو چیز تم کو نہیں پہنچتی وہ تم پر آ نہیں سکتی تھی اور اگر تم اس عقیدہ کے علاوہ کسی اور عقیدہ پر مرے تو دوزخ میں داخل ہو گے۔ ١٣؎

حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں، حضرت جبرائیل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایمان کے متعلق سوال کیا؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ایمان یہ ہے کے تم اللہ پر ایمان لاؤ، اس کے فرشتوں اس کی کتابوں، اس کے بھیجے ہوئے رسولوں پر اور قیامت پر اور اس پر کے ہر اچھی اور بری چیز اللہ کی تقدیر سے وابستہ ہے۔ ١۴؎

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی

نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کرنے سے ۵۰،۰۰۰ سال پہلے مخلوقات کی تقدیریں لکھیں اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا۔۱۵؎

حضرت عبادہ بن صامتؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ نے سب سے پہلے قلم کو پیدا فرمایا اور اس سے کہا کے لکھ! تو اس نے پوچھا کیا لکھوں؟ تو اللہ نے فرمایا! تقدیر لکھ، تو اس نے لکھ دیا جو کچھ ہونے والا ہے۔۱۶؎

حضرت ابوخزامہؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، میں نے عرض کیا! یا رسول اللہ ﷺ ہم دم کرواتے ہیں اور دوا سے علاج کراتے ہیں اور ڈھال وغیرہ کے ذریعہ حملوں سے بچتے ہیں، کیا یہ چیزیں تقدیر کو ٹال دیتی ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! یہ چیزیں بھی اللہ کی تقدیر ہیں۔۱۷؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! منکرین تقدیر اس امت کے مجوس ہیں اگر وہ بیمار ہوجائیں تو ان کی عیادت نہ کرو اور اگر وہ مرجائیں تو ان کی جنازہ پر نہ جاؤ۔۱۸؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس چیز کو اللہ نے سب سے پہلے پیدا فرمایا وہ قلم اور مچھلی ہے، قلم نے پوچھا! میں کیا لکھوں؟ اللہ نے فرمایا! جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے وہ لکھو پھر آپ نے یہ آیت پڑھی!

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۔۱۹؎

ترجمہ۔ن۔قلم کی قسم ہے اور اس کی جو اس سے لکھتے ہیں۔

یعنی۔ن سے مراد مچھلی اور قلم سے مراد قلم ہے۔۱۹؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بے شک اللہ نے لوح محفوظ کو موتی سے پیدا کیا اس کے صفحات سرخ یاقوت کے ہیں، اس کا قلم نور ہے، اللہ تعالی ہر روز اس میں تین سو ساٹھ بار نظر فرماتا ہے، پیدا کرتا ہے اور رزق دیتا ہے اور مارتا

ہے اور جلاتا ہے اور عزت دیتا ہے اور ذلت دیتا ہے اور جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ ۲۰؎
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قضاء وقدر کو صرف دعا لوٹا سکتی ہے۔ ۲۱؎
حضرت ابوالدرداءؓ بیان کرتے ہیں، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور مستقبل میں ہونے والے امور کا ذکر کررہے تھے۔ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر تم یہ سنو کے پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ گیا ہے تو اس کی تصدیق کردینا لیکن تم اگر یہ سنو کے کسی شخص کی پیدائشی عادت (فطرت) بدل گئی تو اس کی تصدیق نہ کرنا کیونکہ وہ اپنی فطرت پر ہی لوٹ جائے گا۔ ۲۲؎
حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری امت کے دو فرقے ایسے ہیں کے ان کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں ہے۔
مرجئہ اور قدریہ۔ ۲۳؎
حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو لوگ یہ کہتے ہیں کے نیکی اور بدی ہمارے اختیار میں ہے ان کو میری شفاعت میں سے کوئی حصہ نہیں ملے گا نہ میں ان سے ہوں اور نہ ہی وہ مجھ سے ہیں۔ ۲۴؎
حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا، جس چیز پر عبداللہ بن عمرؓ قسم کھاتا ہے وہ یہ ہے کے اگر ان لوگوں کے پاس احد پہاڑ جتنا سونا ہو اور وہ اس کو اللہ کی راہ میں خرچ کریں تو اللہ تعالی اس کو اس وقت تک قبول نہیں کرے گا جب تک کے وہ تقدیر پر ایمان نہ لے آئیں۔ ۲۵؎
ایوب بیان کرتے ہیں، ابوقلابہ نے کہا! اھل اھواء (بدعتی) کے ساتھ نہ بیٹھو اور نہ ہی ان سے بحث کرو کیونکہ میں اس سے بے خوف نہیں ہوں کے وہ تم کو اپنی گمراہی میں ڈبو دیں گے یا جس دین کو تم پہچانتے ہو وہ اس میں شبہات ڈال دیں گے۔ ۲۶؎
حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قلم خشک ہوگئے ہیں۔ ۲۷؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! علم پر قلم خشک ہو چکا ہے۔۲۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم جن چیزوں سے ملاقات کرنے والے ہو، ان سے متعلق قلم لکھ کر خشک ہو چکا۔۲۹؎

## امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! قضاء وقدر ایک اندھیرا راستہ ہے اس پر نہ چلو اور یہ ایک گہرا سمندر ہے اس میں داخل نہ ہو، اور یہ اللہ کا ایک راز ہے اسے اپنے اوپر لازم نہ کرو۔

اشعث بن قیس کو بیٹے کی موت پر تعزیت پیش کرتے وقت آپ نے فرمایا! اگر تم صبر کرو گے تب بھی قضاء وقدر الٰہی جاری ہوگی مگر تمھیں صبر کا اجر ملے گا لیکن اگر تم نے بے تابی کا اظہار کیا تو اس وقت بھی قضاء وقدر الٰہی تو جاری ہوگی۔ مگر تم گناہ گار ہو جاؤ گے۔

جب قضاء وقدر پہنچ جاتی ہے تو پھر خوف وہراس بیکار ہو جاتا ہے۔

ہر انسان کے ساتھ ایک فرشتہ ہوتا ہے جو اسے خطرات سے بچاتا رہتا ہے مگر جب اس کی قضاء آجاتی ہے تب وہ اسے اس کی قضاء وقدر کے ساتھ تنہا چھوڑ کر چلا جاتا ہے۔

قضاء وقدر اللہ کا علم ہے اور اللہ نے اس علم کا بہت کم حصہ اپنے بہت ہی کم بندوں کو دیا۔

کتنے ہی ایسے لوگ ہیں جنھوں نے رزق کی جدوجہد میں اپنے آپ کو تھکا مارا لیکن اس کے باوجود وہ تنگ دست رہے اور کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جنھوں نے طلب میں میانہ روی سے کام لیا لیکن تقدیر نے ان کی مدد کی۔ جب قضاء اور قدر کو ٹالا نہیں جا سکتا تو پھر حفاظت بے کار ہے اللہ کی قضاء وقدر، تدبیر وتقدیر کے خلاف چلتی ہے۔

امور تقدیر (قضاء وقدر) کے ذریعے انجام پذیر ہوتے ہیں نہ کے تدبیر کے ذریعے۔

عقلمند وہی ہے جو کے قضاء قدر کے سامنے اپنا سر تسلیم خم کردے اور دور اندیشی سے عمل انجام دے۔ انسان کا ایمان جتنا زیادہ ہوگا اس کا قضاء وقدر پر ایمان بڑھتا چلا جاتا ہے اور عبرتیں

اس پر آسان ہوتی چلی جاتیں ہیں۔
جو قضاء وقدر پر یقین رکھتا ہوگا وہ مصیبت پر بہت زیادہ آہ وزاری نہیں کرے گا پھر جو تقدیر کی باتوں پر غضب ناک ہوتا ہے وہ پریشانی میں مبتلا ہو جاتا ہے، تمھاری تقدیر میں جو کچھ بھی لکھا جا چکا ہے اس پر کوئی شے غالب نہیں آسکتی۔۳۰؎

## نفسیاتی پہلو

تقدیر اللہ کی تخلیق ہے لہٰذا اس پر انسان کو مکمل یقین اور اطمینان رکھنا چاہئے کیونکہ ہر انسان کی زندگی میں آسانیاں اور مشکلات طے شدہ ہیں اور ہر مشکل کے بعد آسانی آتی ہے اور یہ سب زندگی کا لازمی جز اور حصہ ہے، توجہ طلب بات یہ ہے کے انسان حالات کے ہاتھ میں ایک کھلونا ہے اور اس کھلونے میں قدرت کی طرف سے چابی بھری جا چکی ہے چنانچہ انسان کے چاہنے یا نا چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا ہے ہوتا وہی ہے جو اللہ چاہتا ہے، جب اللہ ہی کی مرضی سے سب کچھ ہو رہا ہے تو انسان کو ان حالات پر احتجاج کرنے سے کہیں بہتر ہے کے وہ راضی بارضا رہے اور اللہ کی بنائی ہوءی تقدیر پر مطمین رہے، جب اس کو اللہ کی بنائی ہوئی تقدیر پر اطمینان حاصل ہو جائے گا تو وہ شکوہ اور شکایات کی کیفیات اور ذہنی الجھن اور پریشانی سے نکل کر سکون کی کیفیت میں داخل ہو جائے گا اور یہی سکون اس کی زندگی کی مشکلات کو آسان بنا دیں گی۔
حضرت امام علی نقیؑ فرماتے ہیں! تقدیر تمھیں وہ کچھ دکھاتی ہے جو تمھارے دل نے کبھی سوچا بھی نہیں ہوتا۔

## حوالہ کتب:


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ القمر۔آیت۔۵۲۔۵۳۔

۳۔سورہ انعام۔آیت۔۵۹۔

۴۔سورہ رعد۔آیت۔۳۹۔

۵۔سورہ الحدید۔آیت۔۲۲۔۲۳۔

۶۔سورہ الفرقان۔آیت۔۲۔

۷۔سورہ احزاب۔آیت۔۳۸۔

۸۔سورہ القمر۔آیت۔۴۹۔

۹۔سورہ الصفٰت۔آیت۔۹۶۔

۱۰۔سورہ فرقان۔آیت۔۲۔

۱۱۔سورہ رعد۔آیت۔۳۹۔

۱۲۔سورہ یونس۔آیت۔۴۹۔

۱۳۔ ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ(متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔

۱۴۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی(متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۱۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری(متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری(متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۹۔مجمع الزاوئد۔حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی(متوفی ۸۰۷ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت۔

۲۰۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی(متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۲۱۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۲۲۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل(متوفی ۲۴۱ھ)مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۲۳۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ(متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔

۲۴۔الفردوس بماثور الخطاب۔امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی۔(متوفی ۵۰۹ھ)۔مطبوعہ

دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۶ھ۔
۲۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۶۔سنن درامی۔امام عبداللہ بن عبدالرحمن درامی (متوفی ۲۵۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العربی ۱۴۰۷ھ۔
۲۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۲۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۲۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

# ۵۴۔القرآن۔قرآن

**قرآن کے نور سے شفا حاصل کرو کیونکہ یہ سینوں کے اندر چھپی ہوئی بیماریوں کے لئے شفا ہے (حضرت علیؑ)**

**القرآن**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ق۔ر۔ا) سے **مشتق** ہے۔

قراء۔کچھ ماہرین لغات کے مطابق! قراء عبرانی زبان کا لفظ ہے جس کے معانی اعلان کرنا ہے۔

قرآن۔کے لغوی معنی جمع کرنے کے ہیں۔

قرآن۔سے مراد سورتوں کو جمع کرنے والا۔۱؎

قرآن۔کو قرآن اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ یہ گزشتہ الہامی کتابوں کی تعلیمات کو یکجا کرنے والی ہے۔۲؎

قرآن کریم۔اللہ کا کلام ہے جس میں تمام دنیاوی اور اخروی معاملات کو یکجا کر دیا گیا ہے اور دنیا کا کوئی علم ایسا نہیں جو اس میں موجود نہ ہو اس کی تعلیمات ہدایت، معرفت، کرامت، بزرگی، نصیحت اور عبرت سے بھری ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

**وَلَقَدْ جِئْنَاهُمْ بِكِتَابٍ فَصَّلْنَاهُ عَلَىٰ عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ۔۳؎**

ترجمہ۔(قرآن) میں ہم نے علم کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے یہ اہل ایمان کے لئے ہدایت اور رحمت ہے۔

قرآن کا ایک نام مصحف بھی ہے۔

مصحف۔ سے مراد جس میں صحائف کو جمع کیا گیا۔
صحیفہ چرمی ٹکڑے یا کاغذ کے ورق کو بھی کہتے ہیں۔ ۴؎
قرآن کریم، میں سورتوں کی کل تعداد ۱۱۴ ہے، لفظ سورہ کے دو معنی ہیں۔
۱۔ رفعت اور بلندی۔ ۲۔ شہر کے گرد کھینچی ہوئی دیوار جس نے شہر کا احاطہ کیا ہوا ہو۔
اس اعتبار سے قرآن کی سورہ بھی اس کے مضامین کا احاطہ کئے ہوئے ہوتی ہیں جن میں مکی سورتیں ۸۶ اور مدنی ۲۸ ہیں جبکہ اس میں آیات ۶۶۶۶ ہیں۔ اس میں کل رکوع کی تعداد ۵۵۸ ہے اس کے نزول کی ابتداء رمضان کے مہینے میں ہوئی اور یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب مبارک پر تقریباً ساڑھے بائیس سال تک بتدریج نازل ہوا یہ وہ واحد کتاب ہے جس نے انسانیت اور اس کی تاریخ پر نہایت گہرے اثرات مرتب کئے ہیں انسان کی بنیاد وہم اور یقین پر ہے جیسے مذہبی اصطلاح میں شک اور ایمان کہا گیا اللہ تعالیٰ نے شک کو دل میں جگہ دینے سے منع فرمایا جبکہ یقین کو پختہ کرنے کی ہدایت کی ہے۔
قرآن کریم میں ارشاد خداوندی ہے!
ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ۔ ۵؎
ترجمہ۔ لاریب۔ یہ کتاب اسی کو ہدایت دیتی ہے جس کا یقین غیب پر ہو۔
ابدال حق حضور قلندر بابا اولیا نے فرمایا! جس انسان میں شک ہے۔
قرآن اس پر اپنی حکمت آشکار نہیں کرتا۔ ۶؎
مرشد کریم ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاء نے فرمایا! قرآن کریم درج ذیل تین عنوانات پر مشتمل اللہ کی کتاب ہے۔
۱۔ تاریخ۔
۲۔ معاش اور معاشرت۔
۳۔ علیین وسجین یعنی (معاد)۔ ۷؎

## معاد:

حضرت شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! قرآن کریم کا تیسرا حصہ معاد سے متعلق ہے۔
یعنی۔۱۔انسان اس دنیا میں پیدا ہونے سے قبل کہاں تھا؟
۲۔انسان اس دنیا میں کیوں آیا؟
۳۔انسان اس دنیا سے کہاں چلا جاتا ہے؟۔۸؎

علمائے روحانیت لکھتے ہیں! قرآن کریم کے ہر ایک لفظ پر فرشتے مامور ہیں تاہم جس قدر جس لفظ کا وزن اور Strength ہوگی اس لفظ پر اسی قدر فرشتے مامور ہوں گے فرشتے ان مذکورہ الفاظ سے توانائی حاصل کرتے ہیں چونکہ وہ فرشتے ان الفاظ پر مامور ہوتے ہیں چنانچہ جب وہ الفاظ پڑھے جاتے ہیں تو فرشتے خوشی کا اظہار کرتے ہیں اور اگر کوئی شخص ان آیات یا الفاظ کی باقاعدہ تلاوت کرتا ہے تو وہ فرشتے بھی وہاں باقاعدگی سے آکر اسے سنتے اور خوش ہوتے ہیں مثلاً اگر کوئی شخص بعد نماز عصر اللہ الصمد کا وظیفہ کرتا ہے اگر چہ یہ وظیفہ نہایت تیز تر، تیر بہ ہدف اور نہایت powerful ہے اور کچھ مخصوص فرشتوں کی روحانی غذا یا توانائی کے حصول کا ذریعہ بھی ہیں تو وہ وہ فرشتے پابندی سے وہاں آکر اس وظیفے کو سنتے ہیں تاہم اگر کسی وجہ سے طویل عرصہ تک کیا جانے والا وظیفہ کسی وجہ سے روک دیا جائے تو پھر وہ فرشتے وہاں آکر شور مچاتے ہیں کیونکہ انھیں اس مخصوص توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔

## ارشادات خداوندی:

لَّا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ تَنْزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ۔۹؎
ترجمہ۔(قرآن) میں باطل نہیں آسکتا نہ اس کے سامنے سے اور نہ ان کے پیچھے سے۔
وَمَا كَانَ هَٰذَا الْقُرْآنُ أَنْ يُفْتَرَىٰ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِنْ تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَّبِّ الْعَالَمِينَ۔۱۰؎
ترجمہ۔اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا اسے کوئی اپنی طرف سے بنالائے اور لیکن اپنے

سے پہلے کلام کی تصدیق کرتا ہے اور ان چیزوں کو بیان کرتا ہے جو تم پر لکھی گئیں، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ رب العالمین کی طرف سے ہے۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاهُ۔ ۱۱؎۔ ترجمہ۔ قرآن کو ہم نے حق کے ساتھ نازل کیا ہے۔

هٰذَا هُدًى۔ ۱۲؎۔ ترجمہ۔ یہ قرآن سراسر ہدایت ہے۔

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ الر۔ یہ (قرآن) اور اس کی آیات حکمت اور دانش سے لبریز ہیں۔ ۱۳؎

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت عثمان بن عفانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو قرآن مجید کو سیکھے اور سکھائے۔ ۱۴؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! لوگوں میں سے کچھ افراد اللہ والے ہوتے ہیں، صحابہ کرام نے عرض کی! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ کون لوگ ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قرآن والے ہی اللہ والے ہیں اور وہ اللہ کے خاص بندے ہیں ۔ ۱۵؎

حضرت ابوامامہؓ باہلی بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قرآن مجید پڑھا کرو کیونکہ یہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے لئے سفارشی بن کر آئے گا۔ ۱۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے قرآن پڑھا، اسے سیکھا اور اس کے مطابق عمل کیا تو اسے قیامت کے دن سورج کی روشنی کی طرح نور کا تاج پہنایا جائے گا اور اس کے والدین کو دو ایسے لباس پہنائے جائیں گے جن کی قیمت پوری دنیا سے بھی نہیں دی جاسکتی اس کے والدین کہیں گے کے ہمیں یہ لباس کیوں پہنایا گیا ہے؟ تو ان سے کہا جائے گا کے اس لئے کیونکہ آپ کے بیٹے نے قرآن پر عمل کیا ہے۔ ۱۷؎

حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے قرآن پڑھا اور اس

کو حفظ کر لیا تو اللہ تعالی اس کو جنت میں داخل کرے گا اور اس کو اس کے گھر کے ان دس افراد کے لئے شفاعت کرنے والا بنائے گا جو سب کے سب جہنم کے مستحق ہو چکے تھے۔۱۸؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ نے کوئی چیز اتنی توجہ سے نہیں سنی جتنی توجہ سے اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قرآن بہترین آواز کے ساتھ پڑھتے ہوئے سنا۔۱۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم اللہ کی طرف رجوع کرنے کے لئے قرآن سے بڑھ کر کوئی اور ذریعہ نہیں پاسکتے۔۲۰؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص (حضرت کلثوم بن ھدم) نے کہا!

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سورہ اخلاص سے محبت کرتا ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اس سورہ کی محبت تم کو جنت میں لے کر جائے گی۔۲۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم اپنی شفاء کے لئے دو چیزیں یعنی شہد اور قرآن کو لازم پکڑ لو۔۲۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قرآن کریم کی تلاوت خود پر لازم کر لو کیونکہ یہ تمھارے لئے زمین میں نور اور آسمانوں میں ذخیرہ ہوگی۔۲۳؎

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! روز قیامت قرآن تمھارے حق میں گواہی دے گا یا تمھارے خلاف گواہی دے گا۔۲۴؎

## امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! ہر چیز کا علم قرآن میں موجود ہے لیکن عقل انسانی اس کو حاصل کرنے سے عاجز ہے۔

ابوجحیفہؒ بیان کرتے ہیں، میں نے حضرت علیؓ سے پوچھا! کیا آپ کے پاس ایسی کوئی چیز ہے جو قرآن میں نہ ہو؟ حضرت علیؓ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس نے دانے کو چیرا اور روح کو پیدا کیا ہمارے پاس قرآن کے سوا کوئی اور چیز نہیں ماسوا اس فہم کے جو قرآن کو سمجھنے کے

لئے دی گئی ہے اور ماسوا اس کے جو اس صحیفہ میں ہے یعنی دیت اور قیدیوں کو چھڑانے کے احکامات اور یہ حکم کے مسلمان کو کافر کے بدلے قتل نہیں کیا جائے گا۔ ۲۵؎

بلاشبہ قرآن کا ظاہر دلفریب و زیبا ہے اور اس کا باطن عمیق ہے اس کے عجائبات کبھی فنا نہیں ہوں گے اور اس کی حیرت انگیز باتیں کبھی تمام نہیں ہوں گی اور اندھیروں کو صرف اسی کے ذریعے سے چھانٹا جاسکتا ہے۔

جو شخص قرآن پڑھتا ہو اور اس کے باوجود داخل جہنم ہوجائے تو سمجھ لو کے وہ شخص قرآن کی آیات کا مذاق کرتا تھا۔

قرآن پر عمل کے معاملے میں دوسرے تم پر سبقت نا لے جائیں۔

آپؑ نے عبداللہ بن عباسؓ کو جب خوارج سے بحث کے لئے بھیجا تو انھیں فرمایا! تم ان سے قرآن کے ذریعے بحث نا کرنا کیونکہ قرآن میں کئی جہات ہیں چنانچہ تم کچھ کہو گے اور وہ کچھ کہیں گے لہٰذا تم ان سے سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے استدلال کرنا کیونکہ وہ اس سے راہ فرار نہیں کر پائیں گے۔

قرآن کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور اسی سے نصیحت حاصل کرو اس کے حلال کو حلال اور حرام کو حرام جانو۔ قرآن کریم بہترین کلام ہے۔

قرآن کریم میں غور فکر کرو کیونکہ یہ قلوب کی بہار اور سینوں کی شفا ہے اور بے شک قرآن کے نور سے شفا طلب کرو۔

قرآن کریم کی تلاوت اچھی طرح سے کرو بے شک اس میں عبرت انگیز واقعات اور قصے ہیں جب قرآن کریم تمھیں کسی اچھی عادت کی طرف بلائے تو تو تم پر لازم ہے کے تم اپنے اندر وہ صفت پیدا کرو۔ قرآن کریم کا جمال سورہ البقرہ اور سورہ آل عمران ہے۔

تمھارے شب و روز کا سچا ساتھی قرآن کریم ہے۔

جو قرآن کریم کی آیات کو اپنا رہنما بنائے گا وہ یقیناً سیدھے اور پائیدار راستے کی جانب

ہدایت پا گیا۔

قرآن کے نور سے شفا حاصل کرو کیونکہ یہ سینوں کے اندر چھپی ہوئی بیماریوں کے لئے شفا ہے اللہ تعالی نے جس طرح سے قرآن کے ذریعے لوگوں کی نصیحت کی اس طرح کسی اور چیز سے نہیں کی۔ بلاشبہ یہ قرآن اللہ کی مضبوط رسی اور اس کی پر امن راہ ہے۔

لوگوں پر ایک ایسا وقت آنے والا ہے جب بنام قرآن صرف رسم الخط اور بنام اسلام صرف اس کا نام رہ جائے گا۔

قرآن میں تم سے پہلے والوں کی اور تمھارے بعد والوں کی خبر ہے اور جو کچھ تمھارے درمیان میں ہے اس کے لئے احکامات ہیں۔

جان لو کے بلاشبہ قرآن ایسا ناصح ہے جو دھوکا نہیں دیتا ہے اور ایسا ہادی ہے جو گمراہ نہیں کرتا ہے ایسا بولنے والا ہے جو جھوٹ نہیں بولتا ہے اور جو بھی اس کے پاس بیٹھتا ہے تو وہ فائدہ یا کسی کمی کے ساتھ ہی اٹھتا ہے یعنی ہدایت میں اضافہ یا پھر اندھے پن میں کمی کے ساتھ اور یہ بھی جان لو کے قرآن کے بعد کسی کے لئے فاقہ نہیں اور اس کے پہلے کسی کے لئے بے نیازی نہیں لہٰذا تم اپنی بیماریوں کے لئے اسے شفیع بنالو اور اپنی سختیوں کے لئے اسے مددگار بنالو یقیناً اس کے اندر سب سے بڑی بیماری کی دوا موجود ہے اور وہ سب سے بڑی بیماری کفر ہے لہٰذا اللہ سے اس کے ذریعے سے سوال کرو اور خدا کی بارگاہ کی طرف اس کی محبت کے ذریعے متوجہ بارگاہ خدا ہو اور اس کے ذریعے خلق خدا سے سوال نہ کرو۔

بلاشبہ قرآن سے بہتر اللہ کی بارگاہ کی طرف متوجہ ہونے کا کوئی اور ذریعہ نہیں اور یہ بھی جان لو کے یہ روز قیامت شفاعت کرے گا اور اس کی شفاعت قبول کر لی جائے گی اور اگر اس نے شکایت کردی تو اس کی شکایت کی بھی فوراً تصدیق کردی جائے گی۔

قرآن سیکھو یقیناً یہ دلوں کی دوا ہے۔

قرآن ثلث نازل ہوا ہے اس کا ایک تہائی ہمارے اور ہمارے دشمن کے بارے میں ہے پھر

اس کا ایک اور تہائی سنن اور امثال ہیں جبکہ ایک اور تہائی فرائض اور احکامات ہیں۔
اہل قرآن خدا کے خواص ہیں۔۲۶؎

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں! جس گھر میں کوئی مومن جب قرآن کی تلاوت کرتا ہے تو آسمان والوں کو زمین کا وہ گھر روشن ستارے کی مانند چمکتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔۲۷؎

## نفسیاتی پہلو

انسان کی بنیاد وہم اور یقین پر ہے جیسے مذہبی اصطلاح میں شک اور ایمان کہا گیا۔اللہ تعالی نے شک کو دل میں جگہ دینے سے منع فرمایا جبکہ یقین کو پختہ کرنے کی ہدایت کی ہے۔

قرآن کریم میں ارشاد خداوندی ہے!

ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ۔۲۸؎

ترجمہ۔لاریب یہ کتاب اسی کو ہدایت دیتی ہے جس کا یقین غیب پر ہو۔

ناواقفیت وہم اور شک کو بڑھا دیتی ہے نتیجہ میں ایمان اور یقین ٹوٹ جاتا ہے اگر کسی قوم میں یقین کی بہ نسبت شک زیادہ ہو تو یہ شک کی کیفیات زمین پر دو طرح سے اثر انداز ہوتی ہیں جب اس شک اور بے یقینی کا رخ عروج کی طرف ہو تو آفات سماوی کی تباہ کاریاں جبکہ اگر اس شک اور بے یقینی کا رخ نزول یعنی نیچے کی جانب ہو تو آفات ارضی کی تباہ کاریوں سے بنی نوع انسانیت نبرد آزما ہوتی ہے۔آسمانی آفات کے اثرات جب زمین پر بکھرتے ہیں تو اس کے نتیجے میں پوری قوم کے اعصاب و ذہن شدید متاثر ہوتے ہیں اور وہ بکھر کر رہ جاتی ہیں جبکہ اگر زمین پر انسان فتنہ،فساد، گروہ بندیاں، خانہ جنگیاں،نفرت، بے یقینی اور تشدد کو ہوا دیتا ہے تو اس کے نتیجے میں زمین میں زلزلے، سیلاب، اور وبائیں پھوٹ پڑتی ہیں اور یہی نہیں بلکہ کبھی کبھی تو یہ بے یقینی اس حد تک بڑھ جاتی ہے کہ انسان بڑی بڑی جنگوں کا حصہ بن کر بنی نوع انسانیت کو قتل عام کر کے ان کے کھوپڑیوں کے مینار تک تعمیر کرنے سے دریغ نہیں کرتا ہے۔دونوں صورتوں میں بنی نوع انسان اور قوم بری طرح سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار

ہو جاتی ہے اور نت نئی بیماریاں معاشرے میں جڑ پکڑنا شروع ہو جاتی ہیں۔

ابدال حق حضور قلندر بابا اولیا نے فرمایا! جس انسان میں شک ہے۔

قرآن اس پر اپنی حکمت آشکار نہیں کرتا۔۲۹

نزول قرآن سے پہلے دنیا ایک بہت بڑی غلط فہمی کا شکار تھی (جو کسی حد تک اب بھی پائی جاتی ہے) کے ہر وہ چیز جو انسانوں کو کسی قسم کا نفع یا نقصان پہنچا سکتی ہے یا وہ اپنے اندر خاص قسم کے مافوق الفطرت اثرات رکھتی ہے وہ عبادت، تقدس اور احترام کی مستحق ہے چنانچہ انسان نے ہر نفع اور ضرر پہنچانے والی اشیاء کی عبادت شروع کر دی۔لہٰذا انسان نے اشیاء کائنات سورج، چاند، ستارے، درخت، جانور، پہاڑ، دریا، آگ اور پتھروں کی پوجا شروع کر دی لیکن قرآن نے تمام بنی نوع انسانیت کو یہ بتایا! وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ۔

ترجمہ۔اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب کا سب اپنی طرف سے تمہارے کام میں لگا دیا، بے شک اس میں سوچنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

بالفاظ دیگر انسان کی خدمت کے لئے کل کائنات ہے جبکہ انسانوں اور جنات کو اللہ تعالیٰ نے اپنی عبادت کے لئے پیدا فرمایا ہے۔قرآن کریم نے یہ بھی پیغام دیا!

کائنات میں کسی شے کے گرد تقدس کا گھیرا نہیں بلکہ لائق تقدس صرف اور صرف اللہ کی ذات ہے اور اس کے بعد انسان کو یہ شرف حاصل ہے کیونکہ اللہ نے اس کو اشرف المخلوق بنایا تو اس کے بعد تحقیق کا دروازہ کھل گیا کیونکہ جب تک انسان تقدس اور احترام کو اپنے اوپر مسلط رکھتا ہے وہ تحقیق کا حق ادا نہیں کر سکتا ہے پھر یہ کے مذاہب کے عام رواج کے برعکس اسلام میں کسی نسل یا قبیلہ کو کوئی مذہبی تقدس حاصل نہ تھا اسلام کی تاریخ میں کوئی فرمانروا بدترین حالات میں بھی اپنے آپ کو آفتاب زادہ یا ماہتاب زادہ کہلانے کی جراءت نہ کر سکا۔طبقات کی زد میں کچلی ہوئی انسانیت اور امتیازی سلوک کی شکار اولاد آدم کے لئے یہ پیغام ایک بہت بڑی

تبدیلی کی نوید تھا کے کلکم ابناء آدم و آدم من تراب ، اب نہ بنی لووی کے سے خصوصی مذہبی اختیارات کسی کو حاصل ہوں گے اور نہ برہمنوں جیسی نسلی بالا دستی ، اب ہر انسان براہ راست ، ہر وقت ، ہر لمحہ ، ، ہر جگہ اور ہر حالت میں خالق کائنات سے رابطہ قائم کر سکتا ہے ، وہ ہر کسی کی سنتا ہے اور ہر پکار کا براہ راست جواب بھی دیتا ہے ۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں !

**وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ۔ ۳۰؎**

ترجمہ ۔ جب میرے بندے میرے بارے میں آپ سے پوچھیں ، تو آپ فرمائے ! میں ان سے بہت قریب ہوں ، جب وہ مجھے پکارتے ہیں تو میں ان کی پکار کا جواب دیتا ہوں ، انھیں بھی چاہئے کے وہ میرا جواب سن کر مجھے جواب دیں اور یقین رکھیں کے یہی ان کی رشد و ہدایت کا باعث ہے ۔ ۳۰؎

**وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۔ ۳۱؎**

ترجمہ ۔ (اللہ) تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں تم ہو ، اور اللہ اس کو جو تم کرتے ہو دیکھتا ہے ۔

لہٰذا اب نہ تو دعائیں اور مناجاتیں قبول کروانے والے واسطوں کی ضرورت ہے اور نہ ہی معاوضہ لے کر گناہوں کو بخشوانے والوں کی ۔ قرآن کریم نے یہ تمام واسطے ہمیشہ کے لئے ختم کر دئے ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے ! جب قبر کھلے گی تو قرآن اپنے پڑھنے والے سے کہے گا ! دوپہر کی گرمی میں روزے کی وجہ سے میں نے تجھے پیاسا رکھا اور ارت کو تہجد کی وجہ سے تجھے سونے نا دیا چنانچہ ( غمزدہ نا ہونا ) آج میں قبر میں تیرا ساتھی ہوں ۔ ۳۲؎

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۵۲۔
۴۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۔
۶۔وقت۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔
۷۔ماہنامہ قلندر شعور۔اشاعت۔دسمبر۔ ۲۰۱۹ء۔
۸۔باران رحمت۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔
۹۔سورہ حم السجدہ۔آیت۔ ۴۲۔
۱۰۔سورہ یونس۔آیت۔ ۷۳۔
۱۱۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔ ۱۰۵۔
۱۲۔سورہ الجاثیہ۔آیت۔ ۱۱۔
۱۳۔سورہ یونس۔آیت۔ ۱۔
۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۵۔ ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۱۶۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۷۔ المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی ۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ۔
۱۸۔ ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۱۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۰۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔ ۱۴۲۱ھ۔
۲۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۲۔ ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۲۳۔ الترغیب والترہیب۔امام زکی الدین عبدالعظیم بن عبدالقوی المنذری (متوفی ۶۵۶ھ) مطبوعہ دار الحدیث قاہرہ ۱۴۰۷ھ۔دار ابن کثیر بیروت ۱۴۱۴ھ۔

۲۴۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۳۹۰۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۲۷۔ الاصول من الکافی ۔شیخ ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی (متوفی ۳۲۹ھ)۔ج۔۲۔ص۔۳۴۸۔
مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ تہران۔
۲۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۔
۲۹۔وقت۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔
۳۰۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۶۔
۳۱۔سورہ الحدید۔آیت۔۴۔
۳۲۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

# ۵۵۔الیمین۔قسم:

**جھوٹی قسم گھروں کو ویران کر دیتی ہیں (حضرت علی)**

قسم۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ق۔س۔م) سے مشتق ہے۔
قسم۔سے مراد دلیل اور شہادت کے ہیں۔۱؎
قسم۔حق اور باطل میں فرق کرنے والی۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
**وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ۔ ۲؎**
ترجمہ۔اگر تم سمجھو تو یہ بہت عظیم قسم ہے۔
**لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ۔ ۳؎**
ترجمہ۔میں اس شہر کی قسم کھاتا ہوں۔
**وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ۔ ۴؎**
ترجمہ۔جس دن قیامت قائم ہوگی مجرم قسم کھا کر کہیں گے ہم صرف ایک ساعت ٹھہرے تھے وہ اسی طرح بھٹکتے ہوئے رہے۔
مومنین کا طریقہ بات بے بات قسمیں کھانا نہیں، مومن جب بات کرتا ہے تو نہایت اعتماد اور پختہ دلائل کے ساتھ اپنے موقف کی وضاحت کرتا ہے۔

**ارشادات خداوندی:**

قرآن کریم نے بے شمار کائناتی دلائل پیش کئے اور ان کی شہادت اور حق و باطل کے مابین فرق کو بھی اجاگر کیا اس ضمن میں کئی مقامات پر قسمیں بھی کھائی گئیں۔
یہ بھی بلاغت قرآنی کا ایک پہلو ہے جس سے کہیں استدلال اور کہیں استشہاد مراد ہے، یہ قرآن

کریم کے چند اسالیب تھے کے جن کی طرف انتہائی اختصار سے اشارے کئے گئے ان اسالیب میں کم وبیش ہر ایک نمونہ کلام عرب میں ملتا ہے گویا کلام عرب میں حسن وخوبی اور فصاحت وبلاغت کے جو اسالیب اپنائے جاتے ہیں وہ سب کے سب بدرجہ اتم قرآن کریم میں موجود ہیں۔

قرآن کریم میں اللہ تعالی نے جن چیزوں کی قسمیں کھائی ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا اِنَّ اِلٰـهَكُمْ لَوَاحِدٌ۔ ۵؎

ترجمہ۔ قسم ہے قطار در قطار صف باندھنے والوں کی، پھر ان کی قسم جو ڈانٹنے پھٹکارنے والے ہیں، پھر ان کی قسم جو کلام نصیحت سنانے والے ہیں، تمھارا معبود حقیقی صرف ایک ہی ہے۔

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ۔ ٦؎

ترجمہ۔ ص قسم ہے نصیحت بھرے قرآن کی۔

وَالْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ۔ ۷؎

ترجمہ۔ قسم کتاب المبین (قرآن کریم) کی۔

وَالْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ۔ ۸؎

ترجمہ۔ قسم ہے کتاب مبین کی۔

قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ۔ ۹؎

ترجمہ۔ ق قسم ہے قرآن مجید کی۔

وَالذّٰرِیٰتِ ذَرْوًا فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا فَالْجٰرِیٰتِ یُسْرًا فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔ قسم ہے گرد وغبار اڑانے والی ہواؤں کی، پھر قسم ہے بادلوں کی صورت میں پانی کا بوجھ اٹھانے والی ہواؤں کی، پھر قسم ہے آسانیوں سے چلنے والی کشتیوں کی، پھر قسم ہے رزق کی تقسیم کرنے والے فرشتوں کی۔

وَالطُّوْرِ وَ کِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ فِیْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ وَالْبَیْتِ الْمَعْمُوْرِ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْع

وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ۔۱۱؎

ترجمہ۔ قسم ہے کوہ طور کی، قسم ہے اس کتاب (قراان کریم) کی جو لکھی ہوئی ہے جو باریک کھال کے کھلے ہوئے ورق میں، قسم ہے بیْتِ الْمَعْمُوْرِ، قسم ہے بلند چھت کی، قسم ہے بھڑکائے ہوئے سمندر کی۔

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰی۔۱۲؎

ترجمہ۔ قسم ہے روشن ستارے کی جب وہ زمین کی طرف اترا۔

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ۔۱۳؎

ترجمہ۔ ن قسم ہے قلم کی اور اہل قلم کی۔

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ۔۱۴؎

ترجمہ۔ قسم ہے روز قیامت کی، اور قسم ہے نفس لوامہ (ملامت) کی۔

وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا فَالْعَاصِفَاتِ عَصْفًا وَالنَّاشِرَاتِ نَشْرًا فَالْفَارِقَاتِ فَرْقًا فَالْمُلْقِيَاتِ ذِكْرًا۔۱۵؎

ترجمہ۔ قسم ہے ان ہواؤں کی جو پے در پے بھیجی جاتی ہیں، پھر قسم ہے جو طوفانی رفتار سے چلتی ہیں، پھر قسم ہے ان ہواؤں کی جو بادلوں کو اٹھا کر پھیلاتی ہیں، پھر قسم ہے ان ہواؤں کی جو بادلوں کو پھاڑ کر جدا کرتی ہیں، پھر قسم ہے ان ہواؤں کیجو دلوں میں خدا کی یاد ڈالتی ہیں۔

وَالنَّازِعَاتِ غَرْقًا وَالنَّاشِطَاتِ نَشْطًا وَالسَّابِحَاتِ سَبْحًا فَالسَّابِقَاتِ سَبْقًا فَالْمُدَبِّرَاتِ اَمْرًا يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ۔۱۶؎

ترجمہ۔ قسم ہے جوڑوں میں گھس کر (سختی سے جان) نکالنے والوں، قسم ہے بند کھولنے والوں کی، قسم ہے تیزی سے تیرنے والوں کی، قسم ہے پھر دوڑ کر آگے بڑھ جانے والوں کی، قسم ہے پھر ہر امر کی تدبیر کرنے والوں کی، جس دن کانپنے والی کانپے گی۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ وَاللَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ۔

ترجمہ۔قسم کھاتا ہوں پلٹنے والے اور چھپ جانے والے تاروں کی، قسم ہے رات کی جب وہ رخصت ہوئی، قسم ہے صبح کی جب وہ سانس لے۔۱۷؎

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الۡبُرُوۡجِ وَالۡيَوۡمِ الۡمَوۡعُوۡدِ وَشَاهِدٍ وَّمَشۡهُوۡدٍ ۔۱۸؎

ترجمہ۔قسم ہے مضبوط قلعوں والے آسمان کی، قسم ہے اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے، اور قسم ہے اس دن کی جو حاضر ہوتا ہے اور اس کی جس کے پاس حاضر ہوتے ہیں۔

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ وَمَآ اَدۡرٰكَ مَا الطَّارِقُ ۔۱۹؎

ترجمہ۔قسم ہے آسمان کی اور رات کو نمودار ہونے والے کی قسم، اور آپ کو کیا معلوم رات کو آنے والا کیا ہے۔

وَالۡفَجۡرِ وَلَيَالٍ عَشۡرٍ وَالشَّفۡعِ وَالۡوَتۡرِ وَالَّيۡلِ اِذَا يَسۡرِ ۔۲۰؎

ترجمہ۔قسم ہے فجر کی، اور قسم ہے دس راتوں کی، قسم ہے جفت اور طاق کی، اور قسم ہے رات کی جب وہ گزر جائے۔

لَآ اُقۡسِمُ بِهٰذَا الۡبَلَدِ وَاَنۡتَ حِلٌّ بِهٰذَا الۡبَلَدِ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۔۲۱؎

ترجمہ۔نہیں میں قسم کھاتا ہوں اس شہر کی، جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس شہر میں مقیم ہیں، قسم ہے باپ کی اور اس اولاد کی جو اس سے پیدا ہوئی۔

وَالشَّمۡسِ وَضُحٰهَا وَالۡقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا وَالَّيۡلِ اِذَا يَغۡشٰهَا وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا وَالۡاَرۡضِ وَمَا طَحٰهَا وَنَفۡسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۔۲۲؎

ترجمہ۔سورج اور اس کی دھوپ کی قسم، چاند کی قسم جبکہ وہ اس کے پیچھے آتا ہے، دن کی قسم جبکہ وہ سورج کو نمایاں کر دیتا ہے، رات کی قسم جبکہ وہ سورج کو ڈھانپ لیتی ہے، آسمان کی قسم اور اس کی قسم جس نے اس کو بنایا، زمین کی قسم جس نے اسکو بنایا، نفس کی قسم جس نے اس کو درست کیا۔

(درج بالا آیات میں اللہ تعالی نے سات چیزوں کی قسم کھائی ہے)۔

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثٰى ۔۲۳؎

ترجمہ۔ رات کی قسم جب وہ چھا جائے، دن کی قسم جب وہ روشن ہو، اس ذات کی قسم جس نے نر اور مادہ کو پیدا کیا۔

وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى ۔۲۴؎

ترجمہ۔ چاشت کے وقت کی قسم، اور رات کی قسم جب وہ پھیل جائے۔

(چاشت کا وقت وہ ہوتا ہے جب دن نکل آئے اور دھوپ چڑھ جائے).

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْأَمِيْنِ ۔۲۵؎

ترجمہ۔ قسم ہے انجیر اور زیتون کی، قسم ہے طور سینا کی، قسم ہے پرامن شہر مکہ کی۔

وَالْعَادِيَاتِ ضَبْحًا فَالْمُوْرِيَاتِ قَدْحًا فَالْمُغِيْرَاتِ صُبْحًا فَأَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۔۲۶؎

ترجمہ۔ ان گھوڑوں کی قسم جو بہت تیز دوڑتے ہیں ہانپتے ہوئے، پتھر پر سم مار کر چنگاریاں اڑاتے ہیں پھر صبح کے وقت دشمن پر حملہ کرتے ہیں، پھر اس وقت وہ گرد وغبار اڑاتے ہیں پھر دشمن کی فوج میں گھس جاتے ہیں۔

وَالْعَصْرِ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۔۲۷؎

ترجمہ۔ زمانے کی قسم انسان بڑے خسارے میں ہے۔

وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ۔۲۸؎

ترجمہ۔ قسم ہے صبح کی جب وہ سانس لے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قسم کھانے سے مال تو جلدی بک جاتا ہے لیکن اس قسم کی وجہ سے مال کی برکت اٹھا دی جاتی ہے۔۲۹؎

ابو امامہ حارثیؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص قسم کے ذریعے کسی

مسلمان کا حق مارے گا تو اللہ تعالی اس پر جنت کو حرام اور جہنم کو اس پر واجب کردے گا۔
لوگوں نے پوچھا! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر چہ وہ معمولی چیز ہو؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!
ہاں، خواہ وہ پیلو کی ایک مسواک ہی کیوں نا ہو۔ ۳۰؎

حضرت عبدالرحمن بن سمرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم بتوں کی قسم کھاؤ اور نا ہی اپنے آباؤ اجداد کی۔ ۳۱؎

حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تمھیں ماں، باپ کی قسم کھانے سے منع کرتا ہے۔ ۳۲؎

## امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المونین حضرت علیؑ نے فرمایا! قسم مال واسباب کو برباد اور برکت کو ختم کر دیتی ہے۔
سب سے جلدی جس چیز کی سزا ملتی ہے اس میں۔
۱۔ظلم وستم۔ ۲۔غداری۔ ۳۔جھوٹی قسم شامل ہے۔
قسم کو اللہ کے احترام اور لوگوں کی اچھائی کے لئے ترک کردو۔
جو شخص جھوٹی قسمیں کھانے میں جلدی کرتا ہے وہ بھلا خدا کے عذاب سے کیسے بچ سکتا ہے۔
احمق اور جاہل کی ہر بات کے ساتھ قسم ہوتی ہے۔
اپنے آپ کو قسم کا عادی نا بناؤ کیونکہ بہت زیادہ قسمیں کھانے والا جھوٹ سے محفوظ نہیں رہتا۔
جھوٹے انسان کی ایک ذلت یہ بھی ہے کے وہ اس شخص کے لئے بھی بآسانی قسم کھالیتا ہے جو اس سے قسم کا مطالبہ بھی نہیں کرتا۔احمق ہر بات کے لئے قسم کھاتا ہے۔
جھوٹی قسم گھروں کو ویران کر دیتی ہیں۔ ۳۳؎
جو شخص جھوٹی قسم کھا کر کسی مسلمان کے حق پر قبضہ کرتا ہے تو اللہ تعالی اس پر جہنم واجب اور جنت حرام کر دیتا ہے۔
امام جعفر صادقؑ نے فرمایا! جھوٹی قسمیں انسان کو بے اولاد کر دیتی ہیں اور ان کی نسل کو منقطع

کر دیتی ہیں یہی نہیں بلکہ جھوٹی قسموں سے گھر ویران اور برباد ہو جاتے ہیں۔

## نفسیاتی پہلو

قسم کھانے کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے عام طور پر قسم اٹھانے والے لوگ نفسیاتی اعتبار سے کمزور جھوٹے یا نا قابل اعتبار ہوتے ہیں جبکہ ان لوگوں کو اپنی ان کمزوریوں کا بخوبی علم بھی ہوتا ہے لہذا وہ قسم کھا کر اپنی بات میں وزن پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں تاہم قسم اٹھانے کی وجہ سے لوگوں کی اکثریت ان کی باتوں کا یقین بھی کر لیتی ہے لیکن اکثر یہ قسمیں لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے ہی اٹھائی جاتی ہیں۔ اسلام اس رویہ کی سختی سے مخالفت کرتا ہے کیونکہ جو سچا انسان ہے اس کو اس بات کی پرواہ نہیں ہوتی کے لوگ اس کی بات پر یقین کریں گے یا نہیں وہ سچی بات کہہ دیتا ہے لیکن جھوٹے شخص کی سماج میں کوئی عزت اور وقعت نہیں ہوتی چنانچہ وہ جھوٹی قسمیں کھا کر لوگوں کو اپنی بات کا یقین دلاتا ہے تاہم اللہ کو ایسے لوگ سخت ناپسند ہیں اور ان لوگوں کو جھوٹی قسمیں کھانے کے نتیجے میں اللہ کے عتاب سے گزرنا پڑتا ہے اور ان جھوٹی قسموں کے بدلے اللہ ان کے گھروں کو ویران کر دیتا ہے، بسا اوقات ان کی نسل کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے اور ان کے گھروں سے خیر اور برکت کو اٹھا دیا جاتا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۔ ۳۴

ترجمہ۔ بے شک جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے حقیر معاوضہ لیتے ہیں آخرت میں ان کا کوئی حصہ نہیں اور ان سے اللہ کلام نہیں کرے گا اور قیامت کے دن ان کی طرف نہ دیکھے گا اور انہیں پاک بھی نہ کرے گا، اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ الواقعہ۔آیت۔۷۶۔

۳۔سورہ البلد۔آیت۔۱۔

۴۔سورہ روم۔آیت۔۵۵۔

۵۔سورہ الصافات۔آیت۔۱۔۴۔

۶۔سورہ ص۔آیت۔۱۔

۷۔سورہ الزخرف۔آیت۔۱۔۲۔

۸۔سورہ دخان۔ایت۔۱۔

۹۔سورہ ق۔آیت۔۱۔

۱۰۔سورہ الذاریات۔آیت۔۱۔۴۔

۱۱۔سورہ الطور۔آیت۔۱۔۵۔

۱۲۔سورہ نجم۔آیت۔۱۔

۱۳۔سورہ قلم۔آیت۔۱۔۲۔

۱۴۔سورہ القیامۃ۔آیت۔۱۔۲۔

۱۵۔سورہ المرسلات۔آیت۔۱۔۵۔

۱۶۔سورہ النزعٰت۔آیت۔۱۔۷۔

۱۷۔سورہ التکویر۔آیت۔۱۵۔۱۸۔

۱۸۔سورہ البروج۔آیت۔۱۔۳۔

۱۹۔سورہ طارق۔آیت۔۱۔۲۔

۲۰۔سورہ فجر۔آیت۔۱۔۴۔

۲۱۔سورہ البلد۔آیت۔۱۔۳۔

۲۲۔سورہ الشمس۔آیت۔۱۔۷۔

۲۳۔سورہ الیل۔آیت۔۱۔۳۔

۲۴۔سورہ الضحیٰ۔آیت۔۱۔۲۔

۲۵۔سورہ التین۔آیت۔ا۔۳۔
۲۶۔سورہ العادیات۔آیت۔ا۔۵۔
۲۷۔سورہ العصر۔آیت۔ا۔۲۔
۲۸۔سورہ التکویر۔آیت۔۱۸۔
۲۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۰۔ ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔
۳۱۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۳۲۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔
۳۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔ ۵۱۴۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۳۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔۷۷۔

## ۵۶۔ الجنت ۔ جنت

**جنت کے سوا تمام آسائشات حقیر اور جہنم کے سوا تمام بلائیں عافیت ہیں (حضرت علیؑ)**

**جنت** ۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ج ۔ ن ۔ ن) سے مشتق ہے ۔
جن ۔ کے معانی چھپا لینا۔
جنۃ ۔ سے مراد وہ ہتھیار جس سے انسان اپنا بچاؤ کرتا ہے۔
جنۃ ۔ کھجور اور انگور کے باغات کو کہتے ہیں ۔
جنۃ ۔ ہر اس باغ کو بھی کہا جاتا ہے جس کی زمین درختوں کی کثرت کی وجہ سے نظر نا آئے
قرآن کریم میں جنت کا ذکر بڑی جامع اصطلاح کے طور پر کیا گیا ہے۔
جنت ۔ ایسا خوشگوار، دل فریب، پر مسرت، پرسکون اور نعمتوں سے پر جائے مقام جہاں اللہ کے نیک بندے ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے ۔ ا؎

**ارشادات خداوندی:**

**فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔ ۲؎**

ترجمہ۔ کوئی شخص نہیں جانتا کہ ان کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے لئے کیا نعمتیں پوشیدہ رکھی گئی ہیں ۔

**مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔ ۳؎**

ترجمہ۔ مرد ہوں یا عورت ہوں جس نے بھی نیک عمل کیا بشرطیکہ وہ مومن ہو تو ہم اسے ضرور پاکیزہ زندگی کے ساتھ زندہ رکھیں گے اور ہم ضرور ان کو ان کے کئے ہوئے نیک اعمال کا اجر عطا فرمائیں گے۔

**وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ۔ ۴؎**

ترجمہ۔ حقیقت تو یہ ہے کے جب تم وہ جگہ دیکھو گے تو تمھیں نعمتوں کا ایک جہان اور ایک بڑی سلطنت نظر آئے گی۔

سَابِقُوْا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۔۵؎

ترجمہ۔ اپنے رب کی مغفرت کی طرف دوڑو اور جنت کی طرف جس کا عرض آسمان اور زمین کے عرض کے برابر ہے، ان کے لیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے، یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

## جنت کے سات نام:

ا۔ دارالسلام۔ ۲۔ دارالجلال۔ ۳۔ جنت عدن۔ ۴۔ جنت الماوی۔ ۵۔ جنت الخلد۔
۶۔ جنت الفردوس۔ ۷۔ جنت النعیم۔

## جنت کے دروازوں کا نام:

جنت کے درج ذیل آٹھ دروازے ہیں جن کے نام درج ذیل ہیں۔

ا۔ باب الصلاۃ۔ ۲۔ باب الریان۔ ۳۔ باب الجہاد۔ ۴۔ باب الصدقہ۔ ۵۔ باب الحج۔
۶۔ باب الایمن۔ ۷۔ باب الذکر۔ ۸۔ باب الکاظمین۔

## جنت کی عمارت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جنت کی عمارت کی ایک اینٹ چاندی کی ہے اور ایک اینٹ سونے کی ہے اور اس کا گارا خالص مشک کا ہے اور اس کی کنکریاں موتی اور یاقوت کی ہیں اور اس کی مٹی زعفران ہے۔۶؎

## اہل جنت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سب سے پہلا گروہ جو داخل جنت کیا جائے گا ان کی صورتیں

چودہویں رات کے چاند کی طرح روشن ہوں گی ۔ ۷؎

سب سے پہلے جنت میں امت محمدی ﷺ داخل ہوگی ۔

اہل جنت جب جنت میں داخل کئے جائیں گے تو مردوں کی عمریں ۳۳ برس اور خواتین ۱۸ برس کی ہوں گی اور وہ اپنی جوانی کے بہترین ایام میں جنت میں دال ئے جائیں گے ۔ ۸؎

اہل جنت کا قد (ساٹھ ہاتھ) جتنا لمبا ہوگا ۔ ۹؎

اہل جنت کی زبان سریانی ہوگی ۔ ۱۰؎

## رسول اللہ ﷺ کے ارشادات:

رسول اللہ ﷺ سے جب جنت کے درجات کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا! جتنے قرآن کریم میں حروف ہیں اتنے ہی جنت کے درجات ہیں اور جنت کے ایک درجے سے دوسرے درجے کا فاصلہ آسمان اور زمین جتنا ہے ۔ ۱۱؎

جنت میں مومنین کے سینوں میں صرف سورہ یٰسین اور سورہ طٰہٰ باقی رہ جائے گی باقی قرآن کو ان کے سینوں سے اٹھالیا جائے گا ۔ ۱۲؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ عزوجل نے فرمایا ہے! میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے وہ کچھ تیار اور جمع کر کے رکھا ہے جو نہ ہی کسی آنکھ نے دیکھا ہے، نہ ہی کسی کان نے سنا ہے اور نہ ہی کسی انسان کے دل میں ان (نعمتوں کا خیال) گزرا ہے لیکن یہ تمام (نعمتیں) ان نعمتوں کے علاوہ ہیں جن کے بارے میں تمھیں اللہ نے مطلع یا ہے ۔ ۱۳؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جنت کا دروازہ سب سے پہلے کھٹکھٹانے والے لوگ غلام ہوں گے ۔ ۱۴؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! دو جنتیں چاندی کی ہیں، ان میں موجود برتن بھی چاندی کے ہیں اور جو کچھ ان جنتوں میں ہے وہ بھی چاندی کی ہیں اور دو جنتیں سونے کی ہیں، ان جنتوں کے برتن بھی سونے کے ہیں، اور ان جنتوں میں موجود چیزیں بھی سونے کی ہیں ۔

جنت عدن میں لوگوں کے اور ان کے رب کے دیدار کے درمیان اس کے چہرے کی عظمت وکبریائی کی جو چادر ہے اس چادر کے سوا کوئی چیز حائل نا ہوگی۔ ۱۵؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جنت میں ایک درخت ہے جس کے سایے میں ایک سوار سو سال تک چل سکتا ہے اور پھر بھی اس کو طے نہ کر سکے گا۔ ۱۶؎

حضرت ثوبانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جب حوض کوثر کے مشروب کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے، جنت سے دو پرنالے اس میں تیزی سے شامل ہوکر اس میں اضافہ کرتے رہتے ہیں، ان میں ایک پرنالہ سونے کا ہے اور دوسرا چاندی کا ہے۔ ۱۷؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، بلاشبہ ماں کے پیٹ میں ضائع ہونے والا نا تمام بچہ بھی اپنی ماں کو اپنی ناف کی نالی کے ذریعے کھینچ کر جنت کی طرف لے جائے گا، بشرطیکہ وہ ماں اپنا بچہ ضائع ہونے پر صبر کرے اور ثواب کی امید رکھے۔ ۱۸؎

حضرت عبادہ بن صامتؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جنت میں ۱۰۰ درجات ہیں، ہر دو درجوں کے درمیان زمین اور آسمان جتنا فاصلہ ہے، فردوس جنت کا سب سے بلند درجہ ہے اور اسی سے جنت کی چار نہریں نکلتی ہیں اور اس کے اوپر عرش ہے پس جب تم اللہ سے سوال کرو تو فردوس کا سوال کرو۔ ۱۹؎

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ۔ ۲۰؎

ترجمہ۔ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کئے ان کے لئے طُوْبٰی (خوش حالی) اور اچھا ٹھکانہ ہے۔

طُوْبٰی۔ کے معانی خوش حالی اور اچھے ٹھکانے کے ہیں۔

طُوْبٰی۔ طیب کا مصدر ہے جس کے معانی مومنین کو پاکیزہ زندگی، عمدہ اور بہترین ٹھکانا، نعمت،

خیر، سرور اور خوشحالی عطا کی جائے گی۔۲۱؎

عتبہ بن عبدؓ بیان کرتے ہیں، ایک اعرابی نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا! کیا جنت میں پھل ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! ہاں جنت میں ایک درخت ہے جس کا نام طُوبٰی ہے۔۲۲؎

حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے کہا! رسول اللہ ﷺ اس شخص کے لئے طُوبٰی (خوشی) ہو جس نے آپ ﷺ دیکھا اور آپ ﷺ پر ایمان لایا، آپ ﷺ نے فرمایا! اس کے لئے طُوبٰی ہو جس نے مجھ کو دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا پھر طُوبٰی ہو پھر طُوبٰی ہو پھر طُوبٰی ہو اس کے لئے جو مجھ پر ایمان لایا حالانکہ اس نے مجھ کو نہیں دیکھا، ایک شخص نے پوچھا طُوبٰی کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! وہ جنت کا ایک ایسا درخت ہے جس کی سو سال کی مسافت ہے اور اہل جنت کا لباس اس کے شگوفوں سے نکلتا ہے۔۲۳؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جنت میں ایک درخت ایسا ہے جس کے سایے میں ایک سوار سو سال تک چلتا رہے گا اور اگر تم چاہو تو قرآن کریم کی یہ آیت پڑھو۔ وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ۔۲۴؎

ترجمہ۔ (اصحاب الیمین یعنی دائیں طرف والے پر ہوں گے) پھیلے ہوئے لمبے سائے۔

حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بے شک اہل جنت اوپر بالا خانہ والوں کو دیکھیں گے جیسے کے وہ اس روشن ستارے کو دیکھتے ہیں جو مشرقی یا مغربی افق پر ہوتا ہے کیونکہ اہل جنت کے درمیان فضیلت کے درجات ہوتے ہیں، مسلمانوں نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ! کیا یہ انبیاء علیہ السلام کی منازل ہیں؟ جن میں ان کے سوا کوئی دوسرا نہیں جا سکے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا! کیوں نہیں جس ذات کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اس میں وہ لوگ بھی ہوں گے جو اللہ پر ایمان لائے اور انھوں نے رسولوں کی تصدیق کی۔۲۵؎

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا گیا! کیا اہل جنت کو نیند آئے گی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! نیند موت کا بھائی ہے اور اہل جنت کو نیند نہیں آئے گی ۔۲۶ـــ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص جنت میں داخل ہوگا، وہ ناز و نعم میں ہوگا کبھی تنگ حال نہ ہوگا، نہ اس کا لباس پرانا ہوگا، نہ اس کی جوانی ڈھلے گی ۔۲۷ـــ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص یہ کلمات کہے تو اس پر جنت واجب ہو جاتی ہے،

رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)۔

ترجمہ۔ میں اللہ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رسول ہونے پر راضی ہوں ۔۲۸ـــ

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اہل جنت میں سب سے کم درجہ اس شخص کا ہوگا جو ایک ہزار سال کی مسافت سے اپنی جنتوں، اپنی بیویوں اپنی نعمتوں، اپنے خادموں اور اپنی باندیوں کو دیکھے گا اور اللہ کے نزدیک اہل جنت میں سب سے زیادہ مکرم شخص وہ ہوگا جو اللہ کے چہرے کا دیدار صبح و شام کرے گا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت پڑھی!

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۔۲۹ـــ

ترجمہ۔اس دن بعض چہرے تروتازہ ہوں گے اور اپنے رب کی طرف دیکھنے والے ہوں گے۔

حضرت سلیم بن عامرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جنت کی بیری بے کانٹوں کی ہو گیا ور ہر کانٹے کی جگہ پر اللہ ایک پھل پیدا کرے گا اور اس پھل میں سے ۲۷ ذائقے نکلیں گے اور ان کا رنگ ایک دوسرے سے جدا ہوگا۔۳۰ـــ

# امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جنت کے سوا تمام آسائشات حقیر اور جہنم کے سوا تمام بلائیں عافیت ہیں۔

جس انسان کو جنت کی طلب اور آرزو ہوگی وہ انسان خواہشات کے بھنور سے نکل جائے گا۔

بے شک اللہ نے اپنی اطاعت کے بدلے ثواب اور نافرمانی کے بدلے عذاب رکھا ہے تاکہ اللہ کے بندے سزا سے دور اور جنت سے قریب ہوسکیں۔

جسے حق نے اپنالیا وہ جنتی ہے اور جسے باطل نے اپنالیا وہ جہنمی ہے۔

جنت تیر وتلوار کی نوک کے نیچے ہے۔

اللہ تعالی بندوں کی صدق نیت اور باطن کی پاکیزگی کے سبب جس کو چاہے گا داخل جنت فرمائے گا۔تمھارے اور جنت وجہنم کے درمیان صرف تمھاری موت حائل ہے۔

جو انسان دنیا میں اس حال سے رخصت ہوا کے اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا تو بے شک وہ جنت میں داخل کردیا جائے گا۔

تمھارے نفوس کی قیمت جنت کے سوا کچھ نہیں چنانچہ انھیں جنت کے سوا کسی اور قیمت پر ہرگز نا بیچو۔ بہت سی قومیں داخل جنت کردی گئیں اگرچہ وہ روزے، نماز، حج اور عمرے کی پابند نہ تھیں لیکن حقوق اللہ، اطاعت گزاری بہترین تقویٰ اور یقین کامل کے سبب وہ دوسروں کے مقابلے میں بلند مراتب پر فائز ہوگئیں۔

چار چیزیں ایسی ہیں جو انسان کو جنت کی طرف بلاتی ہیں۔

۱۔مصیبت کو چھپانا۔ ۲۔ چھپا کر صدقہ دینا۔ ۳۔والدین سے نیکی کرنا۔

۴۔بکثرت لاالہ الااللہ پڑھنا۔

جنت اطاعت گزاروں کی جزا ہے۔جنت کامیاب لوگوں کا سرمایہ ہے۔

جنت کامیاب لوگوں کا ٹھکانا ہے۔

اللہ کے احکامات کے سامنے سر کو جھکانے کا بدلہ دار النعیم ہے۔

میں طالب جنت جیسا ایسا کوئی انسان نہیں دیکھا جو مطلوب سے غافل ہو اور نا ہی جہنم سے بھاگنے والے کسی انسان کو اس قدر غافل دیکھا۔

جنت کا اصل حقدار وہ ہے جس کی نیت صاف اور باطن پاک اور خالص ہوگا۔

جنت کی تمنا کرنے سے جنت نہیں ملتی۔

جنت میں رہنے والے انسان ہمیشہ آسائشوں میں رہیں گے۔۱۳۱؎

حضرت امام جعفر صادقؑ سے کسی نے جنت اور جہنم کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا! اللہ تعالی نے دنیا میں جنت اور جہنم کا نمونہ پیش کر دیا ہے کیونکہ جنت کا نام آسائش اور جہنم کا نام تکلیف ہے چنانچہ جنت کا حق دار صرف وہی ہے جو اپنے تمام امور اللہ کے سپرد کر دے جبکہ جہنم کا مستحق وہ ہے جو کے اپنے امور کو سرکش نفس کے حوالے کر دے۔

## نفسیاتی پہلو

جنت کی فضاء ایک آزاد فضاء ہے جہاں نا کوئی غم ہے اور نا کوئی خوف، تاہم جنت کے مکین اللہ کے برگزیدہ بندے ہیں اور یہ وہی لوگ ہیں جن کے سروں پر اللہ نے اپنا دست شفقت رکھ دیا ہے اور یہی وہ قدسی نفوس افراد ہیں جو اللہ کے دوست ہیں چنانچہ اللہ کے دوستوں کا مقام جنت ہے جہاں سکون، راحت، اطمینان، خوشی، مسرت اور گہری طمانیت پائی جاتی ہے جو انسان کے اندرون کو بھی معطر کر دیتی ہے، ان کیفیات پر بنی نوع انسانیت کا حق ہے چنانچہ اس مقام کو حاصل کرنے کے لئے اللہ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کو دنیا میں بھیجا تا کہ وہ انسانوں کی رہنمائی کرتے ہوئے انھیں ان کے ازلی قیام گاہ تک پہنچا دیں۔

جب دکھی انسانیت اپنے دنیا میں آنے کے مقاصد سے واقف ہوتے ہوئے اللہ کی اطاعت اور عبادت کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیتی ہے تو وہ گویا جنت کے راستے پر گامزن ہو جاتی ہے اگر چہ جنت کا راستہ تکالیف اور آزمائش سے پر ہے لیکن اس کے باوجود انسان کا

ضمیر مطمین اور پرسکون رہتا ہے باالفاظ دیگر ہر انسان اپنے ساتھ جنت اور جہنم لئے پھرتا ہے یعنی اس کی طرز فکر کیا ہے اگر طرز فکر پیغمبرانہ ہے تو وہ جنت کا مسافر ہے جبکہ اگر انسانی سوچ پر ابلیسیت کا غلبہ ہے تو وہ جہنم کے راستے پر ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ السجدہ۔آیت۔۱۷۔

۳۔سورہ النحل۔آیت۔۹۷۔

۴۔سورہ دھر۔آیت۔۲۰۔

۵۔سورہ الحدید۔آیت۔۲۱۔

۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۷۔مشکوۃ۔امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ)۔مطبوعہ اصح المطابع دہلی دارارقم بیروت۔

۸۔تفسیر عزیزی۔شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (متوفی ۱۲۳۹ھ)۔مطبوعہ مطبع فاروقی دہلی۔

۹۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۱۰۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔

۱۱۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔

۱۲۔روح المعانی۔علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (متوفی ۱۲۷۰ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی۔

۱۳۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۴۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۸۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۱۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۲۰۔سورہ رعد۔آیت۔۲۹۔
۲۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۲۲۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل(متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۲۳۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل(متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۲۴۔سورہ الواقعہ۔آیت۔۳۰۔
۲۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری(متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۶۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی(متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔
۲۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری(متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۸۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی(متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔
۲۹۔سورہ القیامۃ۔آیت۔۲۲۔۲۳۔
۳۰۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری(متوفی ۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ۔
۳۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۰۸۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

## ۵۷۔ جوار۔ پڑوس

**رشتے داروں کو ایک دوسرے کی مدد کرنا چاہئے لیکن انھیں ایک دوسرے کا پڑوسی نہیں ہونا چاہئے (حضرت علیؑ)**

**جوار**۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ج۔و۔ر) سے مشتق ہے۔

الجار۔ سے مراد پڑوسی اور ہمسایہ کے ہیں۔ ۱؎

الجار۔ ایسا شخص جسے تم نے کسی کے ظلم وستم سے پناہ دی ہو۔

الجار۔ دوست، ساتھی، شریک اور مددگار۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِی الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا۔

ترجمہ۔ اللہ کی بندگی کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ کرو، اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور قریبی ہمسایہ اور اجنبی ہمسایہ اور پاس بیٹھنے والے اور مسافر اور اپنے غلاموں کے ساتھ بھی (نیکی کرو)، بے شک اللہ پسند نہیں کرتا اِترانے والے بڑائی کرنے والے شخص کو۔ ۲؎

**ارشادات خداوندی:**

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِی الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا۔

ترجمہ۔ترجمہ۔ اللہ کی بندگی کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ کرو، اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور قریبی ہمسایہ اور اجنبی ہمسایہ اور پاس بیٹھنے والے اور مسافر اور اپنے غلاموں کے ساتھ بھی (نیکی کرو)، بے شک اللہ پسند نہیں کرتا اِترانے والے بڑائی کرنے والے شخص کو۔ ۳؎

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مجھے جبرائیل علیہ السلام نے پڑوسیوں کے اس قدر حقوق بیان کئے کہ مجھے ایسا لگا کے اب وہ پڑوسیوں کو وراثت میں بھی حصہ دار بنادیں گے۔ ۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ یہ فرمایا! خدا کی قسم وہ مومن نہیں جس کا پڑوسی اس کے شر سے محفوظ نہ ہو۔ ۵؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو کوئی اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہئے کے وہ پڑوسیوں کو تکلیف نہ پہنچائے اور جو کوئی اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہئے کے وہ اپنے مہمان کی عزت کرے اور جو کوئی اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہئے کے وہ اچھی بات زبان سے نکالے ورنہ خاموش رہے۔ ۶؎

امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ روایت کرتے ہیں!

مجاہد بیان کرتے ہیں، حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے گھر ایک بکری ذبح ہوئی تو انہوں نے دوبارہ پوچھا کیا تم نے ہمارے یہودی پڑوسی کے لئے ہدیہ بھیجا؟ کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے سنا کے جبرائیل علیہ السلام مجھ کو ہمیشہ پڑوسی کے متعلق وصیت کرتے رہے حتیٰ کے میں نے یہ گمان کیا کے وہ پڑوسی کو میراث میں حصہ دار بنادیں گے۔ ۷؎

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص اپنے دوستوں کے نزدیک اچھا ہو وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے اور جو شخص اپنے پڑوسیوں کے نزدیک اچھا

ہو وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے۔۸؎

امام ابوالحسن علی بن احمد واحدی نیشا پوری متوفی ۴۵۸ھ لکھتے ہیں!

حضرت عائشہؓ نے عرض کی، یارسول اللہ! میرے دو پڑوسی ہیں میں ان میں سے کس کے ساتھ ابتداء کروں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس کا دروازہ تمہارے دروازے کے زیادہ قریب ہو۔۹؎

امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد طبرانی متوفی ۳۶۰ھ روایت کرتے ہیں!

حضرت معاویہ بن حیدہؓ بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پڑوسی کا مجھ پر کیا حق ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر وہ بیمار ہو تو تم اس کی عیادت کرو، اگر وہ مرجائے تو اس کے جنازے میں شریک ہو، اگر وہ تم سے قرض مانگے تو اس کو قرض دو، اگر وہ بدحال ہو تو اس پر ستر کرو، اگر اس کو کوئی اچھائی پہنچے تو اس کو مبارک باد دو، اگر اس کو کوئی مصیبت پہنچے تو اس کے ساتھ تعزیت کرو، اپنے گھر کی عمارت اس کے گھر کی عمارت سے بلند نہ کرو مبادا اس کی ہوا نارک جائے۔۱۰؎

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم میں سے کوئی شخص سالن پکائے تو اس میں شوربا زیادہ کرے پھر اپنے پڑوسی کو بھی اس میں سے دے۔۱۱؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص پیٹ بھر کر رات گذارے اور اس کو علم ہو کے اس کا پڑوسی بھوکا ہے اس کا مجھ پر ایمان نہیں ہے۔۱۲؎

علامہ ابی مالکی متوفی ۸۲۸ نے لکھا! جس شخص کا گھر یا دکان تمہارے گھر یا دکان سے متصل ہو وہ تمہارا پڑوسی ہے، بعض علماء نے چالیس گھروں تک اتصال کا اندازہ کیا ہے۔۱۳؎

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا! تم اپنے پڑوسیوں سے ایسی ہی محبت کرو جیسی محبت تم اپنے آپ سے کرتے ہو۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر سالن کم ہو تو اس میں تھوڑا پانی شامل کردو اور تھوڑا سا سالن پڑوس

میں بھیج دو۔ ۱۴؎

اسی طرح سے پڑوسیوں کو تحفے تحائف بھیجنے سے محبت میں اضافہ ہوتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ مسلمان خوش نصیب ہے۔

۱۔جس کا گھر وسیع ہو۔

۲۔اس کے پڑوسی نیک ہوں۔

۳۔اس کے پاس آرام دہ سواری ہو۔ ۱۵؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اے مسلم خاتون! کوئی پڑوسن اپنی دوسری پڑوسن کو کوئی چیز دینے میں حقارت محسوس نہ کرے چاہے وہ بکری کی کھر ہی کیوں نہ ہو۔ ۱۶؎

## امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! سفر کرنے سے قبل ہم سفر کے بارے میں پوچھ لو اور گھر خریدنے سے قبل پڑوسی کے بارے میں پوچھ لو۔

پڑوسیوں کی دل جوئی اور اپنے وعدوں کو وفا کرنے کے معاملے میں سنجیدگی سے کام لو۔

بدترین ہے وہ مال دار پڑوسی جو تمھاری مالی مشکل میں تمھاری مدد نا کرے۔

اپنی میتوں کو برے پڑوسی کے پاس دفن کرنے سے اجتناب کرو کیونکہ صالح ہمسایہ دنیا اور آخرت میں نفع کا سبب ہے۔

رشتے داروں کو ایک دوسرے کی مدد کرنا چاہئے لیکن انھیں ایک دوسرے کا پڑوسی نہیں ہونا چاہئے۔ اپنے پڑوس میں رہنے والوں کے ساتھ حسن سلوک کرو تم حقیقی مسلمان بن جاؤ گے۔

چار چیزیں بدبختی کی علامت ہیں۔

۱۔ برا پڑوسی۔

۲۔ بری اولاد۔

۳۔ بری عورت۔

۴۔تنگ گھر۔

برا ہمسایہ بہت عظیم مصیبت اور بہت بڑے نقصان کا سبب ہوتا ہے۔

تم ایسے انسان کے پڑوسی بنو جس کی برائیوں سے تم محفوظ و مامون رہو اور اس کی نیکیاں بھی تمھیں فائدہ پہنچائیں۔

جو اپنے پڑوسیوں کی کھوج میں لگا رہتا اس کے اپنے راز بھی طشت از بام ہو جاتے ہیں۔

پڑوسیوں کے کام میں ہاتھ بٹانا مروت کی علامت ہے۔۱۷؎

## نفسیاتی پہلو

انسان سب سے زیادہ اپنے پڑوسیوں سے قریب ہوتا ہے اگر چہ انسان کے عزیز اور رشتے دار بھی ہوتے ہیں لیکن خوشی یا غمی کے موقع پر اس کے پڑوسی اس کے سب سے زیادہ نزدیک ہوتے ہیں جبکہ رشتے داروں کی شرکت، پڑوسیوں کے مقابلے میں تاخیر سے ہوتی ہے، اسی وجہ سے اسلام پڑوسیوں کے بے شمار حقوق کی کی وضاحت اور تاکید کرتا ہے،

حدیث کے مطابق !انسان کی یہ خوش نصیبی ہے کے اس کے پڑوسی اچھے ہوں۔

اچھے پڑوسی انسان کے لئے کسی نعمت اور رحمت سے کم نہیں چنانچہ ان کے ساتھ اچھا سلوک انسان کو پرسکون اور آسودہ رکھتا ہے، انسان کے اچھے سلوک کی مثبت روشنی اس کو بے شمار بیماریوں اور پریشانیوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ النساء۔آیت۔۳۶۔

۳۔سورہ النساء۔آیت۔۳۶۔

۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۵۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

٦۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ٢٥٦ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
٧۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ٢٧٩ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔١۴۴١ھ۔
٨۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ٢٧٩ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔١۴۴١ھ۔
٩۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ٢٥٦ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
١٠۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ٣٦٠ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
١١۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ٣٦٠ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔
١٢۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ٣٦٠ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی
١٣۔مکمل اکمل المعلم۔علامہ محمد بن محمد سنوسی مالکی (متوفی ٨٩٥ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
١۴۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴٥٨ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ١۴٠١ھ۔
١٥۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ٢۴١ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔١٣٩٨ھ۔
١٦۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ٢٥٦ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
١٧۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔١١٠۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔١۴٢۴ھ۔

# ۵۸۔شفاء۔شفاء(صحت،تندرستی)

**اس انسان کو شفا نہیں ہو سکتی جو اپنا مرض اپنے طبیب سے چھپائے (حضرت علیؑ)**

**شفاء**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ش۔ف۔ی) سے مشتق ہے۔ا؎

شفاء۔بیماری سے صحت مند ہو جانا۔

الشفاء۔بیماری سے اچھا ہو جانا۔

الشفاء۔کا متضاد مرض ہے۔۲؎

**ارشاد خداوندی:**

**وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ**۔۳؎

ترجمہ۔جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھ کو شفا دیتا ہے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

حضرت ابو درداءؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک اللہ تعالی نے بیماری اور دوا دونوں کو نازل کیا ہے اور ہر بیماری کی دوا بنائی ہے۔

سو تم دوا کرو اور حرام کے ساتھ دوا نہ کرو۔۴؎

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہر بیماری کی دوا ہے پس جب کسی بیماری کی دوا حاصل ہو جائے تو وہ اللہ کے اذن سے تندرست ہو جاتا ہے۔۵؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!! اللہ نے کوئی بیماری ایسی نازل نہیں کی جس کی کوئی دوا نہ ہو۔۶؎

مشہور صوفی محمد بن علی بن عطیہ المشہور بابی طالب مکی (متوفی۔۳۷۶ھ) لکھتے ہیں!

جو شخص علاج نہیں کرتا ہے اس کے لئے افضل یہ ہے کے وہ اپنی بیماری کو مخفی رکھے کیونکہ یہ عمل

نیکیوں کے خزانے میں سے ہے اس لئے کہ یہ اس کے اور اس کے اخلاق کے درمیان معاملات سے ہے اس لئے ان کو چھپانے میں زیادہ سلامتی ہے اور زیادہ فضیلت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب کوئی بندہ بیمار ہوتا ہے تو اللہ تعالی فرشتوں کی طرف وحی فرماتے ہیں اور کہتے ہیں دیکھو میرے بندے کی طرف کے وہ اپنی عیادت کرنے والوں سے کیا کہتا ہے؟ اگر وہ اللہ کی حمد وثناء کرتا ہے اور کلمہ خیر کہتا ہے تو اس کے لئے دعا کرو اور اگر وہ شکایت کرتا ہے اور برے کلمات کہتا ہے تو پھر اس طرح نہ کرنا۔

حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! زیتون کی مسواک کیا خوب ہے، وہ مبارک درخت کی ہے، وہ بدبو کو زائل کرتی ہے۔

اور منہ کو خوشبو دار کرتی ہے، یہ میری مسواک ہے اور مجھ سے پہلے انبیاء کی مسواک ہے۔۷؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے نشہ آور چیزوں کے متعلق فرمایا! اللہ نے ان چیزوں میں تمھاری شفا نہیں رکھی جن کو تم پر حرام کیا گیا ہے۔۸؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے! اللہ تعالی نے اس چیز میں تمھارے لئے شفا نہیں رکھی جس کو تم پر حرام کیا گیا ہے۔۹؎

حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تمھیں کسی علاقے میں بلا کا علم ہو تو تم وہاں نہ جاؤ اور جب تم کسی علاقے میں ہو اور وہاں وباء آجائے تو تم وہاں سے نہ نکلو۔۱۰؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کلونجی میں موت کے سوا ہر بیماری کے لئے شفاء ہے۔۱۱؎

حضرت رافع بن خدریجؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بخار جہنم کی گرمی کی شدت سے ہے اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو۔۱۲؎

ام المنذر بنت قیس الانصاریہؓ بیان کرتی ہیں، میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے

اور آپ ﷺ کے ساتھ حضرت علیؓ بھی تھے جو بیماری کی وجہ سے کمزور لگ رہے تھے۔ ہمارے ہاں کچی کھجوروں کا خوشہ لٹکا ہوا تھا، رسول اللہ ﷺ کھڑے ہو کر اس میں سے کھجوریں کھانے لگے، تو حضرت علیؓ نے بھی کچھ کھجوریں تناول فرمائیں انھیں دیکھ کر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! علیؓ تم یہ کھجوریں نہ کھاؤ کیونکہ تم کمزور ہوتا ہم میں نے چقندر کا سالن بنایا تھا، وہ سالن میں نے آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا! اے علیؓ! اس سالن کو کھاؤ یہ تمہارے لئے فائدہ مند ہیں۔ ۱۳؎

حضرت قتادہ بن النعمانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ سے محبت فرماتے ہیں تو اس کو دنیا سے اس طرح پرہیز کراتے ہیں جس طرح تم میں سے کسی شخص کو جو استسقاء کا مریض ہو، اس کو پانی سے پرہیز کرایا جاتا ہے۔ ۱۴؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! بہت سی دوائیں بھی بیماری ہو جاتی ہیں۔

ہر مرض کی دوا اس مرض کو لوگوں سے چھپانا ہے۔

دوا پینا جسم کے لئے ایسا ہی ہے جیسے کپڑے کے لئے صابن، جو اس کپڑے کو صاف ستھرا تو کر دیتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی اس کو بوسیدہ بھی کر دیتا ہے۔

گائے کا گوشت بیماری لیکن اس کا دودھ، مکھن اور گھی شفا ہے۔

مسلمان کو اس وقت تک دوا استعمال نہیں کرنی چاہئے جب تک کے اس کا مرض اس کی صحت پر غالب نہ آجائے۔

جو دوا کی کڑواہٹ برداشت نہیں کرے گا وہ ہمیشہ تکلیف میں ہی رہے گا۔

جس کے امراض بڑھ جاتے ہیں اس کی شفا سمجھ میں نہیں آتی ہے۔

بہت سی بیماریاں دوا ہو جاتی ہیں تاہم ہر بیماری کی ایک دوا ہے۔

اللہ نے تمھاری بیماری کو تمھارے گناہ کو مٹانے کا سبب بنایا ہے۔

بیماری میں کوئی اجر نہیں ہے لیکن یہ گناہوں کو اس طرح سے ختم کر دیتی ہے جیسے سوکھے ہوئے پتے درخت سے جھڑتے ہیں۔

دنیا میں طویل عمر اور صحت سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔ سب سے اچھی قسمت جسمانی صحت ہے۔ انسان کا بہترین ساتھی اس کی صحت ہے اگر صحت اس کا ساتھ چھوڑ جائے تو ایسا انسان ہر رشتے کے لئے بوجھ بن جاتا ہے۔ صحت کے ذریعے لذتیں مکمل ہوتی ہیں۔

آپؑ نے حضرت امام حسنؑ سے فرمایا! میں تمھیں چار ایسی باتیں بتاتا ہوں جس کے کرنے سے تم کسی طبیب کے محتاج نہیں رہو گے۔

۱۔ شدید بھوک میں کھانا۔ ۲۔ کھانے کو اچھی طرح سے چبا کر کھانا۔ ۳۔ تھوڑی بھوک باقی رکھنا۔ ۴۔ سونے سے قبل رفع حاجت سے فارغ ہونا۔

اس انسان کو شفا نہیں ہوسکتی جو اپنا مرض اپنے طبیب سے چھپائے اور جو ایسا کرتا ہے وہ اپنے جسم کے ساتھ خیانت کرتا ہے۔ جو اپنے پوشیدہ امراض کو طبیب سے چھپاتا ہے طبیب بھی اس کے علاج سے عاجز ہو جاتا ہے۔ ۱۵؎

## نفسیاتی پہلو

قرآن کریم کے مطابق دنیا انسان کے لئے ایک آزمائش کی جگہ ہے جہاں انسان مستقل کسی نا کسی مشکل، دکھ یا بیماریوں کا شکار رہتا ہے، بیماری کی بے شمار وجوہات ہیں لیکن حدیث کے مطابق! کوئی ایسی بیماری نہیں جس کا کوئی علاج نا ہو تاہم جب کوئی دوا بیماری سے ہم آہنگ ہو جاتی ہے تو انسان کو صحت اور تندرستی حاصل ہو جاتی ہے، اگرچہ اچھی صحت اللہ کی عظیم نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے لیکن انسان اپنی صحت کی قدر اس وقت تک نہیں کرتا جب تک وہ کسی بیماری میں مبتلا نا ہو جائے، قرآن کریم کے مطابق! ہر بیماری کی دوا قرآن کریم اور شہد میں موجود ہے، علماء کرام لکھتے ہیں! ہیں سورہ فاتحہ میں ہر مرض کا علاج موجود ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ پورے قرآن کریم میں بھی انسان کی صحت اور تندرستی سے متعلق آیات موجود ہیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الشعراء۔آیت۔ ۸۰۔

۴۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۵۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۷۔المعجم الاوسط ۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔

۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۹۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۱۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۳۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

۱۴۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

# ۵۹۔العمر۔عمر

**دنیا کی کوئی نعمت طویل عمر اور اچھی صحت سے بڑھ کر نہیں (حضرت علیؑ)**

**العمر**۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ع۔م۔ر) سے مشتق ہے۔[۱]

عمارۃ۔سے مراد آباد کرنا۔

العمر۔سے مراد وہ مدت حیات جو انسان اس جسمانی وجود کے ساتھ گزارتا ہے۔

عمرہ اللہ۔سے مراد اللہ نے اس کی عمر دراز کی۔

العمر الارض۔سے مراد زمین کو آباد پایا۔

العمارۃ۔سے مراد کسی جگہ کو آباد کرنا۔[۲]

العمرۃ۔سے مراد کسی سے ملاقات یا کسی جگہ کو آباد کرنے جانا یا زیارت کعبہ کے لئے عمرہ کرنا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

**اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۚ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ**۔[۳]

ترجمہ۔بے شک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں، پس جو کعبہ کا حج یا عمرہ کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ ان کے درمیان طواف کرے، اور جو کوئی اپنی خوشی سے نیکی کرے تو بے شک اللہ قدر دان جاننے والا ہے۔

تعمیر الثوب۔سے مراد کپڑے کی عمدہ بناوٹ ہے۔

**العمر**۔سے مراد دین ہے۔[۴]

**ارشادات خداوندی:**

**وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ**

يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ -۵-

ترجمہ۔ آپ ضرور دیکھیں گے کے وہ اور لوگوں سے اور مشرکین سے بھی زیادہ زندگی کے دلدادہ ہیں، ان میں سے ہر ایک شخص یہ خواہش رکھتا ہے کے کاش اس کی عمر ہزار سال ہو اور یہ عمر اسے دی جائے تو یہ اس کو عذاب سے دور کرنے والی نہیں، اللہ دیکھتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَاۗ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ -٦-

ترجمہ۔ بے شک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں، پس جو کعبہ کا حج یا عمرہ کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ ان کے درمیان طواف کرے، اور جو کوئی اپنی خوشی سے نیکی کرے تو بے شک اللہ قدر دان جاننے والا ہے۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًاۗ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ -۷-

ترجمہ۔ وہی ہے جس نے تمھیں مٹی سے پیدا کیا پھر تمھارے لئے زندگی کی ایک مدت مقرر کی اور ایک دوسری مدت اور بھی ہے جو اس کے یہاں طے شدہ ہے مگر تم لوگ ہو کے شک میں پڑے ہوئے ہو۔

اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُۗ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ -۸-

ترجمہ۔ کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہیں دی تھی کے جس میں وہ شخص نصیحت قبول کر لیتا جو نصیحت قبول کرنا چاہتا ہو اور تمھارے پاس عذاب سے ڈرانے والا بھی آیا تھا لو اب مزا چکھو۔ ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشادات:

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص اسلام میں ۴۰ سال کی عمر کو پہنچ جائے تو اللہ تعالی اس کو جنون، جذام اور برص سے محفوظ رکھتا ہے اور جب وہ ۵۰ سال کی عمر کو پہنچ جائے تو اس سے حساب آسان کر دیتا ہے اور جب وہ ۶۰ سال کی عمر کو پہنچ جائے تو اللہ تعالی اس کو اپنی طرف رجوع کرنے کی توفیق عطا فرماتا ہے اور جب وہ ۷۰ سال کا ہوجاتا ہے تو اللہ اس سے محبت کرتا ہے اور آسمان والے اس سے محبت کرتے ہیں اور جب اس کی عمر ۸۰ سال ہوجائے تو اللہ تعالی اس کی نیکیوں کو برقرار رکھتا ہے اور اس کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور جب اس کی عمر ۹۰ سال ہوجائے تو اللہ تعالی اس کے اگلے اور پچھلے گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور اس کو اس کے گھر والوں کے حق میں شفاعت کرنے والا بنا دیتا ہے اور آسمان میں لکھ دیا جاتا ہے کے وہ زمین میں اللہ کا قیدی ہے۔۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی نے اس انسان کے عذر کے سلسلے میں حجت تمام کر دی جس کی موت کو مور کیا یہاں تک کے وہ ساٹھ برس کی عمر کو پہنچ گیا۔۱۰؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! آدم کا بیٹا بوڑھا ہوجاتا ہے لیکن دو چیزوں اس کے دل میں جوان رہتی ہیں۔ ا۔ دولت کی حرص۔ ۲۔ لمبی عمر کی حرص۔۱۱؎

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری امت کے اکثر لوگوں کی عمر ساٹھ سے ستر سال کے درمیان ہوگی اور بہت کم لوگ اس سے آگے بڑھیں گے ۱۲؎

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

ائے لوگو! یہ جان لو جو بھی اس زمین پر ہے ایک دن وہ اس زمین کے اندر چلا جائے گا اور یہ دن ورات عمروں کو بے کار کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ گھنٹے تمھاری عمروں کو نگل رہے ہیں۔

انسان کی عمر انمول ہے۔ دنیا کی کوئی نعمت طویل عمر اور اچھی صحت سے بڑھ کر نہیں۔

جس کی عمر طویل ہوجاتی ہے وہ اپنے دشمنوں میں خوش کن باتیں دیکھ لیتا ہے۔

انسان کی خوش نصیبی ہے کے وہ طویل العمر ہو اور اپنے دشمنوں میں وہ ایسی باتیں دیکھ لے جو اس کی خوشی کا سبب ہو۔

تم اپنی عمر کو فضول خرچ نا کرو، جس طرح سے تم مال کی فضول خرچی کو پسند نہیں کرتے۔

عمر چند گنی چنی سانسوں کا نام ہے۔

ساعتیں (سیکنڈز) انسانی عمروں کو گھٹا رہے ہیں۔

عمر کو زندگی کے لمحات فنا کر رہے ہیں۔

چالیس برس کی عمر میں انسان منزل کمال تک پہنچ جاتا ہے۔

تمھاری عمر کی ہر ایک سانس کو ایک نگہبان شمار کر رہا ہے۔

اپنی عمر کو فضول کاموں میں ضائع نا کرو کیونکہ ضائع ہونے والی عمر دوبارہ نہیں ملے گی۔

اللہ اس انسان پر رحم فرمائے جو یہ جان گیا کے اس کی عمر کی ہر سانس اس کو موت سے قریب تر کر رہی ہے اور وہ ان کی قدر کرتے ہوئے نیک اعمال میں جلدی کرے اور اپنی دنیاوی خواہشات وکم کرے۔

اپنی باقی ماندہ عمر کی قیمت یا تو نبی سمجھتے ہیں یا پھر صدیقین سمجھتے ہیں۔

دن تمھاری کتاب زندگی کے اوراق ہیں چنانچہ انھیں ضائع نا کرو۔ یہ کتاب زندگی اور اس کا ہر ورق اللہ کے حضور کھلے گا لہٰذا کسی ورق پر تمھیں شرمندگی کا سامنا نا کرنا پڑے۔ ۱۳

## نفسیاتی پہلو

انسان کی عمر اللہ کا ایک عظیم تحفہ ہے چنانچہ دنیا میں آنے کے بعد اگر انسان کو اس بات کا ادراک و آگہی حاصل ہو جائے کے وہ دنیا میں کس عظیم مقصد کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہے تو یقیناً انسان اپنی عمر کی حفاظت کرتے ہوئے اللہ کی عبادت اور اطاعت میں کوئی کوتاہی نہیں کرے گا، مومن کی لمبی عمر اس کے لئے تحفہ ہے کیونکہ وہ اللہ کی عبادات اور اطاعت کے ذریعے بے شمار نیکیوں کو حاصل کر لیتا ہے جبکہ استغفار کے ذریعے اپنے گناہوں کو معاف

کروالیتا ہے دوسری جانب وہ اللہ کے بندوں کی خدمت کے ذریعے اللہ کا قرب بھی حاصل کرلیتا ہے جو اگلے جہان میں اس کے بلند درجات کا سبب بنتے ہیں چنانچہ انسان کو اپنی عمر پر اللہ کی شکر گزاری کرتے ہوئے نیک اعمال کو انجام دینا چاہیئے اور ہر لمحہ ذکر الٰہی اور کائنات میں غور فکر کے ذریعے اللہ کی عظمت کا مشاہدہ کرنا چاہیئے۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۵۸۔

۴۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۹۶۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۵۸۔

۷۔سورہ انعام۔آیت۔ ۲۔

۸۔سورہ فاطر۔آیت۔ ۳۷۔

۹۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔ ۱۳۹۸ھ۔

۱۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۱۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۲۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۳۔تجلیات حکمت۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

# ۶۰۔رزق

## ہر انسان کا رزق اس کی موت کی طرح اس کا مقدر ہے (حضرت علیؓ)

الرزاق۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ر۔ز۔ق) سے مشتق ہے۔

علمائے کرام کی نظر میں رزق سے مراد صرف کھانا پینا، غذا یا روزی روزگار نہیں ہے بلکہ رزق ایک وسیع الجہت اصطلاح ہے جس میں انسان کو فائدہ پہنچانے والی ہر شے شامل ہے مثلاً والدین کی شفقت، بہن بھائی، دوست احباب، اچھے پڑوسی، علم وعقل، فہم وفراست، امانت، دیانت، فطانت، متانت، شمائل وفضائل، حسب ونسب، سعادت منداور نیک اولاد، اچھا روزگار، گھر، کاروبار، عزت، دولت، شہرت، نیک نامی، اچھی صحت، اچھے رشتے دار، آنکھوں کا نور، سماعت، بصارت وبصیرت، فوادقلبی، عبادت کی توفیق، نیک عمل کی ہدایت ملازمین و مددگار، اچھی اور آرام دہ سواری اور آرام دہ زندگی کی گزر بسر کے وہ تمام لوازمات جو ضرورت، آرام اور آرائش میں شامل ہوں۔

ماہرین لغات کے مطابق! ہر وہ شے جو کسی بھی ذی حیات کی نشونما میں معاون اور مددگار ہو اس کو رزق کہا جا سکتا ہے۔

بارش کو بھی رزق کہا گیا کیونکہ اس کے برسنے سے زمین کی کھیتی لہلہاتی ہے آبی ذخائر میں اضافہ ہوتا ہے، قحط سالی کا خاتمہ ہوتا ہے انسان حیوان، چرند و پرند اور سبزہ اس بارش سے استفادہ حاصل کرتے ہیں۔[۱]

مرتزقہ۔سے مراد ایسے افراد جن کی تنخواہیں، راشن یا دوسری کوئی اور سہولت مقرر اور طے شدہ ہو۔[۲]

یعنی سرکاری ملازمین، یا فوجی جنھیں تنخواہ، راشن اور دیگر کئی مراعات حاصل ہوتی ہیں۔

ابن فارس نے اس کے بنیادی معانی کسی فائدہ مند شے کو بروقت ادا کرنے کے بھی بیان کئے ہیں ہر عطا کی ہوئی چیز کو بھی عطیہ یعنی رزق کہا جاتا ہے۔

فقہائے کرام نے اسم الرزاق کی تین تعریفات بیان کی ہیں۔

ا۔علامہ خطابی فرماتے ہیں کہ رزاق وہ ذات پاک ہے جس کے ذمہ کل مخلوقات کو رزق دینے کی ذمہ داری ہے۔ ۳؎

۲۔اسم الرزاق اللہ کی وہ صفت ہے جو اپنی تمام مخلوقات کے لئے نا صرف روزی کا انتظام کرتی ہے بلکہ ان کے مقام پر رزق کو پہنچاتی بھی ہے۔ ۴؎

۳۔شیخ سعدی کہتے ہیں !الرزاق اپنی کل ملوقات جو بھی آسمانوں یا زمین میں ہیں انھیں رزق عطا کرتے ہیں۔

## اسم الرزاق کا نظام کائنات میں کردار

اللہ تعالی کی ایک صفت رزاقیت ہے لہٰذا تمام مخلوقات کو رزق پہنچانے کی ذمہ داری اللہ کی ہے نظام کائنات میں ہر ذی نفس کا رزق اللہ کے ذمہ کرم پر ہے جیسے وہ جانتا ہے کہ وہ اسے کہاں پہنچایا جائے گا رزق کا سلسلہ تو انسان کی پیدائش سے قبل ہی شرع ہو جاتا ہے یعنی ایک معمولی اور نا قابل تذکرہ نطفہ ماں کے وجود میں پل کر ایک انسان کا روپ دھارتا ہے پھر دنیا میں آنے کے بعد سے موت تک یہ سلسلہ جاری وساری رہتا ہے تاہم مرنے کے بعد بھی یہ سلسلہ منقطع نہیں ہوتا۔اسی جانب قرآن کریم نے اشارہ کیا!

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ۔

ترجمہ۔شہیدوں کو مردہ نہ جانو وہ زندہ ہیں اور ہمارے پاس سے رزق پاتے ہیں لیکن تمھیں اس کا شعور نہیں۔

جب قیامت قائم ہو جائے گی اور جنت جہنم کا فیصلہ کر دیا جائے گا تو جنت میں جنتی عمدہ اور نفیس غذائیں اور مشروبات سے لطف اندوز ہوں گے دوسری جانب جہنمیوں کی غذا میں کھولتا ہوا پانی

،خون، پیپ، اور کڑوی کسیلی غذائیں شامل ہوں گی۔
جب ذی نفوس کا مطالعہ کیا جاتا ہے تو یہ دیکھ کر عقل انسانی حیران اور ششدر رہ جاتی ہے کے اللہ تعالی کس طرح سے اپنی مخلوقات کا کفیل اور رزاق ہے یعنی پتھر میں بند کیڑا بھی اپنی غذا حاصل کر رہا ہے، سیم، مٹر کی پھلی، سیب یا امرود میں موجود کیڑا اپنی غذا اللہ کے حکم سے حاصل کرتا ہے جبکہ وہاں نا آنے کا راستہ ہے اور نا جانے کا اسی طرح سے پودوں سے خارج شدہ آکسیجن انسان اور جانوروں کے لئے زندگی کا پیغام ہے جبکہ انسان کی خارج شدہ کاربن ڈائی آکسائیڈ پھول پودوں اور نباتات کی زندگی کا موجب ہے۔
علمائے باطن فرماتے ہیں! قانون قدرت تو یہ ہے کے بھوکا پرندہ زمین پر اپنا پر نہیں مارتا اس سے قبل اس کی غذا کا انتظام اللہ کی جانب سے کر دیا جاتا ہے۔
حضرت علیؑ نے فرمایا! انسان رزق کو نہیں ڈھونڈتا ہے بلکہ رزق انسان کو تلاش کرتا ہے بالکل اسی طرح سے جیسے انسان کی موت اس کو تلاش کرتی ہے۔
کائنات کی ہر شے شعور رکھتی ہے اس میں زندگی موجود ہے وہ اپنے رب کو جانتی اور پہچانتی ہے صبح وشام اپنے رب کی عبادت، تسبیح اور سجدہ کرتی ہے یعنی ثابت ہوا کے زندگی کا دارومدار سانس پر ہے اور ہر زندہ شے اپنی بقاء کے لئے غذا بھی حاصل کرتی ہے جیسے پودے، درخت، پانی اور سورج کی روشنی سے اپنی غذا حاصل کرتے ہیں زمین کی غذا مردار، انسان، جانوروں، درختوں اور چرند پرند کے مردہ بوسیدہ اور بدبودار اجسام ہیں یہ زمین کا بنی نوع انسان پر احسان عظیم ہے کے دنیا کی بدبودار غلاظت کو وہ اپنے اندر سمیٹ لیتی ہے۔
اللہ کی ذات پاک ہے اور اللہ پاک چیزوں کو پسند فرماتے ہیں چاہے وہ غذا ہو یا اس کے حصول کے ذرائع دونوں کی پاکیزگی ایمان کی شرط اور جنت سے مشروط ہے تاہم قرآن کریم نے غذا کی پاکیزگی کی جانب بڑی وضاحت سے مدلل پیغامات دیتے ہوئے کہا کے
فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۔۵

ترجمہ۔کھاؤ جو اللہ نے حلال اور پاکیزہ دیا ہے۔

دوسری جانب روزگار کے حصول میں بھی حلال اور حرام کی تمیز سیکھاتے ہوئے بتایا!

وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ۔۶؎

ترجمہ۔نا کھاؤ ایک دوسرے کے اموال کو ناجائز طریقے سے اور حکام کو رشوت نہ دو۔

دین اسلام نے زندگی کے ہر پہلو کی جانب رہنمائی فرمائی اور کوئی پہلو تشنہ نہ چھوڑا اسلام ہر طرح کے ناجائز امور کی سختی سے ممانیت کرتا ہے اسلام دولت کے کمانے کی کوئی حد مقرر نہیں کرتا ہے لیکن ناجائز ذرائع آمدن جیسے رشوت، سود، سٹہ بازی، ناپ تول میں کمی، جوا گانا بجانا، ذخیرہ اندوزی، چوری، ڈکیتی، اغواء برائے تاوان، دھوکہ دہی اور اسراف کی سختی سے ممانیت کرتا ہے۔

انسان کا رزق اس کے دنیا میں آنے سے قبل ہی طے کر دیا گیا اس میں کسی قسم کی کمی بیشی کی گنجائش نہیں۔اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا!

تین چیزیں انسان کی پیدائش سے قبل متعین کر دی جاتی ہیں۔

۱۔زندگی۔۲۔موت۔۳۔رزق۔۷؎

جب ہر انسان کا رزق طے ہو چکا تو اب ایک ہی صورت باقی رہتی ہے کے وہ اس متعین شدہ رزق کو حلال طریقے سے حاصل کرتا ہے یا حرام ذرائع سے یہ فیصلہ ہر انسان اپنی قوت ایمانی کی بدولت خود کرتا ہے باالفاظ دیگر انسان دنیا میں آنے کے بعد اللہ کے متعین کئے ہوئے رزق کو یا تو حلال کرتا ہے یا حرام۔

**ارشادات خداوندی:**

وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ۔۸؎

ترجمہ۔ زمین پر چلنے والے ہر جاندار کا رزق اللہ کے ذمہ کرم پر ہے وہ اس کے ٹھہرنے اور اس کے سپرد کئے جانے کی جگہ کو جانتا ہے اور یہ سب ایک روشن کتاب میں ہے۔

وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ۔۹؎

ترجمہ۔ آسمان میں تمھارا رزق ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ۔۱۰؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ ہی سب سے بڑا رزق دینے والا اور سب سے زبردست قوت والا ہے۔

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرَازِقِيْنَ۔۱۱؎

ترجمہ۔ ہم نے تمھارے لئے زمین میں روزی کے ذرائع دئے ہیں اور ان کے لئے بھی جن کے تم رزاق ہو۔

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ۔۱۲؎

ترجمہ۔ اس سے کھاؤ جو اللہ نے حلال اور پاکیزہ دیا ہے اور اللہ کی نعمت کا شکر ادا کرو اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو۔

يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ۔۱۳

ترجمہ۔ اے رسولو! پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ اور نیک عمل کرو جو تم کرتے ہو میں جانتا ہوں

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ۔۱۴؎

ترجمہ۔ مسلمانو! اپنے درمیان اپنے بھائیوں کے مال کو ناحق نہ کھاؤ۔

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔۱۵؎

ترجمہ۔ کہہ دو کے پاک اور ناپاک برابر نہیں ہیں اگرچہ تمھیں ناپاک کی بہتات اچھی لگتی ہے سوائے عقلمندوں کے اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

اَلْیَوْمَ اُحِلَّ لَکُمُ الطَّیِّبٰتُ وَطَعَامُ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ حِلٌّ لَّکُمْ وَطَعَامُکُمْ حِلٌّ لَّھُمْ ۔۱۶؂

ترجمہ۔جن کو کتاب دی گئی ان کا کھانا تمھارے لئے حلال ہے اور تمھارا کھانا ان کے لئے حلال ہے۔

قُلْ لَّآ اَجِدُ فِیْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ یَّکُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّکَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔۱۷؂

کہہ دو کہ میں اس وحی میں جو مجھے پہنچی ہے کسی چیز کو کھانے والے پر حرام نہیں پاتا جو اسے کھائے مگر یہ کہ وہ مردار ہو یا بہتا ہوا خون یا سور کا گوشت کہ وہ ناپاک ہے یا وہ ناجائز ذبیحہ جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے، پھر جو بھوک سے بے اختیار ہوجائے ایسی حالت میں کہ نہ بغاوت کرنے والا اور نہ حد سے گزرنے والا ہو تو تیرا رب بخشنے والا مہربان ہے۔

وَلَا تَاْکُلُوْٓا اَمْوَالَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَی الْحُکَّامِ لِتَاْکُلُوْا فَرِیْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۔۱۸؂

ترجمہ۔ نا کھاؤ ایک دوسرے کے اموال کو ناجائز طریقے سے اور حکام کو رشوت نہ دو۔

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ کُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا ۖ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ۚ اِنَّهٗ لَکُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ۔۱۹؂

ترجمہ۔اے لوگو! ان چیزوں میں سے کھاؤ جو زمین میں حلال پاکیزہ ہیں، اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو، بے شک وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔

کُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰکُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِیْهِ فَیَحِلَّ عَلَیْکُمْ غَضَبِیْ ۚ وَمَنْ یَّحْلِلْ عَلَیْهِ غَضَبِیْ فَقَدْ هَوٰی ۔۲۰؂

ترجمہ۔تم ہمارا دیا ہوا پاک رزق کھاؤ اور اس میں حد سے آگے نہ بڑھو ورنہ تم پر میرا غضب

نازل ہوگا اور جس پر میرا غضب نازل ہوا وہ تباہ ہوا۔

وَلَا تَقْتُلُوٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۖ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۚ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۔۲۱۔

ترجمہ۔تم اپنی اولاد کو افلاس کے ڈر سے قتل نہ کرو ہم تم کو بھی رزق دیتے ہیں اور ان کو بھی ان کا مارنا بہت بڑی خطاء ہے۔

**رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

رزق کا دروازہ عرش تک پھیلا اور کھلا ہے اور اسباب معیشت بے حساب ہیں۔۲۲۔

عورت کو گھر میں خالی بیٹھنے کی جگہ چرخہ کاتنا اچھی کمائی کا ذریعہ ہے۔۲۳۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مالداروں کو حکم دیا کے وہ بکریاں پالیں اور غریبوں کو حکم دیا کے وہ مرغیاں پالیں بہترین عمل حلال روزی کمانا ہے۔

ابن آدم کا یہ بنیادی حق ہے کے اس کے پاس رہنے کے لئے ایک گھر ہو پہننے کے لئے لباس اور کھانے کے لئے روٹی اور پینے کے لئے پانی ہو۔۲۴۔

حضرت کعب بن عیاضؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہر امت کے لئے ایک فتنہ ہوتا ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے۔۲۵۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر ابن آدم کے پاس مال کی دو وادیاں ہوں تو پھر بھی وہ چاہے گا کے اسے تیسری وادی بھی مل جائے اور مٹی کے سوا کوئی چیز اس کے منہ کو نہیں بھر سکتی ہے اور جو شخص توبہ کرے اللہ اس کی توبہ قبول فرمالیتا ہے۔۲۶۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ مسلمان کامیاب ہوگیا جس کو اس کی ضرورت کے مطابق رزق دیا گیا اور اللہ نے اس کو اس پر قانع کردیا۔۲۷۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! زیادہ ساز وسامان سے غنا حاصل نہیں ہوتا ہے بلکہ غنا تو یہ ہے کہ جس کا دل غنی ہو۔۲۸۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب حضرت نوح علیہ السلام کی وفات کا وقت آیا تو آپ نے اپنے بیٹے کو نصیحت فرمائی!

اے میرے بیٹے! سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھتے رہا کرو اس کی برکت سے اللہ تعالی اپنی مخلوق کو رزق عطا فرماتے ہیں۔

## رزق کے سولہ (۱۶) دروازے

رزق کے حصول کے ۱۶ دروازے ہیں جو کے قرآن کریم اور احادیث نبوی ﷺ سے ثابت ہیں۔

**۱۔نماز:**

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب سجدہ میں ہوتا ہے سوتم سجدہ میں بکثرت دعا مانگا کرو۔۲۹

**۲۔استغفار:**

ارشاد خداوندی ہے!

اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ۔۳۰

ترجمہ۔اپنے رب سے معافی چاہو پھر اس کی طرف پلٹو، وہ تم پر آسمان کے دہانے کھول دے گا اور تمھاری موجودہ قوت پر مزید قوت کا اضافہ فرمادے گا۔

حضرت امام حسنؑ تشریف فرما تھے اور لوگ اپنے اپنے مسائل لے کر حاضر ہو رہے تھے کسی نے کہا! حضرت خشک سالی ہے آپؑ نے فرمایا کے کثرت استغفار کرو کسی سائل نے کہا! حضرت تنگدست مفلس ہوں کچھ وظیفہ عطا کیجئے۔آپ نے فرمایا! استغفار کی کثرت کرو کسی نے کہا! حضرت بے اولاد ہوں آپؑ نے فرمایا! استغفار کی کثرت کرو کسی نے کہا! بیمار ہوں آپؑ نے فرمایا کے استغفار کی کثرت کرو الغرض کے مسائل متفرق تھے لیکن آپ ان سب کا

ایک ہی علاج یعنی کثرت استغفار تجویز فرما رہے تھے کثرت استغفار سے جب کھل کر بارش ہوگئی تو امیر معاویہ نے ایک شخص سے کہا! جا کر پوچھو کے حضرت امام حسنؑ جو وظیفہ تجویز کرر ہے ہیں اس کی سند یا ہے؟ تو حضرت امام حسنؑ نے پوچھنے والے کے سامنے یہ آیت تلاوت فرمائی!

اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ۔ ۳۱؎

ترجمہ۔ اپنے رب سے معافی چاہو، پھر اس کی طرف پلٹو، وہ تم پر آسمان کے دہانے کھول دے گا اور تمھاری موجودہ قوت پر مزید قوت کا اضافہ فرمادے گا۔

**۳۔ صدقہ اور زکوۃ:**

وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ۔ ۳۲؎

ترجمہ۔ جو لوگ اللہ کی خوشنودی کی خاطر زکوۃ دیتے ہیں تو ایسے ہی لوگ اپنے مال کو دگنا کرنے والے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! زکوۃ سے اپنے اموال کی حفاظت کرو اور صدقات سے اپنے بیماروں کی دوا کرو اور مصائب کے لئے دعا کو تیار رکھو۔ ۳۳؎

حبان بن ابی جمیلہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو صدقہ سب سے زیادہ سرعت کے ساتھ آسمان پر چڑھتا ہے وہ یہ ہے کہ انسان بہت عمدہ کھانا تیار کرے اور پھر اپنے مسلمان بھائیوں کو کھلائے۔ ۳۴؎

**حضرت علیؑ نے فرمایا!**

اللہ نے زکوۃ کو رزق کے لئے سبب کے طور پر واجب کیا ہے۔

اپنی دولت کی حفاظت زکوۃ کے ذریعے سے کرو۔

## ۴۔تقویٰ:

### خشیت الٰہی :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو چیز سب سے زیادہ جنت میں داخل کرے گی وہ خشیت الٰہی اور اچھا اخلاق ہے۔۳۵۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص خشیت الٰہی کی وجہ سے گناہ ترک کردے اللہ اس کو بہترین نعمتیں عطا فرماتے ہیں۔۳۶۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بکثرت استغفار سے اللہ اپنے بندوں کو ایسی جگہ سے رزق عطا فرماتے ہیں جہاں اس بندے کا گمان بھی نہیں ہوتا۔۳۷۔

## ۵۔نفلی عبادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص پر تنگ دستی مسلط ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ مجھ پر کثرت سے درود بھیجے اس لئے کے درود شریف تنگ دستی ختم کر کے کثرت رزق اور حاجات کو پورا کرنے کا سبب ہے۔۳۸۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ضعیف اور کمزور لوگوں کو ڈھونڈنے میں میری مدد کرو کیونکہ کمزور اور ضعیف کی وجہ سے ہی تمھیں رزق دیا جاتا ہے اور تمھاری مدد کی جاتی ہے۔۳۹۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر کسی شخص کے بہت گناہ ہو جائیں تو اسے چاہیئے کے وہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ پانی پلائے تاہم اس شخص کے اس عمل سے اس کے گناہ ایسے جھڑیں گے جیسے خزاں کے موسم میں خشک پتے۔۴۰۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے! میری امت کے بہترین لوگ وہ ہیں جو لوگوں کو کھانا کھلاتے ہیں اور اس کھلانے میں ریاکاری یعنی دکھاوا نہیں ہوتا۔۴۱۔

حضرت براء بن عازبؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی نے دریافت کیا مجھے کوئی ایسا عمل بتائے کے میں جنت میں داخل ہو جاؤں ،تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بھوکے کو

کھانا کھلاؤ پیاسے کو پانی پلاؤ اور نیکی کا حکم دو اور برائی سے روکو اور اگر تم ان کاموں کی طاقت نہیں رکھتے تو پھر اپنی زبان سے دوسروں کو تکلیف اور نقصان نہ پہنچاؤ۔ ۴۲۔

حضرت سعد بن عبادہؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! سب سے افضل صدقہ پانی پلانا ہے۔ ۴۳۔

حضرت علیؓ نے فرمایا! رزق سخاوت میں پوشیدہ ہے لیکن لوگ اسے محنت میں تلاش کرتے ہیں ۔ ۴۴۔

حضرت عبدالقادر جیلانی فرماتے ہیں! میں نے سب اعمال کو دیکھا مجھے کھانا کھلانے سے بڑھ کر کوئی چیز باعث اجر نظر نہیں آئی اگر پوری دنیا میرے ہاتھ میں ہوتی تو میں بھوکوں کو کھانا کھلاتا۔

### ۶۔حج اور عمرہ:

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! حج اور عمرہ کرو کیونکہ یہ فقر اور گناہوں کو اس طرح سے مٹاتا ہے جس طرح سے بھٹی لوہے، چاندی اور سونے کے زنگ کو مٹاتی ہے۔ ۴۵۔

### ۷۔صلہ رحمی:

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں کشادگی کی جائے اور اس کی عمر میں اضافہ کیا جائے اس کو چاہئے کہ وہ اپنے رشتے داروں سے میل جول رکھے۔ ۴۶۔

### ۸۔غرباء کی مدد:

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا۔

ترجمہ۔ اللہ کی بندگی کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ کرو، اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور قریبی ہمسایہ اور اجنبی ہمسایہ اور پاس بیٹھنے والے اور مسافر اور اپنے غلاموں کے ساتھ بھی (نیکی کرو)، بے شک اللہ پسند نہیں کرتا اِترانے والے بڑائی کرنے والے شخص کو۔ ۴۷۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بیواؤں اور مساکین کے لئے کوشش کرنے والا اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے کی طرح ہے یا اس شخص کی طرح ہے جو دن میں روزے رکھتا ہے اور رات کو عبادت کرتا ہے۔ ۴۸۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم لوگوں کو اللہ صرف اپنے کمزور اور معذور لوگوں کی دعاؤں کی وجہ سے رزق عطا کرتا ہے۔ ۴۹۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کیا میں تمھیں افضل صدقہ نہ بتادوں؟ تم اپنی اس بیٹی کو صدقہ دو جو (شوہر کی موت یا طلاق کی وجہ سے) تمھارے پاس آ گئی ہو اور تمھارے سوا اس کا کوئی کمانے والا بھی نہ ہو۔ ۵۰۔

جس شخص کو اپنی بیٹیوں کی (پرورش اور تربیت) کی وجہ سے کوئی معمولی سی بھی تکلیف پہنچتی ہے تو یہ بیٹیاں اس کے لیے جہنم سے بچاؤ کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔ ۵۱۔

حضرت علیؑ فرماتے ہیں! دیکھو یتیموں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہو انھیں بھوک کی نوبت نہ آنے پائے۔ ۵۲۔

## ۹۔ توکل:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر تم اللہ پر توکل کرو جیسا کے اس پر توکل کا حق ہے تو وہ تمھیں ایسی روزی عطا رے جیسی روزی وہ پرندوں کو دیتا ہے یعنی پرندہ صبح بھوکا اٹھتا ہے اور شام کو وہ سیر ہو جاتا ہے اور تمھاری دعاؤں سے پہاڑ ٹل جائیں۔ ۵۳۔

حضرت علیؑ نے فرمایا! جو شخص بھی لوگوں سے بے نیازی کا اظہار کرتا ہے اللہ اسے دولت مند و

بے نیاز کر دیتا ہے۔ ۵۴۔

## ۱۰۔شکر:

حضرت حکم بن عمیرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم نے الحمد اللہ رب اللعالمین کہا تو تم نے اللہ تعالی کا شکر ادا کر دیا اور اللہ تعالی تمھاری نعمت میں زیادتی کرے گا ۔۵۵۔

## ۱۱۔گھر میں داخل ہوتے وقت مسکرانا اور سلام کرنا:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! گھر میں خوشدلی سے دال ہونے، اہل خانہ کو سلام کرنے اور گھر میں داخل ہوتے وقت سورہ اخلاص کو پڑھنے سے گھر میں خیر و برکت اور کشادگی پیدا ہوتی ہے۔۵۶۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سلام پھیلاؤ، اچھی گفتگو کرو، صلہ رحمی کرو اور راتوں کو جب لوگ سو رہے ہوں۔ تو تم قیام کرو تم سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔۵۷۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا! اسلام کے کون سے حکم پر عمل کرنا سب سے زیادہ افضل ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم جس شخص کو پہچانتے ہو یا نہ پہچانتے ہو اس کو کھانا کھلاؤ اور سلام کرو۔۵۸۔

## ۱۲۔والدین کی فرمانبرداری:

**وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا۔۵۹۔**

ترجمہ۔ہم نے انسان کو اس کے والدین کے ساتھ اچھے سلوک کی تاکید کی ہے۔

**إِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ وَلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَهُمَا قَوْلًا كَرِيمًا۔۶۰۔**

ترجمہ۔ ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو، اور اگر تیرے سامنے ان میں سے ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں اف بھی نہ کہو اور نہ انہیں جھڑکو اور ان سے ادب سے بات کرو۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے! جب انسان ثواب کی نیت سے اپنے اہل وعیال پر خرچ کرتا ہے تو اس کا یہ عمل بھی اس کے لئے صدقہ ہے۔ ۶۱۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب انسان اپنے والدین کے لئے دعا کرنا چھوڑ دیتا ہے تو اس کا رزق روک دیا جاتا ہے۔ ۶۲۔

### ۱۳۔ باوضو:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو بندہ باوضو سوتا ہے پھر رات میں کسی وقت اس کی آنکھ کھل جائے اور وہ اللہ سے دنیا یا آخرت کی کوئی دعا یا سوال کرے تو اللہ تعالی اس کی دعا کو قبول فرماتے ہیں۔ ۶۳۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! کیا میں ایسی چیز نا بتادوں جس کے سبب اللہ تعالی تمھاری خطائیں معاف فرمادے اور تمھارے درجات کو بلند فرمادے؟ صحابہ نے عرض کی کے کیوں نہیں، تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا! جس وقت وضو کرنا مشکل اور ناگوار لگے اس وقت کامل وضو کرنا اور مساجد کی جانب بکثرت قدموں کا جانا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا (اس عمل کا درجہ اللہ کی نظر میں ایسا ہے) جیسے کے کفار کی سرحد پر دین اسلام کی حمایت میں اپنا گھوڑا باندھنا۔ ۶۴۔

### ۱۴۔ چاشت کی نماز:

نماز چاشت کا وقت سورج ی بلندی کے بعد سے زوال تک ہے اس نماز کی بے حد فضیلت بیان کی گئی ہے جبکہ اس نماز کو ہمیشہ پڑھنے والے کے گناہ اگر سمندر کے جھاگ کے برابر بھی ہوں تو وہ مٹا دیئے جاتے ہیں اور اس شخص کے لئے جنت میں محل بنایا جاتا ہے اس نماز کی کم از کم رکعتیں دو اور زیادہ سے زیادہ بارہ ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بے شک ہر نماز اپنے سے پہلے گناہ کو مٹا دیتی ہے۔ ۶۵۔

نماز چاشت کے آخری سجدے میں ۴۰ مرتبہ یاوھاب ۲۱ دن تک پڑھنے سے اللہ تعالی

حیرت انگیز طور پر مال میں اضافہ فرماتے ہیں ۔

**۱۵۔سورہ واقعہ کی تلاوت:**

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جوشخص سورہ الواقعہ پڑھے گا اسے کبھی فاقہ نہ ہوگا۔٦٦ ۔

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سورہ واقعہ تونگری کی سورۃ ہے لہٰذا اس کو پڑھو اور اپنی اولاد کو بھی سیکھاؤ۔٦٧ ۔

**۱۶۔دعا:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! جوشخص بھی اپنے مسلمان بھائی کے لئے دعا کرتا ہے اللہ تعالی اس دعا کے ساتھ ایک فرشتہ مقرر کر دیتا ہے اور جب بھی وہ اپنے بھائی کے لئے دعا کرتا ہے تو وہ فرشتہ آمین کہتا ہے اور کہتا ہے، تیرے لئے بھی ایسا ہی ہو۔٦٨ ۔

حضرت سلیمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں، میں نے تورات میں پڑھا تھا کے کھانے کے بعد ہاتھ دھونے سے کھانے میں برکت ہوتی ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونے اور کلی کرنے سے کھانے میں برکت ہوتی ہے۔٦٩ ۔

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو یہ چاہتا ہے کے اللہ تعالی اس کے گھر میں خیر کی کثرت کرے اس کو چاہئے کے وہ کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوئے اور کلی کرے۔٧٠ ۔

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی اس بندے سے راضی ہوتا ہے جب وہ کوئی چیز کھا کر یا پی کر اس پر اللہ تعالی کی حمد کرتا ہے۔٧١ ۔

## امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! اگر تمھاری اللہ کے پاس کوئی حاجت ہے تو اپنا سوال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوۃ پڑھ کر شروع کرو اور پھر اپنی حاجت بیان کرو بلاشبہ اللہ اس چیز سے بزرگ و برتر ہے کہ اس سے دو سوال کئے جائیں ایک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوۃ اور دوسری اپنی حاجت اور وہ ان میں سے ایک کو قبول کرلے اور دوسرے کو رد کردے ضرورت سے زیادہ کا سوال نہ کرو اور مل جانے سے زیادہ طلب نہ کرو۔ ۲۷۔

تمام حمد وثناء اللہ کے لئے ہے تمام مخلوق جس کا کنبہ ہے وہ ہی اپنی ساری مخلوقات کے رزق کا ذمہ دار ہے اسی نے سب کی روزی کو مقرر کر رکھا ہے وہ دست طلب کے نہ بڑھنے پر بھی اتنا ہی کریم ہے جتنا دست سوال کے بڑھنے پر۔ ۳۷۔

صدقہ کے ذریعے رزق کو طلب کرو

ہر انسان کے مقدر میں جو کم یا زیادہ ہوتا ہے وہ ہر روز انسان پر بارش کے قطروں کی طرح آسمان سے امر الٰہی کی شکل میں نازل ہوتا ہے۔

جس کی عقل بڑھ جاتی ہے اس کا نصیب گھٹ جاتا ہے اور جیسے بھی بکثرت عقل دی گئی، اللہ اس کا حساب اس کے رزق میں کرلیتا ہے۔

کتنے ہی ایسے لوگ ہیں کے جنھوں نے اپنے آپ کو تھکا ڈالا مگر پھر بھی روزگار ان پر تنگ ہی رہا اور کتنے ہی ایسے لوگ ہیں کے جو طلب رزق میں میانہ رو رہے مگر تقدیر نے ان کا ساتھ دیا اللہ تعالی نے اپنے مومن بندوں کے لئے رزق صرف ایسی جگھوں پر قرار دیا ہے جہاں سے وہ گمان نہیں کرسکتے۔

ہر انسان کا رزق اس کی موت کی طرح اس کا مقدر ہے۔

تم سب اللہ کے اہل وعیال ہو، اور اللہ اپنے اہل وعیال کا بوجھ اٹھانے والا ہے۔

جو کل کے رزق کا اہتمام کرتا ہے وہ کبھی بھی کامیاب نہیں ہوتا ہے۔

اگر رزق عقل و دانش کے اعتبار سے ملتا تو بے وقوف اور جانور زندہ ہی نہ رہتے۔

اپنی غذا کم کرو۔ امراض خود بخود کم ہوجائیں گے اور باتیں کم کیا کرو تم ملامت سے بچے رہو

گے۔کم کھانا جسم کو امراض سے محفوظ رکھتا ہے جس کی غذا کم ہو گی اس کی اذیتیں بھی کم ہوں گی
ہمیشہ پیٹ بھر کر کھانا کھانا مختلف تکلیفوں کا باعث ہوتا ہے۔
زیادہ کھانا پرخوری کی شدید آرزو کی وجہ سے ہوتا ہے اور زیادہ کھانے کی آرزو بدترین عیوب میں شمار ہوتی ہے۔
زیادہ سونا اور زیادہ کھانا نفس کو تباہ کر دیتا ہے اور یہ دونوں ہی عادتیں حد درجہ مضر ہیں۔
پرخوری سے بچے رہو کیونکہ یہ دلوں میں سختی، نماز میں تساہلی اور فساد جسم کا سبب ہے۔
اللہ کے نزدیک دشمن ترین وہ بندہ ہے جس کا سب کچھ اس کا پیٹ اور اس کی شرم گاہ ہو۔۴۷؎

رزق دو طرح کا ہوتا ہے ایک جسے انسان تلاش کرے دوسرا جو انسان کو تلاش کرے۔
تھوڑے رزق کی ناقدری نہ کرو ورنہ رزق کثیر سے محروم ہو جاؤ گے۔
چنانچہ جو شخص دنیا کا طلب گار ہے موت اس کو ڈھونڈتی ہے اور جو آخرت کا طلبگار ہے اسے دنیا اور رزق تلاش کرتے ہیں یہاں تک کے ایسے شخص کو مال اور اعلیٰ درجے کی روزی (اور اللہ کی خوشنودی) حاصل ہو جاتی ہے۔۵۷؎

امام حسنؑ نے فرمایا! مخلوق کا رزق چوتھے آسمان پر ہے، یہ رزق ہر مخلوق کی تقدیر کے مطابق نازل ہوتا ہے اور تقدیر کے مطابق ہی زیادہ کر دیا جاتا ہے۔
حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا! روزی نہ کمانے والے کی اللہ عبادت اور دعا قبول نہیں فرماتا، تلاش معاش تم پر واجب ہے۔
حضرت امام شافعیؒ نے رزق میں اضافے کے چار اصول بیان فرمائے ہیں۔
۱۔نماز تہجد کی پابندی۔ ۲۔استغفار کی کثرت۔ ۳۔صدقہ دینا۔ ۴۔ذکر الٰہی کی کثرت۔۶۷؎

## نفسیاتی پہلو

ہر انسان کی طرح مہمان کی بھی عزت نفس ہوتی ہے اور کسی دوسری جگہ جا کر وہ لوگوں سے ان کی توجہ کا طالب ہوتا ہے ممکن ہے مہمان دور دراز کا سفر کر کے آیا ہوا یسے میں وہ کافی زود حسی کا شکار بھی ہوتا ہے اور اس کو میزبان کی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے چنانچہ میزبان پر لازم ہے کے وہ اپنے مہمان کی ضروریات کا خیال رکھء ے اور اس کے ساتھ اچھا رویے کا مظاہرہ کرے کیونکہ قرآن کریم فرد کی نفسیات کے بارے میں کافی تاکید اور تلقین کر چکا ہے چنانچہ مہمان کی عزت افزائی عین عبادت ہے۔

واصف علی واصف فرماتے ہیں! جب کمائی نا ہو اور رزق حلال موجود ہو تو ایسے رزق کو رزق کریم کہتے ہیں۔

تاہم رزق کا تعلق انسان کی قابلیت سے نہیں بلکہ رب کی عطا سے ہوتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس گھر میں مہمانوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے وہاں خیر یعنی رزق، برکت اور بھلائی اتنی تیزی سے پہنچتی ہے جتنی تیزی سے چھری بھی اونٹ کے کوہان کو طرف نہیں پہنچتی۔۶۷؎

**حوالہ کتب:**


۱۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ۔مصر۔۱۳۰۶ھ۔
۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ۔مصر۔۱۳۰۶ھ۔
۳۔تفسیر سورہ العنکبوت۔آیت۔۶۰۔
۴۔البدایۃ والنھایہ۔اسماعیل بن کثیر الدمشقی۔ج۔۲۔ص۔۲۱۹۔داراحیاء التراث العربی۔
۵۔سورہ النحل۔آیت۔۱۱۴۔
۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۸۔
۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۸۔سورہ ہود۔آیت۔۶۔
۹۔سورہ الذاریات۔آیت۔۲۲۔
۱۰۔سورہ الذاریات۔آیت۔۵۸۔
۱۱۔سورہ الحجر۔آیت۔۲۰۔
۱۲۔سورہ النحل۔آیت۔۱۱۴۔

۱۳۔سورہ المومنون ۔آیت ۔۵۱۔
۱۴۔سورہ النسا۔آیت ۔۲۹۔
۱۵۔سورہ المائدہ۔آیت ۔۱۰۰۔
۱۶۔سورہ المائدہ۔آیت ۔۵۔
۱۷۔سورہ الانعام۔آیت ۔۱۴۵۔
۱۸۔سورہ البقرہ۔آیت ۔۱۸۸۔
۱۹۔سورہ البقرہ۔آیت ۔۱۶۸۔
۲۰۔سورہ طحہ ۔آیت ۔۸۱۔
۲۱۔سورہ بنی اسرائیل ۔آیت ۔۳۱۔
۲۲۔کنوز الحقائق ۔امام عبدالروف بن علی المنادی ( متوفی ۱۰۳۱ھ ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ ۔ بیروت۔
۲۳۔کنوز الحقائق ۔امام عبدالروف بن علی المنادی ( متوفی ۱۰۳۱ھ ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ ۔ بیروت۔
۲۴۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی ( متوفی ۲۷۹ھ )۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۴۱ھ۔
۲۵۔صحیح سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی ( متوفی ۲۷۹ھ )۔رقم الحدیث ۔۲۳۴۸۔مطبوعہ دارالفکر۔
۲۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری ( متوفی ۲۵۶ھ )۔رقم الحدیث ۔۶۴۴۶۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت ۔ ۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۲۷۔صحیح سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی ( متوفی ۲۷۹ھ )۔رقم الحدیث ۔۲۳۴۸۔مطبوعہ دارالفکر۔
۲۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری ( متوفی ۲۵۶ھ )۔رقم الحدیث ۔۶۴۴۶۔
مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۲۹۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ ) ۔رقم الحدیث ۔۴۸۲۔مطبوعہ مکتبہ نزار۔
۳۰۔سورہ ہود۔آیت ۔۵۲۔
۳۱۔سورہ ہود۔آیت ۔۵۲۔
۳۲۔سورہ روم ۔آیت ۔۳۹۔
۳۳۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی ( متوفی ۳۶۰ھ ) مطبوعہ داراحیا التراث العربی۔
۳۴۔کنز العمال ۔علامہ علی تقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری ( متوفی ۹۷۵ھ ) مطبوعہ موسسۃ الرسالہ
۳۵۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی ( متوفی ۲۷۹ھ )۔رقم الحدیث ۔۱۶۳۶۹۔مطبوعہ دارالفکر۔
۳۶۔حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۳۷۔حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۳۸۔فضائل درود۔
۳۹۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی ( متوفی ۲۷۵ھ )۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ ۔
۴۰۔حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۴۱۔الفردوس بماثور الخطاب ۔امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی ( متوفی ۵۰۹ھ )۔
مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔۱۴۰۶ھ۔
۴۲۔حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۴۳۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ ( متوفی ۲۷۳ھ )۔مطبوعہ دارالفکر۔ بیروت ۔
۴۴۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۴۵۔صحیح سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی ( متوفی ۲۷۹ھ )۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۴۱ھ۔
۴۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری ( متوفی ۲۵۶ھ )۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۴۷۔صحیح سورہ النسا۔آیت ۔۳۶۔
۴۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری ( متوفی ۲۵۶ھ )۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۴۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری ( متوفی ۲۵۶ھ )۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۰۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ ( متوفی ۲۷۳ھ )۔مطبوعہ دارالفکر۔ بیروت ۔

۵۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۵۳۔حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
۵۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۵۵۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی۳۱۱ھ)۔ج۔۱۔ص۔۹۰۔مطبوعہ دارالمعرفہ۔
۵۶۔حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۵۷۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۵۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۹۔سورہ احقاف۔آیت۔۱۵۔
۶۰۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۲۳۔
۶۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۶۲۔جمع الجوامع۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی۹۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔۱۴۲۱ھ
۶۳۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔
۶۴۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۶۵۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۶۶۔مشکوۃ۔امام ولی الدین تبریزی (متوفی۷۴۲ھ)۔مطبوعہ اصح المطابع دہلی۔دارارقم۔بیروت۔
۶۷۔الفردوس بماثور الخطاب۔امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی۔
(متوفی۵۰۹ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔۱۴۰۶ھ۔
۶۸۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۶۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۴۱ھ۔
۷۰۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔
۷۱۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۷۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۷۳۔نہج البلاغہ۔خطبات حضرت علیؑ۔مترجم۔حجۃ الاسلام مولانا مفتی جعفر حسین۔
خطبہ نمبر۔۸۹۔ص۔۲۶۴۔مکتبہ امامیہ کتب خانہ لاہور۔سن ندارد۔
۷۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۷۵۔نہج البلاغہ۔خطبات حضرت علیؑ۔مترجم۔حجۃ الاسلام مولانا مفتی جعفر حسین۔
خطبہ نمبر۔۱۴۳۔ص۔۹۴۴۔مکتبہ امامیہ کتب خانہ لاہور۔سن ندارد۔
۷۶۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔

# ۶۱۔امر بالمعروف (نیکی کا حکم دینا)

**بے شک امر بالمعروف و نہی عن المنکر اللہ کی صفات میں سے دو صفات ہیں (حضرت علیؑ)**

**معروف** ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ع۔ر۔ف) سے مشتق ہے۔۱؎

معروف ۔ سے مراد اچھائیاں اور نیکیاں۔

معروف ۔کا متضاد منکر ہے۔

امر بالمعروف و نہی عن المنکر عربی زبان کا لفظ ہے جس سے مراد نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا یہ دنیا خیر و شر کا مسکن ہے جہاں خیر و شر کی قوتیں کام کر رہی ہیں اور ان دونوں کی یہ خواہش ہے کہ وہ ایک دوسرے پر غالب آجائیں جبکہ ہر انسان میں بھی یہی قوتیں کام کرتی ہیں اس لئے انسان کو چاہئے کے وہ اپنے اندر کے شر کو قابو میں رکھے اور اپنے خیر کو عام کرے

**ارشادات خداوندی:**

إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ۔۲؎

ترجمہ۔بے شک نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں۔

وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ۔۳؎

ترجمہ۔ چاہئے کے تم میں ایک جماعت ایسی ہو جو بلاتی رہے نیک کام کی طرف اور حکم کرتی رہے اچھے کاموں کا اور منع کرے برائی سے اور جو لوگ ایسا کریں گے وہی فلاح پانے والے ہیں۔

كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ۔۴؎

ترجمہ۔اب دنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو۔جیسے انسانوں کی ہدایت اور اصلاح کے لئے میدان میں لایا گیا ہے،تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ۔۵؂

ترجمہ۔مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے رفیق ہیں وہ ایک دوسرے کو اچھی بات کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں۔

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔۶؂

ترجمہ۔اے مومنو! تم پر اپنی جان کی فکر لازم ہے،تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی گمراہ ہو جب کہ تم ہدایت یافتہ ہو،تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر وہ تمہیں بتلا دے گا جو کچھ تم کرتے تھے۔

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ۔۷؂

ترجمہ۔اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اپنے رب کے راستے کی طرف دعوت دو حکمت اور نصیحت کے ساتھ اور لوگوں سے مباحثہ کرو ایسے طریقے پر جو بہترین ہو تمھارا رب ہی بہتر جانتا ہے کے کون اس کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے اور کون راہ راست پر ہے۔

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ۔۸؂

ترجمہ۔دین کے معاملے میں زبردستی نہیں ہے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:**

تم میں جو کوئی برائی ہوتی دیکھے تو اس کو چاہئے کے وہ اس کو اپنے ہاتھ سے روکے اگر ہاتھ سے نہ روک سکے تو اس کو اپنی زبان سے روکے اور اگر زبان سے بھی نہ روک سکے تو اس کو اپنے دل

میں برا جانے (یہ کمزور ترین ایمان کی علامت ہے)۔۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بخدا اگر تمھارے سبب سے اللہ کسی ایک انسان کو بھی ہدایت دے دے تو یہ تمھارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔۱۰؎

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص گناہ کر کے غمگین ہو جائے تو اللہ تعالی اس کو بخش دیتا ہے خواہ وہ استغفار نہ بھی کرے۔۱۱؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! نیکیوں میں سبقت کرو نیکیوں میں سبقت کرو اگر نوجوان اللہ سے ڈرنے والے اور بوڑھے نمازیں پڑھنے والے اور چرنے والے جانور نہ ہوتے تو تم سب پر آندھیوں کا عذاب آجاتا۔۱۲؎

طارق بن شہابؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا!

کون سا جہاد سب سے افضل ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ظالم بادشاہ کے سامنے کلمہ حق کہنا۔۱۳؎

حضرت امام حسینؑ فرماتے ہیں، ظلم کے خلاف جتنی دیر سے اٹھو گے، اتنی ہی زیادہ قربانیاں دینی پڑیں گی۔

حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کیا! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے نزدیک کون سے شہداء سب سے زیادہ مکرم ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ شخص جس نے کسی ظالم حاکم کے سامنے کھڑے ہو کر اس کو نیکی کا حکم دیا اور برائی سے روکا اور حاکم نے اس کو شہید کر دیا۔۱۴؎

حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کیا! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! قیامت کے دن کن لوگوں کو سب سے زیادہ عذاب ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے نبی کو قتل کیا یا نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے روکنے والے کو قتل کیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آیت کی تلاوت فرمائی بے شک جو لوگ اللہ کی آیات کے ساتھ کفر کرتے ہیں اور انبیاء کو

ناحق قتل کرتے ہیں اور عدل وانصاف کا حکم دینے والوں کو قتل کرتے ہیں' پھر آپ ﷺ نے فرمایا! اے ابوعبیدہ! بنی اسرائیل نے صبح کے اول وقت میں ۴۳ نبیوں کو قتل کیا تو بنی اسرائیل کے ۱۱۲ عبادت گزار علماء کھڑے ہوئے انھوں نے ان کو نیکی کا حکم دیا اور برائی سے روکا تو بنی اسرائیل نے اس دن کے آخری حصے میں ان سب کو قتل کر دیا۔۱۵؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم میں سے کوئی شخص لوگوں کے دباؤ کی وجہ سے حق ظاہر ہونے کے بعد اس کو بیان کرنے سے اور کسی بڑی بات کا ذکر کرنے سے باز نہ رہے کیونکہ نہ لوگوں کا دباؤ موت کو قریب کرتا ہے اور نہ ہی رزق کو دور کرتا ہے۔۱۶؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم ضرور نیکی کا حکم دو اور برائی سے روکو ورنہ اللہ تمھارے برے لوگوں کو تم پر مسلط کر دے گا پھر تمھارے نیک لوگ بھی دعا کریں گے تو ان کی دعائیں بھی قبول نہیں ہوں گی۔۱۷؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! انسان کا کوئی کلام اس کے لئے نفع بخش نہیں ہوتا سوائے اس کے وہ نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے اور اللہ کا ذکر کرے۔۱۸؎

تم سب راعی ہو اور تم سب سے اپنی اپنی رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔۱۹؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بنی آدم کا ہر شخص سردار ہے آدمی اپنے گھر والوں کا سردار ہے اور عورت اپنے گھر کی سردار ہے۔۲۰؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص اپنے پڑوسیوں کے نزدیک اچھا ہے وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے۔۲۱؎

حضرت مالک بن ربیعہ الساعدیؓ بیان کرتے ہیں، ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، بنو سلمی کا ایک شخص آیا اور آپ ﷺ سے کہنے لگا! یا رسول اللہ ﷺ کوئی ایسی نیکی ہے جو میں اپنے والدین کے فوت ہو جانے کے بعد ان کے ساتھ کر سکوں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! ان کی نماز جنازہ پڑھو، ان کے لئے مغفرت کی دعا کرو، ان کے کئے ہوئے عہد کو

ان کے مرنے کے بعد پورا کرو اور ان کی وجہ سے ان کے رشتہ داروں سے حسن سلوک کرو اور ان کے دوستوں کی عزت کرو، ۲۲؎

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور جہاد میں جانے کی اجازت طلب کرنے لگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے پوچھا! کیا تمھارے ماں باپ زندہ ہیں؟ اس نے کہا! جی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ان کی خدمت کرو تمھارے لئے یہی جہاد ہے۔ ۲۳؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اس شخص کی ناک خاک آلود ہو یہ جملہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ دہرایا، صحابہ نے پوچھا! کس کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے اپنے ماں باپ دونوں کو یا کسی ایک کے بڑھاپے کو پایا اور جنت میں داخل نہ ہوا۔ ۲۴؎

ابو عثمان النھدیؒ بیان کرتے ہیں، میں نے حضرت ابو ہریرہؓ سے دریافت کیا! آپ یہ کہتے ہیں کے ایک نیکی کو بڑھا کر کروڑ درجے تک پہنچا دیا جائے گا؟ تو حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا! بہ خدا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے سنا ہے، اللہ تعالی ایک نیکی کو ہزار ضرب ہزار (ایک کروڑ) درجے تک پہنچا دے گا۔ ۲۵؎

حضرت انس بن مالکؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اس نے بتایا! کسی نے میری رہنمائی کی اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! نیکی کی طرف رہنمائی کرنے والا بھی نیکی کرنے والے کی مثل ہے۔ ۲۶؎

حضرت ابو الدرداءؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اچھے اخلاق سے بڑھ کر میزان میں کوئی چیز بھاری نہیں ہے۔ ۲۷؎

# امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! جس نے امر بالمعروف کیا گویا اس نے مومنین کی کمر کو مضبوط کیا اور جس نے نہی عن المنکر کیا گویا اس نے منافقوں اور کافروں کو ناک رگڑنے پر مجبور کر دیا۔ بلاشبہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر اللہ کی صفات میں سے دو صفات ہیں لہٰذا اس کی وجہ سے نہ ہی کسی کی موت پہلے آسکتی ہے اور نہ ہی کسی کا رزق اس سے دور جا سکتا ہے۔

اللہ تعالی نے ان لوگوں پر لعنت کی ہے جو کے نیکی کا حکم تو دیتے ہیں لیکن خود اس پر عمل نہیں کرتے ہیں اسی طرح سے وہ برائی سے لوگوں کو روکتے تو ہیں لیکن خود اس کا ارتکاب بھی کرتے ہیں۔

لوگوں کو اچھائی کا حکم دو تو تم اہل خیر میں شمار کئے جاؤ گے اور برائی سے نفرت کا اظہار اپنے ہاتھ، پاؤں اور زبان سے کرو اور اپنی کوشش بھر برائی کرنے والوں سے دور رہو۔

تمام نیک اعمال اور راہ خدا میں جہاد کی حیثیت امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے سامنے ایک متلاطم سمندر کے سامنے ایک قطرے کی مانند ہے۔

اللہ تعالی نے امر بالمعروف کو عوام کی مصلحت کے لئے واجب کیا ہے اور نہی عن المنکر کو احمقوں کی روک تھام کے لئے۔

جس انسان نے اپنے قلب کے ذریعے سے اچھائی کو نا پہچانا اور برائی سے نفرت نا کی تو اسے اس طرح سے الٹ دیا جائے گا کے اس کی بلندیاں، پستیوں میں اور اس کی پستیاں بلندی میں تبدیل کر دی جائیں۔امر بالمعروف خلق خدا کا بہترین عمل ہے۔

اچھائیوں سے خود کو آراستہ کرو اور دوسروں کو بھی اس کا حکم دو اور برائیوں سے دور رہو اور دوسروں کو بھی اس سے دور رہنے کی تلقین کرو۔۲۸؎

## نفسیاتی پہلو

اللہ کی عادت اور سنت میں تبدیلی واقع نہیں ہوتی، ازل سے نیک، بدی، حق اور باطل علیحدہ

علیحدہ ہیں۔ ہر انسان کے اندر بھی نیکی اور بدی کے رجحانات موجود ہیں چنانچہ ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کے دنیا میں آنے کے یہی مقاصد تھے کے وہ بنی نوع انسانیت کو یہ بتا سکیں کے اپنے اندر کی نیکیوں کو معاشرے میں عام کریں اور برائیوں سے خود بھی بچیں اور اپنی ذات میں موجود برائی سے دوسروں کو بھی کوئی نقصان نا پہنچائیں۔

**حوالہ کتب:**


۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ ھود۔آیت۔۱۱۴۔

۳۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۰۴۔

۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۱۰۔

۵۔سورہ التوبہ۔آیت۔۷۱۔

۶۔سورہ مائدہ۔آیت۔۱۰۵۔

۷۔سورہ النحل۔آیت۔۱۲۵۔

۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۵۶۔

۹۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری(متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی(متوفی ۲۷۵ھ)مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۱۱۔مختصر تاریخ دمشق۔ج۔۵۔ص۔۱۹۰۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۰۴ھ)۔

۱۲۔مجمع الزوائد۔حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی(متوفی ۸۰۷ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت۔

۱۳۔سنن نسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی(متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دار المعرفہ بیروت ۱۴۱۲ھ۔

۱۴۔مسند البزاز۔حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی(متوفی ۸۰۷ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ بیروت۔

۱۵۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری(متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دار المعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔

۱۶۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل(متوفی ۲۴۱ھ)مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۱۷۔مجمع الزوائد۔حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی(متوفی ۸۰۷ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت۔

۱۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۹۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔
۲۰۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۰ھ۔
۲۱۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔
۲۲۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۲۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۴۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۵۔جامع البیان ۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔ج۔۵۔ص۔۵۸۔مطبوعہ دارالمعرفہ۔
۲۶۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔
۲۷۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۲۸۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔